تصوّف کے روشن حقائق

مصنّف

حضرت شیخ عبدالقادر عیسیٰ الشاذلی رحمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت مبارکہ کے مقاصد میں تزکیۂ نفوس اور تطہیر قلوب کو بنیادی اہمیت حاصل ہے آپ کے وصال کے بعد امت کے اولیاء صوفیاء اور علمائے ربانیین اسی بنیادی اور اہم منصب کے وارث ہوئے۔ قرآن و سنت کے فیضان کے زیر اثر امت کے اجتماعی شعور نے اس بنیادی فریضہ کو "تصوف" کی صورت میں ایک باقاعدہ ادارے کی شکل دے دی۔ اور تاریخ اسلام شاہد عادل ہے کہ اسلام کی صحیح ترین تعبیر انھی پاکیزہ نہاد صوفیاء کے ذریعے آئندہ نسلوں تک پہنچ سکی۔

نکتہ نظر کا اختلاف زندگی کے ہر شعبے میں ممکن ہے۔ دیگر اداروں کی طرح "تصوف" پر بھی اعتراضات ہوئے بلکہ بہت سے ادا وار اور مقامات پر شدید مخالفت بھی ہوئی خوش قسمتی سے صوفیائے

Marfat.com

(حقائق عن التصوف)

تصوف کے روشن حقائق

Marfat.com

زاویہ

(حقائق عن التصوف)

تصوف کے روشن حقائق

تصوف کا خوبصورت اور جامع تعارف، اللہ رب العزت تک پہنچنے کے راستوں کی توضیح، پیر و مرید کا باہمی تعلق، تصوف پر اعتراضات کا انتہائی مسکت اور ناقابلِ تردید ازالہ، جدید ذہن کے اشکال کا جواب، ایک عارف باللہ اور عالمِ ربانی کے قلم سے عصرِ رواں کی ایک اہم ترین کتاب۔

مصنف

حضرت شیخ عبدالقادر عیسیٰ الشاذلی رحمہ اللہ تعالیٰ

مترجم

(الاستاذ) محمد اکرم الازہری آباد۔ فتح گڑھ سیالکوٹ

(فاضل بھیرہ شریف)

مدینۃ العلم جامعہ مجددیہ

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ

کتاب	------	تصوف کے روشن حقائق
		اردو ترجمہ:۔ حقائق عن التصوف
مصنف	------	فضیلۃ الشیخ عبد القادر عیسی الشاذلی (دمشق)
مترجم	------	محمد اکرم الازہری (فاضل بھیرہ شریف)
نظر ثانی	-----	محمد رضاء الدین صدیقی
زیر اہتمام	-----	نجابت علی تارڑ
ناشر	-----	"زاویہ"
سال اشاعت	-----	1998
ہدیہ	-----	170

مراکز ترسیل

☆ مکتبہ زاویہ 9۔ مرکز الاویس دربار مارکیٹ لاہور

☆ ضیاء القرآن پبلی کیشنز داتا دربار روڈ لاہور

☆ المعارف داتا گنج بخش روڈ لاہور

زاویہ ٹریڈرز

8۔ سی دربار مارکیٹ لاہور

فون=7113553

Marfat.com

نذر عقیدت:

عظیم مرشد، اہل عرفان کے مربی، سالکان راہ حقیقت کے راہنما، استاذ گرامی

سید محمد الہاشمی رحمتہ اللہ علیہ

"اور وہ اہل ایمان جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے آپس میں محبت کرتے ہیں---ان کے درمیان کوئی رشتہ داری ہوتی ہے، نہ مالی منفعت--- کل روز قیامت جب اور لوگ لرزیدہ ہوں گے تو انہیں کوئی ڈر ہو گا نہ خوف---- جب اور لوگوں کے چہروں پر ملال کے آثار ہویدا ہوں گے تو ان کے چہروں پر نضرت و تازگی اور وقار و طمانیت کا نور چھلکتا ہو گا---- یہی ہیں دوست خدا کے---- یہی اولیاء ہیں"----

کی بارگاہ میں-------المولف

عبدالقادر عیسیٰ

Marfat.com

باب اوّل

تصوّف کی تعریف

تصوف کا مادہ اشتقاق

علمِ تصوف کا آغاز و ارتقاء

تصوّف کی اہمیت

باب دوم

تصوّف کا عملی منہاج

تقدیم

صُحبتِ شیخ

صحبت کی اہمیت اور فوائد و آثار

صحبت کی اہمیت پر قرآنی دلائل

صحبت کی اہمیت اور اس کے آداب کے بارے میں فقہا و محدثین کے اقوال

Marfat.com

ابن حجر ہیثمی

۱۔ ابن حجر ہیثمی
۲۔ امام فخر الدین رازی
۳۔ شیخ ابراہیم الباجوری
۴۔ حضرت ابی حمزہ
۵۔ ابن قیم جوزیہ

۶۔ عبد الواحد بن عاشر
۷۔ شیخ طیبی (صاحب حاشیہ کشاف)

صحبت کے فوائد اور اس کے آداب کے متعلق صوفیاء کی آراء

۱۔ امام ابو حامد غزالی
۲۔ الامیر عبد القادر الجزائری
۳۔ ابن عطاء اللہ السکندری
۴۔ سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی
۵۔ شیخ عبد الوہاب شعرانی
۶۔ شیخ ابو علی ثقفی
۷۔ شیخ ابو مدین
۸۔ شیخ احمد زاذق
۹۔ شیخ علی خواص
۱۰۔ شیخ محمد ہاشمی

شیخ کامل کی تلاش :

مرشدِ کامل کی علامات

Marfat.com

بیعت :

بَیعت کا ثبوت
مَردوں کی بَیعت
اِجتماعی تلقین

عَورتوں کی بیعت
نابالغ بچوں کی بیعت
صَحابہ کرام کا خلفائے رَاشدین کے دستِ مبارک پر بیعت کرنا

سِلسِلہ بَیعت و اذن
آدابِ مُریدین
آدابِ باطنی
آدابِ ظاہری
پیر بھائیوں کے متعلق آداب

ناصِح کی شرائط :
منصُوح کی شرائط :

عِلم :

قُرآن اور فضیلتِ عِلم
احَادیثِ نبویہ

Marfat.com

حصولِ علم کا حکم

وُہ عُلُوم جن کا حاصل کرنا فرض ہے

وُہ عُلُوم جن سے منع کیا گیا ہے

علوم مستحبہ

مجاہدہ اور تزکیۂ نفس

مجاہدہ کی تعریف

کتاب و سنت اور مجاہدہ نفس

مجاہدہ کا عِلم

کیا اِنسانی صفات کو تبدیل کرنا ممکن ہے

مجاہدہ کا طریقہ

مجاہدہ کے متعلق عارفین اور مشائخ عظام کے اقوال

مجاہدہ کے متعلق شُبہات کا رَد

ذکر:

ذِکر کے مَعنی

کِتاب و سُنّت سے دلائل

ذِکر کی فضیلت میں عُلمائے کرام کے اقوال

۱: حضرت عبداللہ بن عباس

Marfat.com

۲- ابن عطا اللہ سکندری
۳: امام ابو القاسم قشیری
۴: ابن قیم الجوزیہ

۶- امام فخر الدین رازی
۶- شیخ احمد زروق
۷- شیخ احمد عجیبہ

ذکر کی اقسام :

ذکر سرّی او جہری
ذکر بالجہر کی فضیلت
دل اور زبان کا ذکر
انفرادی اور اجتماعی ذکر
انفرادی ذکر کے آداب
اجتماعی ذکر بالجہر کے آداب
ذکر مقید اور ذکر مطلق
ذکر الٰہی کے مختلف کلمات
صرف لفظ "اللہ" کے ذکر کا حکم
ترکِ ذکر پر تنبیہ

Marfat.com

دَوران ذِکر جذب و وجد
مَسجد میں سماع اور اَشعار کا حُکم
سَماع اور صوفیائے کرام
ذِکر کے فوائد (اجمالاً)
عوام اور خواص کے ذِکر میں فرق ؛
اورادِ صُوفیا اور قرآن و سُنّت

مذاکرہ :
مذاکرہ کی تعریف
مذاکرہ اور نصاریٰ کے اِعتراف میں فرق
مذاکرہ اور اِعلانیہ معصیت میں فرق

خلوت :
خلوت کی تعریف
خلوت کا طریقہ
وسَاوس کی قِسمیں اور ان سے بچنے کا طریقہ
خلوت کی شرعی حیثیت
قرآن سے خلوت کا ثبوت
حدیث سے خلوت کا ثبوت
ایک اِعتراض اور اُس کا جواب
خلوت کی اہمیّت
خلوت کے بارے میں علمائے کے اقوال

Marfat.com

علامہ فیروز آبادی صاحب قاموس
امام شافعی
امام غزالی
شیخ اکبر ابن عربی
ڈاکٹر مصطفےٰ السباعی
عماد الدین الواسطی
ابن عجیبہ
(خلوت کے دس فوائد)
خلاصۂ کلام

باب سوم

اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا راستہ

تمہیدِ کلام
توبہ
محاسبہ
خوف
رجاء
صدق
اخلاص

Marfat.com

صبر
ورع
زہد
رضا
توکل
شکر

باب چہارم

تصوف کے ثمرات

حُبِّ الٰہی
محبت کی دلیل اور اُس کی فضیلت
اسبابِ محبت
محبّت کی علامات
محبّت کے مراتب

کشف :

کشف کی تعریف
رسُول اللہ ﷺ اور کشف
قرآن اور کشف
صحابہ کرام اور کشف
صُوفیائے کرام کشف
کشفِ قبُور

Marfat.com

الہام:
تعریف
اللہ کی طرف سے الہام
علمِ حدیث
تاریخ
تصوّف
صُوفیائے کرام کے ارشادات کی تاویل
وحدۃ الوجُود، حلول اور اِتحاد
حقیقی صُوفیائے کرام اور جعلی پیر
تصوّف کے مخالفین
تصوّف کے بارے میں علماء کی آراء
امام اَبُو حنیفہؒ
امام مالکؒ
امام شافعی
امام احمد
امام محاسبی
عبدالقاہر بغدادی
امام قشیری

Marfat.com

امام غزالی
امام فخر الدین رازی
العز بن عبد السلام
امام نووی
ابن تیمیہ
امام شاطبی
ابن خلدون
تاج الدین سبکی
جلال الدین سیوطی
ابن عابدین
شیخ محمد عبدہ
امیر شکیل ارسلان
شیخ رشید رضا
شیخ محمد راغب طباخ
احمد شرباصی
سبری عابدین
محمد ابو زہرہ

Marfat.com

امام احمد رضا خان بریلویؒ

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ

ڈاکٹر پیر محمد حسن

ڈاکٹر برہان احمد فاروقیؒ

شیخ الحدیث محمد عبدالحکیم شرف قادری

ہمارے شیخ محمد الہاشمی

ولادت و پرورش

ان کا اخلاق و سیرت

دعوت و ارشاد

انکی تالیفات

اجازت

سلسلۂ شاذلیہ کی سند

Marfat.com

مقدمہ:

اے پروردگار تیری حمد و ثنا ہے کہ تو نے صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق ارزانی فرمائی، بہترین آقا ہے اور عمدہ چارہ ساز ہے اور تیرے حبیب اعظم رحمت للعالمین، انسانیت کے نجات دھندہ و ہادی سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ درود و سلام پیش کرتے ہیں جو اسوہ حسنہ اور مثالی نمونہ ہیں۔ اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام پر جو تزکیہ نفس کی دولت سے بہرہ ور ہو کر کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوئے انہوں نے اپنے بھائیوں کو نصیحت کی تو انہیں بھرپور فائدہ پہنچایا۔

اے پروردگار! ہمیں ان کے اعزاز و اکرام سے عزت عطا فرما، انکی راہنمائی سے مستفید ہونے کی توفیق اور ان کے زمرہ کرام میں شامل اور سرکار دو عالم ﷺ کے پرچم تلے ان کے ساتھ ہمیں بھی جمع فرما۔ تو ہی بہترین امید گاہ ہے۔

جب سے فجر اسلام طلوع ہوئی ہے اسے انتہائی شدید مخالفتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، مخالفوں نے مختلف اسالیب و وسائل کے ذریعے اس کی پر شکوہ بلند و بالا عمارت کے انہدام کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔ آج بھی ہمیں الحادی

Marfat.com

موجوں کا سامنا ہے جو مشرق و مغرب سے ابھر رہی ہیں اور بھیانک انجام کے ذریعے ہمارے فکری و اعتقادی مستقبل کو تہہ و بالا کر رہی ہیں ہماری قوم ایک خطرناک گڑھے میں گرا چاہتی ہے ایک سنگین شر کی نذر ہو رہی ہے۔ اس فکری انحطاط کی فضا میں ہمارے لئے رب ذوالجلال کی رسی کو مضبوطی سے تھامنے' فروعی اجتہادی اختلافات سے دستکش ہونے اور دلوں کو تجلیات انوار الہیہ کا مہبط و محور بنانے کے سوا چارہ کار نہیں ہے۔ تاکہ ہم اس سے قوت و طاقت 'سکون و طمانیت' عزت و افتخار اور اعزاز و کرامت حاصل کر سکیں۔

مخلص داعیان اسلام کے لئے بند دروازے کھولیں' ہر دور اور ہر زمانہ میں صوفیاء نے اہل اسلام کو ظل رحمت یزداں سے بہرہ ور کرنے ' اس کی مناجات کی نعمتوں اور قرب کی سعادتوں اور سرفرازیوں اور اسلام کی روحانیت لوٹانے میں کوشاں رہے ہیں۔

دشمنان اسلام نے اس رخ زیبا کو داغدار کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا ہے۔ انہوں نے اس پر جمود کا الزام دھرا ہے۔ اس کے فدا کاروں پر رجعت پسندی کا گھٹیا بہتان باندھا ہے۔ اسی طرح انہوں نے مختلف انداز سے نت نئے طریقوں سے حملے کئے ہیں' کبھی لوگوں کو ان کے فقہی مذاہب میں شکوک و شبہات کا شکار کیا ہے کبھی رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام راویان احادیث کو مطعون کرنے میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ ان حرکات شنیعہ کا ارتکاب انہوں نے دعائم اسلام کی بیخ کنی کے لئے کیا ہے۔ امت کے عقائد خراب کرنے کے لئے ایمانیات کے مسائل میں طرح طرح کے شبہات پیدا کرتے رہتے ہیں۔

جب ہم یہ سب کچھ مختلف ادوار میں دیکھ رہے ہیں تو جو چیز ہمارے لئے تازیانہ کا باعث ہے وہ تصوف اسلامی پر خطرناک حملے اور طعن و تشنیع ہے اور یہ تصوف اسلامی تو اسلام کا جوہر ہے۔ اس کی زینت اور بہار ہے اس کی روح اور جان ہے۔ باطل پسندوں نے اس کے معالم اور صورت کو خیالی فلسفی تصرف' کمزوری' زہد و خلوت' بے ہودہ بدعت اور زندگی کی دوڑ دھوپ سے فرار جیسے الزامات سے داغدار

Marfat.com

کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی حفاظت، اس کی بقاء اپنے ذمہ کرم پر لے رکھی ہے ان کے قلم ٹوٹ گئے، ان کے دعاوی کے غباروں کی ہوا نکل گئی اور سالکان جن کے لئے تصوف مینارہ نور بنا ہوا ہے اسلام کی نشر و اشاعت اور اس کی عمارت کو مضبوط کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔

اسی لئے اسلام کے دفاع، کھرے کھوٹے میں امتیاز، حقائق، حق کی سربلندی اور باطل کی سرکوبی کے لئے اپنی کتاب پیش کر رہا ہوں۔ میں نے اسے کتاب اللہ، آقائے نامدار، مدنی تاجدار جناب رسول خدا ﷺ کی سنت، ائمہ اربعہ، ان کے پیروکار، فقہاء، محدثین و اصولیین، تصوف و طریقت کے ائمہ اور اصحاب فکر سے مستند و مزین کیا ہے جنہوں نے اسلام کی خاطر جلیل القدر اور عظیم خدمات انجام دی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اسلام کی خدمت کرنے اور ایسے کام کرنے کی توفیق ارزانی فرمائے جن سے اس کی رضا و خوشنودی حاصل ہو۔

(الشیخ) عبدالقادر عیسیٰ رحمتہ اللہ علیہ

حلب ۲۴ رمضان ۱۳۸۱ھ

Marfat.com

باب اوّل

تصوّف کی تعریف

Marfat.com

تصوف کی تعریف:

شیخ الاسلام حضرت زکریا انصاری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"تصوف وہ علم ہے جس کے ذریعہ ان احوال کو پہچانا جاتا ہے جو تزکیہ نفوس، تصفیۂ اخلاق اور دائمی خوش بختی کے حصول کی خاطر ظاہر و باطن کی تعمیر کے متعلق ہوں" ۔[1]

شیخ احمد زورق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

تصوف وہ علم ہے جس کا مقصد دلوں کی اصلاح کرنا، اور ان کو محض اللہ کیلئے خاص کر دینا ہے، اور فقہ، عمل کی اصلاح اور پورے نظام کی حفاظت اور احکام میں مضمر حکمتوں کو آشکارا کرنے کا نام ہے اور علم توحید کا مقصد یہ ہے کہ مقدمات کو براہین و دلائل سے ثابت کیا جائے اور ایمان کو یقین کے زیور سے آراستہ کیا جائے۔ جیسا کہ طب کا مقصد اجسام کی حفاظت کرنا ہے اور علم نحو کا مقصد زبان کا اغلاط سے محفوظ کرنا ہے۔[2]

شیخ الامام حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

تصوف یہ ہے کہ ہر اچھی عادت اور طریقہ کو اپنایا جائے اور ہر برے طریقہ اور عادت کو ترک کیا جائے۔

Marfat.com

کسی بزرگ کا فرمان ہے کہ تصوف سراپا اخلاق ہے۔ پس جس نے تیرے اخلاق میں اضافہ کیا' اس نے تجھے تصوف پر عمل پیرا کردیا۔

حضرت ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"تصوف نفس کو عبودیت کے سانچے میں ڈھالنے' اور اسے احکام ربوبیت کی طرف لے جانے کا نام ہے۔ ۳"

ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تصوف وہ علم ہے کہ جس کے ذریعہ بارگاہ خداوندی تک رسائی' باطن کی رذائل سے صفائی اور اس کو مختلف فضائل سے آراستہ کرنے کی کیفیت معلوم ہو۔ اس کی ابتداء علم' وسط عمل اور انتہاء عنایت خداوندی ہے۔ ۴"

صاحب کشف الظنون فرماتے ہیں: یہ وہ علم ہے جس میں اہل کمال کی منازل سعادت میں ترقی کرنے کی کیفیت معلوم ہو۔

آپ فرماتے ہیں کہ علم تصوف وہ علم ہے جسے عقلمند اور صاحب حال ہی جان سکتا ہے اسے وہی شخص جان سکتا ہے جسے اس کا مشاہدہ حاصل ہو۔ اور کور چشم سورج کی روشنی کا کیسے مشاہدہ کر سکتا ہے۔ ۵"

شیخ زروق رحمتہ اللہ علیہ قواعد تصوف میں فرماتے ہیں کہ علم تصوف پر تقریباً دو ہزار تالیفات کی گئی ہیں اور ان تالیفات کا لب لباب صدق دل سے اللہ تعالی کی طرف متوجہ ہونا ہے اور اس کی مختلف صورتیں ہیں۔

تصوف کا دارومدار مادی آلائشوں سے دل کو صاف کرنے پر ہے اور اس کی بنیاد خالق حقیقی سے بندے کے تعلق قائم کرنے پر ہے۔ پس صوفی وہ ہے جس کا دل پاک اور اللہ تعالی سے معاملہ صاف ہو' اور اس کی بارگاہ سے اسے خاص انعام و اکرام حاصل ہو۔

تصوف کا مادۂ اشتقاق:

تصوف کے مادۂ اشتقاق میں بہت سے اقوال ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ

Marfat.com

"صوف" سے مشتق ہے کیونکہ صوفی اللہ تعالیٰ کے سامنے اس طرح ہوتا ہے جس طرح روئی ہو۔ کیونکہ وہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے۔

کسی نے کہا' کہ یہ "صفت" سے مشتق ہے کیونکہ تصوف صفات حسنہ سے متصف ہونے اور اوصاف مذمومہ کو ترک کرنے کا نام ہے۔٦

بعض فرماتے ہیں کہ یہ "صفا" سے مشتق ہے حتیٰ کہ ابوالفتح بستی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

تنازع الناس فی الصوفی واختلفوا
وظنہ البعض مشتقا من الصوف
ولست امنح ھذا الاسم غیر فتی
صفا فصوفی حتی سمی الصوفی

(i)۔ لفظ صوفی میں لوگوں کا تنازع اور اختلاف ہے بعض نے گمان کیا ہے کہ یہ "صوف" سے مشتق ہے

(ii)۔ اور میں یہ نام اس کامل الصفات شخص کو عطا کرتا ہوں جو ہر عیب سے صاف ہو یہاں تک کہ اس کا نام صوفی رکھ دیا جائے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ یہ "صفہ" سے مشتق ہے کیونکہ صوفی ان تمام اوصاف میں اصحاب صفہ کے تابع ہوتا ہے جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ۔ (کہف:28)

"اور روکے رکھیئے اپنے آپ کو' ان لوگوں کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو"۔

اصحاب صفہ' صوفیاء کرام کی وہ پہلی جماعت ہے جن کی خالص زاہدانہ زندگی کو بعد میں آنے والے صوفیاء نے اپنے لئے مشعل راہ بنایا۔

امام قشیری رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ "صفوۃ" سے مشتق ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ "صف" سے ماخوذ ہے کیونکہ صوفیاء کرام اپنے مولیٰ کی

Marfat.com

بارگاہ میں حاضر ہونے اور تمام عبادات کو بجالانے کیلئے صف اول میں ہوتے ہیں۔ اسی طرح بعض نے فرمایا کہ تصوف' سخت اونی کپڑے پہننے کی طرف منسوب ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ صوفیاء کرام اپنے زہد و تقوی کی وجہ سے اس لباس کو ترجیح دیتے تھے۔

بہرحال لفظ تصوف اس قدر مشہور ہو چکا ہے کہ اس کی تعریف کیلئے کسی لفظی قیاس اور کسی اشتقاق کی ضرورت نہیں۔ اور بعض لوگوں کا محض اس وجہ سے انکار کرنا کہ یہ لفظ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے زمانہ میں نہیں سنا گیا' یہ قول مردود ہے۔ کیوں کہ بہت سی اصطلاحات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ کے بعد معرض وجود میں آکر مستعمل ہوئیں۔ جیسا کہ نحو' فقہ اور منطق وغیرہ۔

بہرحال ہمیں لفظی تعبیرات کی بجائے حقائق کی طرف توجہ دینی چاہیئے کیونکہ جب ہم لوگوں کو تصوف کی دعوت دیتے ہیں تو اس سے ہمارا مقصد تذکیۂ نفوس' تصفیۂ قلوب' اصلاحِ اخلاق اور مرتبۂ احسان تک رسائی حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اور اسی کو ہم تصوف کا نام دیتے ہیں۔ اس کو اسلام کا روحانی' اخلاقی اور احسانی پہلو بھی کہا جا سکتا ہے یا اس کی حقیقت اور جوہر سے تعلق رکھنے والا کوئی دوسرا نام بھی ہو سکتا ہے۔ مگر علمائے امت کو سلف صالحین سے تصوف کا نام ہی ورثہ میں ملا ہے۔ اور یہی نام ان میں مشہور ہو گیا ہے۔

علم تصوف کا آغاز و ارتقاء:

ڈاکٹر احمد علوش فرماتے ہیں کہ بہت سے لوگ سوال کرتے ہیں کہ ابتداءِ اسلام میں تصوف کے عدم پھیلاؤ کا کیا سبب ہے۔ صحابہ و تابعین کے دور میں یہ دعوت ظاہر کیوں نہ ہوئی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ان کے زمانہ میں اس کی ضرورت نہ تھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس دور کے لوگ متقی و پرہیزگار' اصحاب مجاہدہ اور فطرتی طور پر عبادت پر کامل توجہ دیتے تھے۔ کیونکہ ان کا زمانہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے متصل و قریب تھا۔ وہ تمام امور میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ ان کی تربیت کیلئے کسی ایسے علم کی ضرورت نہ تھی جو ان کی ان اعمال کی طرف

Marfat.com

راہنمائی کرتا جن کو وہ فطرتی طور پر انجام دے رہے تھے۔ ان کی مثال اس خالص النسل عربی کی طرح تھی جسے عربی زبان اپنے آباو اجداد سے ورثہ ملی ہو۔ اس کو عربی زبان میں اتنی مہارت ہوتی ہے کہ وہ فطری طور پر شعر کہنے لگتا ہے حالانکہ وہ لغت' اعراب اور نظم و شعر کے قواعد کو نہیں جانتا۔ اس قسم کے آدمی کیلئے ضروری نہیں کہ وہ علم نحو اور بلاغت سیکھے۔ کیونکہ ان علوم کو جاننا اس وقت ضروری ہوتا ہے جب لغت کی اغلاط عام ہو جائیں اور ضعفِ تعبیر غالب ہو جائے۔ یا اس عجمی کیلئے قواعد کا جاننا ضروری ہے جو عربی زبان کو سیکھنا اور سمجھنا چاہتا ہے یا یہ علوم اس وقت ضروری ہوتے ہیں جب یہ معاشرہ کی ضرورت بن جاتے ہیں اور علم تصوف بھی دوسرے علوم کی طرح ہے جو مناسب اوقات میں معرض وجود میں آئے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین اگرچہ متصوفین کے نام سے موسوم نہیں تھے لیکن حقیقت میں وہ صوفی تھے۔ اور تصوف کا سب سے بڑا مقصد انسان کا اپنے رب کیلئے زندگی بسر کرنا ہے نہ کہ اپنے نفس کیلئے۔ اور اپنے آپ کو زہد' دائمی عبادت اور ہر لحظہ روح اور قلب کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ کرنا' اور ان تمام کمالات سے اپنے آپ کو متصف کرنا ہے جن کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین نے اعلیٰ روحانی درجات کو حاصل کیا۔ انہوں نے ایمان اور فرائض اسلام کو ادا کرنے میں صرف اقرار پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اقرار کو ذوق اور وجدان کے ساتھ ملا دیا۔ اور فرائض ادا کرنے کے ساتھ ساتھ ان نفلی عبادات پر مواظبت اختیار کی جن کا حکم حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ وہ مکروہات کے قریب تک نہ گئے چہ جائیکہ محرمات۔ حتیٰ کہ ان کی بصیرت روشن اور تابناک ہوگئی۔ ان کے دلوں سے حکمت کے سرچشمے پھوٹے اور اسرار ربانیہ کی ان پر بارش ہوئی۔ یہی حال تابعین اور تبع تابعین کا تھا۔ یہی تینوں ادوار تاریخ اسلام کے بہترین اور خوبصورت ادوار ہیں۔ انہی ادوار کے متعلق حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

خیر القرون قرنی ھذا فالذی یلیہ والذی یلیہ۔ (بخاری و مسلم)

Marfat.com

"بہترین زمانہ میرا یہ زمانہ ہے اس کے بعد متصل آنے والا اور پھر اس کے بعد متصل آنے والا زمانہ ہے"۔

پھر جب کافی وقت گزر گیا اور دین اسلام میں مختلف قومیں داخل ہوئیں۔ اور علوم کا دائرہ وسیع ہو گیا۔ اور یہ علوم ہر علم کے ماہرین کے درمیان تقسیم ہو گئے تو ہر فریق نے ان علوم و فنون کی تدوین کی جن میں انہیں مہارت حاصل تھی صدر اول میں نحو کی تدوین کے بعد علم فقہ، علم توحید، علوم حدیث، اصول دین، تفسیر، منطق اور علم میراث کی تدوین ہوئی۔ کچھ عرصہ بعد یہ روحانی اثر بتدریج کم ہو گیا۔ اور لوگوں کی توجہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور روحانیت سے ہٹنے لگی تو ارباب ریاضت و زہد نے یہ ضرورت محسوس کی کہ وہ بھی علم تصوف کو مدوّن کریں۔ اور تمام علوم پر اس کی فضیلت اور شرف و عظمت کو ثابت کریں بعض مستشرقین کی یہ رائے غلط ہے کہ صوفیاء کرام نے دیکھا کہ علماء دوسرے علوم کی تدوین میں مشغول ہو گئے ہیں۔ انہوں نے احتجاجاً علم تصوف کی تدوین کی بلکہ اس علم کی تدوین روحانی کمی کو پورا کرنے اور زندگی کے ہر میدان میں ضروریات دین کو پورا کرنے کیلئے ضروری تھی۔ کیونکہ نیکی اور پرہیزگاری کے اسباب مہیا کرنے کیلئے باہمی تعاون بھی ضروری ہے۔[1]

متقدمین صوفیاء کرام نے تصوف کی بنیاد خاص اصولوں پر استوار کی۔ اور یہ تاریخ سے ثابت شدہ حقیقت ہے۔ تصوف کی تاریخ شیخ محمد صدیق غماری کے اس فتویٰ سے واضح ہوتی ہے۔ آپ سے تصوف کے مؤسسِ اول کے بارے میں سوال کیا گیا۔ اور دریافت کیا گیا کہ کیا اس کی بنیاد آسمانی وحی ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ طریقت کی بنیاد آسمانی وحی پر ہے۔ جس طرح کہ دوسرے کامل دین محمدی ﷺ کی بنیاد آسمانی وحی پر ہے۔ کیونکہ یہ بلاشبہ وہی مقام احسان ہے جو دین کے تین بنیادی ارکان سے ہے جن کو حضور پاک ﷺ نے دین قرار دیا ہے۔ ارشاد فرمایا:

هٰذَا جِبْرَائِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ۔

"یہ جبریل علیہ السلام ہیں اور یہ تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے ہیں"۔

Marfat.com

اس حدیث پاک میں دین سے مراد اسلام' ایمان اور احسان ہے۔ اسلام اطاعت اور عبادت کا نام ہے۔ اور ایمان نور اور عقیدہ کا نام ہے--- اور احسان' مراقبہ اور مشاہدہ کا نام ہے۔ یعنی تو اللہ تعالی کی عبادت اس طرح کرے گویا کہ تو اسے دیکھ رہا ہے۔ اور اگر تو اسے دیکھ نہیں رہا تو یہ تصور ہو کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

شیخ محمد صدیق غماری اپنے رسالہ میں فرماتے ہیں کہ اسلام تین ارکان کا مجموعہ ہے جس نے مقام احسان (جسے طریقت بھی کہا جاتا ہے) ترک کیا' اس کا دین بلاشبہ ناقص ہے۔ کیونکہ اس نے ارکان اسلام میں سے ایک رکن کو ترک کر دیا۔ ایمان اور اسلام کی تصحیح کے بعد مقام احسان ہی وہ غایت ہے جس کی دعوت اہل طریقت دیتے ہیں۔ ۷

ابن خلدون فرماتے ہیں کہ علم تصوف کا شمار جدید علوم شرعیہ میں ہوتا ہے۔ صوفیاء کرام کا طریقہ' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم' تابعین اور بعد میں آنے والے سلف صالحین کے نزدیک طریقہ حق اور ہدایت ہے۔ تصوف کا مقصد اصلی یہ ہے کہ انسان عبادت کی طرف متوجہ ہو کر کلیۃً اللہ کا ہو جائے۔ دنیا و مافیہا کی لغویات سے کنارہ کشی اور لذت دنیا' مال و جاہ جس کا عام دنیا دار حریص ہوتا ہے۔ اس سے اعراض کرے۔ اور مخلوق کو چھوڑ کر عبادت کیلئے گوشہ نشینی کو پسند کرے یہ تمام خوبیاں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین میں عام تھیں لیکن جب دوسری صدی ہجری اور اس کے بعد لوگ دنیا کے شیدائی اور حریص ہو گئے۔ تو لفظ تصوف عبادت گزار لوگوں کا طرۂ امتیاز بن گیا۔ ۸

ابن خلدون کی اس عبارت میں ہمارا مقصود آخری جملہ ہے جس میں انہوں نے ثابت کیا ہے کہ تصوف اور صوفیاء کرام کا ظہور لوگوں کے دنیا کی طرف متوجہ ہونے کا نتیجہ تھا۔ اور دوسری صدی ہجری میں صوفیاء کرام کی جماعت موجود تھی۔ اور یہ ان حالات کا تقاضا تھا کہ یہ عبادت گزار لوگ کسی ایسے اسم کے ساتھ متصف ہوتے جو انہیں ان عوام الناس سے ممتاز اور مخصوص کر دیتا جن کو اس فانی دنیا نے غافل کر دیا تھا۔

Marfat.com

شیخ محمد صدیق غماری فرماتے ہیں کہ ابن خلدون نے لفظ تصوف کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے اس کی تائید کندی کے قول سے ہوتی ہے۔ اس نے اپنی کتاب "ولاۃ مصر" میں دوسری صدی ہجری کے واقعات میں ذکر کیا ہے کہ سکندریہ میں ایک جماعت ظاہر ہوئی ہے جو اپنے آپ کو صوفیہ کہتے ہیں یہ لوگ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائیوں سے روکتے ہیں۔ اسی طرح مسعودی نے "مروج الذہب" میں یحیٰ بن اکثم سے نقل کیا ہے کہ وہ ایک دن خلیفہ مامون کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک اس کا حاجب علی بن صالح آیا اور کہنے لگا' دروازے پر ایک آدمی کھڑا ہے جس نے سفید موٹے کپڑے پہنے ہیں اور مناظرہ کیلئے داخلے کی اجازت چاہتا ہے۔ یحیٰ بن اکثم کہتا ہے کہ میں نے جان لیا کہ وہ صوفیاء میں سے ہے۔

یہ دونوں حکایتیں نشأۃ تصوف کی تاریخ کے بارے میں ابن خلدون کے قول کی مؤید ہیں اور "کشف الظنون" میں ذکر کیا گیا ہے کہ سب سے پہلے لفظ صوفی سے مشہور ہونے والے بزرگ ابو ہاشم صوفی (المتوفی ۱۵۰ھ)[۹] تھے۔

صاحب کشف الظنون نے تصوف کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے امام قشیری کے قول کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا: نبی کریم ﷺ کے بعد مسلمان صحابی کے نام سے متصف تھے کیونکہ صحبت رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر کوئی درجہ نہیں۔ اس لیئے انہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام سے یاد کیا گیا۔ پھر لوگوں کے احوال اور مراتب مختلف ہو گئے۔ وہ خواص جو دین پر سختی سے کاربند تھے۔ انہیں زہاد اور عباد کہا جانے لگا۔ پھر جب بدعتوں کا ظہور ہوا اور مختلف گروہوں کے درمیان کشمکش ہو گئی اور ہر فریق دعویٰ کرنے لگا کہ ان کے گروہ میں زہاد اور عباد لوگ موجود ہیں تو اہلسنت والجماعت کے خواص' مقربینِ بارگاہ اور غفلت سے اپنے دلوں کی حفاظت کرنے والوں کے ساتھ لفظ تصوف خاص ہو گیا' اور دوسری صدی ہجری سے پہلے ہی اس لفظ سے مشہور ہو گئے۔[۹]

اس مذکورہ بحث سے واضح ہو جاتا ہے کہ تصوف کوئی مستحدث جدید شے نہیں بلکہ نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پاکیزہ زندگیوں

Marfat.com

سے ماخوذ ہے۔ یہ ان اصولوں سے ماخوذ نہیں جن کا اسلام سے کوئی تعلق ہی نہ ہو جیسا کہ اسلام دشمن مستشرقین اور ان کے شاگرد گمان کرتے ہیں۔ انہوں نے نئے نئے الفاظ وضع کیے ہیں اور وہ تصوف کو کبھی بدھ مت' رہبانیت اور کبھی نصرانی کمانیت اور کبھی ہندی شعبدہ بازی قرار دیتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ بدھ مت' ہندی' نصرانی اور ایرانی یہ تصوف کی مختلف قسمیں ہیں۔

وہ اس سے ایک طرف تو لفظ تصوف کو بدنام کرنا چاہتے ہیں اور دوسری طرف تصوف پر یہ تہمت لگانا چاہتے ہیں کہ اس کا آغاز قدیم اصول اور گمراہ کن فلسفیانہ نظریات سے ہوا۔ لیکن مومن کامل ان کے فکری جذبات کی رو میں نہیں بہتا۔ اور ان کی مکارانہ چالوں میں نہیں پھنستا۔ وہ امور کو سمجھنے اور حقیقت کی تلاش میں غور و فکر سے کام لیتا ہے۔ اس کے نزدیک تصوف کا تعلق صرف اور صرف دین اسلام سے ہے۔

تصوف کی اہمیت:

انسان کے متعلقہ وہ احکام شرعیہ جن کا حکم اللہ تعالی نے دیا ان کی دو اقسام ہیں۔

(1)۔ وہ احکام جن کا تعلق ظاہری احوال سے ہے۔

(2)۔ وہ احکام جن کا تعلق باطنی احوال سے ہے۔

بالفاظ دیگران دونوں اقسام کو اس طرح بھی تعبیر کر سکتے ہیں کہ ظاہری احوال سے مراد وہ احکام جن کا تعلق بدن اور جسم سے ہے جبکہ باطنی احوال سے مراد وہ احکام ہیں جن کا تعلق روح اور قلب کے ساتھ ہے۔

جسمانی اعمال کی دو قسمیں ہیں۔(۱)۔ اوامر(۲)۔ نواہی

اوامرالہیہ یہ ہیں---نماز' روزہ' زکوۃ' حج وغیرہ

اور نواہی سے مراد قتل' گناہ' سرقہ اور شراب خوری وغیرہ ہے۔

اور اسی طرح قلبی اعمال بھی اوامرو نواہی پر مشتمل ہیں۔ اوامر سے مراد

Marfat.com

اللہ تعالیٰ، ملائکہ، اس کی کتب اور رسل پر ایمان لانا ہے۔ اور اخلاص، رضا، صدق، خشوع اور توکل پر ایمان لانا ہے۔

جبکہ نواہی سے مراد کفر، نفاق، تکبر، خود پسندی، ریاء، غرور، کینہ اور حسد ہے۔

یہ دوسری قسم جس کا تعلق دل کے ساتھ ہے۔ اس کو شارع علیہ السلام کے نزدیک پہلی قسم سے زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ باطن، ظاہر کی بنیاد اور اصل ہے۔ اور باطنی اعمال، ظاہری اعمال کی اصل ہیں۔ باطنی اعمال میں خرابی کی وجہ سے ظاہری اعمال کی حیثیت متاثر ہوتی ہے۔ اسی کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖ اَحَدًا۔ (کہف:110)

"پس جو شخص امید رکھتا ہے اپنے رب سے ملنے کی تو اسے چاہیئے کہ نیک عمل کرے، اور نہ شریک کرے اپنے رب کی عبادت میں کسی کو"۔

اسی وجہ سے رسول اللہ ﷺ، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے قلوب کی اصلاح کیلئے خصوصی اہتمام فرمایا کرتے تھے۔ آپ ﷺ انہیں ارشاد فرماتے کہ انسان کی درستگی اور اصلاح اس کے دل کی اصلاح اور پوشیدہ امراض و علل کی شفاء پر موقوف ہے۔ آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

الا، وان فی الجسد مضغه اذا صلحت صلح الجسد کله واذا فسدت فسد الجسد کله، الا وهی القلب۔ (مسلم و بخاری)

"خبردار! بے شک انسانی جسم میں ایک ایسا ٹکڑا ہے جب وہ صحیح ہو تو سارا جسم صحیح ہو جاتا ہے اور جب اس میں خرابی پیدا ہو جائے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے۔ خبردار رہو! اور یہ دل ہے"۔

اور اسی طرح آپ ﷺ انہیں یہ درس دیا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے دلوں کو دیکھتا ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

Marfat.com

ان اللہ لا ینظر الی اجسادکم ولا الی صورکم ولکن ینظر الی قلوبکم۔ (مسلم)

"اللہ تعالیٰ نہ تمہارے جسموں کی طرف دیکھتا ہے اور نہ تمہاری صورتوں کی طرف۔ بلکہ وہ تمہارے دلوں کی طرف دیکھتا ہے"۔

انسان کی اصلاح اس کے دل کی اصلاح سے مربوط ہے جو اس کے ظاہری اعمال کا مصدر و منبع ہے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ صفات مذمومہ سے اپنے آپ کو خالی کرے اور ان افعال حسنہ سے اپنے آپ کو آراستہ کرے جن کا حکم اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیا ہے تب قلب انسانی صحیح ہو جاتا ہے اور ان صفات کا حامل انسان کامیاب اور نجات پانے والوں میں سے ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ۔
(الشعراء:۸۸،۸۹)

"جس دن نہ مال کام آئے گا اور نہ بیٹے۔ مگر وہ شخص اللہ تعالیٰ کے حضور قلب سلیم لایا۔"

امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ دل کا علم اور اس کے امراض یعنی حسد، خود پسندی اور ریاء وغیرہ کی معرفت حاصل کرنا امام غزالی کے قول کے مطابق فرض عین ہے۔۱۰

دل کا تصفیہ اور تہذیب نفس اہم ترین فرض عین ہے جس کی دلیل قرآن و سنت اور اقوال علماء سے ثابت ہے

القرآن:

ارشاد خداوندی ہے:

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ
(الاعراف:۳۳)

"آپ فرمایئے، بے شک حرام کر دیا ہے میرے رب نے سب بے حیائیوں

Marfat.com

کو جو ظاہر ہیں ان سے اور پوشیدہ ہیں" ۔ نیز فرمایا:

وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۔ الانعام:۱۵۱)

"اور مت نزدیک جاؤ بے حیائی کی باتوں کے جو ظاہر ہوں ان سے اور جو چھپی ہوئی ہوں" ۔

مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ فواحش باطنہ سے مراد حقد' ریاء' حسد اور نفاق وغیرہ ہیں۔

الحدیث:

وہ تمام احادیث جن میں حقد' تکبر' ریاء اور حسد کی بارے میں نہی وارد ہوئی ہے اور اسی طرح وہ تمام احادیث جن میں اخلاق حسنہ اور حسن معاملہ کا حکم ہے۔ کتب احادیث میں اس قسم کی احادیث بکثرت موجود ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

الایمان بضع وسبعون شعبة فاعلاها قول 'لا اله الا الله وادناها اماطة الاذی عن الطریق' والحیاء شعبة من الایمان۔ (متفق علیہ)

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ایمان کے ستر سے زائد شعبے ہیں۔ ان میں سب سے بہترین کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ ہے اور سب سے ادنیٰ' راستہ سے اذیت دینے والی چیز کو ہٹانا ہے۔ اور حیا بھی ایمان کا ایک شعبہ ہے" ۔

ایمان کا کمال ان تمام شعبوں کے کامل ہونے اور ان سے آراستہ و مزین ہونے سے ہے اور ان صفات کی زیادتی سے ایمان میں اضافہ اور ان کی کمی سے ایمان ناقص ہوتا ہے۔ اور یقیناً باطنی امراض انسان کے اعمال کو ضائع کر دیتے ہیں۔ اگرچہ یہ اعمال بہت زیادہ ہی کیوں نہ ہوں۔

علماء کے اقوال:

Marfat.com

علماء کرام نے قلبی امراض کو ان کبائر میں شمار کیا ہے جن کیلئے مستقل توبہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ صاحب جوہرۃ التوحید فرماتے ہیں:

وامر بعرف واجتنب نمیمہ
ونمیہ وخصلہ ذمیمہ
کالعجب وداء الحسد
وکالمراء والجدل فاعتمد

"نیکی کا حکم دو، چغل خوری، غیبت اور بری عادت سے بچو"۔
"جیسا کہ خود پسندی، تکبر، حسد کی بیماری اور لڑائی جھگڑا۔ اور اسی پر اعتماد کرو"۔

اس کے شارح مصنف کے قول "خصلہ ذمیمہ" کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں یعنی ہر اس عادت سے بچو جو شرعاً مذموم ہو۔ مصنف نے یہاں ان چیزوں کا ذکر کیا ہے جن کا شمار عیوب نفس میں ہوتا ہے کیونکہ ظاہری اصلاح کے ساتھ ان اشیاء کا باقی رہنا نجاست کے ساتھ آلودہ جسم پر کپڑے پہننے کی طرح ہے۔ انہی صفات ذمیمہ میں سے ایک عجب ہے اور اس سے مراد اپنی عبادت کو بہت زیادہ گمان کرنا ہے، جیسا کہ کوئی عابد اپنی عبادت پر، اور عالم اپنے علم پر، فخر و مباہات کرے تو یہ حرام ہے یہی حکم ریاء کا ہے۔ عجب کی مثل ظلم، بغاوت، تکبر، حسد اور لڑائی جھگڑا صفات مذمومہ ہیں۔[11]

فقیہ اعظم ابن عابدین اپنے مشہور حاشیہ میں فرماتے ہیں:

اخلاص عجب، حسد اور ریاء کو جاننا فرض عین ہے۔ اور اسی کی مثل دیگر آفات نفس جیسے تکبر، بخل، حقد، دھوکہ دہی، غضب و غصہ، عداوت، بغض، طمع، فخر و تکبر، خیانت، مداہنت، مخلوق خدا کو حقیر جاننا، درشتگی قلب، طول امل اور ان کے علاوہ دیگر آفات جن کا ذکر "احیاء العلوم" مہلکات کے ضمن میں آتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ بشر ان صفات سے خالی نہیں ہو سکتا، اس لیئے ضروری ہے کہ ان میں ان چیزوں کو سیکھے جو اس کے نفس کیلئے ضروری ہیں اور جن کا ازالہ

Marfat.com

فرض عین ہے اور ان کا ازالہ صرف اس وقت ہی ممکن ہوتا ہے جب انسان ان کی تعریفات' اسباب و علامات اور علاج کو جانتا ہو۔ اور جو شخص شر کو نہیں پہچانتا' وہ اس میں واقع ہو جاتا ہے۔ ۱۲

صاحب ھدیہ علائیہ فرماتے ہیں کہ حسد' مسلمانوں کو حقیر جاننا' ان کو تکلیف پہنچانے کا ارادہ کرنا' تکبر' خود پسندی' ریاء' نفاق اور دل سے متعلقہ جملہ اعمال قبیحہ کی حرمت پر اجماع ہے بلکہ سمع و بصر اور دل میں سے ہر ایک سے ان کے اختیاری اعمال کے متعلق باز پرس ہوگی۔ ۱۳

صاحب مراقی الفلاح فرماتے ہیں: "ظاہری طہارت اسی وقت فائدہ مند ہو سکتی ہے جب باطنی طہارت میں اخلاص شامل ہو۔ اور وہ کینہ' ملاوٹ اور حقد و حسد سے منزہ ہو اور دل اللہ تعالی کے سوا کائنات کی ہر شے سے مبرا ہو۔ اور اس کی عبادت محض اس کی ذات کیلئے ہو' نہ کہ کسی سبب اور علت کیلئے۔ اور اسی کی بارگاہ میں اپنے دامن طلب کو پھیلائے تو وہ اپنے خاص لطف و احسان سے اس کی ضروریات کو پورا کرتا ہے"۔

اے غافل! اس یکتائے روزگار مالک حقیقی کا بندہ بن جا' اس کے علاوہ کوئی شے تجھے اپنی طرف متوجہ نہ کرے' تیری خواہش نفسانی تجھے اس کی بارگاہ کی چاکری سے نہ روکے۔

حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

رب مستور سبته شهوته
قد عری من ستره وانهتکا
صاحب الشهوه عبد فاذا
ملک الشهوه اضحی ملکا

"کتنے ہی صاحب پوشاک لوگ ہیں جن کو شہوت نے قیدی بنا رکھا ہے۔ در حقیقت وہ اپنے ستر سے عریاں اور لاغر و ناتواں ہو چکے ہیں"۔

"نفسانی خواہش میں مبتلا ایک غلام کی مانند ہوتا ہے اور جب اپنی شہوت پر

Marfat.com

قابو پالے تو وہی شہنشاہ بن جاتا ہے" ۔

اور جب بندہ اللہ تعالیٰ کیلئے مخلص ہو جاتا ہے اور ان امور کو بجالاتا ہے جن کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے تو ہر حال اور ہر وقت عنایات خداوندی اس کے شامل حال ہو جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ اسے وہ تمام علوم سکھا دیتا ہے جسے وہ پہلے نہیں جانتا تھا۔ علامہ طحطاوی اپنے حاشیہ میں فرماتے ہیں۔ اس کی دلیل یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ

"اور ڈرا کرو اللہ سے اور سکھاتا ہے تمھیں اللہ تعالیٰ" ۔

جس طرح انسان کیلئے مناسب نہیں ہے کہ وہ نجاست اور گندگی سے آلودہ کپڑوں کے ساتھ لوگوں کے سامنے آئے اسی طرح یہ مناسب نہیں کہ وہ اپنے دل کو طرح طرح کی پوشیدہ بیماریوں میں مبتلا کردے حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کی توجہ کا محل ہے۔

تطبب جسمک الفانی لیبقی وتشرک قلبک الباقی مریضا

"تو نے اپنے جسم کا علاج کرتا ہے تاکہ وہ باقی رہے۔ اور باقی رہنے والے دل کو بیماری کی حالت میں چھوڑ دیتا ہے"۔

کیونکہ قلبی امراض اللہ تعالیٰ اور اس کی جنت سے بُعد اور دوری کا سبب ہیں۔ اسی لئے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لا یدخل الجنة من کان فی قلبه مثقال ذرة من کبر (مسلم)

"وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں ذرا بھر بھی تکبر ہو گا" ۔

اس سے ثابت ہوا کہ آخرت میں انسان کی سلامتی اس کے دل کی سلامتی پر موقوف ہے اور اس کی نجات ان مذکورہ امراض سے نجات حاصل کرنے پر ہے۔

کبھی انسان کے نفسانی عیوب بہت پوشیدہ ہوتے ہیں اور اس کے دل کی بیماریاں بھی انتہائی دقیق ہوتی ہیں وہ اپنے آپ کو کامل سمجھنے لگتا ہے حالانکہ وہ کمال سے کوسوں دور ہوتا ہے۔ تو اس صورت حال میں ان امراض اور دل کی دقیق

Marfat.com

بیماریوں کو پہچاننے کا کونسا طریقہ ہے اور ان امراض کے علاج کا کونسا طریقہ ہو گا کہ انسان ان سے چھٹکارا حاصل کر سکے؟

یقیناً اس کا حل تصوف ہی ہے جو قلبی امراض اور تزکیۂ نفس اور اس کی گھٹیا صفات سے نجات دلانے کا کامیاب نسخہ ہے۔ ابن ذکوان نے "فائدۃ التصوف" میں فرمایا ہے:

علم به تزكيه البواطن
من كدرات النفس في المواطن

"تصوف ایک ایسا علم ہے جس کے ذریعہ نفس کی مخفی اور پوشیدہ کدورتوں سے باطن کا تصفیہ ہوتا ہے"۔

علامہ منجوری نے اس شعر کی تشریح اس طرح کی ہے کہ تصوف وہ علم ہے جس کی مدد سے باطن کو نفس کی کدورتوں سے پاک اور صاف کرنے کی کیفیت کو پہچانا جاتا ہے۔ اور کدورتوں سے مراد نفس کے عیوب اور اس کی قابل مذمت صفات ہیں۔ مثلاً کینہ، حقد، حسد، دھوکہ دہی، ملاوٹ، خود ستائشی کو پسند کرنا، تکبر، ریاء، غیض و غضب، لالچ، بخل، تعظیم امراء اور تحقیر غرباء ہے۔ کیونکہ علم تصوف انسان کو اس کے عیوب اور ان کے علاج کی کیفیت سے آگاہ کرتا ہے اور اسی کے ذریعہ نفس کی رکاوٹوں کو دور اور اس کی قابل مذمت عادات اور بری صفات سے پاک کیا جا سکتا ہے حتی کہ دل کو غیر اللہ سے خالی کر کے اس کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے آراستہ کرنے کی منزل تک رسائی ہوتی ہے۔

صوفیاء کرام کو وراثت نبوی ﷺ میں سے علم و عمل کا وافر حصہ ملا ہے اور یہی وہ لوگ ہیں جو توبہ، تقویٰ، استقامت، صدق، اخلاص، زہد، ورع، توکل، رضا، تسلیم، ادب و محبت اور ذکر و مراقبہ جیسی صفات کاملہ سے اپنے نفس کو آراستہ کرتے ہیں۔

قد رفضوا الاثام والعيوب — وطهروا الابدان والقلوب
وبلغوا حقيقه الايمان — وانتهجوا مناهج الاحسان

Marfat.com

(i)۔ "انہوں نے گناہوں اور عیوب کو ترک کیا' اور اجسام اور قلوب کو پاک کیا" - (ii)۔ "اور ایمان کی حقیقت تک رسائی حاصل کی۔ اور احسان کی راہوں پر گامزن ہوئے" ۔۱۳

تصوف نے بدنی اور مالی عبادات کے ساتھ ساتھ اس قلبی پہلو اور عملی طریقہ کی بھی نشاندہی کی ہے جو مسلمان کو ایمان اور اخلاق کے اعلیٰ درجہ پر فائز کر دیتا ہے۔

تصوف محض اوراد پڑھنے اور ذکر کے حلقات قائم کرنے کا نام نہیں ہے جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے۔ بہت سے لوگوں کے ذہن سے یہ بات نکل چکی ہے کہ تصوف ایک ایسا عملی نمونہ ہے جو ایک عام اور اللہ تعالیٰ سے دور انسان کو ایک کامل مثالی مسلمان بنا دیتا ہے۔ اور اسی وجہ سے اسے ایمان کامل' خالص عبادت' حسن معاملہ اور عمدہ و اعلیٰ اخلاق حاصل ہو جاتے ہیں۔

اس سے تصوف کی اہمیت اور اس کا فائدہ ظاہر ہوتا ہے اور یہ چیز ہمارے لئے بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ تصوف ہی روح اسلام اور اس کا دھڑکتا ہوا دل ہے۔ کیونکہ دین فقط ظاہری اعمال اور امور شکلیہ کا نام نہیں جن میں نہ کوئی روح ہو اور نہ کوئی زندگی۔

مسلمان اس درجہ انحطاط اور ضعف کا شکار ہو چکے ہیں کہ انہوں نے روح اسلام اور اس کے جوہر کو چھوڑ دیا ہے۔ اب ان میں صرف اسلام کی ظاہری شکل ہی باقی رہ گئی ہے۔ اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ غیور اور باعمل علماء لوگوں کو صوفیاء کی بارگاہ میں حاضر ہونے اور ان کی بارگاہ کو لازم پکڑنے کی نصیحت کرتے ہیں۔ تاکہ وہ اسلام کی ظاہریت کے ساتھ ساتھ روح اسلام سے بھی واقفیت حاصل کر سکیں۔ اور صفائے قلبی اور اخلاقی بلندی کے معنےٰ و مفہوم کو سمجھ سکیں۔ نیز اللہ تعالیٰ کی حقیقی معرفت کے حصول اور اس کی محبت مراقبے اور دائمی ذکر میں مشغول ہو جائیں۔

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ نے طریق تصوف کو جانچنے' اس کے نتائج کے حصول اور اس کے ثمرات کو چکھنے کے بعد فرمایا: "صوفیاء کرام کی جماعت

Marfat.com

میں داخل ہونا فرض عین ہے۔۔ کیونکہ انبیاء علیہم السلام کے علاوہ کوئی بھی عیب سے خالی نہیں" ۔ ۱۴

شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "جو ہمارے تصوف میں داخل نہ ہوا' وہ عدم شعور کی حالت میں کبائر پر اصرار کرتے ہوئے مرا"۔

ابن علان صدیقی فرماتے ہیں کہ شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ نے سچ فرمایا ہے کیونکہ کونسا شخص ہے جو روزے رکھتا ہو اور اپنے روزوں پر فخر نہیں کرتا ہو۔ اور وہ کونسا نمازی ہے جو اپنی نماز پر فخر نہیں کرتا' اور یہی حال دوسری عبادات کا ہے۔ اس لئے ایک شیخ کامل ہونا ضروری ہے جو انسان کو ان عیوب سے آگاہ کرتا رہے۔ ۱۵

کیونکہ یہ راستہ ناقص لوگوں کیلئے انتہائی دشوار گزار ہے۔ اس لئے انسان کو چاہیئے کہ بڑے عزم و صبر اور مجاہدہ کے ساتھ اس کو عبور کرے تاکہ اپنی ذات کو اللہ تعالی سے دوری اور اس کے غضب سے بچالے۔

فضیل بن عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حق کے راستہ کو لازم پکڑو۔ اور اس پر چلنے والوں کی قلت سے نہ گھبراؤ۔ باطل کے راستہ سے بچو' اور اس پر چلنے والوں کی کثرت سے دھوکہ نہ کھاؤ۔ اور جب بھی تو تنہائی سے گھبرائے تو اپنے سے سبقت لے جانیوالے ساتھی کو دیکھو اور اس کے ساتھ ملنے کی کوشش کرو' اس کے علاوہ اغیار سے آنکھیں بند کرلو۔ یہ لوگ تمھیں کچھ فائدہ نہیں دے سکتے۔ دوران سفر اگر تجھے پکاریں تو ان کی طرف متوجہ نہ ہو کیونکہ جب تو ان کی طرف متوجہ ہو گا تو تجھے پکڑلیں گے اور سفر سے روک لیں گے۔ ۱۶

Marfat.com

باب دوم

تصوّف کا عملی منہاج

Marfat.com

گزشتہ باب میں تصوف کی اہمیت اور مومن کامل کی شخصیت کی تکوین و تعمیر میں اسکا مقام واضح ہو چکا ہے۔ اور یہ کہ تصوف' دین اسلام کی عملی صورت ہے اور وہ بندہ کی ظاہری اصلاح' باطن کی تعمیر' اسکے اخلاق کی تحسین اور اس کی عبادات کی تصحیح کا اہتمام کرتا ہے۔

صوفیاء کرام محض کلام نظری سے شرع کے احکام اور آداب لوگوں پر واضح کرنے پر ہی اکتفا نہیں کرتے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ سالک کا ہاتھ پکڑ کر ترقی کے تمام مراتب میں اسکے ساتھ چلتے ہیں اور سیر الی اللہ کی تمام منازل میں اسکے ساتھ رہتے ہیں' اور اپنی خصوصی عنایات اور مہربانیوں سے نوازتے ہیں اور انکے ساتھ محبت سے پیش آتے ہیں اور اپنے حال و قال اور اپنی علو ہمت اور عظمت و صداقت سے اسے پروان چڑھاتے ہیں۔ اگر وہ ذکر سے غافل ہو جائے تو اسکی توجہ ذکر کی طرف مبذول کراتے ہیں۔ اگر صراطِ مستقیم سے منحرف ہو تو اسے دوبارہ راہ راست پر لاتے ہیں۔ اگر وہ مجلس سے غائب ہو جائے تو اسکی خبر گیری کرتے ہیں جب ست پڑے تو اسکی سستی زائل کر دیتے ہیں۔ اس طرح وہ اس کیلئے ایک ایسے عملی نصاب (طریقہ کار) کی راہنمائی کرتے ہیں۔ جس کے ذریعہ دین کے ارکان ثلاثہ یعنی ایمان' اسلام اور احسان تک اس کی رسائی ہو جاتی ہے۔

صوفیاء کرام ارباب اعمال واحوال ہوتے ہیں نہ کہ ارباب دعویٰ و اقوال۔ کلام اور تعلیم تو بہت آسان ہے لیکن اسکے مقابلہ میں عمل اور تطبیق بہت مشکل۔

اس باب میں ہم وہ عملی نصاب بیان کریں گے جس کو صوفیاء کرام رضاء الٰہی اور اس کی معرفت تک رسائی حاصل کرنے کے لئے اختیار کرتے ہیں۔ یہ عملی نصاب

Marfat.com

کتاب اللہ کی عملی تطبیق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کی اتباع واقتداء پر مبنی ہے۔ صوفیائے کرام نے کوئی نیا طریقہ اختراع نہیں کیا اور نہ ہی کسی نئے اسلوب کو اپنایا ہے بلکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، عمل اور اخلاق کے متبع ہیں۔

صحبت شیخ

اس عنوان کے تحت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل موضوعات پر بحث کی ہے۔

۱۔ صحبت کی اہمیت اور فوائد و آثار۔ ۲۔ قرآن و سنت سے اس کا ثبوت۔
۳۔ صحبت کی اہمیت کے بارے میں علماء و محدثین اور عارفین کے اقوال و آراء۔

۱۔ صحبت کی اہمیت اور فوائد و آثار:

صحبت کا انسان کی شخصیت، طرز عمل اور اخلاق پر گہرا اثر ہوتا ہے۔ صحبت اختیار کرنے والا روحانی اثر اور عملی اتباع سے اپنے صاحب کی صفات کو اخذ کرتا ہے۔ انسان طبعی طور پر معاشرتی واقع ہوا ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ وہ مختلف قسم کے لوگوں سے ملے اور ان میں اس کے دوست و احباب ہوں۔ اگر وہ برے اور فاسق و فاجر لوگوں کو دوست بنائے گا تو وہ اخلاقی انحطاط کا شکار ہو گا اور اسکی اچھی صفات بتدریج ناپید ہو جائیں گی لیکن اسے شعور تک بھی نہیں ہو گا۔ یہاں تک کہ وہ اپنے دوستوں کی طرح ذلت کی انتہائی پستی میں گر جائے گا۔ اسی طرح اگر اس نے کسی صاحب ایمان، متقی اور کسی عارف باللہ کی صحبت کو اختیار کیا تو جلد ہی وہ بلندیوں کے اعلیٰ مقام پر پہنچ جائے گا۔ اور اس سے عمدہ اخلاق، پختہ ایمان، صفات عالیہ اور معارف الٰہیہ حاصل کرے گا اور اپنے نفس کے عیوب اور برے اخلاق سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ کسی آدمی کے اخلاق کو اس کے دوست و احباب سے پہچانا جاتا ہے۔

Marfat.com

اذا کنت فی قوم فصاحب خیارھم
ولا تصحب الاردی فتردی مع الردی
عن المرء لا تسئل وسل عن قرینہ
فکل قرین بالمقارن یقتدی

"جب تو کسی قوم میں ہو' تو ان میں سے بہترین لوگوں کی صحبت اختیار کر گھٹیا اور خسیس لوگوں کی سنگت اختیار نہ کر' کہ تو بھی ان کے ساتھ ہلاکت کا شکار ہو جائے۔

(ii) کسی انسان کے متعلق نہ پوچھ' بلکہ اس کے دوست کے متعلق پوچھ' کیونکہ ہر دوست اپنے دوست کی پیروی کرتا ہے"۔

صحابہ کرام نے یہ بلند مرتبہ نبی کریم ﷺ کی صحبت و ہم نشینی سے حاصل کیا ہے۔ حالانکہ قبل از صحبت جہالت کی تاریکیوں میں تھے۔ اسی طرح تابعین کو جو یہ عظیم شرف ملا ہے یہ صحابہ کرام کی صحبت اور ملاقات کے ہی طفیل ہے۔ کیونکہ نبی پاک ﷺ کی رسالت عام اور تاقیامت رہنے والی ہے۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ نے علماء و عارفین کو اپنا جانشین بنایا ہے اور انہیں اپنے نبی کریم ﷺ سے علم و اخلاق اور ایمان و تقویٰ ورثہ میں ملا ہے اور یہ ہدایت و ارشاد اور دعوت الی اللہ میں اپنے نبی کے نائب ہیں۔ یہ سینۂ نبوت سے نور حاصل کرتے ہیں۔ تاکہ انسانیت کے لئے ہدایت اور حق کے راستہ کو روشن کریں۔ جو شخص ان کی صحبت میں بیٹھتا ہے۔ اس کے دل میں بھی وہ نور سرایت کر جاتا ہے۔ جو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے حاصل کیا ہے۔ پس جس نے ان کی نصرت و اعانت کی گویا وہ دین کا معین و مددگار ہوا۔ اور جس نے اپنی زنجیر کا حلقہ ان پاکباز لوگوں کی زنجیر سے مربوط کیا تو وہ درحقیقت نبی پاک ﷺ تک جا پہنچا' گویا کہ چشمۂ نبوت سے فیض یاب و سیراب ہوا۔

یہی وہ دین محمدی کے وارث ہیں جنہوں نے دین کو لوگوں تک بذریعہ نقل و روایت پہنچایا۔ اور انکی حرکات و سکنات اور طرز عمل دوسرے لوگوں کے لئے بہترین نمونہ ہے اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے:

Marfat.com

لا تزال طائفه من امتی ظاہرین علی الحق لا یضرھم من خذلھم حتی یاتی امر اللہ۔ و ھم کذلک۔ (مسلم۔ بخاری)

"ارشاد نبوی ہے کہ میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا۔ ان کے مخالفین ہرگز نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے تو وہ اسی حالت پر قائم ہوں گے"

مرور زمانہ سے ان کے آثار منقطع نہیں ہوں گے اور کوئی علاقہ ان سے خالی نہ ہو گا۔ یہی وہ جانشین رسول خدا ہیں جن کی صحبت مجرب تریاق ہے۔ اور ان سے بعد زہد قاتل ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کا ہم نشین کبھی بدبخت نہیں ہوتا۔ ان کی صحبت اصلاح نفوس، تہذیب اخلاق، عقیدہ کی پختگی اور رسوخ ایمان کے لئے مؤثر عملی علاج ہے۔ کیونکہ یہ امور مطالعہ کتب سے حاصل نہیں ہوتے۔ بلکہ یہ عملی اور وجدانی خصال ہیں۔ جنہیں اتباع اور پیروی، قلبی تعلق اور روحانی تاثیر سے حاصل کیا جاتا ہے۔

اس کا دوسرا سبب اور وجہ یہ ہے کہ کوئی بھی انسان قلبی امراض اور ایسی پوشیدہ بیماریوں سے خالی نہیں جن کی تشخیص وہ بذات خود نہیں کر سکتا۔ ان قلبی امراض سے مراد ریا، نفاق، غرور، حسد، انانیت، حب شہرت خود پسندی اور بخل وغیرہ ہیں۔ بلکہ انسان تو اپنے آپ کو سمجھتا ہے کہ وہ اخلاق میں سب سے زیادہ کامل اور دین میں سب سے زیادہ راسخ ہے اور یہ جہل مرکب اور واضح گمراہی ہے۔ جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے:

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالاً اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِى الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَ هُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعاً۔ (الکہف: ۱۰۴)

ترجمہ:۔ "فرمایئے (اے لوگو) کیا ہم مطلع کریں تمہیں ان لوگوں پر جو اعمال کے لحاظ سے گھاٹے میں ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی ساری جدوجہد دینی زندگی

Marfat.com

کی آراستگی میں کھو کر رہ گئی۔ اور وہ یہ خیال کر رہے ہیں کہ وہ بہت بڑا عمدہ کام کر رہے ہیں"

جس طرح انسان اپنے چہروں کے عیوب کو صاف ستھرے آئینہ میں دیکھتا ہے جو اس کی حقیقت حال کو واضح کر دیتا ہے۔ اس طرح ایک مومن کے لئے بھی ایک مخلص اور ناصح مومن کی ضرورت ہے جس کا حال اس سے اچھا' اخلاق بلند اور ایمان قوی ہو' وہ اس کی صحبت اختیار کرے۔ تاکہ وہ اس کے نفسانی عیوب اور پوشیدہ قلبی امراض کو اپنے قال یا حال سے واضح کرے اس لئے نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے:

اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰۃُ الْمُؤْمِنِ (ابو داود)

"ایک مومن دوسرے مومن کے لئے آئینہ ہے"

ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم اس بات کا خیال رکھیں کہ آئینے مختلف انواع و اقسام کے ہوتے ہیں بعض صاف شفاف اور بعض گدلے ہوتے ہیں۔ جو چہرہ کے حسن و جمال کو بگاڑ دیتے ہیں' اور بعض ایسے ہوتے ہیں جو چہرہ کو چھوٹا اور بڑا دکھاتے ہیں اور یہی حال دوستوں کا ہوتا ہے۔ ان میں سے بعض ایسے ہوتے ہیں جو دوست کے نفس کی حالت کو ظاہر نہیں کرتے' بلکہ وہ اس کی مدح و ثنا کرتے رہتے ہیں۔ حتیٰ کہ وہ اپنے آپ کو کامل گمان کرنے لگتا ہے۔ اور اس میں غرور اور خود پسندی کا غلبہ ہو جاتا ہے۔ یا وہ اپنے دوست کی مذمت کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ اپنے نفس کی اصلاح سے مایوس ہو جاتا ہے۔

مگر کامل مومن وہ مرشد صادق ہوتا ہے جو اپنے آئینہ کو کسی مرشد کامل سے صیقل کراتا ہے۔ اور اسی طرح یہ سلسلہ حضور ﷺ تک متصل ہو جاتا ہے اور آپ کی ذات ہی وہ آئینہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے انسانیت کے لئے نمونہ قرار دیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا۔ (الاحزاب:۲۱)

ترجمہ:۔ "بے شک تمہاری راہنمائی کے لئے اللہ کے رسول (کی زندگی)

Marfat.com

میں خوبصورت نمونہ ہے یہ نمونہ اس کے لئے ہے جو اللہ سے ملنے اور قیامت کے آنے کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے۔"

تزکیۂ نفوس اور اخلاقی کمالات سے مزین ہونے کا عملی طریقہ جانشین محمدی کی صحبت ہے یعنی وہ مرشد کامل جس کی صحبت سے مرید کے ایمان اور تقویٰ اور اخلاق میں اضافہ ہو' اور اس کی مجلس میں حاضری سے قلبی امراض سے شفاء حاصل ہو اور اس کی شخصیت اپنے مرشد کامل کی شخصیت سے اثر قبول کرے۔ جو کہ حضور نبی کریم ﷺ کی مثالی شخصیت کا عکس ہے۔

اس بحث سے ان لوگوں کی غلط فہمی دور ہو جانی چاہئے جو یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ اپنے قلبی امراض کا علاج خود کر سکتے ہیں۔ اور محض قرآن کریم کی تلاوت اور رسول کریم ﷺ کی احادیث پڑھ کر اپنے نفس کی بیماریوں کا علاج کر سکتے ہیں۔ کیونکہ کتاب و سنت میں قلبی و نفسانی علاج کے لئے مختلف قسم کی ادویات کا ذکر ہے اس لئے قرآن و حدیث کے ساتھ ساتھ ایک طبیب کا ہونا بھی ضروری ہے جو ہر مرض کی مناسب دوا تجویز کرے' اور ہر بیماری کا صحیح علاج تجویز کرے۔ رسول اللہ ﷺ بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے قلوب کا علاج فرمایا کرتے تھے اور ان کے نفوس کا بھی اپنے حال و قال سے تزکیہ فرمایا کرتے تھے جلیل القدر صحابی حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو پیش آنے والا واقعہ بھی اسی قبیل سے ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں بیٹھا تھا کہ ایک آدمی آیا اور نماز پڑھنے لگا اس نے نماز میں ایسی قرأت کی جس کو میں نے پسند کیا۔ پھر ایک اور آدمی داخل ہوا جس نے نماز میں ایک دوسری قرأت کی۔ جب انہوں نے نماز ختم کی تو ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے میں نے عرض کیا' یا رسول اللہ ﷺ اس آدمی نے ایسی قرأت کی ہے جس کو میں نے پسند کیا ہے۔ اور اس دوسرے آدمی نے ایک اور قرأت کی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے دونوں کو قرآن پڑھنے کا حکم دیا جب دونوں نے پڑھا۔ تو آپ نے دونوں کی قرأت کی تحسین فرمائی۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں نے یہ صورت حال دیکھی تو میرے دل پر شک و شبہ کے بادل چھا گئے جب نبی کریم ﷺ نے میری اس حالت کا ملاحظہ فرمایا تو میرے سینہ پر

Marfat.com

دست اقدس کو مارا جس کی وجہ سے میں پسینے میں شرابور ہو گیا۔

اس سے ثابت ہوا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی محض قرآن کریم کی تلاوت سے اپنی نفوس کا علاج نہیں کر سکتے تھے بلکہ وہ بھی محمدی شفاخانہ میں حاضر ہوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے نفوس کا تزکیہ اور ان کی تربیت کی نگرانی فرماتے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

هُوَ الَّذِىْ بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ (الجمعہ:۲)

ترجمہ:۔ وہی اللہ تعالیٰ جس نے مبعوث فرمایا امیوں میں سے ایک رسول انہیں میں سے جو پڑھ کر سناتا ہے انہیں اس کی آیتیں اور پاک کرتا ہے ان (کے دلوں) کو اور سکھاتا ہے کتاب و حکمت"

تزکیہ علیحدہ چیز ہے اور تعلیم قرآن علیحدہ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یزکیھم" سے مراد آپ کا صحابہ کرام کو حالت تزکیہ عطا کرنا ہے۔ اور علم تزکیہ اور حالت تزکیہ میں بہت بڑا فرق ہے۔ جس طرح کہ علم صحت اور حالت صحت میں بڑا فرق ہے' اور ان دونوں کو جمع کرنے سے ہی کمال حاصل ہوتا ہے۔ ہم بہت سے حیران و پریشان لوگوں کے بارے میں سنتے ہیں کہ وہ قرآن حکیم کو پڑھتے ہیں اور اس کے علاوہ بھی دوسرے بہت سے علوم سے واقف ہوتے ہیں۔ اور وہ شیطانی وساوس کے بارے میں گفتگو بھی کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود دوران نماز مختلف قسم کے وسوسوں سے نجات نہیں پا سکتے۔

جب طب جدید میں یہ بات ثابت شدہ ہے کہ انسان خود اپنا علاج نہیں کر سکتا خواہ اس نے طب کی کثیر کتب پڑھی ہوں بلکہ اس کے لئے طبیب ضروری ہوتا ہے جو اس کی پوشیدہ امراض کی تشخیص کرے۔ اور پیچیدہ امراض سے مطلع ہو جو اس کے لئے مخفی تھیں تو امراض قلبیہ اور نفسانی بیماریوں کو طبیب کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ بیماریاں زیادہ خطرناک پوشیدہ اور دقیق ہوتی ہیں۔ اس لئے کسی مرشد کامل صاحبِ اذن سے تزکیۂ نفس اور ان بیماریوں سے چھٹکارا پانا مفید اور ضروری ہوتا ہے

Marfat.com

اس کے بعد ہم کتاب و سنت فقہاء و محدثین اور عارفین کے اقوال کو ذکر کریں گے جس سے صحبت کی اہمیت واضح ہو جائے گی اور اس کے اچھے آثار اور عمدہ نتائج سے آگاہی ہو گی۔

صحبت کی اہمیت پر قرآنی دلائل:

ارشاد خداوندی ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ (التوبہ:۱۱۹)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور ہو جاؤ سچے لوگوں کے ساتھ۔"

صادقین سے مراد وہ مخلص مومنین ہیں جن کا ذکر اس آیت میں ہے: ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ۔ (الاحزاب:۲۳)

"اہلِ ایمان میں سے ایسے جواں مرد ہیں جنہوں نے سچا کر دکھایا جو وعدہ انہوں نے اللہ سے کیا تھا۔"

۲۔ ارشادِ خداوندی ہے:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا۔ (الکہف:۲۸)

ترجمہ:۔ اور روکے رکھیئے اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح و شام' طلبگار ہیں اس کی رضا کے' اور نہ ہٹیں آپ کی نگاہیں ان سے۔ کیا آپ چاہتے ہیں دنیوی زندگی کی زینت۔ اور نہ پیروی کیجئے اس (بدنصیب)

Marfat.com

کی، غافل کر دیا ہے ہم نے جس کے دل کو اپنی یاد سے اور وہ اتباع کرتا ہے اپنی خواہش کا اور اس کا معاملہ حد سے گزر گیا ہے"

یہاں خطاب رسول اللہ ﷺ کو ہے اور اس کا مقصد تعلیم امت ہے۔

۳۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ۔ (لقمان: ۱۵)

"اور پیروی کرو اس کے راستہ کی جو میری طرف مائل ہوا۔"

فرمانِ خداوندِ قدوس ہے:

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا، يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَاءَنِيْ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا۔ (الفرقان: ۲۷، ۲۸، ۲۹)

"اور اس روز ظالم (فرط ندامت سے) کاٹے گا اپنے ہاتھوں کو (اور) کہے گا کاش میں نے اختیار کیا ہوتا رسول مکرم ﷺ کی معیت میں (نجات کا راستہ) ہائے افسوس کاش نہ بنایا ہوتا میں فلاں کو اپنا دوست۔ واقعی اس نے بہکا دیا مجھے اس قرآن سے اس کے میرے پاس آجانے کے بعد اور شیطان تو ہمیشہ سے انسان کو بے یار و مددگار چھوڑنے والا ہے"

فرمان الٰہی ہے:

اَلْاَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ۔ (زخرف: ۶۷)

گہرے دوست اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے، بجز ان کے جو متقی اور پرہیزگار"

(۶) ارشادِ خداوندی ہے:

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ الرَّحْمٰنُ فَاسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا۔ (الفرقان: ۵۹)

Marfat.com

"پھر وہ متمکن ہوا عرش پر (جیسے اس کی شان ہے) وہ رحمان ہے سو پوچھ اس کے بارے میں کسی واقف حال سے۔"

هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا۔ (الکہف:۶۶، ۶۷)

کیا میں آپ کی ساتھ رہ سکتا ہوں بشرطیکہ آپ سکھائیں مجھے رشد وہدایت کا خصوصی علم جو آپ کو سکھایا گیا ہے۔ اس بندہ نے کہا (اے موسیٰ) آپ میرے ساتھ صبر کی طاقت نہیں رکھتے"

اہمیت صحبت پر احادیثِ نبویہ سے دلائل:

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

انما مثل الجليس الصالح و جليس السوء كحامل المسك ونافخ الكير' فحامل المسك اما ان يحذيك واما ان تبتاع منه واما ان تجد منه ريحا طيبه و نافخ الكير اما ان يحرق الثياب واما ان تجد منه ريحا منتنه۔ (بخاری مسلم)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اچھے اور برے دوست کی مثال کستوری والے اور بھٹی والے کی طرح ہے' کستوری والا یا تو تمہیں عطا کردے گا یا تم اس سے خرید لوگے۔ یا اس سے اچھی خوشبو پاؤ گے۔ بھٹی والا تو تمہارے کپڑے جلا دے گا یا تم اس سے بدبو پاؤ گے"

۲۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قيل يا رسول الله اى جلساء نا خير' قال: من ذكركم الله رويته و زاد فى عملكم منطقه و ذكركم فى الاخرة عمله۔ (مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۲۶)

ترجمہ:۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی گئی کہ کونسا دوست بہتر اور بہت افضل ہے۔ تو آپ نے فرمایا جس کا دیدار تمہیں اللہ کی یاد دلا دے۔ اور جس کی گفتار تمہارے عمل میں زیادتی کا باعث

Marfat.com

ہو' جس کا عمل تمہیں آخرت کی یاد تازہ کردے"

۳۔ عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرجل علی دین خلیلہ فلینظر احدکم من یخالل (ابو داؤد۔ ترمذی)

ترجمہ:۔ حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے تم میں سے ہر ایک کو چاہئے کہ وہ دیکھے کہ وہ کس کے ساتھ دوستی قائم کر رہا ہے۔"

۴۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہوں گے جو نبی ہوں گے نہ شہداء۔ روز قیامت اللہ کے نزدیک ان کے رتبہ کی وجہ سے انبیاء شہدا ان پر رشک کریں گے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی کہ ہمیں بتائیں وہ کونسے لوگ ہیں؟ فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو صرف اللہ کے لئے آپس میں محبت کرتے ہیں' ان کے درمیان نہ تو رشتہ داری ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی مال کا لین دین۔ قسم بخدا ان کے چہرے سراپا نور ہوں گے۔ اور وہ نور کے منبروں پر بیٹھے ہوں گے انہیں کوئی خوف نہیں ہو گا۔ جب لوگ خوفزدہ ہوں گے۔ اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ جب دوسرے لوگ غمزدہ ہوں گے پھر یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی: "الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون" (یونس) ترجمہ:۔ "سنو بے شک اولیاء اللہ کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔"

۵۔ عن ابی ذر رضی اللہ عنہ قلت یا رسول اللہ' الرجل یحب القوم ولا یستطیع ان یعمل عملھم' قال انت مع من احببت یا اباذر۔ (ابو داود)

"حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں میں نے عرض کی' یا رسول اللہ کوئی شخص کسی قوم سے محبت رکھتا ہے لیکن ان جیسا عمل نہیں کرپاتا تو آپ نے فرمایا اے ابو ذر تو اسی کے ساتھ ہو گا جس سے محبت کرتا ہے۔"

Marfat.com

۶۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ملے تو انہوں نے فرمایا: اے حنظلہ تمہارا کیا حال ہے؟ میں نے کہا حنظلہ منافق ہو گیا تو آپ نے فرمایا سبحان اللہ یہ کیا کہہ رہے ہو۔ میں نے کہا جب ہم رسول اللہ ؐ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں تو وہ جب جنت اور دوزخ کا ذکر کرتے ہیں تو ایسا لگتا ہے ہم انہیں آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ اور جب آپ کی بارگاہ سے نکل کر گھروں کو جاتے ہیں اور اپنے اہل و عیال اور مال و جائیداد میں مصروف ہو جاتے ہیں تو یہ سب کچھ بھول جاتے ہیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا قسم بخدا! ہماری بھی یہی حالت ہے۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ وہاں سے چلے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حنظلہ منافق ہو گیا' اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کیسے؟ میں نے عرض کی' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہم آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں اور آپ ہمیں جنت اور دوزخ کی یاد دلاتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم انہیں آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ جب ہم اپنے گھروں کو جاتے ہیں اور اپنے اہل و عیال اور مال و دولت میں مشغول ہو جاتے ہیں تو یہ چیزیں بھول جاتے ہیں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا قسم ہے مجھے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تمہاری حالت ہمیشہ ایسی ہی رہے جیسا کہ میرے پاس اور محفل ذکر میں ہوتی ہے تو فرشتے آرام گاہوں اور راستوں میں تمہارے ساتھ مصافحہ کریں۔ لیکن اے حنظلہ! یہ گھڑی کبھی کبھی میسر آتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہی ارشاد فرمایا۔"

یہ حدیث اور بہت سی دیگر احادیث صحبت کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں تربیت اور اصلاح کا یہی عملی راستہ ہیں۔ خصوصاً حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ کیسے حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت ان کے دلوں میں انوارِ یقین کو اجاگر کرتی تھی اور نفوس میں ایمان کی چنگاری کو روشن رکھتی تھی اور ان کی روحوں کو مقدس فرشتوں کی سطح تک بلند کر کے ان کے دلوں کو مادی آلودگیوں سے پاک کرتی اور ان کے ایمان کو مراقبہ اور شہود کی بلندیوں پر فائز کرتی۔ اور اسی طرح نبی کریم

Marfat.com

ﷺ کے جانشینوں کی مجلس اور صحبت بھی نفوس کو پاک کرتی اور ایمان میں زیادتی کا باعث اور دلوں کو بیدار کرکے اللہ تعالیٰ کی یاد کو تازہ کرتی ہے اور ان سے دوری غفلت کا سبب اور دل کا دنیا میں مشغول ہونے اور اس ناپائیدار زندگی کی طرف رجحان کو بڑھاتی ہے۔

اہمیتِ صحبت اور اس کے آداب کے بارے میں فقہاء اور محدثین کے اقوال

ابن حجر ہیثمی:

شیخ فقیہ محدث احمد شہاب الدین بن حجر ہیثمی فتاویٰ حدیثیہ میں فرماتے ہیں کہ سالک کے لئے بہتر ہے کہ ان معارف کو حاصل کرنے سے قبل ان امور پر کاربند رہے جن کا حکم اس کے شیخ کامل نے دیا ہے۔ کیونکہ اس کا شیخ ہی طبیبِ اعظم ہے وہ ہر ایک کو اس کی بیماری اور مزاج کے مطابق دوا تجویز کرتا ہے تو اسے وہی غذا دیتا ہے جو اس کے لئے فائدہ مند ہو۔

امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ

امام فخرالدین رازی اپنی مشہور تفسیر میں سورۃ فاتحہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ" فرمایا تو اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ فرمایا: "صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ" اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مرید کے لئے ہدایت اور مکاشفہ کے مقامات تک پہنچنے کا سوائے اس کے کوئی راستہ نہیں کہ وہ کسی ایسے شیخِ کامل کی اتباع کرے جو اس کی صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی کرے۔ اور گمراہی اور ضلالت کے راستے سے بچائے اس کی وجہ یہ ہے کہ اکثر مخلوق پر نقص غالب ہے اور ان کی عقول ادراکِ حق اور خطاء و صحیح کے درمیان تمیز نہیں کر

Marfat.com

سکتیں۔ اس لئے ایسے شیخ کامل کاہونا ضروری ہے جس کی ناقص شخص اتباع کرے یہاں تک کہ اس کی ناقص عقل شیخِ کامل سے حاصل کردہ نور سے قوی و پختہ ہو جائے اور اس طرح وہ بھی مراتبِ سعادت اور کمالات کی بلندیوں پر فائز ہو جائے۔

شیخ ابراھیم باجوریؒ

شیخ الاسلام ابراھیم باجوریؒ "جوہرہ توحید" کی شرح میں فرماتے ہیں۔

وکن کما کان خیار الخلق

حلیف حلم تابعا للحق

"یعنی اخلاق کے ساتھ متصف ہو جا جن پر بہترین لوگ کاربند رہے"

پھر ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی شیخ کامل کے ہاتھ پر ریاضت کی منازل طے کرنا زیادہ منافع بخش ہے۔ کیونکہ صوفیاء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا قول ہے۔ فرماتے ہیں کہ ایک ہزار آدمیوں کے لئے ایک مردِ کامل کا حال ایک آدمی کو ہزار آدمیوں کے وعظ سے بہتر ہے۔ سالک کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایسے شیخ کامل کی اتباع کرے جو قرآن و سنت کو جاننے والا ہو یعنی بیعت کرنے سے پہلے اسے پرکھ لے۔ اگر وہ قرآن و سنت پر عمل پیرا ہو تو اس کی صحبت کو لازم پکڑے اس کے حضور مؤدب رہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس کی توجہ سے اس کا دل صاف ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ ہی ہدایت کا والی ہے۔

حضرت ابی حمزہؒ

امام ابی حمزہ اندلسیؒ حدیث پاک کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ اور جہاد میں شریک ہونے کی اجازت طلب کی' تو آپ نے فرمایا' کیا تمہارے والدین زندہ ہیں؟ اس نے کہا' ہاں! تو آپ نے فرمایا' تم انہیں میں جہاد کرو۔ اس حدیث پاک میں دلیل ہے کہ مجاہدات اور ریاضت شروع کرنے سے پہلے کسی شیخ کامل کی بارگاہ میں

Marfat.com

حاضر ہو۔ تاکہ وہ اس کی صحیح راہنمائی کرے۔ کیونکہ اس صحابی نے جہاد پر جانے کا ارادہ کیا تو اپنی ذاتی رائے پر اعتماد نہیں کیا بلکہ اپنی ذات سے زیادہ اکمل و افضل ذات سے مشورہ کیا۔ یہ حال تو جہاد اصغر کا ہے تو جہاد اکبر (جہاد بالنفس) کے لئے اس کی بدرجہ اولیٰ ضرورت ہو گی۔

ابن قیم جوزیہ:

حافظ ابن قیم فرماتے ہیں کہ بندہ جب کسی کی اتباع کرنے کا ارادہ کرے اسے دیکھنا چاہئے کہ آیا وہ اہل ذکر سے ہے یا غافلین میں سے اس پر ہوا و ہوس کا غلبہ ہے یا احکامِ الٰہی کی اطاعت کا۔ اگر تو اس پر ہوا و ہوس کا غلبہ ہے اور وہ غافلین میں سے ہو تو وہ اس قابل نہیں کہ اس کی اتباع کی جائے پھر فرماتے ہیں کہ آدمی کو چاہئے کہ وہ اپنے شیخ اور مقتدا کو دیکھے اگر تو اس میں ایسی صفات پائی جاتی ہیں جن کا ابھی ذکر ہوا ہے تو وہ اس سے دور ہو جائے۔ اگر اس پر ذکر اللہ اور اتباعِ سنت کا غلبہ ہے اور اپنے امور میں انتہائی محتاط ہے تو اس کا دامن مضبوطی سے پکڑ لے۔

عبدالواحد بن عاشر:

شیخ عبدالواحد بن عاشر مالکی "المرشد المعین" میں صحبتِ شیخ کی اہمیت اور اس کے آثار کی وضاحت درج ذیل اشعار میں فرماتے ہیں:

یصحب شیخا عارف المسالک
یقیه فی طریقه المهالک
یذکره الله اذا راه
و یوصل العبد الی مولاه
یحاسب النفس علی الانفاس
و یزن الخاطر بالقسطاس
و یحفظ المفروض راس المال

Marfat.com

و الفضل ربحه به يوالى
و يكثر الذكر يصفو لبه
و العون فى جميع ذا بربه
يجاهد النفس لرب العالمين
و يتحلى بمقامات اليقين
يصير عند ذاك عارفا به
حرا وغيره خلى من قلبه
فحبه الا اله و اصطفاه
لحضرة القدوس و اجتباه

ترجمہ:۔ (i) سالک کو چاہئے کہ وہ شیخ عارف کی صحبت اختیار کرے جو اس کو ہلاکتوں سے بچائے۔

(ii) اس کے دیدار سے خدا یاد آتا ہو اور بندہ کو اپنے مولیٰ تک پہنچائے۔

(iii) اور اپنے ہر ہر سانس کا محاسبہ کرے اور اپنے خواطر کا ترازو سے وزن کرے۔

(iv) فرائض جو کہ راس المال ہے اس کی حفاظت کرے' اور نوافل جو کہ سراسر نفع ہے اس پر مواظبت اختیار کرے۔

(v) خالی الذہن ہو کر اللہ تعالی کا ذکر کرے اور ان تمام امور میں اعانت مولیٰ اس کے شامل حال ہوتی ہے۔

(vi) جو رب العالمین کے لئے مجاہدۂ نفس کو خاص کرے اور مقاماتِ یقین سے آراستہ ہو۔

(vii) جب اس میں یہ صفات پائی جائیں تو وہ عارف باللہ بن جاتا ہے اور غیر اللہ سے اس کا دل و دماغ خالی ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اپنا محبوب و مصطفیٰ بنا لیتا ہے اور اپنی بارگاہ کی حضوری کے لئے چن لیتا ہے۔

اس نظم کے شارح شیخ محمد بن یوسف معروف بالکافی اپنی کتاب "نور مبین

Marfat.com

علی مرشد المعین" میں فرماتے ہیں کہ شیخ کی صحبت سے حاصل ہونے والے نتائج میں سے ایک یہ ہے کہ شیخ کامل کا دیدار کرنے سے رب یاد آجاتا ہے یعنی شیخ کامل ایک مضبوط واسطہ ہے جس کی وجہ سے مرید اپنے رب کو یاد کرتا ہے۔ کیونکہ وہ شیخ کے چہرہ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ انوار و تجلیات کا مشاہدہ کرتا ہے اور اس کی دلیل وہ حدیث ہے جس کو حاکم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے:

افضلکم الذین اذا رووا ذکر اللہ تعالی لرویتھم

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تم میں سے افضل لوگ وہ ہیں جن کے دیدار سے اللہ یاد آجائے۔)

شیخ کامل کی صحبت کا ثمرہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بندہ کو اپنے مولیٰ تک پہنچا دیتا ہے۔ کیونکہ وہ اس کو اسکے نفسانی عیوب سے آگاہ کرتا ہے۔ اور غیراللہ کو چھوڑ کر بارگاہِ خداوندی میں آنے کی نصیحت کرتا ہے۔ پس سالک اپنی ذات اور تمام مخلوق میں سے کسی سے بھی نفع و ضرر کی امید نہیں رکھتا اور نہ ہی کسی تکلیف کو دور کرنے اور حصول نفع کیلئے کسی مخلوق کی جانب متوجہ ہوتا ہے بلکہ اسکی تمام سکنات و حرکات اور تصرفات محض اللہ کیلئے ہوتے ہیں اور وصول الی اللہ کا یہی مفہوم ہے۔

مرید کو صحبت شیخ کا ایک فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ مرید کیلئے اللہ سے دور کرنے والے تمام عیوب کو واضح کر دیتا ہے اور ان عیوب کو مجسّم کر کے دکھاتا ہے اور پھر اس کی دوا بھی تجویز کرتا ہے "یہ تمام فوائد و ثمرات اس کو حاصل ہوتے ہیں جو اپنے آپ کو کلیتہً شیخ کے سپرد کر دیتا ہے اور اپنی ذات کیلئے لازم کرتا ہے کہ وہ اپنے شیخ سے کوئی بات نہیں چھپائے گا۔ کیونکہ اگر اس نے اپنے شیخ سے ایک بات بھی چھپائی تو اس سے فائدہ حاصل نہیں کر سکتا۔

شیخ طیبی: (صاحب حاشیہ کشاف)

علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ عالم اگرچہ علم میں متبحر ہو اور اپنے زمانہ کا یکتائے روزگار بن جائے تو بھی اس کیلئے مناسب نہیں کہ وہ صرف اپنے علم پر اکتفا کرے بلکہ اس پر واجب ہے کہ وہ اہل طریقت کی بارگاہ میں حاضر ہو تاکہ وہ اس کو صراط

Marfat.com

مستقیم کی طرف راہنمائی کریں یہاں تک کہ وہ ان لوگوں میں سے ہو جائے جن کے تصفیۂ باطن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ انہیں الہام فرماتا ہے۔ اسے چاہئے کہ وہ دنیاوی آلائش سے چھٹکارا حاصل کرے اور اس کے علم میں جو حرص و ہوا اور نفس امارہ کی آلائش ہو چکی ہے اس سے اجتناب کرے۔ تاکہ اپنے دل کو علم لدنی سے فیض یاب کرنے کے لئے تیار کر لے' اور مشکوٰۃِ نبوت کے انوار حاصل کرنے کے قابل ہو جائے۔ یہ عموماً ایسے شیخ کامل کی خدمت میں حاضر ہونے سے حاصل ہوتا ہے۔ جو نفسانی امراض کے علاج اور نفس کو معنوی نجاسات سے پاک کرنے کا طریقہ جانتا ہو تاکہ وہ اسے نفس امارہ کی رعونت اور اس کی خفیہ فریب کاریوں سے نجات دلائے۔

اہلِ طریقت کا اجماع ہے کہ انسان پر کسی شیخ طریقت کی بیعت کرنا واجب ہے جو اسے ان صفات کو زائل کرنے کا طریقہ بتائے جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حضوری سے مانع ہو۔ تاکہ وہ تمام عبادات خشوع و خضوع اور حضوری کی کیفیت میں ادا کرے کیونکہ جس چیز پر واجب کا اتمام موقوف ہو وہ بھی واجب ہو جایا کرتی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ باطنی امراض کا علاج واجب ہے۔

پس وہ شخص جس پر یہ امراض غالب ہیں اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ کسی ایسے شیخ کامل کی تلاش کرے جو اس کو اس دشواری اور پریشانی سے نکالے۔ اگر اسے اپنے شہر اور علاقہ میں کوئی شیخ نہ ملے تو شیخ کامل کی تلاش میں سفر کرنا لازمی ہے۔

فوائدِ صحبت اور اس کے آداب کے متعلق صوفیاء کی آراء

صوفیائے کرام خالص زاہدانہ زندگی کے سب سے زیادہ حریص ہوتے ہیں ان کی زندگی کی اساس سمع و طاعت ناصح کی نصیحت و فرمانبرداری اور مرشد کی توجہ اور راہنمائی پر ہوتی ہے۔ اس طرح ان کے درمیان وہ روحانی سلسلے پیدا ہوتے ہیں جو تعلیم و تربیت کے بہترین اسلوب اور شیخ و مرید کے درمیان قوی روحانی تعلقات پر

Marfat.com

استوار ہوتے ہیں اسی وجہ سے صوفیاء کرام ہر اس شخص کو صحبت شیخ کی وصیت کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی معرفت اور رضا حاصل کرنے کے لئے طریقت کو اختیار کرنا چاہتا ہے۔ صحبت کا حقیقی فائدہ صوفیاء کرام سے سچے اعتقاد پر موقوف ہے جو ذات باری تعالیٰ کی طرف راہنمائی بھی کرتے ہیں اور واصل باللہ بھی کر دیتے ہیں۔

امام ابو حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہ:

حجتہ الاسلام امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ صوفیاء کرام کی جماعت میں داخل ہونا فرض عین ہے کیونکہ انبیائے کرام علیہم السلام کے علاوہ کوئی بھی شخص قلبی امراض اور عیوب سے خالی نہیں۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں ابتدا میں احوالِ صالحین اور مقاماتِ عارفین کا منکر تھا حتیٰ کہ میں اپنے مرشد یوسف نساج کی صحبت سے فیض یاب ہوا۔ وہ مجاہدہ کے ساتھ میرے دل کی صفائی کرتے رہے۔ یہاں تک کہ میں واردات سے مشرف ہوا اور میں نے خواب میں اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا' اے ابو حامد! اپنی مشغولیات کو چھوڑ دو' اور اس قوم کی سنگت اختیار کرو جن کو میں نے زمین میں اپنی توجہ کا مرکز ٹھہرایا۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے میری محبت میں دارین (دنیا و آخرت) کا سودا کر دیا۔ میں نے عرض کی' باری تعالیٰ! مجھے ان کے بارے میں حسنِ ظن عطا فرما۔ فرمایا میں نے عطا فرما دیا۔ دنیا کی محبت میں مشغول نہ ہونا یہی تیرے اور ان کے درمیان دیوار ہے۔ اسکی محبت سے خود بخود دستبردار ہو جا۔ قبل اس کے کہ تجھے مجبوراً" اس سے ہاتھ اٹھانا پڑیں۔ اے غزالی! میں نے تجھ پر جوارِ قدس سے اپنے انوار کی بارش کر دی۔ امام غزالی فرماتے ہیں میں خوشی خوشی بیدار ہوا اور شیخ یوسف نساج کی خدمت میں حاضر ہو کر خواب ذکر کیا۔ آپ مسکرائے اور فرمایا اے ابو حامد! یہ تو ہمارے ابتدائی اشارے ہیں۔ اگر تو نے ہماری صحبت جاری رکھی تو تیری بصیرت کو تائید الٰہی کا سرمہ لگا دیا جائے گا۔

امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سالک راہِ حق کے لئے کسی مرشد و

Marfat.com

مربی کا ہونا ضروری ہے تاکہ اسے راہ حق کی طرف راہنمائی کرے۔ اس کے مذمومہ اخلاق کو دور کرکے اسے اخلاقِ حمیدہ سے آراستہ کرے تربیت کا معنی یہ ہے کہ مربی اس کسان کی طرح ہے جو کھیتی کی نگہداشت کرتا ہے جب بھی کوئی پتھر یا کوئی نقصان دینے والی بوٹی دیکھتا ہے تو اسے اکھیڑ کر باہر پھینک دیتا ہے۔ کھیتی کو بار بار سیراب کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اچھی طرح نشوونما پا جاتی ہے۔ وہ اپنی کھیتی کی حفاظت اس لئے کرتا ہے۔ تاکہ وہ دوسری کھیتیوں سے اچھی ہو جائے۔ آپ نے جس طرح یہ جان لیا کہ کھیتی کو مربی کی ضرورت اور حاجت ہے۔ اسی طرح ایک سالک کے لئے مرشد کا ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو اپنی ہدایت کے لئے بھیجا۔ تاکہ وہ صراطِ مستقیم کی راہنمائی کریں نبی کریم ﷺ نے اس دارِفانی سے کوچ کرنے سے پہلے خلفاء راشدین کو اپنا نائب اور جانشین مقرر فرمایا تاکہ وہ مخلوق کو اللہ کا راستہ دکھائیں یہ سلسلہ قیامت تک اسی طرح جاری و ساری رہے گا اور سالک کبھی بھی اپنے مرشد سے مستغنی نہیں ہو سکتا۔

اسی طرح آپ کا ارشاد ہے کہ مرید کو ایک شیخ اور ایک استاد کی لامحالہ ضرورت ہوتی ہے۔ جس کی وہ اتباع کرے تاکہ وہ شیخ اسے سیدھا راہ دکھائے۔ کیونکہ دین کا راستہ نہایت دقیق ہے اور شیطان کے راستے کثیر اور ظاہر ہیں۔ اور جس شخص کو ہدایت دینے والا شیخ و مرشد نہیں ہو گا۔ تو لامحالہ شیطان اس کو اپنی راہ پر لے آئے گا۔ اور جو شخص ہلاکت خیز جنگل میں بغیر محافظ کے چلتا ہے وہ اپنی جان کو خطرہ میں ڈالتا ہے اور صرف اپنی ذات پر بھروسہ کرنے والا اس خودرو پودے کی طرح ہے جو جلد ہی خشک ہو جاتا ہے۔ اور اگر کچھ مدت باقی رہ کر سرسبز بھی ہو جائے تو پھل نہیں دیتا۔ مرید کی پناہ اس کا شیخ ہے۔ اسے چاہئے کہ اس کا دامن مضبوطی سے تھام لے۔

امام غزالی فرماتے ہیں کہ اللہ جل شانہ جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے اس کے عیوب دکھا دیتا ہے۔ اور جو شخص صاحب بصیرت ہو اس پر کوئی عیب مخفی نہیں رہتا۔ پس جب اسے اپنے عیوب کا علم ہو جاتا ہے تو ان کا علاج بھی ممکن ہو جاتا ہے لیکن اکثر لوگ اپنے عیوب سے غافل ہوتے ہیں انہیں اپنے کسی

Marfat.com

بھائی کی آنکھ میں تنکا تو نظر آجاتا ہے لیکن اپنی آنکھ کا تیر نظر نہیں آتا۔

الامیر عبد القادر الجزائری

عارف باللہ امیر عبد القادر جزائری نے اپنی کتاب "المواقف" میں فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے اس قول کو بیان کیا ہے جو انہوں نے حضرت خضر علیہ السلام سے کہا تھا یعنی "هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا "کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں بشرطیکہ آپ سکھائیں مجھے رشد و ہدایت کا خصوصی علم جو آپ کو سکھایا گیا ہے" یہ جاننا ضروری ہے کہ مرید کو شیخ کے علوم اور احوال سے اسی وقت ہی فائدہ ہو سکتا ہے جب مرید شیخ کی کامل اتباع کرے۔ اور شیخ کے حکم کی تابعداری کرے۔ اور اس کے منع کردہ امور سے باز رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسکا یہ بھی اعتقاد ہو کہ اس کا شیخ بڑا کامل اور افضل ہے کیونکہ شیخ کے احکام کی تابعداری اور اس کی اکملیت کا اعتقاد دونوں ضروری ہیں۔ بعض اپنے شیخ کے کامل ہونے کا تو یقین رکھتے ہیں اور ان کا یہ خیال ہوتا ہے کہ ان کا شیخ حصول مطالب میں کافی ہے۔ لیکن وہ اس کے حکم کی پیروی نہیں کرتے۔ لیکن ان کا یہ طرزِ عمل صحیح نہیں ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام انتہائی عظمت و بزرگی کے باوجود حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات کے خواہشمند تھے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ملاقات کے لئے دست سوال دراز کیا اور سفر کی مشکلات و مصائب کو برداشت کیا۔ جس طرح کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا" (کہف: ۶۲)

"بے شک ہمیں برداشت کرنا پڑی ہے اپنے اس سفر میں بڑی مشقت"

ان تمام باتوں کے باوجود جب انہوں نے صرف ایک حکم کی پیروی نہ کی۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: " فلا تسئلنی عن شیئ حتی احدث لک منه ذکرا۔" "تو مجھ سے کسی چیز کے بارے میں پوچھئے نہیں جب تک کہ میں خود ذکر کروں" تو حضرت خضر علیہ السلام کے علوم سے فائدہ نہ اٹھا سکے۔ حالانکہ

Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یقین تھا کہ حضرت خضر علیہ السلام ان سے زیادہ عالم ہیں۔ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب یہ ارشاد فرمایا کہ میں نہیں جانتا کہ مجھ سے بڑھ کر بھی کوئی عالم ہو۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میرا بندہ خضر تجھ سے بڑھ کر عالم ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے کسی ایک علم کو خاص نہیں کیا۔ بلکہ عمومی طور پر ذکر کیا ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پہلے معلوم نہ تھا کہ آپ کی استعداد حضرت خضر کے علوم کو قبول نہ کرے گی۔ لیکن حضرت خضر نے پہلے ہی مرحلہ میں جان لیا تھا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا۔ (کہف:۷۲)

"آپ میں یہ طاقت نہیں کہ میری سنگت پر صبر کر سکیں"۔

اور یہ چیزیں حضرت خضر علیہ السلام کی علمیت کی دلیل ہیں پس عقلمند آدمی کو چاہئے کہ ان دونوں بزرگ ہستیوں کے آداب کو ملحوظ خاطر رکھے۔

حضرت موسیٰ نے فرمایا: "هَلْ اَتَّبِعُکَ عَلٰی اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا "کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں بشرطیکہ آپ سکھائیں مجھے رشد و ہدایت کا خصوصی علم جو آپ کو سکھایا گیا ہے"

یعنی کیا آپ اپنی اتباع کی اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ سے کچھ سیکھوں ان کلمات میں ادب کی جو حلاوت ہے اس کو ہر صاحبِ ذوقِ سلیم محسوس کرتا ہے۔ اس کے جواب میں حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا: "فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْئَلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ حَتّٰی اُحْدِثَ لَکَ مِنْهُ ذِکْرًا" ..... "مجھ سے کسی چیز کے بارے میں پوچھئے نہیں یہاں تک میں آپ سے اس کا خود ذکر کروں"

حضرت خضر علیہ السلام "فَلَا تَسْئَلْنِیْ" کہہ کر خاموش نہیں ہوئے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام حیران و پریشان ہو جاتے ہیں۔ بلکہ وعدہ کیا کہ عنقریب وہ ان واقعات کی وضاحت کر دیں گے۔

شیخ کا علم و عمل میں اکمل ہونا مرید کو کچھ فائدہ نہیں دے سکتا جبکہ مرید شیخ کے احکام کی پیروی نہ کرے اور اس کے منع کردہ امور سے اجتناب نہ کرے۔ اور شیخ

Marfat.com

کا کامل ہونا مرید کو اس حیثیت سے فائدہ دیتا ہے کہ وہ اس کو مقصود تک پہچانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اور اس کو اس کی صلاحیت اور استعداد کار کے مطابق عطا کرتا ہے مرید کی استعداد اور صلاحیت اس کی ذات اور عمل میں منحصر ہے۔ اور یہ اسی طرح ہے کہ جب کوئی مریض کسی ماہر طبیب کے پاس جاتا ہے تو وہ طبیب اسے بعض دواؤں کے استعمال کا حکم دیتا ہے۔ اب اگر مریض ان دواؤں کو استعمال نہ کرے تو ڈاکٹر کی مہارت اسے فائدہ نہ دے گی۔ اور مریض کا دوا کو استعمال نہ کرنا اس بات پر دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی شفا کا ارادہ نہیں فرمایا' کیونکہ اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے اسباب بھی مہیا کر دیتا ہے۔

مرید کے لئے ضروری ہے کہ اکمل اور افضل شیخ کو تلاش کرے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ اپنے آپ کو کسی ایسے شیخ کے سپرد کر دے جو منزل مقصود پر پہنچانے والے راستے سے ہی ناواقف ہو۔ اور اس طرح وہ اسے منزل تک پہنچانے کی بجائے اس کی ہلاکت کا باعث بن جائے۔

ابن عطاء اللہ سکندری

شیخ ابن عطاء اللہ سکندریؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص طریقت اور راہِ سلوک کو اپنانے کا پختہ عزم رکھتا ہو اسے چاہئے کہ کسی ایسے شیخ کی تلاش کرے جو اہلِ تحقیق میں سے ہو اور طریقت کے اسرار و رموز سے واقف اور نفس کا تابع نہ ہو اسے مولیٰ کی بارگاہ میں حضوری حاصل ہو اور جب اسے ایسا مرشد مل جائے جو ان تمام صفات کا جامع ہو اسے چاہئے کہ وہ اس کے حکم کی اتباع کرے اور جن چیزوں کو وہ ترک کرنے کا حکم دے ان سے رک جائے وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ تمہارا شیخ وہ نہیں جس سے تم نے کچھ سنا ہو بلکہ تمہارا شیخ وہ ہے جس سے تم نے حاصل کیا ہو۔ تمہارا شیخ وہ نہیں جس کی کلام تم نے سنی ہو بلکہ تمہارا شیخ وہ ہے جس کا ایک اشارہ تم میں سرایت کر جائے تمہارا شیخ وہ نہیں جو تمہیں دروازہ کی طرف بلائے بلکہ تمہارا شیخ وہ ہے جو تمہارے تمام محابات اٹھا دے اور تمہارا شیخ وہ ہے جو تمہیں اپنے حال سے بلند مقام پر

Marfat.com

فائز کر دے تمہارا شیخ وہ ہے جو تمہیں حرص و ہوا کے قید خانہ سے باہر نکال کر مولیٰ سے ملا دے۔ فرماتے ہیں کہ تمہارا شیخ وہ ہے جو تمہارے دل کے آئینہ کو صیقل کرتا ہے یہاں تک اس میں انوار الٰہی اور اس کی تجلیات کی بارش ہو جاتی ہے اور تجھے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک لے جائے اور اس سفر میں تمہارے ساتھ قدم بقدم چلتا رہے حتیٰ کہ اس بارگاہ قدسی کے انوار میں داخل کر کے کہے۔ یہ ہے تمہارا پروردگار فرماتے ہیں کہ ایسے آدمی کی صحبت اختیار نہ کر جس کا حال تمہاری بلندیٔ درجات کا سبب نہ ہو اور جس کا قال اللہ تعالیٰ کی طرف راہنمائی نہ کرے۔

شیخ عبد القادر جیلانیؒ :

شیخ عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اپنے مشہور قصیدہ میں فرماتے ہیں:

وان ساعد المقدور اوساقک القضا
الی شیخ حق فی الحقیقه بارع
فقم فی رضاه واتبع لمراده
ودع کل ما من قبل کنت تسارع
ولا تعترض فیما جهلت من امره
علیه فان الاعتراض تنازع
ففی قصة الخضر الکریم لفایه
بقتل غلام والکلیم یدافع
فلما اضاء الصبح عن لیل ستره
وسل حساما للغیاهب قاطع
اقام له العذر الکلیم وانه
کذلک علم القوم فیه بلائع

Marfat.com

ترجمہ :(i) اگر تیرے لیئے مقدر ساز گار ہو اور قضا تجھے ایسے شیخ کامل کی بارگاہ میں لے جائے جو رموزِ حقیقت سے آشنا ہو۔

(ii) تو اس کی خوشنودی میں مصروف ہو جا اسکے حکم کی اتباع کر اور ان تمام امور کو ترک کر دے جن میں پہلے جلد بازی کرتا تھا۔ (iii) اور شیخ کے جن امور سے تو ناواقف ہو۔ ان پر اعتراض نہ کر کیونکہ اعتراض کرنا لڑائی جھگڑے کے مترادف ہے۔

(iv) حضرت خضرعلیہ السلام کا قصہ تیرے لئے کافی ہے جب انہوں نے بچہ کو قتل کیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام ان پر اعتراض کرتے تھے۔

(v) جب صبح رات کی تاریکی سے روشن ہوئی اور اس نے اندھیروں کا قلع قمع کرنے والی تلوار سونت لی۔

(vi) تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کے سامنے عذر پیش کیا اسی طرح صوفیائے کرام کے کلام میں بھی عجیب و غریب نکات ہوتے ہیں۔

شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ:

عالِم ربانی شیخ عبدالوہاب شعرانی اپنی کتاب العھود المحمدیہ میں فرماتے ہیں: "حضور نبی کریم ﷺ نے عمومی وعدہ لیا ہے کہ ہم ہر وضو کے بعد دو نفل نماز پر مواظبت اختیار کریں۔ اس شرط کے ساتھ کہ امور دنیا میں سے کسی شے کا خیال دل میں نہ آئے۔ اور جو شخص اس عہد پر عمل کرنے کا ارادہ کرتا ہے اسے ایک شیخ کی ضرورت ہوتی ہے جو اسے اس راہ پر چلائے۔ اور دل میں آنے والے ان خواطر سے بچائے آپ فرماتے ہیں' اے بھائی! کسی شیخ ناصح کی صحبت اختیار کر جو تجھے اللہ کی یاد میں مشغول کر دے یہاں تک کہ نماز میں آنے والے خیالات کو ختم کر دے مثلاً" تیرے دل میں یہ خیال آتا ہے کہ فلاں کام کیلئے جاؤں گا' یہ کروں گا' وہ کروں گا۔ یا انکی مثل دیگر خیالات کا آنا لازمی ہے۔ تیری ایک نماز بھی اس سے نہیں بچ سکتی۔ ان مذکورہ باتوں کو جاننا تیرے لئے ضروری ہے۔ اور بغیر شیخ کے

Marfat.com

اس منزل تک رسائی کیلئے کوشاں نہ ہو' جیساکہ جاہل لوگوں کا خیال ہے۔ انکی بات ہرگز صحیح نہیں ہے۔

شیخ عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں کہ بغیر شیخ کے میرے مجاہدۂ نفس کی یہ صورت تھی کہ میں صوفیائے کرام کی کتب (رسالہ قشیریہ' عوارف المعارف' قوت القلوب' احیاء العلوم وغیرہ) کا مطالعہ کرتا تھا۔ اور جو کچھ سمجھ آتا تو اس پر عمل کرتا۔ پھر کچھ مدت بعد اس امر کے خلاف مجھ پر ظاہر ہوتا' تو میں پہلے عمل کو ترک کردیتا اور دوسرا عمل شروع کردیتا۔ میری حالت اس آدمی کی طرح تھی جو کسی گلی میں داخل ہوتا ہے مگر اسے معلوم نہیں ہوتا کہ گلی کا راستہ باہر نکلتا ہے یا نہیں۔ اگر وہ راستہ پالیتا ہے تو باہر نکل جاتا ہے وگرنہ واپس لوٹ آتا ہے۔ اگر وہ گلی میں داخل ہونے سے پہلے کسی آدمی سے پوچھ لیتا جو اس گلی کے بارے میں واقفیت رکھتا ہو تو وہ اسے حقیقتِ حال آگاہ کردیتا اور بے فائدہ تھکاوٹ سے بچالیتا۔ یہی مثال اس شخص کی ہے جس کا کوئی شیخ نہ ہو۔

شیخ کا فائدہ یہ ہے کہ وہ مرید کیلئے "وَصُوْل اِلَی اللّٰہِ" کے راستہ کو مختصر کردیتا ہے جو بغیر شیخ کے اس راستہ پر چلتا ہے وہ بھٹک جاتا ہے اور اپنی تمام عمر صرف کرنے کے باوجود بھی منزل مقصود کو حاصل نہیں کرسکتا۔ کیونکہ شیخ اس گائیڈ کی مثل ہوتا ہے جو تاریک راتوں میں حاجیوں کی راہنمائی کرتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں: "اگر اس منزل کا حصول بغیر شیخ کے صرف کتابوں کے مطالعہ سے ممکن ہوتا تو حجتہ الاسلام امام غزالی' امام عزالدین بن عبدالسلام رحمتہ اللہ علیہم جیسے علماء کو شیخ کی ضرورت پیش نہ آتی۔ حالانکہ وہ طریقت میں داخل ہونے سے پہلے فرمایا کرتے تھے جو شخص بھی یہ گمان کرتا ہے کہ ہمارے اس طریقہ کے علاوہ بھی حصول علم کا کوئی راستہ ہے تو وہ اللہ تعالی پر جھوٹ باندھتا ہے لیکن جب دونوں طریقت میں داخل ہو گئے تو فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے تو اپنی عمر کو بے کاری اور حجاب میں گزار دیا' اور اس طرح انہوں نے صوفیاء کرام کے طریقہ کو ثابت کیا اور اس کی تعریف و توصیف کی۔"

Marfat.com

شیخ فرماتے ہیں کہ اہل طریقت کی عظمت کے لئے حضرت خضر علیہ السلام کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قول "هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا" کافی ہے اسی طرح امام احمد بن حنبلؒ کا شیخ ابی حمزہ کی فضیلت کا اعتراف کرنا اور امام احمد بن شریحؒ کا حضرت جنید بغدادیؒ کا معترف ہونا اور امام غزالیؒ حجتہ اسلام ہونے کے باوجود ایسے شیخ کا متلاشی ہونا جو انہیں راہ طریقت کی راہنمائی کرے اور شیخ عزالدینؒ کا سلطان العلماء" کے لقب سے ملقب ہونے کے باوجود شیخ طریقت کو تلاش کرنا اہل طریقت کی عظمت کے لئے کافی ہے۔ شیخ عزیز الدین بن عبدالسلام فرمایا کرتے تھے کہ میں نے شیخ ابوالحسن شاذلیؒ کے بعد ہی اسلام کو کامل طور پر جانا ہے۔ جب ان دونوں بزرگوں کو وسعت علم کے باوجود شیخ کی ضرورت محسوس ہوئی تو ہم جیسے عوام الناس کو تو بدرجہ اولیٰ شیخ کی ضرورت ہے۔

شیخ ابو علی ثقفیؒ

شیخ ابو علی ثقفیؒ فرماتے ہیں، اگر کوئی شخص تمام علوم و فنون کا جامع ہو اور مختلف قسم کے لوگوں کے ساتھ اس کی صحبت ہو پھر بھی وہ صوفیائے کرام کے مقام و مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا، تاوقتیکہ وہ کسی شیخ سے تربیت حاصل نہ کر لے۔ جو شخص کسی شیخ کامل سے ادب حاصل نہیں کرتا تصحیح معاملات میں اس کی اتباع جائز نہیں۔

شیخ ابو مدینؒ

شیخ ابو مدینؒ فرماتے ہیں: جو متأدب شیوخ سے آداب حاصل نہیں کرتا وہ اپنے متبعین کے لئے خرابیٔ عمل کا باعث بنتا ہے۔

شیخ احمد زروقؒ

شیخ احمد زروقؒ فرماتے ہیں کہ علم و عمل کا مشائخ عظام سے حاصل کرنا

Marfat.com

دوسرے لوگوں سے حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(i) بَلْ هُوَ اٰيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ۔ (عنکبوت:۴۹)

(ii) وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ۔ (لقمان:۱۵)

ترجمہ:(i) "بلکہ وہ روشن آیتیں ہیں جو ان کے سینوں میں محفوظ ہیں جنہیں علم دیا گیا۔"

(ii) "اور پیروی کرو اس کے راستہ کی جو میری طرف مائل ہوا"

ان آیات کریمہ سے مشائخ کرام سے حصول فیض کا ثبوت ملتا ہے۔ خصوصاً صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے نبی پاک ﷺ سے فیض حاصل کیا۔ اور تابعین نے صحابہ کرام ؓ سے۔ ہر صحابی کے خاص تابعی تھے جیسے ابن سیرین' سعید بن مسیب اور اعرج' حضرت ابو ہریرہ ؓ سے فیض حاصل کرنے والے تابعی مجاہد تھے۔ اور اسی طرح طاؤس' وہب اور مجاہد نے ابن عباس ؓ سے علوم سیکھے۔ علم و عمل ان سے اخذ کرنا تو بالکل واضح بات ہے جس طرح کہ ذکر کیا گیا ہے۔ اور جہاں تک ہمت اور حال سے افادہ کا تعلق ہے تو حضرت انس ؓ نے اپنے اس ارشاد میں اس طرف اشارہ کیا ہے۔ فرمایا' ہم نے نبی پاک ﷺ کو دفن کر کے اپنے ہاتھوں سے مٹی ڈالی تھی کہ ہمارے دلوں کی حالت تبدیل ہو گئی یعنی آپ نے اس ارشاد میں واضح کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ کا دیدار ان کے دلوں کے لئے نافع تھا۔ کیونکہ جب کوئی شخص کسی مقام کو حاصل کر لیتا ہے تو اس کے متعلقین اس سے محروم نہیں رہتے۔ اسی وجہ سے صالحین کی صحبت اختیار کرنے اور فاسقوں کی صحبت سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے۔

حضرت علی خواص ؒ

حضرت علی خواص ؒ فرماتے ہیں:

لا تسلکن طریقالست تعرفها

Marfat.com

بلا دلیل فتھوی فی ما و یھا

"تو اس راستہ پر بغیر راہبر کے نہ چل' جسے تو جانتا نہیں وگرنہ اس کے نشیب و فراز میں گر جائے"

کیونکہ راہبر اور مرشد سالک کو امن و امان کے ساحل تک پہنچاتا ہے۔ اور اس کو پھسلنے اور راستہ کے خطرات سے بچاتا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ایک ایسے راہبر کی راہنمائی میں اس راستہ پر چل چکا ہوتا ہے جو اس راہ کے پیچ و تاب سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ وہ اس کے ساتھ ساتھ چلتا ہے یہاں تک کہ اس کو مطلوبہ منزل تک پہنچا دیتا ہے اور پھر اسے دوسروں کی راہنمائی کے لئے اجازت دے دیتا ہے۔

ابن بناء نے اپنی نظم میں اسی طرف اشارہ کیا ہے:

و انما القوم مسافرونا
لحضرۃ الحق و ظاعنونا
فافتقرو فیہ الی دلیل
ذی بصر بالسیر و المقیل
قد سلک الطریق ثم عاد
لیخبر القوم بما استفاد

(i)۔ "یہ قوم راہِ حق کی مسافر ہے۔ اور کوچ کا ارادہ رکھتی ہے۔"

(ii)۔ "انہیں ایک راہبر کی ضرورت ہے جو رفتار اور مقامِ استراحت کے بارے میں صاحبِ بصیرت ہو۔"

(iii)۔ "وہ اس راہ پر چلا ہو۔ پھر واپس لوٹا ہو تاکہ قوم کو اپنے تجربات سے مستفید کرے"

شیخ محمد ہاشمیؒ

ہمارے شیخ معظم مربی عارفین شیخ محمد ہاشمیؒ فرماتے ہیں: کسی ایسے شیخ کے

Marfat.com

دست اقدس میں ہاتھ دو جو باحیات ہو' عارف باللہ' مخلص اور صادق ہو' علم صحیح اور ذوق سلیم کا مالک ہو' بلند ہمت اور مقبول حالت والا ہو۔ اس نے منازل سلوک کو مشائخ کرام کے ہاتھ پر طے کیا ہو۔ بزرگوں سے آداب حاصل کئے ہوں راستہ کے پیچ و خم جاننے والا ہو' تاکہ تجھے ہلاک ہونے سے بچائے۔ اور ماسویٰ اللہ سے فرار کی تجھے تعلیم دے۔ منازلِ سلوک میں تجھے اپنے ساتھ چلائے' یہاں تک کہ تجھے اللہ تعالیٰ تک پہنچا دے اور اس کے ساتھ ساتھ تجھے نفس کے نقائص سے آگاہ کرے۔ اور ان احسانات سے آشنائی کرائے جو تجھ پر اللہ کی طرف سے ہیں جب تجھے اس کا عرفان حاصل ہو جائے گا۔ تو اس سے محبت کرنے لگے گا۔ اور جب محبت کرنے لگے گا تو اس کے حصول میں مجاہدہ کرے گا۔ تو وہ تجھے اپنی راہ دکھائے گا۔ اور تجھے اپنی بارگاہ کے لئے منتخب کرے گا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا" (عنکبوت: ۶۹)

ترجمہ:۔ "اور جو بلند ہمت مصروف جہاد رہتے ہیں ہمیں راضی رکھنے کے لئے ہم ضرور دکھا دیں گے انہیں اپنے راستے" شیخ کی صحبت اور اتباع فرض ہے اور اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

(i) "وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ" (لقمان: ۱۵)

(ii) "يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ" (توبہ: ۱۱۹)

"اے ایمان والو! ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور ہو جاؤ سچے لوگوں کے ساتھ"

شیخ کامل کے لئے یہ شرط ضروری ہے کہ اس کو تربیت خلق کے لئے کسی مرشد کامل اور صاحب بصیرت کا اذن ہو۔ اب یہ نہیں کہنا چاہئے کہ ان صفات کا حامل شیخ کہاں مل سکتا ہے؟ کیونکہ ہمارا بھی وہی قول ہے جو ابن عطاء اللہ سکندری کا ہے۔ آپ "لطائف المنن" میں فرماتے ہیں' اے مخاطب! تیرے لئے مشائخ

Marfat.com

کاملین کی کمی نہیں۔ صرف ان کی تلاش کے لئے طلب صادق درکار ہے۔ اگر تو طلب صادق سے تلاش کرے گا۔ تو مرشد کامل کو پالے گا

آپ" فرماتے ہیں۔ ایسے ولی کی اتباع کرنی چاہئے جس کی طرف اللہ تعالیٰ راہنمائی کرے اور ان تمام خصوصیات سے مطلع کر دے جو اس نے اس کو عطا فرمائی ہیں اور اس کی ظاہری بشریت کو اس کے وجود کی خصوصیات میں چھپا دے پس اگر اس کی مثل شیخ کامل مل جائے تو اس کی اتباع کرنی چاہئے تاکہ وہ سلوک کی منازل طے کرائے آپ اپنی کتاب "الحکم" میں فرماتے ہیں' "پاک ہے وہ ذات جس نے کسی کو اپنے اولیاء پر دلیل نہیں بنایا مگر اس حیثیت سے کہ وہ خود اس کے لئے دلیل ہو۔ اور اپنے اولیاء تک صرف اسی کو پہنچاتا ہے۔ جس کو پہنچانے کا وہ ارادہ کرے"۔

شیخِ کامل کی تلاش

سابقہ بحث سے منازل سلوک میں ترقی اور قلبی امراض کے علاج کے لئے شیخِ کامل کی صحبت کی اہمیت واضح ہو چکی ہے لیکن اگر کوئی یہ پوچھے کہ شیخ کامل کی پہچان اور اس تک رسائی کیسے ممکن ہے؟ اور اس کی شرائط و اوصاف کیا ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ جب طالب کو اس کی اس قدر ضرورت ہوتی ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ عزمِ مصمم اور نیتِ خالص کرکے عاجزی اور انکساری کے ساتھ متوجہ الی اللہ ہو۔ رات کی تاریکیوں میں اس کو پکارے اور اپنے سجدوں میں اور نماز کے بعد اس کی بارگاہ میں یہ دعا کرے۔

"اللھم دلنی علی من یدلنی علیک و اوصلنی الی من یوصلنی الیک "

"اے اللہ! میری راہنمائی فرما۔ ایسے بندۂ خدا کے ذریعہ جو مجھے تیری طرف راہنمائی فرمائے اور مجھے ایسے بندہ تک پہنچا دے جو مجھے تیری ذات تک پہنچائے"۔

Marfat.com

اگر اپنے شہر میں شیخ کامل نہ ملے۔ تو دیگر شہروں میں اسے تلاش کرے۔ جس طرح کہ مریض علاج معالجہ کے لئے دوسرے شہر کا سفر کرتا ہے جب اسے اپنے شہر میں کوئی سپیشلسٹ نہیں ملتا یا اس کے شہر کے ڈاکٹر اس کی بیماری کی تشخیص سے عاجز آجاتے ہیں۔ جب جسمانی امراض کے علاج معالجہ کے لئے اتنی کوشش کی جاتی ہے تو روحانی علاج کے لئے ماہر اطباء کی تلاش اشد ضروری ہے۔

لوگوں کی راہنمائی کی اہلیت کے لئے مرشد میں چار شرائط کا پایا جانا ضروری ہے۔ (i) ہر فرض عین کو جاننے والا ہو (ii) عارف باللہ ہو۔ (iii) تزکیۂ نفس کے طریقے اور اس کی تربیت کے وسائل سے باخبر ہو۔ (iv) اسے اپنے شیخ سے تربیت کا اذن ہو۔

پہلی شرط:

اس شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ تمام فرائض عینیہ کو جانتا ہو جیسے نماز، روزہ اور زکوٰۃ کے احکام جبکہ وہ صاحبِ نصاب ہو۔ باہمی لین دین اور بیع و شراء کے احکام کو جانتا ہو علم کلام کے متعلق عقائدِ اہلسنّت سے واقف ہو اور اسے علم ہو کہ خدا کی ذات کے لئے کونسی چیز واجب، جائز یا مستحیل ہے اسی طرح رسل عظام علیہم السلام کے متعلق تمام عقائد اور اسلام کے بنیادی ارکان سے آگاہ ہو۔

دوسری شرط

عقیدہ اہلسنّت کو علماً و درایتہ" جاننے کے بعد عملاً اور ذوقاً اس پر کاربند ہو اس کا دل اور روح صحت اور عقیدہ کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات، صفات اور افعال میں یکتا ہے۔ ذوقاً و شہوداً" اسمائے الٰہیہ پر اسے آگاہی ہو ان تمام اسماء کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات بنائے۔ کثرت اسماء اس کو شک میں نہ ڈالیں کیونکہ تعداد ذات پر دلالت نہیں کرتی۔

تیسری شرط

Marfat.com

تیسری شرط

شیخ و مرشد کے لئے ضروری ہے کہ وہ منصب شیخ پر فائز ہونے سے پہلے کسی مربی و مرشد سے اپنا تزکیۂ نفس کرائے اور وہ مراتبِ نفس اس کے امراض اور وساوس سے باخبر ہو وہ شیطانی فریب کاریوں اور حملہ کرنے کے راستوں کو جانتا ہو۔ اور منازل سلوک کے مراحل کی آفات سے آشنا ہو۔ اور ہر شخص کی حالت کے مطابق علاج سے آگاہ ہو

چوتھی شرط

مرشد کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیخ کی طرف سے تربیت اور منازل سلوک میں اجازت یافتہ ہو۔ کیونکہ جو شخص کسی علم کا دعویٰ کرتا ہے اور اس علم کے ماہرین اس علم کی مہارت میں اس کی تصدیق نہ کریں تو اسے کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ اس علم میں مہارت کا دعویٰ کرے۔

حصولِ سند اس بات کی گواہی ہوتی ہے کہ صاحبِ سند ارشادو تربیت کا اہل ہے اور تمام صفات حمیدہ کا جامع ہے۔ مدارس اور جامعات کے نظامِ اسناد کی بھی یہی اصل ہے جیسا کہ ڈاکٹری کی سند رکھنے والا ہی مریضوں کے علاج معالجہ کا کلینک کھول سکتا ہے اور انجینئر کی سند رکھنے والا کسی عمارت کا نقشہ بنا سکتا ہے۔ اسی طرح اہلیت تعلیم کی ڈگری حاصل کرنے والا ہی مدارس اور جامعات میں پڑھا سکتا ہے۔ بعینہٖ ارشاد و تربیت کا دعویٰ وہی کر سکتا ہے جسے اپنے مرشد کی طرف سے تربیت کا اذن حاصل ہو اور اس کے مرشد کی سند حضور ﷺ سے متصل ہو۔ جس طرح کہ ایک عقلمند کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اپنا علاج کسی ایسے نیم حکیم سے کرائے جو طب سے ناواقف ہو۔ اسی طرح انسان کے لئے مناسب نہیں کہ وہ کسی ناقص اور غیر ماذون شخص کی طرف مائل ہو۔ جس شخص نے قدیم طریقہ تعلیم کا مطالعہ کیا ہو اسے معلوم ہوگا کہ اساتذہ سے علم حاصل کرنے اور ان سے حاصل شدہ اسناد کی کیا قدر و قیمت ہے۔ حتیٰ کہ استاد سے علم حاصل نہ کرنے والے کو وہ

Marfat.com

لوگ کتابی کہا کرتے تھے کیونکہ اس نے علم کو اساتذہ کے بغیر ہی کتب کے مطالعہ سے حاصل کیا ہے۔

حضرت ابن سیرین ؒ فرماتے ہیں:

ان ھذا العلم دین فانظروا عمن تاخدون دینکم۔

"یہ علم دین ہے غور کرو کہ علم کس سے حاصل کر رہے ہو؟"

رسول اللہ ﷺ نے بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو یہی وصیت فرمائی۔ فرمایا اے ابن عمر! تمہارا دین تمہارے گوشت اور خون کی طرح ہے۔ خوب غور کرو کہ تم یہ دین کس سے حاصل کرتے ہو۔ دین ان لوگوں سے حاصل کرو جو صراط مستقیم پر گامزن رہے نہ کہ ان سے جو سیدھے راہ سے بھٹک گئے۔" کسی عارف نے کیا خوب فرمایا ہے۔ "علم روح ہے جسے انسان کے جسم میں پھونکا جاتا ہے نہ کہ وہ مسائل جن کو نقل کیا جاتا ہے۔ متعلمین کو غور کرنا چاہیئے کہ وہ علم کس کو عطا کرتے ہیں۔"

مرشدِ کامل کی علامات:

(i) جب تو اسکی مجلس میں بیٹھے تو ایمان کی تازگی اور روحانی کیف و سرور محسوس کرے۔ اسکی گفتگو اللہ کیلئے ہو۔ کلمات خیر کے سوا کچھ نہ بولے۔ وعظ و نصیحت کے علاوہ کچھ گفتگو نہ کرے۔ اسکی کلام کی طرح اسکی صحبت بھی نفع رساں ہو۔ اسکا قرب وبعد دونوں حالتیں نفع سے خالی نہ ہوں۔ اور اس کے الفاظ کی طرح اشارات بھی فائدہ مند ہوں۔

(ii) اس کے متبعین اور مریدین میں ایمان' اخلاص' اور تواضع پائی جائے جب ان سے ملاقات ہو تو وہ محبت صدق ایثار اور خالص اخوت کا اعلیٰ پیکر دکھائی دیں۔ ماہر طبیب کی پہچان' اس کے آثار اس کی محنت کے نتائج سے ہوتی ہے۔ یعنی اس سے شفا یاب ہونے والے مریض قوی اور صحت مند ہوتے ہیں۔

یہ جاننا چاہیئے کہ مریدوں کی قلت و کثرت شیخ کے کامل اور صالح ہونے کا

Marfat.com

پیمانہ نہیں بلکہ اس بات کا اعتبار ہو گا کہ اس کے مرید' نیک' پرہیز گار' عیوب و امراض سے پاک اور شریعت پر کس قدر پابند ہیں۔ اس کے مریدین ملک کے مختلف طبقات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ کیونکہ اسی طرح نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام ؓ تھے۔ ان صفات کا حامل شیخ کامل اگر میسر ہو تو مرید کو چاہئے کہ اس کے دست اقدس پر بیعت کرنے میں جلدی کرے اور اس کی بیعت کرنے کے بعد اس کی صحبت کا التزام کرے۔ اس کی بارگاہ میں باادب رہ کر اس کی وعظ و نصیحت کے مطابق عمل پیرا رہے تاکہ اسے دارین کی سعادت اور کامیابی حاصل ہو۔

بیعت

سابقہ بحث سے معلوم ہوا کہ طالب حق کو چاہئے کہ کسی ایسے شیخ سے متصل ہو جو اس کی نگہبانی اور طریق حق کی طرف نگرانی کرے۔ اور اس کی زندگی کے تاریک پہلوؤں کو روشن اور تابناک کرے۔ یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت علی وجہ البصیرۃ اور یقین کامل سے کرے۔ مرشد کامل کے دست اقدس پر بیعت کرے اور عیوب سے پاک اور صفات حسنہ سے مزین ہو کر منازل سلوک طے کرنے کا معاہدہ کرے تاکہ مختلف مقامات میں ترقی کرتے ہوئے مقام احسان تک پہنچ جائے۔

بیعت کا ثبوت

قرآن وسنت اور سیرت صحابہ کی روشنی میں بیعت کا ثبوت:

(i) قرآن کریم: ارشاد باری تعالیٰ ہے!

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ ؕ یَدُاللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ فَمَنْ نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنْکُثُ عَلٰی نَفْسِہٖ وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عَاھَدَ عَلَیْہِ اللّٰہَ فَسَیُؤْتِیْہِ اَجْرًا عَظِیْمًا۔ (الفتح: ۱۰)

Marfat.com

ترجمہ: "(اے جان عالم) بے شک جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہیں درحقیقت وہ اللہ تعالیٰ سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔ پس جس نے توڑ دیا اس بیعت کو تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی ذات پر ہو گا۔ اور جس نے ایفا کیا اس عہد کو جو اس نے اللہ تعالیٰ سے کیا تو وہ اس کو اجر عظیم عطا فرمائے گا"

چونکہ شیخ کے دست اقدس پر بیعت کرنا فی الحقیقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ بیعت کرنے کے مترادف ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کے توڑنے پر تنبیہ کی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عَاهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا۔ (النحل: ۹۱)

"اور پورا کرو اللہ کے عہد کو جب تم نے اس سے عہد کر لیا ہے۔ اور نہ توڑو اپنی قسموں کو انہیں پختہ کرنے کے بعد حالانکہ تم نے کر دیا ہے اللہ تعالیٰ کو اپنے اوپر گواہ"

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا (الاسراء: ۳۴)

"اور پورا کیا کرو اپنے عہد کو بے شک ان وعدوں کے بارے میں (تم سے) پوچھا جائے گا۔"

سنتِ مطہرہ:

سنتِ مطہرہ میں بیعت و تلقین کی کوئی ایک صورت نہ تھی بلکہ مردوں عورتوں، مختلف گروہوں اور نابالغ بچوں سے بھی بیعت لی جاتی تھی۔

(i) مردوں کی بیعت

امام بخاری ؒ نے اپنی صحیح بخاری میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میری بیعت کرو کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ گے۔ اسراف و فضول خرچی سے اجتناب کرو گے۔ زنا سے بچو گے اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے۔ اور آپس میں ایک دوسرے پر بہتان طرازی بھی نہیں کرو گے۔ اچھے کام میں نافرمانی نہیں کرو گے۔ پس جس نے ان تمام احکام کو پورا کیا تو اس کا اجر و ثواب اللہ کے ہاں ہے اور جس نے ان میں کمی کی اور اللہ تعالیٰ نے انہیں دنیا میں ہی سزا دے دی۔ تو یہ اس کے گناہوں کا کفارہ ہو گا۔ اور جس نے کسی برائی کا ارتکاب کیا دنیا میں اللہ تعالیٰ نے اس کی پردہ پوشی کی تو اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے اگر وہ چاہے تو معاف کر دے اور اگر چاہے تو اسے سزا میں مبتلا کر دے۔ پس راوی (حضرت عبادہ بن صامت ؓ) فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کی ان تمام امور پر بیعت کر لی۔ (بخاری، مسلم)

(ii) اجتماعی تلقین

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہم نبی پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے۔ آپ نے فرمایا تم میں کوئی اجنبی (اہل کتاب) تو نہیں ہے۔ ہم نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ! آپ نے دروازہ بند کرنے کا حکم دیا۔ اور فرمایا اپنے ہاتھوں کو بلند کرو اور کہو "لا الہ الا اللّٰہ" ہم نے ہاتھوں کو بلند کیا اور کہا "لا الہ الا اللّٰہ" پھر نبی پاک ﷺ نے فرمایا الحمد للّٰہ اے اللہ تو نے مجھے اس کلمہ کے ساتھ مبعوث فرمایا اور مجھے اس کا حکم فرمایا اور اس پر جنت کا وعدہ فرمایا اور بے شک تو وعدہ خلافی نہیں فرماتا۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہیں خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ نے تمہیں بخش دیا۔ (احمد، طبرانی، بزاز)
(مجمع الزوائد ج ا ص ۱۹)

انفرادی تلقین:

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی کہ یا رسول اللہ! مجھے

Marfat.com

کوئی ایسا طریقہ بتائیں جو اللہ تعالیٰ کے قریب ترین اور اس کے بندوں پر آسان ترین اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک افضل ترین ہو۔ تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے علی! "سرًّا و جهرًا" اللہ کے ذکر پر مواظبت اختیار کرو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی تمام لوگ ذکر کرتے ہیں مجھے کوئی خاص ذکر بتائیں۔ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا سب سے افضل کلمہ جو میں نے اور سابقہ انبیاء نے کہا وہ "لا الہ الا اللّٰہ" ہے۔ اگر زمین و آسمان ایک پلڑے میں ہوں اور لا الہ الا اللّٰہ دوسرے پلڑے میں تو یہ پلڑا دوسرے پر بھاری ہو گا۔ زمین پر جب تک لا الہ الا اللّٰہ پڑھنے والا ہے۔ قیامت نہیں آئے گی۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ میں کیسے ذکر کروں؟ تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا آنکھیں بند کرو اور تین دفعہ مجھ سے "لا الہ الا اللّٰہ" سنو۔ پھر تم تین دفعہ کہو میں سنتا ہوں پھر اسی طرح بلند آواز کی ساتھ ذکر کیا۔

طبرانی، ابو نعیم، حاکم، بیہقی اور ابن عساکر نے بشیر ابن خصاصیہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ آپ کس بات پر میری بیعت لیتے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ پھیلایا اور فرمایا کہ تو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اور پانچ نمازوں کو ان کے صحیح اوقات میں پڑھے۔ زکوٰۃ مفروضہ کو ادا کرے۔ رمضان کے روزے رکھے۔ حج بیت اللہ کرے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرے۔ میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ! دو باتوں کی علاوہ میں سب کو ادا کر سکتا ہوں ان دو کی گنجائش نہیں۔

(i) زکوٰۃ قسم بخدا! میرے پاس دس اونٹوں کے سوا کچھ نہیں۔

(ii) جہاد، میں بزدل آدمی ہوں لوگ کہتے ہیں کہ جو میدان جنگ سے پیٹھ پھیر کر بھاگے، وہ غضبِ خداوندی کا مستحق ہوتا ہے۔ مجھے خوف ہے کہ جنگ شروع ہو جائے۔ اور میں ڈر کر بھاگ جاؤں تو اللہ کے غضب کا مستحق ہوں گا۔ نبی کریم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور حرکت دی اور فرمایا! اے بشیر! صدقہ اور نہ

Marfat.com

جہاد۔ تو پھر جنت میں کیسے داخل ہو گے۔ میں نے عرض کی ہاتھ بڑھایئے میں بیعت کرتا ہوں۔ آپ نے ہاتھ بڑھایا تو میں نے آپ کے دست اقدس پر ان تمام چیزوں پر بیعت کر لی۔

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ کہ میں نے عرض کی یارسول اللہ! مجھے بیعت کیجئے۔ آپنے فرمایا' میں تجھے اس شرط پر بیعت کرتا ہوں۔ تو اللہ وحدہ لا شریک کی عبادت کرے۔ نماز قائم کرے۔ زکوٰۃ ادا کرے۔ مسلمانوں کو نصیحت کرے اور شرک سے برأت کا اظہار کرے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم جب بھی سمع و طاعت پر بیعت کرتے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں ارشاد فرماتے کہ میں ان چیزوں پر تم سے بیعت لیتا ہوں۔ جن چیزوں کی تم طاقت رکھتے ہو۔ (بخاری' مسلم)

عورتوں کی بیعت:

حضرت سلمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور انصار کی عورتوں کے ساتھ مل کر بیعت کی۔ نبی کریم نے ہمیں اس شرط پر بیعت کیا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ نہ چوری کریں نہ زنا۔ نہ اپنی اولادوں کو قتل کریں اور نہ ہی کسی پر بہتان باندھیں۔ اور نہ ہی نیکی کے کاموں میں نافرمانی کریں اور فرمایا کہ نہ ہی تم اپنے خاوندوں کو دھوکہ دو۔ فرماتی ہیں کہ ہم نے بیعت کی اور واپس لوٹ آئے۔ تو میں نے ایک عورت سے کہا کہ واپس جاؤ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھو کہ ہمارے خاوندوں کے مالوں میں سے کون سی چیز ہمارے لئے حرام ہے۔ فرماتی ہیں کہ میں نے حضور سے پوچھا' آپ نے ارشاد فرمایا خاوند کا مال اس کی اجازت کے بغیر کسی کو ہدیہ دینا۔ (مسند احمد' ابو یعلیٰ' طبرانی مجمع الزوائد)

حضرت امیمہ بنت زقیقہ فرماتی ہیں کہ میں دوسری عورتوں کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی۔ تو عرض کی یا رسول اللہ! ہم اس شرط پر بیعت

Marfat.com

کرتی ہیں کہ نہ کسی کو اللہ کا شریک ٹھہرائیں' نہ چوری کریں نہ زنا۔ نہ ہی اولادوں کو قتل کریں۔ اور نہ ہی کسی پر بہتان لگائیں۔ اور نہ ہی نیکی کے کام میں نافرمانی کریں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان میں سے جس چیز پر تم قدرت اور طاقت رکھتی ہو۔ تو ہم نے عرض کی اللہ اور اس کے رسول ہماری ذاتوں سے زیادہ ہم پر رحم فرمانے والے ہیں۔ تشریف لائیے ہم آپ کے دست اقدس پر بیعت کرتی ہیں۔ آپ نے فرمایا میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا ایک عورت کے لئے میرا ارشاد سو عورتوں کو مخاطب کرنے کے مترادف ہے۔ (ترمذیؒ نسائی)

حضرت امیمہ بنت زقیقہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں آپ نے ارشاد فرمایا میں تمہیں اس شرط پر بیعت کرتا ہوں کہ تم اللہ کے سوا کسی کو شریک نہ ٹھہرانا نہ ہی چوری کرنا اور نہ ہی زنا کرنا۔ اور نہ ہی اپنے بچوں کو قتل کرنا نہ ہی کسی پر بہتان لگانا نہ ہی جاہلیت کی طرح بناؤ سنگھار کرنا۔ (نسائی' ترمذی)

حضرت عزہ بنت خایل رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ نبی پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ اور ان امور پر بیعت کی کہ نہ زنا کریں گی اور نہ چوری۔ اور نہ اپنے بچوں کو زندہ درگور کریں گی۔ خواہ اعلانیہ ہو یا خفیہ۔ آپ فرماتی ہیں کہ اعلانیہ طور پر زندہ درگور کرنے کو تو میں جانتی ہوں مگر خفیہ طور پر زندہ درگور کرنے کے بارے میں میں نے نبی کریم ﷺ سے نہیں پوچھا اور نہ ہی آپ نے مجھے خبر دی۔ پھر میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ اس سے مراد بچہ کو ضائع کرنا ہے۔ قسم بخدا! میں کبھی بھی اپنے بچہ کو ضائع نہیں کروں گی۔

(طبرانی' مجمع الزوائد ج ۴ ص ۳۹)

نابالغ بچوں کی بیعت:

طبرانی نے محمد بن علی بن حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت امام حسنؓ حسینؓ عبد اللہ بن عباس' اور عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

بیعت لی' حالانکہ وہ ابھی چھوٹے تھے۔ اور ان کی داڑھی بھی ظاہر نہیں ہوئی تھی آپ فرماتے ہیں کہ ہمارے علاوہ نبی کریم ﷺ نے کسی اور چھوٹے سے بیعت نہیں لی۔ (مجمع الزوائد ج ۹ ص ۱۴۰)

طبرانی نے عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے سات سال کی عمر میں بیعت کی۔ جب حضورؐ نے انہیں دیکھا تو آپ نے تبسم فرماتے ہوئے ہاتھ پھیلایا اور بیعت لی۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ صحابہ کرام کی بیعت کی مختلف صورتیں تھیں کبھی تو اسلام پر بیعت کرتے اور کبھی نیک اعمال' ہجرت' نصرت دین اور جہاد اور سمع و طاعت پر بیعت کرتے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا خلفائے راشدین کے دست مبارک پر بیعت کرنا:

ابن شاہین نے ابراھیم بن منتشر سے انہوں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے صحابہؓ کرام سے اس وقت بیعت لی جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ ○ (الفتح:۱۰)

"بے شک جو لوگ آپ کی بیعت کرتے ہیں درحقیقت وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں"

اور یہ بیعت اللہ تعالیٰ اور حق کی اطاعت کے لئے تھی اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت یہ تھی۔ آپؓ نے فرمایا کہ میں جب تک اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا رہوں تم میری بیعت کرنا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور بعد میں آنے والے خلفاء کی بیعت نبی کریم ﷺ کی بیعت کی طرح تھی۔[1]

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا۔ اور حضرت عمر فاروق خلیفہ منتخب ہوئے تو میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

عرض کی۔ اپنا ہاتھ بڑھائیں تاکہ میں حسب استطاعت سمع و طاعت پر بیعت کروں جیسا کہ آپ سے پہلے خلیفہ اول کی بیعت کی[۲]

حضرت سلیم بن ابی عامر سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ حمراء کا وفد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور بیعت کی کہ اللہ کے سوا کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔ نماز قائم کریں گے اور زکوٰۃ ادا کریں گے۔ قیام رمضان کا اہتمام کریں گے۔ اور مجوسیوں کی عید چھوڑ دیں گے۔ جب انہوں نے ہاں کہا تو آپ نے ان سے بیعت لی۔ (مسند امام احمد)

صوفیاء کرام نے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کے اس طریقہ بیعت کو ہر زمانہ میں اپنایا ہے۔ شیخ ندوی اپنی کتاب "رجال الفکر فی الدعوۃ فی الاسلام" میں فرماتے ہیں۔ کہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے بیعت اور توبہ کے دروازہ کو کھولا جس میں تمام عالم اسلام کے کونے کونے سے لوگ اسلام میں داخل ہو گئے۔ اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ عہد و میثاق کی تجدید کی اور یہ عہد کیا کہ وہ شرک کریں گے نہ ہی فسق و فجور اور بدعات کا ارتکاب کریں گے نہ ظلم کریں گے نہ ہی اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں کو حلال سمجھیں گے۔ فرائض کو ترک نہیں کریں گے۔ اور دنیا کو اپنے دل میں جگہ نہیں دیں گے۔ اور نہ ہی آخرت کو بھولیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر جس دروازہ کو کھولا تھا اس میں بے حد و بے حساب مخلوق داخل ہوئی۔ ان کے اعمال و احوال بہتر ہو گئے۔ اور بہترین مسلمان بن گئے۔ حضور غوث اعظمؒ نے اس کی تربیت و نگرانی اور محاسبہ کا اہتمام کیا۔ آپ کے روحانی شاگرد بیعت توبہ اور تجدید ایمان کے بعد معاشرہ کے ذمہ دار فرد بن گئے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صوفیائے کرام کی اس بیعت و عہد کا انفرادی اور اجتماعی تزکیہ نفس اور اصلاح میں انتہائی گہرا اثر ہے۔

Marfat.com

سلسلۂ بیعت و اذن

زمانۂ نبوی سے آج تک یہ سلسلہ اذن و تلقین ایک آدمی سے دوسرے آدمی کی طرف منتقل ہوتا ہوا ہم تک یہ متصلاً پہنچا ہے۔ صوفیائے کرام اس بیعت اذن و تلقین کو قبضہ کا نام دیتے ہیں۔ کیونکہ بوقت بیعت ایک آدمی دوسرے کا ہاتھ پکڑتا ہے۔ گویا کہ جب پازیٹو اور نیگیٹو دونوں تاریں آپس میں ملتی ہیں تو کرنٹ آجاتا ہے۔ اس طرح سند متصل ہو جاتی ہے اور مجرب روحانی تاثیر سرایت کر جاتی ہے۔

صوفیائے کرام جو لوگوں کے دلوں کا رابطہ قائم کرکے ان کو نبی کریم کے نور سے ملا دیتے ہیں۔ یہ ان ٹرنسفارمرز کی طرح ہوتے ہیں جن کو گرڈ اسٹیشن سے دور نصب کیا جاتا ہے۔ تاکہ یہ گرڈ اسٹیشن سے بجلی لے کر اپنے اردگرد کے ماحول میں پھیلائیں۔ یہ ٹرانسفارمرز بجلی پیدا نہیں کرتے بلکہ تقسیم کرتے ہیں۔ اور جب طویل مسافت کی وجہ سے بجلی کی قوت کم ہو جاتی ہے تو اس کے لئے ایک ٹرانسفارمر کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو اس کو دوبارہ چارج کرکے اس کو تقسیم کرے۔ اسی طرح یہ مشائخ کرام اپنے اپنے دور میں نشاط ایمانی کی تجدید کرتے

Marfat.com

رہے اور یہی معنیٰ حضور ﷺ کے اس ارشاد کا ہے: "العلماء ورثة الانبیاء" (علماء انبیاء کے وارث ہیں)۔ بیعت لینے کے عمدہ نتائج اور اچھے آثار کا ثبوت عملی تجربہ سے ہوتا ہے۔ اور یہی سب سے بڑی دلیل ہے۔ اسی وجہ سے سلف صالحین اس پر عمل پیرا رہے اور متاخرین صلحاء کو یہ چیزیں وراثت میں ملیں۔ اور جمہور امت بھی اس پر عمل پیرا ہے۔

Marfat.com

آداب مریدین:

صحبت کے فوائد اور اس کی اہمیت جاننے کے بعد اور خصوصاً اس شیخ کامل کی صحبت جسے اذن تربیت حاصل ہو اور اس نے کسی شیخ کامل کے دست مبارک پر منازل سلوک طے کی ہوں۔ جس کا سلسلہ حضور نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔ اور وہ شریعت و حقیقت کا جامع ہو۔ پھر اس کی بیعت اور اس کی بارگاہ کی حاضری کی اہمیت واضح ہو جانے کے بعد اب ہم کچھ آداب ذکر کرتے ہیں جن کا مرید اور طالب صادق میں پایا جانا ضروری ہے۔ تاکہ وہ اپنے مطلوب و مقصود تک پہنچ سکے۔

تمام اولیاء کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو آدمی بے ادب ہو وہ منازل سلوک نہیں طے کر سکتا۔ اور جب منازل سلوک طے نہ ہوں تو وصول الی اللہ کیسے ممکن ہو؟ بے شک باادب شخص انتہائی قلیل وقت میں اپنے مقصود کو پا لیتا ہے۔ اب ہم چند آداب کا ذکر کرتے ہیں۔

(i) شیخ کے متعلقہ آداب مرید

اس کی دو قسمیں ہیں (i) آداب باطنہ۔ (ii) آداب ظاہرہ۔

آداب باطنہ:

اس سے مراد یہ ہے کہ مرید اپنے آپ کو شیخ کے سپرد کر دے اور اس کے

Marfat.com

تمام اوامر اور نصائح میں اس کی اطاعت و فرمانبرداری کرے۔ اور اس سے مراد اندھی تقلید نہیں جو انسانی عقل کو بیکار کر دے اور اس کی شخصیت کو کالعدم کردے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو کسی ماہر اور تجربہ کار طبیب کے سپرد کر دے کیونکہ مرید کو اپنے شیخ کے صاحب اذن ہونے تربیت کے اہل ہونے ماہر طبیب اور رحم دل ہونے کا پختہ یقین ہوتا ہے۔ اور پھر اسے یہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ اس کا شیخ شریعت و حقیقت کا جامع ہے۔ اور یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے مریض اپنے آپ کو کلیتہً علاج کے لئے ڈاکٹر کے سپرد کر دیتا ہے۔ اس حالت میں مریض کے بارے میں یہ خیال نہیں کیا جاتا کہ اس نے اپنے عقل کو بیکار اور اپنے وجود کو کالعدم کر دیا ہے۔ بلکہ اسے بڑا ہی عقلمند اور انصاف پسند تصور کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس نے اپنے آپ کو ماہر ڈاکٹر کے سپرد کیا ہے اور وہ طلب شفاء میں صادق ہے۔

(ii) مرید کو چاہئے کہ وہ اپنے شیخ کے طریقہ تربیت پر اعتراض نہ کرے۔ کیونکہ اس کا شیخ علم و مہارت اور تجربہ کی بنیاد پر اس میدان میں مجتہد کا درجہ رکھتا ہے۔ اسی طرح مرید کیلئے مناسب نہیں کہ اپنے شیخ کے تصرفات پر تنقید کرے۔ کیونکہ یہ چیز شیخ کے اعتماد کو ٹھیس پہنچاتی ہے۔ اور مرید کو خیر کثیر سے محروم کر کے اس کے اور شیخ کے درمیان روحانی امداد اور قلبی تعلق کو قطع کرتی ہے۔

علامہ ابن حجر ہیثمیؒ فرماتے ہیں کہ جس نے مشائخ کرام پر اعتراض اور ان کے افعال و احوال میں نظر و بحث کا دروازہ کھولا' تو یہ اس کی محرومی اور سوء عاقبت کی دلیل اور نشانی ہے۔ اور وہ شخص کبھی بھی منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکتا۔ اسی وجہ سے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے بھی اپنے شیخ پر اعتراض کیا' وہ کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔ اور جب بھی شیطان تصرفات شیخ پر مرید کے دل میں شرعی اعتراض وارد کرے تاکہ ان کے دل میں باہمی اعتماد اور قلبی تعلق کو ختم کر دے تو مرید کو چاہئے کہ وہ اپنے شیخ پر حسن ظن رکھے اور اس کے بارے میں شرعی تاویل اور فقہی جواز کو تلاش کرے اور اگر یہ نہ کر سکے تو اس پر لازم ہے

Marfat.com

کہ ادب و احترام کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اپنے شیخ سے اس بارے میں استفسار کرے۔

آپ فرماتے ہیں کہ جو شخص مشائخ کرام کے ظاہراً غیر شرعی امور کی تاویل کرتا ہے۔ اور ان کے احوال سے صرف نظر کر کے ان کے احوال کو اللہ کے سپرد کرتا ہے۔ اور اپنے نفس کی حالت کا خیال کرتے ہوئے حسب استطاعت مجاہدہ میں مشغول رہتا ہے۔ تو اس کے منزل مقصود تک پہنچنے اور کامیابی کی قوی امید کی جا سکتی ہے۔

(iii) اپنے شیخ کے متعلق عصمت کا اعتقاد نہ رکھے۔ کیونکہ شیخ ولایت کے درجہ کمال پر فائز تو ہو سکتا ہے لیکن معصوم نہیں ہوتا۔ اس سے بھی کبھی کبھی لغزشات کا صدور ممکن ہے۔ لیکن وہ اس پر اصرار نہیں کرتا اس کا دل ہمیشہ غیر اللہ کے ساتھ مشغول نہیں رہتا۔

کیونکہ جب مرید اپنے شیخ کے بارے میں معصوم عن الخطا ہونے کا عقیدہ رکھتا ہے۔ تو پھر اپنے اعتقاد کے خلاف کوئی عمل دیکھتا ہے تو اضطراب و پریشانی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اور یہ چیز محرومی کا سبب ہے۔ لیکن مرید کے لئے یہ بھی مناسب نہیں کہ وہ اپنے شیخ کے بارہ میں عدم عصمت کا اعتقاد رکھتے ہوئے اس کے ہر ہر فعل و عمل میں خطا کا احتمال رکھے کیونکہ یہ چیز شیخ سے استفادہ کے مانع ہے۔ اور یہ اس مریض کی طرح ہے جو ڈاکٹر کے پاس آتا ہے اور اس کے دل میں خیال ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ ڈاکٹر اس کے علاج میں کوئی غلطی کر جائے اس وجہ سے اس کا ڈاکٹر پر اعتماد اٹھ جاتا ہے اور اس کے دل میں شک و اضطراب پیدا ہو جاتا ہے۔

(iv) مرید کے لئے ضروری ہے کہ وہ یہ اعتقاد رکھے کہ اس کا شیخ کامل ہے۔ اور تربیت و ارشاد کی مکمل اہلیت رکھتا ہے۔ یہ اعتقاد تب ہی قائم ہو سکتا ہے جب وہ بیعت کرنے سے پہلے تحقیق اور دقت نظر سے کام لے اور یہ جان لے کہ وہ تمام شرائط جن کا شیخ کامل میں پایا جانا ضروری ہے وہ اس کے شیخ میں موجود ہیں۔ اور اس کی صحبت اختیار کرنے والے ایمان، عبادات، علم واخلاق اور

Marfat.com

معرفت الٰہی میں کمال رکھتے ہیں۔

(v) وہ صحبت شیخ کو صدق واخلاص سے اختیار کرے۔ اور اپنی طلب میں سنجیدہ فکر اور اغراض و مصالح سے بعید ہو۔

(vi) مرید کو چاہئے کہ شیخ کی خدمت میں حاضر ہو یا غیر حاضر ہو اس کی انتہائی تعظیم و تکریم کرے۔ حضرت ابراہیم بن شیبان فرماتے ہیں:

"من ترک حرمة المشائخ ابتلی بالدعاوی الکاذبة و افتضح بها"

ترجمہ۔ "جو شخص شیخ کی تعظیم و تکریم کا تارک ہوتا ہے وہ جھوٹے دعووں میں مبتلا ہو کر رسوا ہو جاتا ہے۔"

شیخ محمد بن حامد ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ تجھے کسی مقام پر فائز کر دے اور صاحب مقام کی عزت و تکریم اور اس مقام سے متلذذ ہونے سے محروم کر دے تو سمجھ لے کہ تو مغرور اور مستدرج ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔ "جو شخص مشائخ کے اوامر اور تادیب پر رضامند نہ ہو وہ کتاب و سنت سے ادب حاصل نہیں کر سکتا۔"

شیخ ابو العباس مرسیؒ فرماتے ہیں: تتبعنا احوال القوم فما راینا احدا انکر خیرا ومات بخیر۔

ہم نے صوفیاء کے احوال میں غور و فکر کیا ہے اور ہمارا یہ مشاہدہ ہے کہ جس نے بھی صوفیائے کرام پر زبان اعتراض دراز کی اس کی موت خیر پر نہ ہوئی۔

حضور غوث الاعظم جیلانیؒ فرماتے ہیں:

"من وقع فی عرض ولی ابتلاه الله بموت القلب۔"

(جو کسی ولی کی بے ادبی کرتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کے دل کو مردہ کر دیتا ہے۔)

(vii) مرید کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیخ کے ساتھ انتہائی محبت رکھے بشرطیکہ دوسرے شیوخ کو ناقص گمان نہ کرے۔ اور نہ ہی محبت میں اتنا غلو کرے کہ اسے حدود بشریت سے بالا تر ماننے لگے۔

Marfat.com

اوامرو نواہی میں اطاعت شیخ اور منازل سلوک کی معرفت سے ہی مرید کی محبت قوی ہو سکتی ہے۔ شیخ کی اطاعت اور موافقت کے ذریعہ مرید کی شخصیت نمایاں ہو گی۔ اور اس طرح اسے معرفت میں بھی درجہ کمال حاصل ہو گا۔

(viii) مرید کو چاہئے کہ اپنے شیخ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف متوجہ نہ ہو تاکہ اس کا دل دو شاخوں میں متفرق نہ ہو۔ اس مرید کی مثال اس مریض کی طرح ہے جو بیک وقت دو ڈاکٹروں سے علاج کرواتا ہے اور اس طرح تردد اور پریشانی کا شکار ہو جاتا ہے۔

آداب ظاہرہ:

ظاہری آداب درج ذیل ہیں۔

(i) مرید اپنے شیخ کے اوامرو نواہی کی پابندی اور موافقت کرے۔ جس طرح مریض طبیب کے اوامرو نواہی کا پابند ہوتا ہے۔

(ii) اپنے شیخ کی مجلس میں سکون اور وقار کا التزام کرے۔ کسی چیز پر تکیہ لگا کر نہ بیٹھے نہ ہی جماہی لے۔ نہ سوئے اور نہ ہی بغیر سبب کے ہنسے۔ اپنی آواز کو شیخ کی آواز سے بلند نہ کرے اور اس کی اجازت کے بغیر گفتگو نہ کرے۔ کیونکہ یہ شیخ کے عدم احترام اور عدم اہمیت کے مترادف ہے۔ جو بغیر ادب و احترام کے صحبت شیخ اختیار کرتا ہے وہ اس کی صحبت کے فیض سے محروم رہ جاتا ہے۔

(iii) مرید کو چاہئے کہ وہ حسب استطاعت شیخ کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے (کیونکہ ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد)

(iv) اس کی مجلس کی حاضری پر دوام اختیار کرے۔ اگر شیخ کسی دور دراز شہر میں ہو تو حسب موقع شرف ملاقات سے مشرف ہوتا رہے۔ بزرگوں کا فرمان ہے کہ زیارت شیخ ترقی اور نشوونما کا سبب ہوتی ہے۔ صوفیائے کرام کے نزدیک سلوک کی بنیاد تین اصولوں پر ہے۔ (۱) اجتماع۔ (۲) استماع۔ (۳) اتباع۔ اور انہیں سے ہی منزل مقصود حاصل ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

(v) مرید کے لئے ضروری ہے کہ وہ شیخ کے تربیتی طرز عمل پر صبر کرے مثلاً شیخ اگر جفا اور اعراض کرے تو مرید کو چاہئے کہ صبر کرے۔ کیونکہ شیخ اس طرز عمل سے مرید کے قلبی امراض اور نفسانی رعونتوں کا علاج کرنا چاہتا ہے۔ ابن حجر مکی" فرماتے ہیں کہ بہت سے ایسے لوگ ہیں کہ توفیق ان کے شامل حال نہیں ہوتی۔ جب وہ اپنے شیخ یا استاد کی طبیعت میں شدت دیکھتے ہیں تو وہ اس سے متنفر ہو جاتے ہیں۔ اور اس پر ایسی برائیوں اور نقائص کا الزام لگاتے ہیں۔ جن سے وہ بری ہوتا ہے۔ سالک کو ان چیزوں سے بچنا چاہئے۔ کیونکہ نفس تو ہمیشہ ان کو ہلاک کرنے کے در پے ہوتا ہے۔ اسے چاہئے کہ وہ اپنے شیخ سے اعراض' اور دور رہنے سے اجتناب کرے۔

(vi) مرید پر لازم ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے اپنے شیخ کا کلام ان کی عقل و فہم اور سمجھ بوجھ کے مطابق بیان کرے تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی پیدا نہ ہو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

حدثوا الناس بما یعرفون اتحبون ان یکذب اللہ ورسولہ۔

"لوگوں کے سامنے ان کی سمجھ بوجھ کے مطابق بات کیا کرو' کیا تم پسند کرتے ہو کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی جائے۔"

یہ تمام امور اس مرید حقیقی سے مطلوب ہیں جو معرفت الٰہی کا طالب ہو' مگر وہ مجازی مرید جس کا مقصد فقیروں کا لباس پہن کر ان میں شامل ہونا ہوتا ہے۔ اس کے لئے یہ آداب و شروط لازم نہیں۔ اس قسم کے شخص کیلئے کسی دوسرے سلسلہ میں شامل ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ جیسا کہ اس آدمی کے اپنے سلسلہ سے دوسرے کی طرف منتقل ہونے میں کوئی حرج نہیں' جو کہ حصول برکت کیلئے کسی دوسرے سلسلہ میں شامل ہونا چاہتا ہے۔ اور یہ صوفیائے کرام میں معروف ہے۔

پیر بھائیوں کے متعلق آداب:

Marfat.com

(i) سالک کو ان کی عزت و احترام کا لحاظ رکھنا چاہئے خواہ وہ غائب ہوں یا حاضر۔ نہ کسی کی غیبت کرے' اور نہ کسی پر عیب لگائے کیونکہ علماء اور صلحاء کی غیبت کی طرح ان کی غیبت میں بھی ہلاکت کا خطرہ ہوتا ہے۔

(ii) ان کو نصیحت کرے' اور ان میں سے جاہلوں کو تعلیم دے' کمزوروں کو قوی اور طاقتور بنائے۔ نصیحت کی چند شرائط ہیں جن کی پابندی لازم ہے۔ جن میں سے تین شرائط ناصح کیلئے اور کچھ منصوح کیلئے ہیں۔

ناصح کی شرائط:

درج ذیل ہیں:۔

(۱) نصیحت سرا ہو۔ (۲) نرمی اور مہربانی کے ساتھ ہو۔ (۳) اور اس کے ساتھ کسی دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا مقصود نہ ہو۔

منصوح کی شرائط:

درج ذیل ہیں:۔

(۱)وہ نصیحت کو قبول کرے۔ (۲) ناصح کا شکریہ ادا کرے۔ (۳) نصیحت کو اپنے اوپر نافذ کرے۔ (۴) سالک کو چاہئے کہ وہ اپنے پیر بھائیوں سے عدل و انصاف سے پیش آئے۔ اور حتی الامکان ان کی خدمت کرے۔ کیونکہ قوم کا سردار وہی ہوتا ہے جو ان کی خدمت کرے۔ (۵) ان کے بارے میں حسن ظن رکھے۔ اور ان کے معاملات کو سپرد خدا کرے۔ (٦) ان کا عذر قبول کرے' جب وہ عذر پیش کریں۔ جو ان کے درمیان لڑائی جھگڑا ہو جائے تو صلح کرائے۔ ان کا دفاع کرے جب انہیں اذیت پہنچائی جائے' یا انکی عزت کو خطرہ لاحق ہو۔ ان پر سرداری اور برتری کا طالب نہ ہو۔ کیونکہ عہدہ کی خواہش رکھنے والے کو ولایت و حکمرانی نہیں ملا کرتی۔

یہ چند آداب ہیں جن پر سالک کا عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔ حتی کہ بعض

Marfat.com

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ تمھارا عمل نمک کی مانند اور ادب آٹے کی مانند ہونا چاہئے۔

ابو حفص نیشاپوریؒ فرماتے ہیں:

التصوف کله آداب' لکل وقت آداب' ولکل حال آداب' ولکل مقام آداب' فمن لزم الادب بلغ مبلغ الرجال' ومن حرم الادب فهو بعید من حیث یظن القریب۔ مردود من حیث یظن القبول۔

فرماتے ہیں کہ "تصوف سراپا آداب ہے' ہر وقت' ہر حال اور ہر مقام کیلئے خاص آداب ہیں۔ جس نے آداب کو لازم پکڑا اس نے کاملین کے مقام کو پالیا۔ اور جو ادب سے محروم رہا وہ اس منزل اور مقام سے بہت دور ہے جس کو وہ انتہائی قریب گمان کرتا ہے۔ اپنے آپ کو مقبول سمجھنے والا درحقیقت مردود ہوتا ہے۔"

المختصر یہ کہ مرید کے وہ آداب جو اس کے مرشد اور پیر بھائیوں کے متعلق ہیں ان کا کوئی حدوشمار نہیں۔ بہت سے مشائخ عظام نے اس موضوع پر الگ الگ تصنیفات مرتب کی ہیں۔

شیخ سہروردی' ابن عربی' شعرانی' احمد زروق' اور ابن عجیبہ رحمہم اللہ کی تصنیفات اس موضوع پر موجود ہیں۔

Marfat.com

علم

علم، اعمال کی بنیاد، ان کا پیش رو اور ان کے صحیح ہونے کا ضامن ہے۔
جس طرح علم، بغیر عمل کے فائدہ نہیں دیتا۔ بعینہ عمل بغیر علم کے فائدہ نہیں دیتا۔

وعالم بعلمه لم يعملن۔
معذب من قبل عباد الوثن۔
اذ كل من بغير علم يعمل۔
اعماله مردوده لا تقبل۔

(ا) "کتنے ہی عالم ہیں جو اپنے علم پر عمل پیرا نہیں ہوتے، انہیں بتوں کے پجاریوں سے پہلے عذاب دیا جائے گا۔"

(ii) "کیونکہ جو بغیر علم عمل کرتا ہے اس کے اعمال مردود اور غیر مقبول ہوتے ہیں۔"

علم اور عمل دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتے۔ سالک، ایمان، معرفت الٰہی اور حصول رضا کے کسی مقام و منزل میں علم سے مستغنی نہیں ہو سکتا۔

Marfat.com

سلوک کی ابتدا میں عقائد' عبادات اور معاملات کے علم کا حصول ضروری ہے۔ اور منازل سلوک کے وسط میں سالک دل کے احوال' حسن اخلاق اور تزکیۂ نفس کے علم سے مستغنی نہیں ہو سکتا۔ اسی بنا پر تصوف کے عملی نصاب میں علم ضروری کے حصول کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ کیونکہ تصوف اسلام کے تمام ظاہری و باطنی پہلوؤں کی عملی تطبیق کا نام ہے۔ ہم یہاں کچھ آیات کریمہ اور احادیث نبویہ ﷺ ذکر کرتے ہیں جو علم کی عظمتِ شان اور عُلوِّ مرتبہ پر دلالت کرتی ہیں۔

قرآن اور فضیلتِ علم:

ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔

(i) اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا۔ (فاطر:۲۸)

"اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء ہی (پوری طرح) اس سے ڈرتے ہیں۔"

(ii) ھَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ (الزمر:۹)

"آپ پوچھئے' کیا برابر ہو سکتے ہیں علم والے اور جاہل۔"

(iii) یَرْفَعِ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ۔ (مجادلہ:۱۱)

"اللہ تعالیٰ ان کے جو تم میں سے ایمان لے آئے جن کو علم دیا گیا درجات بلند فرمادے گا۔"

احادیث نبویہ:

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو انسان حصول علم کیلئے کسی راستہ

Marfat.com

پر چلتا ہے' اللہ تعالی اس کیلئے جنت کے راستہ کو آسان فرما دیتا ہے۔ ملائکہ اس کے عمل سے خوش ہو کر اپنے پر بچھالیتے ہیں۔ زمین و آسمان کی مخلوق عالم کیلئے استغفار کرتی ہے۔ حتی کہ پانی کی مچھلیاں۔ عالم کو عابد پر اسی طرح فضیلت ہے جس طرح چاند کو ستاروں پر۔ بے شک علماء ہی انبیاء کے وارث ہیں۔ انبیاء درہم و دینار کا وارث نہیں بناتے' بلکہ علم کا وارث بناتے ہیں۔ پس جس نے علم حاصل کیا۔ اس نے وافر حصہ پایا۔ (ترمذی' ابوداود' ابن ماجہ)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' آپ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا' اے ابوذر! تیرا ایک آیت کو سیکھنا سو رکعتیں پڑھنے سے بہتر ہے۔ اور تیرا علم کے ایک باب کو سیکھنا ہزار رکعتیں پڑھنے سے بہتر ہے۔ خواہ اس پر عمل ہو یا نہ ہو۔ (ابن ماجہ)

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا'

یشفع یوم القیامہ ثلاثہ' الانبیاء ثم العلماء' ثم الشہداء۔(ابن ماجہ)

"قیامت کے دن تین طرح کے لوگ شفاعت کریں گے' پہلے انبیاء' پھر علماء پھر شہداء۔"

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا'

اذا اراد اللہ بعبد خیرا فقھہ فی الدین' والھمہ رشدہ۔

"جب اللہ تعالی کسی بندہ سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے دین کی سمجھ عطا فرمادیتا ہے۔ اور رشد و ہدایت کا الہام کرتا ہے۔" (طبرانی۔ بزار)

حضرت ابی بکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ عالم بن جاؤ یا متعلم۔ یا علم کا سامع یا اس سے محبت رکھنے والا۔ ان چار کے علاوہ پانچواں شخص نہ بننا ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔

حضرت عطا فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مجھ سے

Marfat.com

فرمایا کہ تو نے ہمارے لئے پانچویں شخص کی وضاحت کی ہے جس کا مجھے علم نہیں تھا۔ اور اس سے مراد یہ ہے کہ علم اور صاحب علم کے ساتھ بغض رکھے۔(طبرانی۔ بزار)

حصول علم کا حکم:

شرعی حکم کے اعتبار سے علم کی تین اقسام ہیں۔

(i)مامور بہ(وہ علم جس کے حصول کا حکم دیا گیا ہو۔) (ii) منھی عنہ (وہ علم جس سے روکا گیا ہو۔) (iii) مستحب۔

(i)۔مامور بہ:

اس کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) فرض عین۔ (۲) فرض کفایہ۔

فرض عین وہ ہوتا ہے جو مکلف کے بذات خود ادا کرنے سے اس سے ساقط ہوتا ہے۔

مکلف پر فرض عین علوم کو ذکر کرنے سے پہلے اس موضوع کے متعلق بعض بنیادی قواعد ذکر کرتے ہیں۔

قاعدہ نمبر۱:

وہ چیز جس کے بغیر واجب کی تکمیل نہ ہو پس وہ بھی واجب ہو جاتی ہے۔

قاعدہ نمبر۲:

علم معلوم کے تابع ہوتا ہے۔ لہٰذا جو علم کسی فرض کی ادائیگی کا وسیلہ اور سبب ہو' وہ فرض ہو گا۔ اور جو واجب کی ادائیگی کا وسیلہ ہو' واجب اور جو سنت کی ادائیگی کا وسیلہ ہو گا وہ سنت ہو گا۔

ان قواعد کو بنیاد بناتے ہوئے ہم بعض ان علوم کو بیان کرتے ہیں جو ہر مکلف پر فرض ہیں۔

Marfat.com

(i) عقائد اہلسنّت اور اس کے اجمالی دلائل کو جاننا' تاکہ انسان ملحدین کی تشکیک اور گمراہ کن لوگوں کے مغالطوں سے ایمان کی حفاظت کر سکے۔

(ii) ان مسائل کو جاننا جن کے ذریعہ مکلف فرضی عبادات مثلاً نماز' روزہ' زکوٰۃ اور حج کو ادا کر سکے۔

(iii) اور جس شخص کا واسطہ معاملات یعنی خرید و فروخت وغیرہ کے ساتھ ہو اس پر ان احکام کا سیکھنا فرض ہے جن کے ذریعہ حرام سے بچ سکے اور شرعی حدود کا التزام کر سکے۔

(iv) احوال قلب یعنی توکل' خشیت اور رضا وغیرہ کو جاننا کیونکہ مسلمان کو اپنی زندگی میں ان تمام احوال سے واسطہ پڑتا ہے۔

(v) تمام اخلاق حسنہ اور سیئہ کو جاننا' تاکہ اخلاق حسنہ سے اپنے آپ کو آراستہ کرے۔ اور اخلاق سیئہ سے اجتناب کرے۔ اور ان اخلاق کو ترک کرنے کیلئے مجاہدۂ نفس کرے۔ کیونکہ مجاہدہ ہر مکلف پر فرض ہے۔ اور اس کا حصول اسی وقت ممکن ہو سکتا ہے جب سالک تمام اخلاق حسنہ اور سیئہ کو جاننے کے ساتھ ساتھ مجاہدات کے ان تمام طریقوں کو بھی جان لے جن میں صوفیاء کرام مشغول رہے۔

Marfat.com

اسی لئے شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ہمارے علم یعنی تصوف میں داخل ہوئے بغیر مرگیا' وہ بہت سے کبائر پر اصرار کرتے ہوئے مرا جس کا اسے شعور تک بھی نہ تھا۔ یہ جاننا چاہیئے کہ بعض کبائر اور فواحش ظاہری ہوتے ہیں جیسے زنا' شراب نوشی۔ اور بعض باطنی جیسے تکبر اور نفاق وغیرہ۔ اسی لئے اللہ تعالی نے ہمیں ان دونوں سے روکا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ۔ (انعام:۱۵۱)

ترجمہ:۔ "اور مت نزدیک جاؤ بے حیائی کی باتوں کے جو ظاہر ہوں ان سے اور جو چھپی ہوئی ہوں۔"

ظاہری فواحش کا مرتکب تو توبہ کرلیتا ہے۔ کیونکہ وہ اس کے گناہ پر متنبہ ہوتا ہے۔ مگر فواحش باطنی کا ارتکاب کرتے ہوئے انسان زندگی گزار لیتا ہے۔ توبہ کی فکر نہیں کرتا۔ کیونکہ وہ اس کے حکم سے ناواقف ہوتا ہے۔ یا اسے شعور ہی نہیں ہوتا کہ وہ گناہ کررہا ہے۔

(ii)۔ دوسری قسم فرض کفایہ ہے۔ فرض کفایہ وہ ہوتا ہے جس کو بعض لوگ ادا کردیں تو دیگر سے ساقط ہو جاتا ہے۔ اور اگر کسی ایک نے بھی ادا نہ کیا تو تمام لوگ گنہگار ہوں گے۔ فرض کفایہ عموماً وہ ہوتا ہے جس پر امت کی اصلاح موقوف ہوتی ہے' جیسا کہ علم فقہ میں گہرائی تک جانا اور اسی طرح علم تفسیر' حدیث' اصول فقہ' اصول اعتقاد' علم حساب' علم طب' علم صنعت اور علم اسلحہ سازی وغیرہ۔

(ب)۔ علوم منہیہ:

(i)۔ وہ علوم جن سے منع کیا گیا ہے گمراہ کن مذاہب' مشکک افکار اور عقائد زائغہ کی گہرائی تک جانا منع ہے۔ لیکن ان کی تردید کیلئے اور ان کے خطرات سے بچنے کے لئے انہیں پڑھنا منع نہیں ہے۔

اسی طرح ان کی کجی کو دور کرنے کے لئے اور ان کے شبہات کو دور کرنے اور دین کی حفاظت کے لئے ان کو سیکھنا فرض کفایہ ہے۔

Marfat.com

(ii)۔ مسروقہ مال' خزانوں کی تلاش اور اسی طرح گمشدہ چیزوں کی تلاش کے لئے علم نجوم کا سیکھنا جائز نہیں۔ کیونکہ اس کا تعلق کہانت سے ہے۔ اور شرع نے ان لوگوں کی تکذیب کی ہے اور ان کی تصدیق کو حرام قرار دیا ہے۔ لیکن علمی تحقیقات' نماز کے اوقات جاننے اور قبلہ شریف کی سمت جاننے میں کوئی حرج نہیں۔ جادو سے بچنے کیلئے جادو کا علم جائز ہے۔ برائی کا علم برائی سے بچنے کے لئے ہو' نہ کہ اس پر عمل پیرا ہونے کے لئے۔ کیونکہ جو شخص برائی کو نہیں جانتا وہ اس میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

(ج)۔ علوم مستحبہ:

جسمانی اور قلبی فضائل' سنن و نوافل اور مکروہات اور فرائض کفایہ کو جاننا مستحبات سے ہے۔ اسی طرح علم فقہ اور اس کی فروعات' عقائد اور اس کے تفصیلی دلائل کی معرفت بھی اسی قبیل سے ہے۔

خاتمہ:

سابقہ بحث سے دین میں علم کی اہمیت اور حصول علم کا حکم' اور یہ بات بھی روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ علم کے متعلق صوفیاء کا موقف بالکل واضح ہے۔ اس کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ در حقیقت صوفیاء کرام ہی وہ صاحب علم و عرفان لوگ ہیں جن کے قلوب روشن اور روحیں بالیدہ اور ایمان کامل اور ایمان و اسلام اور احسان کو جامع ہوتے ہیں۔ پس صوفی علوم عینیہ کے حصول کے بعد ان کے عملاً نفاذ کے لئے کوشاں ہوتا ہے۔ اور وہ اصلاح قلب اور تزکیہ نفس کرنے کے بعد سچے دل سے متوجہ الی اللہ ہو جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اللہ تعالی اپنی رضا' رضوان' معرفت اور غفران سے نوازتا ہے۔

Marfat.com

مجاہدہ اور تزکیۂ نفس:

تمہید:۔ اہمیت تصوف کی بحث میں ہم نے ذکر کیا ہے کہ نفس کی بعض صفات ذمیمہ اور خبیثہ ہوتی ہیں ان کا ازالہ فرض عین ہے۔ جیسے فقہائے کرام کا موقف ہے۔ لیکن نفس کی صفات رذیلہ محض خواہش اور اس کے حکم کو جان لینے اور تصوف و اخلاق کی کتب پڑھنے سے زائل نہیں ہوتیں۔ بلکہ ان امور کے ساتھ ساتھ مجاہدہ، عملی تزکیہ اور نفس کو اس کی شدید اور سرکش شہوات سے چھٹکارا دلانا بھی ضروری ہے۔ علامہ بوصیری رحمتہ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

النفس کالطفل ان تهمله شب علی
حب الرضاع ان تفطمه تفطم

"انسانی نفس بچہ کی طرح ہوتا ہے، اگر تو اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دے گا تو یہ دودھ کی محبت پر جوان ہو جائے گا۔ اور اگر تو اس کا دودھ چھڑائے گا تو یہ چھوڑ دے گا۔"

مجاہدہ کی تعریف:

راغب اصفہانی اپنی کتاب "مفردات قرآن" میں فرماتے ہیں۔ الجهاد

Marfat.com

والمجاہدہ استفراغ الوسع فی مدافعہ العدو۔

"جہاد اور مجاہدہ دشمن کے مقابلہ کے لئے اپنی پوری قوت صرف کرنے کا نام ہے۔"

جہاد کی تین اقسام ہیں۔ (۱)۔ ظاہری دشمن کے ساتھ جہاد۔ (۲)۔ شیطان کے ساتھ جہاد۔ (۳)۔ نفس کے خلاف جہاد۔

اور یہ تینوں اقسام اس ارشاد باری تعالیٰ سے مراد ہو سکتی ہیں۔

(i) وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ۔ (حج:۷۸)

"اللہ تعالیٰ کی راہ میں سرتوڑ کوشش کرو جس طرح کوشش کرنے کا حق ہے۔"

(ii)۔ وَجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (توبہ: ۴۱)

"اور جہاد کرو اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔"

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جَاهِدُوْا اَهْوَائَكُمْ كَمَا تُجَاهِدُوْنَ اَعْدَائَكُمْ۔ (المفردات فی غریب القرآن ص'۱۰۱)(راغب اصفہانی)

"اپنی خواہشات کے ساتھ جہاد کرو۔ جس طرح تم اپنے دشمنوں کے ساتھ جہاد کرتے ہو۔"

مجاہدہ نفس سے مراد نفس کی مذموم صفات چھڑانا اور اللہ کی شرع کو اس پر نافذ کرنا ہے۔

کتاب و سنت اور مجاہدۂ نفس:

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔ (عنکبوت:۴۹)

"اور جو بلند ہمت مصروف جہاد رہتے ہیں ہمیں راضی رکھنے کے لئے ہم

Marfat.com

ضرور دکھادیں گے اپنے راستے۔"

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِی اللّٰهِ۔ (ترمذی)

"مجاہد وہ ہے جو اللہ کی اطاعت کے لئے اپنے نفس سے جہاد کرتا ہے۔"

مجاہدہ کا حکم:

تزکیۂ نفس فرض عین ہے' جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا۔ اور تزکیۂ نفس' مجاہدہ کے بغیر ممکن نہیں ہوتا۔ اس طرح مجاہدہ بھی فرض عین ہے۔ کیونکہ جس چیز پر واجب کی تکمیل موقوف ہو' وہ بھی واجب ہوتی ہے۔

شیخ عبدالغنی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجاہدۂ نفس عبادت ہے اور علم کے بغیر اس کا حصول ممکن نہیں۔ اور یہ ہر مکلف پر فرض عین ہے۔

کیا انسانی صفات کو تبدیل کرنا ممکن ہے؟

بلا شک و شبہ انسانی ناقص صفات اور مذمومہ عادات کو تبدیل کرنا ممکن ہے۔ کیونکہ اگر ایسا کرنا ناممکن ہوتا' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا کوئی فائدہ نہ ہوتا۔ اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آنے والے علماء' عاملین' صوفیاء اور صلحاء کی کوئی ضرورت تھی۔ جب بہت سے خونخوار درندوں اور پرندوں کو سدھانا اور ان کی صفات کو تبدیل کرنا ممکن ہے تو وہ انسان جس کو اللہ تعالی نے احسن تقویم کا تاج پہنایا ہے وہ بدرجۂ اولی اس کا مستحق ہے۔

مجاہدۂ نفس سے مراد ان صفات کو یکدم جڑ سے اکھاڑ دینا نہیں ہے بلکہ اس سے مراد صفات سیئہ کو آہستہ آہستہ صفات حسنہ میں تبدیل کرنا ہے۔ اور رضائے الٰہی کے حصول کے لئے اس کو صراط مستقیم کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔

غصہ اس وقت صفت مذمومہ ہے جب انسان اپنی ذات کے لئے غصہ میں

Marfat.com

آئے۔ لیکن جب وہ اللہ تعالیٰ کے لئے غصہ میں آئے تو یہی صفت ممدوح ہو جاتی ہے۔ جس طرح رسول اللہ ﷺ اس وقت جلال کا اظہار فرماتے' جب اللہ تعالیٰ کی حرمات کی بے ادبی ہوتی یا حدود اللہ میں سے کسی حد کو معطل کیا جاتا۔ لیکن جب آپکو اللہ تعالیٰ کی راہ میں تکلیف دی گئی اور طائف میں آپ ﷺ کی ایڑی مبارک کو لہولہان کر دیا گیا' تو آپ ﷺ نے اپنی ذات کے لئے غصہ نہیں فرمایا' بلکہ اذیت دینے والوں کے لئے ھدایت کی دعا فرمائی۔ اور ان کے لئے اللہ کی راہ میں عذر خواہ ہوئے۔ اور اللہ کی بارگاہ میں عرض کی' اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ' فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ (بخاری)

"اے اللہ! میری قوم کو ہدایت فرما۔ وہ میری حقیقت کو نہیں جانتے۔"

اسی طرح تکبر بھی صفت مذمومہ ہے۔ جبکہ مسلمان اپنے مسلمان بھائی پر تکبر کرے' مگر جب ایک مسلمان متکبر کافر کے مقابلہ میں تکبر کرے گا' تو یہی صفت ممدوح ہو جائے گی۔ کیونکہ اب یہ اللہ کے راستہ اور شرعی حدود کے ضمن میں داخل ہے۔ اسی طرح اکثر صفات مذمومہ مجاہدہ کے ساتھ تبدیل ہو کر ممدوحہ بن جاتی ہیں۔

مجاہدہ کا طریقہ:

مجاہدہ کا پہلا مرحلہ یہ ہے کہ سالک نفس کی کسی خواہش پر راضی نہ ہو۔ اور اس کے خالق و مالک نے نفس کے بارے میں جو خبر دی ہے اس پر کامل یقین رکھے۔ ارشادِ خداوندی ہے:

اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ۔

"بے شک نفس تو حکم دیتا ہے برائی کا۔"

اور اسے معلوم ہونا چاہیے کہ نفس ہی وصول الی اللہ کے لئے سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس تک پہنچانے کا سب سے بڑا ذریعہ بھی ہے۔ یہ نفس رکاوٹ اس ہوتا ہے جب نفس امارہ ہو۔ اور گناہوں اور حکم الٰہی کی مخالفت سے لطف اندوز ہو۔ لیکن مجاہدہ اور تزکیہ کے بعد یہی نفس راضیہ اور مرضیہ بن جاتا ہے۔ اب اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کے حکم کی پیروی اور اس کی ذات سے

Marfat.com

انس و محبت کے علاوہ اسے کوئی چیز اچھی نہیں لگتی۔

مومن جب اپنے نفسانی عیوب کا سراغ لگا لیتا ہے اور ان کے علاج کا سچا ارادہ کر لیتا ہے تو لوگوں کے عیوب میں مشغول ہونے اور ان کی غلطیوں کو شمار کرنے میں اپنا وقت ضائع نہیں کرتا۔ اور جب تم کسی کو دیکھو کہ وہ دوسروں کی غلطیاں شمار کرنے میں مشغول اور اپنے نفس کے عیوب سے غافل ہے۔ تو جان لو کہ وہ احمق اور جاھل ہے۔

حضرت شیخ ابو مدین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

لا تلم المرء علی فعله
وانت منسوب الی مثله
من ذم شیئا اتی مثله
فانما دل علی جهله

(i)۔ "تو کسی کو اس کے عمل پر ملامت نہ کر جب کہ تو ہی اس قسم کا عمل کرنے والا ہو۔"

(ii)۔ "جو کسی عمل کی مذمت کرتا ہے اور پھر اس کو اختیار کرتا ہے تو یہ اس کی جہالت کی دلیل ہے۔"

اسی لئے کہا گیا ہے:

لا تری عیب غیرک مادام فیک عیب
والعبد لا یخلو من عیب ابدا

"جب تک تجھ میں عیب موجود ہے تو کسی غیر کے عیب کی طرف نہ دیکھ۔ اور بندہ کبھی عیب سے خالی نہیں ہوتا۔"

جب انسان اپنے نفسانی عیوب کو جان لیتا ہے تو پھر اپنے نفس کی ناجائز خواہشات اور بری عادات کو ترک کرنے میں مشغول ہو جاتا ہے۔ اور اپنے نفس کو عبادات اور طاعات میں مصروف کر لیتا ہے۔ اپنی رفتار کے مطابق بتدریج مجاہدہ کو جاری رکھتا ہے۔

Marfat.com

وہ ابتداءً ان گناہوں کو ترک کر دیتا ہے جن کا تعلق زبان' کان' آنکھ' ہاتھ' پاؤں' پیٹ اور فرج سے ہوتا ہے۔ پھر ان سات اعضاء کو ان عبادات کے ساتھ مزین و آراستہ کرتا ہے جو ان کے مناسب ہوں۔ یہ سات اعضاء دل کی طرف جانے والے سات راستے ہیں۔ اب انسان چاہے تو اس میں گناہ اور معصیت کی تاریکیوں کو داخل کر کے اس کو آلودہ اور بیمار کر دے چاہے تو اطاعت اور عبادات کر کے اس کو شفاف اور منور کر دے۔

پھر صفات باطنہ کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور ناقص صفات یعنی تکبر' ریاء' اور غضب وغیرہ کو صفات کاملہ میں تبدیل کرتا ہے۔ کیونکہ مجاہدہ کا راستہ انتہائی دشوار گزار اور پر پیچ ہے۔ اس لئے مرید کا تنہا اس میں داخل ہونا انتہائی مشکل ہے۔ بہتر یہی ہے کہ وہ کسی ایسے مرشد کی صحبت اختیار کرے جو نفس کے عیوب سے باخبر اور اس کے علاج معالجہ کے طریقے جانتا ہو۔ تاکہ مرید اس کی صحبت سے تزکیہ نفس اور اس کے مختلف اسالیب کا عملی تجربہ کرے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے مرشد و شیخ سے روحانی فیض بھی حاصل کرے جو مرید کی شخصیت اور ذات کی تکمیل میں معاون ہو۔ اور اسے برائیوں سے دور کر کے اعلیٰ درجہ پر فائز کرے۔

رسول اللہ ﷺ وہ مرشد اول اور مزکّی اعظم تھے جنہوں نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تربیت کی اور اپنے حال و قال سے ان کے نفوس کا تزکیہ کیا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس ارشاد میں نبی کریم ﷺ کی صفات بیان کی ہیں۔ ارشاد الٰہی ہے:

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُزَكِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ۔ (الجمعہ: ۲)

ترجمہ:۔ "وہی (اللہ) جس نے مبعوث فرمایا امیوں میں ایک رسول انہیں میں سے جو پڑھ کر سناتا ہے انہیں اس کی آیتیں اور پاک کرتا ہے ان کے دلوں کو اور سکھاتا ہے انہیں کتاب اور حکمت۔ اگرچہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔"

اپنے آپ کو مرشد کے سپرد کرنا پھر اس کی صحبت پر استقامت اختیار کرنا ہی

Marfat.com

مرید کے لئے نفع مند ہے۔ جس طرح کہ مریض اپنے آپ کو ڈاکٹر کے سپرد کر دیتا ہے لیکن جب شیطان مرید کے دل میں غرور اور حد سے بڑھ کر خود اعتمادی کی بیماری داخل کر دے اور وہ اپنی ذات پر بھروسہ کرنے لگے اور اپنے شیخ کی صحبت سے مستغنی ہو جائے تو محرومی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔ اس کا سفر وہیں موقوف ہو جاتا ہے۔ حالانکہ اس کا گمان ہوتا ہے کہ وہ منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ وہ اس سلسلہ سے منقطع ہو چکا ہوتا ہے جبکہ اس کا یہ گمان ہوتا ہے کہ وہ اس سے متصل ہے۔

شیخ اسماعیل حقی رحمتہ اللہ علیہ اپنی تفسیر "روح البیان" میں فرماتے ہیں کہ درمیانہ طبقہ کے بہت سے سالکین کو دوران سلوک کثیر آفات اور مصائب سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ جب ان کا نفس کثرت مجاہدات اور ریاضات سے اکتا جاتا ہے تو شیطان ان کے دلوں میں وسوسہ ڈال دیتا ہے کہ وہ سلوک کی اس منزل تک پہنچ چکے ہیں کہ جہاں شیخ کی صحبت اور اس کے احکام کو تسلیم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اس لئے وہ اپنے شیخ کو چھوڑ دیتے ہیں اور اپنی خواہشات کی اتباع کے راستہ پر چل نکلتے ہیں۔ اور مختلف قسم کی مشکلات اور شیطان کے پھندہ میں پھنس جاتے ہیں۔

مجاہدہ کے متعلق عارفین اور مشائخ عظام کے اقوال:

ابو العثمان مغربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں، جس نے یہ گمان کیا کہ بغیر مجاہدہ کے اس کو مقام حاصل ہو گیا ہے یا اس پر کوئی چیز منکشف ہوئی ہے تو وہ غلطی پر ہے۔

حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سری سقطی رحمتہ اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے۔ وہ فرماتے ہیں، اے گروہ جوانان! محنت کرو قبل اس کے کہ تم میری عمر کو پہنچ جاؤ اور کمزور ہو جاؤ اور تمہارے اعمال میں کمی آجائے، جیسے میں کمزور ہو گیا ہوں اور میرے اعمال میں کمی واقع ہو گئی ہے۔ حالانکہ اس عمر میں بھی کوئی نوجوان عبادت میں آپکا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔

جو انسان اپنے نفس کو اچھا گمان کرتا ہے وہ اپنے نفس کے عیوب کو نہیں پہچان سکتا۔ اپنے نفس کے عیوب کو وہی پہچان سکتا ہے جو تمام احوال میں اپنے نفس کو

Marfat.com

متم کرتا ہے۔

حضرت ابو علی دقاق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس نے ظاہر کو مجاہدہ کے ساتھ مزین و آراستہ کیا تو اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو مشاہدہ کے ساتھ عمدہ بنا دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔

"اور جو بلند ہمت مصروف جہاد رہتے ہیں ہماری رضا کیلئے، ہم انہیں ضرور دکھادیں گے اپنے راستے۔"

جان لو کہ جو شخص آغاز میں صاحب مجاہدہ نہ ہو تو اس کا طریقت کے قریب تک سے بھی گزر نہ ہوا۔

امام برکوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے عیب کو نہیں جانتا وہ بہت جلد ہلاک ہو جاتا ہے۔ کیونکہ گناہ کفر کے قاصد اور نامہ بر ہوتے ہیں

شیخ الاسلام زکریا انصاری فرماتے ہیں کہ نفس کی نجات اسی میں ہے کہ بندہ اس کی خواہشات کی مخالفت کرے۔ اور اس کو ان اشیاء پر برانگیختہ کرے جن کا حکم اس کے رب نے دیا ہے۔ امام برکوی فرماتے ہیں کہ مجاہدہ یہ ہے کہ ہر وقت نفس کی مخالفت کی جائے۔ یہ عابدوں کا سرمایہ، زاہدین کا راس المال اور نفوس کی درستگی اور اس کی تذلیل کا دارومدار ہے۔ اور ارواح کی تقویت اور تزکیہ اور اللہ کی بارگاہ میں پہنچنے کا سبب اور وسیلہ ہے۔

اے سالک! تجھ پر لازم ہے کہ نفس کو خواہشات سے روکے۔ اور اس کو مجاہدہ میں مشغول کرے۔ اگر تو اللہ سے ہدایت کا طالب ہے۔ کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(i)۔ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔

"اور جو بلند ہمت مصروف جہاد رہتے ہیں ہماری رضا کے لئے، ہم انہیں دکھادیں گے اپنے راستے۔"

(ii)۔ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ۔ (عنکبوت:٦)

Marfat.com

"اور جو شخص کوشش کرتا ہے وہ اپنے فائدہ کے لئے ہی کوشاں ہے۔"

ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مرید کے لئے ابتداء طریقت میں داخل ہونے کے لئے مجاہدہ' مشقت اور صدق و تصدیق کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ آخری منازل کو ظاہر اور روشن کرتا ہے۔ جسکا آغاز روشن ہو اس کی انتہا بھی روشن ہوتی ہے۔ اگر ہم کسی شخص کو دیکھیں کہ وہ طلب حق میں اپنی جان' روح اور عزت و مرتبہ کو قربان کر دیتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ وہ مقام عبودیت تک پہنچ جائے۔ اور وظائف عبوبیت ادا کرے تو ہم جان لیتے ہیں کہ اس کی انتہا محبوب تک پہنچنے پر ہو گی اور جب کسی کو دیکھیں کہ وہ اپنے امور میں کوتاہی کرنے والا ہے۔ تو ہم جان لیتے ہیں کہ وہ اپنی منزل تک نہیں پہنچ سکتا ہے۔

مجاہدہ کے بارے میں شبہات کا رد:

اگر کوئی کہے کہ صوفیائے کرام ان لذات کو حرام قرار دیتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے حلال قرار دیا ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(i)۔ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ۔ (اعراف:۳۱)

"آپ فرما دیجئے کس نے حرام کیا اللہ کی زینت کو جو پیدا کی اس نے اپنے بندوں کیلئے اور (کس نے حرام کئے) لذیذ پاکیزہ کھانے۔"

(ii)۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ۔ (مائدہ:۸۷)

"اے ایمان والو! نہ حرام کرو پاکیزہ چیزوں کو جنہیں حلال فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے اور نہ حد سے بڑھو' بے شک اللہ تعالیٰ نہیں دوست رکھتا حد سے تجاوز کرنے والوں کو۔"

تو ہم اس کا جواب دیتے ہیں کہ صوفیائے کرام نے حلال کو حرام نہیں بنایا۔ کیونکہ ان کی زندگی کا اعلیٰ ترین مقصد اللہ تعالیٰ کی شرع کے ساتھ مقید رہنا ہے۔ لیکن

Marfat.com

جب انہوں نے جان لیا کی تزکیہ فرض عین ہے اور یہ بھی جان لیا کہ نفس کی صفات سیئہ انسان کو ہلاکت میں ڈال دیتی ہیں اور مراتب کمال میں ترقی سے روکتی ہیں تو انہوں نے اپنے اوپر لازم کر لیا کہ وہ اپنے نفوس کو مھذب اور ان کو خواہشات کی قید سے آزاد کرائیں گے۔

عظیم صوفی حکیم ترمذی اس شبہ کا رد فرماتے ہیں کہ ان آیات سے استدلال کرنا صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ہم اس سے کسی چیز کو حرام کرنے کا ارادہ نہیں کرتے۔ بلکہ ہمارا مقصد تو تادیب نفس ہے۔ یہاں تک کہ نفس ادب سے آراستہ ہو جائے۔ اور جان لے کہ اس نے کیسے عمل کرنا ہے۔ کیا آپ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف نہیں دیکھتے:

اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ۔ (اعراف:۳۲)

"بے شک حرام کر دیا ہے میرے رب نے سب بے حیائیوں کو جو ظاہر ہیں ان سے اور جو پوشیدہ ہیں اور (حرام کر دیا) گناہ کو اور سرکشی کو بغیر حق کے۔"

حلال چیزوں میں حد سے تجاوز کرنا حرام ہے۔ اسی طرح فخر و مباہات' ریاء اور اسراف حرام ہے۔ اور سالک کو ان چیزوں سے اس لئے روکا گیا ہے تاکہ اس کے دل میں خرابی پیدا نہ ہو جائے۔ جب میں نے دیکھا کہ نفس اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور رزق کو حاصل کرتا ہے۔ اور مباہات کا ارادہ کرتا ہے تو میں نے جان لیا کہ اس نے حرام کو حلال کے ساتھ ملا لیا ہے۔ اور شکر کو ضائع کر دیا ہے۔ اس کو تو رزق اس لئے عطا کیا گیا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے نہ کہ کفر۔ جب میں نے اس کا سوء ادب دیکھا تو اس کو ان چیزوں سے منع کر دیا۔ حتیٰ کہ وہ ذلیل اور تابع ہو گیا' اور میرے رب نے جب مجھے اپنی ذات میں مجاہدہ کرتے ہوئے دیکھا تو مجھے اپنے راہ میں ہدایت فرمائی۔ جیسا کہ اس نے خود ارشاد فرمایا ہے:

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا' وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ۔ (عنکبوت:۴۹)

Marfat.com

ترجمہ:۔ "اور جو بلند ہمت مصروف جہاد رہتے ہیں ہمیں راضی کرنے کے لئے، ہم ضرور دکھادیں گے انہیں اپنے راستے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ محسنوں کے ساتھ ہے۔"

میں مجاہدہ کی وجہ سے اس کے نزدیک محسن ہو گیا اور مجھے اللہ کی معیت حاصل ہو گئی۔ اور جسے اللہ تعالیٰ کی معیت حاصل ہو جائے، وہ ایسے گروہ کے ساتھ ہو جاتا ہے جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا۔ اور ایسے چوکیدار کے ساتھ ہوتا ہے جو کبھی نہیں سوتا۔ اور ایسے ہادی کے ساتھ ہوتا ہے جو کبھی نہیں بدلتا۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کے دل میں ایک نور پیدا کر دیتا ہے جو اسے جلد ہی آخرت کے ثواب کی طرف لے جاتا ہے، جیسا کہ حضور پاک ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "جب کسی بندہ کے دل میں نور القا کر دیا جائے، تو اس کا دل کشادہ اور وسیع ہو جاتا ہے۔" عرض کی گئی، یا رسول اللہ ﷺ! کیا اس کی علامت بھی ہے؟ تو فرمایا، ہاں، اس کی علامت دارِ غرور سے پہلو تہی اور دارالخلود کی طرف رجوع اور قبل از وقت اس کی تیاری کرنا ہے۔

دل میں نور آجانے کی وجہ سے سالک فانی دنیا سے پہلو تہی کرتا ہے۔ اور اس نور کے ذریعہ دنیا کے عیوب، مصائب و آفات اور فریب کاریوں کو جان لیتا ہے۔ اس وجہ سے اس کے دل سے بدکاری، ریاء، فخر و مباہات اور حسد و تکبر نکل جاتا ہے۔ یہ تمام برائیاں اس وقت جنم لیتی ہیں جب انسان دنیا کی تعظیم و محبت اور حلاوت کو دل میں بٹھالے۔ ان تمام آفات سے نجات کا ذریعہ صرف اور صرف مجاہدہ نفس ہے جس کی وجہ سے انسان اپنی تمام خواہشات کو ترک کر دیتا ہے۔

بعض لوگ جہالت اور جلد بازی سے کام لیتے ہوئے یہ گمان کرتے ہیں کہ تصوف کے مجاہدات بدھ مت یا ہندو مت سے ماخوذ ہیں۔ اور اس کی اصل نصرانی مذہب کی اس بے راہ روی سے ملتی ہے جس میں جسم کو عذاب دینا روح کی بالیدگی اور ترقی کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ بعض نے کہا کہ تصوف کا تعلق اس رہبانی رجحان سے ہے جو ان تین افراد میں ظاہر ہوا جنہوں نے نبی کریم ﷺ کی عبادت کے بارے میں

Marfat.com

پوچھا' جب انہیں بتایا گیا تو شاید انہوں نے اس کو قلیل گمان کیا۔ اور ان میں سے ایک نے گمان کیا کہ میں صوم دہر رکھوں گا۔ دوسرے نے کہا' میں ساری رات قیام میں گزار دوں گا۔ اور تیسرے نے کہا' میں عورتوں سے عزلت اختیار کروں گا۔ اور شادی نہیں کروں گا۔ جب نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں انکا معاملہ پیش کیا گیا تو آپ نے ان کے افکار کی تصحیح کی' اور صراط مستقیم کی طرف ان کی راہنمائی کی۔ ان سب اعتراضات کا جواب یہ ہے کہ تصوف اسلامی کو کسی بھی دور میں مستقل شریعت اور جدید دین کی حیثیت حاصل نہ تھی۔ بلکہ یہ تو اللہ تعالی کے دین کو نافذ کرنے کی عملی صورت اور نبی کریم ﷺ کی کامل اتباع کا نام ہے ان معترضین کو یہ شبہ اس وجہ سے لاحق ہوا۔ کیونکہ انہوں نے دیکھا کہ تصوف میں دین حنیف کی حدود اور شرعی بنیادوں پر تزکیۂ نفس اور اس کی تربیت اور مجاہدہ کا بڑا اہتمام کیا جاتا ہے۔ پس انہوں نے بغیر کسی سوچ و بچار کے نصرانیوں کی بے راہ روی پر تصوف کو قیاس کیا۔ حالانکہ دینی حدود میں مقید مجاہدہ کے دوران اور دینی غلو' انحراف اور حرام کو حلال کرنے اور تعذیب جسم میں بہت بڑا فرق ہے۔

اور یہ انتہائی ظلم و افتراء ہے کہ جو بھی مجاہدہ اور تزکیہ نفس کا ارادہ کرے اس پر حکم لگا دیا جائے کہ اس کا رجحان بدھ مت یا ہندو مت کی طرف ہے۔ جس طرح کہ مستشرقین اور ان کے متبعین کا خیال ہے یعنی ان پر یہ حکم لگا دیا جائے کہ یہ ان افراد کی پیروی کرتے ہیں۔ جنہوں نے نبی پاک ﷺ کی عبادت کو قلیل گمان کیا ہے۔ جس طرح کہ بعض جلد باز اور سطحی قسم کے لوگوں کا خیال ہے۔ حالانکہ نبی کریم ﷺ نے ان تینوں کی اصلاح فرما دی تھی۔ اور وہ آپکی سنت اور ہدایت پر عمل پیرا ہو گئے تھے۔

اگر پوری تاریخ تصوف میں کوئی ایسا شخص پایا جائے جس نے حلال کو حرام کیا ہو یا نصرانی راہبوں کی طرح اپنے جسم کو عذاب میں مبتلا کیا ہو تو وہ بدعتی ہے اور تصوف سے اس کا دور کا بھی واسطہ نہیں۔ اس لئے تصوف اور صوفی کے درمیان فرق کرنا چاہیئے۔ کیونکہ کوئی بھی صوفی ذاتی انحرافات سے مکمل طور پر تصوف کی نمائندگی

Marfat.com

فنفسی کانت قبل لوامه متی
اطعها عصت' اواعص کانت مطیعتی
فاردتها ماالموت ایسر بعضه
واتعبتها کیما تکون مریحتی
فعادت ومهما حملته تحملت
به منی وان خففت عنها تاذت
واذهبت فی تهذیبها کل لذاه
بابعادها عن عادها فاطمانت
ولم یبق هول دونها مارکبته
واشهد نفسی فیه غیر زکیه

ترجمہ۔ (i)۔ "میرا نفس لوامہ تھا' جب بھی میں اس کو مطیع بناتا تو نافرمانی کرتا۔ اور جب اس کی بات نہ مانتا تو یہ مطیع ہو جاتا۔"

(ii)۔ "میں نے اس کو مجاہدات میں داخل کیا' لیکن اس پر قابو پانا آسان نہیں تھا۔ میں نے اس کو تھکایا تاکہ مجھے راحت پہنچائے۔"

(iii)۔ "پھر اس کی یہ حالت ہو گئی کہ اس پر جو بھی بوجھ ڈالتا' وہ اٹھا لیتا۔ اور اگر بوجھ کو کم کرتا تو اس کو تکلیف ہوتی۔"

(iv)۔ "اس کو مہذب بنانے کے لئے اسے ہر لذت سے بچائے رکھا۔ اور اس کو خواہشات سے دور رکھا تو مطمئن ہو گیا۔"

(v)۔ "اس سے بڑھ کر کوئی مصیبت نہیں جس سے میں دوچار ہوا ہوں۔ اور میں اپنے نفس کی پاکیزگی کی گواہی نہیں دیتا۔"

اسی وجہ سے شیخ ابن فارض رحمتہ اللہ علیہ محبت کے ان جھوٹے دعویداروں کی طرف اشارہ کرتے ہیں جنہوں نے نہ تو دنیا کو ترک کیا' نہ ہی مجاہدہ کو اپنایا۔ آپ فرماتے ہیں:

رضوا بالامانی وابتلوا بعظوظهم

Marfat.com

وخاضوا بحار الحب دعوی فما ابتلوا

فهم فی السری لم یبرحوا من مکانهم

وما ظعنوا فی الیسر عنه وقد کلوا

ترجمہ:۔(i) "بعض لوگ آرزوؤں سے راضی ہیں اور دنیا کی محبت میں مبتلا ہیں۔ محبت کے سمندر میں غوطہ زنی کا دعوی ہے۔ لیکن ابھی تک ان کا پہلو بھی تر نہیں۔"

(ii)۔ "رات کے سفر میں اپنی جگہ سے نہیں ہٹے' نہ ہی کوچ کی تیاری کی۔ حالانکہ تھکاوٹ سے نڈھال ہو چکے تھے۔"

مجاہدہ سلوک کے تمام مراحل اور منازل میں بنیادی شرط ہے۔ لیکن منازل میں ترقی کے مطابق سالک کے مجاہدہ کی صورت بدلتی رہتی ہے۔ اس کی مثال اس طالبعلم کی سی ہے جو پہلے پرائمری کے درجہ میں داخل ہوتا ہے پھر ترقی کر کے مڈل' ہائی' انٹر اور گریجویشن تک پہنچ جاتا ہے' حالانکہ پرائمری اور گرجویشن کے مدارج میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اور اسی طرح برائی کا حکم دینے والے اور خواہش کی طرف مائل ہونے والے نفس اور نفس مطمئنہ' راضیہ اور مرضیہ کے درمیان واضح فرق ہے۔

خلاصۂ کلام:

مجاہدہ صوفیائے کرام کے طریقہ کی اصل ہے۔ اسی لئے انہوں نے فرمایا ہے۔ "جس نے اصل کو اپنایا' اس نے مطلوب کو پالیا۔ اور جس نے اصل کو ترک کردیا' وہ مطلوب سے محروم رہا۔" اسی طرح وہ فرماتے ہیں کہ جس کی ابتدا مجاہدہ سے نہ ہو' تو اس کی انتہا روشن اور منور نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ ابتداء' انتہا اور انجام کے لئے دال اور مشید ہوا کرتی ہے۔

Marfat.com

ذکر

ابتدائی مقام سے لے کر مقام توحید تک تمام مقامات ذکر کا ہی ثمرہ ہیں۔ اسی طرح تمام احوال و معارف جن کے حصول کیلئے سالک محنت اور کوشش کرتا ہے' وہ اسی کا ثمرہ ہیں۔ ذکر کے شجر سے ہی ان تمام ثمرات کا حصول ممکن ہے۔ اور یہ شجر جتنا بڑا ہو گا اور اس کی جڑیں جتنی مضبوط ہوں گی اتنا ہی زیادہ ثمربار ہو گا۔ اور یہی شجر تمام مقامات کی اصل اور بنیاد ہے۔ جس پر ان تمام مقامات کی عمارت تعمیر ہوتی ہے۔ یہ بعینہ اسی طرح ہے جس طرح بنیاد پر دیوار اور دیوار پر چھت کی تعمیر ہوتی ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ بندہ جب تک غفلت سے بیدار نہ ہو' اس کیلئے ان منازل سلوک کا طے کرنا ممکن نہیں جس کے لئے اس کی تخلیق ہوئی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ۔ (ذاریات:۵۶)

ترجمہ:۔ "اور نہیں پیدا کیا میں نے جن و انس کو مگر اس لئے کہ وہ میری عبادت کریں۔"

اور انسان ذکر کے ذریعہ ہی غفلت سے بیدار ہوتا ہے۔ اور غفلت دل کی

Marfat.com

نیند یا موت کا نام ہے۔

صوفیائے کرام نے اپنے مولیٰ کے کثرت ذکر کے حکم کی پیروی کر کے اپنی زندگیوں کو فرشتوں کی زندگیوں کی طرح بنالیا ہے۔ ان کے دلوں میں نہ تو دنیا کا خیال آتا ہے اور نہ ہی یہ دنیا محبوب سے دور کر سکتی ہے۔ وہ اپنے رب کی ہم نشینی کی وجہ سے اپنے آپ کو بھول گئے۔ حتی کہ وہ ماسوٰی اللہ ہر چیز سے ماورٰی ہو گئے اور جب انہوں نے اس ذات کو پالیا' تو ان پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔

ذکر تک لا انی نسیتک لمحۃ
والیسر ما فی الذکر ذکر لسانی

"میں نے تجھ کو یاد کیا اس وجہ سے نہیں کہ میں بھول گیا تھا۔ اور سب سے آسان ذکر میری زبان کا ذکر ہے۔"

صوفی لمحہ بلمحہ اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور اس کو ذکر کے طفیل انشراح صدر' اور بالیدگی روح حاصل ہوتی ہے۔ کیونکہ اسے اپنے پروردگار کے ساتھ ہم نشینی کا شرف حاصل ہوتا ہے۔ جیسا حدیث قدسی ہے:

اہل ذکری اہل مجالستی۔ (مسند امام احمد)

"اہل ذکر میرے ہمنشین ہیں۔"

عارف وہ ہوتا ہے جو ذکر پر دوام اور ہمیشگی اختیار کرتا ہے۔ اور اس فانی دنیا سے لطف اندوز ہونے سے اپنے دل کو پھیر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام احوال کی ذمہ داری اپنے ذمے لے لیتا ہے۔ اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ کیونکہ جو صبر کرتا ہے' کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ اور جو بار بار دروازہ کھٹکھٹاتا ہے اس کیلئے دروازہ کھل ہی جاتا ہے۔

ذکر کے معانی:

قرآن کریم اور احادیث طیبہ میں لفظ ذکر کئی معانی میں استعمال ہوا ہے۔

(۱)۔ کبھی تو اس لفظ سے قرآن کریم مراد ہوتا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ

Marfat.com

کرو اللہ تعالیٰ کا کثرت سے۔"

(iii)۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا۔ (مزمل:۸)

"اور ذکر کیا کرو اپنے رب کے نام کا اور سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو۔"

اسی طرح درج ذیل احادیث نبویہ ﷺ میں بھی ذکر سے یہی معنی مراد لیا گیا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان اللہ عزوجل یقول: انا مع عبدی اذا ھو ما ذکرنی تحرکت بی شفتاہ۔ (ابن ماجہ 'کتاب الادب (ابن حبان) مسند امام احمد)

"اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے' میں اپنے بندہ کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے۔ اور جب اس کے ہونٹ میرے ذکر کے لئے ہلتے ہیں۔"

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ اسلام کے احکام کثیر ہیں کوئی ایسی چیز بتایئے جس کو میں مضبوطی سے تھام لوں۔ اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا'

لا یزال لسانک رطبا من ذکر اللہ۔ (ترمذی)

"تو ہمیشہ اللہ کے ذکر میں رطب اللسان رہے۔"

بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ لفظ ذکر سے مراد حلال و حرام کا علم ہے اس کا جواب یہ ہے کہ لفظ ذکر قرآن' صلوٰۃ' علم اور ذکر اللہ میں مشترک ہے اور لفظ مشترک میں اس معنی کا اعتبار ہو گا۔ جو عرف میں غالب استعمال ہو۔ اس کے علاوہ اگر دوسرا معنیٰ مراد لینا ہو تو لفظی یا حالی قرینہ پایا جانا ضروری ہے۔ اور لفظ ذکر کا غالب استعمال ذکر اللہ میں ہی ہوتا ہے۔ اور اس کے علاوہ کبھی کبھی لفظ ذکر بول کر علم مراد ہوتا ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ۔

"اور پوچھ لیا کرو اہل علم سے۔"

اس آیت کریمہ میں ذکر سے علم اس لئے مراد لیا گیا ہے کیونکہ یہاں سوال کا

Marfat.com

قرینہ موجود ہے۔

کتاب و سنت سے دلائل:

بہت سی آیات کریمہ ذکر کی اہمیت پر دلالت کرتی ہیں۔ یہاں چند آیات کو ذکر کیا جاتا ہے۔

اللہ رب العزت اپنی لاریب کتاب قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے:

(۱)۔ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ۔

"سو تم مجھے یاد کرو میں تمھیں یاد کروں گا۔"

(۲)۔ اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ۔ (آل عمران:۱۹۱)

"وہ لوگ اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے بیٹھے اور پہلوؤں پر" ۔

(۳)۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا۔ (احزاب:۴۱،۴۰)

"اے ایمان والو! یاد کرو اللہ تعالی کو کثرت سے اور اس کی پاکی بیان کرو صبح و شام" ۔ (۴)۔ اَلذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا۔ (احزاب:۳۵)

"اور کثرت سے اللہ کو یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں۔ تیار کر رکھا ہے اللہ نے ان سب کے لئے مغفرت اور اجر عظیم" ۔

(۵)۔ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ۔ (آل عمران:۴۱)

"اور یاد کرو اپنے پروردگار کو بہت۔ اور پاکی بیان کرو اس کی صبح و شام" ۔

(۶)۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ (الوعد:۲۸)

Marfat.com

لیا جائے ان میں اللہ کا نام" ۔

(۱۵)۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْھِکُمْ اَمْوَالُکُمْ وَلَا اَوْلَادُکُمْ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ۔ (منافقون:۹)

"اے ایمان والو! تمھیں غافل نہ کر دیں تمھارے اموال اور نہ تمہاری اولاد اللہ کے ذکر سے" ۔

(۱۶)۔ وَالذّٰکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذّٰکِرَاتِ' اَعَدَّ اللّٰہُ لَھُمْ مَّغْفِرَۃً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا۔ (احزاب:۳۵)

"اور کثرت سے اللہ کو یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں۔ تیار کر رکھا ہے اللہ نے ان سب کیلئے مغفرت اور اجر عظیم" ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "الذّٰکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا" سے مراد یہ ہے کہ وہ نمازوں کے بعد اور صبح و شام اور نیند سے بیداری کے وقت اور اپنے گھر میں داخل ہوتے اور نکلتے ہوئے اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ بندہ کثیر ذکر کرنے والوں میں اس وقت شمار ہو گا جب بیٹھتے' اٹھتے' لیٹتے ہر حالت میں اللہ کا ذکر کرے۔

ذکر کے علاوہ تمام عبادات کی صحت کیلئے کچھ شروط ہیں لیکن ذکر' طہارت اور بغیر طہارت' قیام و قعود بلکہ تمام احوال میں جائز ہے۔ اسی وجہ سے امام نووی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ تمام علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ دل اور زبان کا ذکر ہے بے وضو' جنبی' حیض و نفاس والی عورت کیلئے بھی جائز ہے اور اس ذکر سے مراد تسبیح و تہلیل' تحمید' تکبیر اور درود و سلام اور دعا مراد ہے۔

ذکر' دلوں کا صیقل اور فیوض ربانی کی چابی اور دلوں پر تجلیات کے نزول کا راستہ ہے۔ اس کی وجہ سے انسان صفات الہیہ سے متصف ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ذکر سے غفلت کی وجہ سے سالک پر غم و حزن طاری ہو جاتا ہے۔ اور اگر وہ اللہ تعالی کے ذکر میں مشغول ہو جائے' تو وہ خوشی محسوس کرتا ہے اور اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ ذکر خوشی و مسرت کی کلید ہے' جس طرح غفلت' غم و حزن کی کلید

Marfat.com

ہے۔

سنت:

(۱)۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رحمتہ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مثل الذی یذکر ربه والذی لایذکر ربه مثل الحی والمیت۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "اپنے رب کا ذکر کرنے والے نہ کرنے والے کی مثال زندہ اور مردہ کی طرح ہے"۔

(۲)۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالی کے بعض فرشتے راستوں میں چکر لگاتے ہوئے اہل ذکر کو تلاش کرتے ہیں۔ جب کسی قوم کو اللہ کے ذکر میں پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو ندا دیتے ہیں کہ اپنے مقصد کی طرف آؤ۔ فرمایا' وہ فرشتے اس مجلس کو اپنے پروں کے ساتھ آسمان کو گھیر لیتے ہیں۔ پھر فرمایا' ان کا انکا رب عزوجل ان سے پوچھتا ہے حالانکہ وہ خوب جاننے والا ہے کہ میرے بندے کیا کہتے ہیں۔ فرشتے عرض کرتے ہیں' تیری عظمت و بزرگی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے' کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں' نہیں' قسم بخدا انہوں نے آپکو نہیں دیکھا۔ تو اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے' اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو ان کی حالت کیا ہوتی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں' اگر وہ لوگ آپکو دیکھ لیتے تو اس سے بھی زیادہ عبادت و عظمت اور بزرگی کا اظہار کرتے۔ پھر اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے کہ وہ مجھ سے کس چیز کا سوال کرتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں وہ آپ سے جنت کا سوال کرتے ہیں۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے' کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں' قسم بخدا انہوں نے اس کو نہیں دیکھا۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے' اگر وہ جنت کو دیکھ لیتے تو اس سے بھی زیادہ اس کے طالب اور رغبت رکھنے والے ہوتے۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے' وہ کس چیز سے پناہ مانگتے تھے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں' جہنم کی آگ سے۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا

Marfat.com

ہے' کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ تو فرشتے عرض کرتے ہیں' نہیں' قسم بخدا! انہوں نے اسے نہیں دیکھا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے' اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیا حالت ہوتی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس سے بھی زیادہ اس سے بھاگتے اور خوفزدہ ہوتے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے' اے فرشتو! میں تمھیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے انہیں بخش دیا۔ ایک فرشتہ اللہ کی بارگاہ میں عرض کرتا ہے' کہ فلاں آدمی تو ان میں سے نہیں ہے۔ وہ تو اپنے کسی کام کیلئے آیا تھا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ان اہل مجلس کا ہم نشین کبھی بدبخت نہیں ہو سکتا۔ (بخاری)

اس حدیث پاک میں مجالس ذکر' اہل ذکر اور ذکر کے لئے اجتماع کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ اور یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اہل ذکر کا ہم نشین بھی ان نوازشات میں شامل ہوتا ہے جن کو رب کریم اہل مجالس پر نازل فرماتا ہے۔ اگرچہ وہ اصل ذکر میں شامل نہ ہو لیکن اہل ذکر کی ہم نشینی کے باعث وہ خوش بخت بن جاتا ہے۔ کیونکہ جو کسی کی معیت اختیار کرتا ہے۔ بشرطیکہ اس کی نیت صحیح ہو تو اس کا شمار بھی انہیں میں ہوتا ہے۔

(۳)۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا'

اذا مررتم بریاض الجنه فارتعوا' قالوا' یارسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! ما ریاض الجنه؟ قال' حلق الذکر۔ (ترمذی)

"آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا' جب تم باغات جنت کے قریب سے گزرو' تو اس میں سے کچھ کھالیا کرو۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! باغات جنت سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا' محافل ذکر"۔

(۴)۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"لیبعثن الله اقواما یوم القیامه فی وجوههم النور علی منابر اللولو' یغبطهم الناس' لیسوا بانبیاء ولا شهداء' قال فجثی اعرابی علی رکبتیه' فقال' یارسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

حلهم لنا نعرفهم' قال هم المتحابون فی الله من قبائل شتی وبلاد شتی یجتمعون علی ذکر الله یذکرونه۔ (طبرانی)

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' قیامت کے دن کچھ لوگوں کو اس حال میں اٹھایا جائے گا کہ ان کے چہرے سراپا نور ہوں گے اور وہ موتیوں کے منبروں پر براجمان ہوں گے۔ لوگ ان پر رشک کریں گے۔ یہ نہ تو انبیاء ہوں گے اور نہ ہی شہداء" ۔

راوی فرماتے ہیں کہ یہ بات سن کی ایک بدو اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔ اور عرض کی۔ یا رسول اللہ ﷺ ! آپ ﷺ ہمیں ان کا حلیہ بیان کیجئے تاکہ ہم انکو پہچان لیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا' یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ کیلئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ مختلف قبائل اور علاقوں سے جمع ہو کر اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔

(۵)۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مکہ کے کسی راستہ سے گزر رہے تھے کہ آپ ﷺ کا گزر جمدان پہاڑ کے قریب سے ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا! یہ جمدان پہاڑ ہے مفردون سبقت لے گئے' عرض کی گئی یا رسول اللہ ﷺ ! مفردون کو ہیں؟ فرمایا' اللہ سے محبت کرنے والے۔ اللہ کا ذکر ان کے بوجھوں (گناہوں) کو اتار دیگا۔ اور وہ قیامت کے دن ہلکے پھلکے بارگاہ الٰہی میں حاضر ہوں گے۔

اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو ذکر کے انتہائی حریص اور مشتاق ہوتے ہیں۔ اس پر مواظبت اختیار کرتے ہیں۔ انہیں جو کچھ بھی کہا جائے۔ یا ان سے جو کچھ بھی سلوک کیا جائے۔ تو اس کی پرواہ نہیں کرتے۔ (مسلم۔ ترمذی)

(۶)۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا' الا انبئکم بخیر اعمالکم وازکاها عندملیکم وارفعها فی درجاتکم وخیر لکم من انفاق الذهب والورق۔ وخیرلکم من ان تلقوا عدوکم فتضربوا اعناقهم ویضربوا اعناقکم؟ قالو' بلی' قال: ذکر الله فقال: معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ' ماشیئی انجی من عذاب الله۔ (ترمذی)

Marfat.com

"آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمھیں تمھارے افضل ترین عمل کے بارے میں آگاہ نہ کردوں جو تمھارے رب کے نزدیک زیادہ پاکیزہ اور تمھارے درجات کو بلند کرنے والا ہے۔ اور تمھارے سونا اور چاندی کے خرچ کرنے سے بھی زیادہ افضل ہے۔ اور اس سے بھی زیادہ بہتر ہے کہ تم دشمنوں کے ساتھ مقابلہ کرو۔ تم ان کی گردنیں اڑاؤ اور وہ تمھاری گردنیں اڑائیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی' ہاں' ضرور بتایئے۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' یہ عمل اللہ کا ذکر ہے"۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ذکر الٰہی سے بڑھ کر عذاب خداوندی سے بچانے والی کوئی چیز نہیں۔

(۷)۔ حدیث قدسی ہے:

انا عند ظن عبدی بی وانا معه اذا ذکرنی' فان ذکرنی فی نفسه ذکرته فی نفسی' وان ذکرنی فی ملا ذکرته فی ملا خیر منهم' وان تقرب الی شبرا شبرا تقربت الیه ذراعا' وان تقرب الی ذراعا تقربت الیه باعا' وان اتانی یمشی اتیته هروله۔

حدیث قدسی ہے' اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"میں اپنے بندہ سے ویسا ہی سلوک کرتا ہوں جیسا وہ میرے متعلق گمان رکھتا ہے۔ جب وہ میرا ذکر کرتا ہے تو اسے میری معیت حاصل ہوتی ہے۔ اگر وہ میرا ذکر اپنے دل میں کرے تو میں بھی اسی طرح اسے یاد کرتا ہوں۔ اور اگر وہ میرا ذکر کسی مجلس میں کرے تو میں اس کا ذکر اس سے بہتر مجلس میں کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت میرے قریب آئے تو میں ایک ذراع اس سے قریب ہوتا ہوں۔ اگر وہ ایک ذراع میرے قریب آئے تو میں دو ہاتھ اس کے قریب ہوتا ہوں۔ اگر وہ چل کر میری بارگاہ میں حاضر ہو تو میری رحمت دوڑ کر اس کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔ (مسلم' کتاب الذکر۔ بخاری' کتاب التوحید۔ ترمذی' کتاب الدعوات۔)

(۸)۔ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ ان رسول الله ﷺ

Marfat.com

قال:یقول اللہ عزوجل یوم القیامہ:سیعلم اھل الجمع من اھل الکرم' فقیل ومن اھل الکرم یارسول اللہ ﷺ! قال! اھل مجالس الذکر فی المساجد۔ (مسند امام احمد۔ ابو یعلی۔ صحیح ابن حبان۔ سنن بیہقی۔)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' "قیامت کے دن اللہ تعالی ارشاد فرمائے گا۔ آج تمام لوگ جان جائیں گے کہ اہل کرم کون ہیں۔ عرض کی گئی' یا رسول اللہ ﷺ! اہل کرم کون لوگ ہیں؟ تو ارشاد فرمایا' مسجدوں میں محافل ذکر کا انعقاد کرنے والے"۔

(۹)۔ عن انس رضی اللہ عنہ عن رسول اللہ ﷺ' قال: ما من قوم اجتمعوا یذکرون اللہ عزوجل لا یریدون بذلک الا وجھہ' الا ناداہ منادمن السماء ان قوموا مغفورا لکم وقد بدلت سیئاتکم حسنات۔ (مسند امام احمد بن حنبل۔ مجمع الزوائد' ج۱۰' ص۷۶۔)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' کہ جو قوم بھی اللہ تعالی کے ذکر کے لئے جمع ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالی کی رضا کے سوا ان کا کوئی مقصد نہیں ہوتا آسمان سے ایک منادی ایک ندا دیتا ہے کہ تم اس مجلس سے اس حال میں اٹھو کہ تمھارے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور تمھاری برائیوں کو نیکیوں میں بدل دیا جائے گا۔"

(۱۰)۔ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ ﷺ :یقول الرب تبارک وتعالی:من شغلہ قراءۃ القرآن وذکری عن مسئالتی اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین۔ (ترمذی) (دارمی)

"حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رب تعالی ارشاد فرماتا ہے جس شخص کو تلاوت قرآن اور میرے ذکر نے مجھ سے سوال کرنے سے مشغول کر دیا' تو اس کو میں سوال کرنے والوں سے بھی زیادہ عطا

Marfat.com

کرتا ہوں" ۔

اس کے علاوہ بھی ذکر کی فضیلت' اس کے لئے اجتماع اور ذکر جہری و سری کے بارے میں بہت سی احادیث وارد ہیں۔

ذکر کی فضیلت میں علمائے کرام کے اقوال:

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ:

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' اللہ تعالیٰ نے جب بھی کسی عبادت کو فرض کیا تو اس کی ایک معلوم حد متعین کر دی۔ اور حالت عذر میں معذوروں کو رخصت دی سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے۔ کہ اس کی نہ کوئی حد متعین کی اور نہ ہی اس کے ترک کرنے میں کسی کو معذور جانا سوائے مجنون کے۔ اس کے علاوہ اپنے بندوں کو تمام احوال میں ذکر کرنے کا حکم دیا۔ اللہ جل شانہ نے ارشاد فرمایا:

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ۔ (نساء:۱۰۳)

"ذکر کرو اللہ تعالیٰ کا کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور اپنے پہلوؤں پر (لیٹے ہوئے)" ۔

ایک دوسرے مقام پر فرمایا:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا۔ (احزاب:۴۱)

"اے ایمان والو! یاد کیا کرو اللہ تعالیٰ کو کثرت سے" ۔

یعنی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو اور رات میں' خشکی اور تری میں' سفر اور حضر میں' غنا اور فقر میں' صحت اور بیماری میں' پوشیدہ اور علانیہ طور پر۔ اور حتیٰ کہ ہر حال میں۔ (نور التحقیق' ص ۱۴۷)

ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ:

ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ذکر سے دل کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دائمی حضوری حاصل ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ نسیان اور غفلت سے چھٹکارا بھی۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ذکر اللہ تعالیٰ کے اسم ذاتی یا اس کی کسی

Marfat.com

صفت کو بار بار دہرانے کا نام ہے۔ اسی طرح اس کے کسی حکم، فعل یا اس کے علاوہ دوسرے امور جو قرب الٰہی کے باعث ہوں۔ یہ تمام ذکر میں شامل ہیں۔(مفتاح الفلاح، ص ۴)

امام ابو قاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ:

آپ فرماتے ہیں کہ ذکر ولایت کا منشور، وصال کا منارہ، راہ سلوک پر چلنے کی علامت اور منزل تک پہنچنے کی دلیل ہے۔ ذکر سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ تمام خصائل حمیدہ جو ذکر کی طرف ہی راجع ہیں تمام کا منبع ذکر ہی ہے۔

Marfat.com

ابن قیم الجوزیہ:

ابن قیم الجوزیہ فرماتے ہیں' "بلا شک و ریب چاندی اور تانبے کی طرح دل بھی زنگ آلود ہو جاتا ہے۔ اور اس کی صفائی ذکر سے ممکن ہے۔ ذکر الٰہی دل کو چمکتے ہوئے آئینہ کی مانند کر دیتا ہے۔ اور جب ذکر ترک کر دیا جاتا ہے تو دل پھر زنگ آلود ہو جاتا ہے۔ جبکہ زنگ لگنے کے دو سبب ہیں:

(i)۔ غفلت۔ (ii)۔ گناہ۔

اور اس کی صفائی بھی دو چیزوں سے ہوتی ہے۔

(۱)۔ استغفار۔ (۲)۔ ذکر۔

کثرت غفلت سے قلب انسانی پر دبیز تہہ جم جاتی ہے۔ اور جب قلب زنگ آلود ہو جاتا ہے تو معلومات کی حقیقی تصاویر اس میں منعکس نہیں ہوتیں۔ تو پھر اس کے نزدیک حق و باطل میں تمیز نہیں رہتی۔ اور وہ حق کو باطل اور باطل کو حق سمجھنے لگتا ہے۔ کیونکہ جب اس کے دل پر زنگ تہہ در تہہ جم جاتا ہے تو اس کا دل تاریک ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ حقائق کی اصلی تصاویر ظاہر نہیں ہوتیں۔ پھر مزید سیاہ ہو کر اس پر رین جم جاتا ہے۔ اس کا تصور اور ادراک فاسد ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ تو وہ حق کو قبول کرتا ہے اور نہ ہی باطل کا انکار کرتا ہے۔ اور یہ دل کیلئے سخت ترین سزا ہے اور اس کا سبب غفلت اور خواہشات نفسانیہ ہیں۔ کیونکہ یہ دونوں چیزیں نور دل کو مٹا کر بصیرت کو اندھا کر دیتی ہیں۔

جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰاهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا۔ (کہف:۲۸)۔ الوابل الصیب' ص ۵۲' (ابن قیم)

ترجمہ: "اور نہ پیروی کیجئے اس (بد نصیب) کی غافل کر دیا ہے جس کے دل کو اپنی یاد سے اور وہ اتباع کرتا ہے اپنی خواہش کا اور اس کا معاملہ حد سے گزر گیا ہے"۔

Marfat.com

امام فخرالدین رازی۔

امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں آیت "للہ الاسماء الحسنی" کے تحت فرماتے ہیں: "جہنم میں داخل ہونے کا سبب ذکر اللہ سے غفلت ہے۔ اور عذاب جہنم سے چھٹکارا ذکر اللہ سے ہی ممکن ہے" ۔ اصحاب ذوق و محبت فرماتے ہیں: "جب قلب ذکر اللہ سے غافل ہوتا ہے' اور دنیا اور اس کی خواہشات کی طرف متوجہ ہو کر حرص و حرمان میں واقع ہو جاتا ہے۔ اور پھر ایک رغبت سے دوسری رغبت کی طرف' اور ایک طلب سے دوسری طلب کی جانب منتقل ہوتا رہتا ہے۔ حتیٰ کہ تاریکیوں میں گر جاتا ہے۔ اور جب اس کے دل پر اللہ کے ذکر اور معرفت کا دروازہ کھلتا ہے تو ان تمام آفات اور مصائب سے چھٹکارا حاصل کر کے اسے رب تعالیٰ کی معرفت کا شعور حاصل ہو جاتا ہے۔ (تفسیر کبیر۔ امام رازی۔ جلد نمبر ۴' ص ۲۷۴۔)

شیخ احمد زورق۔

آپ فرماتے ہیں کہ اقوال' افعال اور اعیان کے خواص ایک ثابت شدہ حقیقت ہیں۔ لیکن ذکر کے خواص ان سب سے بڑھ کر واضح ہیں۔ اور کوئی عمل' ذکر اللہ سے بڑھ کر عذاب الٰہی سے بچانے والا نہیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے مختلف قسم کی دواؤں اور معجونوں کے خواص مقرر کیئے ہیں۔ جس طرح طبیب ہر مریض کو اس کی طبیعت کے موافق دوائی دیتا ہے۔ اسی طرح شیخ بھی مرید کی ضرورت کے مطابق وظائف و اوراد مختص کرتا ہے۔ (قواعد تصوف۔ احمد زورق' ص ۳۷)

شیخ احمد بن عجیبہ:

آپ فرماتے ہیں کہ بندہ اس وقت ہی مقام رضا تک رسائی کرتا ہے جب وہ سلوک کے ابتدائی تین مراحل کو عبور کرے۔

(۱)۔ کہ وہ اسم جلالت (اللہ) کے ذکر میں مستغرق ہو۔ یہ اسی کیلئے ممکن ہے جسے مرشد کامل سے ذکر کی اجازت ہو۔

Marfat.com

(۲)۔ کہ اسے ذاکرین کی صحبت میسر ہو۔

(۳)۔ کہ وہ شریعت محمدیہ ﷺ علیٰ صاحبہا افضل الصلوات والتسلیمات' پر سختی سے کاربند ہو۔ (شرح الاجرومیہ۔ ابن عجیبہ)

خلاصہ بحث۔

تمام صوفیاء کرام اپنے مریدین کو منازل سلوک طے کرنے کیلئے ذکر کی نصیحت کرتے ہیں اور یہ واضح کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کی رضا تک پہنچنے کا عملی طریقہ تمام احوال میں کثرت ذکر اور صحبت ذاکرین ہے۔ کیونکہ ان کی صحبت نفس امارہ کی شہوات کا قلع قمع کر دیتی ہے۔

ذکر کی اقسام۔

ذکر کی مختلف اقسام ہیں:

(ا)۔ ذکر سری و جہری:

ذکر الٰہی یقیناً مشروع ہے خواہ سراً ہو یا جہراً۔ اور رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں قسموں کی طرف رغبت دلائی ہے۔ لیکن علمائے شریعت فرماتے ہیں کہ ذکر بالجہر اس وقت افضل ہے جب وہ ریاء اور نمازی' قاری قرآن اور سونے والے کی اذیت سے خالی ہو۔ اور انہوں نے اپنے موقف پر درج ذیل حدیث سے استدلال کیا ہے:

(i)۔ عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ: قال رسول اللہ ﷺ: یقول اللہ: انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی' فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی' وان ذکرنی فی ملا ذکرتہ فی ملا خیر منھم۔ (ترمذی۔ النسائی)

ترجمہ: میرا اپنے بندے کے ساتھ برتاؤ ویسا ہوتا ہے جیسا وہ میرے متعلق گمان رکھتا ہے۔ اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے۔ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر کرے تو میں اپنی شان کے مطابق اس کا ذکر کرتا ہوں۔ اور اگر

Marfat.com

وہ میرا ذکر کسی جماعت میں کرے تو میں اس سے افضل جماعت میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔(الحدیث)

اس حدیث پاک میں جماعت میں ذکر کا تذکرہ آیا ہے اور یہ ذکر' ذکر بالجہر ہی ہو سکتا ہے۔

(ii)۔ قال ابن الادرع رضی اللہ عنہ ' انطلقت مع النبی ﷺ لیلہ' فمر برجل فی المسجد یرفع صوتہ' قلت: یا رسول اللہ ﷺ ! عسی ان یکون مرائیا۔ قال: لا ولکنہ اواہ۔ (رواہ البیہقی)

ترجمہ: حضرت ابن ادرع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ایک رات میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھا۔ آپ ﷺ کا گزر ایک ایسے آدمی سے ہوا جو مسجد میں باآواز بلند ذکر کر رہا تھا۔ میں نے عرض کی' یا رسول اللہ ﷺ ! ممکن ہے کہ یہ شخص ریاکار ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا' نہیں' بلکہ وہ تو انتہائی مخلص اور رقیق القلب ہے۔(الحدیث)

(iii)۔ قال: ان رفع الصوت بالذکر حین ینصرف الناس من المکتوبہ کان علی عہد النبی ﷺ ۔ قال ابن عباس: کنت اعلم اذا انصرفوا بذلک اذا سمعتہ۔ (بخاری)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں فرضی نمازوں کے بعد ذکر بالجہر معروف تھا۔ آپ فرماتے ہیں کہ جب میں ذکر کی آواز سنتا تو مجھے معلوم ہو جاتا کہ لوگ نماز سے واپس آ رہے ہیں۔(الحدیث)

(iv)۔ قال شداد بن حاکم: انا لعند النبی ﷺ ' اذ قال: ارفعوا ایدیکم فقولوا: لا الہ الا اللہ' ففعلنا' فقال: اللھم انک بعثتنی بھذہ الکلمہ وامرتنی بھا و اعدتنی بھا الجنہ۔ انک لا تخلف المیعاد' ثم قال: ابشروا' فان اللہ قد غفر لکم۔ (المستدرک للحاکم)

ترجمہ: حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے ہاتھوں کو بلند کرو۔ اور کہو' لا الہ الا اللہ۔

Marfat.com

ہم نے آپ ﷺ کے حکم کی تعمیل کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! تو نے مجھے اس کلمہ کے ساتھ مبعوث فرمایا' اور اس کا مجھے حکم دیا اور اس پر جنت کا وعدہ فرمایا۔ یقیناً تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تمھیں خوشخبری ہو۔ اللہ تعالی نے تمھاری مغفرت فرمادی۔ (الحدیث)

(۵)۔ عن سائب رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال: جائنی جبریل' قال: مرا صحابک یرفعوا اصواتھم بالتکبیر۔ (ابو داود۔ ترمذی' مسند احمد)

ترجمہ:۔ حضرت سائب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل آئے اور عرض کی' کہ اپنے صحابہ کو حکم دو کہ وہ بلند آواز سے تکبیر کہیں۔ (الحدیث)

ان کے علاوہ اور بھی احادیث کثیرہ ذکر بالجہر پر دلالت کرتی ہیں۔ ان میں سے پچیس احادیث کو امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ "نتیجہ الفکر فی الجہر فی الذکر" میں رقم کیا ہے۔ آپ ارشاد فرماتے ہیں: تمام تعریفیں اللہ تعالی کے لئے ہیں۔ اور سلام ہو اسکے منتخب بندوں پر' اللہ تعالی تجھے عزت سے نوازے' تو نے صوفیائے کرام کے مروجہ حلقات ذکر اور مساجد میں ذکر بالجہر کے متعلق سوال کیا ہے کہ کیا یہ مکروہ ہے یا نہیں؟

الجواب۔

اس میں کسی قسم کی کراہت نہیں۔ کیونکہ بہت سی ایسی احادیث وارد ہوئی ہیں جو ذکر بالجہر کے استحباب کی مقتضی ہیں۔ اور اسی طرح ایسی احادیث بھی ہیں جو ذکر سری کے استحباب پر دلالت کرتی ہیں۔ ان ہر دو اقسام میں تطبیق اس طرح ممکن ہے کہ ذکر کا حکم حالات اور اشخاص کے تبدیل ہونے سے بدلتا رہتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ بیان کیا جاتا ہے۔ پھر آپ نے وہ تمام احادیث ذکر فرمائیں جو ذکر بالجہر پر دلالت کرتی ہیں پھر آخر میں فرماتے ہیں: "ان تمام احادیث سے معلوم ہوا کہ ذکر بالجہر میں کچھ کراہت نہیں۔ بلکہ بعض احادیث تو اس کے استحباب پر صراحہ یا کنایہ

Marfat.com

دلالت کرتی ہیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بیان کیا ہے۔ اور حدیث "خیر الذکر الخفی" ذکر بالجہر کے معارض نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ یہ تو اسی طرح ہے' جس طرح کہ بعض احادیث میں بلند آواز سے اور بعض میں پست آواز سے پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

امام نووی رحمتہ اللہ علیہ نے ان دونوں کے درمیان تطبیق اس طرح کی ہے کہ ذکر سری اس وقت افضل ہے جب ذاکر کو ریاء کا خوف ہو یا' اس سے نمازیوں یا سونے والوں کو تکلیف ہو۔ اور اس کے علاوہ باقی تمام صورتوں میں ذکر بالجہر افضل ہے کیونکہ اس میں عمل کثیر ہوتا ہے اور اس کا فائدہ سننے والوں کو بھی پہنچتا ہے۔ ذکر کرنے والے کو بیدار رکھتا ہے۔ اور اس کے کانوں کو ذکر کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ نیند دور کرتا ہے۔ اور نشاط میں اضافہ کرتا ہے۔ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے: "تلاوت کا کچھ حصہ سراً اور کچھ جہراً ہونا چاہیئے کیونکہ سرا تلاوت کرنے والا کبھی اکتا جاتا ہے۔ اسے چاہیئے کہ وہ جہر سے انس حاصل کرے اور اسی طرح ذکر بالجہر کرنے والا جب اکتا جائے تو اسے چاہیئے کہ ذکر سری سے راحت حاصل کرے۔

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ۔ (اعراف:۲۰۵)

"اور یاد کرو اپنے رب کو اپنے دل میں عاجزی کرتے ہوئے اور ڈرتے ڈرتے اور زبان سے بھی چلائے بغیر"۔

میرے نزدیک اس کے تین جوابات ہیں:

جواب نمبر۱:

یہ آیت مکی ہے جس طرح کہ سورہ اسراء میں ہے: "وَلَا تَجْهَرْ بِصَلٰوتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا"۔ (اسراء:۱۱۰)

ترجمہ: اور نہ تم بلند آواز سے نماز پڑھو اور نہ بالکل آہستہ پڑھو۔

یہ آیت مکی ہے۔ یہ آیت کریمہ اس وقت نازل ہوئی جب نبی کریم ﷺ بلند آواز سے تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ اور مشرکین مکہ اسکو سن کر قرآن اور صاحب

Marfat.com

قرآن کو گالیاں دیا کرتے تھے۔ اس لئے آپ کو سد ذرائع کے طور پر باآواز بلند تلاوت سے روک دیا گیا۔ جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے اسی وجہ سے بتوں کو گالی دینے سے روکا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ۔ (الانعام:۱۰۸)

ترجمہ: اور نہ برا بھلا کہو انہیں جن کی یہ پرستش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کہ وہ بھی برا بھلا کہنے لگے اللہ کو زیادتی کرتے ہوئے جہالت سے۔

لیکن اب یہ علت ختم ہو چکی ہے۔ ابن کثیر نے بھی اپنی تفسیر میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

جواب نمبر۲:

بہت سے مفسرین جن میں عبدالرحمان بن زید بن اسلم جو کہ امام مالک کے شیخ ہیں اور ابن جریر وغیرہ نے فرمایا ہے: اس آیت میں قرآن کریم کی تلاوت کے وقت ذاکر کو پست آواز سے ذکر کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اور یہ حکم قرآن کریم کی تلاوت کی تعظیم کی وجہ سے ہے کہ اس کی تلاوت کے وقت ذکر کی آواز اس سے بلند نہیں ہونی چاہیئے۔ ان دونوں آیات کا متصل ہونا اس احتمال کو مزید تقویت دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا۔ (الاعراف:۲۰۴)

ترجمہ: "اور جب پڑھا جائے قرآن مجید تو کان لگا کر سنو اسے اور چپ ہو جاؤ"۔

میں کہتا ہوں کہ مکلف کو جب بوقت تلاوت قرآن خاموشی کا حکم دیا گیا تو خوف پیدا ہو گیا کہ کہیں وہ اس خاموشی پر دوام اختیار نہ کر جائے۔

اس لئے اسے تنبیہہ کی گئی کہ اگرچہ اسے زبان کے ساتھ خاموش رہنے کا حکم ہے لیکن قلبی ذکر کی صورت تو باقی ہے حتیٰ کہ وہ کسی حالت میں بھی ذکر الٰہی سے غافل نہ ہو۔ اسی وجہ سے اس قول کے ساتھ آیت کو ختم کیا گیا۔ ارشاد خداوندی ہے:

Marfat.com

ولا تکن من الغافلین۔
"مت ہونا غافلوں میں سے" ۔

جواب نمبر۳:

صوفیائے کرام نے فرمایا ہے کہ اس آیت کا حکم نبی کریم ﷺ کے ساتھ، جو کہ کامل و مکمل تھے، خاص تھا۔ لیکن آپ ﷺ کے علاوہ دوسرے لوگ جو مختلف وساوس اور ناپسندیدہ خواطر قلبیہ سے دوچار رہتے ہیں تو انہیں ذکر بالجہر کا حکم ہے۔ کیونکہ یہ طریقہ انکو وساوس سے نجات دلانے میں انتہائی موثر ہے۔

میں کہتا ہوں کہ حضرت بزاز کی معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ حدیث بھی اسی مفہوم کی موید ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "من صلی منکم باللیل فلیجھر بقرائتہ۔ فان الملائکہ تصلی بصلوتہ وتسمع بقرائتہ وان مومنی الجن الذین یکونون فی الھواء و جیرانہ معہ فی مسکنہ یصلون بصلوتہ ویستمعون قراتہ وانہ ینطرد بجھرہ بقرائتہ عن دارہ وعن الدور التی حولہ فساق الجن ومردہ الشیاطین" ۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جو رات کو نماز پڑھے۔ اسے بلند آواز سے قرآت کرنی چاہیئے۔ کیونکہ فرشتے اس کے ساتھ نماز پڑھتے، اور قرآت سنتے ہیں۔ اور اسی طرح مومن جن جو کہ ہوا میں رہتے ہیں، اور اس کی بلند قرآت سے اس کے گھر اور اس کے ارد گرد کے گھروں کے فاسق جن اور سرکش شیطان بھاگ جاتے ہیں۔

اور اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ ارشاد باری تعالی ہے:

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً۔ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ۔

(اعراف:۵۵)

ترجمہ: پکارو اپنے رب کو گڑگڑاتے ہوئے اور آہستہ آہستہ، بے شک اللہ تعالی نہیں دوست رکھتا حد سے بڑھنے والوں کو۔

Marfat.com

اور اعتداء کی تفسیر بلند آواز سے کی گئی ہے۔ میں کہتا ہوں اس کے جواب کی دو صورتیں ہیں:

1:۔ اس کی راجح تفسیر یہ ہے کہ دعا مانگنے والا ماموربہ سے تجاوز کرے یا ایسی دعا مانگے جس کی شرع میں کوئی اصل نہ ہو۔ اور اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس کو ابن ماجہ اور حاکم نے حضرت ابو نعامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ حضرت عبد اللہ مغفل رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو سنا کہ وہ دعا مانگ رہا ہے۔ اے اللہ! تیری بارگاہ میں جنت کے دائیں طرف سفید محل کا طالب ہوں۔ تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ کہ میری امت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو دعا کرنے میں حد درجہ بڑھ جائیں گے۔ (الحدیث)

تو یہ صحابی کی تفسیر ہے اور وہی معنی کو بہتر جانتے ہیں۔

2:۔ اگر ہم اس آیت کے ظاہری معنی کو تسلیم کرلیں تو بھی یہ آیت کریمہ دعا کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اور دعا میں افضل اصرار ہے کیونکہ وہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔ اسی لئے ارشاد باری تعالی ہے:

اذ نادی ربہ نداء خفیا۔ (مریم:۳) ترجمہ: "جب اس نے پکارا اپنے رب کو چپکے چپکے"۔

اسی وجہ سے نماز میں بالاتفاق سراً پڑھنا مستحب ہے۔

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے بعض لوگوں کو مسجد میں بلند آواز سے ذکر کرتے ہوئے دیکھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا میرے خیال کے مطابق تم لوگ بدعتی ہو۔ حتی کہ ان کو مسجد سے نکال دیا۔

میں کہتا ہوں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی اس اثر کی سند کی تحقیق ضروری ہے اور یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ کن کن محدثین نے اس کو روایت کیا ہے۔ بالفرض اگر یہ ثابت بھی ہو تو یہ ان بہت سی احادیث کے معارض ہے جن کو ہم نے ذکر کیا ہے۔ اور تعارض کے وقت یہ احادیث صحیحہ ان پر مقدم ہیں۔ پھر میں نے ایسی روایت بھی دیکھی ہے جو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس عمل

Marfat.com

کے برعکس ہے۔ امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ نے ابو وائل سے روایت کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ذکر سے روکا کرتے تھے حالانکہ جس مجلس میں مجھے ان کے ساتھ بیٹھنے کا اتفاق ہوا تو دیکھا کہ وہ ذکر اللہ ضرور کرتے تھے۔ اسی طرح امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ نے "کتاب الزہد" میں ثابت بنانی سے روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ اہل ذکر جب اللہ کے ذکر کے لئے بیٹھتے ہیں۔ ان پر پہاڑوں کی مثل گناہ ہوتے ہیں اور جب وہ اللہ کے ذکر سے اٹھتے ہیں تو ان پر کوئی گناہ باقی نہیں رہتا۔ (الحاوی للفتاوی' ج ا' ص ۳۴۹۔ امام جلال الدین سیوطی)

علامہ شیخ محمود آلوسی رحمتہ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں اس آیت " وان تجھر بالقول فانہ یعلم السر والخفی " کے تحت فرماتے ہیں کہ کہا گیا ہے کہ بلند آواز سے ذکر اور دعا سے منع کیا گیا ہے' اور اللہ تعالی کا یہ ارشاد " واذکر ربک فی نفسک تضرعا وخیفہ دون الجہر من القول " اس کی دلیل ہے۔

معلوم ہونا چاہیئے کہ بلند آواز سے ذکر اور دعا سے' نہی اپنے اطلاق پر نہیں۔ امام نووی اپنے فتاوی میں ذکر کرتے ہیں کہ ذکر بالجہر شرعاً ممنوع نہیں ہے بلکہ مشروع اور مستحب ہے۔ امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کے مذہب میں اخفاء سے افضل ہے اور یہی امام حنبل کا ظاہر مذہب' اور امام مالک سے ایک روایت میں مروی ہے جس کو حافظ ابن حجر نے "فتح الباری" میں نقل کیا ہے۔ اور یہی قول قاضی خان کا ہے۔ وہ اپنے فتاوٰی کے باب "غسل المیت" میں ذکر کرتے ہیں۔ کہ ذکر کی آواز بلند کرنا مکروہ ہے' پھر فرماتے ہیں۔ یہ اس شخص کیلئے ہے جو جنازہ کے ساتھ چل رہا ہو۔ جیسا کہ شوافع کا مذہب ہے۔ مطلقاً ذکر کی آواز کو بلند کرنا مکروہ نہیں۔ شیخ آلوسی فرماتے ہیں کہ دون الجہر سے مراد ضرورت سے زائد آواز کو بلند کرنا ہے۔ اس وجہ سے معتدل جہر اور بقدر ضرورت جہر مامور بہ میں داخل ہے۔ کیونکہ بیس سے زائد احادیث سے ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر و بیشتر ذکر بالجہر کیا کرتے تھے۔ اسی طرح حضرت ابو

Marfat.com

زبیر رضی اللہ عنہ سے صحیح مروی ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے:

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سلم من صلوتہ یقول بصوتہ الاعلی 'لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ۔ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر۔ ولا حول ولا قوہ الا باللہ العلی العظیم۔ ولا نعبد الا ایاہ۔ لہ النعمہ ولہ الفضل۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے سلام پھیرتے تو بلند آواز سے فرماتے: "لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ.....الی آخرہ۔ (الحدیث)

علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ شیخ ابراہیم کورانی رحمتہ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کی تحقیق میں دو عظیم رسالے لکھے ہیں۔ پہلے کا نام "نثر الزھر فی الذکر بالجھر" اور دوسرا رسالہ "اتحاف المنیب الاواہ بفضل الجھر بذکر اللہ" ہے۔ (روح المعانی' ج ۱۶' ص ۱۴۸' شیخ محمود آلوسی۔)

ذکر بالجھر کی افضلیت:

علامہ طحطاوی رحمتہ اللہ علیہ مراقی الفلاح پر اپنے حاشیہ میں لکھتے ہیں اس میں اختلاف ہے کہ ذکر خفی افضل ہے یا ذکر جہر؟ کیونکہ اس کے بارے میں بہت سی احادیث وارد ہیں۔ جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

خیر الذکر الخفی وخیر الرزق ما یکفی۔

"بہترین ذکر' ذکر خفی ہی' اور بہترین رزق وہ ہے جو کفایت کرے"۔

کیونکہ ذکر خفی میں زیادہ اخلاص پایا جاتا ہے اور یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ذکر جہر افضل ہے' کیونکہ اس کے بارے میں بہت سی احادیث وارد ہیں۔ ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے سلام پھیرتے تو بلند آواز سے فرماتے: لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ' ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر۔ ولا حول ولا قوہ الا باللہ العلی

Marfat.com

العظیم۔ (الحدیث)

رسول اللہ ﷺ مسجد میں قرآن پڑھنے والے کو بلند آواز سے قرآن پاک پڑھنے کا حکم فرماتے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ قاری کو حکم دیتے کہ وہ بلند آواز سے قرآن پاک پڑھے تاکہ وہ اور ان کے ساتھی اسے سنیں۔ کیونکہ یہ زیادہ ثواب کا باعث' اور قرآنی آیات میں تدبر کا موثر ذریعہ ہے۔ پھر غافلین کے دلوں کو بیدار کرنے کیلئے بھی نفع مند ہے۔

ان احادیث میں تطبیق اس طرح کی گئی ہے کہ اشخاص اور احوال کے مطابق اس کا حکم تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ جس شخص کو ریاء کا خوف ہو یا اس کی بلند آواز سے کسی کو تکلیف پہنچتی ہو تو اس کے لئے ذکر سری افضل ہے۔ اور جس شخص کو ان اشیاء کا خطرہ نہ ہو۔ اس کیلئے ذکر بالجہر افضل ہے۔ فتاویٰ قاضی خان میں ہے کہ مساجد میں ذکر بالجہر سے منع نہ کیا جائے تاکہ ایسا نہ ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے زمرہ میں نہ آجائیں۔ ارشاد خداوندی ہے:

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ۔

(بقرہ: ۱۱۴)

ترجمہ: "اور کون زیادہ ظالم ہے اس سے جو روک دے اللہ کی مسجدوں سے کہ ذکر کیا جائے ان میں اس کا نام"۔

اور اسی طرح فتاویٰ بزازیہ میں ہے۔ امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "علمائے خلف و سلف کا اس بات پر اجماع ہے کہ مساجد وغیرہ میں حلقے کی صورت میں ذکر کرنا مستحب ہے۔ مگر جب ذکر سونے والوں' نمازیوں اور تلاوت قرآن کرنے والوں کیلئے تشویش کا باعث بنے' جیسا کہ کتب فقہ میں اس چیز کا ثبوت ہے"۔ (حاشیہ طحطاوی صفحہ نمبر ۲۰۸)

ابن عابدین اپنے مشہور حاشیہ میں فرماتے ہیں کہ فتاویٰ خیریہ کے "باب الکراھیہ والاحسان" میں منقول ہے کہ بہت سی احادیث ذکر بالجہر کی مقتضی ہیں جیسے:

ان ذکرنی فی ملا ذکرتہ فی ملا خیر منہ۔ (رواہ الشیخین)

Marfat.com

ترجمہ: "اگر وہ میرا ذکر کسی جماعت میں کرتا ہے تو میں اس سے کہیں بہتر جماعت میں اس کا ذکر کرتا ہوں" ۔(الحدیث)

اس کے علاوہ بعض احادیث ایسی ہیں جو ذکر سری کا تقاضا کرتی ہیں۔ ان دونوں کے مابین تطبیق اس طرح کی گئی ہے کہ یہ حکم اشخاص اور احوال کے تبدیل ہونے سے مختلف ہوتا رہتا ہے۔ جس طرح کہ ان احادیث میں تطبیق کی گئی ہے جن میں بلند اور پست آواز سے قرآن پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ذکر بالجہر کے معارض یہ حدیث:

"خیر الذکر الخفی" نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ یہ اس صورت میں ہے جب ریاء کا خوف ہو یا نمازیوں یا سونے والوں کی اذیت کا اندیشہ ہو۔ ان صورتوں کے علاوہ اہل علم کے نزدیک ذکر بالجہر افضل ہے کیونکہ اس میں عمل زیادہ ہے اور اس سے سامعین بھی مستفید ہوئے ہیں۔ اور ذاکر کے دل کو بیدار اور اس کی قوت سماعت کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔ نیند کو دور' اور نشاط میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔ اسی طرح "حاشیہ الحموی" میں امام شعرانی سے منقول ہے: "علمائے خلف و سلف کا مساجد میں اجتماعی ذکر کے استحباب پر اجماع ہے۔ جبکہ ان کی بلند آواز سونے والوں' نمازیوں اور تلاوت قرآن والوں کیلئے تشویش کا باعث نہ ہو" ۔(حاشیہ ابن عابدین' ج۵' ص ۲۶۳)

(ب): دل اور زبان کا ذکر:

شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے بھائی افضل الدین رحمتہ اللہ علیہ سے سنا ہے کہ فرماتے ہیں کہ ذکر باللسان اکابر اور اصاغر سب کیلئے مشروع ہے۔ کیونکہ حجاب عظمت کسی کیلئے بھی منکشف نہیں ہوا۔ حتیٰ کہ انبیاء کیلئے بھی یہ حجاب ہوتا ہے لیکن انتہائی رقیق ہوتا ہے۔(المیزان' ج۱' ص۱۶۰' عبدالوہاب شعرانی)

امام نووی فرماتے ہیں کہ علماء کا اجماع ہے کہ بے وضو' جنبی اور حیض و نفاس والی عورتوں کیلئے قلبی اور لسانی ذکر جائز ہے اور یہ ذکر تسبیح و تہلیل اور تکبیر' نبی پاک ﷺ پر درود و دعا کی صورت میں ہو سکتا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ذکر' قلب کے

Marfat.com

ساتھ بھی ہو سکتا ہے اور لسان سے بھی۔ لیکن افضل ذکر یہ ہے کہ دل اور زبان دونوں سے ایک ساتھ کیا جائے۔ ان دونوں میں سے افضل قلبی ذکر ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ذکر کرنے والا اپنا مطلوب و مقصود رضائے خداوندی رکھے۔

فضیل بن عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: لوگوں کی وجہ سے کسی عمل کو ترک کرنا ریاء شمار ہوتا ہے۔ اگر انسان اعمال خیر میں لوگوں کی فضول تانک جھانک اور ظنون باطلہ میں الجھ جائے تو بہت سی نیکیوں سے محروم ہو جائے۔ اور بہت سے اہم دینی امور کو ترک کر دے۔ اور یہ عارفین کا طریقہ نہیں۔

غافل کے دل پر ایک پردہ حائل ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ ذکر اور دیگر عبادات میں لذت سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے:

لا خیر فی ذکر مافی قلب غافل ساہ۔

ترجمہ: "غافل اور بے خبر دل کے ساتھ ذکر کا کوئی فائدہ نہیں" ۔

اس سے ہماری یہ مراد نہیں ہے کہ وہ حالت غفلت میں ذکر کو ترک کر دے۔ بلکہ بلند ہمت انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے نفس کے ساتھ مجاہدہ کرے اور بار بار اپنے دل کی نگرانی کرے۔ یہاں تک کہ وہ حالت غفلت سے حالت حضور میں منتقل ہو جائے۔ اور یہ اس تیر انداز کی طرح ہے جو پہلی مرتبہ نہیں' بلکہ بار بار کوشش کرنے سے ہدف تک پہنچتا ہے۔

اسی طرح انسان اپنے دل کے ساتھ ذکر میں بار بار کوشش کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کا دل عادی' اور اللہ کی بارگاہ میں اسے حضوری حاصل ہو جاتی ہے۔

حجۃ السلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اہل بصیرت پر یہ بات منکشف ہوئی ہے کہ اعمال میں سب سے افضل ذکر ہے' لیکن اس کے تین غلاف ہیں ان تین غلافوں کے بعد اصل مغز ہے۔ لیکن ان غلافوں کو اس وجہ سے فضیلت حاصل ہے کیونکہ یہ اس اصل تک پہنچنے کا راستہ ہیں۔

۱:۔ صدف لسانی ذکر

۲:۔ قلبی ذکر۔ جبکہ دل کو اس کی موافقت کی ضرورت ہو۔ یہاں تک کہ وہ

Marfat.com

ذکر کے ساتھ حاضر رہے۔ اگر دل کو اپنی حالت پر چھوڑ دیا جائے تو وہ افکار کی وادیوں میں گم ہو جائے۔

۳:۔ دل میں ذکر اس قدر پختہ اور غالب ہو جائے کہ اسکو کسی غیر کی طرف متوجہ کرنے کیلئے تکلف کی ضرورت ہو' جس طرح کہ دوسری صورت میں دل کو ذکر کی طرف متوجہ کرنے کیلئے تکلف کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ ان تینوں صورتوں کا لب لباب اور حاصل ہے۔ اور اس سے مراد یہ ہے کہ مذکور' دل میں گھر کر جائے اور ذکر مخفی ہو جائے اور اس کا اثر زائل ہو جائے۔ اور یہی اصل مقصود ہے۔ اور اس سے مراد یہ ہے کہ ذاکر نہ ذکر کی طرف متوجہ ہو اور نہ دل کی طرف۔ بلکہ مذکور میں مستغرق ہو جائے۔ اور اسی اثناء میں اگر ذاکر کی توجہ ذکر کی طرف ہو جائے تو یہ حجاب متصور ہو گا۔ اور عارفین کے نزدیک یہ فنافی اللہ کا مقام ہے۔ پھر آپ فرماتے ہیں: یہی اس ذکر کا حاصل اور ثمرہ ہے۔ اس کی ابتداء لسانی ذکر سے' پھر تکلفاً ذکر قلب سے' پھر طبعاً ذکر قلبی سے ہوتی ہے۔ پھر آخر میں مذکور دل میں متمکن ہو جاتا ہے۔ اور دل سے ذکر کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ (کتاب الاربعین فی اصول الدین۔ صفحہ نمبر ۵۲/۵۵۔ امام غزالی)

انفرادی اور اجتماعی ذکر

اجتماعی عبادت' انفرادی عبادت کے مقابلہ میں افضل و اعلیٰ ہے۔ کیونکہ اجتماعی عبادت میں مختلف قلوب باہم ملتے ہیں۔ باہمی تعاون کی فضا سازگار ہوتی ہے۔ ضعیف' قوی سے اور تاریک' روشن سے' کثیف' لطیف سے اور جاہل' عالم سے استفادہ کرتا ہے۔ حدیث پاک ہے:

عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال' اذا مررتم بریاض الجنہ' فارتعوا' قالوا: وما ریاض الجنہ' قال! حلق الذکر (الترمذی' کتاب الدعوات)

ترجمہ: "حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! جب تم جنت کے باغوں سے گزرو' تو کچھ کھالیا کرو۔ عرض کی گئی' کہ جنت کے

Marfat.com

باغ کون سے ہیں؟ فرمایا! وہ ذکر کے حلقات ہیں" ۔(الحدیث)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! اللہ تعالی کے بعض فرشتے چل پھر کر زمین میں مجالس ذکر کو تلاش کرتے ہیں۔ اور جب کسی مجلس ذکر کو پالیں تو آسمان تک اس مجلس ذکر کو اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے! تم کہاں سے آئے ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں، ہم تیرے ان بندوں کے پاس سے آئے ہیں' جو تیری تسبیح و تحمید بیان کرتے تھے۔ تیری بارگاہ میں دامن طلب دراز کرتے تھے' اور تجھ سے پناہ مانگتے تھے۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے وہ کس چیز کا سوال کرتے تھے؟ حالانکہ وہ خود بہتر جانتا ہے۔ وہ عرض کرتے ہیں' اے مولیٰ! وہ تجھ سے جنت کا سوال کرتے ہیں۔ اللہ تعالی ارشاد فرمائے گا کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ وہ عرض کریں گے۔ نہیں' یارب!۔ تو اللہ تعالی ارشاد فرمائے گا۔ اگر وہ جنت کو دیکھ لیتے تو ان کی کیا حالت ہوتی۔ پھر اللہ تعالی ارشاد فرمائے گا۔ وہ کس چیز سے پناہ مانگتے تھے؟ جبکہ وہ خود بہتر جانتا ہے۔ وہ عرض کریں گے' آگ سے۔ ارشاد ربانی ہوگا۔ کیا انہوں نے اس کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کریں گے۔ نہیں' وہ فرمائے گا' اگر وہ دیکھ لیتے تو ان کی کیا حالت ہوتی۔ پھر اللہ تعالی ارشاد فرمائے گا' اے فرشتو! گواہ رہنا' میں نے ان کو بخش دیا۔ اور ان کو میں نے عطا کردیا جس کا انہوں نے سوال کیا۔ اور انکو پناہ دی جس سے انہوں نے پناہ مانگی' فرشتے عرض کریں گے' یا باری تعالی! ان میں ایک گناہ گار آدمی تھا جو ان کے ساتھ بیٹھ گیا' جبکہ ان میں سے نہیں تھا۔ اللہ تعالی ارشاد فرمائے گا۔ میں نے اسے بھی معاف کر دیا۔ کیونکہ وہ ایسے لوگ ہیں جن کا ہم نشین کبھی بدبخت نہیں ہو سکتا۔(مسلم۔ ترمذی۔ مستدرک)

اور حدیث پاک ہے:

عن ابی ہریرہ' وعن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من قوم یذکرون اللہ الا حفتھم الملائکہ و غشیتھم الرحمہ و نزلت علیھم السکینہ وذکرھم اللہ فمن عندہ۔ (مسلم۔ ترمذی)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا' ذکر کرنے والے لوگوں کو اللہ کے فرشتے ڈھانپ لیتے ہیں' اللہ کی رحمت ان پر سایہ فگن ہوتی ہے۔ اطمینان و سکون ان پر نازل ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ انکا ذکر اپنے فرشتوں میں کرتا ہے۔ (الحدیث)

عن معاویہ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خرج علی حلقۃ اصحابہ فقال' ما یجلسکم۔ قالوا' جلسنا نذکر اللہ ونحمدہ۔ فقال! انہ اتانی جبریل' فاخبرنی۔ ان اللہ یباھی بکم الملائکہ۔ (المسلم۔ ترمذی)

ترجمہ: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ایک حلقہ میں تشریف لائے۔ اور فرمایا: تم یہاں کس لئے بیٹھے ہو؟ انہوں نے عرض کی' ہم یہاں بیٹھے اللہ کا ذکر اور اس کی حمد و ثنا کر رہے ہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ابھی ابھی میرے پاس جبریل آیا ہے۔ اس نے مجھے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں میں تم پر فخر کرتا ہے۔ (الحدیث)

حدیث پاک ہے:

عن انس رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان للہ سیارہ للملائکہ یطلبون حلق الذکر' فاذا اتوا علیھم حفوا بھم۔ (بزار۔ مجمع الزوائد)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بعض فرشتوں کی ڈیوٹی ہے کہ وہ اہل ذکر کے حلقات کی تلاش میں رہتے ہیں۔ اصحاب ذکر کی محفل ملنے پر اسے ڈھانپ لیتے ہیں۔ (الحدیث)

علامہ ابن عابدین اجتماعی ذکر کی بحث کے ضمن میں اپنے حاشیہ میں تحریر کرتے ہیں کہ امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ نے انفرادی اور اجتماعی ذکر کو تنہا اذان اور بہت سے اذان دینے والوں سے تشبیہ دی ہے۔ کثیر اذانیں دینے والوں کی آواز ہوا کا سینہ چیر کر دور دراز تک پہنچ جاتی ہے اسی طرح اجتماعی ذکر رفع حجابات کیلئے بڑا موثر

Marfat.com

ذکر تمام احوال میں محبوب و پسندیدہ ہے اور ذکر سے مراد حضور قلب ہے ذاکر کو چاہیئے کہ وہ اس بات کا خیال رکھے اور ذکر کے معانی میں غور و فکر کرے۔ اگر وہ استغفار کر رہا ہے تو اسے چاہیئے کہ وہ قلبی طور پر اللہ تعالی سے توبہ و مغفرت کا طالب ہو۔ اور اگر وہ نبی کریم ﷺ پر درود پاک پڑھ رہا ہے تو اسے چاہیئے کہ وہ اپنے قلب میں رسول اللہ ﷺ کی عظمت کو اجاگر کرے۔ اور اگر وہ نفی و اثبات (یعنی لا الہ الا اللہ) کا ذکر کر رہا ہے تو اللہ تعالی سے دور کرنیوالی ہر شے کی نفی کرے۔ بہر حال ذاکر کو چاہیئے کہ عدم حضور قلب کی وجہ سے ذکر کو ترک نہ کرے۔ بلکہ اپنی زبان کے ساتھ ذکر اللہ کرتا رہے اگرچہ دل غافل ہی ہو کیونکہ ذکر سے انسان کا غافل ہونا اللہ تعالی سے کلیۃً اعراض کرنے کے مترادف ہے۔ زبان کو ذکر میں مشغول کرنا' اطاعت خداوندی میں مصروف رکھنا ہے۔ اور اگر لسانی ذکر کو بھی ترک کر دیا جائے تو زبان' غیبت' چغل خوری اور اس طرح کی دیگر معاصی میں مبتلا ہو جاتی ہے۔

ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ذکر اللہ میں حضور قلبی حاصل نہ ہونے کی وجہ سے ذکر کو ترک نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ تیرا اس کے ذکر سے کلیۃً غافل ہونا' اس کے ذکر میں عدم حضور قلب سے زیادہ نقصان دہ ہے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ اللہ تعالی تجھے غفلت والے ذکر سے بیداری کے ذکر کی طرف' اور بیداری کے ذکر سے حضور قلب کی طرف' اور پھر حضور قلب سے ایسے ذکر کیطرف منتقل کر دے جسمیں اللہ کے سوا کسی اور چیز کا تصور تک نہ ہو۔ اور ایسا کرنا خدا کیلئے مشکل نہیں ہے۔ (ایقاظ الھمم فی شرح الحکم' ج ا' ص ۷۹۔ ابن عجیبہ)

المختصر یہ کہ انسان لسانی ذکر کو جاری رکھے یہاں تک کہ اس کا دل کھل جائے' اور پھر اللہ کی بارگاہ میں حضوری حاصل ہو جائے۔

اجتماعی ذکر بالجہر کے آداب:

ذکر بالجہر کے تین آداب ہیں:

ا۔ آداب سابقہ۔ ۲۔ آدابِ مقارنہ۔ ۳۔ آداب لاحقہ۔

Marfat.com

ان تین قسموں میں سے ہر ایک کے دو حصے ہیں۔ i۔ ظاہری ii۔ باطنی

ا۔ قبل از ذکر ظاہری آداب:

یہ درج ذیل ہیں۔

i۔ کپڑے پاک ہوں۔ ii۔ باوضو ہو۔ iii۔ خوشبو وغیرہ لگائے۔ iv۔ حرام کی غذا اور کمائی سے محفوظ ہو۔

۲۔ قبل از ذکر باطنی آداب: یہ بھی مختلف قسم کے آداب ہیں۔

i۔ سچی توبہ کے ساتھ اپنے دل کو پاک کرے۔ ii۔ تمام امراض قلبیہ سے نجات حاصل کرے۔ iii۔ اپنی قوت پر بھروسہ نہ کرے۔ iv۔ انتہائی عاجزی و انکساری سے اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان پر بھروسہ کرتے ہوئے بارگاہ ایزدی میں حاضر ہو۔

دوران ذکر ظاہری آداب:

اگر لوگ پہلے سے بیٹھے ہوئے ہیں تو جہاں جگہ مل جائے وہیں بیٹھ جائے' اور اگر کھڑے ہوں تو ان کے پیچھے کھڑے کھڑے ذکر میں مشغول ہو جائے' حتیٰ کہ اس کے قریب والے ساتھی اس کیلئے حلقے میں وسعت پیدا کر دیں تاکہ وہ ان کے درمیان داخل ہو کر نظم و ضبط سے ذکر کر سکے۔ اور اگر بسبب عذر' حلقہ ذکر سے نکلنے کا ارادہ کرے تو اپنے دونوں اطراف سے ذاکرین کو ملا دے تاکہ حلقہ ذکر میں انقطاع نہ ہو۔ ذاکر کو چاہیئے کہ اپنے اصحاب ذکر کے ساتھ موافقت کرے نہ کہ ان کی مخالفت۔ ان کی آوازوں میں اپنی آواز کو مخفی کرنے کی کوشش کرے تاکہ ان کے ساتھ گھل مل جائے۔ اور اپنی آنکھوں کو بند رکھے۔ تاکہ بارگاہ خداوندی میں حضور قلب کیلئے کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

دوران ذکر باطنی آداب:

شیطانی وساوس اور نفسانی خواطر کو دور کرنے کیلئے مجاہدہ کرے۔ اپنے دل کو امور دنیا میں مشغول نہ کرے۔ اپنے دل کی ہمت کے ساتھ ذکر میں حضوری کی کوشش کرے بارگاہ ایزدی سے حاصل ہونے والے انوار و تجلیات کیلئے ہمہ تن تیار

Marfat.com

سے بالا تر ہوتا ہے۔

مومن سے مطلوب یہ ہے کہ وہ ہر حال میں اپنے رب کا ذکر کرتا رہے اور اس کی زبان اپنے رب کے ذکر میں رطب اللسان رہے۔ اللہ تعالی نے قرآن حکیم کے کثیر مقامات پر ذکر کا حکم دیا ہے:۔

ارشادات خداوندی:

i۔ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ۔ (بقرہ:۱۵۲)

ترجمہ: "سو تم مجھے یاد کرو، میں تمھیں یاد کروں گا"۔

ii۔ يُسَبِّحُوْنَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ۔ (انبیاء:۲۰)

ترجمہ: "وہ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں صبح و شام اکتاتے نہیں"۔

iii۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا۔ (احزاب:۴۱،۴۲)

ترجمہ: "اے ایمان والو! یاد کیا کرو اللہ تعالی کو کثرت سے اور اس کی پاکی کیا کرو صبح و شام"۔

iv۔ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا۔ (احزاب:۳۵)

ترجمہ: "اور کثرت سے اللہ کو یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں۔ تیار کر رکھا ہے اللہ تعالی نے ان سب کیلئے مغفرت اور اجر عظیم"۔

ان آیات بینات کے علاوہ اور بھی کثیر آیات ہیں جو مطلق ذکر اللہ کی کثرت کی داعی ہیں۔ اور جبکہ زمان و مکان کی کوئی قید نہیں۔ جس طرح کہ نبی کریم ﷺ نے تمام احوال و اوقات میں ذکر کا حکم فرمایا ہے۔

احادیث نبویہ سے ثبوت:

فقد روی عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ ان رجلا قال، یا رسول اللہ ﷺ! ان شرائع الاسلام قد کثرت علی، فاخبرنی بشیٔ

Marfat.com

اتشبث به قال لا یزال لسانک رطبا من ذکرک۔ (ترمذی)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اسلام کے کثیر احکام ہیں۔ مجھے کوئی ایسا حکم بتائیں جس کو میں مضبوطی سے تھام لوں' فرمایا: تیری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ کے ذکر میں مصروف رہتے تھے۔ (الحدیث)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مختلف قسم کے اذکار کا حکم دیا ہے۔ لیکن اس کا کوئی خاص وقت مقرر نہیں کیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالی نے اپنے بندوں پر جب بھی کوئی عبادت مقرر کی تو اس کی ایک حد مقرر کر دی' پھر حالت عذر میں معذورین کو رخصت دی۔ لیکن ذکر ایک ایسی عبادت ہے کہ جس کی نہ تو کوئی حد مقرر کی' نہ ہی اس کے ترک کرنے میں کسی کو معذور جانا' سوائے مجنون کے۔۔ اور اپنے بندوں کو ہر حال میں ذکر کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے:

(i)۔ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ۔ (النساء:۱۰۳)

ترجمہ: "ذکر کرو اللہ تعالی کا کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور پہلوؤں پر"۔

(ii)۔ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا۔ (احزاب:۴۱)

ترجمہ: "اے ایمان والو! اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو"۔

یعنی دن میں' رات میں' خشکی و تری' سفر و حضر' غنا و فقر' صحت و مرض' ظاہر و مخفی گویا کہ ہر حال میں اپنے رب کا ذکر کرو۔

صوفیائے کرام اسی طریقہ پر عمل پیرا ہو کر اپنے تمام احوال و اطوار میں

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں۔ جس طرح کہ بعض ذکر زمانہ کے ساتھ مقید ہوتے ہیں اور بعض مطلق۔ اسی طرح بعض ذکر خاص تعداد کی ساتھ مقید ہوتے ہیں۔ اور بعض اس سے مختلف۔ ہر نماز کے بعد تسبیح و تحمید، تکبیر و تہلیل کی ایک خاص تعداد مقرر ہے۔

حدیث پاک ہے:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہر نماز کے بعد "33" مرتبہ سبحان اللہ "33" مرتبہ الحمد اللہ اور "33" مرتبہ اللہ اکبر پڑھا ان کو جمع کرنے سے "99" کا ہندسہ بنتا ہے اور "100" مکمل کرنے کیلئے کہا۔ لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ' لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر۔ تو اسکے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔ اگرچہ اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (المسلم)

حدیث پاک ہے:

عن سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ قال 'کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' فقال: ایعجز احدکم ان یکسب فی کل یوم الف حسنہ' فسألہ سائل من جلسائہ۔ کیف یکسب احدنا الف حسنہ' قال: یسبح مائہ تسبیحۃ۔ فتکتب لہ الف حسنہ او تحط عنہ الف خطیئہ۔.... (المسلم)

ترجمہ: حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں: ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے ہر ایک روزانہ ہزار نیکیاں کمانے سے عاجز ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی 'کہ ہم ہزار نیکیاں کیسے حاصل کرسکتے ہیں؟ فرمایا: جو سو مرتبہ تسبیح پڑھے گا تو اس کے نامہ اعمال میں ہزار نیکیاں لکھ دی جائیں گی یا ہزار گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔۔۔۔۔ (الحدیث)

حدیث پاک ہے:

عن الاغر بن یسار المزنی رضی اللہ عنہ ' قال' قال رسول اللہ

Marfat.com

ﷺ یاایھاالناس! توبوا الی اللہ واستغفروہ فانی اتوب فی الیوم مائہ مرہ-------(مسلم)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ کی طرف رجوع کرو' اور اس سے مغفرت طلب کرو۔ میں دن میں سو مرتبہ اللہ کی بارگاہ میں رجوع کرتا ہوں-------(الحدیث)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دن میں سو مرتبہ پڑھا' "لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ' لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر" ۔ تو اسے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ اس کے نامہ اعمال میں سو نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں' سو گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں' اس دن شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور اس سے افضل کسی کا عمل نہیں ہوتا۔ مگر وہ شخص جو اس سے زیادہ اس کلمے کا ورد کرے----(بخاری۔ مسلم)

ابن علان اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا: سو کا عدد ذکر کرنا' اور ان اذکار کا اس میں محصور کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اس ثواب کی غایت اور حد ہے اور پھر آپ کا ارشاد فرمانا کہ جس نے سو سے زیادہ مرتبہ اس کا ورد کیا' اس کو زیادہ ثواب سے نوازا جائے گا۔ تاکہ کہیں یہ گمان نہ ہو کہ مقررہ عدد سے تجاوز کرنا منع ہے اور زیادتی کرنے والے کو ثواب نہیں ملے گا' جس طرح کہ سنتوں کی مقررہ رکعات سے تجاوز کرنا' اور اعضاء وضو کو مقررہ تعداد سے زیادہ دھونا منع ہے اس کی برعکس بعض علماء کا خیال ہے کہ مقررہ عدد سے تجاوز کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ اور یہ مخصوص ثواب مقررہ عدد پر موقوف ہے۔ ابن جوزی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ قول بعید از صواب اور قابل التفات نہیں ہے بلکہ صحیح یہی ہے کہ کوئی شخص جتنا زیادہ عمل کرے گا' اللہ تعالی اتنا زیادہ اس کی نیکیوں میں اضافہ فرمادے گا۔

ذکر مطلق:۔ وہ ذکر جس میں کسی خاص عدد کی قید نہ ہو۔ اور اس سے مراد وہ ذکر ہے جس کی کثرت کا حکم اللہ تعالی نے بلا تخصیص عدد دیا ہے

Marfat.com

جس طرح ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوا اللّٰہَ ذِکْرًا کَثِیْرًا۔ (احزاب:۴۱)

ترجمہ: "اے ایمان والو! یاد کیا کرو اللہ کو کثرت سے"۔

جوں جوں مومن کی ہمت بلند ہوتی ہے اور اللہ کے ساتھ اس کی محبت میں اضافہ ہوتا ہے تو اس کا ذکر کثرت سے کرتا ہے کیونکہ: "من احب شیئا اکثر ذکرہ" جو کسی چیز سے محبت کرتا ہی وہ بکثرت اس کا ذکر کرتا ہے.....

شیخ کا اپنے مرید کیلئے ذکر کی تعداد کو متعین و مقرر کر دینا باعث حرج نہیں ہے۔ اس طرح شیخ اپنے مرید کی ہمت کو بڑھاتا اور اس کے عزم و ارادہ کو پختہ کرتا ہے اور اس سے سستی و کاہلی کو دور کرتا ہے حتیٰ کہ اس کا شمار بکثرت ذکر کرنے والوں میں ہو جاتا ہے۔

ذکر الٰہی کے مختلف کلمات:

ذکر الٰہی کے مختلف کلمات قلبی امراض اور نفسانی بیماریوں کیلئے دواء کا کام کرتے ہیں۔ اور ان اذکار کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں۔ مثلاً لا الہ الا اللہ۔ درود بر نبی ﷺ، بعض اسماء حسنیٰ اور لفظ اللہ کا ورد---- یہ تمام دوائیں قرآن و حدیث کے روحانی شفاخانے سے ہی دستیاب ہیں۔

کیونکہ ذکر کے مختلف کلمات ہیں اور ہر کلمے کا دل پر ایک خاص اثر و تاثیر ہوتا ہے۔ اس لئے صوفیائے کرام جو کہ دلوں کے طبیب اور تعلیم و تربیت میں رسول اللہ ﷺ کے نائب ہوتے ہیں، وہ اپنے مریدوں کو خاص اور معین ذکر کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ یہ ذکر ان کے احوال اور ضروریات کے مناسب ہوتا ہے۔ اور منازل سلوک کو طے کرنے میں مدد و معاون ہوتا ہے۔ یہ اسی طرح ہے جس طرح جسمانی طبیب مریض کیلئے مختلف قسم کی دوائیں تجویز کرتا ہے جو اس طبیعت اور مزاج کے موافق ہوتی ہیں۔ پھر صحتِ مریض کے مطابق دوا میں تبدیلی لاتا رہتا ہے۔ اسی طرح سالک کو بھی چاہئے کہ وہ اپنے مرشد کے ساتھ مضبوط تعلق قائم رکھے۔ اور وہ کتا

Marfat.com

فوقتاً اس سے مشورہ کرتا رہے' اور دوران ذکر جو روحانی فوائد اور فیوض و برکات حاصل ہوں' وہ اپنے شیخ کو بتائے۔ اس طرح وہ منازل سلوک میں ترقی کرتا جائے گا' اور آہستہ آہستہ اللہ تعالیٰ کی معرفت کو حاصل کرے گا۔

صرف لفظ "اللہ" کے ذکر کا حکم:

صرف لفظ "اللہ" کا ذکر جائز ہے' اور اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا۔ (المزمل:۸)

ترجمہ: "اور ذکر کیا کرو اپنے رب کے نام کا' اور سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو"۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا۔ (الدھر:۲۵)

ترجمہ: "اور یاد کرتے رہا کرو اپنے رب کے نام کو صبح بھی اور شام بھی"۔

ارشادات نبویہ ﷺ سے ثبوت: ارشاد نبوی ﷺ ہے:

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ 'لا تقوم الساعۃ' حتی لا یقال فی الارض "اللہ اللہ"۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تک روئے زمین پر "اللہ اللہ" کا ذکر رہے گا تو اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہو گی۔ (الحدیث)

اس حدیث میں لفظ اللہ کا ذکر مکرر آیا ہے' اور دوسری روایت میں ہے:

عن انس رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ ﷺ لا تقوم الساعہ علی احد یقول "اللہ اللہ" ----

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' کسی "اللہ اللہ" کا ورد کرنے والے پر قیامت قائم نہیں ہو گی.....

ملا علی قاری رحمتہ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح بیان کرتے ہوئے فرماتے

Marfat.com

صوفیائے کرام اور مشائخ کا ہے اور ان کے نزدیک صاحب مقام کیلئے لفظ اللہ کے ذکر سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتا ہے: "قل اللہ ثم ذرھم"۔

علامہ مناوی رحمتہ اللہ علیہ حدیث قدسی "انا مع عبدی ماذکرنی وتحرکت بی شفتاہ" کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "جو دل کے ساتھ رب کا ذکر کرتا ہے' اسے اس کی معیت حاصل ہوتی ہے اور جو زبان کے ساتھ اس کا ذکر کرے اسے بھی اس کی معیت حاصل ہوتی ہے۔ لیکن اس کی محبت اور ذکر جب بندے کے روح اور دل پر چھاجاتا ہے تو اسے اپنے رب کی معیت اور ہم نشینی حاصل ہوتی ہے۔ اور ذکر کی تین اقسام ہیں۔ عوام الناس کا ذکر زبان سے' اور خواص کا دل سے ہوتا ہے اور خواص الخواص کا ذکر اپنی ذات کو ذکر میں فنا کرنے اور مذکور کے مشاہدہ میں مستغرق رہنے سے ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ ہر حال میں مشاہدۂ حق میں گم رہتے ہیں۔ صوفیائے کرام فرماتے ہیں: "منازل سلوک طے کرنے والے کیلئے لفظ اللہ کے ذکر سے بڑھ کر کوئی نفع مند ذکر نہیں۔ یہ ذکر دل سے محبت غیر کو نکال دیتا ہے۔ ذکر کی حقیقت اور اس کے آثار' انوار و تجلیات کے بارے میں عارفین کے اقوال کو اہل ذوق ہی سمجھ سکتے ہیں۔"

شیخ جنید رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لفظ اللہ کا ذاکر اپنی ذات سے بے خبر اور اپنے رب کے ساتھ واصل ہوتا ہے۔ وہ احکام الٰہیہ پر سختی سے کاربند اور دل کے ساتھ اس کے مشاہدہ میں مشغول رہتا ہے۔ حتیٰ کہ مشاہدہ کے انوار و تجلیات اس کی بشری صفات کو جلا کر رکھ دیتے ہیں۔

سید ابوالعباس موسوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اے سالک! تجھے اللہ' اللہ کا ذکر کرنا چاہیئے کیونکہ یہ اسم تمام اسماء کا سلطان ہے اس کا آغاز علم اور انتہاء نور ہے لیکن یہ نور بالذات مقصود نہیں ہوتا' بلکہ اصل مقصود وہ کشف اور مشاہدہ ہے جو ذاکر کو حاصل ہوتا ہے' اس لیئے اسی اسم کا ذکر بکثرت کرنا چاہیئے باقی تمام اذکار پر اسے ترجیح دینی چاہیئے۔ کیونکہ یہ ذکر کلمہ توحید میں موجود تمام عقائد' علوم' آداب اور

Marfat.com

حقائق کو شامل ہے" ۔

عارف باللہ ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لفظ اللہ سلطان الاسماء اور اسم اعظم ہے ذاکر زبان کے ساتھ اس ذکر میں مشغول رہتا ہے یہاں تک کہ یہ ذکر اس کے گوشت اور خون میں شامل ہو جاتا ہے۔ اور اس کے انوار' ذاکر کے کلیات و جزئیات میں سرایت کر جاتے ہیں' اور پھر ذکر زبان سے دل کی طرف' اور دل سے روح کی طرف' اور روح سے سر کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ اس وقت زبان ساکت و صامت ہو جاتی ہے' اور ذاکر کو وصال اور مشاہدۂ حق حاصل ہوتا ہے۔

مصنف فرماتے ہیں: اے مرید صادق! لفظ اللہ کے ذکر پر ثابت قدم رہ جبکہ تجھے اس کی کسی مرشد کامل نے اجازت دی ہو۔ کیونکہ یہ ذکر خواہشات نفسانیہ کو ان کی جڑوں سے اکھیڑ دیتا ہے۔ اور بعض اوقات مرید کو ابتداء میں اس ذکر کی وجہ سے حرارت اور تنگی محسوس ہوتی ہے' وجہ یہ ہے کہ اس کا نفس اس ذکر کا عادی نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ ذکر دل سے عالم خلق کو زائل کر دیتا ہے اور اسے کائنات سے خالی کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے بعض مشائخ ابتداء اپنے مرید کو لا الٰہ الا اللہ کے ذکر کا حکم دیتے ہیں۔ جب ان کے دلوں میں نفی و اثبات پختہ ہو جاتی ہے تو انہیں لفظ اللہ کے ذکر کی تلقین کرتے ہیں۔ اور اس پر دوام اور اس کی تلخی برداشت کرنے کی نصیحت کرتے ہیں۔ اگر مرید ابتداءً اس تلخی پر صبر نہ کر سکے اور اس ذکر کو ترک کر دے تو منازل سلوک میں آگے ترقی نہیں کر سکتا۔ اور اپنی کم ہمتی کی وجہ سے خیر کثیر سے محروم ہو جاتا ہے۔ مگر جو مرید صادق اس ذکر کا پختہ ارادہ کر کے صبر و استقامت سے کام لیتا ہے تو یہ اسم اس کے دل میں نقش اور کندہ ہو جاتا ہے۔ غفلت اور کاہلی دور ہو جاتی ہے یہاں تک کہ یہ مبارک اسم اس کی رگوں میں سرایت کر کے اس کی روح کے ساتھ مل جاتا ہے۔ پھر مذکور (ذات باری تعالیٰ) ہمیشہ اس کی نگاہوں کے سامنے ہوتا ہے۔ جب لوگ غفلت کریں تو وہ غافل نہیں ہوتا' اس وقت وہ مقام احسان پر فائز ہو جاتا ہے جس کی طرف نبی پاک ﷺ نے اپنی اس حدیث پاک میں اشارہ فرمایا ہے:

حدیث پاک ہے: الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ۔۔

Marfat.com

ترک ذکر پر تنبیہ

اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اور رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک کے ذریعے تارکین ذکر کو تنبیہ فرمائی ہے جس طرح کہ مشائخ عظام نے بھی اپنے مریدین کو ترک ذکر پر خبردار کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(i)۔ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ۔ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ۔ (الزخرف:۳۶،۳۷)

"اور جو شخص (دانستہ) اندھا بنتا ہے رحمٰن کے ذکر سے تو ہم مقرر کر دیتے ہیں اس کیلئے ایک شیطان پس وہ ہر وقت اس کا رفیق رہتا ہے اور شیاطین روکتے ہیں ان (اندھوں) کو راہ ہدایت سے۔ اور یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں"۔

(ii)۔ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ۔ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغَافِلِيْنَ۔ (اعراف:۲۰۵)

"اور یاد کرو اپنے رب کو اپنے دل میں عاجزی کرتے ہوئے اور ڈرتے ڈرتے اور زبان سے بھی چلائے بغیر (یوں یاد کرو) صبح کے وقت بھی اور شام کے وقت بھی۔ اور نہ ہو جاؤ (یاد الٰہی سے) غافل رہنے والوں سے"۔

منافقین کی مذمت میں ارشاد خداوندی ہے:

وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا------ (النساء:۱۴۲)

"اور نہیں ذکر کرتے اللہ کا مگر تھوڑی دیر"۔

احادیث رسول ﷺ:

عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ، مامن قوم یقومون من مجلس لا یذکرون فیہ اللہ الا قاموا عن مثل جیفہ حمار

Marfat.com

وکان علیھم حسرۃ یوم القیامہ۔

"حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی قوم اللہ کے ذکر کے بغیر مجلس سے اٹھتی ہے وہ ایسے ہی ہیں جیسے مردار گدھے سے اٹھتے ہیں۔ اور قیامت کے دن انہیں حسرت ہو گی" ۔(الحدیث)

عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قعد مقعدا لم یذکر اللہ فیہ کان علیہ من اللہ ترہ۔ ومن اضطجع مضطجعا لا یذکر اللہ فیہ کان علیہ من اللہ ترہ۔ وما مشی احد ممشی لا یذکر اللہ فیہ الا کان علیہ من اللہ ترہ۔ (ابو داود' النسائی' احمد' صحیح ابن حبان)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی ایسی مجلس میں بیٹھا جس میں اس نے اللہ کا ذکر نہ کیا تو اس کی ذمہ داری اسی پر ہو گی اور جو شخص کسی بستر پر لیٹا اور اللہ کا ذکر نہ کیا' اسے اس پر حسرت رہے گی۔ اور جو شخص کسی راستے پر چلا' اور اللہ کا ذکر نہ کیا تو اسے بھی اس پر حسرت رہے گی" ۔(الحدیث)

عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ماجلس قوم مجلسا لم یذکر اللہ فیہ ولم یصلوا علی نبیھم الا کان علیھم ترہ فان شاء عذبھم وان شاء غفر لھم۔ (ترمذی۔ ابو داود)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی قوم کسی مجلس میں بیٹھی اور اس نے نہ تو اللہ کا ذکر کیا' اور نہ ہی اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا۔ انہیں اس پر حسرت و ندامت ہو گی۔ اللہ تعالی چاہے تو عذاب دے دے' اور اگر چاہے تو بخش دے" ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اہل جنت ان اوقات پر حسرت کریں گے جن میں انہوں نے ذکر نہیں کیا تھا" ۔

صوفیائے کرام کے ارشادات:

Marfat.com

حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ما اعلم معصیہ اقبح من ترک ذکر ھذا الرب۔

"رب کا ذکر ترک کرنے سے زیادہ قبیح معصیت کا مجھے علم نہیں" ۔

ابو الحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ: "زبان پر ذکر کا بوجھل ہونا نفاق کی علامت ہے---- اے سالک! اللہ کی بارگاہ میں توبہ کر۔ تاکہ ذکر کو تیری زبان پر خفیف کر دے" ۔ انہوں نے یہ مفہوم اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے اخذ کیا ہے جس میں منافقین کی نشانیاں بیان کی گئی ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ الْمُنَافِقِیْنَ یُخَادِعُوْنَ اللّٰہَ وَھُوَ خَادِعُھُمْ۔ وَاِذَا قَامُوْا اِلَی الصَّلٰوۃِ قَامُوْا کُسَالٰی۔ یُرَاؤُنَ النَّاسَ وَلَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا قَلِیْلًا۔ (النساء:۱۴۲)

"بے شک منافق (اپنے گمان میں) دھوکہ دے رہے ہیں اللہ کو۔ اور اللہ تعالیٰ سزا دینے والا ہے انہیں (اس دھوکہ بازی کی) اور جب کھڑے ہوتے ہیں نماز کی طرف، تو کھڑے ہوتے ہیں کاہل بن کر۔ لوگوں کو دکھانے کیلئے اور نہیں ذکر کرتے اللہ تعالیٰ کا مگر تھوڑی دیر" ۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہر شے کی سزا اور عقوبت ہوتی ہے اور عارف کی عقوبت ترک ذکر ہے۔

عقلمند کو چاہیئے کہ وہ غفلت سے بیدار ہو، اور وہ ذکر خداوندی سے اپنے دل کو بیدار کرنے میں سنجیدگی سے کوشاں اور ذکر کثیر کرنے والے مومنین کی صفات سے متصف ہو۔ اور قلیل الذکر منافقین کی صفات سے نہ ہو۔

دوران ذکر جذب و وجد

ذکر میں حرکت امر مستحسن ہے کیونکہ بدن کو ذکر کیلئے چست کرتی ہے اور اس کی دلیل امام احمد اور حافظ مقدسی کی روایت کردہ حدیث ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حبشی لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رقص کر رہے تھے اور

Marfat.com

اپنی زبان میں کہہ رہے تھے: محمد ﷺ نیک بندے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا کہ رہے تھے' عرض کی گئی کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ محمد ﷺ اللہ کے صالح بندے ہیں۔ جب آپ ﷺ نے ان کو اس حالت میں دیکھا' تو ناپسند نہیں فرمایا' اور ان کے اس فعل کو ثابت رکھا۔ یہ بات بالکل واضح ہے کہ احکام شرعیہ نبی کریم ﷺ کے قول' فعل اور تقریر سے ماخوذ ہیں۔ جب آپ ﷺ نے ان کے فعل کو ثابت رکھا اور اس کو ناپسند نہ کیا تو ثابت یہ ہوا کہ یہ فعل جائز ہے۔ اس حدیث پاک میں جھوم جھوم کر نعت رسول ﷺ پڑھنے کی دلیل ہے۔ حرکت ذکر کو رقص کا نام نہیں دیا جاسکتا۔ بلکہ یہ جائز ہے کیونکہ یہ جسم کو ذکر کیلئے چست کرتی ہے۔ اور دوران ذکر حضور قلب کی باعث ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ بندے کی نیت صحیح ہو کیونکہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ ہر شخص کو اس کی نیت کے مطابق اجر ملتا ہے۔

حضرت ابو اراکہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز فجر ادا کی۔ سلام پھیرنے کے بعد آپ دائیں طرف متوجہ ہوئے اور کچھ دیر بیٹھے رہے۔ آپ کے چہرے پر رنجیدگی کے آثار نمایاں تھے۔ پھر جب سورج ایک نیزے کی مقدار بلند ہوا' تو دو رکعتیں ادا کیں۔ اور اپنے ہاتھوں کو ملنے لگے' پھر ارشاد فرمایا:

واللہ لقد رایت اصحاب محمد ﷺ فما اری الیوم شیئا یشبہھم لقد کانوا یصبحون صفرا شعثا غبرا بین ایدیھم کامثال رکب المعزی' قد باتوا اللہ سجدا وقیاما' یتلون کتاب اللہ' یتراوجون بین جباھم واقدمھم' فاذا اصبحوا فذکروا اللہ مادوا کما یمید الشجر فی یوم الریح' وھملت اعینھم حتی تنبل واللہ ثیابھم۔ (البدایہ والنہایہ ج ۸' ص ٦)(الحلیہ ج ۱' ص ۷٦)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "میں نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کو دیکھا ہے لیکن آج کوئی بھی ان کی مثل نظر نہیں آتا۔ بوقت صبح ان کے

Marfat.com

رنگ پیلے اور بال بکھرے اور گرد آلود ہوتے ہیں رات بھر اللہ کے حضور سجود و قیام میں رہتے۔ قرآن کریم کی تلاوت کرتے اور سجود و قیام سے تسکین اور راحت حاصل کرتے۔ اور علی الصبح ذکر الٰہی کرتے۔ اور اس طرح حرکت کرتے جیسے ہوا میں درخت حرکت کرتا ہے۔ ان کی آنکھوں سے اتنے آنسو رواں ہوتے کہ قسم بخدا ان کے کپڑے تر ہو جاتے" ۔

اس ساری عبارت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ جملہ "مادوا کما یمید الشجر فی یوم الریح' وھملت اعینھم حتی تنبل واللہ ثیابھم" قابل توجہ ہے کیونکہ یہ دوران ذکر جذب و حرکت پر صراحۃً دلالت کرتا ہے۔ اور جو لوگ یہ دعوی کرتے ہیں کہ دوران ذکر حرکت کرنا بدعت محرمہ ہے' ان کے دعوی کو باطل کرتا ہے اور مطلقاً ذکر میں حرکت کی اباحت کو ثابت کرتا ہے۔

شیخ عبدالغنی نابلسی رحمتہ اللہ علیہ نے اس حدیث سے اپنے ایک رسالے میں دوران ذکر حرکت کے مستحب ہونے پر استدلال کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صراحۃً دلالت کرتی ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دوران ذکر سخت حرکت کیا کرتے تھے۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ دوران ذکر اگر کوئی شخص حرکت کرتا ہے' بیٹھتا ہے یا کھڑا ہوتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ نہ تو اس نے معصیت کا ارتکاب کیا ہے اور نہ ہی اسکا قصد۔ لیکن بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو صوفی ہونے کا دعوی تو کرتے ہیں لیکن ان کا صوفیاء سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔ انہوں نے حلقات ذکر کے جمال کو مسخ کر دیا ہے کیونکہ انہوں نے بہت سی بدعات ضالہ اور ایسے ناپسندیدہ افعال اس میں داخل کر دیئے ہیں' جو شرع مطہرہ کے نزدیک حرام ہیں۔ ان کی محافل گانے بجانے کے آلات' نوخیز لڑکوں اور آلات موسیقی سے مزین ہوتی ہیں۔ اس لئے ان کی محافل تصفیہ قلب اور وصول الی اللہ کا ذریعہ نہیں ہوتیں بلکہ غافلین کیلئے فرحت و سرور اور گھٹیا مقاصد کی تکمیل کے بھرپور مواقع ہوتے ہیں۔

لیکن یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ بعض مدعیان علم مطلقاً حلقات ذکر کو اپنی تنقید کا نشانہ بناتے ہیں اور جعلی صوفیوں اور حقیقی مشائخ میں فرق نہیں کرتے----

Marfat.com

ہو جاتا کہ انہوں نے حقیقی صوفیاء اور لبادہ تصوف اوڑھنے والوں میں فرق کیا ہے اور حقیقی صوفیاء و مشائخ کیلئے تواجد کو مباح قرار دیا ہے۔ تواجد جو حقیقی وجد نہیں ہوتا' بلکہ اس میں تکلف اور تصنع ہوتا ہے' اس میں کوئی حرج نہیں جب ذاکر کی نیت صحیح ہو۔ جیسا کہ ابن عابدین رحمتہ اللہ علیہ اپنے حاشیہ میں فرماتے ہیں:

مافی التواجد ان حققت من حرج
ولا التمایل ان اخلصت من باس

"اگر تو حقیقت سے آشنا ہے تو تیرے تواجد میں کوئی حرج نہیں' اور اگر تو مخلص ہے تو تیرا جھومنا بھی قابل اعتراض نہیں"۔

جب تواجد شرعاً جائز ہے اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں جس طرح کہ فقہاء کرام نے بیان کیا ہے--- تو وجد بدرجہ اولی جائز ہو گا

صوفیاء کرام کا وجد اور تواجد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مختلف احوال سے ماخوذ ہے مکہ مکرمہ کے شافعی المذہب مفتی اور عظیم سکالر شیخ احمد زینی دحلان رحمتہ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب "سیرۃ نبویہ" میں اسی قسم کے ایک واقعہ کی منظر کشی کرتے ہیں' فرمایا: فتح خیبر کے بعد حضرت جعفر ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھ دوسرے سولہ مسلمان حبشہ سے ہجرت کرکے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کیلئے قیام فرمایا' اور جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے ملے تو ان کی پیشانی پر بوسہ دیا اور معانقہ فرمایا اور پھر ارشاد فرمایا:

ما ادری بایھما افرح بفتح خیبر ام بقدوم جعفر۔ وقال لجعفر: اشبھت خلقی وخلقی۔

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں کہ مجھے کس بات کی زیادہ خوشی ہوئی ہے فتح خیبر کی یا آمد جعفر کی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جعفر کو ارشاد فرمایا: تو شکل و صورت میں اخلاق میں میرے مشابہہ ہے۔ جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے یہ ارشاد سنا تو اس خطاب کی لذت میں رقص کرنے لگے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر انکار نہ کیا۔ اور یہی صوفیاء کرام کے رقص کی اصل ہے"۔

Marfat.com

علامہ آلوسی اللہ تعالی کے اس ارشاد "الذین یذکرون اللہ قیاما وقعودا" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر اور حضرت عروہ ابن زبیر رضی اللہ عنہما اور ان کے ساتھ بہت سے لوگ عید کے دن نماز عید کیلئے نکلے تو راستے میں اللہ تعالی کا ذکر کرتے تو ان میں سے کسی نے کہا' تم نے اللہ تعالی کا یہ ارشاد "یذکرون اللہ قیاما وقعودا" نہیں سنا۔ تو وہ کھڑے ہو کر ذکر کرنے لگے۔ اور اس سے ان کا مقصد اس آیت کریمہ کے مطابق عمل کرنا تھا۔ شیخ ابو مدین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وقل للذی ینھی عن الوجد اھلہ

اذا لم تذق معنی شراب الھوی دعنا

اذا اھتزت الارواح شوقا الی اللقا

نعم ترقص الاشباح یا جاھل المعنی

ترجمہ:(i)۔ "کہہ دو اس آدمی کو جو اھل وجد کو وجد کرنے سے منع کرتا ہے۔ اگر تو نے شراب محبت کا ذائقہ نہیں چکھا تو ہمیں اپنی اپنی حالت پر چھوڑ دو"۔

(ii)۔ "جب روحیں ملاقات کیلئے بے قرار ہوتی ہیں۔ اے ناواقف اسرار! تو جسم بھی محو رقص ہو جاتا ہے"۔

خلاصہ بحث:

یہ ہے کہ ذکر میں جذب و وجد شرعاً مباح ہے۔ مزید براں یہ کہ ذکر کا حکم مطلق ہے اور تمام احوال کو شامل ہے جس نے اللہ تعالی کا ذکر بیٹھے ہوئے' کھڑے ہوئے' چلتے ہوئے' جھومتے ہوئے اور بحالت سکون کیا۔ وہ امر الٰہی کو بجالایا۔ اور جو شخص دوران ذکر وجد و جذب کی حرمت کا دعوی کرتا ہے اس پر لازم ہے کہ دلیل پیش کرے۔ کیونکہ وہ مطلق حکم کو بلا دلیل مقید کرنا چاہتا ہے۔

بہر حال مسلمان کا مطمع نظر یہی ہونا چاہیئے کہ وہ حلقات ذکر میں داخل ہو کر عبادت ذکر میں مشغول رہے کیونکہ یہ وجد وغیرہ ذکر کیلئے شرط نہیں ہے' بلکہ یہ تو اس عبادت میں نشاط پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔ اور اگر نیت صحیح ہو تو اہل وجد کے ساتھ

Marfat.com

مشابہت بھی فائدہ مند ہے جیسا کہ کسی شاعر کا قول ہے:

فتشبہوا ان لم تکونوا مثلھم

ان التشبہ بالکرام فلاح

ترجمہ: اگر تم ان کی مثل نہیں ہو تو ان سے مشابہت کر لو کیونکہ شرفاء کی مشابہت اختیار کرنے میں کامیابی ہے۔

مسجد میں سماع اور اشعار کا حکم

حدیث پاک ہے:

عن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: ان من الشعر حکمۃ------(بخاری۔ مسلم)

ترجمہ: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "بعض اشعار میں حکمت اور دانائی ہوتی ہے"۔

عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان ینقل اللبن مع القوم فی بناء المسجد وھم یرتجزون ویقولون:

اللھم لا عیش الا عیش الاخرہ فانصر الانصار والمھاجرہ۔ (بخاری)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعمیر کے دوران اینٹیں اٹھا کر لے جا رہے تھے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رجز پڑھ رہے تھے اور کہہ رہے تھے۔ اے اللہ! حقیقی زندگی آخرت کی زندگی ہے پس تو انصار و مہاجرین کی مدد فرما۔

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بن اکوع سے روایت ہے' آپ فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں خیبر کی طرف نکلے اور رات کا سفر کر رہے تھے پھر کسی شخص نے حضرت عامر رضی اللہ عنہ بن اکوع سے کہا: آپ ہمیں اپنے اشعار سنائیں۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ شاعر تھے آپ اپنی سواری سے اترے اور حدی خوانی شروع کر دی۔ آپ

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا:

اللھم لولا انت ما اھتدینا

ولا تصدقنا ولا صلینا

فاغفر فداء لک ما اقتضینا

وثبت الاقدام ان لاقینا

والقین سکینہ علینا

انا اذا صیح بنا اتینا

وبالصباح اولوا علینا

ترجمہ:(i)۔ اے اللہ تعالیٰ! اگر تو نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ حاصل کرتے اور نہ ہی صدقہ کرتے اور نہ ہی نماز پڑھتے۔

(ii)۔ تو اپنی مہربانی سے ہمارے گزشتہ گناہوں کو معاف فرما اور ہمیں ثابت قدم رکھ اگر ہم دشمن پر حملہ کریں۔

(iii)۔ ہم پر سکون و اطمینان نازل فرما۔ دشمن نے جب ہمیں پکارا تو ہم آ گئے۔

جب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ حدی خواں کون ہے؟ عرض کی عامر بن اکوع تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ یا رسول اللہ ﷺ! اس کی شہادت لازم ہو گئی۔ کاش کہ آپ ﷺ ہمیں کچھ دیر لطف اندوز ہونے دیتے۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ عامر رضی اللہ عنہ بن اکوع اسی غزوہ میں شہید ہو گئے۔ (بخاری۔ مسلم)

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد کے قریب سے گزرے۔ آپ نے دیکھا کہ حسان رضی اللہ عنہ بن ثابت مسجد میں بیٹھے اشعار پڑھ رہے ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں بھرپور نظر سے دیکھا تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ فرمانے لگے۔ میں تو مسجد میں اس وقت بھی اشعار پڑھتا تھا جب اس میں آپ سے بھی افضل ہستی (رسول اللہ ﷺ) موجود تھی۔ پھر حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ کی

Marfat.com

۱۵

۱۔ شعر پڑھنے کا جواز

۲۔ مسجد میں اشعار کا سننا۔

۳۔ شاعر کو انعام و اکرام سے نوازنا۔

امام شاطبی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "الاعتصام" میں ذکر کرتے ہیں کہ حضرت ابوالحسن القرافی حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ بعض لوگ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شکایت کی کہ ہماری مسجد کے امام صاحب نماز سے فارغ ہونے کے بعد شعر پڑھنے لگتے ہیں۔ آپ نے فرمایا' وہ کون ہیں؟ عرض کی گئی کہ فلاں شخص ہے۔ آپ نے فرمایا' چلو اس کے پاس چلتے ہیں۔ کیونکہ اگر ہم نے اس کی طرف کوئی آدمی بھیجا تو وہ اس معاملے کو سمجھ جائے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ مسجد میں اس آدمی کے پاس تشریف لائے۔ اس آدمی نے جب آپ کو دیکھا تو فوراً کھڑے ہو کر آپ کا استقبال کیا' اور عرض کی۔ یا امیرالمومنین! کس کام اور غرض کی وجہ سے آپ یہاں تشریف لائے ہیں؟ اگر تو ہمارے ساتھ کام تھا' ہمارا زیادہ حق بنتا تھا کہ ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ اور اگر دین کا کام تھا۔ پھر بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ کی تعظیم ہمارے لئے فرض ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالی تم پر رحم فرمائے تمہارے متعلق مجھے قابل اعتراض بات پہنچی۔ اس نے عرض کی۔ وہ کیا ہے یا امیرالمومنین؟ آپ نے فرمایا: تم نماز کے بعد اشعار پڑھتے ہو۔ اس نے عرض کی۔ نہیں' یا امیرالمومنین! یہ تو نصیحت ہے جو میں اپنے نفس کو کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا ان اشعار کو پڑھو' اگر تو اچھا کلام ہوا تو میں تمہارے ساتھ پڑھوں گا۔ اور اگر قبیح ہوئی تو میں تمہیں روک دوں گا۔

اشعار یہ ہیں:

وفوادی کلما عاتبته

فی مری الهجران یبغی تعبی

لا اراه الدهر الا لاهیا

Marfat.com

فی تمادیه فقد برح بی

یاقرین السوء ماهذا الصبیا

فنی العمر کذا فی اللعب

وشباب بان عنی فمضی

قبل ان اقضی منی اربی

ما ارجی بعده الا الفنا

ضیق الشیب علی مطلبی

ویح نفسی لا اراها ابدا

فی جمیل لا ولا فی ادب

ترجمہ:(i)۔ میں نے اپنے دل کو جب بھی ہجر کے بارے میں جھڑکا تو مجھے تنگ کرتا ہے۔

(ii)۔ میں دیکھتا ہوں کہ وہ ہر وقت اپنی سرکشی میں غافل ہے۔ حتیٰ کہ اس نے مجھے پریشان کر دیا۔

(iii)۔ اے برے ساتھی! یہ کیا بچپنا ہے کہ اسی طرح عمر کھیل کود میں ضائع ہو گئی۔

(iv)۔ جوانی مجھ سے جدا ہو گئی اور کوچ کر گئی قبل اس کے کہ میں اس سے کوئی حاجت پوری کر لیتا۔

(v)۔ اس کے بعد اب مجھے فنا کی امید ہے۔ بڑھاپے نے میرے مطلوب و مقصود کو مشکل کر دیا۔

(vi)۔ ہلاکت ہو میرے نفس کی۔ میں نے اسے کبھی نیکی کے کام میں اور نہ ہی ادب کے کام میں دیکھا ہے۔

اس کلام کا آخری شعر یہ ہے جب امام صاحب نے یہ شعر پڑھا:

نفس لاکنت ولا کان الھوی

راقبی مولاہ وخافی وارھبی

Marfat.com

ترجمہ: اے نفس! نہ تو رہے اور نہ تیری خواہشات' اپنے مولیٰ کا خیال رکھ اس سے خوف کھا اور اسی سے ڈر۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی یہ شعر پڑھنے لگے اور فرمایا جو شعر پڑھنا چاہے تو اسی قسم کے اشعار پڑھے۔

امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شعر عام گفتگو کی طرح ہے اس میں معیاری اور اچھے اشعار کو اچھا تصور کیا جائے گا اور قبیح کو قبیح۔

علامہ نووی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

لا باس بانشاد الشعر فی المسجد اذا کان مدحا للنبوہ او الاسلام او کان حکمہ او فی مکارم الاخلاق اوالزھدو نحو ذلک من انواع الخیر (شرح صحیح مسلم۔ امام نووی۔ ج۱۶' ص۴۵)

ترجمہ: "مسجد میں شعر پڑھنے میں کوئی حرج نہیں جب یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت ہو یا اسلام کی مدح' حکمت کا ذکر ہو یا مکارم اخلاق کا' زہد ہو یا دیگر افعال خیر"۔

ابو بکر ابن العربی المالکی فرماتے ہیں کہ مسجد میں شعر پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ جبکہ یہ اشعار دین اور احکام شرع کی تعریف میں ہو۔

حدی خوانی:

اس کے متعلق حجۃ الاسلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ "احیاء العلوم" میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں حدی خوانی عام تھی۔ اور حدی خوانی سے مراد وہ اشعار ہیں جو خاص طرز پر خوبصورت آواز میں پڑھے جاتے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے بھی اس کا انکار نہیں کیا۔ (احیاء العلوم' ج۲' ص۲۴۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں جا رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک غلام انجشہ' عورتوں کی سواریوں کو ہانک رہا تھا اور ساتھ ساتھ حدی خوانی کر رہا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے انجشہ! سواریوں کو آہستہ ہانکو۔ یہ عورتیں آبگینوں کی مانند ہوتی ہیں۔

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انجشہ نامی غلام حدی خوانی کیا کرتا تھا۔ اس کی آواز انتہائی خوبصورت تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا: اے انجشہ' ذرا آہستہ۔ کہیں آبگینوں کو توڑ نہ دینا۔

حافظ ابن حجر شرح بخاری میں ابن بطال سے نقل کرتے ہیں کہ آبگینوں سے مراد وہ عورتیں ہیں جو اونٹوں پر سوار تھیں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدی خوان کو آہستہ پڑھنے کا حکم دیا۔ کیونکہ پھر اس کی حدی خوانی سے اونٹ تیز تیز چلتے تھے جس سے عورتوں کے گرنے کا خدشہ تھا۔ آخر میں ابن عبدالبر سے نقل کرتے ہیں کہ حدی خوانی کے جواز پر تمام علماء کا اتفاق ہے۔ بعض حنابلہ نے اس میں اختلاف کیا ہے۔ لیکن یہ اختلاف صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ احادیث صحیحہ میں اس کی واضح دلیل ہے۔

حاجیوں کو حج کا شوق دلانے کیلئے کعبہ شریف اور دیگر مقامات کے متعلق پڑھے جانے والے اشعار اور اسی طرح مجاہدین کو جہاد پر برانگیختہ کرنے والے ترانے بھی اسی کے ضمن میں آتے ہیں۔

شیخ امام طبری' ابن جریج سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطا سے حدی خوانی' شعر اور غنا کے متعلق پوچھا۔ تو انہوں نے فرمایا: کوئی حرج نہیں جب تک ان میں فحش نہ ہو۔

ابن بطال فرماتے ہیں کہ وہ اشعار جن میں اللہ تعالی کا ذکر' اس کی عظمت و وحدانیت' اس کی طاعت وانقیاد کا تذکرہ ہو۔ وہ اچھے اور قابل توجہ ہیں۔ اور اس حدیث "ان من الشعر حکمہ" سے اسی قسم کے اشعار مراد ہیں۔ اور اسی طرح وہ اشعار جن میں کذب اور بے ہودگی پائی جائے جائز نہیں اور قابل التفات نہیں۔ اس بحث کا حاصل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں حدی خوانی ہوتی تھی۔

"احسان یہ ہے کہ تو اس طرح عبادت کر گویا کہ تو اللہ تعالی کو دیکھ رہا ہے" ۔(الحدیث)

Marfat.com

اور بعض اوقات آپ خود بھی اس کا حکم فرماتے تھے اور حدی خوانی میں بھی اشعار خاص طرز پر پڑھے جاتے ہیں۔ علامہ سفارینی فرماتے ہیں کہ الاقناع وغیرہ میں ہے کہ وہ حدی خوانی جس کے ساتھ اونٹوں کو ہانکا جاتا ہے اور بدوؤں کے ترانے مباح ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ صحیح مذہب کے مطابق حدی خوانی بلا کراہت مباح ہے۔ کیونکہ احادیث و آثار میں اس کا ذکر کثرت سے آیا ہے۔ حتیٰ کہ بعض علماء نے اس کی اباحت پر اجماع نقل کیا ہے۔

علامہ الفقیہہ خلیل الخلاوی اپنی کتاب الحظر والاباحۃ میں فتاویٰ خیریہ سے نقل کرتے ہیں کہ صاحبِ فتاویٰ خیریہ مسئلہ سماع میں علماء کے اقوال اور اختلاف کو ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ جہاں تک صوفیائے کرام کے اختلاف کا تعلق ہے اس میں کسی کو اختلاف نہیں۔ بلکہ اس سماع کو مستحب کا درجہ حاصل ہے جیسا کہ کثیر محققین نے اس کا ذکر کیا ہے کہ سماع کا اصلی مقصد وعظ و نصیحت اور ارشاد و ہدایت ہے۔ کیونکہ سماع فطری طور پر انسانی جذبات ابھارتا ہے۔ اس سے بارگاہ قدسی سے انس اور انوارِ محمدیؐ تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔ صوفیائے کرام کا سماع لھو و لعب اور فضول امور سے خالی ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ صوفیائے کرام کا حال عام لوگوں سے کہیں مختلف ہوتا ہے۔ کیونکہ صوفیائے کرام جو کچھ جانتے اور سمجھتے ہیں عوام الناس کی وہاں تک رسائی نہیں ہوتی۔ ان کا سماع اچھے احوال میں اضافے کا باعث ہوتا ہے۔ یہ وجد کو ظاہر کرتا ہے اور دل کو متحرک کرتا ہے۔ کیونکہ ان کے دلوں کا اپنے رب سے گہرا تعلق اور ربط اور اس کی بارگاہ میں حضوری اور قرب حاصل ہوتا ہے تو یہ سماع ان کی ارواح کو سیراب کرتا ہے۔ اور منازل سلوک کو جلد طے کرنے کا سبب بنتا ہے۔ لیکن کمینے اور گھٹیا لوگوں کا سماع اس کے برعکس ہوتا ہے۔ وہ لھو ولعب اور آلاتِ موسیقی سے آراستہ محافل کا اہتمام کرتے ہیں۔ یہ چیز ان کے قلبی فسق و فجور کو ظاہر کر دیتی ہے۔ اور فرائض و واجبات کو بھلا دیتی ہے۔ تو کیا ان فاسقوں اور فاجروں پر اولیائے صالحین کو قیاس کرنا ممکن اور مناسب ہے؟

Marfat.com

سماع اور صوفیائے کرام:

حضرت مسلم عبادانیؒ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس صالح مری عتبہ الغلام عبدالواحد بن زیدع اور مسلم سواری تشریف لائے۔ ایک رات وہ ساحل پر بیٹھے ہوئے تھے میں نے ان کے لئے کھانا تیار کر کے انہیں دعوت دی۔ وہ تشریف لائے تو میں نے کھانا ان کے سامنے رکھا تو کسی نے یہ شعر پڑھا۔

و تلهيک عن دار الخلود مطاعم

و لذه نفس غيها غير نافع

"تجھے جنت سے غافل کر دیا ہے ماکولات اور نفس کی لذت نے جس کی گمراہی فائدہ مند نہیں"

جب انہوں نے یہ شعر سنا تو عتبہ غلامؒ نے ایک چیخ ماری اور بے ہوش ہو کر گر پڑے اور باقی لوگ گریہ کناں ہو گئے۔ اور قسم بخدا کھانا کا ایک لقمہ بھی نہ چکھا(۱)۔

حضرت ابو عثمان نیشا پوری فرماتے ہیں کہ حضرت الحارث محاسی کے سامنے کسی قوال نے یہ اشعار پڑھے۔

انا فی الغربتہ ابکی ما بکت عین غریب

لم اکن یوم خروجی من بلادی عصیب

عَجَبًا لِیْ و لترکی وطنا فیہ حبیبی

ترجمہ: میں بحالت سفر روتا ہوں جیسا کہ ایک اجنبی کی آنکھ روتی ہے۔ میرا اپنے وطن سے نکلنے کا فیصلہ درست نہ تھا۔ اور تعجب ہے میرے لئے کہ میں اس وطن کا تارک ہو گیا۔ جہاں میرا محبوب رہتا تھا۔

آپؒ نے جب یہ اشعار سنے تو وجد میں آ گئے اور رونے لگے حتیٰ کہ تمام حاضرین آپ پر ترس کھانے لگے(۲)۔

جب ذوالنون مصریؒ بغداد تشریف لائے تو بعض صوفیاء اپنے قوال لے

Marfat.com

آئے اور آپ کے سامنے اشعار پڑھنے کی اجازت طلب کی۔ آپ نے اجازت دے دی تو اس نے درج ذیل اشعار پڑھے۔

صغیر هواک عذبنی فکیف به اذا احتکا
وانت جمعت فی قلبی هوی قد کان مشترکا
اما ترثی لمکتئب اذا ضحک الخلی بکی

ترجمہ:۔ تیری چھوٹی سی محبت نے مجھے عذاب میں ڈال دیا جب یہ پختہ ہو جائے گی تو کیا حال ہو گا؟ تو نے میرے دل میں اس محبت کو جمع کر دیا جو مشترک تھی۔ کیا تجھے اس شکستہ خاطر پر رحم نہیں آتا جو روتا ہے جب فارغ البال ہنستا ہے"

حضرت ذوالنون مصریؒ نے یہ اشعار سنے تو آپ پر وجد طاری ہو گیا۔ آپ پہلے کھڑے ہوئے پھر منہ کے بل گر پڑے (۳)۔

مروی ہے کہ ابو الحسن نوری ایک دعوت میں شریک تھے وہاں ایک علمی مسئلہ میں بحث شروع ہو گئی۔ آپ پہلے خاموش رہے پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا یہ اشعار پڑھے:

ترجمہ:۔ "کتنی ہی فاختائیں ہیں جو بوقت چاشت ٹہنیوں میں غمگین گانا گاتی ہیں انہوں نے مجھے میرا محبوب اور گزرا ہوا اچھا زمانہ یاد دلا دیا۔ وہ غم سے روئی اور میرے غم میں اضافہ کر دیا۔ کبھی میرے رونے نے اسے اور کبھی اس کے رونے نے مجھے بیدار رکھا۔ میں شکوہ کرتا تو اسے نہ سمجھا سکتا' اور اگر وہ شکوہ کرتی تو مجھے نہ سمجھا سکتی۔ لیکن دردِ دروں کی وجہ سے میں اسے پہچانتا تھا اور وہ مجھے اس درد کی وجہ سے"

فرماتے ہیں "جب حاضرین نے یہ اشعار سنے تو کھڑے ہو گئے اور ان پر وجد کی حالت طاری ہو گئی۔ یہ وجد کی کیفیت اس علمی بحث کی وجہ سے پیدا نہیں ہوئی جس میں وہ مصروف تھے۔ اگرچہ یہ علم حق و صواب ہے (۴)۔

شیخ سفارینی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ سماع دل کے پوشیدہ جذبات کو ابھارتا ہے اور حرکت دیتا ہے۔ اور صوفیائے کرام کے دل اللہ کے ذکر سے معمور اور نفسانی خواہشات سے پاک اور محبت الٰہی میں مستغرق ہوتے ہیں ۔ اور ان

Marfat.com

میں ذات باری تعالیٰ کے سوا کوئی چیز نہیں ہوتی۔ شوق' وجد ہیجان اور اضطراب ان کے دلوں میں اس طرح پوشیدہ ہوتا ہے جس طرح آگ اور یہ چیزیں اسی وقت ظاہر ہوتی ہیں جب دل پر کوئی مناسب چوٹ لگتی ہے اور صوفیائے کرام کے نزدیک سماع کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے کہ دورانِ سماع ان کے دل پر اچانک چوٹ لگتی ہے چوٹ کی شدت سے ان کے دل کی قوت برداشت ختم ہو جاتی ہے اس وجہ سے ان سے بعض حرکات چیخ و پکار صادر ہوتے ہیں حتیٰ کہ بعض پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے کیونکہ سماع ان کے دلوں میں پوشیدہ جذبات کو ابھار دیتا ہے نہ کہ دلوں میں کوئی نئی چیز پیدا کرتا ہے۔

اسی وجہ سے شیخ ابوالقاسم جنید قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ سماع دل میں کوئی نئی چیز پیدا نہیں کرتا۔ بلکہ دلوں میں پہلے جو کچھ موجود ہوتا ہے اسی کو حرکت دیتا ہے۔ اسی وجہ سے صوفیائے عظام پر وجد کی جو کیفیت طاری ہوتی ہے وہ ان کے دلوں میں پوشیدہ اسرار کی وجہ سے ہوتی ہے نہ کہ کلام شاعر کی وجہ سے۔ کیونکہ وہ کلام کی طرف توجہ نہیں دیتے۔

ابو حکمان صوفی کا واقعہ اسی طرف مشیر ہے آپ نے بیچنے والے کو سنا کہ وہ آواز لگا رہا ہے یا سعتر بری آپ غش کھا کر گر پڑے جب آپ کو افاقہ ہوا تو آپ سے اس بارے میں پوچھا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے اسے یہ کہتے ہوئے سنا۔

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ ان کے وجد کی حرکت ان کے دل میں پوشیدہ اسرار کی وجہ سے تھی نہ کہ قائل کی ظاہری آواز سے۔

اسی طرح بعض مشائخ سے مروی ہے انہوں نے کسی کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ الخیار عشرۃ بحبہ (ایک پیسے کے دس کھیرے) تو ان پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔ جب آپ سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا اذا کان الخیار عشرۃ بحبہ فما قیمہ الاشرار؟ (جب نیکو کار پیسے کے دس ہیں تو بدکاروں کی قیمت کیا ہو گی)

محبت الٰہی میں مستغرق کثیف الفاظ سے لطیف معانی سمجھ لیتا ہے کیونکہ وہ

Marfat.com

ظاہری صورت اور ترنم کی جانب ملتفت نہیں ہوتا اور جو یہ گمان کرتا ہے کہ سماع عمدہ معانی اور خوبصورت ترنم کا نام ہے۔ تو وہ حقیقت سے بہت دور ہے بزرگ فرماتے ہیں سماع حقیقتِ ربانیہ اور لطائفِ روحانیہ ہے جب یہ سماع قلوب میں سرایت کرتا ہے تو ماسوی اللہ ہر چیز کو مٹا دیتا ہے اور یہی سماع حق ہے۔

مشائخ کا بیان ہے کہ کیفیت وجد طاری ہونے کا سبب یہ ہے کہ صاحب وجد میں واردات برداشت کرنے کی قوت نہیں ہوتی۔ کیونکہ جب اس کے دل پر انوار و لطائف کی کثرت ہوتی ہے تو اس پر وحشت طاری ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اس کے اعضاء میں حرکت پیدا ہو جاتی ہے، کبھی وہ چیخنے لگتا ہے اور کبھی اس پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے اور یہ حالت عموماً سلوک کے ابتدائی مراحل میں ہوتی ہے۔ لیکن کاملین پر یہ وجد کی کیفیت طاری نہیں ہوتی بلکہ ان پر سکون و طمانیت غالب ہوتی ہے کیونکہ ان کے قلوب اور سینوں میں اتنی وسعت ہوتی ہے کہ ان تمام چیزوں کو جذب کر لیتے ہیں۔ یہ لوگ بظاہر پر سکون نظر آتے ہیں لیکن ان کے دلوں پر جذبات و ہیجانات کا سمندر موجزن ہوتا ہے۔ شیخ ابوالقاسم جنیدؒ سے عرض کی گئی کہ کیا وجہ ہے کہ دوران سماعت حرکت نہیں کرتے۔ آپ نے فرمایا وتری الجبال تحسبها جامدة وهی تمر مر السحاب۔ (۵)

ذکر کے فوائد (اجمالاً)

۱) عن ابی هریره و ابی سعید الخدری رضی الله تعالی عنهما، قالا: قال رسول الله ﷺ ما من قوم یذکرون الله حفتهم الملائکه و غشیتهم الرحمته و نزلت علیهم السکینه و ذکرهم الله فی من عنده۔ (مسلم، ترمذی)

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہؓ اور ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا کوئی قوم اللہ کا ذکر نہیں کرتی مگر فرشتے اس کا احاطہ کر لیتے ہیں۔

Marfat.com

اللہ کی رحمت اس پر سایہ فگن ہوتی ہے۔ سکون و اطمینان ان پر نازل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ فرشتوں میں ان کا ذکر کرتا ہے (الحدیث)

۲) عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول الرب تبارک و تعالی من شغلہ قراۃ القرآن و ذکری عن مسالتی اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین۔ (ترمذی۔ دارمی)

ترجمہ:۔ حضرت ابو سعید خدری ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے جو آدمی مجھ سے سوال کرنے کی بجائے تلاوت قرآن اور میرے ذکر میں مشغول رہا' اس کو میں سوال کرنے والوں سے زیادہ عطا فرماتا ہوں۔

۳) عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ ' عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال یقول الرب یوم القیامہ سیعلم اھل الجمع الیوم من اھل الکرم؟ فقیل و من اھل الکرم یا رسول اللہ قال اھل مجالس الذکر فی المساجد۔ (مسند احمد' ابن حبان)

ترجمہ:۔ حضرت ابو سعید خدری ؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ بروز قیامت ارشاد فرمائے گا کہ آج سب لوگ جان لیں گے کہ اہل کرم کون ہیں؟ عرض کی گئی یا رسول اللہ یہ اہل کرم کون ہیں؟ فرمایا مساجد میں محافل ذکر منعقد کرنے والے۔ (الحدیث)

۴) عن معاویہ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خرج علی حلقتہ من اصحابہ فقال ما اجلسکم؟ قالوا جلسنا نذکر اللہ و نحمدہ' فقال اتانی جبرائیل فاخبرنی ان اللہ یباھی بکم الملائکہ۔ (مسلم' ترمذی)

ترجمہ:۔ حضرت امیر معاویہ ؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کے ایک حلقہ میں تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کس چیز نے تمہیں یہاں بٹھایا عرض کی

Marfat.com

ہم بیٹھے اللہ کا ذکر اور اس کی حمد و ثناء کر رہے ہیں تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ جبریل میرے پاس آیا اور مجھے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں میں تم پر فخر کرتا ہے۔ (الحدیث)

۵) عن انس رضی اللہ عنہ ' قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من قوم اجتمعوا یذکرون اللہ الا ناداھم مناد من السماء قوموا مغفورالھم قد بدلت سیئاتکم حسنات۔ (مسند امام احمد)

ترجمہ: حضرت انس ؓ سے مروی ہے رسول اللہ نے ارشاد فرمایا جب بھی کوئی قوم ذکر اللہ کے لئے جمع ہوتی ہے تو آسمان سے منادی ندا دیتا ہے جب تم اس ذکر سے کھڑے ہو گے تو تمہاری مغفرت کر دی جائے گی۔ تمہاری برائیوں کو نیکیوں میں تبدیل کر دیا جائے گا۔ (الحدیث)

۶) عن ثابت رضی اللہ عنہ' کان سلیمان ؓ فی عصابہ یذکرون اللہ فمر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکفوا فقال: ما کنتم تقولون؟ قلنا نذکر اللہ قال: انی رایت الرحمہ تنزل فاحببت ان اشارککم فیھا' ثم قال الحمد للہ الذی جعل فی امتی من امرت ان اصبر نفسی معھم۔ (مسند امام احمد۔ حاکم)

ترجمہ:۔ حضرت ثابت ؓ سے مروی ہے کہ حضرت سلیمان ؓ صحابہ کرام ؓ کی ایک جماعت میں ذکر کر رہے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہاں سے گزر ہوا تو آپ خاموش ہو گئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا تم کیا کر رہے تھے ہم نے عرض کی کہ اللہ کا ذکر کر رہے تھے۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا میں نے دیکھا کہ رحمت نازل ہو رہی ہے۔ میں نے بھی چاہا کہ میں تمہارے ساتھ شریک ہو جاؤں۔ پھر فرمایا تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ جس نے میری امت میں ایسے لوگوں کو پیدا فرمایا جن کے بارے میں مجھے حکم دیا گیا کہ میں ان کے ساتھ بیٹھوں۔ (الحدیث)

ذکر کے فوائد

Marfat.com

ابن قیم فرماتے ہیں کہ ذکر کے سو سے زائد فائدے ہیں۔

۱) شیطان کو بھگاتا ہے اور اس کا قلع قمع کر دیتا ہے۔

۲) ذکر سے رب راضی ہو جاتا ہے۔

۳) دل سے غم و حزن کو دور کر دیتا ہے۔

۴) دل کی مسرت و فرحت کا باعث ہے۔

۵) چہرے اور دل کو منور کرتا ہے

۶) دل و بدن کو قوی کرتا ہے۔

۷) وسعتِ رزق کا باعث ہے۔

۸) ذاکر کو رعب و دبدبہ اور تازگی عطا کرتا ہے۔

۹) اس محبت کا سبب ہے جو روح اسلام ہے اور دین کا مرکز ہے۔ اور سعادت و نجات کا جس پر دارومدار ہے۔

۱۰) اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا کوئی نہ کوئی سبب بنایا ہے اور دائمی ذکر کو اپنی محبت کا سبب بنایا ہے۔ جو اللہ کی محبت کو حاصل کرنا چاہتا ہے اسے چاہئے کہ وہ اس کے ذکر میں مشغول ہو جائے اور ذکر ہی محبت کا دروازہ ہے اور اس کی سب سے بڑی علامت اور مضبوط راستہ ہے۔

وہ ذاکر کو مراقبہ کا اہل بنا دیتا ہے یہاں تک کہ اسے مقام احسان تک پہنچا دیتا ہے۔ اللہ کے ذکر سے غافل کبھی بھی مقام احسان کو حاصل نہیں کر سکتا۔ جس طرح آدمی ایک جگہ پر بیٹھ کر گھر نہیں پہنچ سکتا۔

۱۱) اور اللہ کی بارگاہ میں بکثرت رجوع کا سبب ہے۔ اور جو شخص ذکر کے ساتھ اس کی بارگاہ میں بکثرت رجوع کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ تمام احوال میں اس کے دل کو اپنی طرف مائل کر دیتا ہے اور مصائب و آلام میں اس کے دل کا قبلہ و کعبہ اور ملجأ و مأویٰ خداوند قدوس کی ذات ہی ہوتی ہے۔

۱۲) یہ رب قدوس کے قرب کا اہل بنا دیتا ہے۔ اور جس قدر وہ اس کا ذکر کرتا ہے اس قدر اسے قرب حاصل ہوتا ہے۔

Marfat.com

۱۳) اس پر معرفت کا عظیم دروازہ کھل جاتا ہے جس قدر زیادہ ذکر کرتا ہے اسی قدر اسے معرفت خداوندی حاصل ہوتی ہے۔

۱۴) ذاکر پر اللہ تعالیٰ کی ہیبت اور جلال طاری کرتا ہے۔ بخلاف غافل کے کہ اس کے دل پر حجاب ہوتا ہے۔

۱۵) اس کا یہ فائدہ بھی ہے کہ ذاکر کو اللہ تعالیٰ یاد کرنے لگ جاتا ہے جیسا کہ ارشاد ربانی ہے: (اُذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ) اور اگر ذکر کا یہی ایک فائدہ ہوتا تو یہ عظمت و شرف کے اعتبار سے خالی نہ ہوتا۔

حدیث قدسی ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے جو میرا ذکر جماعت میں کرتا ہے تو میں اس کا ذکر افضل گروہ میں کرتا ہوں۔

۱۶) اور یہ حیات قلب کا باعث ہے۔ میں نے شیخ الاسلام ابن تیمیہ قدس اللہ سرہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ دل کے لئے ذکر ایسے ہیں جیسے مچھلی کے لئے پانی اور مچھلی جب پانی سے جدا ہو تو اس کی کیا حالت ہو گی۔

۱۷) دل کے زنگ کو دور کرتا ہے ہر چیز کو زنگ لگتا ہے اور دل کا زنگ غفلت اور خواہشات نفسانیہ ہیں۔ ذکر، توبہ اور استغفار سے زنگ دور ہو جاتا ہے۔

۱۸) خطا کو ختم کر دیتا ہے کیونکہ نیکیاں خطاؤں کو ختم کر دیتی ہیں اور ذکر بہت بڑی نیکی ہے۔

۱۹) یہ ذکر بندہ و رب کے درمیان اجنبیت کو زائل کر دیتا ہے کیونکہ بندہ اور رب کے درمیان اجنبیت صرف ذکر سے ہی دور ہو سکتی ہے۔

۲۰) جب بندہ خوشحالی کے دنوں میں رب قدوس کو یاد رکھتا ہے تو تنگی کے ایام میں اللہ تعالیٰ اس کی خبر گیری کرتا ہے۔ ایک اثر روایت کی گئی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار اور ذکر کرنے والے بندے کو جب کوئی مصیبت لاحق ہوتی ہے یا بارگاہ الٰہی میں کوئی ضرورت پیش آتی ہے تو فرشتے کہتے ہیں اے پروردگار! یہ تو معروف بندے کی جانی پہچانی آواز ہے جب غافل اور ذکر اللہ سے اعراض کرنے والا دعا کرتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں یہ کسی اجنبی بندے کی نامانوس آواز ہے۔

Marfat.com

حرکت لسان باقی اعضاء کی حرکت سے ہلکی اور سہل ترین ہے ایک دن میں زبان کی حرکت کی مقدار کوئی دوسرا عضو حرکت کرے تو اس کے لئے انتہائی دشوار ہے۔ بلکہ یہ ناممکن ہے۔

۳۰) ذکر جنت کا پودا ہے امام ترمذیؒ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کی ہے۔

قال رسول الله ﷺ لقيت ليله اسرى بي ابراهيم الخيل فقال يا محمد اقرى امتك السلام و اخبرهم ان الجنه طيبه التربته' عذبه الماء و انها قيعان و ان غيراسها سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر۔

ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اسراء کی رات میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام سے ملا۔ انہوں نے فرمایا: اے محمد ﷺ! اپنی امت کو میرا سلام کہنا اور انہیں بتانا کہ جنت کی مٹی بڑی عمدہ اور پانی بڑا میٹھا ہے اور یہ خالی میدان ہے اور اس کے پودے سبحان اللہ' والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ہیں۔

۳۱) ذکر پر مرتب ہونے والا فضل و احسان ہر عمل سے بڑھ کر ہے۔ صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دل میں سو مرتبہ کہا لا اله الا الله وحده لا شريك له' له الملك وله الحمد و هو على كل شئى قدير۔ اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا سو نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھ دی جائیں گی اور ۱۰۰ گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔ شام تک شیطان سے محفوظ ہو جائے گا اور اس سے افضل کسی کا عمل نہیں ہو گا سوائے اس کے کہ جس نے اس کلمہ کا زیادہ ذکر کیا۔ اور جس نے دل میں سو مرتبہ کہا۔ سبحان الله و بحمده اس کی خطائیں معاف کر دی جائیں گی۔ اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کی مانند ہوں۔

۳۲) بندہ دائمی ذکر سے اپنے رب کو بھولنے سے محفوظ ہو جاتا ہے اور اپنے پروردگار کو بھولنا' اس کے لئے دنیا و آخرت میں بدبختی کا سبب ہے۔ کیونکہ اگر

Marfat.com

وہ اپنے رب کو بھول جائے تو وہ اپنی ذات اور اس کے متعلقہ تمام مصلحتوں کو بھول جاتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ۔ (الحشر ۱۹)

ترجمہ:۔ ان (نادانوں) کی مانند نہ ہو جانا جنہوں نے بھلا دیا اللہ تعالیٰ کو پس اللہ نے انہیں خود فراموش بنا دیا۔ یہی نافرمان لوگ ہیں۔

۳۳) ذکر بندے کے عمل کو جاری رکھتا ہے خواہ اپنے بستر میں ہو یا سفر میں' حالت صحت میں ہو یا بیماری میں۔ کوئی عبادت ذکر کی مثل نہیں جو تمام اوقات اور احوال کو شامل ہو۔ حتیٰ کہ وہ بندے کے رفتارِ عمل کو جاری رکھتا ہے۔ حالانکہ وہ اپنے بستر پر سویا ہوتا ہے۔ لیکن غافل جاگنے والے سے سبقت لے جاتا ہے۔ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ

حکایت ہے کہ ایک عبادت گزار بندہ کسی کے پاس بطور مہمان ٹھہرا۔ بندۂ خدا ساری رات عبادت میں مصروف رہا۔ اور میزبان اپنے بستر پر لیٹا رہا۔ صبح ہوئی تو عابد نے اسے کہا' قافلہ تجھ سے آگے نکل گیا۔ اس نے جواب دیا یہ تو کوئی بڑی بات نہیں کہ انسان ساری رات سفر میں رہے اور علی الصبح قافلے کے ساتھ مل جائے تو مزہ تو تب ہے کہ ساری رات بستر پر سویا رہے اور صبح قافلہ سے آگے ہو۔

اس قسم کے واقعات کی صحیح توجیہ بھی ہو سکتی ہے اور غلط بھی۔ جس نے یہ گمان کیا کہ آرام سے سونے والا' شب بھر عبادت کرنے والے سے سبقت لے جاتا ہے۔ اس کا یہ گمان باطل ہے اور اس کی یہ بات اسی وقت صحیح ہو سکتی ہے جس بستر پر سونے والے نے اپنے دل کا تعلق اپنے رب سے ملا لیا ہو۔ اور اپنے سویدۂ قلب کو عرش الٰہی سے ملا دیا ہو۔ اور اس کا دل ساری رات فرشتوں کے ساتھ طوافِ عرشِ الٰہی میں مصروف رہا ہو۔ اور دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو گیا ہو۔ اور وہ کسی شرعی عذر کی وجہ سے قیامِ لیل سے محروم ہو گیا ہو اور بستر پر لیٹے لیٹے یادِ الٰہی میں مشغول ہو گیا۔ لیکن اس کے مقابلہ میں ایک اور شخص ہے جو شب بھر تو نماز اور تلاوت میں مشغول رہا۔ اور اس کے دل میں ریاء' تکبر' طلب جاہ اور دیگر آفات تھیں یا اس کا بدن عبادت

Marfat.com

میں مصروف تھا لیکن اس کا دل غافل تھا تو اس قسم کی عبادت کرنے والے سے اپنے بستر پر لیٹ کر عبادت کرنے والا کئی درجے بہتر ہے۔

۳۴) ذکر اصولِ طریقت کی بنیاد' طریقۂ صوفیاء اور اور جسے ذکر کی توفیق میسر آ جائے اس کے لئے بارگاہ خداوندی میں حضوری کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ پاک صاف ہو کر اسے رب کی بارگاہ میں حاضر ہونا چاہئے تاکہ اس کو ہر مراد مل جائے۔ کیونکہ جس نے اپنے رب کو پالیا۔ اس نے ہر چیز کو پالیا۔ اور جو اپنے پروردگار تک رسائی حاصل نہ کر سکا وہ ہر چیز سے محروم ہے۔

۳۵) ذکر کے درخت کا ثمرہ معارف اور احوال میں ہیں جس کے حصول کے لئے سالکین کوشاں رہتے ہیں۔ ان ثمرات کے حصول کا واحد ذریعہ ذکر کا درخت ہے اور یہ درخت جتنا بڑا' اور اس کی جڑیں جتنی گہری ہوں گی اتنا ہی اس کا ثمرہ عظیم ہو گا۔ ابتدا سے لے کر مقامِ توحید تک تمام مقامات ذکر کا ثمر ہیں اور ذکر تمام مقامات کی اصل اور بنیاد ہے جس طرح دیوار بنیادوں پر اور چھت اس دیوار پر تعمیر ہوتی ہے۔ بندہ جب خوابِ غفلت سے بیدار نہ ہو تو منازل سلوک طے کرنا اس کے لئے ممکن نہیں ہے۔ اور بندہ ذکر سے ہی بیدار ہو سکتا ہے جیسا کہ پیچھے بیان کیا جا چکا ہے۔ اور غفلت دل کی نیند اور موت کا سبب ہوتی ہے۔

۳۶) ذاکر مذکور کے قریب ہوتا ہے اور مذکور اس کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ معیت خاص ہوتی ہے اور یہ معیت قرب' ولایت' محبت' نصرت' اور توفیق کی معیت ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ (نحل: ۱۲۸)

وَاللّٰہُ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۔ (انفال: ۶۶)

وَاِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا (توبہ: ۴۰)

ترجمہ:۔ "یقیناً" اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ہے جو اس سے ڈرتے ہیں اور جو نیک کاموں میں سرگرم رہتے ہیں۔"

Marfat.com

"اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔"

"مت غمگین ہو۔ یقیناً" اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔"

ذاکر کو اس معیت سے وافر حصہ ملتا ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے۔

"میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور جب اس کے ہونٹ میرے ذکر کے لئے حرکت کرتے ہیں"۔ دوسری حدیث میں ہے اہلِ ذکر میرے ہم نشین ہیں اور میرا شکر کرنے والے میرے فضل و احسان کے اہل ہیں اور میری اطاعت کرنے والے میری جود و سخا کے قابل ہیں اور اپنی نافرمانی کرنے والوں کو مایوس نہیں کرتا۔ اگر وہ توبہ کریں تو میں ان کا حبیب ہوں۔ کیونکہ میں توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ بندوں کو پسند کرتا ہوں۔ اگر وہ توبہ نہ کریں تو میں ہی ان کا طبیب ہوں۔ ان کو مصائب و آلام میں مبتلا کرتا ہوں تاکہ ان کو گناہوں سے پاک کردوں۔

ذاکر کو حاصل ہونے والی معیت کسی دوسری چیز کے مشابہ نہیں ہو سکتی اور یہ محسن اور متقی سے حاصل ہونے والی معیت سے خاص ہے۔ یہ وہ معیت ہے جس کو الفاظ سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ اس کو سمجھنا ذوق پر ہی منحصر ہے۔

۳۷) اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز وہ متقی ہے جس کی زبان ہمیشہ ذکر سے تر رہے۔ کیونکہ وہ اس کے اوامر و نواہی سے ڈرتا ہے اور اس کے ذکر کو اپنا شعار بنالیتا ہے تو یہ تقویٰ اس کو جنت میں داخل کر دیتا ہے اور جہنم سے نجات دیتا ہے یہ اجر و ثواب تو اسے ملے گا لیکن اس کے ساتھ ساتھ ذکر قرب الٰہی کا باعث بھی ہے اور مومن کا یہی مقصود ہے۔

۳۸) ذکر قساوتِ قلبی کا خاتمہ کر دیتا ہے بندے کو چاہئے کہ ذکرِ الٰہی سے اپنے دل کی سختی کا علاج کرے۔ ایک آدمی نے حضرت حسن بصریؒ سے اپنے دل کی سختی کا شکوہ کیا۔ آپ نے فرمایا' ذکرِ الٰہی سے اسے نرم کرو۔ کیونکہ قساوتِ قلبی کا سبب غفلت ہے۔ جب بندہ اللہ کا ذکر کرتا ہے تو قساوت اس طرح پگھل جاتی ہے جس طرح سیسہ۔

۳۹) ذکر دل کے لئے شفاء اور علاج ہے اور غفلت اس کی بیماری پس بیمار

Marfat.com

دلوں کی شفا اللہ کا ذکر ہے۔ قال مکحول: ذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی شِفَاءٌ وَذِکْرُ النَّاسِ دَاءٌ شیخ مکحولؒ فرماتے ہیں: اللہ کے ذکر میں شفاء ہے اور لوگوں کا ذکر بیماری کا باعث ہے

اذا مرضنا تداوینا بذکرکم
و نترک الذکر احیانا فننتکس

ترجمہ:۔ جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو تمہارے ذکر کے ساتھ علاج کرتے ہیں اور جب کبھی ذکر کو ترک کر دیں تو پھر بیمار ہو جاتے ہیں۔

۴۰) ذکر، محبتِ الٰہی کی بنیاد ہے اور غفلت عداوتِ پروردگار کی اصل ہے بندہ اپنے رب کا ذکر کرتے ہوئے اس مقام پر فائز ہو جاتا ہے کہ ربِ کریم اسے محبت عطا کر کے اپنا دوست بنا لیتا ہے۔ اسی طرح جب بندہ اپنے رب سے غافل ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ناراض ہو کر اسے اپنا دشمن قرار دے دیتا ہے۔ بندے کی اپنے رب سے سخت ترین دشمنی کی علامت یہ ہے کہ وہ اس کے ذکر کو ناپسند اور اس کے ذاکر کو برا جانتا ہے۔ اور اس کا سبب غفلت ہے۔ اور بندہ اسی غفلت کی وجہ سے ذکر اور ذاکرین کو ناپسند کرتا ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ اسے اپنا دشمن بنا لیتا ہے۔ جس طرح کہ ذکر کرنے والے کو اپنا ولی بنا لیتا ہے۔

۴۱) دائمی ذکر کرنے والا مسکراتا ہوا جنت میں داخل ہو گا جس طرح ابو درداءؓ نے فرمایا:

"الذین لا تزال السنتھم رطبہ بذکر اللہ عزوجل یدخل احدھم الجنہ"

ترجمہ:۔ وہ لوگ جن کی زبانیں اللہ عزوجل کے ذکر سے تر رہیں گی وہ جنت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں گے۔

۴۶) ذکر بندے اور جہنم کے درمیان رکاوٹ ہے۔ جب بندہ اپنے کسی عمل کی وجہ سے جہنم کے راستے کی طرف جائے گا۔ تو ذکر اس کے راستے میں رکاوٹ بن جائے گا۔ ذکر جس قدر دائمی اور کامل ہو گا اسی قدر رکاوٹ مضبوط اور محکم ہو گی کہ

Marfat.com

اس میں سے کوئی چیز گزر نہ سکے گی۔

۴۳) تمام اعمال کا حکم ذکر الٰہی کو قائم کرنے کے لئے ہی دیا گیا ہے کیونکہ اصل مقصود ذکر الٰہی ہے جیسا کہ ارشاد رب العلی ہے۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ (۶)۔ (طٰہٰ: ۱۴)

"میرے ذکر کے لئے نماز قائم کرو۔

ذکر کے متعلق تفصیلی معلومات درج ذیل کتب سے مل سکتی ہیں۔

ا۔ کتاب الاذکار: امام نووی.... مفتاح الفلاح: ابن عطاء اللہ سکندری۔ عمل الیوم واللیلہ: امام نسائی امام جلال الدین سیوطی وغیرہ۔

صوفیائے کرامؒ نے اپنے تمام احوال میں ذکر الٰہی پر مواظبت اختیار فرمائی اور ذکر کے فوائد کو محسوس کیا۔ اور پھر یقینی تجربہ کی بنیاد پر اس کے بارے میں گفتگو فرمائی۔ اور دوسرے لوگوں کو بکثرت ذکر کرنے کی نصیحت فرمائی کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے۔

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ۔
(بخاری، مسلم)

ترجمہ:۔ تم میں سے کسی کا ایمان کامل نہیں ہو سکتا حتیٰ کہ وہ اپنے بھائی کے لئے بھی وہ چیز پسند کرے جو اپنی ذات کے لئے پسند کرتا ہے۔ (الحدیث)

تابعین کے امام حسن بصریؒ فرماتے ہیں' اللہ جل و علی کے نزدیک پسندیدہ ترین وہ شخص ہے جو اس کا سب سے زیادہ ذکر کرنے والا اور ڈرنے والا ہو۔ حضرت ذوالنون مصریؒ فرماتے ہیں کہ دنیا کا مزہ اس کے ذکر میں اور آخرت کا مزہ اس کے عفو و درگزر میں اور جنت کا مزہ اس کے دیدار میں ہے۔

حضرت ابو سعید خرازؒ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اولیاء کرام کی ارواح کو اپنے ذکر اور قرب کی لذت سے اور بدنوں کو اپنی مفید اور عمدہ نعمتوں سے نوازا اور انہیں ہر شے کا وافر حصہ عطا فرمایا۔ ان کی جسمانی زندگی اہل جنت کی مثل اور روحانی حیات' ربانیین جیسی ہے (۷)۔

Marfat.com

عوام اور خواص کے ذکر میں فرق:

عوام کا ذکر اجر و ثواب کے لئے ہوتا ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ بندہ اپنے رب کا ذکر کرتا ہے لیکن اس کے باوجود ریاء تکبر و غرور، خود پسندی جیسی صفات مذمومہ اس میں موجود رہتی ہیں

خواص کا ذکر حضور قلب سے ہوتا ہے اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ بندہ مخصوص اذکار کو کسی خاص طریقہ سے کرے۔ اور اس کا مقصود اصلی معرفت الٰہی ہو۔ علاوہ ازیں اپنے نفس کو صفاتِ مذمومہ سے پاک کرکے خصائلِ حمیدہ سے مزین کرے۔ تاکہ جسمانی تاریکی سے نکل کر روحانی اسرار و انوار میں داخل ہو جائے بہتر ہے کہ اوراد و اذکار کو شمار کرنے کے لئے تسبیح رکھے۔ کیونکہ اس کے بغیر اوراد کا شمار مشکل ہوتا ہے۔

پس ذکر سالکین کے دلوں کو صاف کرنے کا ذریعہ اور بابِ فیوضات کی کنجی ہے اور قلوب پر تجلیات کے وارد ہونے کا راستہ ہے اور اسی کے ساتھ ایک انسان اپنی ذات کو اخلاق محمدیہ سے مزین کر سکتا ہے۔

اوراد صوفیاء اور قرآن و سنت

مصباح اللغات میں ہے: قرآن کریم یا کسی دوسرے ذکر کی وہ معین مقدار جو انسان اپنے ذمہ لازم کر لیتا ہے اس کی جمع اوراد ہے۔ اور صوفیائے کرام کے نزدیک اس سے مراد وہ اذکار ہیں جن کا حکم ایک شیخ اپنے مرید کو دیتا ہے عموماً اس کا وقت نماز فجر اور مغرب کے بعد مقرر کیا جاتا ہے۔

وارد:

لغت میں وارد دروازہ کھٹکھٹانے والے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں اس سے مراد وہ فیوض و برکات اور انوار و تجلیات ہیں جو اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء کے قلوب پر نازل کرتا ہے۔ اس سے ان میں انتہائی قوت پیدا ہو جاتی ہے حتیٰ کہ بعض مدہوش اور

Marfat.com

اپنی ذات سے بے خود ہو جاتے ہیں۔ یہ کیفیت اچانک پیدا ہوتی ہے اور جلد ہی زائل ہو جاتی ہے(۸)۔

ورد عموماً تین چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ تینوں شرعاً مطلوب اور قرآن و سنت کے عین مطابق ہیں۔

الاستغفار

اولاً گذشتہ لغزشوں پر محاسبہ کرتے اور پھر سو دفعہ استغفر اللہ کہے تاکہ اس کا نامۂ اعمال صاف ستھرا ہو جائے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں استغفار کا حکم دیا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ (المزمل :۲۰)

رسول اللہ تعلیم امت کے لئے کثرت سے استغفار کیا کرتے تھے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: "میں روزانہ ستر سے زائد مرتبہ استغفار کرتا ہوں"

حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خوشخبری ہے اس آدمی کے لئے جس نے اپنے نامۂ اعمال میں کثیر استغفار پایا۔

نبی کریمؐ پر سو مرتبہ درج ذیل درود پڑھنا

اللهم صل على سيدنا محمد عبدك و رسولك النبى الامى وعلى اله وصحبه وسلم۔

آپ ﷺ کی عظمت اور صفات و شمائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے ذوق و شوق سے درود پاک پڑھے۔ اور اس کا حکم ہمیں اللہ تعالیٰ نے دیا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ (احزاب:۵۶)

ترجمہ:۔ بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس نبی مکرم

Marfat.com

پر اے ایمان والو! تم بھی آپ پر درود بھیجا کرو۔ اور بڑے ادب سے اور محبت سے سلام عرض کیا کرو۔ اس طرح رسول اللہ ﷺ نے بھی بکثرت درود و سلام کے پڑھنے کی رغبت دلائی ہے۔ آپ کا ارشاد ہے: "مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا جس نے مجھ پر ایک بار درود پاک پڑھا۔ اللہ تعالیٰ اس کے بدلے دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ (مسلم، نسائی)

حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا "جس نے مجھ پر ایک دفعہ درود پاک پڑھا اس پر اللہ تعالیٰ دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ دس خطائیں معاف اور دس درجے بلند کرتا ہے۔ ارشادِ نبوی ؐ ہے: بروز قیامت، کثرت سے مجھ پر درود پاک پڑھنے والا میرے قریب ترین ہو گا۔

۳۔ کلمۂ توحید کا ورد:

بندہ 100 مرتبہ یہ کلمہ پڑھے۔ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئی قدیر۔ یا صرف۔ لا الہ الا اللہ۔ سو دفعہ پڑھے۔

دوران ذکر ذہن میں یہ تصور رکھے کہ اللہ کے سوا نہ کوئی خالق ہے اور نہ کوئی رازق، نفع دینے والا ہے نہ نقصان۔ تنگی دینے والا ہے نہ خوشحالی۔ علاوہ ازیں دل سے حُبِّ دنیا، نفسانی شہوت، شیطانی وساوس اور علائقِ دنیوی کو دور کرے۔ حتیٰ کہ دل اللہ کے لئے خاص ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں توحید خالص کی دعوت دی ہے۔ ارشاد فرمایا فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (محمد:۱۹)

ترجمہ: پس آپ جان لیں کہ نہیں کوئی معبود بجز اللہ کے۔

اسی طرح رسول اللہ نے بکثرت کلمہ توحید کے ذکر کی رغبت دلائی اور اس کی فضیلت اور ثواب کو بیان فرمایا۔ ارشاد فرمایا: اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ (ترمذی)

Marfat.com

زندگی بن جاتا ہے۔

چونکہ ورد وصول الی اللہ کا راستہ ہے اس لئے شیطان اس راستے پر بیٹھ جاتا ہے اور مختلف حیلے بہانوں سے ذکر سے روکتا رہتا ہے۔ بعض مریدین کثرت عمل اور عدم فراغت کی وجہ سے اپنے اوراد کو ترک کر بیٹھتے ہیں۔ کیونکہ شیطان ان کے دلوں میں وسوسہ ڈال دیتا ہے کہ یہ عذر مقبول ہے۔ جب فرصت ملے گی تو ذکر کرلیں گے لیکن صوفیائے کرام نے اپنے مریدین کو اس سستی و کاہلی اور فارغ اوقات کے انتظار پر تنبیہہ فرمائی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ عمر انتہائی تیزی سے گزر جاتی ہے اور انسان ہر روز نئی نئی مصروفیات میں مشغول رہتا ہے اس لئے فارغ وقت کا انتظار حماقت ہے۔

ابن عطاء اللہ سکندری "حِکَم" میں فرماتے ہیں کہ اپنے اعمال کو فارغ اوقات کے لئے مؤخر کرنا نفس کی رعونت ہے۔ ابن عجیبہ" اس کی شرح میں فرماتے ہیں کہ انسان کے لئے ضروری ہے کہ وہ غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرے اور اپنے نفس کی مخالفت کرے اپنے مولیٰ کی خدمت میں مصروف ہو جائے۔ کسی دوسرے وقت کا انتظار نہ کرتا رہے۔ کیونکہ صوفی کے نزدیک وقت کی بڑی اہمیت ہے(۱۰)۔

بعض سالکین ذکر کو اس لئے ترک کر دیتے ہیں کہ شیطان ان کے دل میں وسوسہ ڈال دیتا ہے کہ تمہارا ذکر خیالات سے خالی نہیں۔ اس لئے اس کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ حقیقی ذکر تو وہی ہوتا ہے جو حضور قلب سے کیا جائے۔ لیکن مشائخ عظام اپنے مریدین کو اس شیطانی جال سے آگاہ کرتے رہتے ہیں۔

ابن عطاء اللہ سکندری فرماتے ہیں: "عدم حضور قلب کی وجہ سے ذکر کو ترک نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے غفلت کے ذکر سے بیداری کے ذکر کی طرف منتقل کر دے۔ اور بیداری کے ذکر سے تجھے حضور قلب کے ذکر کے طرف بلند کر دے او حضور قلب سے وہ مقام عطا کر دے کہ ذاکر ماسویٰ اللہ سے بے خود اور بے خبر ہو جائے۔

بعض سالکین وارد پر اکتفا کرتے ہوئے ذکر کو ترک کر دیتے ہیں۔ کیونکہ معلوم نہیں ہوتا کہ ذکر تقرب الی اللہ کا ذریعہ ہے۔ اور صوفیائے کرام نے انتہائی اعلیٰ

Marfat.com

مقامات پر فائز ہونے کے باوجود بھی ذکر کو ترک نہیں کیا۔

شیخ ابو الحسن الدراج ؒ فرماتے ہیں: ایک دن شیخ جنید بغدادی ؒ اہل معرفت کا ذکر فرما رہے تھے اور فرمایا: "یہ لوگ انتہائی اعلیٰ مدارج پر متمکن ہونے کے باوجود اپنے اوراد کو ترک نہیں کرتے تھے۔ پھر فرمایا' عارفین کی عبادت شہنشاہ کے تاج سے بھی بہتر ہے۔ ایک شخص نے آپ ؒ کے ہاتھ میں تسبیح دیکھ کر عرض کی' کہ آپ انتہائی کمال مرتبت کے باوجود تسبیح ہاتھ میں رکھتے ہیں۔ فرمایا یہ وہ وسیلہ ہے جس نے ہمیں ان مراتب تک پہنچایا ہے اس لئے ہم ان کو ترک نہیں کرتے۔

حضرت ابن عطاء اللہ سکندری فرماتے ہیں کہ ورد کو جاہل ہی حقیر سمجھتا ہے کیونکہ وارد تو آخرت میں بھی پایا جاتا ہے لیکن ورد کا تعلق اس دار فانی کے ساتھ ہے۔ اس لئے اس چیز کا زیادہ خیال رکھنا چاہئے جس کا کوئی بدل نہ ہو۔ ورد سالک سے مطلوب ہوتا ہے۔ جبکہ وارد کو سالک طلب کرتا ہے۔ اور مطلوب کا مقام طالب سے اعلیٰ ہوتا ہے(۱۱)۔

جب مرید کسی وجہ سے اپنے ورد کو ترک کردے تو پھر اس غفلت سے بیدار ہو کر دوبارہ اس میں مشغول ہو جائے تو اسے اپنی سستی اور کوتاہی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہئے بلکہ اس کے لئے ضرورت ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرے۔ اور جو اوراد رہ گئے ہیں ان کی قضا کرے۔ کیونکہ دوسری عبادات کی طرح ان کی بھی قضا ہوتی ہے۔

امام نووی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس آدمی نے دن یا رات کے کسی وقت میں یا نماز کے بعد کوئی وظیفہ مقرر کیا ہو اور پھر کسی وجہ سے اس وظیفہ کو ادا نہ کر سکا تو اسے چاہئے جونہی وقت ملے اسے ادا کرے اور اس میں سستی نہ کرے۔ کیونکہ جب وہ اس وظیفہ کا عادی ہو جائے گا تو اس کو ترک نہیں کرے گا۔ لیکن اگر اس نے اس کی قضا میں سستی کی تو اس کے وقت میں ادا کرنا بھی مشکل ہو جائے گا۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جو شخص وظیفہ کرنے سے پہلے سو گیا یا اس کا کچھ حصہ پڑھنے کے بعد سو گیا' پھر اس نے

Marfat.com

نماز فجر اور ظہر کے درمیان اسے پڑھ لیا تو گویا کہ اس نے رات کو ہی پڑھا ہے (۱۲)۔

مذاکرہ

مذاکرہ سے مراد مرید کا اپنے شیخ کامل کے ارشادات اور تجربات سے استفادہ کرنا ہے یعنی مرید کو چاہئے کہ وہ عقائد' عبادات اور معاملات کے بارے میں شرعی مسائل کو شیخ کی بارگاہ میں پیش کرے تاکہ شیخ کے ملفوظات سے مستفید ہو۔ اس طرح اسے چاہئے کہ وہ اپنے دل کے حالات' نفسانی اور شیطانی خواطر سے بھی اپنے شیخ کو آگاہ کرے کیونکہ ممکن ہے کہ یہ چیزیں اس کی سمجھ سے بالاتر ہوں جس کی وجہ سے شکوک و شبہات میں مبتلا ہو کر حیران و پریشان ہو جائے اور اسی طرح اسے چاہئے کہ وہ اپنے قلبی امراض جیسے تکبر' حسد' نفاق' حب جاہ اور اسی طرح رعونت نفسی جیسے اپنی کرامات کا چرچا کرنا شہرت اور تعریف کے لئے ریاکاری کا اپنے شیخ سے ذکر کرے تاکہ ان چیزوں سے چھٹکارا کے لئے راہنمائی فرمائے۔ اس طرح سالک کو چاہئے کہ وہ راہ سلوک میں آنے والی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے شیخ کی بارگاہ میں رجوع کرے۔

کبھی مرید اپنے اعلیٰ احوال و مقامات اور روح کے بارگاہ الٰہی میں مشتاق ہونے اور دل پر وارد ہونے والے رحمانی اور ملکوتی واردات اور قرآنی مفاہیم اور علم لدنی کو اپنے شیخ کی بارگاہ میں پیش کرتا ہے اور اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس کو ان چیزوں کے صحیح ہونے کا یقین ہو جائے۔ تاکہ راہ سلوک کی ہر منزل کو یقین کے ساتھ طے کر سکے۔

مذاکرہ کو راہ سلوک میں بڑی اہمیت حاصل ہے اور یہ راہ سلوک کے پانچ ارکان سے ایک اہم رکن ہے اور یہ پانچ ارکان درج ذیل ہیں۔

۱۔ ذکر ۲۔ مذاکرہ ۳۔ مجاہدہ نفس ۴۔ علم ۵۔ محبت

مرید کا اپنے شیخ سے ایسا ہی تعلق ہوتا ہے جیسا مریض کا ڈاکٹر کے ساتھ کہ وہ ڈاکٹر کو اپنی مرض کے تمام احوال سے آگاہ کر دیتا ہے اس کے علاوہ مذاکرہ مرید اور شیخ کے تعلق کو قوی کرتا ہے اس طرح محبت بڑھتی ہے اور باہمی ہم آہنگی میں اضافہ ہوتا

Marfat.com

ہے اس کے ساتھ ساتھ مرید اس کے ذریعہ شیخ سے علم حال اور معرفت کا استفادہ کرتا ہے کیونکہ علم اس روح کا نام ہے جو کسی جسم میں پھونک دی جائے نہ کہ نقل شدہ چند مسائل۔ اس سے معلوم ہوا کہ مذاکرہ آداب شرعیہ کی عملی تشکیل ہے اور اسلامی اخلاق کا بنیادی جز ہے۔ اور اس سے مراد وہ شوری ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے مومنین کی مدح فرمائی ہے' ارشاد باری تعالیٰ ہے "وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ۔ (الشوری۔ ۳۸)

ترجمہ:۔ اور ان کے سارے کام باہمی مشورے سے طے ہوتے ہیں۔

اسی طرح نبی کریم ﷺ نے اپنے اس ارشاد میں شوری کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے آپ نے ارشاد فرمایا: "المستشار موتمن"

ترجمہ:۔ جس سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امین ہوتا ہے"

شوری سے مراد زندگی کے مختلف شعبوں میں ماہرین کے تجربات سے استفادہ کرنا ہے جس طرح کہ مریض ڈاکٹر کے' معمار انجینئر کے اور مظلوم اور بے گناہ وکیل کے تجربات سے استفادہ کرتا ہے۔ اسی طرح مرید شرعی احکام کے عملی نفاذ کے سلسلہ میں اپنے شیخ کے تجربات سے استفادہ کرتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے استفادہ کی اہمیت کو اپنے اس ارشاد میں واضح فرمایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

فَسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (النحل: ۴۳)

"پس دریافت کرلو اہل علم سے اگر تم خود نہیں جانتے"

دوسرے مقام پر ارشاد الٰہی ہے

اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا (الفرقان: ۵۹)

ترجمہ:۔ وہ رحمٰن ہے سو پوچھ اس کے بارے میں کسی واقف حال کے بارے میں۔

مذاکرہ اور نصاریٰ کے اعتراف میں فرق

بعض لوگوں کا یہ وہم ہے کہ مرید کا اپنے شیخ سے مذاکرہ اور نصاریٰ کا

Marfat.com

ترک کرکے اپنے گذشتہ گناہ پر شرمندگی کا اظہار کرے اور یہ عزم کرے کہ دوبارہ اس قسم کی غلطی کا ارتکاب نہیں کرے گا۔ یہی توبہ کے تین ارکان ہیں اس کے بغیر توبہ متحقق نہیں ہوتی۔ لیکن اگر اس نے اپنی معصیت کا اپنے شیخ یا کسی ایسے شخص کو بتایا جسے امید ہو کہ وہ اسے اس معصیت سے بچنے کا طریقہ بتائے گا یا اس قسم کی معصیت سے سلامتی کا طریقہ سکھائے گا یا اسے وہ سبب بتائے گا جس کی وجہ سے اس نے معصیت کا ارتکاب کیا' یا اس کے لئے دعا کرے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ یہ اچھا ہے کیونکہ غیر کو بتانا اس وقت مکروہ ہے کہ جب اس میں مصلحت نہ پائی جائے۔

امام نووی رحمتہ اللہ علیہ نے اس حدیث کی شرح میں امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کا قول نقل کیا ہے۔ آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی کو اپنی معصیت سے آگاہ کرنا اس وقت مذموم ہوتا ہے جب وہ ایسا استہزاءً کرے مگر جب وہ سوال کے طور پر یا شرعی مسئلہ سے آگاہی کے لئے ایسا کرے گا تو مذموم نہیں ہے اور اس کی دلیل وہ حدیث ہے جس میں صحابی نبیٔ کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کرتا ہے کہ میں نے روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے ہم بستری کرلی ہے تو آپ نے اس پر انکار نہیں فرمایا بلکہ اس مسئلے کا شرعی حل بیان فرمادیا(۱۳)۔

خلوت

شیخ احمد زورق رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "قواعد تصوف" میں فرماتے ہیں:

الخلوۃ اخص من العزلہ۔ (خلوت عزلت نشینی سے خاص ہے)

اور یہ درحقیقت اعتکاف کی ایک صورت ہے ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ اعتکاف مسجد کے ساتھ خاص ہے اور یہ مسجد کے باہر بھی ممکن ہے۔ صوفیاء کرام کے نزدیک اس کی کوئی حد نہیں ہے۔ لیکن چالیس دن کی خلوت اشارۃً سنت سے ثابت ہے کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے چالیس دن کی خلوت فرمائی تھی۔ درحقیقت

Marfat.com

انہوں نے تیس دن کی خلوت کا ارادہ کیا تھا پھر اللہ تعالیٰ نے دس دن زیادہ کرنے کا حکم فرمایا۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ نے غار حراء میں ایک مہینہ کی خلوت نشینی اختیار فرمائی۔ اور اسی طرح آپ نے مہینہ بھر اپنی ازواج مطہرات سے عزلت نشینی کی۔ اسی طرح روزوں کے لئے بھی ایک مہینہ مقرر فرمایا۔ اس کی کم سے کم مدت دس دن ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ رمضان شریف کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔

اور یہ کامل کے لئے اس کے حال میں زیادتی کا باعث بنتی ہے۔ اور ناقص کے لئے ترقی کا باعث ہے۔ اور اس کا مقصد میل کچیل سے دل کو پاک کرنا اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے دل کو خاص کرنا۔

لیکن کسی شیخ کامل کی اجازت کے بغیر خلوت' خطرات سے خالی نہیں ہوتی' اور شیخ کی راہنمائی میں خلوت سے کثیر فیوض و برکات حاصل ہوتی ہے۔ اور بعض لوگ ایسے بھی ہیں کہ خلوت جن کے لئے موافق نہیں ہوتی اس لئے ہر انسان کو اپنی طبیعت کے مطابق خلوت اختیار کرنی چاہئے (۱۴)۔

المختصر یہ کہ خلوت محدود وقت کے لئے مخلوق سے منقطع ہونے اور دنیاوی امور ترک کرنے کا نام ہے تاکہ دل زندگی کے نہ ختم ہونے والے غم و حزن سے خالی ہو جائے اور فکر غم روزگار سے آزاد ہو کر راحت پائے اور پھر حضور قلبی کے ساتھ اللہ کا ذکر ہو اور اس کی ان گنت نعمتوں میں غور و فکر اور اس میں شیخ کامل کی راہنمائی ضروری ہے جو اسے ان اسرار و رموز سے آشنا کرے جن سے وہ ناواقف ہے جب وہ ذکر سے غافل ہو تو اس کی توجہ اس کی طرف مبذول کرائے۔ اور جب وہ سستی کرے تو اس کی سستی کا ازالہ کرے۔ اور شیطانی وساوس اور نفسانی خواہشات کو دور کرنے میں مددگار ہو۔

خلوت کا طریقہ

Marfat.com

امام غزالیؒ نے خلوت کا طریقہ اور اس کے مراحل اور مقامات کو بیان فرمایا ہے۔

آپ فرماتے ہیں شیخ کو چاہئے کہ وہ مرید کو خلوت کا حکم دے اور اس پر ایسے شخص کو مقرر کرے جو بقدر ضرورت رزق حلال مہیا کرے کیونکہ رزق حلال ہی دین کی اصل ہے اور پھر اسے مخصوص اذکار کی اجازت فرمائے۔ یہاں تک کہ اس کی زبان اور دل ذکر کرنے میں مشغول ہو جائے۔ اٹھتے بیٹھتے اس کی زبان پر اللہ اللہ یا سبحان اللہ کا ورد جاری رہے اور اس ذکر پر مواظبت اختیار کرے یہاں تک کہ اس کا اثر زبان سے دل میں سرایت کر جائے او ان الفاظ کی صورت دل میں نقش ہو جائے۔ پھر اسی طرح ذکر جاری رہے حتیٰ کہ الفاظ کی صورت دل سے مٹ جائے اور اس کے معنی کی حقیقت اس کے دل میں جاگزیں ہو کر اس پر غالب ہو جائے کیونکہ دل جب کسی چیز میں مشغول ہوتا ہے تو اس کے علاوہ ہر شے سے مستغنی ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جب دل ذکر الٰہی میں جو کہ مقصود حقیقی ہے۔ مشغول ہو جاتا ہے تو اس کے علاوہ ہر چیز سے خالی ہو جاتا ہے۔ اس وقت ذاکر کو چاہئے کہ وہ اپنے قلبی وساوس اور دنیا کے متعلقہ خواطر پر نگاہ رکھے اور اپنے گزشتہ احوال یا کسی دوسرے کے احوال کی طرف متوجہ نہ ہو۔ کیونکہ اگر وہ ایک لحہ کے لئے بھی ذکر سے غافل ہو گیا تو اس لحہ اس کا دل ذکر سے خالی ہو جائے گا اور یہ اس کے لئے انتہائی نقصان دہ ہے اس لئے اسے ان وساوس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے کوشش کرنی چاہئے۔ اور بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ جب ذاکر ان وساوس کو دور کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کا نفس اس کو اس ذکر کے متعلق وساوس میں مبتلا کر دیتا ہے اور وہ سوچنے لگتا ہے کہ یہ کلمہ (لفظ اللہ) کیا ہے؟ اس کا کیا معنی ہے؟ کس اعتبار سے اللہ تعالیٰ الہ اور معبود ہے۔ اور اس طرح اس کے دل پر مختلف قسم کے خیالات وارد ہوتے ہیں جن کی وجہ سے وہ سوچ و بچار میں مشغول ہو جاتا ہے اور بعض اوقات اسے ایسے وساوس میں مبتلا کر دیتا ہے جن کا شمار کفر اور بدعت میں ہوتا ہے۔ لیکن ذاکر جب ان وساوس کو ناپسند کرتے ہوئے ان کو اپنے دل سے دور کرنے میں کوشاں ہو جائے گا تو یہ اسے نقصان نہیں پہنچا

Marfat.com

سکتے۔

وساوس کی قسمیں اور ان سے بچنے کا طریقہ:۔

(الف) عموماً" یہ وساوس شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں۔ شیطان ہی اس کے دل میں مختلف قسم کے وسوسے ڈال دیتا ہے۔ سالک کو یہ یقین رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اس سے منزہ و مبرہ ہے۔ اس سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رجوع کرے۔ اور گڑگڑا کر اس کی بارگاہ میں دعا کرے کہ وہ ان وساوس کو دور کر دے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ۔ (اعراف:۲۰۰)

ترجمہ:۔ اور اگر پہنچے آپ کو شیطان کی طرف سے ذرا سا وسوسہ تو فوراً" پناہ مانگئے اللہ سے۔ بے شک وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔"

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔ (اعراف۔۲۰۱)

ترجمہ:۔ بے شک وہ لوگ جو تقویٰ اختیار کئے ہیں جب چھوتا ہے انہیں کوئی خیال شیطان کی طرف سے تو وہ خدا کو یاد کرنے لگتے ہیں۔ تو فوراً" ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

(ب) کبھی سالک کے دل میں مختلف قسم کے شکوک و شبہات پیدا ہوتے ہیں۔ ان کا علاج یہ ہے کہ سالک اپنے شیخ کو ان تمام احوال سے آگاہ کرے اور دوسرے لوگوں سے پوشیدہ رکھے۔

۳۔ خلوت کی شرعی حیثیت

خلوت صوفیائے کرام کی اصطلاح نہیں ہے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے حکم کو بجالانا اور نبی کریم ﷺ کے حکم کی پیروی ہے۔ نبی کریم ﷺ غار حراء میں خلوت میں

Marfat.com

عبادت کرتے تھے اور اس خلوت کے دوران آپ پر پہلی وحی نازل ہوئی۔

قرآن و حدیث سے خلوت کا ثبوت

قرآن کریم سے دلیل: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا۔ (مزمل: ۸)

ترجمہ: اور ذکر کیا کرو اپنے رب کے نام کا اور سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو"

علامہ ابو سعود اس کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دن رات اللہ تعالیٰ کے ذکر پر مواظبت اختیار کرو خواہ تسبیح و تہلیل ہو یا تحمید۔ پھر فرماتے ہیں کہ اس کا معنی یہ ہے کہ تمام مخلوق سے منہ موڑ کر پوری توجہ اور ہمت سے اس کی بارگاہ میں حضوری کے لئے مراقبہ میں مشغول ہو جائے۔ آپ فرماتے ہیں یہ اسی وقت ممکن ہے کہ جب مراقبہ میں مستغرق ہونے سے مانع تمام رکاوٹوں کو دور کر دیا جائے اور اس ذات کے سوا ہر چیز سے منہ موڑ لیا جائے(۱۵)۔ اور یہ حکم نبی پاک ﷺ کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ تمام امت اس حکم میں شامل ہے۔

حدیث سے ثبوت

حضرت عائشہ ؓ کا ارشاد ہے کہ نبی کریم ﷺ پر وحی کی ابتداء خواب سے ہوئی۔ آپ جو بھی خواب رات کو دیکھتے اس کی تعبیر روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی۔ پھر آپ کا دل خلوت کی طرف مائل ہو گیا۔ آپ غار حراء میں خلوت کے لئے تشریف لے جاتے۔ آپ کچھ راتیں وہاں عبادت کرتے اور پھر اپنے اہل خانہ کی طرف لوٹ آتے اور کھانے پینے کا معمولی سامان لے کر پھر غار حراء میں واپس لوٹ جاتے۔ حتیٰ کہ غار حراء میں ہی آپ پر وحی کا نزول شروع ہوا۔

حضرت ابی جمرہ اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں دلیل ہے کہ خلوت انسان کے لئے عبادت اور اصلاح میں مددگار ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ جب لوگوں کو چھوڑ کر خلوت میں تشریف لے گئے تو آپ پر خیر عظیم کا

Marfat.com

نزول ہوا۔ اور جو سالک بھی آپ کی پیروی میں خلوت اختیار کرے گا۔ اس کو اس کی قسمت کے مطابق مقام ولایت حاصل ہو گا۔ اس میں یہ بھی دلیل ہے کہ مبتدین کے لئے خلوت اور گوشہ نشینی ہی بہتر ہے اور اس میں یہ بھی دلیل ہے کہ سالک کی ابتداء اور انتہاء دونوں برابر نہیں ہوتیں۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ پر وحی کی ابتداء خواب سے ہوئی۔ پھر ان درجات میں ترقی ہوتی رہی یہاں تک کہ فرشتہ بیداری کی حالت میں وحی لے کر نازل ہوا۔ اور پھر یہ ترقی کا سلسلہ جاری ہوا۔ یہاں تک کہ آپ قاب قوسین او ادنیٰ کے انتہائی بلند مقام پر فائز ہوئے۔ انبیاء اور رسل جس طرح ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے انتہائی بلند مقام پر فائز ہو جاتے ہیں لیکن نبی اور امتی میں فرق یہ ہے کہ امتی مقام نبوت کے علاوہ دوسرے مقامات کو حاصل کر لیتا ہے لیکن مقام نبوت تک اس کی رسائی نہیں ہو سکتی کیونکہ نبی کریم ﷺ کے بعد نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے۔ اب اولیاء کرام ترقی کرتے کرتے معرفت اور رضا کے مقام پر پہنچ جاتے ہیں اور یہی مقامات ولایت میں سب سے اعلیٰ درجہ ہے۔

اسی وجہ سے صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ جس نے ایک مقام حاصل کر لیا پھر ادب کے ساتھ اس پر قائم رہا وہ اس سے اعلیٰ مقام میں ترقی کر جاتا ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ابتداء میں خلوت کو اختیار کیا۔ پھر ترقی کرتے کرتے مقام نبوت کو پہنچے اور پھر مقامات نبوت میں ترقی کرتے ہوئے قاب قوسین او ادنیٰ کے مقام پر فائز ہوئے۔ اور یہی حال آپ کے امتیوں کا ہے آپ کا جو امتی کسی مقام پر فائز ہوتا ہے اور پھر ادب کو ملحوظ خاطر رکھتا ہے تو اس کو اس سے اعلیٰ مقام پر ترقی دے دی جاتی ہے اور اس طرح وہ مقام نبوت کے علاوہ دوسرے اعلیٰ مقامات پر فائز ہو جاتا ہے۔

امام قسطلانیؒ اسی حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ اس میں عزلت نشینی کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ کیونکہ یہ دل کو دنیا کی مصروفیات سے راحت دیتی ہے اور اس کو اللہ تعالیٰ کے لئے خالی کر دیتی ہے پھر اس سے حکمت کے سرچشمے پھوٹ پڑتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ خلوت کا مفہوم صرف یہی نہیں ہے کہ لوگوں سے قطع تعلق کر کے تنہائی میں بیٹھ جانا بلکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اپنے پروردگار کی لگن میں اپنی

Marfat.com

ذات کو بھی بھول جائے اور جب انسان اس مقام پر پہنچ جاتا ہے تو پھر کہیں اسی کا ظاہری جسم علوم غیبیہ کے لئے گزر گاہ اور اس کا دل ان کے لئے قرار گاہ کے قابل ہوتا ہے(۱۶)۔

ایک اعتراض اور اس کا جواب

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ غار حراء کی خلوت بعثت سے پہلے تھی حالانکہ حکم شرعی تو بعثت کے بعد شروع ہوتا ہے۔ امام قسطلانی رحمتہ اللہ علیہ اس کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ حدیث میں بیان کیا گیا ہے کہ وحی کی ابتداء خواب سے ہوئی اور پھر آپ کا دل خلوت کی طرف مائل ہو گیا۔ اور یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ خلوت کا حکم وحی پر مرتب ہے یعنی پہلے وحی آئی اور پھر خلوت۔ کیونکہ "ثم" کا کلمہ ترتیب کے لئے آتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے اگر خلوت کا تعلق دین سے نہ ہوتا تو بعد میں اس سے روک دیا جاتا بلکہ یہ آپ پر ظہور حق کا ذریعہ ہے اور اسی طرح آپ کے امتیوں کے لئے بھی۔ لیکن اس کی چند شرائط ہیں جن کا ذکر صوفیاء نے اپنی کتب میں کیا ہے(۱۷)۔

شیخ انور شاہ کشمیری حدیث پاک کے اس حصہ پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ صوفیائے کرام کے مجاہدات اور خلوت نشینی اس حدیث پاک سے ثابت ہوتی ہے پھر فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک فقہاء کرام کا اعتکاف اور صوفیائے کرام کی خلوت نشینی دونوں برابر ہیں(۱۸)۔

امام زہری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تعجب ہے کہ لوگوں نے اعتکاف کو کیسے چھوڑ دیا' حالانکہ رسول اللہ ﷺ بعض اعمال کرتے اور پھر ترک کر دیتے۔ لیکن آپ نے اعتکاف کو ترک نہیں کیا(۱۹)۔

امام نووی رحمتہ اللہ علیہ اسی حدیث پاک کی شرح میں فرماتے ہیں کہ ابو سلیمان خطابی فرماتے ہیں کہ خلوت نشینی آپ کو اس لئے محبوب تھی کیونکہ اسمیں بندہ کا دل ہر قسم کی مصروفیات سے خالی ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ غور و فکر کا بھی

Marfat.com

سبب ہے اور اس کی وجہ سے انسان اپنی محبوب چیزوں کو ترک کر دیتا ہے اور اس کے دل میں خشوع و خضوع پیدا ہوتا ہے۔

ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ آپ کے نزدیک خلوت کے محبوب ہونے میں راز یہ تھا کہ اس میں دل ہر قسم کے شواغل سے فارغ ہو کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے۔ پھر آپ فرماتے ہیں کہ آپ کی خلوت کی مدت ایک ماہ تھی اور وہ رمضان کا مہینہ تھا(۲۰)۔

علامہ محمود عینی رحمتہ اللہ علیہ اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ اگر یہ کہا جائے کہ خلوت آپ کے نزدیک کیوں محبوب تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ خلوت میں دل ہر قسم کے شواغل سے پاک ہوتا ہے اور یہ غور و فکر کرنے میں بھی معاون ہے۔ اور انسان کی طبیعت بہت زیادہ ریاضت سے تبدیل ہوتی ہے۔ آپ کو خلوت اس لئے محبوب ہو گئی تھی تاکہ آپ عام لوگوں کے میل جول سے منقطع ہو جائیں اور اپنے روزمرہ کے معمولات کو بھول جائیں(۲۱)۔

امام کرمانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خلوت اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی شان اور عارفین کا طریقہ ہے۔ آپکو خلوت اس لئے محبوب تھی۔ کیونکہ اس سے دل کو فراغت میسر آتی ہے اور انسان دلجمعی کے ساتھ عبادت کر سکتا ہے اور انسان اپنے بشری تقاضوں کو ترک کر دیتا ہے اور اس کے دل میں خشوع و خضوع پیدا ہو جاتا ہے(۲۲)۔

یہ محدثین اور شارحین کرام کے تمام اقوال ہیں جس میں خلوت کی تعریف اس کا شرعی حکم اور اس کے فوائد اور اس کے بارے میں سلف صالحین کا طریقہ بیان کیا گیا ہے۔ ان علماء و محدثین کے اقوال کے سامنے معترضین جو چاہیں کہتے رہیں۔ ان کے ان اقوال کی کوئی حقیقت نہیں ہو گی۔

امام بوصیری رحمتہ اللہ علیہ کیا خوب فرماتے ہیں:

الف النسک و العبادۃ والخلا
و ۃ طفلا و ھکذا النجباء

Marfat.com

خلوت کی اہمیت اور اس کے فوائد کے بارے میں علماء کے اقوال

خلوت کے بے شمار فائدے ہیں۔ ان کو وہی شخص محسوس کر سکتا ہے جس نے اس کی حلاوت کو چکھا ہو۔ یہ نفس کو مہذب بنا کر اس کا تزکیہ کرتی ہے۔ اللہ کی اطاعت کا عادی اور اس کی بارگاہ میں حاضری کا انس پیدا کرتی ہے کیونکہ نفس امارہ کی صفت ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ مجلس اور لعو و لھب کو پسند کرتا ہے۔ خلوت نشینی اور اپنی لغزشوں اور خطاؤں کے محاسبہ سے نفرت کرتا ہے۔ ابتداء میں جب ہم اس کو خلوت کے لئے مجبور کریں گے تو یہ تنگی محسوس کرے گا' لیکن بہت جلد طاعت کی طرف مائل ہو جائے گا اور پھر اللہ تعالیٰ کے ساتھ انس اور مناجات کی حلاوت چکھ لے گا۔ خصوصاً" جب مادے کی قیود سے آزاد ہو کر عالم ملکوت کی سیاحت میں مشغول ہو جائے۔

شاہین انسانی آبادی سے دور پہاڑ کی بلند و بالا چوٹیوں پر بسیرا کرتا ہے پھر جب اس کو شکار کر کے گھر میں قید کر دیا جاتا ہے اور گوشت پر اس کی پرورش کی جاتی ہے اور اس کے ساتھ نرمی برتی جاتی ہے اور وہ اپنے مالک سے مانوس و مالوف ہو جاتا ہے۔ اور پھر جب اس کا مالک آواز دیتا ہے تو وہ اس کی آواز پر لبیک کہتا ہے اور پھر جب وہ اس کو شکار کے لئے چھوڑتا ہے تو شکار کر کے اپنے مالک کی رضا و خوشنودی کے لئے واپس آجاتا ہے اور اپنے مالک کی خواہش کو اپنے نفس کی خواہشات پر ترجیح دیتا ہے۔

کیا ایک مومن کے لئے یہ بات قابل عبرت نہیں ہے کہ ایک پرندہ تو اپنے مالک کی آواز سنے اور اس کی طاعت کرے لیکن بندہ مومن اس کی طرف متوجہ نہ ہو۔

خلوت' دل' فکر اور عقل کو دنیاوی مشاغل اور غموں سے راحت پہنچاتی

Marfat.com

ہے حتیٰ کہ بندہ مومن اس کی وجہ سے ایمان کی حلاوت پالیتا ہے اور اسے ایمان او ر سکون کی دولت مل جاتی ہے۔

اب ہم خلوت کے متعلق بعض علماء و صلحاء کے اقوال نقل کرتے ہیں!

فیروز آبادی صاحب القاموس

علامہ فیروز آبادی نزول وحی سے پہلے نبی کریم ﷺ کے احوال کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جب نزول وحی کے ایام قریب آئے تو رسول اللہ ﷺ خلوت اور عزلت نشینی کو پسند کرنے لگے۔ آپ حراء کے پہاڑ پر تشریف لے جاتے۔ یہ پہاڑ کعبہ سے تین میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اور اس پہاڑ کی چوٹی پر ایک چھوٹی سی غار واقع ہے جو تقریباً" چار ہاتھ لمبی اور ڈیڑھ ہاتھ چوڑی ہے آپ نے اس غار کو اپنی خلوت کے لئے منتخب فرمایا۔ خلوت میں آپ کی عبادت کے بارے میں علماء کے دو قول ہیں۔ بعض فرماتے ہیں کہ آپ کی عبادت غور و فکر پر مشتمل تھی۔ اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ آپ وہاں ذکر الٰہی میں مصروف رہتے تھے۔ اور یہی قول صحیح ہے۔ پہلا قول قابل التفات نہیں۔ کیونکہ طالبین حق کی خلوت کی مختلف صورتیں ہیں۔

۱) ان کی خلوت حق باری تعالیٰ سے مزید علم یقین کی طلب میں ہو۔ اور یہ نظرو فکر سے حاصل نہیں ہوتی۔ کیونکہ جو شخص اپنی خلوت میں کائنات کی کسی چیز سے مخاطب ہوتا ہے یا اس میں غور و فکر کرتا ہے وہ در حقیقت خلوت میں نہیں ہے۔ کسی شخص نے ایک بزرگ سے عرض کی کہ جب آپ خلوت میں اپنے رب کے قریب ہوں گے تو ہمیں بھی یاد رکھنا۔ تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر میں اس وقت آپ کو یاد کروں تو پھر میں خلوت میں نہیں ہوں گا۔ اور اس سے نبی کریم ﷺ سے اس حدیث قدسی کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ حدیث قدسی ہے: انا جلیس من ذکرنی

"میں ذکر کرنے والا کا ہم نشین ہوتا ہوں"

اور اس خلوت کی شرط یہ ہے کہ دل اور روح کے ساتھ ذکر کیا جائے نہ کہ

Marfat.com

زبان کے ساتھ۔

۲) خلوت کی دوسری قسم صفائے فکر کے لئے ہوتی ہے تاکہ معلومات کے حصول میں ان کی نظرو فکر صحیح ہو جائے تو یہ خلوت وہ لوگ اختیار کرتے ہیں جو عقل کے میزان سے علم حاصل کرنا چاہتے ہیں یہ میزان انتہائی لطیف ہوتا ہے معمولی لغزش سے بھی وہ راہ راست سے ہٹ سکتا ہے۔ طالب حق اس قسم کی خلوت کو پسند نہیں کرتے بلکہ ان کی خلوت خالصۃً ذکر الٰہی سے معمور ہوتی ہے۔ نظرو فکر کی طرف وہ متوجہ نہیں ہوتے۔ کیونکہ صاحب خلوت اگر ذکر و نظر میں مشغول ہو جائے تو وہ اہل خلوت سے خارج ہو جاتا ہے۔ اور اس سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ مخلص طالب حق نہیں تھا۔ کیونکہ اگر وہ اپنی طلب میں مخلص ہوتا تو عنایت ربانی اسے اس ہلاکت سے بچالیتی۔

۳) یہ وہ خلوت ہے جسے بعض اہل دنیا اس وقت اختیار کرتے ہیں جب لوگ کسی وجہ سے انہیں چھوڑ جاتے ہیں وہ دل کو بہلانے کے لئے عزلت نشینی کو اختیار کرتے ہیں۔

۴) یہ وہ خلوت ہے جو خلوت میں پائی جانے والی لذت کی مزید طلب کے لئے جاتی ہے۔

نبی کریم کی خلوت کا تعلق قسم اول سے تھا۔ آپ ہر قسم کے مشاغل سے دور تھے حتیٰ کہ مال و دولت اور اہل و عیال کی محبت کو دل سے نکال کر قلبی اذکار کے بحر میں مستغرق رہتے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے تعلق منقطع کر لیا تو آپ کو اس خلوت کی وجہ سے انس اور خلوت عطا ہوئی یہ انس کی کیفیت اسی طرح جاری رہی اور قلب مبارک میں مزید صفائی اور نور پیدا ہو گیا حتیٰ کہ آپ نے انتہائی درجہ کمال پا لیا(۲۵)۔

امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ

آپ فرماتے ہیں کہ جو شخص چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دل کے بند

Marfat.com

دروازہ کو کھول دے اور اسے علم عطا فرمائے۔ اسے چاہئے کہ وہ خلوت اور قلت طعام کو اختیار کرے۔ سفہاء کی مجلس سے اجتناب کرے اور ان اہل علم کی صحبت سے بھی بچے جن میں انصاف اور عدل کی کمی ہوتی ہے(۲۶)۔

امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ

امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کا فائدہ یہ ہے کہ وہ اپنی سمع و بصر کی حفاظت کرتا ہے کیونکہ یہ دونوں دل کی دہلیز ہیں۔ اور دل ایک حوض کی طرح ہے۔ انسانی حواس ظاہری کی نہریں اس میں آلودہ پانی جمع کرتی ہیں۔ خلوت کا مقصد حوض کو اس آلودہ پانی سے خالی کرنا اور اس کے اثرات سے پاک کرنا ہے۔ تاکہ حوض کے اندر سے ہی حکمت کا چشمہ پھوٹے جس سے پاکیزہ اور صاف پانی نکلے اور جب تک یہ نہریں کھلی ہیں حوض کی صفائی کیسے ممکن ہے کیونکہ اس سے جتنا زیادہ آلودہ پانی نکالا جائے گا اس سے زیادہ اس میں داخل ہو جائے گا اس لئے حواس ظاہری کی حفاظت ضروری ہے اور یہ خلوت کے بغیر ممکن نہیں(۲۷)۔

جب انسان اپنی نفسانی امراض فضول مصروفیات اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے قرب اور اس کے انوار و تجلیات اور علم لدنی کا مستحق ہوتا ہے۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ ان خلوتوں کے درمیان مجھ پر کچھ ایسے امور منکشف ہوئے ہیں جن کا شمار ممکن نہیں۔ لیکن پھر بھی فائدے کے لئے چند چیزوں کو ذکر کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں کہ مجھے یقین ہو گیا کہ صوفیاء کرام کا گروہ حقیقتہ اللہ تعالیٰ کی راہ پر چلنے والا ہے۔ ان کی سیرت بہترین اور طریقہ صحیح ترین اور ان کے اخلاق پاکیزہ اور عمدہ ہیں بلکہ اگر تمام عقلاء کی عقل اور حکماء کی حکمت اور شرعی اسرار و رموز سے واقف علماء کے علم کو جمع کر دیا جائے تب بھی ان کے اخلاق اور سیرت کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ان کی ظاہری اور باطنی تمام حرکات و سکنات مشکوۃ نبوت کے نور سے ماخوذ ہیں۔ اور روئے زمین پر نور نبوت سے بڑھ کر کوئی نور نہیں جس سے

Marfat.com

حضرت ابو یزید بسطامیؒ فرماتے ہیں کہ تم نے علم ان راویوں سے حاصل کیا ہے جو اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں اور ہمارا علم اس ذات سے ماخوذ ہے جو ہمیشہ سے زندہ ہے اور اسے کبھی موت نہیں آئے گی۔

آپ فرماتے ہیں صاحب ہمت کو خلوت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ علوم عطا ہوتے ہیں جن تک علماء اور حکماء کی رسائی نہیں ہوتی بلکہ کوئی بھی صاحب نظرو فکر اس کیفیت کو حاصل نہیں کر سکتا (۲۹)

الشیخ سفیرینی رحمتہ اللہ علیہ:

شیخ سفیرینی قصیدہ "منظومہ الاداب" کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ کثیر صوفیاء کرام نے خلوت کی تعریف کی ہے اور سالک کو لوگوں کے ساتھ اختلاط سے روکا ہے۔

انست بو حدتی و لزمت بیتی

فدام الانس لی و نما السرور(۳۰)

"میں اپنی تنہائی سے مانوس ہو گیا اور میں نے اپنے گھر کو لازم پکڑ لیا تو انس میرا ساتھی بن گیا۔ اور سرور میں اضافہ ہو گیا۔"

ڈاکٹر مصطفیٰ السباعی

ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی فرماتے ہیں کہ مبلغ اور عالم دین کے لئے ضروری ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً خلوت کے لئے کچھ اوقات خاص کرے جس میں اس کی روح کا اتصال ذات باری تعالیٰ سے ہو۔ اور اس کا نفس اخلاق مذمومہ کی کدورت سے صاف ہو جائے۔ اور اس قسم کی خلوت محاسبہ نفس کی داعی ہوتی ہے۔ جب بھی نفس کسی نیکی کے کام میں کوتاہی کرتا ہے یا صراط مستقیم اور حکمت کے راستہ سے بھٹکتا ہے یا لوگوں کے ساتھ لڑائی جھگڑے میں مصروف ہوتا ہے۔ تو خلوت میں محاسبہ نفس کو ان چیزوں سے محفوظ رکھتا ہے اور اس کو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ مانوس' اور آخرت' جنت اور دوزخ' موت اور اس کے مصائب و آلام کو یاد دلاتا ہے۔ اسی وجہ سے تہجد اور

Marfat.com

قیام اللیل نبی کریم ﷺ پر فرض تھا اور آپ کی امت کے لئے مستحب اس لئے علماء مبلغین کو نماز تہجد کا زیادہ حریص ہونا چاہئے۔

خلوت اور رات کے آخری حصہ میں نوافل پڑھنے میں جو لذت ہے اس کا ادراک وہی شخص کر سکتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے خصوصی کرم نوازی فرمائی ہو۔ حضرت ابراہیم بن ادھم رحمتہ اللہ علیہ نماز تہجد کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

نحن فی لذۃ لو عرفھا الملوک لقاتلونا علیھا (۳۱)۔

ترجمہ: نماز تہجد میں ہمیں ایسی لذت حاصل ہوتی ہے اگر بادشاہوں کو معلوم ہو جائے تو وہ ہمارے ساتھ جنگ و جدل پر اتر آئیں"

عماد الدین الواسطی:

شیخ الامام عماد الدین الواسطی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہم سب کے لئے شب و روز میں ایک ایسا وقت ہونا چاہئے جس میں ہم اپنے رب کی بارگاہ میں خلوت میں حاضر ہوں اور اپنے تمام غموں کو اس کی بارگاہ میں پیش کریں۔ دنیا کے مشاغل کو اپنے دل سے نکال دیں اور ماسوی اللہ ہر چیز کو بھول جائیں۔ اس کے ذریعہ انسان' پروردگار کے ساتھ اپنے حال کو پہچانتا ہے۔ جس شخص کو اس طرح اپنے رب کی معیت حاصل ہو جائے۔ اس کے عزائم پختہ ہو جاتے ہیں اور اس کا دل حقیقی محبت اور تعظیم کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اور پھر وہ بارگاہ الٰہی میں آہوں اور آنسوؤں کا نذرانہ پیش کرتا ہے اور خلوت کی یہ گھڑی دراصل قبر میں بندے کی حالت کا نمونہ ہے جبکہ وہ اپنے مال و اولاد کو چھوڑ کر اس میں قیام پذیر ہو گا۔ اور جو شخص پریشان کن دنیاوی غم و احزان میں اللہ تعالیٰ کے لئے ایک گھڑی نہیں نکال سکتا' اسے جان لینا چاہئے کہ اس کا رابطہ منقطع ہو چکا ہے۔ اور محبت و محبوبیت اس کے نصیب میں نہیں ہے اسے اپنی اس حالت پر رونا چاہئے اور ہمیشہ اپنے اوقات کا ایک حصہ اللہ تعالیٰ کے قرب اور محبت کے لئے خاص کرنا چاہئے اگر اس نے اللہ کے لئے کچھ وقت خاص کر دیا تو اس کی برکت سے نماز کی پابندی بھی ہو جائے گی۔ اور اس میں خشوع و خضوع بھی پیدا ہو

Marfat.com

تدبر میں مشغول ہونے سے علم لدنی حاصل ہوتا ہے اور وہ دل میں متمکن ہو جاتا ہے اور اس علم لدنی کا حاصل ہونا ہی دل کی دوا اور صحت یابی ہے اور یہی وہ دل ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں قلب سلیم سے موسوم کیا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ۔

(شعراء:۸۸)

ترجمہ: "جس دن نہ مال کام آئے گا اور نہ بیٹے مگر وہ شخص جو لے آیا اللہ تعالیٰ کے حضور قلب سلیم"

بزرگوں کا فرمان ہے کہ دل معدے کی مثل ہے اور معدہ میں جب اخلاط کی کثرت ہو جائے تو یہ بیمار ہو جاتا ہے اور اس وقت پرہیز کے علاوہ اسے کوئی چیز نفع نہیں دے سکتی اور یہ پرہیز کثرت اخلاط اور غذا کی مقدار کو کم کرنا ہے۔ کہتے ہیں المعدۃ بیت الداء والحمیہ راس الدواء۔ معدہ بیماری کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے۔ اور اسی طرح دل پر جب شیطانی وساوس اور مادیت کا غلبہ ہو جائے تو یہ بیمار ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ اس لئے اس حالت میں پرہیز کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں یعنی لوگوں سے عزلت نشینی اختیار کرے اور فکر و تدبر سے کام لے۔ اگر اس نے ایسا کام کیا تو اس کا دل صحت یاب اور مستقیم ہو جائے گا اور اگر اس نے اس کی طرف توجہ نہ دی تو یہ بیمار رہے گا حتیٰ کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بیمار دل لے کر حاضر ہو گا جو شکوک و شبہات اور برے خیالات سے بھرا ہوا ہو گا: نسأل اللہ العافیہ۔

حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بہترین مجلس وہ ہے جس میں انسان بحر توحید میں فکر و تدبر کرتا ہے۔

حضرت ابو الحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عزلت نشینی کے چار بڑے فوائد ہیں۔ ۱۔ حجابات منکشف ہو جاتے ہیں' ۲۔ رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔ ۳۔ محبت حاصل ہو جاتی ہے۔ ۴۔ انسان' سچائی کا عادی ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

خلوت کے دس فوائد

پھر آپ نے خلوت کے دس فوائد بیان فرمائے ہیں۔

۱) انسان زبان کی آفات سے بچ جاتا ہے کیونکہ جو انسان خلوت میں ہو گا تو کسی سے گفتگو نہیں کر سکے گا اور زبان کی آفات سے غالباً" وہی بچ سکتا ہے جو خلوت کو جلوت پر ترجیح دیتا ہے۔

۲) نظر کی آفات سے بھی بچ جاتا ہے کیونکہ جو شخص لوگوں کو چھوڑ کر کنج تنہائی میں بیٹھ جائے گا اس کی نظر دینا کی ظاہری زیب و زینت سے محفوظ رہے گی۔ حکماء کا قول ہے: جو شخص زیادہ ادھر ادھر دیکھتا ہے اس کی حسرت بڑھ جاتی ہے۔

۳) اس کا دل ریا کاری اور اس قسم کی دوسری امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

۴) وہ شخص دنیا میں زہد و قناعت اختیار کرتا ہے اور اسی میں انسان کی عظمت اور اس کا کمال ہے۔

۵) وہ برے اور گھٹیا لوگوں کی صحبت سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ ان لوگوں کی صحبت میں بڑے خطرات ہوتے ہیں۔

۶) وہ عبادت اور ذکر کے لئے فارغ ہوتا ہے اور تقویٰ و نیکی پر عزم مصم کرتا ہے۔

۷) اسے عبادت میں حلاوت محسوس ہوتی ہے اور اس فراغت اور تنہائی میں مناجات کی لذت سے لطف اندوز ہوتا ہے۔

ابو طالب مکی فرماتے ہیں مرید اس وقت تک صادق ہوتا ہے جب وہ خلوت میں ایسی حلاوت، قوت اور نشاط پاتا ہے جو جلوت میں نہیں پاتا۔

۸) دل اور بدن کو راحت حاصل ہوتی ہے کیونکہ لوگوں کے ساتھ اختلاط دل کی تھکاوٹ کا باعث ہوتا ہے۔

۹) انسانی نفس اور اس کا دین ان خطرات اور برائیوں سے بچ جاتا ہے جو

Marfat.com

لوگوں کے ساتھ اختلاط کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ خلوت میں انسان غور و فکر کی عبادت کو بخوبی ادا کر سکتا ہے۔ اور خلوت کا یہی مقصود اعظم ہوتا ہے (۳۳)۔

یہ صوفیائے کرام اور علمائے عظام کے خلوت کے بارے میں چند اقوال ہیں جن سے روز روشن کی طرح واضح ہو جاتا ہے کہ خلوت وہ عملی طریقہ ہے جس کو رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے لئے سنت بنا دیا ہے تاکہ ان کا ایمان قوی اور مضبوط ہو جائے۔ ان کے نفوس کا تزکیہ ہو جائے اور ان کی ارواح بلند پرواز کی متحمل' اور ان کے دل پاکیزہ ہو جائیں تاکہ وہ تجلیات الٰہیہ کے قابل ہو جائیں۔

کیا نبی کریم ﷺ کا یہ عملی نمونہ خالق سموات والارض کی معرفت کا سبب نہیں ہے؟ کیا یہ صوفیاء کرام کی اذواق جذب و وجد کی اساس اور کشف فیض الٰہی' انوار و تجلیات اور صفائے قلبی کا راستہ نہیں ہیں؟ کیا نبی کریم ﷺ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سات اشخاص کو اپنے سایہ تلے جگہ دے گا اور ان میں سے ایک شخص وہ ہے جس نے تنہائی میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا تو اس کی آنکھوں میں آنسو رواں ہو گئے۔

کیا یہ حدیث پاک ذکر الٰہی کے لئے خلوت کے جائز ہونے کے لئے دلیل قاطع نہیں ہے؟ یہی وہ خلوت ہے جس میں صوفی تنہائی میں اپنے رب کو یاد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر انوار و تجلیات کی بارش کر دیتا ہے اور اسے اپنی بارگاہ میں شرف باریابی عطا فرماتا ہے۔ حدیث قدسی ہے: اہل ذکری اہل مجالستی (۳۴)۔ (اہل ذکر میرے ہم نشین ہیں۔ اور جب وہ تنہائی میں اپنے رب کا ذکر کرتا ہے تو کوئی چیز بھی اس کو اس ذکر سے غافل نہیں کر سکتی۔ یہاں تک کہ وہ اس بارگاہ کی حضوری میں اپنی ذات کو بھی بھول جاتا ہے۔

شیخ ابن فارض رحمتہ اللہ علیہ نے اس حالت کو کیا خوب بیان فرمایا ہے۔

ولقد خلوت مع الحبیب و بیننا
سر ارق من النسیم اذا سری
فدھشت بین جمالہ و جلالہ

Marfat.com

وغدا لسان الحال عنی مخبرا

ترجمہ: (i)۔ مجھے محبوب کے ساتھ ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ ہمارے درمیان چلتی ہوئی باد نسیم سے بھی زیادہ رقیق راز تھا۔

(ii) میں اس کے جمال و جلال میں مدہوش ہو گیا تو زبان حال نے میری مخبری کر دی۔

یعنی جب اسے معرفت الٰہی حاصل ہوئی تو خوشی میں آنسو نکل آئے۔

ولی اللہ لیس لہ انیس

سوی الرحمان فھو لہ جلیس

فیذکرہ و یذکرہ فیبکی

و حید الدھر جوھرہ نفیس

ترجمہ: ولی اللہ کے لئے اللہ کے سوا کوئی انیس نہیں اور وہ اسی کا ہم نشین ہوتا ہے۔ وہ اسے یاد کرتے کرتے رو پڑتا ہے وہ یکتائے روزگار۔

گناہ گار بندہ جب ان اولیاء کرام کی صف میں شامل ہونا چاہتا ہے تو پہلے نفس امارہ کے ساتھ خلوت نشین ہو جاتا ہے اور اس کی زجر و توبیخ کرتا ہے اور اپنے اس ارادہ میں مخلص ہو جاتا ہے تو اس کا دل نرم ہو جاتا ہے اور اس افسوس میں اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں کہ اس کی زندگی لعو و لھب میں ضائع ہو گئی ہے۔ بقول شاعر ؎

علی نفسہ فلیبک من ضاع عمرہ

و لیس لہ فیھا نصیب ولاسھم

جس نے اپنی عمر ضائع کر دی اسے اپنے آپ پر رونا چاہئے اب اس کا نہ کوئی حصہ بچا ہے نہ نصیب۔

اور پھر وہ خواب غفلت سے بیدار ہوتا ہے اور اپنے پروردگار کی مغفرت اور رحمت کی امید کرتے ہوئے اس کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کی اطاعت اور

Marfat.com

عبادت کرنے کا عہد کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی توبہ پر خوشی و مسرت کا اظہار کرتا ہے اور اس کی رحمت اس گناہگار بندہ کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ حدیث قدسی ہے:

وان تقرب الی شبرا تقربت الیہ ذراعا' واذا تقرب الی ذراعا تقربت الیہ باعا' واذا اتانی یمشی اتیتہ ھرولہ (۳۵)۔

ترجمہ:۔ اگر میرا بندہ ایک بالشت میری طرف بڑھے تو میں ایک ذراع اس کی طرف بڑھتا ہوں اور اگر وہ ایک ذراع میری طرف بڑھے تو میں دو ذراع اس کی طرف بڑھتا ہوں اور اگر وہ میری بارگاہ میں چل کر آئے تو میری رحمت دوڑ کر اسے اپنے دامن میں لے لیتی ہے۔

اور وہ نبی کریم ﷺ کی اس بشارت کا مستحق ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن سخت گرمی میں اسے اپنے عرش کے سایہ تلے جگہ دے گا اور اس وقت لوگ جھلسا دینے والے سورج کی گرمی میں کھڑے ہوں گے۔

قرآن و حدیث کے واضح دلائل اور علمائے کرام کے اقوال سے خلوت کی مشروعیت ثابت ہوتی ہے یہ کوئی بدعت نہیں ہے اور نہ ہی یہ غایت مقصودہ ہے۔ بلکہ یہ تو دل کی بیماریوں کا ایک وسیلہ ہے تاکہ دل بیماریوں سے صحت یاب ہو جائے اور بروز قیامت باعث نجات ہو۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ۔

(الشعراء۔ ۸۸)

ترجمہ: جس دن نہ مال کام آئے گا اور نہ بیٹے۔ مگر وہ شخص جو لے آیا اللہ کے حضور قلب سلیم۔

خلوت سے مراد نہ ہی تو دائمی عزلت نشینی ہے اور نہ ہی لوگوں سے سراسر منقطع ہونا ہے۔ بلکہ جس طرح ایک مریض کو ایک مدت کے لئے ہسپتال داخل کیا جاتا ہے تاکہ وہ جسمانی بیماریوں سے نجات پائے۔ اور پھر صحت مند قوی و توانا ہو کر اپنے کام میں مشغول ہو جائے۔ اسی طرح مومن ایک مخصوص وقت خلوت میں گزارتا ہے

Marfat.com

فانت بالروح لا بالجسم انسان

ترجمہ: "اے جسم کے خادم! تو اس کی خدمت کی لئے کس قدر دوڑ دھوپ کرتا ہے۔ کیا تو اس چیز سے نفع چاہتا ہے۔ جس میں سراسر گھاٹا ہے۔

"اپنے نفس کی طرف متوجہ ہو جا اور اس کے فضائل کو مکمل کر کیونکہ تو روح کی وجہ سے انسان کہلاتا ہے نہ کہ جسم کی وجہ سے"

مومن کے لئے ضروری ہے کہ وہ وقتاً" فوقتاً" خلوت نشینی اختیار کرے اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہو اور اپنے نفس کا محاسبہ کرے۔

میرے شیخ و مرشد محمد ہاشمی رحمتہ اللہ علیہ اپنے مریدین کو خلوت کی ترغیب دیا کرتے تھے۔ مریدین کے لئے ضروری تھا کہ وہ لوگوں سے الگ تھلگ اور دنیا کے شور و غوغا سے دور کسی مقام پر خلوت نشین ہو پھر شیخ انہیں لفظ اللہ کے ذکر کی تلقین کرتے تاکہ وہ شب و روز اس ذکر میں مستغرق رہے اور صرف نماز کھانے اور سونے کے وقت ذکر میں مشغول نہ ہو اور نہ ہی لوگوں کے ساتھ گفتگو میں مشغول ہو۔ بلکہ ہمیشہ اسی ذکر میں محو رہے۔ جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا۔ (المزمل:۸)

ترجمہ: اور ذکر کیا کرو اپنے رب کے نام کا اور سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو۔

مرید اپنے دل کی طرف متوجہ ہو کر اور اس میں آنے والے وساوس اور خواطر کو دور کرتے ہوئے ذکر میں مشغول رہتا ہے اور اپنے شیخ کے تجربات' معارف و احوال اور ارشادات کو مد نظر رکھتے ہوئے منازل سلوک طے کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ ذکر اس کے سویدہ قلب میں سرایت کر جاتا ہے اور لفظ "اللہ" اس میں نقش ہو جاتا ہے۔ غفلت ختم ہو جاتی ہے اجنبیت زائل ہو جاتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت اور انس کی حلاوت محسوس کرتا ہے اور پھر اسی طرح سلوک کی منازل طے ہوتی جاتی ہیں کہ جن کو احاطہ تحریر میں لانا مشکل ہے۔

Marfat.com

خلاصہ کلام

خلوت کی دو اقسام ہیں:

۱) عام خلوت۔ ۲) خاص خلوت

عام خلوت:

وہ ہے جس میں مومن ذکر الٰہی میں مشغول ہو جاتا ہے یا تلاوت قرآن حکیم، محاسبہ نفس، اور زمین و آسمان کی تخلیق میں فکر و تدبر کرتا ہے۔

خاص خلوت:

وہ ہے جس کو سالک مراتب احسان اور معرفت کی منازل طے کرنے کے لئے اختیار کرتا ہے۔ اور یہ خلوت کسی شیخ کامل کی نگرانی میں ہوتی ہے وہ سالک کو ایک معین ذکر کی تلقین کرتا ہے۔ اور اس کے ساتھ دائمی رابطہ رکھتا ہے تاکہ اس کے شکوک و شبہات کو دور کرکے اسے معرفت کی حدود میں داخل کر دے۔ اور اس کے دل میں ابھرنے والے وسوسے اور وہم کو دور کرے اور اس کو ایک منزل سے دوسری طرف منتقل کرتا رہے۔

یہ گمان نہیں کرنا چاہئے کہ یہ سلوک کی آخری منزل ہے بلکہ یہ تو راہ سلوک کا پہلا قدم ہے اس کے بعد ضروری ہے کہ سالک طویل مجاہدات سے گزرے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس کا مرشد سے قوی رابطہ ہو۔ صبح و شام اور فارغ وقت میں اللہ کے ذکر پر مواظبت اختیار کرے تاکہ اسے دائمی قرب و وصال حاصل ہو جائے۔ اس طرح وہ احسان کے دونوں مراتب یعنی مراقبہ اور مشاہدہ کو حاصل کرلیتا ہے۔ جن کی طرف نبی کریم ﷺ نے اپنی حدیث پاک میں اشارہ فرمایا ہے:

الاحسان ان تعبد الله كانك تراه فان لم تكن تراه فانه يراك

Marfat.com

باب سوم

اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا راستہ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا راستہ

گزشتہ باب میں ہم نے تصوف کے عملی دستور کو بیان کیا ہے جس کو صوفیائے کرام نے قرآن و سنت سے اخذ کیا ہے۔ اس میں ہم نے صحبت، علم، ذکر اور خلوت وغیرہ کے بارے میں گفتگو کی ہے۔ یہ تمام اعمال اپنے ظاہر کے اعتبار سے بدنی اور روح اور جوہر کے اعتبار سے قلبی ہیں اس لئے اب ضروری تھا کہ ہم راستہ کو بیان کریں جس کا تعلق دل کے احوال اور نفس کی صفات سے ہے یعنی وہ راستہ جس کا تعلق روحانی پہلو سے ہے، کیونکہ تصوف کا مقصد اصلی دل کی اصلاح اور اس کی بیماریوں کا علاج اور پھر اس کو صفات کمال سے آراستہ کرنا ہے۔

اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے راستہ سے مراد وہ مقامات ہیں جن کا تعلق دل سے ہوتا ہے جیسے توبہ، محاسبہ، خوف و رجاء اور مراقبہ وغیرہ۔ اس کے علاوہ اس میں صدق، اخلاص اور صبر جیسی اخلاقی صفات کو بھی بیان کیا جائے گا۔ ان سے آراستہ ہو کر سالک معرفت الٰہی کی شاہراہ پر گامزن ہو کر اس مقام احسان تک پہنچ جاتا ہے جس کے مراتب کی کوئی انتہا نہیں۔

یہاں وصال سے عام معنی و مفہوم مراد نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ زمان

Marfat.com

ومکان کی حدود سے منزہ و برتر ہے۔ اس لئے ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وصولک الی اللہ وصولک الی العلم بہ والا فجل ربنا ان یتصل بہ شی اویتصل ھو بشی۔[1]

ترجمہ: "تیرے اللہ تک پہنچنے کا مقصد یہ ہے کہ تجھے اس کی معرفت تک رسائی حاصل ہو جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اس سے بزرگ و برتر ہے کہ کوئی چیز اس کے ساتھ متصل ہو یا وہ خود کسی چیز کے ساتھ متصل ہو"۔

امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دنیا میں وصال کا معنی یہ ہے کہ انسان دنیا میں اپنی دل کی آنکھ سے اس کا مشاہدہ کرے۔ اور آخرت میں اپنے سر کی آنکھوں سے۔ اور وصال سے مراد ایک ذات کا دوسری ذات سے متصل ہونا نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اس چیز سے بلند و برتر ہے۔[2]

اللہ تعالیٰ کے وصال کی شاہراہ پر گامزن ہونا مومنین اور صالحین کی صفت ہے۔ اسی لئے انبیاء و رسل مبعوث ہوئے۔ علماء و مشائخ بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہیں۔ اور ان سب کا مقصد صرف یہی ہے کہ انسان مادہ پرستی اور حیوانیت کی اتھاہ گہرائیوں سے نکل کر انسانیت اور ملکیت کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہو کر قرب الٰہی کی لذت سے آشنا ہو سکے۔

تصوف میں بظاہر کثیر سلاسل ہیں لیکن حقیقت میں ان سب کی منزل مراد ایک ہی ہے۔ اگرچہ وقت اور مکان کے تبدیل ہونے اور اپنے اجتہاد کی وجہ سے انہوں نے اس منزل تک پہنچنے کیلئے مختلف راستے اختیار کئے ہیں۔

اسی مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے ابن قیم فرماتے ہیں کہ لوگوں کی دو قسمیں ہیں۔ (۱)۔ اعلیٰ درجہ کے لوگ (۲)۔ گھٹیا درجہ کے لوگ۔

اعلیٰ درجہ کے لوگ وہ ہیں جنہوں نے اپنے رب تک پہنچنے کے راستہ کو پہچان لیا۔ پھر اس تک پہنچنے کیلئے اس پر رواں دواں ہو گئے۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت معزز ہیں۔ اور گھٹیا درجہ کے وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب تک پہنچنے

Marfat.com

کے راستہ کو نہ پہچانا اور نہ ہی اس کیلئے کوشش کی۔ یہی وہ فرومایہ لوگ ہیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ۔ (حج:۱۸)

"اور جس کو ذلیل کردے اللہ تعالیٰ تو کوئی عزت دینے والا نہیں ہے"۔

آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تک پہنچنے کا در حقیقت ایک ہی راستہ ہے۔ لیکن بعض علماء کا یہ فرمانا کہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے مختلف راستے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و احسان سے طبائع اور استعداد کے مختلف ہونے کی وجہ سے یہ طریقے بنا دیئے ہیں۔ اور یہ ہمارے اس قول کے کے منافی نہیں ہے۔ اس کی وضاحت یہ ہے کہ راستہ ایک ہی ہے اور وہ راستہ ہر اس چیز پر مشتمل ہے جو رضائے الٰہی کا باعث ہو۔ اور وہ اشیاء جو رضائے الٰہی کی باعث ہیں وہ مختلف اور متعدد ہیں۔ تو گویا منزل تو ایک ہی ہے کہ اس کی رضا حاصل ہو جائے لیکن اس کی رضا کے حصول کے طریقے مختلف ہیں۔ اور یہ تمام طریقے وقت' جگہ' اشخاص اور احوال کے تبدیل ہونے سے بدلتے رہتے ہیں اور یہ تمام طریقے اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت اور حکمت کی وجہ سے ان کو مختلف انواع میں تقسیم کر دیا ہے۔ تاکہ ہر شخص اپنی طبیعت کے مطابق ان پر عمل پیرا ہو سکے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ ان تمام کو ایک ہی نوع بنا دیتا تو اس پر بہت کم لوگ چل سکتے۔ کیونکہ لوگوں کے ذہن' عقل اور قوت استعداد مختلف ہے۔ یہی وجہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان راستوں کو مختلف انواع میں تقسیم کر دیا۔ تاکہ ہر شخص اپنی طبیعت اور استعداد کے مطابق اس پر چل کر اپنی منزل تک پہنچ سکے۔ اسی سے ہم انبیاء سابقین کی شریعتوں کے اختلاف کو سمجھ سکتے ہیں۔ حالانکہ سب کا دین اور معبود ایک ہی ہے۔[۳]

صوفیائے کرام نے تصوف کی منازل' مقامات اور راہ سلوک کو طے کرنے کے طریقوں کو بڑی وضاحت سے بیان فرما دیا۔

حضرت ابوبکر کتانی اور ابوالحسن رملی رحمتہ اللہ علیہم فرماتے ہیں کہ ہم نے ابو سعید خراز رحمتہ اللہ علیہ سے عرض کی کہ ہمیں وصول الی اللہ کی پہلی منزل کے

Marfat.com

بارے میں بتایئے۔ آپ نے فرمایا: "راہ سلوک کی پہلی منزل توبہ ہے' پھر آپ نے اس کی شرائط بیان فرمائیں۔ پھر فرمایا کہ مقام توبہ سے سالک مقام خوف کی طرف منتقل ہوتا ہے اور پھر مقام خوف سے رجاء کی طرف' اور رجاء سے صالحین کے مقام کی طرف اور مقام صالحین سے مقام مریدین کی طرف اور مقام مریدین سے مقام مطیعین کی طرف اور یہاں سے مقام مشتاقین' مقام اولیاء کو طے کرتا ہوا مقام مقربین تک پہنچ جاتا ہے۔ پھر صوفیاء نے ہر مقام کو طے کرنے کیلئے دس شرائط ذکر کی ہیں جب سالک سختی سے ان شرائط پر کاربند ہو جاتا ہے اور اس کا دل اس وادی سے مانوس ہو جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کے اکرام و احسان میں غور و فکر کرتا ہے اور وہ ذکر میں مشغول ہو جاتا ہے اور اس کی روح ملکوت کی سیر کرتے ہوئے بحر معرفت میں غوطہ زن ہو کر حریم قدس تک رسائی کر لیتی ہے۔

سالکین جب اس مقام پر پہنچ جاتے ہیں تو انہیں اس قدر قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے کہ انہیں دوری کا تصور تک نہیں رہتا اور وہ ایسے بلند مقامات پر فائز ہوتے ہیں کہ انہیں پستی کا خوف نہیں ہوتا۔ پھر ان کی باطنی نگاہ روشن کر دی جاتی ہے تاکہ وہ زمین پر بیٹھ کر جنت کا نظارہ اور سیر کریں۔ اس مقام پر پہنچ کر اپنے معبود کی محبت میں گم ہو جاتے ہیں اور کسی غیر کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ وہ اس مقام قرب کو چھوڑ کر کہاں جائیں جس میں وہ امن و سکون کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ یہ سب ان کے مولا کا احسان اور ان کے نیک اعمال کی جزا ہے پس عاملین کو اسی طریقہ پر گامزن ہونا چاہیئے۔[۴]

منازل سلوک طے کرنے کیلئے ضروری ہے کہ سالک مجاہدہ نفس کرے اور ذکر پر دوام کے ساتھ ساتھ مراقبہ' محاسبہ اور عزلت نشینی اختیار کرے۔ اللہ تعالیٰ کا وصال محض خواہشات اور آرزوؤں سے نہیں حاصل ہوتا بلکہ اس کیلئے ایمان' تقویٰ' پختہ ارادہ اور انتہائی خلوص کی ضرورت ہے۔ جب یہ تمام شرائط پائی جائیں تو پھر اللہ تعالیٰ سالک کو اپنی معرفت کاملہ اور حقیقی سعادت سے نوازتا ہے۔

شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ راہ سلوک

Marfat.com

کی منازل طے کرنے کیلئے ایمان اور تقویٰ بنیادی عناصر ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔

"اور جو ڈرتا رہتا ہے اللہ سے بنا دیتا ہے اللہ اس کیلئے نجات کا راستہ اور اسے (وہاں سے) رزق دیتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوتا" (طلاق:۳)

آپ فرماتے ہیں کہ رزق کی دو قسمیں ہیں:(۱)۔ روحانی۔ (۲)۔ جسمانی۔

ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ۔ (بقرہ:۲۸۲)

"اور ڈرا کرو اللہ سے اور سکھاتا ہے تمہیں اللہ تعالیٰ"۔

آپ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اگر تم تقویٰ اختیار کرو تو اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل و احسان سے تمہیں وہ علوم عطا فرمائے گا جن کو تم دوسرے ذرائع سے حاصل نہیں کر سکتے۔[۵]

شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کے کلام سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ قرب الٰہی کے حصول کیلئے ایمانِ کامل اور صحیح عقیدہ شرطِ اول ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی حدود شرعی احکام کی پابندی اور رسول اللہ ﷺ کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔

اور جو شخص گھٹیا خواہشات اور نفسانی رعونات سے اپنے دامن کو نہیں بچاتا اس کا منزل تک پہنچنا بہت مشکل ہے بلکہ ایسا شخص تو دوران سفر ہی قافلہ سے بچھڑ کر گمراہ اور بدبخت ہو جاتا ہے۔

علامہ ابن قیم فرماتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کے ظاہری اور باطنی انعامات واکرامات سے پردہ ہٹا دیا جائے تو بندہ کا دل اس کی محبت سے پگھل جائے۔ قلوب کو ان کے مشاہدہ سے محجوب کر دیا گیا ہے تاکہ عالمِ اسباب کی طرف مائل رہیں۔ اور یہ حکیم و دانا اللہ تعالیٰ کی ذات کا فیصلہ ہے۔ کیونکہ جو دل اللہ تعالیٰ کی معرفت اور محبت کی حلاوت چکھ لیتا ہے۔ پھر اس کا کسی غیر کی طرف مائل ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں

Marfat.com

ہوتا اور جس نے معرفت الٰہی کا ذائقہ چکھ کر اور منازل سلوک کو جان کر پھر اسے ترک کر دیا اور اپنے نفس کی خواہشات اور لذات میں مشغول ہو گیا تو یقیناً وہ ہلاکتوں کی راہ پر چل نکلا اور اس کے دل کو ظلمات اور تاریکیوں میں مبتلا کر کے اس کو ایسا عذاب دیا جائے گا کہ کائنات میں کسی کو ایسا عذاب نہیں دیا گیا۔

پھر غم و حزن اس کی زندگی کا جز بن جاتا ہے اور اس کی موت حسرت' اور اس کی آخرت افسوس اور ندامت سے عبارت ہوتی ہے۔ حجاب کی آگ اس کے دل کو جلا دیتی ہے۔ جب وہ اپنے رب سے منہ موڑتا ہے تو ساری کائنات اس سے روٹھ جاتی ہے اور اس طرح وہ اپنے مقصد تک نہیں پہنچ سکتا۔ بلکہ وہ زمین پر چلتے ہوئے مردہ کی مثل ہوتا ہے۔ اس کی روح جسم میں خوف اور وحشت محسوس کرتی ہے۔ اور دل زندگی سے تنگ آجاتا ہے۔

فاصبح کالبازی کالمنتف ریشه — یری حسرات کلما طار طائر
وقد کان دهرا فی الریاض منعما — علی کل ما یهوی من الصید قادر
الی ان اصابته من الدهر نکبه — اذا هو مقصوص الجناحین حاسر

ترجمہ: (i)۔ وہ اس باز کی طرح ہو جاتا ہے جس کے پر اکھڑ گئے ہوں۔ جب بھی کوئی پرندہ اڑتا ہے وہ بڑی حسرت سے اسے دیکھتا ہے۔

(ii)۔ وہ بھی کسی زمانہ میں باغوں میں خوش و خرم تھا اور اپنے پسندیدہ شکار پر قادر تھا۔

(iii)۔ حتیٰ کہ زمانہ نے اسے اس مصیبت میں مبتلا کر دیا۔ اب اس کے پر ٹوٹے ہوئے ہیں اور سراپا حسرت بن چکا ہے۔

منازل سلوک کے دوران انقطاع بہت بڑی آزمائش اور عظیم خسارہ ہے اور اس کا سبب سالک کا اپنے نفس کی خواہشات کی پیروی' مقامات اور مکاشفات کی خواہش اور اپنے مقصودِ حقیقی سے اعراض ہے۔ کیونکہ مخلص سالک مقامات' مراتب اور کرامات کا طالب نہیں ہوتا۔ یہ تو محض منازل ہیں جن کو طے کرتے ہوئے اپنے مقصودِ حقیقی کو پالیتا ہے اور اپنے اس سفر میں دائیں بائیں ملتفت نہیں ہوتا۔

Marfat.com

ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے:

ما ارادت همه سالك ان تقف عندما كشفت لها الا ونادته هواتف الحقيقه الذى تطلب امامك۔"

"سالک کی ہمت جب بھی مکاشفات پر اکتفا کرنا چاہتی ہے تو اسے ہاتف غیبی سے ندا آتی ہے کہ جس کا تو طالب ہے وہ آگے ہے"۔

جس طرح عام راستہ میں خطرات' رکاوٹیں اور ڈاکو ہوتے ہیں اسی طرح روحانی اور قلبی راستہ میں بھی نشیب و فراز اور رکاوٹیں ہوتی ہیں' جن سے ہوشیار رہنا بہت ضروری ہے۔ اس لئے اس راستہ میں راہنما اور مرشد کی ضرورت ہے جو سالک کا ہاتھ پکڑ کر اسے خطرات اور ہلاکتوں سے بچائے۔ کیونکہ یہ راہ انتہائی دشوار گزار ہے۔ اس لئے شیوخ اور مرشدین سالکین کو اس کی پیچیدگیوں سے متنبہ کرتے رہتے ہیں۔ اس سفر کو مسلسل جاری رکھنے اور پے در پے کوشش اور ہمت سے کام لینے کی تلقین کرتے ہیں تاکہ وہ اپنی منزل مراد قرب الٰہی کی سعادتوں سے بہرہ ور ہو سکیں۔

ابن قیم فرماتے ہیں کہ راہ حق کا مسافر جب راہ سلوک اور منازل کو دیکھتا ہے اور اس میں پیش آنیوالے نشیب و فراز اور دشوار گزار راستہ کو دیکھتا ہے تو نصف کامیابی اور سعادت کو پالیتا ہے۔ اور بقیہ نصف کیلئے ضروری ہے کہ مکمل تیاری کر کے سفر کا آغاز کردے اور یکے بعد دیگرے تمام منازل کو طے کرتا جائے۔ اور جب بھی کسی ایک منزل کو طے کر چکے تو دوسری منزل کیلئے ہمہ تن تیار ہو جائے۔ اور اپنی منزل کو قریب ہی محسوس کرے۔ اس طرح سفر کی مشقت اس پر آسان ہو جائے گی۔ اور جب بھی اس کا نفس سفر کی صعوبتوں سے اکتائے تو قرب وصال سے اسے دلاسا دے۔ اس طرح اس میں از سرنو نشاط فرحت اور منزل مقصود تک پہنچنے کی ہمت پیدا ہو جائے گی۔ اور اسے کہے' اے نفس! تجھے خوشخبری ہو کہ منزل قریب آگئی۔ اب جلد ہی محبوب سے ملاقات ہو گی۔ اور منزل مراد کو پانے سے پہلے ہی راہ میں بھٹک نہ جانا کہ یہ چیزیں تیرے اور تیرے محبوب کے درمیان حائل نہ ہو جائیں۔ اگر تو نے

Marfat.com

صبر کیا اور اس سفر کو جاری رکھا تو عنقریب ہی اپنی منزل تک پہنچ جائے گا۔ اور پھر تجھے محبوب مختلف قسم کے تحفے تحائف اور انعام و اکرام سے نوازیں گے۔ تیرے اور تیری منزل کے درمیان ایک گھڑی صبر کا فاصلہ ہے۔ کیونکہ یہ ساری دنیا آخرت کے مقابلہ میں ایک گھڑی کی مثل ہے۔ اللہ کو یاد کر۔ اس صحرا میں کہیں گم نہ ہو جانا۔ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔

اگر نفس پھر بھی بات نہ مانے تو اسے آگاہ کرے کہ سامنے محبوب انعام واکرام کے ساتھ انتظار میں ہے اور پیچھے دشمن کثیر مصائب و آلام لئے کھڑا ہے۔ اگر تو واپس لوٹا تو دشمنوں سے تیرا پالا پڑے گا۔ اور اگر آگے بڑھا تو محبوب سے ملاقات ہوگی۔ اور اگر راستہ میں ٹھہر گیا تو دشمن تجھے پکڑ لیں گے۔ کیونکہ وہ تیری تلاش میں سرگرداں ہیں۔ ان تین صورتوں کے علاوہ کوئی چوتھی صورت نہیں۔ اب جو دل چاہے ان میں سے اختیار کرلے۔ محبوب کی یاد کو دل میں بسالے۔ اور اس کے ارشادات اور نور عرفان کو اپنا ہادی و رہبر بنالے اور اس کی محبت اور سچی لگن کو اپنی غذا اور دوا بنالے اور راستہ کی تنہائی سے نہ گھبرائے۔ اور دوران سفر پیچھے رہ جانے والوں کی کثرت سے دھوکہ نہ کھائے۔ کیونکہ اگر وہ اپنی منزل مقصود کو نہ پاسکا تو اس میں اس کا اپنا ہی نقصان ہے۔ اور اگر منزل کو پالیا تو قرب و وصال کی سعادتوں سے وہی بہرہ ور ہوگا۔ اس لئے اسے دوسرے لوگوں کی طرف متوجہ نہیں ہونا چاہیئے۔ پھر یہ گھبراہٹ اور تنہائی بھی عارضی ہوتی ہے۔ کیونکہ جو اپنے سفر کو مسلسل جاری رکھتا ہے اسے جلد ہی اپنے محبوب کے خیموں کے نشانات ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اور پھر محبوب سلامتی سے پہنچنے کی مبارک باد دیتے ہوئے اسے گلے لگا لیتا ہے۔ اس وقت اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتی ہیں۔ اور خوشی کی کوئی انتہا نہیں ہوتی۔ وہ اسی خوشی میں یہ نعرۂ مستانہ بلند کرتا ہے۔

یالیت قومی یعلمون بما غفرلی ربی وجعلنی من المکرمین۔

"کاش میری قوم بھی جان لیتی کہ بخش دیا ہے مجھے میرے رب نے اور

Marfat.com

شامل کر دیا ہے مجھے باعزت لوگوں میں" ۔[۶]

راہ سلوک طے کرنے والوں کے مختلف مراتب ہوتے ہیں۔ان میں سے بعض اپنے ذوق اور مشاہدہ کے اعتبار سے وحدتِ افعال کی راہ پر گامزن ہوتے ہیں حتیٰ کہ ان کے اپنے افعال کی حیثیت ختم ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ان پر صادق آتا ہے:

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۔ (انفال:۱۷)

"اور (اے محبوب) نہیں پھینکی آپ نے (وہ مشتِ خاک) جب آپ نے پھینکی بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکی" ۔

یہ بھی منزل کو پانے کا ایک مرتبہ ہے۔

ان میں سے بعض اپنے ذوق اور مشاہدہ کے اعتبار سے وحدتِ صفات کی راہ کو اپناتے ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کے درج ذیل ارشاد اور حدیث قدسی کے مصداق ہوتے ہیں:

وَمَا تَشَاؤُنَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ ۔ (دھر:۳۰)

"اور اے لوگو! تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے بغیر اس کے کہ اللہ خود چاہے" ۔

حدیث قدسی ہے:

فاذا احببته كنت سمعه الذى يسمع به وبصره الذى يبصر به ۔ (بخاری)

"جب میں اسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کی سماعت بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی بصارت بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے"۔

اور یہ بھی وصال کا ایک مرتبہ ہے۔

اور ان میں بعض وہ ہیں جو فنافی الذات کے مقام پر فائز ہوتے ہیں۔ ان کے نزدیک ذات باری تعالیٰ کے مقابلہ میں کسی چیز کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔ ان پر انوار و تجلیات کی بارش ہوتی ہے۔

ان پر یہ ارشاد نبوی ﷺ صادق آتا ہے:

Marfat.com

اصدق کلمہ قالھا الشاعر کلمہ لبید: الا کل شی ما خلا اللہ باطل۔

"سب سے اچھا کلام جو کسی شاعر نے کہا ہے وہ لبید کا ہے' اس کا قول ہے غور سے سنو' اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز باطل ہے" ۔(بخاری)

اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز فانی ہے۔

صوفیائے کرام کیلئے راہِ طریقت میں نبیٔ کریم ﷺ کی ذات منبعِ رشد و ہدایت ہے۔ اور انہوں نے آپ ﷺ کے طریقہ کو اختیار کیا ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ بت پرستی اور وہاں کے ماحول کی آلودگی اور کدورت کو ترک کر کے غار حراء میں تشریف لے جاتے۔ اور اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا وَّدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا (احزاب:۴۵.۴۶)

"اے نبی (مکرم) ﷺ! ہم نے بھیجا ہے آپ ﷺ کو (سب سچائیوں کا) گواہ بنا کر اور خوشخبری سنانے والا اور برے وقت سے ڈرانے والا اور دعوت دینے والا اللہ کی طرف اس کے اذن سے اور آفتاب روشن کر دینے والا" ۔

پس صوفیائے کرام اخلاق و عادات اور تمام احوال میں نبی کریم ﷺ کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ۔

"(اے محبوب ﷺ) آپ ﷺ فرمایئے (انہیں کہ) اگر تم (واقعی) محبت کرتے ہو اللہ سے تو میری پیروی کرو تب محبت فرمانے لگے گا تم سے اللہ اور بخش دے گا تمہارے لئے تمہارے گناہ" ۔(آل عمران:۳۱)

صوفیائے کرام اس ارشاد باری تعالیٰ کے مطابق نبی کریم ﷺ کی کامل اتباع کرتے ہیں۔ اور غیر کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ اور اسی طرح درج ذیل ارشادات عالیہ سن کر ان پر عمل کرتے ہیں۔ دنیا اپنی زیبائش و آرائش سے انہیں دھوکہ نہیں

Marfat.com

دے سکتی اور نہ ہی ان کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

(i)۔ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ۔ (انعام:۱۵۳)

"اور بے شک یہ ہے میرا راستہ سیدھا سو اس کی پیروی کرو اور نہ پیروی کرو اور راستوں کی (ورنہ) وہ جدا کردیں گے تمھیں اللہ کے راستہ سے"۔

(ii)۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ۔ (ذاریات:۵۶)

"اور نہیں پیدا فرمایا میں نے جن و انس کو مگر اس لئے کہ وہ میری عبادت کریں"۔

اور وہ جب ہاتف غیبی کی یہ ندا سنتے ہیں:

(iii)۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ۔ (مومنون:۱۱۵)

"کیا تم نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں بے مقصد پیدا کیا ہے اور تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے"۔

تو وہ ان لوگوں کی راہ اختیار کرتے ہیں جو عنقریب اس کی طرف لوٹائے جائیں گے اور اپنے سفر کو محنت اور کوشش سے جاری رکھتے ہیں۔ حتیٰ کہ اپنے رب کے وصال کی نعمت سے سرفراز ہوتے ہیں۔

اب ہم ان بعض مقامات کی وضاحت کرتے ہیں جن کو سالک وصول الی اللہ کی سفر میں طے کرتے ہیں۔ ان میں سب سے پہلا مقام توبہ ہے۔ کیونکہ جس کی توبہ نہ ہو' اسے اس سفر کا کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ وصول الی اللہ کے سفر کی پہلی سیڑھی ہے۔

Marfat.com

توبہ

توبہ سے مراد یہ ہے کہ سالک شرعی طور پر مذموم امور سے رجوع کر کے محمود امور کو اپنا لے۔ یہ سالکین کے راستہ کی ابتدا ' مریدین کی سعادت کی کلید اور منازل سلوک کے سفر کی شرط اول ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کثیر مقامات پر اس کا حکم دیا ہے۔ اور اسے دنیا و آخرت کی فلاح کا سبب قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(i)۔ وَتُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا' اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ (نور:۳۱)

"اور رجوع کرو اللہ کی طرف سب کے سب' اے ایمان والو! تاکہ تم (دونوں جہانوں میں) بامراد ہو جاؤ"۔

(ii)۔ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَيْهِ۔ (ھود:۵۲)

"مغفرت طلب کرو اپنے رب سے پھر (دل و جان سے) رجوع کرو اس کی طرف"۔

(iii)۔ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا۔ (تحریم:۸)

Marfat.com

"اے ایمان والو! اللہ کی جناب میں سچے دل سے توبہ کرو" ۔

رسول اللہ ﷺ گناہوں سے معصوم ہونے کے باوجود کثرت سے توبہ و استغفار کرتے۔ اس کا مقصد تعلیم امت ہوتا تھا ارشاد نبوی ﷺ ہے:

عن الاغر بن یسار المزنی رضی اللہ عنہ 'قال:قال رسول اللہ ﷺ :یا ایھاالناس' توبوا الی اللہ واستعفروہ فانی اتوب الیہ فی الیوم مائہ مرہ۔ (مسلم)

"حضرت اغر بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرو اور اس سے مغفرت طلب کرو۔ میں دن میں سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں" ۔ امام نووی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

التوبہ واجبہ من کل ذنب۔

"ہر گناہ سے توبہ کرنا واجب ہے" ۔

پھر اگر معصیت ایسی ہو جس کا تعلق بندہ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہو۔ اور کسی آدمی کے حق کے متعلق نہ ہو تو اس سے توبہ کیلئے تین شرائط ہیں۔

(۱)۔ اس معصیت کو ترک کرے۔ (۲)۔ یہ پختہ عزم کرے کہ وہ دوبارہ اس غلطی کا ارتکاب نہیں کرے گا۔ (۳)۔ اس پر ندامت کا اظہار کرے۔

اگر تین شرطوں سے ایک شرط بھی مفقود ہوئی تو اس کی توبہ صحیح نہیں ہو گی۔ اور اگر وہ معصیت کسی آدمی کے حق کے متعلق ہے تو اس کیلئے چار شرطیں ہیں۔ تین یہی مذکورہ شرطیں ہیں اور چوتھی شرط یہ ہے کہ وہ صاحب حق سے برائت حاصل کرے۔ اگر تو وہ مال وغیرہ ہے جس کو اس نے غصب یا چوری کیا ہے تو اسے واپس کرے۔ اور اگر اس نے کسی پر تہمت وغیرہ لگائی ہے تو اس سے بھی معافی طلب کرے۔ اور اگر غیبت کی ہے تو اس سے بھی معافی کا خواستگار ہو۔ الغرض تمام گناہوں سے توبہ کرنا واجب ہے۔[۷]

توبہ کی یہ بھی شرط ہے کہ وہ برے اور فاسق لوگوں کی صحبت کو ترک کرے جو اس کیلئے معصیت کو مزین کرتے ہیں اور عبادت سے نفرت دلاتے ہیں۔ پھر نیک اور

Marfat.com

مخلص لوگوں کی صحبت کو اختیار کرے تاکہ انکی صحبت معافی اور گناہوں کی زندگی کی طرف لوٹنے میں رکاوٹ بن جائے۔ ہمارے لیے وہ صحیح اور مشہور حدیث بڑی سبق آموز ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کا قصہ بیان کیا ہے جس نے سو افراد کو قتل کر دیا تھا تو اس زمانہ کے ایک عالم ربانی نے اسے آگاہ کیا کہ اللہ توبہ قبول کرتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ تم اس برے ماحول کو ترک کر دو' جس کی وجہ سے تم نے ان جرائم کا ارتکاب کیا ہے اور اسے ایک اچھے ماحول اور علاقہ کی طرف جانے کا حکم دیا' جس میں اللہ کے نیک بندے بستے تھے تاکہ وہ ان لوگوں سے محبت کرے اور ان کے نقش قدم پر چل کر اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کر سکے۔

صوفیائے کرام کسی گناہ کے چھوٹا یا حقیر ہونے کی طرف نہیں دیکھتے بلکہ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی کرتے ہوئے اپنے رب کی عظمت کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

انکم لتعلمون اعمالا ھی ادق فی اعینکم من الشعر انا کنا نعدھا علی عھد رسول اللہ ﷺ من المھلکات۔

(بخاری)

ترجمہ: "تم ایسے اعمال کرتے ہو جو تمھارے نزدیک بال سے بھی زیادہ باریک ہیں حالانکہ ہم رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ان کو مہلکات میں سے شمار کرتے تھے۔"

صوفیائے کرام صرف معاصی سے توبہ پر اکتفا نہیں کرتے کیونکہ یہ عوام کی توبہ ہے' بلکہ وہ ہر اس چیز سے توبہ کرتے ہیں جو ان کو اپنے رب کی یاد سے غافل کر دے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمتہ اللہ علیہ سے جب توبہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا:

توبہ العوام من الذنوب وتوبہ الخواص من الغفلہ۔

"عوام الناس گناہوں سے توبہ کرتے ہیں اور خواص غفلت سے"۔

Marfat.com

حضرت عبداللہ تمیمی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "توبہ کرنے والوں کے بھی کئی درجے ہوتے ہیں۔ بعض لوگ تو گناہوں اور سیئات سے توبہ کرتے ہیں اور بعض لوگ غفلت اور لغزشات سے۔ اور بعض لوگ تو صرف اس لئے توبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی عبادات اور نیکیوں کو زیادہ نہ سمجھنے لگیں" ۔

سالک کو جب عرفان الٰہی حاصل ہوتا ہے تو اعمال کی کثرت سے اس کی توبہ میں دقت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور جس کا دل گناہوں کی آلودگی سے پاک ہو جاتا ہے اور اس پر انوار و تجلیات کی بارش ہو جاتی ہے۔ تو اس پر دل کی پوشیدہ بیماریاں مخفی نہیں رہتیں۔ اس لئے جب بھی اس کا دل کسی لغزش کی طرف مائل ہوتا ہے تو فوراً اپنے پروردگار سے حیاء کرتے ہوئے توبہ کر لیتا ہے۔ توبہ کے بعد سالک دن رات کثرت سے استغفار میں مشغول ہو جاتا ہے۔ اس طرح اسے حقیقی عبودیت کا شعور حاصل ہوتا ہے۔ پھر وہ اپنے مولیٰ کے حق میں اپنی تقصیر اور کوتاہی کو محسوس کرتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی عبودیت کا اعتراف اور اپنے مولیٰ کی ربوبیت کا اعتراف کرتا ہے۔

پھر جب وہ اللہ کا یہ ارشاد سنتا ہے:

(i)۔ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا' يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا۔ (نوح:۱۰۔۱۲)

"پس میں نے کہا' معافی مانگ لو اپنے رب سے' بے شک وہ بہت بخشنے والا ہے۔ وہ برسائے گا آسمان سے موسلا دھار بارش اور وہ مدد فرمائے گا تمہاری اموال اور فرزندوں سے اور بنا دے گا تمہارے لئے باغات اور بنا دے گا تمہارے لئے نہریں" ۔

(ii)۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ' اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ' كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ۔ (ذاریات:۱۵'۱۸)

"البتہ اللہ سے ڈرنے والے (اس روز) باغات اور چشموں میں ہوں

Marfat.com

گے۔ (بصد شکر) لے رہے ہوں گے جو اُن کا رب انہیں بخشے گا۔ بے شک یہ لوگ اس سے پہلے بھی نیکوکار تھے یہ لوگ رات کو بہت کم سویا کرتے تھے اور سحری کے وقت (اپنی خطاؤں کی) بخشش طلب کرتے تھے" ۔

جب وہ یہ آیات پڑھتا ہے تو اپنی کوتاہیوں اور احکام الٰہیہ کی خلاف ورزی کے افسوس اور حسرت میں اس کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو جاتے ہیں۔ اس طرح وہ اپنے عیوب کی طرف متوجہ ہو کر ان کی اصلاح اور اپنی کوتاہیوں کی تلافی کرتا ہے۔ پھر تزکیۂ نفس میں مصروف ہو جاتا ہے اور رسول اللہ ﷺ کے ارشادات پر عمل کرتے ہوئے نیکیوں کی کثرت کرتا ہے۔ کیونکہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

واتبع السیئہ الحسنہ تمحھا۔ (ترمذی)

"برائی کے بعد نیکی کر' یہ نیکی اس برائی کو مٹا دے گی" ۔

شیخ احمد زورق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کسی مدعی کے دعویٰ کا دارومدار اس کے نتیجہ پر ہوتا ہے۔ اگر اس کا کوئی نتیجہ ظاہر ہو جائے تو اس کا دعویٰ صحیح ہو جاتا ہے وگرنہ وہ جھوٹا ہوتا ہے۔ پس ایسی توبہ جس کے نتیجہ میں تقویٰ حاصل نہ ہو' وہ باطل ہے۔ اور ایسا تقویٰ جس سے استقامت حاصل نہ ہو وہ بناوٹی ہے۔ اسی طرح اگر استقامت سے ورع حاصل نہ ہو تو وہ نامکمل ہوتی ہے۔ اور اگر ورع سے زہد میسر نہ آئے تو وہ بھی قاصر ہے۔ اور وہ زہد جو توکل کا سبب نہ بنے تو وہ محض خشک زہد ہے۔ اور وہ توکل جس سے یکسوئی حاصل نہ ہو اس کی حقیقت نہیں۔

توبہ کے صحیح ہونے کی علامت یہ ہے کہ انسان محرمات سے اجتناب کرے۔ اور کامل تقویٰ یہ ہے کہ وہ یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ ہر وقت اس کے احوال سے مطلع ہے۔ اور استقامت کی نشانی یہ ہے کہ وہ بدعات سے بچ کر اپنے اوراد کی پابندی کرے۔ اور ورع کی علامت یہ ہے کہ جب اس پر کوئی چیز مشتبہ ہو جائے اگر تو وہ اسے ترک کر دے تو وہ صاحب ورع ہے وگرنہ ورع سے اس کا دور کا بھی واسطہ نہیں۔[۹]

Marfat.com

محاسبہ

محاسبہ سے مراد ذہن میں ایسا شعور پیدا کرنا ہے جو اس کو برائیوں سے روکے اور اس کی اس طرح تربیت کرنا ہے کہ اس میں ملامت کی صفت اجاگر ہو جائے جو اس کو ان تمام معاصی سے روک دے جو محبت' ایثار اور اخلاص کی راہ میں حائل ہوتی ہیں۔ صوفیائے کاملین کو اس میں کافی درک حاصل ہوتا ہے۔ حقیقت میں وہ نبی کریم ﷺ کے نقش قدم کی پیروی کرتے ہیں کیونکہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

الکیس من دان نفسه وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسه هواها وتمنى على الله الامانى (ترمذی)

"عقلمند اور دانا وہ ہے جس نے اپنے نفس کا محاسبہ کیا اور آخرت کیلئے عمل کیا' اور عاجز وہ ہے جس نے خواہشاتِ نفسانیہ کی پیروی کی (اور عمل کی بجائے) تمنا اور آرزو پر اکتفا کیا"۔

جو اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے وہ اسے لھو و لعب میں مشغول ہونے کا موقع نہیں دیتا۔ بلکہ اسے عبادت اور طاعت میں مصروف رکھتا ہے۔ جب وہ کوئی سستی یا کوتاہی کرتا ہے تو خوفِ خدا کی وجہ سے فوراً اس کو ملامت کرتا ہے۔ اس طرح اس

Marfat.com

کے نفس کو لھو و لعب میں مشغول ہونے کا موقع کیسے مل سکتا ہے؟

شیخ احمد رفاعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ محاسبہ خشیتِ الٰہی سے پیدا ہوتا ہے اور محاسبہ سے مقامِ مراقبہ حاصل ہوتا ہے۔ اور مراقبہ سے سالک دائمی ذکر الٰہی میں مشغول ہو جاتا ہے۔[10]

محاسبہ میں صوفیائے کرام نبی کریم ﷺ کی اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہیں کیونکہ نبی کریم ﷺ بھی اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روحانی تربیت کرنے کیلئے انہیں باطنی ملامت کی تربیت دیا کرتے تھے۔

مروی ہے کہ ایک دن حضور پاک ﷺ اپنے کاشانہ اقدس سے باہر تشریف لائے۔ آپ ﷺ کو سخت بھوک لگی ہوئی تھی۔ اسی اثناء میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ آپ ﷺ نے نورِ نبوت ﷺ سے یہ جان لیا کہ ان دونوں کی بھی یہی حالت ہے اور ان کے پاس بھی پیٹ بھرنے کیلئے کوئی چیز نہیں۔ اسی اثناء میں ایک انصاری صحابی آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ اور مومنانہ فراست سے اس معاملہ کو جان لیا اور عرض کی' میں آپ ﷺ کی ضیافت کرنا چاہتا ہوں۔ جب رسول اللہ ﷺ اپنے دونوں اصحاب کے ساتھ انصاری کے گھر پہنچے اور کھجوریں اور ٹھنڈا پانی نوش فرمایا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا' اس نعمت کے بارے میں آپ سے سوال کیا جائے گا۔ ان چند کھجوروں اور ٹھنڈے پانی کے چند گھونٹ کی کیا حیثیت ہے؟ لیکن اس کے باوجود بھی نبی کریم ﷺ نے اپنے اصحاب کی توجہ مبذول کرانے کیلئے ارشاد فرمایا کہ اس نعمت کے متعلق تم سے سوال کیا جائے گا تاکہ وہ کسی حالت میں بھی اپنے نفس کے محاسبہ سے غافل نہ ہوں۔

محاسبہ خالق و مخلوق کے بارے میں ذمہ داری کا احساس پیدا کرتا ہے۔ اور اسی طرح نفس انسانی میں بھی شعور پیدا کرتا ہے جس کو احکام شرعیہ کا پابند کیا گیا ہے۔ محاسبہ سے انسان میں یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ اس کی تخلیق عبث نہیں' بلکہ ضرور ایک دن اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہونا ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد

Marfat.com

فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہو گا حتیٰ کہ بندہ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہو گا۔ پس جب وہ اپنے دائیں طرف متوجہ ہو گا تو اسے اپنے اعمال صالحہ نظر آئیں گے۔ اور بائیں طرف اپنے برے اعمال دیکھے گا۔ اور اس کے منہ کے سامنے بھڑکتی ہوئی آگ ہو گی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' آگ سے بچو۔ اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی اللہ کی راہ میں صدقہ کرنے سے۔ اور اگر یہ بھی میسر نہ ہو پھر پاکیزہ کلام سے ------- (مسلم۔ ترمذی)

محاسبہ سے سالک کے دل میں توبۃ النصوح کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ اس طرح وہ خالق سے دور کرنے والی ہر فانی شے کو ترک کر کے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ خود اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ۔ (ذاریات:۵۰)

"پس دوڑو اللہ کی طرف (اور اس کی پناہ لے لو) بے شک میں تمہیں اس (کے غضب) سے کھلا ڈرانے والا ہوں"۔

سالک یہ ارشاد باری تعالیٰ سن کر صوفیائے کرام کے مقدس گروہ میں شامل ہو کر منازل سلوک طے کرنے لگتا ہے۔ کیونکہ اس کے پیش نظر یہ ارشاد باری تعالیٰ بھی ہوتا ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ۔ (توبہ:۱۱۹)

"اے ایمان والو! ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور ہو جاؤ سچے لوگوں کے ساتھ"۔

وانما القوم مسافرون لحضرہ الحق وظاعنون

"یہ لوگ راہ حق کے مسافر ہیں اور ابھی کوچ کرنے والے ہیں"۔

یہ مسافر منازل طے کرتے ہوئے حریم قدس میں پہنچ جاتے ہیں۔ وہاں ان پر قرب و وصال کی وہ نوازشات ہوتی ہیں۔ جس کا ہر محب طالب ہوتا ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

Marfat.com

فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْکٍ مُّقْتَدِر۔ (قمر:۵۵)

"بڑی پسندیدہ جگہ میں عظیم قدرت والے بادشاہ کے پاس (بیٹھے) ہوں گے"۔

شیخ احمد زروق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ محاسبہ سے غفلت نفس کی بربادی کا باعث ہے۔ کیونکہ جب انسان اپنے نفس پر نرمی کرتا ہے تو وہ اس سے خوش رہتا ہے۔ اور جب اس پر تنگی کرتا ہے تو اس سے نفرت کرنے لگتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نفس پر نرمی کرنا اس کو خراب کرنے کے مترادف ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ انسان واضح امور کو ترک نہ کرے۔ مخفی اور پوشیدہ امور کی طرف رجوع نہ کرے۔ اور صوفیائے کرام کے اس فرمان کو ہمیشہ مد نظر رکھے:

من لم یکن یومہ خیرا من امسہ فھو مغبون' ومن لم یکن فی زیادۃ فھو فی نقصان۔

"جس کا آج کا دن کل کے دن سے بہتر نہ ہو وہ فریب خوردہ ہے اور جو ترقی نہ کرے وہ گھاٹے میں ہے۔ اپنے معمولات پر ثابت قدم رہنا ھی ترقی کا باعث ہے"۔

اسی وجہ سے حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا' کہ اگر کوئی شخص وصول الی اللہ کی منازل ایک سال تک طے کرتا رہے اور پھر ایک لمحہ کیلئے بھی اس سے اعراض کرے تو سال بھر کی محنت ضائع ہو جاتی ہے۔[11]

Marfat.com

خوف

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مستقبل میں کسی ناپسندیدہ چیز کی توقع کی وجہ سے دل میں جو الم و حزن اور جلن پیدا ہوتی ہے اسے "خوف" کہتے ہیں۔ اور یہ خوف کبھی تو گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے ہوتا ہے اور کبھی اللہ تعالیٰ کی ان صفات کی معرفت سے جو خوف کا سبب بنتی ہیں۔ خوف کی یہ قسم اکمل و اتم ہے۔ کیونکہ جس کو اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو جائے تو یقیناً اس میں خوف کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا۔ (فاطر:۲۸)

"اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء ہی (پوری طرح) اس سے ڈرتے ہیں"۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے کہ وہ صرف اسی سے ڈریں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاِیَّایَ فَارْھَبُوْنِ۔ (بقرہ:۴۰)

"اور صرف مجھی سے ڈرا کرو"۔

Marfat.com

اور اسی طرح اللہ تعالیٰ نے مومنین کی مدح فرمائی ہے اور انہیں خوف کے ساتھ متصف فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا:

يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ۔ (نحل:۵۰)

"ڈرتے ہیں اپنے رب کی قدرت سے"۔

اور خوف کو کمال ایمان کی شرط قرار دیا ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ (آل عمران:۱۷۵)

"مجھ سے ہی ڈرا کرو اگر تم مومن ہو"۔

اور اس شخص کو دو جنتیں عطا فرمانے کا وعدہ فرمایا ہے جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے یعنی دنیا میں علوم و معارف اور آخرت میں ابدی نعمتوں کی جنت۔ ارشاد فرمایا:

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ۔ (رحمان:۴۶)

"اور جو ڈرتا ہے اپنے رب کے روبرو کھڑا ہونے سے تو اس کو دو باغ ملیں گے"۔

اور اسی طرح اس کیلئے جنت الماوٰی کا وعدہ بھی فرمایا' جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى' فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى۔ (نازعات:۴۰)

"اور جو ڈرتا ہو گا اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے اور (اپنے) نفس کو روکتا رہا ہو گا (ہر بری) خواہش سے' یقیناً جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہو گا"۔

شیخ احمد زروق فرماتے ہیں کہ خشیتِ الٰہی کا وجود عمل پر برانگیختہ کرتا ہے۔ اور خشیت الٰہی سے مراد دل میں اللہ تعالیٰ کی عظمت و وقار کا پیدا ہونا ہے۔ اور خدا کے انتقام سے دل کے سہم جانے کو خوف کہتے ہیں۔[۳]

خوف اس شخص میں پیدا ہوتا ہے جو آئندہ پیش آنے والے خطرات کو بھانپ لیتا ہے۔ پھر احکام الٰہیہ کی پابندی کرتا ہے اور کسی حالت میں بھی فرائض کی

Marfat.com

(۲)۔ خواص کا خوف:

یہ عتاب الٰہی اور قرب کی سعادت سے محروم ہونے سے ڈرتے ہیں۔

خاص الخواص کا خوف:

یہ صرف اس لئے ڈرتے ہیں کہ سوء ادب کی وجہ سے دیدار کی لذتوں سے محروم نہ ہو جائیں۔

Marfat.com

رجاء

شیخ احمد زروق فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان پر اعتماد کرنے سے دل میں جو سکون کی کیفیت پیدا ہوتی ہے اسے رجاء کہتے ہیں۔ لیکن رجاء کے ساتھ ساتھ عمل بھی ضروری ہے۔ کیونکہ عمل کے بغیر رجاء خود فریبی ہے۔[۱۵]

اللہ تعالیٰ نے ہمیں رجاء کی ترغیب دی ہے اور مایوسی سے روکا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔ (زمر:۵۳)

"آپ فرمایئے اے میرے بندو! جنہوں نے زیادتیاں کی ہیں اپنے نفسوں پر، مایوس نہ ہو جاؤ اللہ کی رحمت سے یقیناً اللہ بخش دیتا ہے سارے گناہوں کو بلا شبہ وہی بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم کرنے والا ہے"۔

اور اپنی وسعت رحمت کی بشارت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (اعراف:۱۵۶)

Marfat.com

"میری رحمت کشادہ ہے ہر چیز پر" ۔

اور اس کی بارگاہ سے رحمت کی امید رکھنے والوں کے بارے میں فرمایا:

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ یَرْجُوْنَ رَحْمَةَ اللّٰهِ۔ (بقرہ:۲۱۸)

"بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا اللہ کی راہ میں تو یہی لوگ امید رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت کی" ۔

احادیث طیبہ میں بھی اللہ تعالیٰ کی وسعت رحمت کا بیان ہوا ہے:

(ا)۔ عن ابی هریره رضی اللہ عنہ 'قال 'قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم 'والذی نفسی بیده' لولم تذنبوا لذهب الله بکم وجاء بقوم یذنبون فیستغفرون الله تعالی فیغفرلهم۔ (مسلم)

"حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر تم گناہوں کا ارتکاب نہ کرو تو اللہ تعالیٰ تمہیں ختم کر کے ایک نئی قوم لے آئے جو گناہ کریں اور پھر اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کریں۔ اور اللہ تعالیٰ انہیں معاف فرمادے۔

(ii)۔ عن ابی موسی اشعری رضی اللہ عنہ ' عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم 'قال یجیئی یوم القیامه ناس من المسلمین بذنوب امثال الجبال یغفرها الله لهم ویضعها علی الیهود والنصاری۔ (مسلم)

"حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن بعض مسلمان پہاڑوں کی مثل گناہ لے کر آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو معاف کر دے گا۔ اور ان گناہوں کو یہود و نصاریٰ پر رکھ دے گا" ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایک بندہ کو اپنے

Marfat.com

کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں حسن ظن رکھتا ہو" -

سالک جب قرب الٰہی کے حصول کیلئے راہ سلوک کی منازل طے کر رہا ہو۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ خوف و رجاء دونوں کو مد نظر رکھے۔ نہ تو خوف' رجاء پر غالب ہو کہ اللہ کی رحمت سے مایوس ہو جائے۔ اور نہ ہی رجاء' خوف پر غالب ہو کہ وہ معاصی اور گناہوں میں مستغرق ہو جائے۔ بلکہ اسے چاہیئے کہ ان دونوں کے درمیان محو پرواز رہے۔ حتیٰ کہ قرب الٰہی کی سعادتوں سے لطف اندوز ہو سکے۔ اسی کیفیت کی طرف اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں اشارہ کیا ہے:

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا۔ (سجدہ:۱۶)

"دور رہتے ہیں ان کے پہلو (اپنے) بستروں سے' پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈرتے ہوئے اور امید کرتے ہوئے" -

یعنی وہ اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں جہنم کے خوف سے اور جنت کے طمع میں اس سے دوری کے خوف سے اور اس کے قرب کی خواہش میں اس کی بے رخی کے خوف سے اور اس کی رضا کی خواہش میں۔

اہل رجاء کے مختلف مراتب ہیں جس طرح کہ ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: "عوام کی رجاء یہ ہے کہ وہ حصول ثواب کے ساتھ حسن خاتمہ کے امیدوار ہوتے ہیں۔ اور خواص' رضاء الٰہی اور اس کے قرب کے طالب ہوتے ہیں۔ اور خاص الخواص مشاہدہ حق میں تمکین اور اسرار خداوندی میں ترقی کے طلبگار ہوتے ہیں۔[۱۶]

Marfat.com

صدق

وصول الی اللہ اور نجات کے راستہ پر گامزن سالک کا تین اوصاف سے متصف ہونا ضروری ہے:

(i)۔صدق (ii)۔اخلاص (iii)۔صبر

کیونکہ انسان تمام صفات کمال سے اسی طرح آراستہ ہو سکتا ہے جب وہ ان تین صفات سے متصف ہو گا۔ اور اسی طرح تمام اعمال کی قبولیت انہیں پر موقوف ہے۔اور جب اعمال ان صفات سے خالی ہوں تو وہ درجہ مقبولیت تک نہیں پہنچ سکتے کیونکہ صدق مدارج کمال میں ترقی اور اعمال صالحہ کا باعث ہے۔ اس لئے ابتداءً اس کے متعلق گفتگو کریں گے۔ پھر اخلاص۔ اور پھر اس کے بعد صبر۔

علمائے کرام نے صدق کی مختلف اقسام بیان فرمائی ہیں۔ حجۃ الاسلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لفظ صدق چھ معانی میں استعمال ہوتا ہے۔

(۱)۔ گفتگو اور کلام میں صدق

(۲)۔ ارادہ اور نیت میں صدق

(۳)۔ عزم میں صدق

Marfat.com

(۴)۔ عزم کی تکمیل میں صدق

(۵)۔ عمل میں صدق

(۶)۔ تمام مقامات دین میں صدق

(۱)۔ کلام اور گفتگو میں صدق:

اس سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنی کلام اور گفتگو میں سچ کو اختیار کرے۔ ایفائے عہد اور وعدہ خلافی اسی میں داخل ہے۔

(۲)۔ ارادہ اور نیت میں صدق:

اس کا تعلق اخلاص سے ہے، یعنی اس کی تمام حرکات و سکنات خالص اللہ تعالی کیلئے ہونی چاہیئے۔

(۳)۔ عزم میں صدق:

اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کیلئے تمام اعمال صالحہ کرنے کا پختہ ارادہ رکھتا ہو۔

(۴)۔ عزم کی تکمیل میں صدق:

اس سے مراد اس راہ میں آنے والی مشکلات کو آسانیوں میں بدلنے کا عزم مصمم کرے۔

(۵)۔ عمل میں صدق:

ظاہری اور باطنی اعمال میں مخلص ہو۔

(۶)۔ مقامات دین میں صدق:

مقامات دین سے مراد خوف، رجاء، تعظیم، زہد، رضا، توکل اور حب الٰہی ہے۔[۱۸]

قاضی زکریا انصاری رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ صدق سے مراد وہ حکم ہے جو واقع کے مطابق ہو اور اس کے تین مقام ہیں۔ زبان، قلب اور افعال۔

Marfat.com

(i)۔ زبان: اس سے مراد یہ ہے کہ انسان واقع کی صحیح خبر بیان کرے۔
(ii)۔ قلب: اس سے مراد یہ ہے کہ وہ خبر کو پختہ ارادہ سے بیان کرے۔
(iii)۔ افعال: اس سے مراد یہ ہے کہ وہ خبر بیان کرنے میں سستی نہ کرے۔

صدق کا سبب یہ ہے کہ صادق کو خبر پر مکمل اعتماد ہوتا ہے۔ اور اس کا ثمرہ یہ ہے کہ سچ بولنے والا خدا اور اس کی مخلوق کے نزدیک قابل ستائش ہوتا ہے۔[19]

عوام الناس کا صدق صرف زبان تک ہی محدود ہوتا ہے۔ لیکن صوفیائے کرام کا مقام صدق اس سے کہیں بلند ہوتا ہے۔ کیونکہ ان کا صدق زبان کے علاوہ دل' افعال اور احوال کو بھی شامل ہوتا ہے۔

علامہ ابن ابی شریف رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صوفیائے کرام کے نزدیک صدق سے مراد یہ ہے کہ ان کا ظاہر اور باطن یکساں ہو۔ یعنی سالک کے احوال اس کے اعمال کے برخلاف نہ ہوں اور اس کے اعمال اس کے احوال کے برعکس نہ ہوں۔[20]

صوفیائے کرام کے نزدیک صدق وہ صفت ہے جس کی وجہ سے مدارج کمال میں ترقی کا عزم و ہمت اور حوصلہ پیدا ہوتا ہے۔ اور اسی سے سالک صفات مذمومہ سے دور ہو جاتا ہے۔ اس اعتبار سے صدق سالک کے ہاتھ میں اللہ کی تلوار ہے جس سے راہ سلوک میں حائل ہونے والی تمام رکاوٹوں کو قطع کر دیتا ہے۔ اگر اس کے ہاتھ میں یہ تلوار نہ ہوتی تو کمالات کے مراتب میں ترقی نہ کر سکتا۔ بلکہ ہمیشہ مختلف قسم کے خطرات سے دوچار رہتا۔

علامہ ابن قیم فرماتے ہیں کہ لقاء الٰہی کی تیاری میں صدق تمام اعمال صالحہ' ایمانی احوال' مقامات سالکین اور منازل سلوک کی چابی ہے۔ ان مقامات کی ابتداء خواب غفلت سے بیداری سے ہوتی ہے۔ پھر اس کے بعد توبہ' انابت' محبت' رجاء' خشیت تسلیم و رضا وغیرہ کی منازل ہیں۔ ان سب کی چابی لقاء الٰہی کی تیاری میں سالک کا صادق ہونا ہے۔ اور یہ چابی اللہ تعالیٰ کے دست قدرت میں ہے جس کے سوا نہ تو

Marfat.com

کوئی معبود ہے اور نہ ہی پروردگار۔[۳۱]

جب سالک اپنے آپ کو صفت صدق سے آراستہ کرلیتا ہے تو ایمان کی بلند منازل کو حاصل کرنے میں اس کی رفتار میں تیزی آجاتی ہے۔ کیونکہ صدق وہ قوت ہے جو اس کو آگے کی طرف دھکیلتی ہے اور تمام منازل سلوک میں سالک سے متصف رہتی ہے۔ منازل سلوک میں پہلا مرحلہ یہ ہے کہ بندہ اپنے رب کی بارگاہ میں توبہ میں صادق ہو۔ اور سچی توبہ ہی اعمال صالحہ کی بنیاد اور مراتب کمال کا پہلا مرتبہ ہے۔

صدق، نفس امارہ کو مہذب بنانے اور اس کی امراض سے چھٹکارا حاصل کرنے میں بڑا ممد و معاون ہے۔ یہ دل کو خباثوں سے پاک کردیتا ہے۔ حتیٰ کہ اسے وہ کیفیت ذوق حاصل ہو جاتی ہے جس کا ذکر نبی پاک ﷺ نے اس حدیث پاک میں کیا ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

ذاق طعم الایمان من رضی باللہ تعالی ربا وبالاسلام دینا وبمحمد نبیا۔ (مسلم، ترمذی)

.اس نے ایمان کا ذائقہ چکھ لیا جس نے اللہ تعالی کو اپنا رب، اسلام کو اپنا دین اور محمد ﷺ کو اپنا نبی ﷺ تسلیم کرلیا" ۔

صدق کے ذریعہ ہی انسان شیطان کا مقابلہ اور اس کے وساوس سے چھٹکارا حاصل کر سکتا ہے۔ اور اسی کی وجہ سے انسان، شیطان کے مکر و فریب اور شر سے نجات حاصل کرلیتا ہے۔ اور شیطان اس کو گمراہ کرنے سے مایوس ہو جاتا ہے۔

صدق ہی انسان کے دل سے دنیا کی محبت نکالنے کا اہم ذریعہ ہے۔ یہ انسان کو باہمی تعاون اور ایثار اور مسلسل مجاہدہ پر برانگیختہ کرتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ دنیا کی محبت سے چھٹکارا اور دل پر اس کے غلبہ سے نجات حاصل کرلیتا ہے۔

صدق، حصول علم اور جہالت سے چھٹکارے کیلئے بھی ممد و معاون ہے۔ یہ انسان کو طلب علم میں استقامت، لگاتار جدو جہد، مصائب و مشکلات کو برداشت کرنے اور شب بیداری پر ابھارتا ہے، تاکہ وہ علم کثیر سے بہرہ ور ہو سکے۔ علمائے متقدمین نے اپنے صدق، اخلاص اور صبر کی وجہ سے ہی بلند مقام حاصل کیا۔

Marfat.com

عمل کے میدان میں صدق، علم کا ثمرہ اور اس کی غایت ہے، کیونکہ یہ انسان کی دائمی ترقی اور کمال تک پہنچنے کا سبب ہے لیکن اس میں ازحد اخلاص کی ضرورت ہے۔ وگرنہ سالک میں حب شہرت، ریاء اور اس جیسی دوسری امراض پیدا ہو جاتی ہیں۔ جو اس کے مطلوب و مقصود تک پہنچنے میں رکاوٹ بن جاتی ہے۔ لیکن اخلاص اس کے مقصود میں حائل ہونے والی تمام تر امراض کو زائل کر دیتا ہے۔ اور اس طرح انسان اپنا مقصود یعنی رضائے الٰہی اور اس کی معرفت و محبت پالیتا ہے۔

اس بحث سے صدق کی اہمیت اور اس کے فوائد واضح ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نبوت اور رسالت کے بعد صدق ہی سب سے اعلیٰ درجہ ہے۔

Marfat.com

شیخ ابوالقاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صدق پر تصوف کا دارومدار اور اسی کے ساتھ اس کا نظام اور تکمیل وابستہ ہے۔ اور نبوت کے بعد اسی کا درجہ ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ومن یطع اللہ ورسولہ فاولئک مع الذین انعم اللہ علیھم من النبیین والصدیقین والشھداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا۔[۳۱]

"اور جو اطاعت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول ﷺ کی وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا یعنی انبیاء اور صدیقین اور صالحین اور کیا ہی اچھے ہیں یہ ساتھی" ۔

یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مومنین کو اہلِ صدق کی صحبت اختیار کرنے کا حکم دیا ہے تاکہ وہ ان کے حال سے استفادہ اور ان کے صدق سے نفع حاصل کریں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ۔

(توبہ:۱۱۹)

"اے ایمان والو! ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور ہو جاؤ سچے لوگوں کے ساتھ" ۔

درج ذیل آیات کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے صادقین کی قلت کی طرف اشارہ کیا ہے اور انہیں مسلمانوں کا ممتاز گروہ قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاھَدُوا اللّٰہَ عَلَیْہِ۔

(احزاب:۲۳)

"اہل ایمان میں سے ایسے جواں مرد ہیں جنہوں نے سچا کر دکھایا جو وعدہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا تھا" ۔

حضرت معروف کرخی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "صالحین تو کثیر ہیں لیکن ان میں صادقین کی تعداد انتہائی کم ہے"۔

Marfat.com

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے منافقین کی مذمت کی ہے جو اپنے ایمان اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ وعدہ میں صادق نہیں تھے' فرمایا:

فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ۔ (محمد:۲۱)

"تو اگر وہ سچے رہتے اللہ تعالیٰ سے تو ان کیلئے بہتر ہوتا"۔

اللہ تعالیٰ نے اہلِ صدق کے بارے میں خبر دی ہے کہ قیامت کے دن ان کا صدق ثمربار ہو گا۔ اور اسی کے سبب انہیں نفع اور نجات حاصل ہو گی' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ۔ (مائدہ:۱۱۹)

"یہ ہے وہ دن جس میں فائدہ پہنچائے گا سچوں کو ان کا سچ"۔

نبی کریم ﷺ نے صدق کو نیکی تک پہنچانے والا راستہ قرار دیا ہے اور اس نیکی سے مراد وہ تمام کمالات و فضائل ہیں جو بندہ کو جنت میں داخل ہونے کا اہل بنا دیتے ہیں' جیسا کہ آپ ﷺ نے مرتبہ صدیقیت کے حصول کیلئے دائمی صدق کو کلید قرار دیا ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

ان الصدق یهدی الی البر وان البر یهدی الی الجنه ان الرجل لیصدق حتی یکتب عندالله صدیقا وان الکذب یهدی الی الفجور' وان الفجور یهدی الی النار' وان الرجل لیکذب حتی یکتب عندالله کذابا۔ (بخاری' مسلم)

"بے شک صدق نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف اور بے شک آدمی سچ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں صدیق لکھ دیا جاتا ہے۔ بے شک جھوٹ گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ نارِ جہنم کی طرف۔ بے شک بندہ جھوٹ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کذاب لکھ دیا جاتا ہے"۔

تمام صادقین کا ایک ہی مرتبہ نہیں ہوتا بلکہ صدیق کا مرتبہ صادق سے اعلیٰ ہوتا ہے۔ شیخ ابوالقاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صدق کا سب سے کم مرتبہ یہ ہے کہ انسان کا ظاہر اور باطن یکساں ہو۔ اور صادق وہ ہے جو اپنے اقوال میں سچا

Marfat.com

ہو۔ اور صدیق وہ ہے جو اپنے تمام اقوال و افعال اور احوال میں سچا ہو۔[۲۲]

پھر صدیقیت کے بھی مختلف مراتب ہیں ان میں سے بعض اعلیٰ اور بعض درجہ کے لحاظ سے کم ہیں۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو صدیقیت کا سب سے اعلیٰ درجہ حاصل تھا، جس کی شہادت تو قرآن پاک نے بھی دی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہی ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِیْ جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِہٖ۔ (زمر:۳۳)

"اور وہ ہستی جو اس سچ کو لے کر آئی اور جنہوں نے اس سچائی کی تصدیق کی"۔

مقام صدیقیت سے اوپر مقام نبوت ہے اور مقام صدیقیت ہی ولایت کبریٰ اور خلافت عظمیٰ کا مقام ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں انوار و تجلیات کی بارش ہوتی ہے اور نفس کے کامل اور شفاف ہونے کی وجہ سے مشاہدات و مکاشفات حاصل ہوتے ہیں۔

خلاصہ:

جو شخص اپنے باطن کو صدق اور اخلاص کے ساتھ معمور کرلیتا ہے اس کی تمام حرکات و سکنات اس کے قلب کی آئینہ دار ہوتی ہیں۔ پھر اس کے اقوال و اعمال اور احوال میں صدق ظاہر ہوتا ہے۔ کیونکہ جب انسان نیک کام کا ارادہ کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے اس کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔

علامہ قرطبی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ راہ حق پر چلنے والے کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے اقوال میں صدق اور اعمال میں اخلاص اور احوال میں صفا کو لازم پکڑے اور جس میں یہ تمام صفات پائی جائیں وہ ابرار کی صف میں شامل ہو کر رضائے الٰہی کو پالیتا ہے۔[۲۳]

اے سالک! تجھے چاہیئے کہ تو اپنے تمام اقوال میں صدق اختیار کرے کیونکہ کذب، منافقین کی صفت ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

آیہ المنافق ثلاث' اذا حدث کذب' واذا وعد اخلف' واذااوتمن خان۔ (بخاری،مسلم)

"منافق کی تین نشانیاں ہیں' جب وہ گفتگو کرے تو جھوٹ بولتا ہے۔ جب وہ وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ اور جب اسے امین بنایا جائے تو خیانت کرتا ہے"۔[۲۴]

اے سالک! وصول الی اللہ کی طلب میں صادق ہو جا۔ کیونکہ بلند مقاصد کو صرف خواہشات سے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ وہ شخص وصال تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا جس کے دل میں صرف اس کی خواہش ہو بلکہ محنت اور کوشش کے بغیر اس کا حصول ممکن نہیں' اپنے دل کو صدق کے ساتھ معمور کر لے تاکہ اس میں منزل مقصود تک پہنچنے کیلئے ہمت اور نشاط پیدا ہو سکے۔ اور جب تو یا اللہ کہے تو سچے دل سے کہہ۔ کیونکہ صدق اس کی بارگاہ میں مقبول ہے۔ اور اپنے مرشد اور ہادی کے ساتھ کئے وعدے پر صدق کے ساتھ قائم رہ۔ کیونکہ یہ تیری ترقی اور منزل مقصود تک جلدی پہنچنے میں مددگار ہے۔ اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجاآوری اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کی پیروی میں صدق کا مظاہرہ کر۔ تاکہ تجھے مقام عبدیت حاصل ہو جائے۔ یہ وہ مقام ہے جو تمام مراتب میں سالک کی آرزو ہوتا ہے۔

Marfat.com

اخلاص

تعریف: شیخ ابوالقاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اخلاص، طاعت اور عبادت کو قصداً اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص کر دینے کا نام ہے۔ یعنی عبادت کا مقصد صرف قرب الٰہی کا حصول ہو۔ مخلوق خدا کیلئے تصنع، لوگوں کی تعریف حاصل کرنے یا اس کے علاوہ کوئی اور مقصد پیش نظر نہ ہو۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس کو یوں بھی تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ اخلاص، عمل کو مخلوق کے ملاحظہ سے پاک کرنے کا نام ہے۔

حضرت ابو علی دقاق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اخلاص، مخلوق کے ملاحظہ سے بچنے کا نام ہے۔ مخلص میں ریاء کا شائبہ تک نہیں ہوتا"۔

حضرت فضیل بن عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ترک العمل من اجل الناس ریاء والعمل من اجل الناس شرک والاخلاص ان یعافیک اللہ منھما۔[۲۵]

"لوگوں کی وجہ سے کسی عمل کو ترک کرنا ریاء کہلاتا ہے۔ اور لوگوں کی خاطر عمل کرنا شرک کہلاتا ہے۔ اور اخلاص یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے ان دونوں چیزوں سے بچالے"۔

Marfat.com

امام جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اخلاص اللہ اور بندے کے درمیان ایک راز ہے جس کو نہ تو کوئی فرشتہ جانتا ہے کہ وہ اس کو لکھ لے۔ اور نہ ہی شیطان کی اس تک رسائی ہوتی ہے کہ اس کو فاسد کر دے۔ اور نہ ہی خواہش نفس اس کو پا سکتی ہے۔ کہ اس کو اپنی طرف مائل کر لے۔

شیخ الاسلام زکریا انصاری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مخلص کا حق یہ ہے کہ وہ نہ تو اپنے اخلاص کی طرف توجہ دے اور نہ ہی اس پر مطمئن ہو۔ کیونکہ اگر اس نے ایسا کیا تو اس کا اخلاص مکمل نہیں ہو گا' بلکہ بعض نے تو اس کو ریاء کا نام دیا ہے۔[۲۶]

اخلاص کے بارے میں ان مختلف اقوال کا مقصد صرف ایک ہی ہے کہ اعمال تعبدیہ میں نفس کا کوئی دخل نہ ہو' خواہ یہ اعمال جسم کے ساتھ تعلق رکھتے ہوں یا دل اور مال کے ساتھ۔ مخلص کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے اخلاص کی طرف متوجہ نہ ہو۔

کتاب وسنت میں اخلاص کی اہمیت:

چونکہ اعمال کی قبولیت اخلاص پر موقوف ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے تعلیم امت کیلئے نبی علیہ السلام کو عبادت میں اخلاص کا حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(۱)۔ قُلْ اِنِّیْ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰہَ مُخْلِصًا لَّہُ الدِّیْنَ (زمر:۱۱)

"فرمایئے' مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں خالص کرتے ہوئے اس کیلئے (طاعت کو)"۔

(۲)۔ قُلِ اللّٰہَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّہُ دِیْنِیْ۔ (زمر:۱۴)

"فرمایئے' اللہ تعالیٰ کی ہی عبادت کرتا ہوں خالص کرتے ہوئے اس کیلئے اپنے دین کو"۔

(۳)۔ فَاعْبُدِ اللّٰہَ مُخْلِصًا لَّہُ الدِّیْنَ۔ اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ۔ (زمر:۲)

Marfat.com

"پس آپ عبادت کریں اللہ کی خالص کرتے ہوئے اس کیلئے اطاعت کو'
خبردار! اللہ کیلئے ہے دین خالص"۔

اور اسی طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو تمام عبادات قولیہ' فعلیہ اور مالیہ میں اخلاص کا حکم فرمایا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ۔ (البینہ:۵)

"حالانکہ نہیں حکم دیا گیا تھا انہیں مگر یہ کہ عبادت کریں اللہ تعالیٰ کی دین کو اس کیلئے خالص کرتے ہوئے"۔

اللہ تعالیٰ نے واضح بیان فرما دیا ہے کہ قیامت کے دن لقاءِ الٰہی کا راستہ صرف وہ عمل صالح ہے جو خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کیا گیا ہو اور مخلوق کے ملاحظہ سے سالم ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا' وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖ اَحَدًا۔ (کہف:۱۱۰)

"پس جو شخص امید رکھتا ہے اپنے رب سے ملنے کی تو اسے چاہیئے کہ وہ نیک عمل کرے اور نہ شریک کرے اپنے رب کی عبادت میں کسی کو"۔

احادیث طیبہ بھی بندہ کو اپنے تمام اعمال میں اخلاص کا درس دیتی ہیں۔ اور اس کو تنبیہ کرتی ہیں کہ اس کی عبادت کا مقصد لوگوں کی تعریف و توصیف حاصل کرنا نہیں ہونا چاہیئے۔ اور ان میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ ہر وہ عمل جو خالص اللہ کیلئے نہ ہو' وہ قابل قبول نہیں ہوتا۔ اور احادیث طیبہ یہ بھی واضح کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ بندہ کے ظاہری اعمال کی طرف نہیں دیکھتا ہے کیونکہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے ریاء کو شرک اصغر اور پوشیدہ شرک کا نام دیا ہے۔ اور آپ ﷺ نے یہ بھی خبر دی ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ریاء کار سے بری ہو جائے گا۔ اور اس کو ان لوگوں کے سپرد کر دے گا جن کو انہوں نے اپنے رب کی عبادت میں شریک بنایا تھا۔

Marfat.com

اب ہم بعض احادیث بیان کرتے ہیں جو اخلاص کی اہمیت کو واضح کرتی ہیں۔

(۱)۔عن ابی امامہ قال:جاء رجل الی رسول اللہ ﷺ فقال:ارایت رجلا غزا یلتمس الاجر والذکر' مالہ؟ فقال رسول اللہ ﷺ: لا شیئی لہ' فاعادھا ثلاث مرات' ویقول رسول اللہ ﷺ: لا شیئی لہ' ثم قال:ان اللہ عزوجل لا یقبل من العمل الا ما کان لہ خالصا وابتغی بہ وجھہ۔ (ابو داود' نسائی)

"حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ مجھے اس شخص کے بارے میں بتایئے جو اجر اور شہرت کیلئے جنگ میں شریک ہوا' اسے کیا ملے گا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' اسے کچھ نہیں ملے گا۔ اس آدمی نے تین دفعہ اس بات کا اعادہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا' اسے کچھ نہیں ملے گا۔ پھر فرمایا' اللہ عزوجل اسی عمل کو قبول کرتا ہے جو خالص اسی کیلئے ہو اور جس سے اس کی رضا مقصود ہو۔

(۲)۔ عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ قال:قال رسول اللہ ﷺ: ان اللہ لا ینظر الی اجسامکم ولا الی صورکم ولکن ینظر الی قلوبکم۔ (مسلم)

"حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:اللہ تعالیٰ تمھارے جسم اور صورتوں کی طرف نہیں دیکھتا' بلکہ تمھارے دلوں کی طرف دیکھتا ہے"۔

(۳)۔ عن شداد بن اوس رضی اللہ عنہ انہ سمع النبی ﷺ یقول:من صام یرائی فقد اشرک' ومن صلی یرائی فقد اشرک' ومن تصدق یرائی فقد اشرک۔ (بیہقی' ترغیب والترھیب ج ۲' ص ۳۱)

"حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے ریاکاری کیلئے روزہ رکھا اس نے شرک کیا

Marfat.com

اور جس نے ریاء کاری کیلئے نماز پڑھی اس نے شرک کیا اور جس نے ریاکاری کیلئے صدقہ کیا اس نے بھی شرک کیا۔

(۴)۔ عن محمود بن لبید قال:خرج النبی ﷺ فقال:یاایھاالناس ایاکم وشرک السرائر۔ قالوا:یارسول اللہ ﷺ ! وما شرک السرائر؟ قال: یقوم الرجل فیصلی فیزین صلاتہ جاھدا لما یری من نظرالناس الیہ' فذلک شرک السرائر۔ (رواہ ابن خزیمہ فی صحیحہ)

"حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک دن اپنے کاشانۂ انوار سے باہر تشریف لائے اور فرمایا' اے لوگو! سرائر کے شرک سے بچو۔ صحابہ نے عرض کی' سرائر کا شرک کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ آدمی نماز کیلئے کھڑا ہوتا ہے اور نماز کو خوبصورت انداز میں ادا کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ وہ لوگوں کو دکھائے۔ اور یہی سرائر کا شرک ہے"۔

(۵)۔ حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تمھارے متعلق سب سے زیادہ جس چیز کا مجھے خوف ہے وہ شرک اصغر ہے۔ صحابہ نے عرض کی۔ یا رسول اللہ ﷺ ! یہ شرک اصغر کیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' اس سے مراد ریاء ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جب لوگوں کو ان کے اعمال کی سزا دے گا تو ریاکاروں کو حکم دے گا ان لوگوں کی طرف جاؤ جن کیلئے تم دنیا میں ریاکاری کرتے تھے اور دیکھو' کیا تمھیں ان کے پاس سے جزا ملتی ہے"۔ (مسند امام احمد)

(۶)۔ حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ اولین و آخرین کو جمع فرمائے گا تو ایک ندا دینے والا ندا دے گا۔ جس نے اپنے عمل میں کسی کو شریک ٹھہرایا۔ وہ اسی سے ثواب طلب کرے۔ بے شک اللہ تعالیٰ ان شرکاء سے مستغنی ہے۔ (ترمذی)

Marfat.com

(۱)۔ عوام کا اخلاص:

یہ ہے کہ یہ اخروی اور دنیوی دونوں نعمتوں کے طالب ہوتے ہیں جیسے صحت، مال، وسعت رزق اور حور و قصور۔

(۲)۔ خواص کا اخلاص:

ان کا اخلاص یہ ہے کہ یہ صرف اخروی نعمتوں کے طالب ہوتے ہیں۔

(۳)۔ خاص الخواص کا اخلاص:

یہ کلیۃً دونوں نعمتوں سے اعراض کرتے ہیں۔ ان کی عبادت خالص اللہ تعالیٰ اور اس کے حکم کی بجاآوری اور اس کے دیدار کے شوق میں ہوتی ہے۔ جس طرح کہ ابن فارض فرماتے ہیں:

لیس سوالی من الجنان نعیما　　غیرانی احبھا لا راکا

"جنت کی نعمتیں مجھے مطلوب نہیں، مگر میں ان سے صرف اس لئے محبت کرتا ہوں، تاکہ تیرے دیدار سے بہرہ ور ہو سکوں"۔

کلھم یعبدون من خوف نار　　ویرون النجاہ حظا جزیلا

او بان یسکنوا الجنان فیضحوا　　فی ریاض ویشربوا سلسبیلا

لیس لی فی الجنان والنار رای　　انا لا ابتغی بحبی بدیلا

(i)۔ "سب لوگ نارِ جہنم کے خوف سے اس کی عبادت کرتے ہیں۔ اور اس سے نجات کو بہت عظیم گمان کرتے ہیں"۔

(ii)۔ "یا اس لئے عبادت کرتے ہیں کہ جنتوں میں سکونت اختیار کریں اور باغوں میں سیر کریں اور سلسبیل نوشِ جان کریں"۔

(iii)۔ "لیکن مجھے جنت اور دوزخ کا کوئی خیال نہیں اور نہ ہی میں اپنی محبت کا کوئی بدل چاہتا ہوں"۔

آپ فرماتے ہیں کہ شیخِ کامل کے بغیر نفس کی شہوات اور ریاکاری کے دقائق سے چھٹکارا حاصل نہیں کیا جا سکتا۔[۲۳]

Marfat.com

صوفیائے کرام کا سب سے اعلیٰ مقصد اپنے اخلاص کے ساتھ بلند درجات میں ترقی کرنا اور ثواب کی خواہش کے بغیر خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے عبادت کرنا ہے۔

فما مقصودهم جنات عدن ولا الحور الحسان ولا الخيام
سوى نظر الجليل وذا مناهم وهذا مقصد القوم الكرام

(i)۔ "جنات عدن ان کا مقصود نہیں' نہ ہی خوبصورت حوریں اور خیام"۔

(ii)۔ "وہ صرف اللہ تعالیٰ کی نظرِ کرم کے طالب ہیں اور یہ ان کی آرزو ہے اور یہی ان کریم لوگوں کا مقصد ہے"۔

قالت رابعه رحمها الله تعالى ما عبدتك خوفا من نارك ولا طمعا في جنتك وانما عبدتك لذاتك۔

"حضرت رابعہ بصریہ رحمتہ اللہ علیہا فرماتی ہیں' اے اللہ! میں نے تیری عبادت تیری آگ کے خوف سے نہیں کی۔ اور نہ ہی تیری جنت کے لالچ میں کی ہے۔ بلکہ میں نے تیری عبادت محض تیری ذات کیلئے کی ہے"۔

اگر ثواب و عقاب اور جنت و دوزخ کا وجود نہ ہوتا تب بھی اللہ کے محبوب بندے اس کی عبادت سے پیچھے نہ ہٹتے۔ اور نہ ہی اس کی اطاعت سے منہ پھیرتے۔ کیونکہ وہ اللہ کی عبادت صرف اللہ کیلئے کرتے ہیں۔ اور کیونکہ ان کے اعمال ایسے دل سے صادر ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی محبت سے معمور ہے اور وہ اس کے قرب اور رضا کے طالب ہوتے ہیں۔ کیونکہ انہیں اس کی نعمتوں اور انعامات کا ادراک ہوتا ہے اور انہوں نے اس کے احسانات کا ذائقہ چکھ لیا ہوتا ہے۔

اس کا مقصد یہ نہیں کہ وہ جنت میں داخل ہونے کو پسند نہیں کرتے۔ اور نہ ہی آگ سے دور ہونے میں رغبت رکھتے ہیں۔ جس طرح کہ بعض احمقوں نے یہ سمجھ لیا ہے بلکہ وہ آگ کو ناپسند کرتے ہیں اور اس سے ڈرتے ہیں۔ کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی' غضب اور انتقام کا مظہر ہے۔ اور وہ جنت کو پسند کرتے ہیں اور اس کو طلب کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی محبت' رضا اور قرب کا مظہر ہے۔ جس طرح کہ

Marfat.com

حضرت آسیہ (زوجہ فرعون) نے فرمایا:

رَبِّ ابْنِ لِیْ عِنْدَکَ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ۔ (تحریم:۱۱)

"اے میرے رب! بنادے میرے لئے اپنے پاس ایک گھر جنت میں"۔

انہوں نے جنت کو طلب کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے قرب اور عندیت کو طلب فرمایا۔ اور گھر سے پہلے پڑوس کو طلب فرمایا۔

کسی نے کیا خوب فرمایا ہے:

وما حب الدیار شغفن قلبی ،ولکن حب من سکن الدیار

"دیار کی محبت نے میرے دل کو مائل نہیں کیا' لیکن اس کی محبت نے جو ان دیار میں سکونت پذیر ہے"۔

یعنی جنت میں ان کی رغبت اللہ تعالیٰ کی رضا' قرب اور محبت کا باعث تھی۔

اسی طرح جب بندہ کی ہمت بلند اور اس کا مقصد اعلیٰ ہوتا ہے تو وہ بدنی لذائذ اور ذاتی نفع سے کنارہ کش ہو جاتا ہے خواہ یہ نفع دنیوی ہو یا اخروی۔ پھر بندہ اپنی تمام عبادات میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور قرب کا طالب ہوتا ہے اور خالص عبودیت سے متصف ہو جاتا ہے۔ بندہ کی ہمت کے مطابق ہی اس کا مطلوب و مقصود ہوتا ہے۔

ہمارا یہ مقصد نہیں ہے کہ جو شخص اپنی طاعت اور عبادت سے اخروی نعمتوں کا طالب ہو اور جنت کی لذات سے لطف اندوز ہونے اور نار جہنم سے چھٹکارا حاصل کرنے کا خواہشمند ہو' وہ گمراہ ہے۔ اور نہ ہی یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے وعدوں سے محروم ہے بلکہ وہ تو اطاعت گزار صالح مومن ہے۔ مگر اس کا مرتبہ ان لوگوں سے کم ہے جن کی نیتیں صاف اور ہمتیں بلند ہوں۔

امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ثواب و عقاب سے بالا تر ہو کر صرف اللہ تعالیٰ کیلئے اس کے احکام کی پیروی کرتا ہے۔ اس کی عبادت خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہوتی ہے بر خلاف اس شخص کے جو اللہ کی عبادت حصول ثواب اور عقاب کے خوف سے کرتا ہے اس کی عبادت میں اس کے نفس کا حصہ بھی شامل ہوتا ہے اگرچہ یہ بھی اللہ کے نزدیک محبوب ہوتا ہے' لیکن اس کا شمار

Marfat.com

ابرار میں ہوتا ہے' جبکہ پہلے شخص کو مقربین کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔[۲۴]

شیخ احمد زروق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک معظم چیزوں کی تعظیم ضروری ہے اور انکو حقیر جاننا کفر کی حد تک پہنچ جاتا ہے' اس لئے صوفیائے کرام کے اس ارشاد" ما عبدنا خوفا من ناره ولا طمعا فی جنته" (ہم نے اس کی عبادت آتشِ جہنم کے خوف اور اس کی جنت کے لالچ سے نہیں کی) کو اپنے اطلاق پر نہیں سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ اس قول کے دو ہی مفہوم ہو سکتے ہیں۔ یا تو انہیں (جنت و دوزخ) حقیر جانا گیا' حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قابل تعظیم ہیں اس لئے عام مسلمان سے بھی اس کی حقارت کا گمان نہیں کیا جا سکتا' یا ان سے مستغنی ہونے کی بنا پر یوں کہا گیا حالانکہ مومن کسی حالت میں بھی اپنے مولیٰ کی برکت سے مستغنی نہیں ہو سکتا۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ صوفیائے کرام نے یہ مفہوم مراد نہیں لیا۔ بلکہ انہوں نے عبادت خالص اللہ تعالیٰ کیلئے کی اور اس عبادت کے بدلے میں جنت کا مطالبہ اور آتش جہنم سے نجات کا مطالبہ نہیں کیا۔ اور اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ۔

"ہم تمہیں کھلاتے ہیں صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے"۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی رضا کو عمل کی علت بنایا گیا ہے۔[۲۵]

بعض اوقات سالک کے عمل میں بہت سی آفات داخل ہو جاتی ہیں جو اس کے اخلاص کو عیب دار کر دیتی ہیں۔ اور منزل مقصود تک پہنچنے میں رکاوٹ بن جاتی ہیں۔ اس لئے ان آفات کی وضاحت اور سالکین کو ان کے خطرات سے آگاہ اور ان سے چھٹکارے کا طریقہ بیان کرنا ضروری ہے تاکہ سالک کے تمام اعمال خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے ہوں۔

Marfat.com

حجاب اول

بعض اوقات سالک اپنے عمل پر نازاں ہوتا ہے اور یہ چیز اس کیلئے حجاب کا باعث ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ اپنی عبادت میں گم ہو کر محبوب سے دور ہو جاتا ہے۔ اس سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ سالک کو چاہیئے کہ وہ اپنے عمل کو اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان اور اس کی توفیق کا نتیجہ سمجھے۔ اور یہ ذہن میں رکھے کہ وہ اور اس کا عمل سب کچھ اللہ کیلئے ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

واللہ خلقکم وما تعملون۔ (الصافات:۹۶)

"حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں بھی پیدا کیا اور جو کچھ تم کرتے ہو"۔

یعنی تمام اعمال توفیق الٰہی سے سرانجام پاتے ہیں۔ بندہ کی طرف صرف کسب کی نسبت ہوتی ہے۔ جب انسان اپنے نفس کی صفات میں دقت نظر سے غور و فکر کرے اور اسے معلوم ہو جائے کہ اس کے نفس کی وہی حالت ہے جیسا کہ اس کے خالق و مالک نے بیان کی ہے ارشاد الٰہی ہے:

ان النفس لامارہ بالسوء۔

"بے شک نفس تو حکم دیتا ہے برائی کا"۔

تو وہ جان لے گا کہ اس سے جو بھی نیکی کا کام ہوتا ہے وہ محض اللہ کے فضل و احسان سے ہی ہوتا ہے۔ اس وقت اس پر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد "وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ"۔ (نور:۲۱)

(اور اگر نہ ہوتا تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت نہ بچ سکتا تم میں سے کوئی بھی ہرگز) کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔ حاصل کلام یہی ہے کہ انسان اپنے عمل پر فخر و اعجاب سے اسی وقت بچ سکتا ہے جب اسے اپنے نفس کی رعونات سے مکمل آگاہی ہو۔ لہٰذا انسان کو اس کی معرفت کے حصول کیلئے کوشاں رہنا چاہیئے۔

حجاب ثانی:

سالک کیلئے دوسرا حجاب یہ ہے کہ اپنے عمل پر عوض کا مطالبہ کرے۔ خواہ

Marfat.com

وہ عوض دنیاوی ہو یا اخروی۔ دنیاوی عوض سے مراد یہ ہے کہ وہ مختلف قسم کی خواہشات کا طالب ہو جیسے شہرت و رفعتِ مرتبہ کی خواہش وغیرہ۔ احوال' مقامات اور مکاشفات اور معارف کی طلب بھی اس میں داخل ہے۔ اسی لئے عارف باللہ ایسے سالک کو نصیحت فرماتے ہیں جو اپنے مطلوب و مقصود کو چھوڑ کر کسی دوسری چیز کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ اے خواہشات اور عبادات کے اسیر! اے مقامات و مکاشفات کے اسیر! تو دھوکے میں ہے۔[۲۵]

اسے ان اشیاء کا اسیر اس لئے کہا گیا ہے' کیونکہ یہ تمام اشیاء غیراللہ اور عالم خلق سے تعلق رکھتی ہیں اور ان کی طرف متوجہ ہونا' خالق کی معرفت میں رکاوٹ کا باعث ہوتا ہے' کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِلٰی رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا (نازعات:۴۴)

"آپ کے رب تک اس کی انتہا ہے"۔

شیخ عبدالغنی نابلسی رحمتہ اللہ علیہ اس کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر تو اپنی طلب میں صادق ہوتا تو کسی خواہش' عبادت' مقام یا مکاشفہ کی طرف متوجہ نہ ہوتا' بلکہ تیرا مقصود حقیقی صرف اور صرف اللہ کی ذات ہوتا۔ تیرا عزم و حوصلہ خالص اللہ کیلئے ہوتا اور ماسوی اللہ سے تو اعراض کرتا۔ پھر فرماتے ہیں کہ ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "التنویر فی اسقاط التدبیر" میں اپنے شیخ و مرشد ابوالعباس مرسی سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ ولی اس وقت تک وصال کی منزل تک نہیں پہنچ سکتا' جب تک اس کے دل سے وصال کی خواہش ختم نہ ہو جائے۔

کسی بزرگ کا فرمان ہے کہ اگر میں ترقی کرتے ہوئے لامکان تک پہنچ جاؤں' اور پھر ایک لمحہ بھی کسی دوسری شے میں مشغول ہو جاؤں۔ تو میں عقلمند نہیں کہلا سکتا۔

ابن فارض فرماتے ہیں:

قال لی حسن کل شیئی تجلی　　بی تمل فقلت قصدی وراک

Marfat.com

"حسن نے مجھے کہا' ہر شے کا ظہور مجھ سے ہے' تھوڑی دیر مجھ سے لطف اندوز ہو جا۔ میں نے اس سے کہا۔ میرا مقصود تجھ سے آگے ہے"۔

مخلوق کے حسن کی طرف متوجہ ہونا اور وہاں ٹھہرنا اپنے آپ کو خود فریبی میں مبتلا کرنے کے مترادف ہے۔ جو شخص ماسوی اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کو نصیحت کرتے ہوئے کسی بزرگ نے فرمایا:

ومهما تری کل المراتب تجتلی علیک فحل عنها فعن مثلها حلنا

"جو مراتب بھی تجھ پر ظاہر ہوں' تو ان سے آگے گزر جا' ہم بھی اس قسم کے مراتب سے گزر کر آئے ہیں"۔

ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سالک کی ہمت جب مکاشفہ پر اکتفا کرنے کا ارادہ کرتی ہے تو غیب سے ندا آتی ہے کہ اے سالک! تیرا مقصود تو اس سے آگے ہے۔[۳۶]

سالک کا ان مقامات کو طلب کرنا اس کے نفس کی پوشیدہ خواہش ہے۔ کیونکہ وہ یا تو ان مقامات کو پالے گا اور اس پر مطمئن ہو کر اپنے اصل مقصد سے محجوب ہو جائے گا یا ان کو حاصل نہیں کر سکے گا مگر ان کے حصول کو اپنا مقصد اور اللہ تعالیٰ تک ان تک پہنچنے کا وسیلہ بنالے گا۔ پھر ان کے حصول کیلئے محنت کرے گا' اور جب ان تک نہ پہنچ سکے گا تو اس کا عزم کمزور اور وہ خود مایوس ہو جائے گا۔ اس وقت وہ الٹے پاؤں پستی کی طرف لوٹے گا۔ ہاں' اگر کسی مرشد کامل کی توجہ میسر آجائے تو اس مشکل سے چھٹکارا حاصل کر سکتا ہے ورنہ منزل مقصود سے دور ہی دور ہوتا چلا جائے گا۔

اخروی عوض طلب کرنے سے مراد جنت میں داخل ہونے اور نار جہنم سے نجات کی خواہش کرنا ہے۔ اس سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے یقین ہو' جنت میں داخلہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہوگا نہ کہ اس کے عمل سے۔ رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے:

لن یدخل احدکم الجنه بعمله' قالوا: ولا انت یا رسول

Marfat.com

اللہ! قال: ولا انا' الا ان یتغمدنی اللہ برحمتہ۔ (بخاری' مسلم)

"تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل سے جنت میں داخل نہیں ہو گا۔ صحابہ نے عرض کی' آپ ﷺ بھی نہیں' یا رسول اللہ ﷺ! فرمایا: ہاں میں بھی نہیں۔ مگر جب اللہ کی رحمت مجھ پر سایہ فگن ہو جائے۔

سالک کو اپنے عمل پر عوض طلب کرنے سے یہی چیز بچا سکتی ہے کہ وہ یقین کرے وہ محض اللہ تعالیٰ کا بندہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کے بغیر جنت میں داخل ہونے اور نار جہنم سے نجات کا مستحق نہیں۔ کیونکہ غلام اپنے آقا کی کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا۔ اس کی ساری عبادت' حق عبودیت کو ادا کرنے کیلئے ہیں۔ اور دنیا اور آخرت میں جو اسے اجر و ثواب ملے گا' یہ محض اس کا فضل و احسان ہے۔ اسی طرح عبادت کی توفیق بھی اسی کا فضل ہے۔ جب سالک جان لے گا کہ یہ توفیق بھی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے ہے تو پھر اس کی نعمتوں کے شکر میں مصروف ہو جائے گا۔ اور اس طرح اپنے عمل پر عوض طلب کرنے سے بچ جائے گا۔

حجاب ثالث:

اپنے اعمال کی وجہ سے دھوکہ میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس سے نجات کے دو طریقے ہیں:

(۱)۔ پہلا طریقہ: اپنے اعمال میں پائے جانے والے عیوب سے مطلع ہونا۔ کیونکہ بہت ہی قلیل اعمال ایسے ہوتے ہیں جو شیطان اور نفس کے حظ سے خالی ہوں۔ حظ شیطان کے بارے میں تو نبی کریم ﷺ نے ہماری راہنمائی فرمائی ہے۔ جب آپ ﷺ سے نماز میں ادھر ادھر متوجہ ہونے کے بارے میں پوچھا گیا۔ تو فرمایا' بندہ کی نماز کا یہ وہ حصہ ہے جو شیطان اس کی نماز سے چھین لیتا ہے۔ (بخاری)

ابن قیم فرماتے ہیں کہ جب نماز میں ایک لمحہ کے التفات کا یہ حال ہے تو دل کے ماسوی اللہ کی طرف التفات کرنے کا کیا حال ہو گا' یعنی اس میں تو حظ شیطان اس سے بھی بڑھ کر ہے۔[۳۷]

Marfat.com

جہاں تک حظ نفس کا تعلق ہے تو اس کو اہل بصیرت اور عارفین ہی جان سکتے ہیں۔

(۲)۔ دوسرا طریقہ: یہ ہے کہ سالک حقوق عبودیت اور اس کے ظاہری و باطنی آداب اور شرائط کی معرفت حاصل کرے۔ دن رات عبادت میں مشغول ہونے کے باوجود بھی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کسر نفسی کا اظہار کرے۔ ایک عاجز اور ضعیف بندہ خالق کائنات کی عبودیت کے حقوق کما حقہ کیسے ادا کر سکتا ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی تقصیر کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ۔ (زمر:٦٧)

"اور نہ قدر پہچانی انہوں نے اللہ تعالیٰ کی جس طرح قدر پہچاننے کا حق تھا"۔

خلاصۂ کلام:

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ اخلاص، عمل کو علل و اسباب اور شوائب سے پاک کرنے کا نام ہے خواہ ان اشیاء کا تعلق مخلوق سے ہو جیسے مخلوق کی مدح و تعریف کو پسند کرنا اور انکی مذمت سے خوف کھانا۔ یا اس کا تعلق عمل سے ہو۔ جیسے اپنے عمل کی وجہ سے دھوکہ میں مبتلا ہو جانا اور اس کے بدلے میں عوض طلب کرنا وغیرہ۔

اسی وجہ سے بلند ہمت عارفین اپنے دین کو اللہ تعالیٰ کیلئے خالص کر دیتے ہیں اور اپنے دلوں میں جب اللہ تعالیٰ کی یہ ندا "فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ" پاتے ہیں، تو اس پر لبیک کہتے ہوئے اس کی بارگاہ میں حاضر ہو جاتے ہیں، جس طرح کہ کسی بزرگ کا فرمان ہے۔ اے مولا! میں تمام لوگوں کو پیچھے چھوڑ کر تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں۔

Marfat.com

صبر

علمائے کرام نے صبر کی مختلف تعریفیں کی ہیں۔ ان میں سب سے اہم ترین تین تعریفیں ہیں۔

(۱)۔ "حضرت ذوالنون مصری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صبر احکام الٰہیہ کی مخالفت سے دور ہونا' مصیبت کے رنج و الم سہتے ہوئے پر سکون ہونے اور حالت فقر میں غنا کے ظاہر کرنے کا نام ہے"۔

(۲)۔ "امام راغب اصفہانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صبر یہ ہے کہ نفس کو پابند کیا جائے اس چیز پر جس کا تقاضا عقل یا شرع کرتی ہے۔ یا صبر' نفس کو ہر اُس چیز سے روکنے کا نام ہے جس سے رکنے کا تقاضا عقل یا شرع کرتی ہے"۔

(۳)۔ "سید شریف جرجانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ غیراللہ سے مصائب کی تکلیف کا شکوہ نہ کرنے کا نام صبر ہے۔ اس تعریف سے یہ مفہوم اخذ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکوہ صبر کے منافی نہیں۔ بلکہ غیراللہ سے شکایت صبر کے منافی ہے۔

کسی بزرگ نے دیکھا کہ کوئی شخص اپنے فاقے اور حاجت کی شکایت کسی

Marfat.com

دوسرے شخص سے کر رہا ہے تو فرمایا' اے شخص! تو اس ذات کی شکایت کر رہا ہے جو تجھ پر رحم کرنے والی ہے۔ ایسے شخص سے جو تجھ پر رحم نہیں کرنے والا ہے۔ پھر یہ اشعار پڑھے۔

واذا عرتک بلیه فاصبر لها　　صبر الکریم فانه بک اعلم
واذا شکوت الی ابن ادم انما　　تشکو الرحیم الی الذی لا یرحم

(ا)۔ "جب تجھ پر کوئی مصیبت نازل ہو تو اس پر کریم لوگوں کی طرح صبر کر۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تجھ سے بہتر جاننے والا ہے"۔

(ii)۔ "اور جب تو ابن آدم سے شکوہ کرے گا تو تو رحیم کا شکوہ کرے گا اس سے جو رحم کرنا نہیں جانتا"۔

صبر کی اقسام:

علمائے کرام نے صبر کی مختلف اقسام بیان کی ہیں۔ لیکن ان تمام تعریفوں کا مرجع درج ذیل تین تعریفات ہیں۔

(ا)۔ الصبر علی الطاعه (یعنی طاعت پر صبر کرنا)

اور اس سے مراد شریعت پر استقامت' مالی' بدنی اور قلبی عبادات پر دائمی پابندی' امر بالمعروف و نہی عن المنکر پر دوام اختیار کرنا ہے۔ اور اس ضمن میں پیش آنے والے مصائب و مشکلات پر صبر کرنا ہے۔ کیونکہ جو شخص بھی رسول اللہ ﷺ کا نائب ہونے کی حیثیت سے دین کی تبلیغ اور جہاد کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ اس کیلئے اس قسم کے مصائب و مشکلات کا پیش آنا ضروری ہے۔ حضرت لقمان اپنے بیٹے کو وصیت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

یَابُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْہَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاصْبِرْ مَا اَصَابَکَ۔ (لقمان:۱۷)

"اے بیٹے نماز قائم کرو' نیکی کا حکم دیا کرو اور برائی سے روکتے رہو اور صبر کیا کرو ہر مصیبت پر جو تمہیں پہنچے"۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں قسم اٹھائی ہے کہ چار صفات کے حاملین ہی نجات پانے والے ہیں۔(۱)۔ایمان۔(۲)۔عمل صالح۔(۳)۔امت کو نصیحت کرنا۔(۴)۔صبر کرنا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالْعَصْرِ ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ۔ (عصر)

"قسم ہے زمانہ کی' یقیناً انسان خسارہ میں ہے بجز ان خوش نصیبوں کے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے نیز ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی تاکید کرتے رہے"۔

(۲)۔الصبر عن المعاصی

(گناہوں سے صبر کرنا)

اس سے مراد نفس کی خواہشات سے مجاہدہ اور اس کی بے راہ روی کا مقابلہ اور اس کی کجی کی اصلاح اور شر اور فساد کے ان اسباب کا قلع قمع کرنا ہے جن کو شیطان مشتعل کرتا ہے۔ جب انسان اپنے نفس کا مجاہدہ کر کے اس کو پاک کر دیتا ہے اور اس کو اس کی گمراہیوں سے روک دیتا ہے۔ تو وہ ہدایت کاملہ تک پہنچ جاتا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔ (عنکبوت:۶۹)

"اور جو (بلند ہمت) مصروف جہاد رہتے ہیں۔ ہمیں راضی کرنے کیلئے ہم ضرور دکھادیں گے انہیں اپنے راستے"۔

اور پھر اس کا شمار مفلحین میں ہوتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى۔ (الاعلیٰ: ۱۴'۱۵)

ارشاد ہے:

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِیَ الْمَاْوٰى۔ (نازعات:۴۰'۴۱)

"اور جو ڈرتا ہو گا اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے اور اپنے نفس کو

Marfat.com

روکتا رہا ہو گا ہر بری خواہش سے' یقیناً جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہو گا"۔

(۳)۔ الصبر علی المصائب

(مصیبتوں پر صبر کرنا)

کیونکہ یہ دنیا امتحان اور آزمائش کی جگہ ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو مختلف قسم کے مصائب کے ذریعہ آزماتا ہے۔ اور خصوصاً مومنوں کو مختلف آزمائشوں میں مبتلا کرتا ہے۔ تاکہ مومن' منافق اور طیب اور خبیث کے درمیان فرق واضح ہو جائے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

الٓمّٓ ○ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْا اَنْ یَّقُوْلُوْا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ۔ (عنکبوت:۱'۲)

"کیا لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ انہیں اتنی بات پر چھوڑ دیا جائے گا کہ وہ کہیں ہم ایمان لے آئے اور انہیں آزمایا نہیں جائے گا"۔

برابر ہے کہ یہ مصائب نماز میں ہوں یا بدن میں یا اہل و عیال میں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَتُبْلَوُنَّ فِیْ اَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ۔ (آل عمران:۱۸۶)

"یقیناً تم آزمائے جاؤ گے اپنے مالوں سے' اپنی جانوں سے"۔

ارشاد فرمایا:

وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْھُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔ اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ۔ (بقرہ:۱۵۶'۱۵۷)

"اور ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں کسی ایک چیز کے ساتھ یعنی خوف اور بھوک اور کمی کرنے سے تمہارے مالوں اور جانوں اور پھلوں میں اور خوشخبری سنایئے ان صبر کرنے والوں کو جب پہنچتی ہے انہیں مصیبت تو کہتے ہیں بے شک ہم صرف اللہ ہی کے ہیں اور یقیناً ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ یہی وہ خوش نصیب ہیں جن پر

Marfat.com

ان کے رب کی طرح طرح کی نوازشیں اور رحمت ہے"۔

بے شک مومنِ صادق ان مصائب کو صبر و تسلیم بلکہ رضا و خوشی کے ساتھ برداشت کرتا ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اس کے خالق کی طرف سے نازل کردہ مصائب اس کے گناہوں کا کفارہ اور اس کی سیئات کو مٹانے کا سبب ہیں۔ جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ "مومن کو جو تھکاوٹ' مرض' غم و حزن اور تکلیف حتیٰ کہ جو کانٹا بھی اسے چبھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے"۔ اسی طرح اسے یہ بھی معلوم ہے کہ یہ مصائب و مشکلات اللہ کے نزدیک صبر کرنے والے مومنوں کے درجات و منازل کو بلند کرتے ہیں۔ جب کہ وہ ان مصائب کو برضا و تسلیم قبول کرے۔ جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ "بندہ جب کسی منزل کو اپنے عمل کے ساتھ نہیں پا سکتا' تو اللہ تعالیٰ اس کو جان' ماں اور اہل کی آزمائش میں مبتلا کر دیتا ہے اور پھر اس کو صبر کی توفیق عطا کر دیتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ اس منزل کو حاصل کر لیتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے مقدر میں لکھی ہوتی ہے"۔

صبر کی فضیلت اور اہمیت:

صبر نصف ایمان ہے' انسان کی سعادت کا راز' آزمائش سے عافیت کا مصدر و منبع' مصائب و مشکلات سے بچنے کا ذریعہ اور مجاہدہ نفس کیلئے بہترین ہتھیار ہیں۔ یہ نفس کو شرعی احکام پر استقامت اختیار کرنے پر ابھارتا ہے اور اس کو گمراہی اور فساد کی اتھاہ گہرائیوں میں گرنے سے بچاتا ہے۔ اسی اہمیت اور بلند مرتبہ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ستر مقامات پر اس کا ذکر کیا ہے' کبھی تو اللہ تعالیٰ صبر کرنے کا حکم دیتا ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا۔ (اعراف:۱۲۸)

"اللہ سے مدد طلب کرو اور صبر کرو"۔

اور کہیں صبر کرنے والوں کی تعریف کرتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ' اُولٰٓئِكَ

Marfat.com

اَلَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰئِکَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۔ (بقرہ: ۱۲۴)

"صبر کرتے ہیں مصیبت میں اور سختی میں اور جہاد کے وقت' یہی لوگ ہیں جو راست باز ہیں اور یہی لوگ حقیقی پرہیز گار ہیں"۔

اور کہیں خبر دیتا ہے کہ وہ صابرین سے محبت کرتا ہے:

وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ۔ (آل عمران: ۱۴۵)

"اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔

اور کہیں صابرین کیلئے اپنی معیت کو اختیار کرتا ہے' فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۔

"اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے"۔

اور ایک مقام پر فرماتا ہے کہ صبر کرنے والوں کو بغیر حساب کے اجر دے گا۔

اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ (زمر: ۹)

"صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب دیا جائے گا"۔

ایک مقام پر ارشاد ہوتا ہے کہ ہدایت دینے والے مرشدین نے یہ مقام صبر کی ہی بدولت حاصل کیا ہے:

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً یَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا۔

(السجدہ: ۲۴)

"اور ہم نے بنا دیا ان میں سے بعض کو پیشوا' وہ راہبری کرتے رہے ہمارے حکم سے جب تک وہ صابر رہے"۔

احادیث طیبہ میں بھی صبر کی فضیلت کو بڑے حسین پیرائے میں بیان کیا گیا ہے۔ ان میں یہ واضح طور پر بیان کر دیا گیا ہے کہ زندگی کی مشکلات اور حوادثات پر صبر کرنا مومن کی زندگی میں گہرے نقوش چھوڑتا ہے بلکہ نبی کریم ﷺ کی تمام زندگی صبر' جہاد اور قربانی کا بہترین نمونہ ہے۔ آپ ﷺ نے مصائب و مشکلات میں صبر کر کے ہمارے لیے بہترین اسوۂ حسنہ چھوڑا ہے۔

Marfat.com

احادیث طیبہ:

(۱)۔ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال ما اعطی احد من عطاء خیرا واوسع من الصبر۔ (بخاری، مسلم)

"حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ صبر سے بہتر اور وسیع عطیہ کسی کو نہیں دیا گیا"۔

(۲)۔ وعن صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 'عجبا لامر المومن ان امرہ کلہ لہ خیر' ولیس ذلک لاحد الا للمومن' ان اصابتہ سراء شکر فکان خیرا لہ' وان اصابتہ ضراء صبر فکان خیرا لہ۔ (مسلم)

"حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کا معاملہ بھی قابل تعجب ہے۔ اس کا ہر معاملہ بھلائی پر مبنی ہے اور یہ سعادت صرف مومن کو ہی حاصل ہے۔ اگر اسے خوشحالی کی نعمت نصیب ہو تو وہ اس کا شکریہ ادا کرتا ہے اور یہ اس کیلئے خیر ہے۔ اور اگر کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو وہ صبر کرتا ہے اور یہ بھی اس کیلئے خیر ہے"۔

(۳)۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: المسلم الذی یخالط الناس و یصبر علی اذاھم خیر من الذی لا یخالطھم ولا یصبر علی اذاھم۔ (ترمذی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا' جو شخص لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتا ہے اور ان کی اذیتوں پر صبر کرتا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو لوگوں کے ساتھ مل جل کر نہیں رہتا اور ان کی اذیتوں پر صبر نہیں کرتا"۔

(۴)۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک نبی کا واقعہ بیان کیا کہ ان کی قوم نے انہیں مار مار کر لہولہان کر دیا وہ اپنے منہ سے خون صاف کرتے' اور فرماتے' اللھم اغفر لقومی فانھم لا یعلمون۔

Marfat.com

(اے اللہ! میری قوم کو معاف فرمادے یہ مجھے نہیں جانتے)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں اب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ واقعہ بیان کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ (بخاری، مسلم)

(۵)۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر اذیت پر صبر کرنے والا کوئی نہیں، کیونکہ اس کے ساتھ غیر کو شریک ٹھہرایا جاتا ہے۔ اور اس کے لیئے بیٹا بنا دیا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود بھی انہیں معاف فرما دیتا ہے اور انہیں رزق دیتا ہے۔ (مسلم۔ بخاری)

صالحین کا صبر کو اختیار کرنا اور اس کی دعوت دینا:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اسوۂ حسنہ کی پیروی کی ہے اور انہیں صبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے وراثت میں ملا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اسلام کی اشاعت میں سر توڑ کوشش کی۔ اور اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسے ایمان سے نوازا جس میں مایوسی کا نام و نشان تک نہ تھا۔ اور ایسا عزم و حوصلہ اور ثابت قدمی عطا فرمائی جس میں ضعف اور کمزوری نہ تھی۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے تابعین نے روحانی فیض حاصل کیا۔ اور پھر اسی طرح یہ فیض مختلف ادوار طے کرتا ہوا ہم تک پہنچا۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

لا یزال طائفہ من امتی ظاہرین حتی یاتی امر اللہ وھم ظاھرون۔ (بخاری)

"میری امت کا ایک گروہ حق پر غالب رہے گا حتی کہ اللہ تعالیٰ کا حکم (قیامت) آجائے گا۔ اور وہ غالب ہی ہوں گے"۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کا جب بیٹا وفات پا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی روح قبض کرنے کا ارادہ فرمایا میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں ایسی

Marfat.com

محبت سے جو اللہ کے ارادہ کے مخالف ہو۔

صبر کے بارے میں حضرت امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کا واقعہ بڑا سبق آموز ہے۔ آپ ایک دن حدیث پاک کا درس دے رہے تھے کہ آپ کو بچھو نے سولہ بار ڈنگ مارا جس کی وجہ سے آپ کا رنگ متغیر ہو گیا لیکن آپ نے حدیث پاک کی تعظیم کی وجہ سے اپنی کلام کو قطع نہ کیا۔[۲۸]

حضرت ذوالنون مصری ایک مریض کی عیادت کیلئے تشریف لے گئے۔ دوران گفتگو اس مریض کی چیخ نکلی تو حضرت ذوالنون نے فرمایا: لیس بصادق فی حبه من لم یصبر علی ضربه۔ (جو اس کی ضرب پر صبر نہ کرے وہ محب صادق نہیں)۔ تو اس مریض نے جواب دیا۔ بل' لیس بصادق فی حبه من لم یتلذذ بضربه۔ (بلکہ جو اس کی ضرب سے لطف اندوز نہ ہو وہ محب صادق نہیں)۔[۲۹]

ابن شبرمہ رحمتہ اللہ علیہ پر جب کوئی مصیبت نازل ہوتی تو فرماتے' یہ تو بادل ہے تھوڑی دیر بعد چھٹ جائے گا۔

صبر کے بارے میں صوفیائے کرام نے بڑی عمدہ اور تعجب خیز کلام فرمائی ہے۔ حضرت شبلی رحمتہ اللہ علیہ سے صبر کے متعلق پوچھا گیا' تو آپ نے فرمایا:

صابر الصبر فاستغاث به الصبر فصاح المحب بالصبر صبرا

"وہ صبر پر غالب آگیا اور صبر نے اس سے مدد کی درخواست کی تو محب نے صبر سے کہا' صبر کرو"۔

صوفیائے کرام کو اللہ تعالیٰ نے عظیم محاسن اور خوبیوں سے نوازا ہے یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے صبر کے سائے میں اللہ تعالیٰ کی بھرپور خوشنودی حاصل کی' اور ان پر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد صادق آتا ہے:

اَلَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ (البقرہ:۱۵۶)

"جو کہ جب پہنچے انہیں کوئی مصیبت تو کہتے ہیں بے شک ہم اللہ ہی کے ہیں

Marfat.com

سکتا۔ کیونکہ ہر مقام کے لیئے صبر ہوتا ہے جو اس کے مناسب ہوتا ہے۔

ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الصبر حبس القلب علی حکم الرب۔

"صبر پروردگار کے حکم پر دل کو پابند کرنے کا نام ہے"۔

عام لوگوں کا صبر احکام الٰہیہ کی مخالفت کو ترک کرنا اور طاعت کی مشقوں پر دل کو پابند کرنا ہے۔ اور خاص لوگوں کا صبر' مجاہدہ اور ریاضت پر نفس کو پابند کرنا اور حجابات کو اٹھانے کا مطالبہ کرنا اور دائمی حضوری میں مراقبہ قلب کے ساتھ راہ سلوک کے مصائب کو برداشت کرنا ہے۔

خاص الخواص کا صبر' مشاہدہ حق میں روح اور سر کو پابند کرنے کا نام ہے یا حریم ناز میں حاضری اور دائمی دیدار پر روح کو پابند کرنے کا نام ہے۔[۳۰]

صدق' اخلاص اور صبر یہ تینوں صفات راہ سلوک کے بنیادی ارکان ہیں۔ اور جس شخص نے اپنے سلوک کی بنیاد ان صفات پر نہ رکھی وہ اس قافلہ عشق و مستی سے منقطع ہو جاتا ہے' اگرچہ اس کا یہی گمان ہوتا ہے کہ وہ اس قافلہ کے ساتھ ہے۔ وہ راستہ میں ہی رک جاتا ہے۔ اگرچہ وہ اپنے گمان کے مطابق منزل مقصود کی طرف رواں دواں ہوتا ہے۔

اخلاص کی حقیقت توحید مطلوب ہے جس طرح کہ صدق کی حقیقت توحید طلب ہے۔ اور ان چیزوں پر صبر کرنا عین کمال ہے۔

Marfat.com

ورع

ورع کی تعریف اور اس کے مراتب:

سید جرجانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

هو اجتناب الشبهات خوفا من الوقوع فی المحرمات۔[۳۱]

"محرمات میں واقع ہونے کے خوف سے شبہات سے اجتناب کرنا ورع کہلاتا ہے"۔

علامہ محمد بن علان صدیقی فرماتے ہیں کہ ایسی چیز کو ترک کر دینا جس میں کوئی حرج نہ ہو' اس چیز سے بچنے کیلئے جس میں حرج ہو۔

ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ورع سے مراد نفس کو ایسی چیز کے ارتکاب سے روکنا ہے جس کا انجام ناپسندیدہ ہو۔

ورع کی وضاحت کیلئے ہم اس کے وہ مراتب بیان کرتے ہیں جن کو حاصل کرنے کیلئے سالک کوشاں رہتا ہے۔

عوام کا ورع شبہات کو ترک کر دینا ہے تاکہ وہ احکام الٰہیہ کی مخالفت میں

Marfat.com

مبتلا نہ ہو جائے' جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "بے شک حلال واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے۔ اور ان دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں جن کو اکثر لوگ نہیں جانتے۔ پس جو شخص شبہات سے بچا' اس نے اپنے دین اور عزت کو بچالیا اور جو شبہات میں واقع ہوا وہ حرام میں واقع ہو جاتا ہے' اس چرواہے کی طرح جو چراگاہ کے ارد گرد اپنے جانور چراتا ہے ممکن ہے کہ وہ اس چراگاہ میں چرنے لگیں۔ خبردار! بے شک ہر بادشاہ کیلئے خاص چراگاہ ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اس کے محارم ہیں۔ (بخاری)

خواص کا ورع ہر اس چیز کو ترک کر دینا ہے جو دل کو مکدر کرے۔ اور اس کی پریشانی کا باعث ہو۔ یہ لوگ دل میں کھٹکنے والے خواطر اور سینے میں پیدا ہونے والے وساوس سے بھی احتراز کرتے ہیں۔ ان کے دل اتنے پاکیزہ اور صاف ہوتے ہیں کہ جب بھی وہ کسی امر میں متردد ہوتے ہیں یا کسی حکم کے بارے میں شک میں مبتلا ہوتے ہیں تو یہ انہیں فوراً تنبیہ کر دیتے ہیں۔ اور اسی کی طرف رسول اللہ ﷺ نے اپنے اس ارشاد میں اشارہ کیا ہے کہ "اس چیز کو ترک کردو جو تمھیں شک میں ڈال دے اور اس کو اختیار کرو جو تمھیں شک میں نہ ڈالے"۔ مزید ارشاد فرمایا:

البر حسن الخلق والاثم ما حاك فی نفسك وكرهت ان يطلع عليه الناس۔ (مسلم)

"نیکی حسن خلق کا نام ہے۔ اور گناہ وہ چیز ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تو ناپسند کرے کہ لوگ اس پر مطلع ہوں"۔

اسی کے بارے میں حضرت امام سفیان ثوری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ما رايت اسهل من الورع ما حاك فی نفسك فاتركه۔

"میں نے ورع سے آسان ترین چیز نہیں دیکھی پس جو چیز تمھارے دل میں کھٹکے اسے ترک کردو"۔

خاص الخواص کا ورع یہ ہے کہ وہ غیر اللہ سے تعلق منقطع کر لیتے ہیں

Marfat.com

اور غیر سے طمع و لالچ کا دروازہ بند کر کے اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے علاوہ کسی چیز کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ یہ ان عارفین کا ورع ہے جو یہ خیال کرتے ہیں کہ ہر جو شے اللہ سے غافل کر دے وہ بد بختی کی علامت ہے۔

شیخ شبلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ورع یہ ہے کہ تو اللہ کے سوا ہر چیز سے کنارہ کش ہو جائے۔[۳۲]

ورع کی فضیلت:

مذکورہ بحث سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ورع تمام صفات کمالیہ کیلئے جامع صفت ہے۔ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ مکہ شریف میں داخل ہوئے تو آپ نے دیکھا کہ حضرت علی بن ابی طالب کی اولاد اطہار میں سے ایک نوجوان کعبہ شریف سے ٹیک لگائے وعظ کر رہا تھا۔ آپ اسی مجلس میں ٹھہر گئے اور پوچھا کہ دین اسلام کا خلاصہ اور جوہر کیا ہے؟ اس نے جواب دیا۔ پھر سوال کیا کہ دین میں آفت کیا ہے؟ اس نے جواب دیا' طمع۔ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ اس جواب سے بڑے متعجب ہوئے اور فرمایا' ایک ذرہ ورع ہزار ہا نماز' روزے سے بہتر ہے۔ حضرت ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بندہ کے فہم پر اس کا کثیر علم اور اپنے اوراد پر ہمیشگی دلالت نہیں کرتے' بلکہ اس کے فہم اور نور قلب پر یہ بات دلالت کرتی ہے کہ وہ اپنے رب کے ساتھ غیر سے مستغنی ہو جائے اور اس کا دل اسی کی طرف مائل ہو اور حرص و خواہش کی غلامی سے آزاد ہو' اور ورع کے زیور سے آراستہ ہو۔[۳۳]

ورع کی عظمت اس سے بڑھ کر کیا ہو گی کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کو عبادت کا سب سے اعلیٰ درجہ قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا' اے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ! صاحب ورع بن جا' تو تمام لوگوں سے زیادہ عبادت گزار بن جائے گا۔ (ابن ماجہ)

یہی وجہ ہے کہ ورع' اللہ تعالیٰ کی عطا اور اس سے حصول فیض کا راستہ ہے

Marfat.com

جس طرح کہ حضرت یحیٰ بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو ورع کی باریکیوں میں غور و فکر نہیں کرے گا تو اللہ تعالیٰ کی عطائے عظیم تک نہیں پہنچ سکتا۔

ورع کی اہمیت' بلند رتبہ' رفعت شان اور اس کے عظیم آثار کی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کثیر احادیث میں اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ ان میں بعض احادیث یہاں ذکر کی جاتی ہیں۔

حضرت عطیہ بن عروہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بندہ متقین کا درجہ حاصل نہیں کر سکتا حتیٰ کہ ناقابل اعتراض چیز کو ترک کردے' قابل اعتراض چیز سے بچنے کیلئے۔

عن حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ' فضل العلم خیر من فضل العبادہ وخیر دینکم الورع۔ (طبرانی۔ بزار)

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "علم کی فضیلت' عبادت کی فضیلت سے بہتر ہے۔ اور تمہارے دین میں سے بہترین چیز ورع ہے"۔

عن انس رضی اللہ عنہ قال' قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ' ثلاث من کن فیہ استوجب الثواب واستکمل الایمان خلق یعیش بہ فی الناس و ورع یحجزہ عن محارم اللہ وحلم یرد بہ جھل الجاہل۔ (بزار)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "تین چیزیں جس میں پائی جائیں وہ ثواب کا مستحق ہوتا ہے اور اس نے ایمان کو مکمل کرلیا۔ (i)۔ ایسا اخلاق جس کے ساتھ لوگوں میں زندگی گزارے۔ (ii)۔ ایسا ورع جو اس کو اللہ تعالیٰ کی محارم سے روک دے۔ (iii)۔ ایسا علم جس کے ساتھ جاہل کی جہالت کو روک دے"۔

عن انس رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وجد تمرہ فی الطریق

Marfat.com

فقال' لولا انی اخاف ان تکون من الصدقه لاکلتها۔ (بخاری۔ مسلم)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے راستہ میں پڑی ہوئی ایک کھجور پائی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر مجھے یہ خوف نہ ہو کہ کہیں یہ صدقے کی نہ ہو۔ تو میں اسے کھالیتا"۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے صدقے کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لی اور اسے اپنے منہ میں ڈال لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اسے منہ سے نکال اور پھینک دو۔ کیا تمھیں معلوم نہیں کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے' یا یہ فرمایا' کیا تمھیں معلوم نہیں ہے کہ ہمارے لئے صدقہ حلال نہیں۔ (بخاری۔ مسلم)

صوفیائے کرام کو جب ہم ورع کے اعلیٰ مراتب پر متمکن دیکھتے ہیں تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین عظام کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔

مروی ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تھوڑا سا کھانا کھالیا جو ان کے غلام نے پیش کیا تھا پھر جب غلام نے بتایا کہ اس کھانے میں شبہ تھا تو آپ نے اپنے ہاتھ کو منہ میں ڈالا اور قے کر کے پیٹ کو صاف کر دیا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ ہم ستر حلال اشیاء کو چھوڑ دیا کرتے تھے اس خوف سے کہ کہیں ہم کسی حرام چیز میں نہ پڑ جائیں۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کی خدمت میں جب مال غنیمت کی کستوری پیش کی گئی تو آپ نے اپنے ناک کو ہاتھ سے بند کر دیا اور فرمایا کہ اس کی خوشبو سے ہی نفع حاصل کیا جاتا ہے اور میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ میں مسلمانوں کے بغیر اس کی خوشبو سے نفع حاصل کروں۔[۳۴]

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کچھ اونٹ خریدے اور ان کو بیت المال کی چراگاہ میں بھیج دیا۔ جب وہ اونٹ موٹے ہو گئے تو ان کو بیچنے کیلئے واپس منگوا لیا۔ ان ہی ایام میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا گزر بازار سے ہوا۔ جب

Marfat.com

انہوں نے یہ موٹے تازے اونٹ دیکھے تو انہوں نے پوچھا کہ یہ اونٹ کس کے ہیں۔ لوگوں نے بتایا کہ آپ کے بیٹے عبداللہ کے۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے بیٹے سے پوچھا کہ یہ اونٹ کہاں سے آئے؟ تو انہوں نے عرض کی کہ یہ کمزور اونٹ میں نے خریدے تھے اور ان کو چراگاہ میں بھیج دیا اور ان کو میں نے کہا کہ یہ امیرالمومنین کے بیٹے کے اونٹ ہیں۔ ان کی دیکھ بھال کرو اور کھلاؤ پلاؤ۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ سنا تو آپ نے فرمایا' اے عبداللہ! ان کی اصل قیمت تم رکھ لو اور ان کا نفع مسلمانوں کے بیت المال میں جمع کرا دو۔[۳۵]

حضرت حذیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب بھی کسی کو کسی صوبے کا گورنر مقرر کرتے تو اس سے ایک عہد نامہ لکھوا لیتے اور اس پر لوگوں کو گواہ بنا لیتے۔ اور اس پر یہ شرط لگاتے کہ وہ خچر پر سوار نہیں ہو گا اور نہ ہی چھانا ہوا آٹا کھائے گا۔ اور نہ ہی باریک لباس پہنے گا اور ضرورت مند کیلئے اپنے دروازے کو بند نہیں کرے گا۔ اگر اس نے ایسا کیا تو سزا کا مستحق ہو گا۔[۳۶]

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ روزمرہ کے خرچہ سے کچھ پیسے حلوہ خریدنے کیلئے بچاتی رہیں۔ پھر جب کچھ پیسے جمع ہو گئے انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے حلوہ خریدنے کیلئے کہا۔ آپ نے پوچھا کہ یہ حلوہ کیلئے تمہارے پاس پیسے کہاں سے آئے تو انہوں نے عرض کی کہ میں روزانہ کے خرچہ سے کچھ پیسے بچاتی رہی۔ تو آپ نے فرمایا کہ ان کو بیت المال میں جمع کرا دو۔ کیونکہ یہ تمہاری ضرورت سے زائد ہیں۔ آپ کا یہ حال تھا کہ خود بھوکے رہتے تاکہ آپ کی رعایا پیٹ بھر لے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کا ایک خادم وضو کیلئے گرم پانی کا ایک کوزہ پیش کیا کرتا تھا۔ ایک دن آپ نے خادم کو فرمایا' کہیں یہ پانی تم بیت المال کے مطبخ سے تو گرم نہیں کرتے۔ اس نے عرض کی' جی ہاں۔ تو آپ نے فرمایا کہ تم نے یہ بہت برا کیا۔ پھر اپنے غلام مزاحم کو حکم دیا کہ وہ اس کوزے کو گرم کرے اور پھر دیکھے کہ اس میں کتنی لکڑیاں صرف ہوتی ہیں۔ پھر گزشتہ ایام کا حساب لگا کر لکڑیوں کو بیت المال کے مطبخ میں جمع کرائے۔[۳۷]

Marfat.com

علامہ مناوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مبارک خراسان سے شام واپس آئے تاکہ عاریہ لیا ہوا قلم واپس کریں۔ اس کے بعد آپ صوفیائے کرام کے ورع کے متعلق مختلف واقعات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اگر تم سعادت اور خوش بختی کے طالب ہو' تو ان لوگوں کی اتباع کرو۔[۳۸]

حضرت بشر حافی رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کو کسی نے کھانے کی دعوت پر مدعو کیا۔ جب کھانا آپ کے سامنے رکھا گیا تو آپ نے کھانے کی طرف ہاتھ بڑھانا چاہا تو وہ کھانے کی طرف نہ بڑھ سکا۔ آپ نے تین دفعہ کوشش کی لیکن تینوں دفعہ آپ کا ہاتھ کھانے کی طرف نہ بڑھ سکا۔ وہاں آپ کو جاننے والا ایک شخص موجود تھا۔ اس نے یہ کہا کہ آپ کا ہاتھ حرام کھانے اور ایسے کھانے کہ طرف نہیں بڑھتا جس میں شبہ ہو۔[۳۹]

صوفیائے کرام ورع میں رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کی اتباع کرتے ہیں۔ اور یہ ان کی اللہ تعالیٰ کی ساتھ محبت اور اس کے دین پر مضبوطی سے عمل پیرا ہونے کا نتیجہ ہے۔ اور اسی طرح یہ ان کے شدید خوف کا نتیجہ ہے کہ کہیں وہ اللہ تعالیٰ کی مخالفت میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ کیونکہ جو شخص ایمان کا ذائقہ چکھ لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو تقویٰ سے نوازتا ہے۔ اور جس شخص کو تقویٰ حاصل ہو جاتا ہے وہ شبہات سے احتراز کرتا ہے اور ہمیشہ اللہ سے خائف اور اس کے فضل واحسان کا امیدوار رہتا ہے' جس طرح کہ حضرت شاہ کرمانی فرماتے ہیں کہ تقویٰ کی علامت ورع ہے اور ورع کی علامت شبہات سے اجتناب کرنا ہے۔ خوف کی علامت حزن ہے اور رجاء کی علامت حسن طاعت۔[۴۰]

اے قاری! محنت کر تاکہ تو بھی باہمت لوگوں کے ساتھ مل جائے اور ان کی سنگت اختیار کر تاکہ تو بھی ان کی مثل ہو جائے۔ کیونکہ جو کسی کی سنگت اختیار کرتا ہے وہ اسی کی مثل ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

زہد

تعریف:

امام جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الزھد استصغار الدنیا ومحو آثارھا من القلب۔[۴۱]

"زہد دنیا کو حقیر جاننے اور دل سے اس کے اثرات کو مٹانے کا نام ہے"

حضرت ابن جلاء رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ زہد دنیا کو زوال کی نظر سے دیکھنے کا نام ہے تاکہ دنیا تیری نظر میں حقیر ہو جائے' اور اس سے اعراض کرنا تیرے لئے آسان ہو جائے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ زہد دنیا سے بلا تکلف کنارہ کشی کرنے کا نام ہے۔

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ زہد دل کو دنیا کی محبت سے خالی کرنے کا نام ہے۔ نہ کہ صرف ہاتھوں کو خالی کرنے کا نام ہے۔ اور یہ عارفین کا زہد ہے۔ اور اس سے اعلیٰ مرتبہ مقربین کے زہد کا ہے' کیونکہ یہ لوگ ماسویٰ اللہ ہر چیز حتیٰ کہ جنت وغیرہ سے بھی زہد اختیار کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ صرف اللہ تعالیٰ کے قرب اور وصال کے متمنی ہوتے ہیں۔[۴۲]

Marfat.com

پس زہد دل کو دنیا کی محبت سے خالی کرنے اور اسے اللہ تعالیٰ کی محبت و معرفت سے بھر دینے کا نام ہے۔ دل دنیا کے مشاغل اور اس کی زیب و آرائش سے جتنا خالی ہو گا اتنی ہی دل میں اس کی محبت اور معرفت زیادہ ہو گی اسی وجہ سے عارفین نے زہد کو قرب و وصال کا وسیلہ اور اس کی محبت و رضاء کے حصول کی شرط قرار دیا ہے۔ زہد وسیلہ اور شرط تو ہے لیکن وہ بالذات غایت مقصودہ نہیں۔

زہد کا شرعی ثبوت:

بعض لوگوں نے اسلام میں زہد کے وجود کی قطعاً نفی کر دی ہے اور انہوں نے زہد کو بدعت اور دین میں اجنبی چیز قرار دیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یہ دین میں نصرانی رہبانیت اور عجمی لوگوں کی پوجا پاٹ کے ذریعے سے داخل ہوا ہے۔ اس میں قطعاً شک نہیں کہ ان کا نقطۂ نظر حقیقت اسلام سے جہالت کی بنا پر ہے۔ کیونکہ اگر یہ منکرین احادیثِ رسول ﷺ کی طرف رجوع کرتے تو انہیں معلوم ہوتا کہ رسول اللہ ﷺ نے صراحتاً زہد کی دعوت دی ہے اور اسے محبت الٰہی کے حصول کیلئے وسیلہ قرار دیا ہے۔ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی:

یارسول اللہ ﷺ ! دلنی علی عمل اذا عملتہ احبنی اللہ واحبنی الناس' قال لہ' ازھد فی الدنیا یحبک اللہ' وازھد فیما فی ایدی الناس یحبوک۔ (ابن ماجہ)

"یارسول اللہ ﷺ ! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے کہ جب میں اسے کروں تو اللہ تعالیٰ اور لوگ مجھ سے محبت کرنے لگیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' دنیا سے زہد اختیار کر' تو اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت کرے گا۔ اور جو کچھ لوگوں کے ہاتھ میں ہے اس سے زہد اختیار کرے گا' تو لوگ تجھ سے محبت کرنے لگیں گے"۔

اس کے علاوہ جب مومن قرآن پاک کی آیات میں غور و فکر کرتا ہے اسے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں کون کونسی آیات ہیں جو دنیا کی شان کی حقارت کو واضح طو

Marfat.com

پر بیان کرتی ہیں اور اس کے جلد زوال پذیر ہونے اور اس کی نعمتوں کے عارضی ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی بیان کرتی ہیں کہ یہ دنیا دار غرور اور غافلین کیلئے فتنہ ہے۔

دنیا کی یہ تمام صفات بیان کرنے کا مقصد یہی ہے کہ لوگ دلوں سے اس کی محبت کو نکال دیں تاکہ یہ دنیا اللہ تعالیٰ کی معرفت اور دینی احکام کو سرانجام دینے میں حائل نہ ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(۱)۔ یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّکُمُ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا وَلَا یَغُرَّنَّکُمْ بِاللّٰہِ الْغَرُوْرُ۔ (فاطر:۵)

"اے لوگو! یقیناً اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ پس دھوکہ میں نہ ڈال دے تمہیں یہ دنیوی زندگی' اور نہ فریب میں مبتلا کردے تمہیں اللہ کے بارے میں وہ بڑا فریبی"۔

(۲)۔وَمَا ھٰذِہِ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا اِلَّا لَھْوٌ وَّلَعِبٌ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَۃَ لَھِیَ الْحَیَوَانُ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ۔ (عنکبوت:۶۴)

"اور نہیں یہ دنیوی زندگی مگر لہو و لعب۔ اور دار آخرت کی زندگی ہی حقیقی زندگی ہے (جسے موت نہیں) کاش! وہ اس حقیقت کو جانتے"۔

(۳)اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَۃُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ الْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّکَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ اَمَلًا۔ (کہف:۴۷)

"مال اور فرزند (تو صرف) دنیوی زندگی کی زیب و زینت ہیں اور (در حقیقت) باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں تیرے رب کے ہاں ثواب کے اعتبار سے اور بہتر ہیں جن سے امید وابستہ کی جاتی ہے"۔

اور اسی طرح دیگر کثیر آیات اسی معنی و مفہوم کو بیان کرتی ہیں کہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ میں غور و فکر کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دنیا سے کنارہ کشی اور اس کی زیب و آرائش سے منہ موڑنے کی نصیحت فرماتے ہیں۔ اس سلسلہ میں آپ ﷺ دنیا کی شان کی حقارت اور اس کی فتنہ انگیزیوں کو واضح کرتے ہیں۔ اور اس سے آپ ﷺ کا مقصود یہی ہے

Marfat.com

کہ دنیا انہیں ان کے مقصود حقیقی، جس کیلئے ان کی تخلیق ہوئی ہے، سے غافل نہ کر دے۔ اور ان کو اس عظیم مقدس پیغام سے دور نہ کر دے جس کی نشر و اشاعت کی ذمہ داری ان کے کندھوں پر پڑنے والی ہے۔ اس لئے آپ ﷺ ان پر واضح کر دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کو ہمارے لئے امتحان اور آزمائش بنایا ہے تاکہ وہ دیکھے کہ ہم اس کی رضا کے حصول کیلئے اعمال سرانجام دیتے ہیں یا اس کے برخلاف۔

رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

ان الدنیا حلوہ خضرہ، وان اللہ تعالی مستخلفکم فیھا فینظر کیف تعلمون، واتقوا الدینا فاتقوا النساء۔ مسلم

"بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز و شاداب ہے اور اللہ تعالیٰ نے تمھیں اس میں نائب بنایا ہے تاکہ دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو، پس دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو"۔

کبھی آپ ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ تنبیہ فرماتے ہیں کہ یہ دنیا ڈھلتی چھاؤں اور عارضی ٹھکانہ ہے تاکہ وہ اس دنیا کی طرف مائل نہ ہو جائیں اور وہ انہیں اللہ تعالیٰ کے راستہ سے دور کر دے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست اقدس کو میرے کندھے پر رکھا اور ارشاد فرمایا:

کن فی الدنیا کانک غریب او عابر سبیل۔ (بخاری)

"دنیا میں اس طرح رہو، گویا کہ تم پردیسی ہو یا مسافر"۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اس کی وضاحت میں فرمایا کرتے تھے کہ جب تو شام کرے تو صبح کا انتظار نہ کر۔ اور جب صبح کرے تو شام کا انتظار نہ کر۔ اپنی صحت کی حالت میں حالت مرض کیلئے اور زندگی میں موت کیلئے کچھ عمل کر لے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک چٹائی پر استراحت فرمائی، جب آپ بیدار ہوئے تو آپ کے پہلو مبارک پر چٹائی کے نشان واضح تھے۔ ہم نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! اگر آپ ﷺ اجازت دیں

Marfat.com

تو آپ ﷺ کیلئے نرم بچھونا تیار کرلیں۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ومالی وللدنیا ما انافی الدنیا الا کراکب استظل تحت شجرہ ثم راح وترکھا۔ (ترمذی)

"میرا اس دنیا کے ساتھ کیا تعلق ہے۔ میں دنیا میں اس مسافر کی طرح ہوں جو کسی درخت کے سائے کے نیچے آرام کرتا ہے اور پھر کوچ کر جاتا ہے۔ اور اس کو وہیں چھوڑ جاتا ہے"۔

اور کبھی رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا کی حقارت کی طرف اشارہ فرماتے ہیں:

لو کانت الدنیا تعدل عنداللہ جناح بعوضہ ماسقی کافرامنھا شربہ ماء۔ (ترمذی)

"اگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا کی حیثیت مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کافر کو ایک ایک گھونٹ پانی بھی عطا نہ کرتا"۔

یہ وہ بہترین راہ ہے جس پر رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے خلفاء اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم گامزن رہے۔ اس کی وجہ سے ان کے دل دنیا سے کنارہ کش ہو گئے۔ اور انہوں نے اس دنیا میں زہد کو اختیار کیا۔ ان کی زندگی میں فقر و فاقہ اور مصائب و آزمائش کے مراحل بھی آئے' لیکن حکم الٰہی کے سامنے سر تسلیم خم کرتے ہوئے صبر و رضا کے پیکر بن گئے۔ پھر دنیا ذلیل ہو کر ان کی بارگاہ میں آگئی۔ اور اپنے خزانوں اور ان کی چابیوں کو ان کے سامنے ڈال دیا' لیکن انہوں نے اس کو اللہ تعالیٰ کی رضا کا وسیلہ اور آخرت کا ذریعہ بنا دیا۔ دنیا نے ان کے دلوں کو اللہ کی اطاعت سے مشغول نہیں کیا' اور ان کو تکبر غرور اور عیاشی یا بخل اور کنجوسی میں مبتلا نہیں کیا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اللہ کی راہ میں اپنا تمام مال پیش کر دیا۔ اور جب رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ماترکت لا ھلک؟ قال' ترکت اللہ و رسولہ۔ (اپنے گھر والوں کیلئے کیا چھوڑ آئے ہو؟ عرض کی' ان کیلئے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو چھوڑ آیا ہوں)۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا تو اس میدان میں

Marfat.com

خاص مقام ہے۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے اور زہد میں آپ کا نام بطور ضرب المثل لیا جاتا ہے۔ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ وہ ذات ہیں جنہوں نے جیش عسرہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا' اور اللہ کی رضا کیلئے اپنے اموال کی پرواہ کئے بغیر اس کی راہ میں مال خرچ کیا. آپ کی اس قربانی' ایثار اور دنیاوی مال سے بے رغبتی دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے بارے میں فرمایا: ما ضر عثمان ما عمل بعد الیوم۔ (ترمذی)۔ "آج کے بعد کوئی عمل بھی عثمان کو نقصان نہیں پہنچائے گا"۔

سیرت کی کتب' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زہد کے واقعات سے بھری پڑی ہیں۔ یہاں تفصیل کی گنجائش نہیں۔ صرف چند واقعات ذکر کرنے پر اکتفا کریں گے۔

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین کپڑے نہ اپنے گھر میں استعمال کئے اور نہ گھر سے باہر۔ اور یہی حال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا تھا۔ اور جب وہ احرام باندھتے تو ان کے پاس ایک تہبند اور ایک چادر ہوتی۔ اور شاید ان کی قیمت تمہاری ایک قمیض کے برابر ہو۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے کپڑوں کو پیوند لگائے اور میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے اپنی عبا کو کانٹوں سے سیا ہوا تھا۔ اور میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے جبہ کو چمڑے کا پیوند لگاتے تھے' حالانکہ وہ اس وقت امیرالمومنین تھے۔ لیکن آج کل یہ دور ہے کہ میں تم میں سے بہت سے اشخاص کو جانتا ہوں کہ وہ سو درہم انعام میں دے دیتے ہیں اور اگر میں ہزار کہوں تو یہ بھی مبالغہ نہ ہو گا۔

حضرت حفصہ بنت خطاب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کی' اے امیرالمومنین! کاش آپ اپنے اس کپڑے سے نرم کپڑا پہنتے' اور کاش اپنے اس کھانے سے عمدہ کھانا کھاتے اللہ تعالیٰ نے آپ کو رزق میں وسعت دی ہے۔ اور بہت مال عطا فرمایا ہے۔ تو آپ نے فرمایا' تم خود ہی فیصلہ کرو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتنی سخت زندگی گزارا کرتے تھے۔ آپ انہیں وہ حالات یاد کراتے رہے' حتیٰ کہ

Marfat.com

انہیں رلا دیا۔ پھر آپ نے انہیں فرمایا' قسم بخدا! اگر میں نے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ جیسی سخت زندگی گزاری تو پھر شاید ان کی خوش حال زندگی کو پا سکوں گا۔

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایک دن خطبہ جمعہ کیلئے دیر سے تشریف لائے' تو پھر اپنی تاخیر کی معذرت کی۔ فرمایا' میں اپنے ان کپڑوں کو دھونے میں مشغول ہو گیا جس کی وجہ سے مجھے دیر ہو گئی۔ آپ وہی کپڑے دھو کر پہن لیا کرتے تھے۔ کیونکہ آپ کے پاس دوسرے کپڑے نہ تھے۔[۴۲]

رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیات طیبہ وہ کامل عملی نمونہ ہے جس پر اولیائے کرام عمل پیرا ہوئے۔ اسی وجہ سے وہ زہد' عفت' پاکیزگی اور استقامت میں اپنی مثال آپ تھے۔

زہد کا صحیح مفہوم:

زہد کی سابقہ تعریفات اور اس کے شرعی جواز سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ زہد ایک قلبی مرتبہ ہے۔ کیونکہ اس سے مراد دل سے دنیا کی محبت کو نکالنا ہے۔ اس حیثیت سے کہ زاہد اپنے دل کے ساتھ دنیا کی طرف متوجہ نہ ہو۔ اور نہ ہی اس مقصد سے دور ہو جس کی خاطر اس کی تخلیق ہوئی ہے۔ زہد کا یہ معنی نہیں ہے کہ مومن دنیا کو خیرباد کہہ کر مال سے اپنے ہاتھ کو خالی کر لے۔ اور کسب حلال کو ترک کر کے دوسروں پر بوجھ بن جائے۔

رسول اللہ ﷺ نے زہد کے مقصودِ حقیقی کو واضح کیا ہے' جیسا کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دنیا میں زہد حلال کو حرام کرنے اور مال کو ضائع کرنے میں نہیں ہے بلکہ زہد یہ ہے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اس پر تیرا اور زیادہ یقین اور اعتماد ہو اس چیز سے جو تیرے ہاتھ میں ہے۔ اور تو مصیبت کے ثواب میں زیادہ رغبت رکھنے والا ہو۔ (ترمذی)

علامہ مناوی رحمتہ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ مال سے مکمل اجتناب کرنا زہد نہیں کہلاتا۔ بلکہ زہد یہ ہے کہ اس کا ہونا یا نہ ہونا تیرے نزدیک

Marfat.com

اس کے شکر پر غالب نہ ہو اور نہ ہی حرام اس کے صبر پر۔[۴۶]

علمائے کرام نے واضح طور پر بیان کیا ہے کہ آیات کریمہ اور احادیث شریفہ میں جو دنیا کی مذمت کی گئی ہے اس سے مقصود اس کی ذاتی مذمت نہیں ہے بلکہ یہ تو دل کو دنیا کے ساتھ لگا لینے سے بچانے کیلئے تنبیہہ و تحذیر کی گئی ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ مومن اس کو اپنا مقصودِ اصلی بنا لے اور اپنے مقصودِ حقیقی یعنی رضائے الٰہی کو بھول جائے۔ وہ دنیا بہت اچھی ہے جو مومن کیلئے قرب الٰہی کے حصول کا وسیلہ اور ذریعہ ہے۔ وہ دنیا کتنی بری ہے جس کی عبادت کی جائے۔ اسی مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ مناوی فرماتے ہیں کہ دنیا کی مذمت اس کی ذات کی وجہ سے نہیں کی جاتی کیونکہ یہ آخرت کی کھیتی ہے۔ جس نے شرعی قوانین کا لحاظ کرتے ہوئے دنیا سے کچھ اخذ کیا' تو یہ اس کی آخرت کیلئے معاون ہو گی۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ دنیا کی طرف مائل نہ ہو کیونکہ اسے کسی پر ترس نہیں آتا۔ اور نہ ہی اس کو بالکل چھوٹ دے کیونکہ آخرت کا حصول اس کے بغیر ممکن نہیں۔[۴۷]

زہد تک رسائی کا طریقہ:

کیونکہ زہد ایک عظیم الشان قلبی مقام ہے۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ کے سوا ہر مقام کو خالی کیا جاتا ہے۔ اس لئے اس تک رسائی حاصل کرنا بڑی اہمیت کا حامل ہے اور اس کیلئے بڑی محنت اور وسائل کی ضرورت ہے۔ اور ان میں سب سے اہم مرشد کامل کی صحبت ہے جو سالک کو اس کے ہاتھ سے پکڑ لیتا ہے۔ اور اس کیلئے صراط مستقیم کی نشاندہی کرتا ہے۔ اور بڑی حکمت و دانائی سے اس کو ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ کی طرف منتقل کرتا رہتا ہے۔ اور اس کے پاؤں کو پھسلنے سے بچاتا رہتا ہے۔

بعض لوگ اس سلسلہ میں خطا کا شکار ہو گئے۔ انہوں نے زہد کو اپنا مقصود اور غایت بنا لیا۔ پیوند شدہ کپڑے پہنے' ناقص غذا استعمال کی' کسب حلال کو ترک کر دیا اور مالداروں پر حسد کرنے لگے۔ حالانکہ ان کے اپنے دل دنیا کی محبت سے لبریز تھے۔ اور انہوں نے گمان کیا کہ وہ ایسا کرنے سے زاہد بن گئے۔ اور اس خطا میں واقع

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کا سادہ غذا استعمال کرنا اور بھوک کی وجہ سے پیٹ مبارک پر پتھر باندھنا صرف ان اعمال کے جواز کو بیان کرنے کیلئے تھا۔ حالانکہ جبریل علیہ السلام نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی تھی کہ اگر آپ ﷺ حکم فرمائیں تو یہ پہاڑ سونا بن جائیں۔

شیخ الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ ایسی ہستی ہیں جن کے زیر سایہ بڑے بڑے علماء کرام نے تربیت حاصل کی۔ آپ اس مفہوم کو بڑے خوبصورت الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ ہم نے تصوف قیل و قال سے حاصل نہیں کیا' بلکہ بھوک' دنیا سے قطع تعلقی' پسندیدہ اور محبوب چیزوں کو ترک کرنے سے حاصل کیا ہے۔ کیونکہ تصوف اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنے تعلق کو جوڑنے کا نام ہے۔ اور اس کی بنیاد دنیا سے کنارہ کشی پر ہے۔ جس طرح کہ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا' میرا دل' دنیا سے دور ہو گیا ہے۔ رات جاگ کر گزارتا ہوں اور دن میں روزہ رکھتا ہوں۔[۴۹]

قطب ربانی غوث صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ اپنے مریدوں کو ابتداءِ سلوک میں مجاہدہ کا حکم فرماتے تھے۔ اور ان کو صبر اور سخت زندگی گزارنے کی تلقین فرماتے۔ اس کے بعد ان کو آہستہ آہستہ قلبی زہد کے مراتب کی طرف لے جاتے۔ حتیٰ کہ ان کے نزدیک اخذ و عطا اور فقر و غنا برابر ہو جاتا' اور اللہ کے سوا ہر چیز سے ان کا دل خالی ہو جاتا۔

صوفیائے کرام نے ان امور کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے جو مقام زہد تک پہنچنے کیلئے معاون و مددگار ہیں۔

(ا)------ اس بات کا یقین کر لینا کہ دنیا ڈھلتی چھاؤں اور عارضی خیال کی طرح ہے اور یقیناً ایک دن اس سے دارالبقا کی طرف کوچ کرنا ہے۔ وہاں انسان اپنے اعمال کا نتیجہ پالے گا۔ اگر اس کے اعمال اچھے ہوں گے تو جنت کی دائمی نعمتوں میں مقیم ہو جائے گا۔ اور اگر برے ہوں گے تو اس کا ٹھکانا نار جہنم ہو گا۔

حضرت عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم

Marfat.com

ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ "سورۃ الھکم التکاثر" پڑھ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' ابن آدم کہتا ہے' میرا مال' میرا مال۔ اے ابن آدم! تیرا مال تو وہی ہے جو تو نے کھایا اور فنا کر دیا۔ یا پہنا اور بوسیدہ کر دیا یا صدقہ کیا اور اس کو آگے بھیج دیا۔ (مسلم)

حضرت ابوالمواہب شاذلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دنیا کی محبت کے ساتھ مرید کی عبادت دل کو مشغول کرنے اور جسم کو تھکانے کے سوا کچھ نہیں۔ یہ عبادت اگرچہ کثیر ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک قلیل ہوتی ہے۔

(۲)------یہ یقین کر لینا کہ اس دنیا کے علاوہ بھی ایک جہاں (دار آخرت) ہے جو اس سے زیادہ قدر و عظمت والا ہے اسے دارالبقا کہتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى۔

(نساء;۷۷)

"(اے ترجمان حقیقت! انہیں) کہو دنیا کا سامان بڑا قلیل ہے اور آخرت زیادہ بہتر ہے اس کیلئے جو تقویٰ اختیار کئے ہوئے ہے"۔

یہی وجہ ہے کہ صوفیائے کرام اپنے مریدین کو دنیا سے اعراض کرنے' اخروی زندگی یعنی جنت اور اس کی نعمتوں کی طرف توجہ دینے اور ذات باری تعالیٰ کی طرف رغبت دینے کی تلقین فرماتے ہیں۔ اس طرح وہ ایثار' قربانی' مجاہدۂ نفس اور خواہشاتِ نفسانیہ پر غلبہ حاصل کرنے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہوئے تو اس عارضی زندگی کی رنگا رنگی ان کو اپنی طرف مائل نہ کر سکی۔ دنیا کی رونق اور دلکشی دیکھ کر وہ نعرہ مستانہ لگاتے تھے:

لا تنظرن الی القصور العامرہ — واذکر عظامک حین تمسی ناخرہ

واذا ذکرت زخارف الدنیا فقل — لبیک ان العیش عیش الاخرہ

(i)۔ "آباد محلات کی طرف نہ دیکھ۔ اپنی ہڈیوں کی طرف دیکھ جب یہ

Marfat.com

بوسیدہ ہو جائیں گی"۔

(ii)۔"اور جب تجھے دنیا کی زیب و زینت یاد آئے تو کہہ 'لبیک' یقیناً حقیقی زندگی تو آخرت کی زندگی ہے"۔

(۳)------ یہ یقین کرلینا کہ دنیا میں مومن کا زہد اس سے وہ چیز نہیں روک سکتا جو اس کے مقدر میں لکھی جا چکی ہے اور دنیا پر حریص ہونا ان کو وہ عطا نہیں کر سکتا جو اس کے مقدر میں نہیں لکھا گیا۔ پس جو چیز اس کی مقدر میں لکھی جا چکی ہے وہ اس کو مل کر رہے گی۔ اور جو چیز اس کے مقدر میں نہیں ہے وہ اس کو نہیں مل سکتی۔

خلاصہ کلام:

یہ ہے کہ زہد کا مقام ارفع و اعلیٰ ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی محبت کا سبب ہے۔ اسی وجہ سے کتاب و سنت نے اس کی دعوت' اور ائمہ کرام نے اس کی تعریف کی ہے۔ امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں "زہد کو لازم پکڑو' کیونکہ زہد' زاہد کیلئے خوبصورت عورت پر زیور سے بھی زیادہ حسین ہے"۔

یہی وجہ ہے کہ صوفیائے کرام نے مقام زہد تک رسائی حاصل کر کے اس کے مختلف مدارج کو طے کیا ہے۔ شیخ ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ نے زہد کے تین مدارج کو بیان فرمایا ہے۔(۱)۔ عوام الناس کا زہد۔(۲)۔ خواص کا زہد۔(۳)۔ خاص الخواص کا زہد۔

(۱)۔ عوام الناس کا زہد یہ ہے کہ وہ اپنی ضرورت سے زائد چیز کو ترک کردیں۔

(۲)خواص کا زہد یہ ہے کہ وہ ہر اس چیز کو ترک کردیں جو انہیں قرب الٰہی سے دور کرنے والی ہو۔

(۳)خاص الخواص کا زہد یہ ہے کہ وہ اپنے تمام اوقات میں ماسوئ اللہ سے اعراض کرتے ہیں۔

آپ فرماتے ہیں کہ زہد' راہ سلوک پر گامزن ہونے اور وصال الٰہی کا سبب

Marfat.com

ہے۔ اور دل کو یہ منزل اس وقت تک حاصل نہیں ہوتی، جب تک اس کا تعلق محبوب کے سوا کسی اور چیز سے ہوتا ہے۔[۵۰]

امام نووی رحمتہ اللہ علیہ صوفیائے کرام اور صالحین کی صفت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ان لله عبادا فطنا — طلقوا الدنیا وخافوا الفتنا
نظروا فیها فلما علموا — انها لیست لحی سکنا
جعلوها لجه واتخذوا — صالح الاعمال فیها سفنا

(i)۔ "اللہ تعالیٰ کے کچھ ہوشیار بندے ہیں جنہوں نے دنیا کو طلاق دے دی۔ اور اس کے فتنہ سے ڈر گئے"۔

(ii)۔ "انہوں نے اس میں غور و فکر کیا اور جب انہوں نے جان لیا کہ یہ کسی زندہ کی جائے سکونت نہیں ہے"۔

(iii)۔ "تو انہوں نے اس کو ایک سمندر گمان کیا۔ اور اپنے نیک اعمال کو اس میں کشتی بنالیا"۔

Marfat.com

رضا

تعریف:

علمائے کرام نے رضا کی متعدد تعریفات کی ہیں۔ ہر ایک نے اپنے مشرب اور مقام کے مطابق تعریف کی ہے۔ ان میں سب سے اہم تعریف سید میر جرجانی رحمتہ اللہ علیہ کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

الرضا سرور القلب بمر القضاء۔[۵۱]

"قضا کی تلخی میں دل کا سرور رضا کہلاتا ہے"۔

ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مسکراتے ہوئے مصائب کا استقبال کرنا رضا ہے۔ یا نزول قضا کے وقت دل کے سرور کو رضا کہتے ہیں' یا اللہ تعالیٰ کی قضاو قدر میں ترک اختیار کو رضا کا نام دیا جاتا ہے' یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے وارد ہونے والے امور پر انکار نہ کرنے اور ان پر شرح صدر کا مظاہرہ کرنے کو رضا کہتے ہیں۔[۵۲]

علامہ برکوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کسی چیز کے ملنے یا نہ ملنے دونوں حالتوں میں دل کے خوش رہنے کو رضا کہتے ہیں۔[۵۳]

حضرت ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دل کا ان

Marfat.com

اختیارات کی طرف دیکھنا جو اللہ تعالیٰ نے بندہ کو عطا فرمائے ہیں یعنی کسی امر پر ناراضگی کا اظہار نہ کرنا رضا ہے۔ شیخ محاسبی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ احکام الہیہ کے اجراء کے وقت سکون قلب کا نام رضا ہے۔

رضا ایک قلبی مقام ہے جب مومن اس مقام پر فائز ہوتا ہے تو مصائب اور حادثات کا استقبال ایمان راسخ، سکون قلب اور اطمینان نفس کے ساتھ کرتا ہے۔ بلکہ کبھی تو اس سے بھی ارفع و اعلیٰ مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے یعنی وہ قضا کی تلخی میں فرحت و سرور محسوس کرتا ہے۔ درحقیقت یہ اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس سے سچی محبت کا نتیجہ ہوتا ہے۔

رضا کی فضیلت:

رضا، صبر سے اعلیٰ مقام اور ارفع مرتبہ ہے۔ کیونکہ رضا روحانی طور پر اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کرنے کا نام ہے۔ اس سے عارف اس مقام پر پہنچ جاتا ہے کہ کائنات میں ہر اس چیز سے محبت کرنے لگتا ہے جو اللہ کے نزدیک پسندیدہ ہو حتیٰ کہ مصائب و آلام کو بھی رحمت اور خیر شمار کرتا ہے۔ ان کو بھی اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان سمجھ کر رضا کی آنکھ سے دیکھتا ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نزع کے عالم میں فرماتے تھے:

وافرحتاہ! غدا القی الاحبہ محمدا وصحبہ۔[۵۴]

"کتنی خوشی کا موقع ہے۔ کل محبوبوں یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے ملاقات ہوگی"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے کہ اللہ کی رضا پر راضی ہونے والا تمام لوگوں سے غنی ہوتا ہے۔ کیونکہ اسے لوگوں سے زیادہ سرور اور اطمینان حاصل ہوتا ہے اور اسی طرح غم و حزن اور پریشانی سے بھی بہت دور ہوتا ہے۔ کیونکہ غنا صرف کثرت مال سے حاصل نہیں ہوتی۔ بلکہ ایمان و رضا کے ساتھ دل کے غنی ہونے سے حاصل ہوتی ہے۔ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے:

اتق المحارم تکن اعبد الناس وارض بما قسم اللہ

Marfat.com

لک تکن اغنی الناس واحسن الی جارک تکن مومنا واحب للناس ماتحب لنفسک تکن مسلما لا تکثر الضحک فان کثرہ الضحک تمیت القلب۔ (ترمذی)

"محرمات سے بچ۔ تو تمام لوگوں سے زیادہ عبادت گزار بن جائے گا۔ اس پر راضی ہو جا جو اللہ تعالیٰ نے تیری قسمت میں لکھ دیا ہے تو تو تمام لوگوں سے زیادہ غنی ہو جائے گا۔ اپنے پڑوسی کے ساتھ احسان کر' تو تو حقیقی مومن بن جائے گا۔ لوگوں کیلئے وہ چیز پسند کر جو تو اپنے لئے پسند کرتا ہے تو تو حقیقی مسلمان بن جائے گا۔ کثیر ہنسنے سے اجتناب کر' کیونکہ یہ دل کو مردہ کر دیتا ہے"۔

رسول اللہ ﷺ نے بڑے خوبصورت انداز میں واضح کیا کہ رضا' مومن کی دنیوی و اخروی سعادت کا بہترین سبب ہے' جس طرح کہ عدم رضا دنیا و آخرت میں بدبختی کا سبب ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "ابن آدم کی سعادت اسی میں ہے کہ وہ اللہ کی قضا پر راضی رہے اور اس کی بدبختی کی علامت یہ ہے کہ وہ اس چیز کو ترک کر دے جو اللہ تعالیٰ نے اس کیلئے پسند کی ہے اور اللہ تعالیٰ کی قضا پر ناراضگی کا اظہار کرے"۔ (ترمذی)

رضا کی نعمت کی برکت سے ہی عارفین کے دل مطمئن اور پر سکون ہوتے ہیں اور رضا ہی اس مایوسی اور قنوط کی کیفیت کو ختم کرنے کا سبب ہے جو دنیاوی زندگی کی لذات کے عدم حصول میں غور و فکر کرنے سے پیدا ہوتی ہے جو کہ انسان کیلئے اضطراب و پریشانی کا باعث بنتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دلوں میں رضا کی اہمیت کو اجاگر کیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "جس نے صبح شام کے وقت یہ کہا کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کو اپنا رب اور اسلام کو اپنا دین اور محمد ﷺ کو اپنا رسول تسلیم کر لیا تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر واجب ہے کہ وہ اس کو راضی کر دے"۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس ورد کو پڑھنے پر بڑے حریص تھے اس طرح وہ اپنے دل میں پوشیدہ تسلیم و رضا کے جذبات کا اظہار کیا کرتے تھے۔

Marfat.com

آج کل بہت سے لوگ اپنی زبان سے اس کلمہ کا ورد تو کرتے ہیں لیکن ان کے دل مطمئن نہیں ہوتے اور نہ ہی اس کے گرانقدر معانی اور اس کے ارفع و اعلیٰ مقاصد کو سمجھتے ہیں۔ خصوصاً جب وہ مصائب و مشکلات میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور ان پر غم و حزن کے گہرے بادل سایہ فگن ہو جاتے ہیں۔ لیکن صرف زبان کے ساتھ ورد ان کو فائدہ نہیں دیتا' جب تک اس کی صدا دل کی گہرائیوں سے نہ نکلے' کیونکہ جو اللہ تعالیٰ کو اپنا رب تسلیم کر لیتا ہے اس پر لازم ہے کہ وہ اس کے مخلوق سے متعلقہ تمام امور پر راضی ہو جائے۔ یعنی اسے ہر حال میں راضی ہونا چاہیئے خواہ اللہ تعالیٰ اسے عطا کرے یا محروم۔ اسے بلند کرے یا پست۔ اسے نفع دے یا نقصان۔ اسے وصال اور قربت سے نوازے یا اپنے در سے دور کر دے۔ اسی طرح اسلام کو اپنا دین تسلیم کر لینے کے بعد یہ بات لازم ہے کہ وہ اس کے اوامر کو بجا لائے اور نواہی سے اجتناب کرے اور اس کے احکام کے سامنے سر تسلیم خم کرے' اگرچہ اسے اپنے نفس کی خواہش اور اپنی خاص مصلحت کی مخالفت کرنا پڑے۔ اور جو شخص محمد ﷺ کو اپنا نبی اور رسول تسلیم کر لیتا ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ آپ کی شخصیت کو اپنے لئے بہترین نمونہ قرار دے۔ آپ ﷺ کے آثار کی پیروی کرے اور آپ ﷺ کی سنت سے اپنے آپ کو آراستہ کرے اور اپنی نفسانی خواہش سے مجاہدہ کرے تاکہ وہ اسلامی احکام کے تابع ہو جائے اور اسے چاہیئے کہ اس کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کی ذات' والد' بیٹے' اپنی جان اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہو' جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین۔ (بخاری)

"تم میں سے کوئی بھی کامل مومن نہیں بن سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے والد' بیٹے اور تمام لوگوں سے محبوب نہ ہو جاؤں"۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جب یہ ارشاد سنا تو نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی' لانت یارسول اللہ ﷺ' احب الی من کل شیئی الا من

Marfat.com

نفسی۔ (یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ میرے نزدیک میری ذات کے علاوہ ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں)۔ تو آقا علیہ السلام نے ارشاد فرمایا' نہیں اے عمر' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں مری جان ہے حتیٰ کہ میں تیرے نزدیک تیری ذات سے بھی زیادہ محبوب ہو جاؤں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی' ہاں۔ اب مجھے یہ کیفیت حاصل ہو گئی ہے۔ قسم بخدا! آپ ﷺ میرے نزدیک میری ذات سے بھی زیادہ محبوب ہیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا' اے عمر رضی اللہ عنہ! اب ٹھیک ہے۔

جس نے اللہ تعالیٰ کو اپنا رب' اسلام کو اپنا دین اور حضرت محمد ﷺ کو اپنا نبی اور رسول تسلیم کر لیا۔ اس نے ایمان کا ذائقہ چکھ لیا اور یقین کی حلاوت پالی اور ابدی سعادت سے سرفراز ہوا۔ آقا علیہ السلام کا ارشاد ہے:

ذاق طعم الایمان من رضی باللہ ربا و بالاسلام دینا وبحمد نبیا۔

"اس نے ایمان کا ذائقہ چکھ لیا جو اللہ تعالیٰ کو اپنا رب' اسلام کو اپنا دین اور محمد ﷺ کو اپنا نبی ماننے پر راضی ہوا"۔

مگر وہ شخص جو ایمان کی لذت اور رضا کی نعمت سے محروم ہو' وہ ہمیشہ اضطراب و پریشانی میں مبتلا رہتا ہے۔ خصوصاً جب وہ کسی مصیبت سے دو چار رہتا ہے تو دنیا اس کیلئے تاریک اور زمین اپنی کشادگی کے باوجود تنگ ہو جاتی ہے۔ شیطان اس کے دل میں وسوسہ ڈالتا ہے کہ خودکشی کے علاوہ ان غموں سے چھٹکارے کا کوئی ذریعہ نہیں۔ اسی وجہ سے خودکشی کے حادثات واقع ہوتے ہیں اور دن بدن ان کی نسبت بڑھتی جارہی ہے' خصوصاً غیر مسلم ممالک اور بے دین معاشرے میں جہاں اسلام کی روشنی نہیں پہنچ سکی' خودکشی کی شرح بہت زیادہ ہے۔ اسی قسم کے لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى۔ (طٰہٰ: ۱۲۴)

Marfat.com

اس شخص پر بہت خوش ہوتا جو اسے دوائی دیتا ہے اگرچہ یہ دوائی بہت کڑوی ہی کیوں نہ ہو۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب بھی میں کسی مصیبت میں مبتلا ہوتا ہوں اس میں مجھ پر چار نوازشات ہوتی ہیں:

(i)۔ کہ یہ آزمائش میرے دین کے متعلق نہ تھی۔

(ii)۔ میں اس میں رضا سے محروم نہ رہا۔

(iii)۔ یہ آزمائش اتنی بڑی نہ تھی۔

(iv)۔ میں اس پر اجر و ثواب کا امیدوار ہوں۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ مقام رضا پر فائز فطرتی طور پر مصائب و آلام کو محسوس تو کرتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے لطف و احسان اور اس کی حکمتوں پر کامل یقین ہونے کی وجہ سے ان پر راضی رہتا ہے۔ کیونکہ اسے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہر فعل کے پس پردہ کوئی نہ کوئی حکمت مضمر ہوتی ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا۔

(نساء:۱۹)

اس وجہ سے اس کا غم مضمحل اور تعجب زائل ہو جاتا ہے۔ اور وہ جان لیتا ہے کہ اس کا تعجب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تعجب کی مثل ہے کہ انہوں نے یتیموں کی کشتی کو عیب دار کرنے، بچے کو قتل کرنے اور دیوار تعمیر کرنے کی وجہ سے حضرت خضر علیہ السلام پر تعجب کا اظہار کیا، لیکن جب حضرت خضر علیہ السلام نے ان حکمتوں سے آگاہ کر دیا۔ تو ان کا تعجب زائل ہو گیا۔ کیونکہ ان کا تعجب صرف اس بنا پر تھا کہ یہ حکمتیں ان پر مخفی تھیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے افعال کی حکمتیں بھی ہم پر مخفی ہیں۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ مومن کا دل جب اللہ تعالیٰ کی محبت سے معمور ہوتا ہے۔ اور وہ اس کی محبت میں دنیا و ما فیہا سے بے خبر ہوتا ہے تو وہ نہ تو مصیبت کے واقع ہونے کو محسوس کرتا ہے۔ اور نہ ہی اس پر درد و آلام۔ اور یہ حقیقت ہے کہ محبت کو وہی محسوس کر سکتا ہے جس نے کبھی محبت کا ذائقہ چکھا ہو۔

Marfat.com

لا یعرف الوجد الا من یکابدہ ولا الصبابہ الا من یعانیھا

"غم کو وہی محسوس کرتا ہے جو اس کو برداشت کر رہا ہو اور عشق کو وہی محسوس کرتا ہے جو اس میں مبتلا ہو"۔

اسی وجہ سے اس کا انکار وہی لوگ کرتے ہیں جن کی رسائی اس تک نہیں ہو سکتی۔

قال عمر بن قیس: احببت اللہ حبا ھون علی کل مصیبہ' ورضانی بکل بلیہ' فلا ابالی مع حبی ایاہ علام اصبحت و علام امسیت۔

"عامر بن قیس نے فرمایا کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے ایسی محبت کی ہے جس نے مجھ پر ہر مصیبت آسان کر دی۔ اور ہر آزمائش پر مجھے راضی کر دیا۔ محبت کی وجہ سے مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ میں نے کس حالت میں صبح کی اور کس حالت میں شام کی"۔

(۲)۔ اعتراض: بعض لوگوں نے اعتراض کیا ہے کہ مومن رضا کی وجہ سے فاسقین کے اعمال اور برے لوگوں کے احوال کو اچھا گمان کرنے لگتا ہے اور یہ چیز امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ترک کا سبب بنتی ہے۔

جواب: یہ اعتراض ان کی واضح جہالت کا ثبوت ہے۔ کیا یہ ممکن ہے کہ مومن اپنے رب کے احکام میں سے ایک اہم حکم اور دین اسلام کے اہم ستون یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو گرا دے۔ حالانکہ اسے یہ یقین ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر اسی وقت راضی ہو گا جب وہ دینی احکام کو بجا لائے گا اور اس کی شریعت کی اتباع کرے گا۔ مومن کے بارے میں یہ تصور کیا جا سکتا ہے کہ وہ کافر کے افعال پر راضی ہو جائے؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ اس پر راضی نہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلَا یَرْضٰی بِعِبَادِہِ الْکُفْرَ۔ (زمر:۷)

"اور وہ پسند نہیں کرتا اپنے بندوں سے ناشکری کو"

اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام پر راضی ہونے اور برے کام کو

Marfat.com

"اور فرمایئے عمل کرتے رہو پس دیکھے گا اللہ تعالیٰ تمہارے عملوں کو اور (دیکھے گا) اس کا رسول اور مومن"۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے رزق حلال کی تلاش کا حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ۔۔۔ (الملک:۱۵)

"وہی تو ہے جس نے نرم کر دیا ہے تمہارے لیئے زمین کو پس (اطمینان سے) چلو اس کے راستوں پر اور کھاؤ اس کے (دیئے ہوئے) رزق سے"۔

یہ رضا نہیں ہے کہ پیاسا پانی کی طرف ہاتھ نہ بڑھائے یہ گمان کرتے ہوئے کہ وہ پیاس پر راضی ہے جو کہ اللہ کی قضا ہے۔ یہ محض اس کا گمان اور جہالت ہے۔ کیونکہ اللہ کی قضا اور حکم یہ ہے کہ پیاس کو پانی کے ساتھ دور کیا جائے۔

جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے طاعون سے بچنے کیلئے مسلمانوں کے لشکر کو ملک شام میں داخل ہونے سے منع کیا تو حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے انہیں کہا کہ تم اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر سے بھاگتے ہو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں جواب دیا۔ اے ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ! کاش کہ یہ جملہ تمہارے علاوہ کوئی اور کہتا' ہاں' ہم اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر سے اسی کی قضا و قدر کی طرف فرار اختیار کر رہے ہیں۔ رضا بالقضاء شرعی حدود سے خارج ہونے کو مستلزم نہیں۔ بلکہ رضا بالقضاء کا مفہوم یہ ہے کہ انسان ظاہراً اور باطناً اللہ تعالیٰ پر اعتراض کو ترک کر دے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا و محبت کے حصول کیلئے اپنی پوری کوشش صرف کرے یعنی اس کے اوامر کو بجالائے اور نواہی سے اجتناب کرے۔

اختتامیہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے علاوہ تابعین کی حیات طیبہ ایسے واقعات سے بھری پڑی ہیں جو دلالت کرتے ہیں

Marfat.com

کہ یہ رضا کے اعلیٰ درجات پر فائز تھے۔ ان تمام واقعات کو ضبط تحریر میں لانا ممکن نہیں۔

طائف میں رسول اللہ ﷺ پر پتھروں کی بارش کی گئی حتیٰ کہ آپ ﷺ کے پاؤں مبارک خون آلود ہو گئے لیکن اس کے باوجود آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی۔ اے پروردگار! اگر تو مجھ پر ناراض نہیں ہے تو مجھے کوئی پرواہ نہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مکہ میں طرح طرح کی تکلیفیں دی جاتیں۔ لیکن وہ یہ تمام تکلیفیں اس طرح برداشت کرتے کہ ان کے دل راضی ہوتے' چہروں پر مسکراہٹ ہوتی اور زبانیں ذکر میں مصروف رہتیں۔

مروی ہے کہ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی ٹانگ کاٹ دی گئی اور اسی رات ان کا عزیز ترین بیٹا انتقال کر گیا۔ آپ کے ساتھی افسوس کیلئے حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا:

اللھم لک الحمد کان اولادی سبعہ فاخذت واحدا وابقیت ستہ وکان لی اطراف اربعہ فاخذت واحدا وابقیت ثلاثہ فلان کنت قداخذت فلقد اعطیت ولان کنت قد ابتلیت فقد عافیت۔

"اے اللہ! ساری تعریفیں تیرے لئے ہیں۔ میرے سات بچے تھے تو نے ان میں سے ایک لے لیا اور چھ کو باقی رکھا۔ میری چار اطراف تھیں ان میں سے تو نے ایک لے لی اور تین کو باقی رکھا۔ اگر تو نے آج مجھ سے کچھ لیا ہے تو یہ سب کچھ تو نے ہی تو عطا کیا تھا۔ اگر تو نے مجھے آج آزمائش میں مبتلا کیا ہے تو تو نے مجھے عافیت بھی بخشی تھی"۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے لئے خوشی کا کوئی موقع نہیں سوائے قدر کے واقع ہونے کے وقت۔ آپ سے عرض کی گئی کہ آپ کیا چیز پسند کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا' اللہ تعالیٰ کی قضا۔

اللہ تعالیٰ اپنے بندہ سے اسی وقت راضی ہوتا ہے جب بندہ اپنے تمام اقوال وافعال میں اپنے رب سے راضی ہو جائے پھر اس وقت طرفین سے رضا کا تبادلہ ہوتا

Marfat.com

ہے۔ جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس فرمان میں اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡھُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡہُ (بینہ:۸)

"اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اس سے راضی"

صوفیائے کرام نے رضا کی ان دونوں قسموں میں باہمی ربط اور تعلق کے راز کو پالیا تھا۔ حضرت سفیان ثوری رحمتہ اللہ علیہ ایک دن رابعہ عرویہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف فرما تھے۔ آپ نے فرمایا' اے اللہ! تو مجھ سے راضی ہو جا۔ تو انہوں نے فرمایا: اے ابو سفیان! تجھے اللہ سے حیا نہیں آتی کہ تم اس سے رضا کا سوال کرتے ہو' حالانکہ تم اس سے راضی نہیں ہو۔ تو حضرت سفیان رضی اللہ عنہ کہنے لگے' استغفر اللہ۔[۵۵]

بندے سے اللہ کی رضا یہ بڑا ہی بلند اور ارفع و اعلیٰ مرتبہ اور بڑا عظیم عطیہ ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَسٰکِنَ طَیِّبَۃً فِیۡ جَنّٰتِ عَدۡنٍ وَرِضۡوَانٌ مِّنَ اللّٰہِ اَکۡبَرُ۔

(توبہ:۷۲)

"نیز (وعدہ کیا ہے) پاکیزہ مکانات کا سدا بہار باغوں میں اور رضائے خداوندی ان سب نعمتوں سے بڑی ہے"۔

یقیناً جنت کے رب کی رضا جنت سے اعلیٰ ہے۔ بلکہ یہی تو اہل جنت کا مطلوب و مقصود ہے جس طرح کہ حدیث پاک میں ہے۔ اللہ تعالیٰ اہل جنت کو ارشاد فرمائے گا۔ اے اہل جنت! اور وہ کہیں گے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم حاضر ہیں۔ وہ ارشاد فرمائے گا' کیا تم مجھ پر راضی ہو؟ تو اہل جنت عرض کریں گے۔ یا رب! ہم تجھ پر کیوں نہ راضی ہوں تو نے ہمیں ان انعامات سے نوازا ہے جو تو نے اپنی مخلوق میں کسی پر نہیں فرمائے۔ تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا' میں تمھیں اس سے بھی افضل انعام عطا فرمانے والا ہوں۔ تو عرض کریں گے۔ اے پروردگار! اس سے افضل کون سا انعام ہے؟ تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا۔ میں تم پر اپنی رضا کو حلال کرتا ہوں اس کے بعد میں کبھی تم سے ناراض نہیں ہوں گا۔ (بخاری)

Marfat.com

توکل

تعریف:

سید شریف جرجانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

التوکل ھو الثقہ بما عنداللہ والیأس عما فی ایدی الناس۔[۵۶]

"جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اس پر اعتماد کرنے اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے مایوسی کا نام توکل ہے"۔

عارف باللہ ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

التوکل ثقہ القلب باللہ حتی لا یعتمد علی شیئی سواہ۔

"اللہ تعالیٰ پر دل کے اعتماد کرنے اور اس کے سوا کسی چیز پر اعتماد نہ کرنے کا نام توکل ہے۔ یا اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق جوڑنے اور ہر شے میں اس کے ساتھ تعلق جوڑنے کا نام توکل ہے۔ یہ یقین کرتے ہوئے کہ وہ ہر شے کو جاننے والا ہے"۔

اور تمھیں اس بات کا یقین ہو جائے جو کچھ اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ تیرے ہاتھ میں پائی جانے والی چیز سے زیادہ بہتر ہے۔[۵۷]

Marfat.com

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے: غیر سے دل کے تعلق کو توڑ کر اللہ تعالیٰ پر کامل اعتماد اور تمام امور میں اسی کی طرف رجوع کرنے کا نام توکل ہے۔[۵۸]

حضرت ابو سعید خراز رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: توکل' اللہ تعالیٰ کی تصدیق' اس پر اعتماد' اسی کی ذات کے ساتھ اپنے سکون و اطمینان کو وابستہ کرنے اور اپنے دل سے امور دنیا' رزق وغیرہ کا خیال نکالنے کو کہتے ہیں۔[۵۹]

توکل اپنے تمام امور کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنے اور تمام احوال میں اسی کی طرف رجوع کرنے اور اپنی قوت و طاقت سے دستبردار ہونے کا نام ہے۔

سابقہ تعریفات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ توکل قلبی مقام ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے اور وسائل و اسباب کو بروئے کار لا کر کام کو سرانجام دینے میں کوئی تعارض نہیں۔ کیونکہ توکل کا محل دل ہے اور اسباب و وسائل کا محل بدن ہے۔ ایک کامل مومن عمل کو کیسے ترک کر سکتا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے کثیر آیات کریمہ میں اور رسول اللہ ﷺ نے احادیث طیبہ میں اس کا حکم فرمایا ہے۔ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ اور عرض کی' یارسول اللہ ﷺ !میں اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے اپنی اونٹنی کو کھلا نہ چھوڑ دوں۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' اعقلھا و توکل۔ (اس کے پاؤں کو باندھ دو اور پھر اللہ تعالیٰ پر توکل کرو)۔

اسی لئے علماء کرام نے اسباب و ذرائع کو ترک کرنے اور طلب رزق حلال میں کوشش نہ کرنے کو سستی اور کاہلی شمار کیا ہے۔ جس کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ اسی طرح صوفیاء کرام نے غلط افکار کی تصحیح اور شبہات کو دور کرنے کیلئے واضح طور پر فرمایا ہے کہ تصوف' اسلام کو حقیقی طور پر سمجھنے کا نام ہے۔

امام قشیری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ توکل کا محل دل ہے۔ اور ظاہری حرکت توکل کے منافی نہیں۔ خصوصاً جب بندہ اس بات پر یقین کر لیتا ہے کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقدر ہے۔ اگر کسی چیز کا حصول مشکل ہو تو یہ بھی اسی کے حکم سے ہے اور اگر کوئی چیز آسانی سے حاصل ہو جائے تو یہ بھی اسی کے فضل و احسان سے

Marfat.com

ہے۔[۶۰]

امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بعض جہلاء یہ گمان کرتے ہیں کہ کسب حلال کو ترک کرنا اور بیماری کا علاج نہ کرنا اور اپنے آپ کو ہلاکت کے سپرد کرنا توکل کی شرائط میں سے ہے۔ لیکن یہ محض خطا ہے۔ کیونکہ یہ چیز شرعاً حرام ہے۔ شرع نے توکل کی تعریف کی ہے اور اس کو اپنانے کی دعوت دی ہے تو یہ چیز حرام کے ارتکاب سے کیونکر حاصل ہوگی۔[۶۱]

صوفیائے کرام نے بھی اس انتہائی دقیق نکتہ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ مومن کیلئے ضروری ہے کہ وہ تمام اعمال میں اسباب و وسائل کو بروئے کار لائے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ وہ دلی طور پر اس پر کامل اعتماد نہ کرے۔

قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ محققین صوفیائے کرام کے نزدیک اپنی ضروریات کے حصول کیلئے کوشش کرنا واجب ہے۔ اور یہ توکل کے منافی نہیں۔ لیکن کلی طور پر اسباب پر اعتماد اور دل کا ان کی طرف متوجہ ہونا توکل کے منافی ہے۔ کیونکہ اسباب کو بروئے کار لانا اللہ تعالیٰ کی سنت اور اس کی حکمت ہے۔ اور مومن کو کامل یقین ہونا چاہیئے کہ یہ اسباب نفع و نقصان کا باعث نہیں ہیں بلکہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

توکل کی فضیلت اور اس کے آثار:

توکل ایمان کامل کا نتیجہ اور معرفت الٰہی کا ثمر ہے اور جس قدر بندے کو اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کی معرفت حاصل ہوگی اسی قدر اس کا توکل مضبوط ہو گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر حقیقی توکل اسے ہی حاصل ہو سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو فاعل نہ سمجھے۔ اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے والا اسی کی وجہ سے سربلند ہوتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے سامنے نہیں جھکتا۔ اسے اپنے مولیٰ پر کامل اعتماد ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے علاوہ کسی اور سے سوال نہیں کرتا۔ بزرگوں کا قول ہے کہ مرید کیلئے مناسب نہیں ہے کہ وہ بندوں کے سامنے دامن طلب دراز کرے۔

Marfat.com

حالانکہ اس کی ہر ضرورت اس کا مولا پوری کرتا رہتا ہے۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے توکل کو ایمان کے ساتھ ملایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(۱)۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ (مائدہ:۲۳)

"اور اللہ پر بھروسہ کرو اگر ہو تم ایماندار"۔

(۲)۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ (ابراہیم:۱۱)

"اور مومنوں کو فقط اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے"۔

جو بندہ اللہ تعالیٰ پر مکمل توکل اور صدق دل سے اس کی بارگاہ میں رجوع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی محبت سے نوازتا ہے۔ اور اس کے تمام مصائب و تکالیف کو دور کر کے اس کے دل کو غنا اور یقین سے بھر دیتا ہے۔ اور اس کے ظاہر کو عفت اور جود و کرم سے آراستہ کر دیتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ۔ (آل عمران:۱۵۹)

"بے شک اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے توکل کرنے والوں سے"۔

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ۔ (الطلاق:۳)

"اور جو (خوش نصیب) اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے تو اس کیلئے وہ کافی ہے"۔

توکل دل میں سکون و اطمینان پیدا کرتا ہے خصوصاً مصائب و آلام کے وقت صاحب توکل کا دل انتہائی پرسکون اور مطمئن رہتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تو آپ نے یہ وظیفہ "حسبنا اللہ ونعم الوکیل" پڑھا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی وظیفہ پڑھا جب لوگوں نے کہا:

اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ (آل عمران:۱۷۳)

"بلا شبہ کافروں نے جمع کر رکھا ہے تمہارے لئے (بڑا سامان اور لشکر) سو ڈرو ان سے تو (اس دھمکی نے) بڑھا دیا ان کے جوش ایمان کو اور انہوں نے کہا، کافی

Marfat.com

ہے ہمیں اللہ تعالیٰ اور وہ بہترین کارساز ہے"۔

اللہ تعالیٰ پر حقیقی توکل کرنے والا اس کی قضا پر راضی ہوتا ہے۔ اور اس کے حکم کے سامنے اپنا سر تسلیم خم کر دیتا ہے۔ اور اسے اطمینان قلب کی دولت نصیب ہوتی ہے۔

حضرت بشر حافی فرماتے ہیں' جب تم میں سے کوئی کہتا ہے کہ میں نے اللہ پر توکل کیا تو وہ اکثر اوقات اپنے اس قول میں جھوٹا ہوتا ہے کیونکہ وہ اگر اللہ تعالیٰ پر حقیقی توکل کرتا تو اللہ تعالیٰ کے ہر فعل پر راضی رہتا۔

رسول اللہ ﷺ نے توکل کی تعریف فرمائی ہے اور مومن کی زندگی میں اس کی اہمیت اور قدر و قیمت کو بیان فرمایا ہے۔ توکل ہی مومن کے دل میں اطمینان و سکون پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لو توکلتم علی اللہ حق توکلہ لرزقکم کما یرزق الطیر' تغدو خماصا وتروح بطانا۔ (ترمذی)

"اگر تم اللہ تعالیٰ پر حقیقی توکل کرتے تو وہ تمھیں رزق دیتا جس طرح پرندوں کو رزق دیتا ہے کہ وہ صبح خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھر کر لوٹتے ہیں"۔

اس حدیث پاک میں اس بات کیطرف اشارہ ہے کہ توکل اسباب کے منافی نہیں ہے۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ پرندے توکل کر کے گھونسلوں میں بیٹھے رہتے ہیں بلکہ یہ ارشاد فرمایا کہ پرندے اپنے رب پر توکل و اعتماد کر کے رزق کی تلاش میں نکل جاتے ہیں یعنی وہ تلاش رزق میں سستی نہیں کرتے۔ اسی وجہ سے وہ غم و حزن سے مامون رہتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے امت اسلامیہ کو ہر حال میں توکل کرنے پر رغبت دلائی ہے خصوصاً جب انسان اپنے گھر سے نکلتا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' جب انسان اپنے گھر سے نکلتے ہوئے یہ کلمات" بسم اللہ توکلت علی اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ" پڑھتا ہے تو اسے ندا دی جاتی ہے کہ تو ہدایت یافتہ ہو

Marfat.com

گیا اور تجھے ہر غم سے نجات مل گئی اور تجھے ہر قسم کے شر سے محفوظ کر لیا گیا۔ اور شیطان اس سے دور بھاگ جاتا ہے۔ اور دوسرے شیطان سے کہتا ہے کہ تو اس شخص پر کیسے غلبہ حاصل کر سکتا ہے جو ہدایت یافتہ ہو اور جسے ہر غم سے نجات اور ہر شر سے اس کی حفاظت کر دی گئی ہو۔ (ابو داؤد۔ ترمذی۔ نسائی)

مراتب توکل:

توکل میں لوگوں کے مختلف مراتب ہیں۔ کیونکہ توکل بھی دوسرے مقامات سلوک کی طرح ہے۔ مومن اپنی معرفت کے مطابق اس کے مراتب میں ترقی کرتا جاتا ہے۔ اس لئے امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ اور ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ جیسے عارفین نے توکل کے تین مراتب بیان کئے ہیں۔

(۱)۔ اس کا سب سے ادنیٰ مرتبہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تیرا تعلق اس طرح ہو جس طرح کہ موکل اپنے شفیق اور مہربان وکیل کے ساتھ۔

(۲)۔ اس کا درمیانی مرتبہ یہ ہے کہ تیرا تعلق اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس طرح ہو کہ جس طرح بچہ اپنی ماں کے ساتھ کہ وہ اپنے تمام امور میں اپنی ماں کی طرف رجوع کرتا ہے۔

(۳)۔ اس کا سب سے اعلیٰ مرتبہ یہ ہے کہ تیرا تعلق اللہ کے ساتھ اس طرح ہو کہ جس طرح مریض کا ڈاکٹر کے ساتھ ہوتا ہے۔

ان تینوں مراتب میں فرق یہ ہے کہ پہلے مرتبہ میں تہمت کا خطرہ ہوتا ہے۔ دوسرے مرتبہ میں تہمت کا خطرہ نہیں ہوتا لیکن وہ ضرورت کے وقت اپنی ماں کی طرف رجوع کرتا ہے۔ جبکہ تیسرے مرتبہ میں یہ دونوں چیزیں مفقود ہیں۔ کیونکہ وہ اپنی ذات سے بے خبر ہر لحظہ یہ دیکھ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ کیا سلوک کر رہا ہے۔[۶۲]

خلاصہ:

Marfat.com

خلاصہ کلام یہ ہے کہ توکل' ایمان و معرفت کے عظیم ثمرات اور اطمینان و سکون کے اہم اسباب میں سے ہے۔ صوفیائے کرام نے ہی اس کے صحیح مفہوم کو سمجھا ہے۔ اور لوگوں کو آگاہ کیا ہے کہ توکل اسباب و وسائل کو ترک کرنے کا نام نہیں' بلکہ توکل اپنی امید کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ وابستہ کرنے' اس کی تدبیر و حکمت پر مکمل اعتماد کرنے اور دل کو اسباب سے لاتعلق کرنے کا نام ہے۔ کیونکہ صرف اسباب اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی فائدہ نہیں دے سکتے۔

صوفیائے کرام توکل کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہوتے ہیں۔ ان کے دل اللہ تعالیٰ پر مطمئن اور اس پر اطمینان اور مکمل اعتماد و یقین کرتے ہیں۔ اور اسی کی بارگاہ میں متوجہ ہو کر اس سے مدد طلب کرتے ہیں۔ کیونکہ انہیں کامل یقین ہوتا ہے کہ کائنات میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی فاعل حقیقی نہیں۔ یہ تو ان کے قلوب کی کیفیت ہے مگر ان کے ابدان' اللہ تعالیٰ کے حکم' نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع و پیروی میں اسباب و وسائل کو بروئے کار لانے میں مصروف ہوتے ہیں۔

Marfat.com

شکر

تعریف:

علماء نے شکر کی کثیر تعریفات کی ہیں۔ ان میں سے بعض اہم کو یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

الشکر ھو عکوف القلب علی محبہ المنعم والجوارح علی طاعتہ وجریان اللسان بذکرہ والثناء علیہ۔[۶۳]

"شکر یہ ہے کہ دل محسن کی محبت کی طرف متوجہ ہو' اعضاء اس کی طاعت و فرمانبرداری میں مصروف ہوں۔ اور زبان اس کے ذکر اور حمد و ثنا میں مشغول ہو"۔

ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ھو فرح القلب بحصول النعمہ مع صرف الجوارح فی طاعہ المنعم والاعتراف بنعمہ المنعم علی وجہ الخضوع۔[۶۴]

"محسن کی اطاعت میں اعضاء و جوارح کو مصروف کرنے کے ساتھ ساتھ حصول نعمت پر دل کے خوش ہونے اور عاجزی و انکساری کے طور پر محسن کی نعمت۔

Marfat.com

اعتراف کرنے کو شکر کہتے ہیں"۔

سید شریف جرجانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بندے کا اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ سمع و بصر وغیرہ تمام نعمتوں کا رب کی منشا کے مطابق صرف کرنے کا نام شکر ہے۔

علامہ ابن علان صدیقی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شکر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے اعتراف کرنے اور اس کی خدمت کے سرانجام دینے کو کہتے ہیں۔ اور جس میں یہ وصف کثرت سے پایا جائے اسے شکور کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ۔ (سبا:۱۳)

"اور بہت کم ہیں میرے بندوں سے جو شکر گزار ہیں"۔

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا ان گنت اور بے شمار ہونا کسی پر مخفی نہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا۔ (ابراھیم:۳۴)

"اور اگر تم گننا چاہو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو تو تم ان کا شمار نہیں کر سکتے"۔

ان نعمتوں کو تین اہم اقسام میں منقسم کیا جا سکتا ہے۔

(۱)۔ دنیاوی نعمتیں۔ جیسے صحت و عافیت اور مال حلال وغیرہ۔

(۲)۔ دینی نعمتیں۔ جیسے علم و عمل، تقویٰ اور معرفت الٰہی وغیرہ۔

(۳)۔ اخروی نعمتیں۔ جیسے عمل قلیل پر عطائے کثیر۔

دینی نعمتوں میں سب سے عظیم ترین نعمت جس پر شکر کرنا ضروری ہے وہ ایمان و اسلام اور معرفت الٰہی کی نعمت ہے۔ اور اس کا شکر یہ ہے کہ مومن کو چاہیئے کہ یہ عقیدہ رکھے کہ یہ تمام نعمتیں بغیر کسی واسطہ کے اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و احسان ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(۱)۔ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ۔ (حجرات:۷)

"لیکن اللہ تعالیٰ محبوب نے بنا دیا ہے تمہارے نزدیک ایمان کو اور آراستہ

Marfat.com

کر دیا ہے اسے تمہارے دلوں میں"۔

(۲)۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ۔ (نور:۲۱)

"اور اگر نہ ہوتا تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تو نہ بچ سکتا تم میں سے کوئی بھی ہرگز"۔

مومن جب اس عظیم کائنات اور اس میں پھیلی ہوئی اللہ تعالیٰ کی عظیم نشانیوں میں غور و فکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی مزید نعمتوں سے مطلع ہوتا ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاتا ہے۔ اور یہ چیز اللہ تعالیٰ سے محبت کا سبب بنتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی بعض نعمتیں ایسی ہیں جو اللہ تعالیٰ ہم پر اپنے نیک بندوں کے واسطہ سے کرتا ہے۔ جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ کے ذریعے ہم پر اپنا فضل و احسان کیا ہے اور اسی طرح ہمارے والدین اور ہمارے شیوخ و مربین کے ذریعے احسان فرماتا ہے۔ پس مومن کیلئے ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ کیونکہ وہی منعم حقیقی ہے۔ جس نے ہمارے لئے لوگوں کے ذریعے نیکی کے راستوں کو آسان کیا۔ یہ لوگ صرف واسطہ ہیں اور منعم حقیقی وہی ذات ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

مَا بِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ۔ (نحل:۵۳)

"اور تمہارے پاس جتنی نعمتیں ہیں وہ تو اللہ کی دی ہوئی ہیں"۔

اسی طرح مومن کیلئے ضروری ہے کہ وہ اس کا شکریہ ادا کرے جس کو اللہ تعالیٰ نے نعمت کا سبب بنایا ہے' جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

- لا یشکر اللہ من لا یشکر الناس۔ (ابو داود)

"جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا شکر نہیں کر سکتا"۔

اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے شکر کے ساتھ ساتھ والدین کا شکریہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے جن کو ہماری پیدائش کا ذریعہ اور بہت سی نعمتوں کا واسطہ بنایا۔ ارشاد فرمایا:

اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ۔ (لقمان:۱۴)

Marfat.com

ہوں گا تو تیرا شکر اور حمد و ثنا بجالاؤں گا"۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی رغبت دلائی گئی ہے جس طرح حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ایک بندہ نے کہا' اے پروردگار! تمام تعریفیں تیرے لئے ہیں جیسے تیرے مرتبہ و جلال اور عظیم قدرت کے مناسب ہے۔ ان کلمات نے فرشتوں کو مشکل میں ڈال دیا۔ انہیں معلوم نہیں تھا کہ وہ انہیں کیسے لکھیں۔ وہ آسمان کی طرف پرواز کر گئے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی' اے پروردگار! تیرے ایک بندہ نے کچھ کلمات کہے ہیں۔ ہمیں معلوم نہیں کہ ہم انہیں کیسے لکھیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میرے بندہ نے کیا کہا ہے؟ حالانکہ وہ بہتر جاننے والا ہے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ بندہ نے کہا ہے: یارب' لک الحمد کما ینبغی لجلال وجھک و عظم سلطانک۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان فرشتوں کو فرمایا' ان کلمات کو اسی طرح لکھ دو' جس طرح میرے بندہ نے کہا ہے۔ حتیٰ کہ جب وہ مجھ سے ملے گا تو میں خود اسے ان کلمات کا اجر و ثواب عطا فرماؤں گا۔

(۲)۔ ارکان کا شکر: اس سے مراد یہ ہے کہ بندے کا عمل خالص اللہ تعالیٰ کیلئے ہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس ارشاد

اعملوا ال داود شکرا۔ (سبا:۱۳) میں اشارہ فرمایا ہے کہ شکر ہی عمل ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عملی طور پر اس کی وضاحت فرمادی۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا:

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقوم من اللیل حتی تنفطر قدماہ' فقلت لہ لم تصنع ھذا' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! وقد غفرلک ما تقدم من ذنبک وما تاخر۔ قال' افلا اکون عبدا شکورا۔ (بخاری۔ مسلم)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قیام اللیل فرمایا کرتے تھے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں مبارک متورم ہو گئے میں نے عرض کی' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کیوں

Marfat.com

کرتے ہیں؟ حالانکہ آپ ﷺ "----------" آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں؟۔(الحدیث)

(۳)دل کا شکر: اس سے مراد یہ ہے کہ تجھے یقین ہو کہ تجھ پر اور مخلوق خدا پر تمام نعمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَا بِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ۔ (نحل:۵۳)

"اور تمہارے پاس جتنی نعمتیں ہیں وہ تو اللہ کی دی ہوئی ہیں"۔

یہ نعمتیں کہیں تجھے محسن و منعم سے دور نہ کر دیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے بچنے کا یہ طریقہ ارشاد فرمایا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' جس نے صبح کے وقت یہ کلمات کہے' اس نے اپنے پورے دن کا شکر ادا کر دیا:

اللهم ما اصبح لی من نعمه او باحد من خلقك فمنك وحدك لا شريك لك فلك الحمد ولك الشكر۔ اور جس نے یہی کلمات شام کیوقت کہے اس نے اپنی رات کا شکر ادا کر دیا۔ (ابو داؤد--نسائی)

مروی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی' اے اللہ! تو نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنے دست قدرت سے پیدا کیا پھر اس میں تو نے اپنی خاص روح پھونکی اور اپنے فرشتوں سے سجدہ کرایا اور اسے تمام اشیاء کا علم عطا فرمایا اور بہت سی نعمتوں سے نوازا تو اس نے تیرا شکریہ کیسے ادا کیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا' اس نے جان لیا کہ یہ تمام نعمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ تو اس کا یہ جان لینا بھی شکر کرنے کے مترادف ہے۔[۶۵]

مومن کو یہ خیال کرنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے شکر اور اس کی حمد و ثنا کی توفیق اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ جس طرح کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اے پروردگار! میں تیرا شکریہ کیسے ادا کر سکتا ہوں حالانکہ میرا شکر ادا کرنا بھی تو تیری ایک نعمت ہے جس پر شکریہ واجب ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا' اے داؤد! اب تو نے میرا شکریہ ادا کیا ہے۔

Marfat.com

شکر کرنے والوں کے مراتب:

شکر کرنے والوں کے مراتب درج ذیل ہیں:

(۱)۔ عوام کا شکر: عوام فقط نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔

(۲)۔ خواص کا شکر: خواص نعمتوں اور آزمائشوں و ابتلاء میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ اور اپنے تمام احوال میں اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کی تعریف کی ہے جس پر جب کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے تو وہ اس کا سامنا اپنی زبان سے حمد و ثنا اور دل سے رضا کے ساتھ کرتا ہے اور شیطان کو موقع نہیں دیتا کہ وہ دل میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوسی کو ڈال دے۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اذا مات ولد العبد قال الله لملائكته' قبضتم ولد عبدی' فیقولون' نعم۔ فیقول فماذا قال عبدی؟ فیقولون:حمدك واسترجع' فیقول الله تعالی:ابنوا العبدی بیتا فی الجنه وسموه بیت الحمد۔ (ترمذی)

"جب کسی بندے کا بچہ فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کو فرماتا ہے کیا تم نے میرے بندہ کے بچے کی روح کو قبض کر لیا' فرشتے عرض کرتے ہیں' ہاں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔ میرے بندے نے کیا کہا۔ وہ عرض کرتے ہیں' اس نے تیری حمد و ثنا بیان کی۔ اور کہا' اناللہ وانا الیہ راجعون۔ تو اللہ تعالیٰ حکم فرماتا ہے کہ میرے بندے کیلئے جنت میں ایک گھر تعمیر کر دو۔ اور اس کا نام بیت الحمد رکھو"۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا' سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے کیلئے ان لوگوں کو بلایا جائے گا جو تنگی اور خوشحالی دونوں حالتوں میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرتے ہوں۔ (المستدرک)

Marfat.com

(۳)۔ خاص الخواص کا شکر: یہ لوگ منعم اور محسن کی ذات میں اس طرح فنا ہوتے ہیں کہ انہیں نعمت اور آزمائش کا خیال ہی نہیں رہتا۔ اسی مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت شبلی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا:

الشکر رویہ المنعم لا رویہ النعمہ۔

"شکر، منعم کا خیال کرنا ہے نہ کہ نعمت کا"۔

شکر کی فضیلت:

شکر تمام مقامات سے اعلیٰ و ارفع مقام ہے کیونکہ یہ دل، زبان اور اعضاء و جوارح کو شامل ہوتا ہے اور اسی طرح صبر، رضا، حمد اور ان کے علاوہ بہت سی بدنی اور قلبی عبادات اس میں داخل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں شکر کا حکم دیا ہے اور اس کی ضد یعنی کفر و ناشکری سے منع کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ۔ (بقرہ: ۱۵۲)

"اور شکر ادا کیا کرو میرا اور میری ناشکری نہ کیا کرو"۔ شکر رسل کرام علیہم الصلوہ والسلام کی عظیم صفات میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ کو اس صفت سے متصف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا وَّلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ۔ (النحل: ۱۲۱)

"بلا شبہ ابراہیم ایک مرد کامل تھے اللہ تعالیٰ کے مطیع تھے۔ یکسوئی سے حق کیطرف مائل تھے اور وہ (بالکل) مشرکوں سے نہ تھے وہ (ہر لحہ) شکر گزار تھے اللہ کی نعمتوں کیلئے"۔

نیز اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو فرمایا:

اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا۔ (الاسراء: ۳)

"بے شک نوح علیہ السلام ایک شکر گزار بندہ تھا"۔

محبوب خدا ہمارے آقا و مولا رسول اللہ ﷺ عبادت اور قیام اللیل میں

Marfat.com

انتہائی کوشش کرتے اور مشقت برداشت فرماتے۔ اور بڑے خشوع و خضوع سے اور تمام دنیا سے کٹ کر اس کی بارگاہ میں حاضر ہوتے۔ اور جب آپ ﷺ کو اس کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے جواب دیا' کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ سائل نے یہ گمان کیا تھا کہ آپ ﷺ کی عبادت طلب مغفرت کیلئے تھی لیکن رسول اللہ ﷺ کے جواب نے سائل کی توجہ مقام شکر کی طرف دلائی جو مقامات عبدیت میں سب سے اعلیٰ مقام ہے۔ جس طرح رسول اللہ ﷺ خود شکر کے مقام رفیع پر فائز تھے۔ اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر مومنین کو اس مقام تک رسائی حاصل کرنے کی دعوت دیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے انہیں حکم فرمایا کہ ہر نماز کے بعد دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ذکر و شکر کی توفیق عطا فرمائے۔ آپ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

اوصیک یا معاذ لا تدعن فی دبر کل صلوہ تقول: اللھم اعنی علی ذکرک وشکرک وحسن عبادتک۔

(ابو داود' نسائی' مستدرک ج ا' ص ۴۹۹)

"اے معاذ! میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ ہر نماز کے بعد اس دعا کو ترک نہ کرنا۔ اے اللہ! اپنے ذکر' شکر اور حسن عبادت پر میری اعانت فرما"۔

مقام شکر اعلیٰ و ارفع مقام ہے اس کا حصول انتہائی مشکل اور کٹھن ہے۔ اس کے حصول کیلئے مجاہدات اور مراقبات کے ساتھ ساتھ صدق' صبر اور استقامت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شاکرین کی تعداد انتہائی قلیل ہے۔ کیونکہ کریم لوگ قلیل ہی ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن کریم میں شاکرین کی قلت کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا:

قَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ۔ (سبا: ۱۳)

"بہت کم ہیں میرے بندوں سے جو شکر گزار ہیں"۔

اور اسی طرح فرمایا کہ لوگ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان اور انعام و اکرام کے باوجود بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کرتے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

Marfat.com

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ۔ (نمل:۷۳)

"اور بے شک آپ کا رب بہت فضل و کرم فرمانے والا ہے لوگوں پر، لیکن اکثر لوگ ناشکری کرتے ہیں"۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں اپنی عظیم نعمتوں اور احسانات کا ذکر فرماتا ہے، اور انہیں کائنات میں غور و فکر کرنے کی دعوت دیتا ہے، تاکہ ہم ان عظیم نعمتوں کا ادراک کر سکیں جو ہمارے ارد گرد پھیلی ہوئی ہیں اور جن کو شمار کرنے اور احاطہ کرنے سے انسان عاجز ہے۔ اس کا مقصد صرف یہی ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں جس طرح کہ اس کا شکر کرنے کا حق ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔ (نحل:۷۸)

"اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں نکالا ہے تمہاری ماؤں کے شکموں سے اس حال میں کہ تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور بنائے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل تاکہ تم شکر ادا کرو"۔

چالیس سال کی عمر میں انسان کا شعور پختہ ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے کہ جب انسان اس عمر کو پہنچتا ہے اور اپنے ارد گرد پھیلی ہوئی نعمتوں میں غور و فکر کرتا ہے اور اس کے فضل و احسان کا مشاہدہ کرتا ہے تو اپنا دامن طلب دراز کر کے اپنے مولیٰ کی بارگاہ میں دعا کرتا ہے کہ مولا! مجھے ان نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرما۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

حَتّٰى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً۔ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ۔ (احقاف:۱۵)

"حتیٰ کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچا اور چالیس برس کا ہو گیا تو اس نے

Marfat.com

عرض کی اے میرے رب! مجھے والہانہ توفیق عطا فرما کہ میں شکر ادا کرتا رہوں تیری اس نعمت کا جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر فرمائی ہے اور میں ایسے نیک کام کروں جن کو تو پسند فرمائے"۔

رسول اللہ ﷺ نے اللہ کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو کر اس کی نعمتوں پر شکر ادا کرنے والے کو عبادات کی مشقت پر صبر کرنے والے کے قائم مقام قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

الطاعم الشاکر بمنزلہ الصائم الصابر۔ (ترمذی)

"اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو کھا کر شکر ادا کرنے والا صابر روزہ دار کے قائم مقام ہے"۔

شکر نعمتوں کی بقا اور دوام کا بہترین وسیلہ ہے۔ کہتے ہیں کہ شکر نعمتوں کو اس طرح قابو کر لیتا ہے جس طرح رسی اونٹ کے پاؤں کو۔ حضرت ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

من لم یشکر النعم فقد تعرض لزوالھا ومن شکرھا فقد قید بعقالھا۔

"جس نے نعمتوں کا شکر ادا نہیں کیا وہ اس کے زوال سے دوچار ہوا۔ اور جس نے اس کا شکر ادا کیا اس نے اس کو اسی کے ساتھ مقید کر لیا"۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا نہ کرنا اور نعمتوں کے مقابلے میں ناشکری اور نافرمانی کرنا اللہ تعالیٰ کے غضب و عقاب کو دعوت دینا ہے۔ وہ ذات جس نے نعمتیں عطا کی ہیں وہ ان کو سلب کرنے کی بھی قدرت رکھتی ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ۔ (نحل:۱۱۲)

"اور بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے ایک مثال وہ یہ ہے کہ ایک بستی تھی جو

Marfat.com

امن اور چین سے آباد تھی۔ آتا تھا اس کے پاس اس کا رزق بکثرت ہر طرف سے' پس اس (کے باشندوں) نے ناشکری کی۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی۔ پس چکھایا انہیں اللہ تعالیٰ نے (یہ عذاب کہ پہنا دیا انہیں) بھوک اور خوف کا لباس' ان کارستانیوں کے باعث جو وہ کیا کرتے تھے"۔

اللہ تعالیٰ نے مومنین سے وعدہ فرمایا ہے کہ اگر وہ اس کی نعمتوں کا شکر ادا کریں گے وہ انہیں مزید عطا فرمائے گا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ۔ (ابراہیم:۷)

"اگر تم پہلے احسانات پر شکر ادا کرو تو میں مزید اضافہ کر دوں گا"۔

درحقیقت شاکر کا اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر ادا کرنا اس کی اپنی ذات کیلئے فائدہ مند ہوتا ہے۔ کیونکہ شکر کے ساتھ وہ اللہ تعالیٰ کی مزید نعمتوں اور اس کے فضل واحسان' اسکی عظیم محبت' عمدہ تعریف و توصیف کو اپنی طرف متوجہ کر لیتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ۔ (نمل:۴۰)

"اور جس نے شکر کیا تو وہ شکر کرتا ہے اپنے بھلے کیلئے اور جو ناشکری کرتا ہے (وہ اپنا نقصان کرتا ہے) بلاشبہ میرا رب غنی بھی ہے اور کریم بھی"۔

صوفیائے کرام مقام شکر پر فائز ہو کر جب اس مقام کی عظمت و شان اور فضیلت کو جانتے ہیں تو دوسرے لوگوں کو اس کی دعوت دیتے ہیں اور جس کو بھی اللہ تعالیٰ کسی دنیاوی یا اخروی نعمت سے نوازتا ہے تو اس کی راہنمائی کرتے ہیں کہ وہ اس نعمت میں ہی مشغول نہ ہو جائے بلکہ اسے چاہیئے کہ وہ شکر کا طریقہ اختیار کرے تاکہ وہ مزید نعمتوں اور دائمی توفیق کا سبب بنے۔ حضرت ابو حمزہ بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ بھلائی کے راستوں میں سے کوئی راستہ تیرے لئے کھول دے تو اس کو لازم پکڑلو۔ اس راستہ کی طرف دیکھنے اور اس پر فخر کرنے سے بچو۔ بلکہ اس ذات کے شکر میں مشغول ہو جاؤ جس نے تجھے یہ توفیق عطا فرمائی ہے۔ کیونکہ تمہارا

Marfat.com

اس راستہ کی طرف دیکھنا تمہیں اپنے مقام سے گرا دے گا۔ لیکن اس کے شکر میں مشغول ہونا تمہارے لئے مزید انعامات کا سبب ہو گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: [67]

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ۔ (ابراہیم:۷)

"اگر تم پہلے احسانات پر شکر ادا کرو تو میں مذید اضافہ کر دوں گا"۔ اسی وجہ سے صوفیائے کرام نے اپنے تمام احوال میں درِ شکر کو لازم پکڑا اور اپنے تمام امور میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا میں مشغول رہے۔ اور اسی کو ہی فاعل مطلق، منعم حقیقی اور شکور و کریم تصور کرتے ہوئے عاجزی و انکساری سے اس کی چوکھٹ پر سجدہ ریز ہو گئے۔ اور اس کی جناب میں دعا گو ہوئے کہ وہ ان کے دلوں کو معرفت کے نور سے منور کر دے اور ان کی زبانوں کو اپنی حمد و ثنا میں مشغول کر دے اور ان کے اعمال کو شریعت کے احکام کے تابع کر دے۔ اس میں انہوں نے رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تابعین اور تبع تابعین رضی اللہ عنہم کے طریقہ کی پیروی کی۔

تنبیہہ:

شکر کی بحث کے ساتھ ہی کتاب کا تیسرا باب مکمل ہو گیا۔ جس میں وصول الیٰ اللہ کے راہ کی نشاندہی کرنا مقصود تھی۔ لیکن یہاں ایک بات کیطرف بھی اشارہ کرنا ضروری ہے کہ ہم نے جو مقامات اس کتاب میں ذکر کیے ہیں وہ تمام کے تمام مقامات نہیں ہیں بلکہ ان کے علاوہ اور بھی مقامات ہیں جن کی تفصیل ہمارے شیخ و مرشد محمد ہاشمی رحمتہ اللہ علیہ نے بیان فرمائی ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ یہ سو مقامات ہیں شیخ الاسلام ابو اسماعیل عبد اللہ بن محمد انصاری ھروی فقیہ حنبلی مفسر قرآن صوفی باصفا متوفی (۴۸۱ھ) نے ایک رسالہ تالیف فرمایا ہے جس میں آپ نے سو منازل کو ذکر کیا ہے اور آپ نے بڑی عمدہ تقسیم اور وضاحت فرمائی ہے اور راہ حق کی خواہش رکھنے والوں کیلئے بہت مفید بتایا ہے اور اس کا نام "منازل السائرین الی الحق عز شانہ" رکھا ہے۔ [68]

Marfat.com

باب چہارم

تصوّف کے ثمرات

Marfat.com

حب الٰہی

حب الٰہی پر مقامات سلوک کی انتہاء ہوتی ہے اور یہی منازل سلوک کی بلند ترین چوٹی ہے' محبت کے بعد اگر کوئی مقام ہے تو وہ اس کا ثمرہ اور تابع شمار ہو گا۔ جیسے شوق' انس اور رضا وغیرہ۔ اور اسی طرح محبت سے قبل مقامات کا شمار اس کے مقدمات میں ہو گا۔ جیسے توبہ' صبر اور زہد وغیرہ۔[1]

محبت کو کسی تعریف میں محدود نہیں کیا جا سکتا جو اس کی وضاحت کر سکے' بلکہ اس کی تعریفات اس میں مزید خفا اور پوشیدگی کا سبب بنتی ہیں۔ کیونکہ تعریفات تو علوم کی' کی جاتی ہیں۔ اور جبکہ محبت علم نہیں بلکہ ایک وجدانی کیفیت ہے جو محبین کے قلوب پر طاری ہوتی ہے اس کیفیت سے گزر کر ہی اس کی حقیقت کو سمجھا جا سکتا ہے۔ محبت کے بارے میں جو کچھ بیان کیا جاتا ہے یہ تو سب اس کے آثار' ثمرات اور اسباب ہیں۔

• شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ محبت کی تعریف میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے اس کی حقیقی تعریف کی ہو' بلکہ اس کا تو تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔ اکثر لوگوں نے اس کی تعریف' اس کے نتائج'

Marfat.com

آثار اور لوازم سے کی ہے۔ محبت وہ صفت ہے جس کے ساتھ ذات باری تعالیٰ بھی متصف ہے۔ محبت کے بارے بہترین قول ابو العباس صنہاجی سے مروی ہے۔ آپ سے محبت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ غیرت محبت کی صفات میں سے ہے اور غیرت' ستر کا تقاضا کرتی ہے۔ اس لئے محبت کی تعریف نہیں کی جاسکتی۔[۲]

ابن دباغ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ محبت کی حقیقی تعریف وہی کر سکتا ہے جس نے اس کا مزہ چکھا ہو۔ اور جس نے اس کا مزہ چکھ لیا' اس کو اپنی خبر نہیں رہتی۔ اس لئے کیسے ممکن ہے کہ اس کی تعریف بیان کی جاسکے۔ یہ اسی طرح ہے کہ نشے میں مدہوش انسان سے نشے کی حقیقت کے بارے میں پوچھا جائے۔ تو عقل پر نشے کے غالب آنے کی وجہ سے اس حالت میں اس کی تعریف نہیں کر سکتا۔ ان دونوں نشوں میں فرق یہ ہے کہ شراب کا نشہ عارضی ہوتا ہے اور اس کا زائل ہونا ممکن ہوتا ہے۔ اور نشا کافور ہونے پر انسان اس کی حقیقت کو بیان کر سکتا ہے مگر اس کے مقابلے میں محبت کا نشہ دائمی ہوتا ہے۔ جس نے بھی اس نشہ کو چکھ لیا' اس کا دوبارہ ہوش میں آنا ممکن نہیں۔ اس لئے وہ اس کی حقیقت کے بارے میں کیسے خبر دے سکتا ہے جیسا کہ کسی شاعر نے کیا خوب فرمایا ہے:

یصحو من الخمر شاربوھا　　والعشق سکر علی الدوام

"شراب پینے والے تو ہوش میں آجاتے ہیں اور عشق دائمی نشے کا نام ہے"

اسی وجہ سے جب حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ سے محبت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا "آنکھوں سے آنسوؤں کی بارش اور شوق و دیوانگی سے دل کا دھڑکنا محبت کہلاتا ہے"۔ پھر آپ نے محبت کے کچھ آثار بیان فرمائے۔

ابو بکر کتانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایام حج کے دوران مکہ مکرمہ میں محبت کا مسئلہ چل نکلا' بڑے بزرگوں نے اس کے بارے میں گفتگو فرمائی۔ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ عمر میں سب سے چھوٹے تھے۔ ان بزرگوں نے آپ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ اب تمہاری باری ہے' بتاؤ کیا بولتے ہو؟ آپ نے اپنے

Marfat.com

جھکایا تو آپ کی آنکھوں میں آنسو رواں ہو گئے۔ آپ نے فرمایا' محب وہ بندہ ہے جو اپنی ذات سے غافل ہو۔ ہمیشہ اپنے رب کے ذکر میں مشغول رہے۔ اس کے حقوق ادا کرے۔ اپنے دل کی نگاہ سے اس کا مشاہدہ کرے۔ اس کی ہیبت کے انوار نے اس کے دل کو جلا دیا ہو۔ اس نے اللہ کی محبت کا جام طہور پیا ہو۔ اللہ تعالیٰ نے غیب کے پردے اس پر منکشف کر دیئے ہوں۔ اگر وہ گفتگو کرے تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ بولے تو اللہ سے اگر حرکت کرے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے' اگر ساکن ہو تو اللہ کے ساتھ یعنی اسے باللہ' للہ اور مع اللہ کی کیفیت حاصل ہو۔ بزرگ' آپ کی گفتگو سن کر رونے لگے۔ وہ فرمانے لگے کہ اس سے بڑھ کر محبت کی تعریف نہیں کی جا سکتی۔ اے تاج العارفین! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

محبت کی دلیل اور اس کی فضیلت:

اللہ تعالیٰ کی اپنے بندہ سے محبت' اور بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے کی بہت سی دلیلیں ہیں۔

(۱)۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ۔ (مائدہ:۵۴)

"اللہ تعالیٰ ان سے اور وہ محبت کرتے ہیں اس سے"۔

(۲)۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ (بقرہ:۱۶۵)

"اور جو ایمان لائے ہیں وہ سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں اللہ سے"۔

(۳)۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ۔ (آل عمران:۳۱)

"(اے محبوب!) آپ فرمایئے انہیں کہ اگر تم واقعی محبت کرتے ہو اللہ سے تو میری پیروی کرو تب محبت فرمانے لگے گا تم سے اللہ اور بخش دے گا تمہارے لئے تمہارے گناہ"۔

"ویحببکم اللہ" یہ محبت کی دلیل' اس کا فائدہ اور اس کی فضیلت

Marfat.com

ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ثلاث من کن فیه وجد حلاوه الایمان ان یکون الله و رسوله احب الیه مما سواهما وان یحب المرء لا یحبه الا لله وان یکره ان یعود فی الکفر کما یکره ان یقدف فی النار۔ (بخاری)

یہ تین چیزیں جس میں ہوں اس نے ایمان کی حلاوت پالی۔

(۱)۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس کے نزدیک ہر چیز سے زیادہ محبوب ہو۔

(۲)۔ کسی سے محبت کرے تو اللہ کیلئے کرے۔

(۳)۔ کفر میں لوٹنے کو اس طرح ناپسند کرے جس طرح وہ نار جہنم میں پھینکے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔

حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو میرے کسی ولی کے ساتھ دشمنی رکھتا ہے میرا اس کے ساتھ اعلان جنگ ہے۔ ادائیگی فرائض سے بڑھ کر میرے نزدیک کوئی چیز محبوب نہیں ہے جس کے ذریعے بندہ میرا قرب حاصل کرے' میرا بندہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں' اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس کے ساتھ وہ سنتا ہے اور اس کی وہ آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اور اس کے وہ ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے۔ اور اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے سوال کرے تو میں اسے ضرور عطا کرتا ہوں۔ اور اگر وہ مجھ سے پناہ طلب کرے تو یقیناً میں اسے پناہ دیتا ہوں۔ (بخاری)

"حضرت ابو ھریرہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو جبریل علیہ السلام کو بلاتا

Marfat.com

ہے اور انہیں حکم دیتا ہے کہ میں فلاں بندہ سے محبت کرتا ہوں، تم بھی اس سے محبت کرو۔ تو جبریل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر آپ آسمان میں اعلان کر دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندہ سے محبت کرتا ہے، تم بھی اس سے محبت کرو۔ پس اہل آسمان بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین میں اس کی مقبولیت کا اعلان کر دیا جاتا ہے۔ پھر اسی طرح اسے زمین میں بھی مقبولیت سے نواز دیا جاتا ہے۔" (بخاری)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

عن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انه قال: كان من دعاء داود عليه السلام: اللهم انى اسئلك حبك و حب من يحبك والعمل الذي يبلغني حبك، اللهم اجعل حبك احب الى من نفسى واهلى ومن الماء البارد۔ (ترمذی)

"حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، حضرت داؤد علیہ السلام یہ دعا کیا کرتے تھے۔ اے اللہ! میں تیری محبت کا سوال کرتا ہوں اور اس کی محبت کا جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور اس عمل کا سوال کرتا ہوں جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔ اے اللہ! تو اپنی محبت کو میرے نزدیک میری جان، میرے اہل و عیال اور ٹھنڈے پانی کی محبت سے بھی محبوب بنا دے"۔

قرآن و سنت ایسے بیان سے بھرے پڑے ہیں کہ جن میں اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے اور ان کے اعمال و اقوال اور اخلاق سے محبت کرتا ہے۔ جس طرح کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(۱)۔ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ۔ (آل عمران:۱۴۶)

"اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے"

(۲)۔ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ۔ (المائدہ:۹۳)

"اور اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے اچھے کام کرنے والوں سے"

(۳)۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔ (بقرہ:۲۲۲)

Marfat.com

"بے شک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور صاف ستھرا رہنے والوں کو پسند کرتا ہے"

(۴)۔وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ۔ (بقرہ:۲۰۵)

"اور اللہ تعالیٰ فساد کو ہرگز پسند نہیں کرتا"

(۵)۔وَاللّٰہ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔ (الحدید:۲۳)

"اور اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا کسی مغرور شیخی باز کو"

(۶)۔وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ۔ (آل عمران:۵۷)

"اور اللہ تعالیٰ نہیں محبت کرتا گمراہوں سے"

رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ اور اپنی محبت کو کثیر احادیث میں ایمان کی شرط قرار دیا ہے' جیسا کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من اھلہ ومالہ والناس اجمعین۔ (بخاری۔ مسلم)

"تم میں سے کوئی ایک بھی (کامل) مومن نہیں ہو سکتا' حتی کہ میں اس کے نزدیک اس کے اہل و عیال' مال اور تمام لوگوں سے محبوب نہ ہو جاؤں"۔

اس حدیث پاک میں رسول معظم ﷺ نے اپنے صحابہ کو محبت کی طرف متوجہ کیا ہے۔ کیونکہ یہ ایک بڑا ارفع و اعلیٰ اور انتہائی تاثیر کن مقام ہے۔ پہلے آپ ﷺ نے ان کی توجہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کے فضل و احسان کی طرف کرائی اور پھر وضاحت فرمائی کہ ان کی اللہ سے محبت اس کے محبوب مکرم ﷺ سے محبت کا تقاضا کرتی ہے۔ جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ان کی محبت' اللہ تعالیٰ کی محبت پہچاننے کا ذریعہ ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اللہ سے محبت کرو' کیونکہ وہ تمھیں نعمتیں عطا کرتا ہے۔ اور اللہ کی محبت کی وجہ سے مجھ سے محبت کرو"۔

رسول اللہ ﷺ نے محبین کو اپنے محبوب کی معیت کی خوشخبری دی ہے'

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

ان رجلا سال النبی ﷺ متی الساعہ یارسول اللہ ﷺ ؟ قال:

Marfat.com

ما اعددت لها؟ قال: ما اعددت لها من کثرہ صلاہ ولا صوم ولا صدقہ' ولکنی احب اللہ ورسولہ' قال: انت مع من احببت۔ قال انس: فقلنا ونحن کذلک؟ قال نعم۔ ففرحنا بھا فرحا شدیدا۔ (بخاری۔مسلم)

"ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں سوال کیا' یارسول اللہ ﷺ! قیامت کب ہوگی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' تو نے اس کیلئے کیا تیاری کی ہے۔ اس نے عرض کی' میں نے اس کیلئے کثیر نماز' روزے اور صدقہ کو جمع نہیں کیا' لیکن میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تو اسی کے ساتھ ہوگا جس سے تو محبت کرتا ہے' حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی' یارسول اللہ ﷺ! کیا ہمیں بھی یہ کیفیت حاصل ہوگی۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' ہاں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ یہ ارشاد سن کر ہم انتہائی خوش ہوئے"۔

محبت کے بارے میں کثیر احادیث وارد ہیں جو تمام اس کی فضیلت و عظمت کی طرف مشیر ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب اللہ تعالیٰ اور اس کی محبت کے مقام رفیع پر فائز ہوئے تو وہ ایمان و اخلاق اور ایثار و قربانی میں کمال تک پہنچ گئے۔ محبت کی حلاوت نے مصائب و آلام کی تلخی کو ان کیلئے مانوس بنا دیا۔ اور جذبہ محبت نے انہیں اپنے محبوب کی راہ میں جان' مال' وقت اور ہر قیمتی چیز قربان کرنے پر مجبور کر دیا۔ تاکہ وہ اپنے محبوب کی محبت اور رضا سے بہرہ ور ہو سکیں۔

حقیقت یہ ہے کہ اسلام اعمال و احکام کا نام ہے اور محبت اس کی روح ہے۔ اور بغیر محبت کے اعمال بے جان ڈھانچوں کی طرح ہیں۔

اسباب محبت:

علمائے کرام نے ان کثیر اسباب کو ذکر کیا ہے جو محبت کا باعث بنتے ہیں۔ ان میں سے دس اہم اسباب کو یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

(۱)۔ تلاوت قرآن اور اس کے معانی و مطالب میں غور و فکر کرنا۔

(۲)۔ فرائض ادا کرنے کے بعد نوافل کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا کیونکہ نوافل کی ادائیگی مقام محبت کے حصول کے بعد مرتبہ محبوبیت تک پہنچا دیتی ہے۔

(۳)۔ ہر حال میں زبان' قلب اور عمل کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے ذکر پر مواظبت اور دوام اختیار کرنا۔ کیونکہ ذاکر کو اس کے ذکر کے مطابق ہی محبت کا حصہ ملتا ہے۔

(۴)۔ خواہشات نفسانی کے غلبہ کے وقت اپنی پسند پر محبوب کی پسند کو ترجیح دینا۔ اور اس کی پسند کیطرف مائل ہونا اگرچہ اس میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔

(۵)۔ دل کا اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات کے مطالعہ' مشاہدہ اور اس کی معرفت حاصل کرنے میں مصروف رہنا۔ کیونکہ جس کو اللہ تعالیٰ کی معرفت اس کے اسماء' صفات اور افعال کے ذریعے ہوتی ہے وہ لامحالہ اس سے محبت کرنے لگتا ہے۔

(۶)۔ اس کے فضل و احسان اور ظاہری و باطنی نعمتوں کا مشاہدہ کرنا۔ کیونکہ یہ تمام کی تمام نعمتیں محبت الٰہی کی داعی ہیں۔

(۷)۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دل کا انکساری اور تواضع اختیار کرنا۔

(۸)۔ تجلی الٰہی کے وقت اس کے مناجات کیلئے خلوت و عزلت نشینی اختیار کرنا' خصوصاً سحری کا وقت اس کیلئے نہایت موزوں اور مناسب ہے۔ اس وقت میں تلاوت قرآن کرے اور حضور قلب کے ساتھ باادب طریقہ سے اس کی بارگاہ میں حاضر رہے۔ اور پھر توبہ و استغفار کے ساتھ اس مجلس کو برخاست کرے۔

(۹)۔ نیک اور صالح اور سچے محبوں کی ہم نشینی اختیار کرنا اور ان کی عمدہ کلام سے استفادہ کرنا اور ان کی مجلس میں حاضر ہونے کے آداب میں سے ہے کہ ان کے سامنے گفتگو نہ کرے مگر جب کلام میں کوئی مصلحت ہو اور اس میں اپنے لئے اور دوسرے مریدین کیلئے فائدہ ہو۔

(۱۰)۔ اور اس چیز سے اجتناب کرنا جو دل اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حائل

Marfat.com

ہو جائے۔ یہ وہ اسباب ہیں جن کے ذریعہ محبین منازل محبت کو طے کرتے ہیں۔

محبت کی علامات:

بہت سے لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی محبت کا دعوی کرتے ہیں۔ زبانی دعوی کرنا تو آسان ہے لیکن انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے نفس سے دھوکہ نہ کھائے بلکہ اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ محبت کی علامات اور دل' زبان اور اعضاء و جوارح میں ظاہر ہونے والے اس کے ثمرات کو اچھی طرح جان لے۔ جب وہ اپنے نفس کو دھوکے سے محفوظ رکھنا چاہتا ہے تو اسے چاہیئے کہ اپنے نفس کو میزان محبت میں رکھ کر پرکھ لے اور اس کی علامات کے ساتھ اس کا جائزہ لے۔ محبت کی علامات کثیر ہیں۔

(۱)۔۔۔۔۔جنت میں کشف و مشاہدہ کے ذریعہ محبوب کی ملاقات کی خواہش رکھنا۔ کیونکہ یہ ممکن نہیں کہ دل کسی محبوب کو چاہتا بھی ہو اور اس کی ملاقات اور مشاہدہ کی خواہش نہ رکھتا ہو۔ اور جب اسے یہ معلوم ہو کہ محبوب کے ساتھ وصال اس دنیا سے کوچ اور موت کے ذریعہ اس سے جدائی کے بغیر ممکن نہیں۔ تو اس پر لازم ہے کہ موت کو محبوب رکھے اور اس سے فرار اختیار نہ کرے کیونکہ موت ملاقات کی کلید ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

من احب لقاء الله احب الله لقائه۔ (بخاری و مسلم)

"جو اللہ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو پسند فرماتا ہے"۔

اسی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہادت کو محبوب رکھتے تھے۔ اور جب انہیں کسی معرکۂ حق و باطل میں شرکت کی دعوت دی جاتی وہ کہتے' خوش آمدید! یہ اللہ سے ملاقات کا ذریعہ ہے۔

(۲)۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ کی پسند کو اپنی پسند پر ترجیح دے اور یہ صرف ظاہری طور پر نہ ہو۔ بلکہ باطنی طور پر بھی اس کو یہ کیفیت حاصل ہو۔ پس اسے چاہیئے کہ وہ طاعت کو لازم پکڑے' سستی اور خواہشات نفسانی کی پیروی سے اجتناب کرے۔

Marfat.com

کیونکہ جو اللہ سے محبت کرتا ہے وہ اس کی نافرمانی نہیں کرتا۔ اسی لئے حضرت عبداللہ بن مبارک رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

تعصی الاله وانت تظهر حبه　　هذا لعمری فی القیاس بدیع
لوکان حبک صادقا لاطعته　　ان المحب لمن یحب مطیع

(i)۔ "تو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے حالانکہ تو اس کی محبت کا اظہار کرتا ہے۔ میری عمر کی قسم! یہ بڑا عجیب قیاس ہے"

(ii)۔ اگر تیری محبت سچی ہوتی تو تو اس کی اطاعت کرتا' کیونکہ محب اپنے محبوب کیلئے مطیع ہوتا ہے"

اسی مفہوم کو کسی شاعر نے اس انداز میں بیان کیا ہے۔

واترک ما اهوی لما قد هویته
فارضی بما ترضی وان سخطت نفسی

"میں اپنی پسند کو تیری پسند کیلئے ترک کر دیتا ہوں۔ تیری رضا پر راضی ہو جاتا ہوں' اگرچہ میرا نفس ناراض ہو جائے"۔

اللہ تعالیٰ کی طاعت و محبت' اقوال و افعال اور اخلاق میں رسول اللہ ﷺ کی اتباع کو مستلزم ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قل ان کنتم تحبون الله فاتبعونی یحببکم الله ویغفر لکم ذنوبکم۔ (آل عمران:۳۱)

"(اے محبوب ﷺ!) آپ ﷺ فرمایئے انہیں کہ اگر تم واقعی محبت کرتے ہو اللہ سے تو میری پیروی کرو تب محبت فرمانے لگے گا تم سے اللہ اور بخش دے گا تمہارے لئے تمہارے گناہوں کو"

(۳)۔۔۔۔ کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے' نہ تو اس کی زبان ذکر سے سست پڑے اور نہ ہی اس کا دل ذکر سے خالی ہو۔ کیونکہ جو کسی چیز سے محبت رکھتا ہے وہ اس کا اکثر ذکر کرتا ہے۔

خیالک فی قلبی وذکرک فی فمی　　ومثواک فی قلبی فاین تغیب

Marfat.com

"تیرا خیال میرے دل میں ہے اور تیرا ذکر میری زبان پر۔ اور تیرا ٹھکانا میرے دل میں ہے۔ تو میری نگاہوں سے کیسے اوجھل ہو سکتا ہے"۔

(۴)۔۔۔۔۔خلوت' مناجات الٰہی اور تلاوت قرآن پاک سے مانوس ہو پس اس کیلئے ضروری ہے کہ تہجد پر مواظبت اختیار کرے اور رات کے پر سکون لمحات کو غنیمت جانے۔ محبت کا ادنیٰ ترین درجہ یہ ہے کہ محبوب کے ساتھ خلوت میں لذت محسوس کرنا اور اس کے ساتھ مناجات میں آسودگی خیال کرنا۔

(۵)۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ کے سوا کسی چیز کے ہاتھ سے نکل جانے پر افسوس نہ کرے لیکن ہر وہ گھڑی جو اللہ کے ذکر و طاعت سے خالی گزر جائے' اس پر اسے افسوس کرنا چاہیئے۔ اور اس غفلت پر اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنی چاہیئے۔

(۶)۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے لطف اندوز ہو۔ اور اس کو بوجھل نہ سمجھے۔

(۷)۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ کے تمام بندوں پر شفقت اور نرمی سے پیش آئے .اور اس کے تمام دشمنوں سے سختی سے پیش آئے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ۔ (الفتح:۲۹)

"کفار کے مقابلہ میں بہادر اور طاقت ور ہیں آپس میں بڑے رحم دل ہیں"

(۸)۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ کی عظمت و ہیبت کے سامنے اپنی محبت میں اس سے ڈرنے والا ہو۔ یہاں یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ خوف' محبت کے منافی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ عظمت کا ادراک ہیبت کا سبب بنتا ہے۔ جس طرح جمال کا ادراک محبت کا سبب بنتا ہے۔ محبین کو اپنے مراتب کے مطابق مختلف قسم کے خوف لاحق ہوتے ہیں۔ مثلاً کسی کو اعراض کا خوف ہوتا ہے . کسی کو حجاب کا اور کسی کو اس کی بارگاہ سے دوری کا۔ اسی لیئے بعض محبین کا قول ہے: "محبوب کو میں نے جان لیا اور میں اس سے خائف ہوں تجھ سے وہی محبت کرے گا جو تجھے جاننے والا ہو گا"۔

(۹)۔۔۔۔۔محبت کو چھپانا اور دعویٰ محبت سے اجتناب کرنا اس کے عظمت

Marfat.com

و جلال اور ہیبت کی وجہ سے محبت اور وجد کے اظہار کرنے سے بچنا۔ کوئی محب جب اس راز کو چھپانے سے عاجز آگیا تو اس نے کہا۔ وہ اپنے راز کو چھپاتا ہے لیکن آنسو اس کے راز کو آشکارا کر دیتے ہیں اور سانس اس کے وجد کو ظاہر کر دیتے ہیں۔

• کسی نے کیا خوب کہا:

ومن قلبه مع غيره كيف حاله؟ ومن سره في جفنه كيف يكتم؟

"جس کا دل کسی غیر کے ساتھ لگا ہو تو اس کا کیا حال ہو گا؟ اور جس کا راز اس کی پلکوں میں ہو وہ اس کو کیسے چھپا سکتا ہے"؟

(۱۰)۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ کے ساتھ انس اور رضا حاصل ہو۔ اور اس انس کی علامت یہ ہے کہ اس کا دل مخلوق کے ساتھ نہیں لگتا۔ اور اللہ کے ذکر سے اسے لذت حاصل ہوتی ہے۔ اگر اسے لوگوں کے ساتھ ملنا پڑ جائے تو وہاں بھی اسے جلوت میں خلوت کی کیفیت حاصل ہوتی ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ ان لوگوں کا وصف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "یہ وہ لوگ ہیں جنہیں علم حقیقت حال تک پہنچا دیتا ہے۔ انہیں یقین کی کیفیت حاصل ہو جاتی ہے وہ امور ان کیلئے آسان ہو جاتے ہیں جو دنیا دار لوگوں کیلئے مشکل ہوتے ہیں۔ وہ اس شے سے مانوس ہوتے ہیں جس سے جاہل خوف محسوس کرتا ہے۔ وہ اپنے ظاہری ابدان کے ساتھ اہل دنیا کے ساتھ میل جول رکھتے ہیں اور ان کی ارواح عرش اعلیٰ کے ساتھ معلق ہوتی ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی زمین میں اس کے خلفاء اور اس کے دین کے داعی ہیں"۔

Marfat.com

مراتب محبت:

علمائے کرام نے محبت کے دس مراتب بیان کئے ہیں:

(۱)۔ علاقہ: محبوب کے ساتھ دل کے وابستہ ہو جانے کو علاقہ کہتے ہیں۔

(۲)۔ ارادہ: محبوب کی طرف دل کے میلان اور اس کی خواہش کو ارادہ کہتے ہیں۔

(۳)۔ صبابہ: محبوب کی طرف دل کا رجحان اتنا ہو کہ وہ دل کو کنٹرول نہ کر سکے۔ جس طرح کہ پانی جس وقت بلندی سے پستی کی طرف گرتا ہے تو اس پر کنٹرول نہیں ہو سکتا۔

(۴)۔ الغرام: اس سے مراد وہ محبت ہے جو دل کے ساتھ لازم ہو جائے کہ اس سے جدا نہ ہو جس طرح قرض خواہ. مقروض کو لازم ہوتا ہے۔

(۵)۔ وداد: محبت جب خالص اور صاف ہو جائے تو اسے وداد کہتے ہیں۔

(۶)۔ شغف: محبت کا دل کے غلاف تک پہنچ جانا۔ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شغف یہ ہے کہ محب. محبوب کی جفا کو جفا نہ سمجھے بلکہ اسے عدل اور وفا سمجھے۔

(۷)۔ عشق: محبت جب حد سے تجاوز کر جائے کہ اس سے ہلاکت کا خوف ہو تو اسے عشق کہتے ہیں۔

(۸)۔ تیم: اس سے مراد یہ ہے کہ محبت. محب کو اپنا تابع اور مطیع بنا لے۔

(۹)۔ تعبد: اس کا درجہ تیم سے اوپر ہے۔ کیونکہ غلام کو اپنی ذات پر کسی قسم کا اختیار باقی نہیں رہتا۔

(۱۰)۔ الخلہ: یہ وہ مقام ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ہمارے آقا و مولیٰ ﷺ کو عطا فرمایا گیا۔ اور خلت سے مراد وہ محبت ہے جو محب کے قلب و روح پر چھا جاتی ہے حتیٰ کہ محبوب کے علاوہ یہاں کوئی چیز نہیں بچتی۔[۳]

Marfat.com

صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ اس زندگی کا راز دو حرفوں "حاء اور با" پر قائم ہے. جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے:

واحسن حاله انسان صدق　　واکمل وصفه حاء وباء

"انسان کی بہترین حالت صدق ہے اور اس کا اکمل ترین وصف حاء اور باء یعنی حب ہے"۔

محبت کی وجہ سے احکام شریعت پر عمل کرنا آسان ہوتا ہے:

لولاک سرالوجود　　ما طاب عیشی ولا وجودی

ولا ترنمت فی صلاتی　　ولا رکوعی ولا سجودی

(۱)۔"اے سروجود! اگر تو نہ ہوتا تو نہ ہی میری زندگی خوشگوار ہوتی اور نہ ہی میرا وجود"۔

(۲)۔"اور نہ ہی میری نماز میں ترنم ہوتا اور نہ ہی میرے رکوع و سجود میں"۔

محبت جب دل میں اپنا ٹھکانا بنا لیتی ہے تو اس سے اس فانی دنیا کو نکال دیتی ہے۔ پھر محب انتہائی آرام دہ اور آسودہ زندگی گزارتا ہے۔ اور کسی قسم کے غم سے دوچار نہیں ہوتا۔

ایک بزرگ کسی آدمی کے پاس سے گزرے جو قبر کے پاس بیٹھ کر رو رہا تھا۔ انہوں نے رونے کا سبب پوچھا۔ تو اس نے بتایا کہ میرا محبوب فوت ہو گیا ہے۔ تو آپ نے فرمایا. تو نے ایسے محبوب کے ساتھ دل لگا کر بڑا ظلم کیا ہے۔ اگر تو اس ذات سے محبت کرتا جسے کبھی موت نہیں آئے گی۔ تو تو فراق کے عذاب سے دوچار نہ ہوتا۔

ہم اپنے اردگرد کے ماحول میں بہت سی مثالیں دیکھتے ہیں کہ جب کوئی عاشق اپنے محب کی ملاقات سے مایوس ہو جاتا ہے۔ تو وہ موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہے۔ اسی طرح دنیاوی مال و متاع پر مرمٹنے والے کا بھی یہی حال ہوتا ہے۔ خودکشی. آگ میں جلنا یا پہاڑ کی چوٹی سے چھلانگ لگا دینا روزمرہ زندگی کے معمول بن چکے ہیں۔ دنیاوی محبت میں ناکام ہونے والوں کا عام طور پر یہی انجام ہوتا ہے۔

Marfat.com

جب دنیا پر مرمٹنے والوں کا یہ حال ہے تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے عاشقین کا کیا حال ہو گا۔ جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے محبت کی اور اس کو اپنا پروردگار تسلیم کیا اور محمد ﷺ کو اپنا رسول اور اسلام کو اپنا دین مانا. ان میں بعض تو ایسے تھے جنہوں نے موت سے محبت کی. اور اس کو خوش آمدید کہا تاکہ موت کے بعد اپنے احباب کی ملاقات سے سرفراز ہوں۔ جس طرح کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے سکرات موت کے وقت ارشاد فرمایا کہ کل محمد ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ملاقات ہوگی۔ اور بعض نے اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے حصول کیلئے میدان جنگ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دیا۔ اللہ کی راہ میں جان قربان کرنے اور دنیا کی کسی حقیر چیز کیلئے جان قربان کرنے میں بڑا فرق ہے۔

محبت کے دوران حاصل ہونے والا بہترین ثمرہ باہمی الفت ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ۔ (مائدہ:۵۴)

"اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں"۔

اسی طرح باہمی رضا اور ذکر بھی اسی کا ثمرہ ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ۔ (البینہ:۸)

"اللہ تعالیٰ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی"

ذکر کے بارے میں فرمایا:

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ۔ (بقرہ:۱۵۲)

"سو تم مجھے یاد کیا کرو میں تمہیں یاد کیا کروں گا"۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گزر کچھ ایسے لوگوں سے ہوا جن کے بدن عبادت کی وجہ سے کمزور اور رنگ متغیر ہو چکے تھے۔ آپ نے ان سے پوچھا کہ تم لوگ کون ہو؟ انہوں نے عرض کی۔ ہم اللہ کے بندے ہیں۔ فرمایا. اس کی عبادت کس لئے کرتے ہو؟ عرض کی. اللہ تعالیٰ نے ہمیں آگ سے ڈرایا تو ہم اس سے ڈر گئے۔ ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس سے امان دے دیا ہے جس سے تم ڈرتے ہو۔ آپ کچھ

Marfat.com

آگے بڑھے تو وہاں ایسے لوگ ملے جو پہلے لوگوں سے زیادہ عبادت گزار تھے۔ آپ نے فرمایا. تم کس وجہ سے اس کی عبادت کرتے ہو؟ انہوں نے عرض کی. اللہ تعالیٰ نے ہمیں جنت اور اپنے اولیائے کرام کیلئے تیار کردہ نعمتوں کا شوق دلایا۔ ہم اپنی عبادت کے بدلے میں اس کی خواہش کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمھاری خواہش کے مطابق تمھیں عطا کر دیا ہے۔ پھر آگے بڑھے تو کچھ اور عبادت گزاورں سے ملاقات ہوئی۔ فرمایا. تم کون ہو؟ عرض کی کہ ہم اللہ تعالیٰ کے محب ہیں۔ ہم اس کی عبادت نہ تو نار جہنم کے خوف سے کرتے ہیں اور نہ ہی اس کی جنت کے شوق میں۔ بلکہ ہماری عبادت اس کی محبت اور عظمت و جلال کی وجہ سے ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا. تم ہی اللہ کے حقیقی ولی ہو۔ مجھے حکم ہوا کہ میں تمھارے ساتھ ٹھہروں اور آپ ان لوگوں کے درمیان مقیم ہو گئے۔[۴]

یہ واقعہ دلالت کرتا ہے کہ لوگوں کی ہمتیں مختلف ہیں۔ اور ان میں سے بعض دنیا کے طالب، اور بعض آخرت کے اور بعض ذات باری تعالیٰ کے طالب ہیں۔ کسی بزرگ نے کسی قاری کو یہ آیت کریمہ " منکم من یرید الدنیا ومنکم من یرید الاخرہ "(آل عمران:۱۵۲) تلاوت کرتے ہوئے سنا تو فرمایا" اللہ کے چاہنے والے کہاں ہیں؟"۔ اسی وجہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کچھ لوگ اللہ کی عبادت رغبت کی وجہ سے کرتے ہیں۔ اور یہ تاجروں کی عبادت ہے۔ اور کچھ لوگ اس کے خوف کی وجہ سے عبادت کرتے ہیں تو یہ غلاموں کی عبادت ہے۔ اور کچھ لوگ اس کی عبادت اس کا شکر ادا کرنے کیلئے کرتے ہیں۔ کسی شاعر نے اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والوں کا وصف یوں بیان کیا ہے۔

فما مقصودهم جنات عدن ولا الحور والحسان ولا الخيام
سوى نظر الجليل وذا مناهم وهذا مقصد القوم الكرام

(۱)۔ "ان کا مقصود نہ تو جنت عدن ہے۔ اور نہ ہی حسین حور و قصور"

(۲)۔ "سوائے اللہ تعالیٰ کی نظر کرم کے. یہ ان کی آرزو ہے اور صوفیائے کرام کا بھی یہی مقصد ہے"

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے ایسے بھی بندے ہیں کہ جب رات ان پر سایہ فگن ہوتی ہے تو خوف خدا کی وجہ سے ان کی آہیں نکل جاتی ہیں اور جب صبح ہوتی ہے تو ان کے رنگ تبدیل ہو جاتے ہیں۔

اذا ماللیل اقبل کابدوہ ویسفر عنھم وھم رکوع
اطار الشوق نومھم فقاموا واھل الامن فی الدنیا خشوع

(۱)۔ "جب رات چھاتی ہے تو وہ اس کی مصیبتوں کو برداشت کرتے ہیں اور جب فجر طلوع ہوتی ہے تو وہ رکوع میں ہوتے ہیں"

(۲)۔ "شوق نے ان کی نیندوں کو اڑا دیا تو وہ عبادت کیلئے کھڑے ہو گئے اور اہل امن دنیا میں مست ہوتے ہیں"

اولیاء اللہ کے اجسام عبادت پر صبر کرتے ہیں اور ان کے پاؤں تہجد کے عادی ہوتے ہیں۔ یہ لوگ مستجاب الدعا ہوتے ہیں۔ اور اپنی رات رکوع و سجود میں گزار دیتے ہیں۔ ندا دینے والا انہیں ندا دیتا ہے۔

یارجال اللیل جدوا رب صوت لا یردوا
لا یقوم اللیل الا من لہ عزم وجد

(۱)۔ "اے رات کو عبادت کرنے والو! کوشش کرو۔ بہت سی دعائیں ایسی ہیں جن کو رد نہیں کیا جا سکتا"۔

(۲)۔ "رات کا قیام وہی کر سکتا ہے جو محتاط اور محنتی ہو"۔

جب وہ تھوڑا سا آرام کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو شوق انہیں بے چین کر دیتا ہے۔ تو وہ فوراً اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ ان پر وجد و جذب کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے تو وہ بے خود ہو جاتے ہیں۔ ذات کبریاء کا طالب انہیں پکارتا ہے۔ اور اس کے ساتھ مناجات کرنے پر ابھارتا ہے۔

حثوا مطایاکم وجدوا ان کان لی فی القلوب وجد
قد آن ان تظھر الخبایا وتفشر الصحف فاستعدوا

(۱)۔ "اپنی سواریوں کو تیار کرو اور کوشش جاری رکھو۔ اگر تمہارے دلوں

Marfat.com

میں وجد ہے"۔

(۲)۔"اب راز کو ظاہر کرنے کا وقت آگیا. نامہ اعمال پھیلا دیئے جائیں گے۔اس کیلئے تیاری کرلو"۔

ان کے بستران کے مشتاق ہوتے ہیں۔ان کے سرہانے ان پر افسوس کرتے ہیں۔ان کی آنکھیں نیند کیلئے بے قرار ہوتی ہیں اور ان کے پہلو آرام کے خواہشمند۔ لیکن رات کا وقت ان کیلئے حصول مراتب کیلئے بہترین وقت ہوتا ہے۔اس لئے وہ رات کی تاریکیوں میں نیند سے منہ موڑنے کو طویل قیام کو اپنا معمول بنالیتیہیں اور اپنے پروردگار کے ساتھ مصروف رہتے ہیں اور اس کے قرب سے مانوس ہوتے ہیں۔اگر وہ ذات ایک لمحہ کیلئے بھی ان سے اوجھل ہو جائے تو وہ مضطرب اور بے چین ہو جائیں۔وہ اپنی نماز تہجد کو سحری تک طویل کردیتے ہیں اور شب بیداری کے ثمرات کے منتظر رہتے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ محبین کیلئے جلوہ افروز ہوتا ہے اور ان سے دریافت فرماتا ہے کہ میں کون ہوں؟ وہ عرض کرتے ہیں. تو ہمارا مالک و مولیٰ ہے۔اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ تم میرے محبوب اور میری محبت و عنایت کے اہل ہو۔یہ ہے میرا چہرہ. اس کا مشاہدہ کرلو۔اور یہ ہے میرا کلام اسے سن لو۔اور یہ جام طہور. اس کو پی لو۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا۔(دھر:۲۱)

"اور پلائے گا انہیں ان کا پروردگار نہایت پاکیزہ شراب"

جب وہ یہ جام نوش جان کرلیتے ہیں تو ان پر طرب و سرور کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔جب ان پر یہ کیفیت طاری ہوتی ہے تو وہ اپنے رب کے ذکر کیلئے کھڑے ہو جاتے ہیں اور اپنی ذات سے بے خود اور بے خبر ہو جاتے ہیں۔جب باد صبا نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص کی خوشبو کنعان پہنچائی تو حضرت یعقوب علیہ السلام کے علاوہ کسی کو معلوم نہ ہوا۔اس کی خبر نہ تو اہل کنعان کو ہوئی اور نہ ہی ان کو جہاں سے چلی تھی۔اور نہ ہی یہودا کو اور نہ ہی قاصد کو۔

Marfat.com

محبت وہ فطرتی امر ہے جو پاکیزہ نفس میں پروان چڑھتی ہے۔ اس سے انسان کو اپنے نفس کی حقیقت کا علم اور اپنے نفس کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور جوں جوں محبت زیادہ ہوتی ہے ایمانِ کامل ہوتا جاتا ہے اور محبت کے مطابق انسان کو سعادت اور آسودگی حاصل ہوتی ہے۔ حب الٰہی' ذوق انسانی کے احاطہ سے ماورا ہے۔ کیونکہ یہ محبت نفس انسانی کو راضیہ اور مطمئنہ کے درجہ پر پہنچا دیتی ہے۔

صوفیائے کرام کی محبت حرص و لالچ اور خواہشات سے پاک اور خالص اللہ تعالیٰ کیلئے ہوتی ہے۔ ان کی محبت میں کسی علت یا سبب کا دخل نہیں ہوتا۔ اور اپنے مولیٰ کی رضا کے علاوہ ان کے عشق کا کوئی علاج نہیں ہوتا۔ حضرت رابعہ بصریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: سب لوگ نار جہنم کے ڈر سے عبادت کرتے ہیں اور اس سے نجات کو اپنی کامیابی تصور کرتے ہیں. یا اس لئے عبادت کرتے ہیں تاکہ جنت میں اقامت پذیر ہوں۔ اور شراب طہور کے جام اور سلسبیل کو نوش جان کریں' یا جنت کے محلوں میں آرام کریں۔ لیکن میں اپنی محبت کا کوئی بدل نہیں چاہتی۔

یعنی آپ کے نزدیک زندگی اللہ تعالیٰ سے محبت اس کے احکام کو بجالانے کا نام ہے۔ کیونکہ محب اپنے محبوب کا اطاعت گزار ہوتا ہے۔

صوفیائے کرام کو راہ محبت سے شناسائی تھی اس لئے وہ اس راہ پر چل نکلے۔ حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرا بندہ نوافل کے ساتھ میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے۔ حتیٰ کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں۔ اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے۔ اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے۔ اور اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اسے ضرور عطا کرتا ہوں۔ اور اگر وہ میری پناہ طلب کرتا ہے تو میں اسے اپنی حفاظت میں لے لیتا ہوں۔ (بخاری)

محبت. معرفت الٰہی اور وصول الی اللہ کی بنیاد ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمتہ اللہ علیہ سے محبت کے بارے میں پوچھا گیا تو

Marfat.com

آپ نے فرمایا:

ان تحب ما احب اللہ وتبغض ما ابغض اللہ وتفعل الخیر کلہ وترفض کلما یشغل عن اللہ والا تخاف فی اللہ لومہ لائم مع العطف للمومنین والغلظہ علی الکافرین واتباع رسول اللہ ﷺ فی الدین۔

"محبت یہ ہے کہ تو اس چیز کو دوست رکھے جس کو اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے۔ اور اس چیز کو ناپسند کرے جس کو اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے۔ اور تو ہر نیک کام کرے اور ہر اس چیز کو دور پھینک دے جو تجھے اللہ تعالیٰ سے غافل کرے۔ اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں تجھے کسی ملامت کرنے والے کا خوف نہ ہو۔ مومنوں کے ساتھ تو نرم خو ہو اور کافروں کے ساتھ سخت ہو۔ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کی دین میں پیروی کرے"۔

آپ نے مزید فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے کی نشانی یہ ہے کہ وہ اس کے حبیب ﷺ کے اخلاق، افعال، اوامر اور آپ ﷺ کی سنتوں کی اتباع کرتا ہے۔[۵]

شیخ کبیر سید احمد رفاعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "جو شخص اللہ سے محبت کرتا ہے وہ اپنے نفس کو تواضع کی تعلیم دیتا ہے۔ اور علائق دنیا سے قطع تعلق کر لیتا ہے۔ اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو ترجیح دیتا ہے۔ اس کے ذکر میں مشغول ہو جاتا ہے اور ماسوٰی اللہ اپنے نفس کیلئے کوئی خواہش نہیں چھوڑتا اور اس کی عبادت میں مصروف رہتا ہے۔

شیخ محمد بن علی ترمذی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت کی حقیقت اس کے ذکر سے دائمی انس ہے۔

شیخ ابن دباغ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صوفیائے کرام اور اولیائے عظام کا مطلوب و مقصود ملاء اعلیٰ میں دائمی زندگی، رب کریم کے انوار و تجلیات کا مشاہدہ و مطالعہ جمال الٰہی سے لطف اندوز ہونا ہے۔ اور یہ سعادت ان نفوس قدسیہ کو حاصل

Marfat.com

ہوتی ہے جو ازل سے ہی اللہ تعالیٰ کی خصوصی عنایات کا مرکز ہوں۔ محبتِ حقیقی اور انوارِ الٰہی کے شوق کی طرف لے جانے والے تمام علمی اور عملی راستے ان کیلئے آسان کر دیئے جاتے ہیں۔ یہ نفوس قدسیہ جب اس سعادت ابدیہ سے سرفراز ہوتے ہیں تو انہیں وہ لذت اور سرور حاصل ہوتا ہے۔ جو نہ کسی آنکھ نے آج تک دیکھا۔ اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی کے دل میں اس کا خیال پیدا ہوا۔ اس لئے ہر صاحب عقل کو اس عظیم مقصد کے حصول اور سلسبیل کے سرچشمہ میں وارد ہونے میں کوشش کرنی چاہیئے۔ جس تک بہت کم لوگوں کی رسائی ہوتی ہے۔ کیونکہ عاشق ہمیشہ ایسے مواقع کی تلاش میں رہتا ہے وہ آسمانی بجلی کا نظارہ اس لئے کرتا ہے کہ اس کی بارگاہ سے ہو کر آئی ہے۔ اور اس کے بے مثل جمال کی خبر دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بجلی کی چمک ان عاشقوں کے جگر کے ٹکڑے کر دیتی ہے۔

اسی قسم کے ذوق سے صوفیائے کرام کو محبت الٰہی کے سائے تلے اطمینان و رضا کی دولت میسر ہوئی۔ اور وہ اس حقیقت سے آگاہ ہوئے کہ روحانی زندگی کے مقابلہ میں دنیاوی سازو سامان اور اس کی خواہشات کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ کیا ان کیلئے یہ کافی نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی معیت میں خوش و خرم اور اس کے قرب سے سرفراز ہوتے ہیں اور اس کے فضل و احسان اور جود و سخا کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡھُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡہُ۔ (بینہ:۸)

"اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اس سے راضی ہو گئے"

نیز ارشاد فرمایا:

یُحِبُّھُمۡ وَیُحِبُّوۡنَہٗ۔ (مائدہ:۵۷)

"اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے"

یعنی پہلے اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو جاتا ہے۔ پھر ان کو اپنی محبت کیلئے چن لیتا ہے اور یہی لوگ اس کی مخلوق میں سب سے زیادہ برگزیدہ اور اس کے خاص دوست ہیں۔

Marfat.com

کشف

تعریف:

سید جرجانی رحمتہ اللہ علیہ اس کی تعریف بیان فرماتے ہیں: "فراست لغت میں کسی چیز میں غور و فکر کرنے کا نام ہے۔ اور اہل حقیقت کی اصطلاح میں غائب کا مشاہدہ کرنا اور علم یقینی تک رسائی حاصل کرنا ہے"۔

عارف باللہ ابن عجیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ خیال جو صاحب فراست کے دل میں اچانک رونما ہوتا ہے یا اس سے مراد وہ وارد ہے جو اس کے دل میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور جب دل صاف ہو تو یہ غالبًا صحیح ہوتا ہے۔ حدیث پاک میں ہے:

اتقوا فراسه المومن فانه ينظر بنور الله۔ (ترمذی)

"مومن کی فراست سے ڈرو۔ کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے"۔

اس کی قوت و طاقت. قرب الٰہی اور معرفت کے مطابق ہوتی ہے۔ جوں جوں قرب و معرفت میں اضافہ ہوگا. تو فراست میں صداقت آتی جائے گی۔ کیونکہ روح کو جب بارگاہ الٰہی کا قرب حاصل ہوتا ہے تو اس میں حق کے علاوہ کسی اور چیز کا

Marfat.com

ظہور نہیں ہوتا۔

کشف وہ نور ہے جو سالکین کو منازل سلوک کے دوران حاصل ہوتا ہے۔ اور یہ ظاہری حجاب کو اٹھا دیتا ہے اور مادی اسباب کو زائل کر دیتا ہے۔ یہ انہیں مجاہدہ، خلوت اور ذکر کے نتیجہ میں حاصل ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے ان کی بصارت، بصیرت میں تبدیل ہو جاتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے ہر چیز کو عیاں دیکھتے ہیں اور وہ زمان و مکاں کی حدود سے آزاد ہو جاتے ہیں۔ اور پھر وہ عالمِ امر کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اور یہ کیفیت اس شخص کو حاصل نہیں ہو سکتی جو خواہشاتِ نفسانی، شیطانی وساوس، شکوک و شبہات عقائدِ باطلہ میں مبتلا ہو۔ کیونکہ یہ ان روشن اور قلوبِ سلیمہ کیلئے خاص ہے جو دنیا کی تاریکیوں سے پاک ہو چکے ہوں اور شکوک و شبہات اور مادی کثافتوں سے منزہ ہیں۔

جو شخص اپنی نظر کو محارم سے بچاتا ہے اور اپنے نفس کو شہوتوں سے روکتا ہے اور اپنے باطن کو اللہ تعالیٰ کے مراقبہ سے معمور کرتا ہے۔ اور اکلِ حلال کا عادی ہوتا ہے۔ اس کی فراست اور کشف کبھی خطا نہیں کرتا۔ جو شخص اپنی نظر کو محارم سے نہیں بچاتا، اس کا تاریک نفس اس کے دل کے آئینہ کو گدلا کر کے اس کے نور کو مٹا دیتا ہے۔

کشف کی حقیقت یہ ہے کہ بندہ جب اپنے ظاہری حواس سے باطنی حواس کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اس کی روح اس کے حیوانی نفس پر غالب آجاتی ہے۔ روح انتہائی لطیف اور ہر چیز کو آشکارا کر دیتی ہے۔ اس طرح بندے کو کشف کی کیفیت حاصل ہوتی ہے۔ اور اسے الہام ہونے لگتا ہے۔

عظیم مؤرخ ابن خلدون اس کے بارے میں لکھتے ہیں کہ پھر عموماً مجاہدہ، خلوت اور ذکر کے بعد ظاہر حجاب اٹھ جاتے ہیں۔ اور سالک عالمِ امر سے آگاہ ہو جاتا ہے۔ صرف ظاہری حواس سے ان چیزوں کا ادراک نہیں کیا جا سکتا۔ اور روح کا تعلق بھی علم امر سے ہے۔ اور اس کشف کا سبب یہ ہے کہ روح جب ظاہری حس سے باطنی حس کی طرف متوجہ ہوتی ہے تو ظاہری حس کے احوال کمزور اور روح کے احوال قوی

Marfat.com

ہو جاتے ہیں۔ اور اس کا حکم غالب اور وہ ارتقاء پذیر ہو جاتی ہے۔ اس عمل میں ذکر معاون کا کام دیتا ہے۔ کیونکہ وہ روح کی ترقی کی غذا ہے۔ روح اسی طرح پروان چڑھتی رہتی ہے. حتیٰ کہ علم کے بعد مشاہدہ کا مقام آتا ہے۔ ظاہری حجابات اٹھا دیئے جاتے ہیں۔ اور نفس انسانی اتنا صاف اور شفاف ہو جاتا ہے کہ آسانی سے ہر چیز کا ادراک کر لیتا ہے۔ اس وقت سالک کو علم لدنی اور فیوضات الٰہیہ کا حصول ہوتا ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ کشف اکثر اوقات صاحب مجاہدہ کو ہی حاصل ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے وہ کائنات کے حقائق جان لیتا ہے جو دوسرے لوگ نہیں جان سکتے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ صاحب مجاہدہ تھے اور ان کو سب کیفیات حاصل تھیں. لیکن وہ ان چیزوں کی طرف توجہ نہیں دیتے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق. حضرت عمر فاروق. حضرت عثمان غنی. اور حضرت علی رضی اللہ عنھم کی حیات مبارکہ کا مطالعہ کرنے سے اس قسم کے واقعات ملتے ہیں۔ اہل طریقت. صحابہ کرام کے طریقہ کار پر عمل پیرا رہے رسالہ قشیریہ میں صاحب کشف صوفیاء کا ذکر کیا گیا ہے۔

یہ کشف وراثت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اپنے صدق. اخلاص اور طہارت قلب کی وجہ سے عطا ہوئی۔

کشف اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور بعد میں آنے والے صوفیاء کرام کے مکاشفات ذکر کرنے سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کچھ مکاشفات ذکر کریں گے جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا کیے۔ اور یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کشف معجزہ ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صوفیائے کرام کا کشف. کرامت ہے۔ اور ولی کی ہر کرامت اس کے نبی کے معجزے کے قائم مقام ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا. کہ اقامت کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اقیموا صفوفکم وتراصوا فانی اراکم من وراء ظھری۔

Marfat.com

(بخاری و مسلم)

"اپنی صفیں سیدھی کرو۔ اور باہم مل کر کھڑے ہو جاؤ۔ بے شک میں تمھیں اپنی پشت پیچھے بھی دیکھتا ہوں"۔

کیونکہ کشف. عالم حس سے بالا تر ہوتا ہے اور اس میں زمان و مکان کی حدود ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ کیلئے قریب و بعید کا مشاہدہ برابر تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت زید، حضرت جعفر اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کو ایک غزوہ میں بھیجا اور جھنڈا حضرت زید بن ثابت کو عطا فرمایا۔ یہ تینوں حضرات اس غزوہ میں شہید ہو گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ طیبہ میں بیٹھ کر اس واقعہ کی خبر دے دی۔ آپ ﷺ نے بیان فرمایا کہ جھنڈا پہلے زید نے پکڑا. پھر ان کو شہید کر دیا گیا۔ پھر جھنڈے کو حضرت جعفر نے اپنے ہاتھوں میں لے لیا تو آپ کو بھی شہید کر دیا گیا۔ پھر جھنڈا حضرت عبداللہ بن رواحہ نے لیا تو آپ کو بھی شہید کر دیا گیا۔ آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ جھنڈا حضرت خالد بن ولید نے لیا تو آپ کو فتح حاصل ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد غزوہ موتہ کے موقع پر ارشاد فرمایا۔

کشف اور قرآن:

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں ارشاد فرمایا:

وَكَذٰلِكَ نُرِىْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ۔ (انعام:۷۵)

"اور اسی طرح ہم نے دکھا دی ابراھیم کو ساری بادشاہی آسمانوں اور زمین کی تاکہ وہ ہو جائیں کامل یقین کرنے والوں میں"۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت خضر علیہ السلام کے بارے میں تین واقعات ذکر فرمائے ہیں۔

(۱)۔ حضرت خضر علیہ السلام کو کشف ہوا کہ وہ کشتی جس پر وہ دریا پار کرنے

Marfat.com

کیلئے سوار ہوئے تھے۔ اس کو ظالم حکمران اپنے قبضہ میں لے لے گا. تو آپ نے اس میں سوراخ کر کے اسے عیب دار کر دیا تاکہ اسے ظالم کے شر سے بچایا جا سکے. جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآئَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا۔ (کہف:۷۹)

"وہ جو کشتی تھی وہ چند غریبوں کی تھی جو (ملاحی کا) کام کرتے تھے دریا میں۔ سو میں نے ارادہ کیا کہ اسے عیب دار بنادوں اور (اس کی وجہ یہ تھی کہ) ان کے آگے (جابر) بادشاہ تھا جو پکڑ لیا کرتا تھا ہر کشتی کو زبردستی سے"

(۲)۔ آپ کو بچے کے بارے میں کشف ہوا کہ اگر یہ بچہ زندہ رہا تو یہ والدین کو کفر میں مبتلا کرے گا. اور انہیں قتل کر دے گا۔ پس آپ نے اس کے مومن والدین پر رحم کرتے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اس کو قتل کر دیا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ اَبَوَاهُ مُؤْمِنِيْنَ فَخَشِيْنَا اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا. فَاَرَدْنَا اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا۔ (کہف:۸۰، ۸۱)

"اور وہ جو لڑکا تھا تو (اس کی حقیقت یہ ہے کہ) اس کے والدین مومن تھے پس ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ (اگر زندہ رہا تو) مجبور کر دے گا انہیں سرکشی اور کفر پر۔ پس ہم نے چاہا کہ بدلہ دے انہیں ان کا رب (ایسا بیٹا) جو بہتر ہو اس سے پاکیزگی میں اور (ان پر) زیادہ مہربان ہو"۔

(۳)۔ آپ کو کشف ہوا کہ اس دیوار کے نیچے خزانہ ہے یہ ان دو یتیم بچوں کا تھا جن کا والد نیک آدمی تھا۔ آپ نے خزانہ کی حفاظت کیلئے بچوں پر رحم کرتے ہوئے اور ان کے والد سے محبت کی وجہ سے اس دیوار کو بغیر کسی اجرت و معاوضہ کے تعمیر کر دیا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

Marfat.com

وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَا اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ۔ (کہف:۸۲)

"باقی رہی دیوار (تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ) وہ شہر کے دو یتیم بچوں کی تھی اور اس کے نیچے ان کا خزانہ دفن تھا اور ان کا باپ بڑا نیک شخص تھا پس آپ کے رب نے ارادہ فرمایا کہ وہ دونوں بچے اپنی جوانی کو پہنچیں اور نکال لیں اپنا دفینہ یہ (ان پر) ان کے رب کی خاص رحمت تھی"۔

کشف اور صحابہ کرام:

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ وہ جلیل القدر صحابی ہیں جن کی صدیقیت کی گواہی خود اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِىْ جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ۔ (زمر:۳۳)

"اور وہ ہستی جو اس سچ کو لے کر آئی اور جس نے سچ کی تصدیق کی"

ہم یہاں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کشف کا ایک واقعہ ذکر کرتے ہیں جو حقیقت حال سے پردہ اٹھانے کیلئے کافی ہے۔ وگرنہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فضائل و محاسن کو بیان کرنا کسی انسان کے بس کی بات نہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ جب آپ کے وصال کا وقت قریب آیا تو آپ نے مجھے بلایا اور ارشاد فرمایا کہ میرے بعد میرے اہل و عیال میں تیرے سوا کوئی بھی ایسا شخص نہیں ہے جس کو غنی دیکھنا زیادہ محبوب ہو۔ اور تیرا تنگ دست ہونا مجھ پر شاق ہے۔ میں نے تمھیں "عالیہ" کی زمین سے بیس وسق کھجوریں عطا کی تھیں.....

یہ ورثاء کا مال ہے اور یہ تیرے دو بھائی اور دو بہنیں ہیں۔ میں نے عرض کی کہ میری تو ایک ہی بہن اسماء ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ خارجہ کی بیٹی یعنی ان کی بیوی حاملہ ہے اور میرے دل میں یہ خیال آیا ہے کہ یہ لڑکی ہے۔ پس اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ آپ فرماتی ہیں کہ آپ کے وصال کے بعد ام کلثوم پیدا ہوئیں۔

Marfat.com

علامہ سبکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس واقعہ میں آپ کی دو کرامات ہیں:

(۱)۔ آپ کا خبر دینا کہ آپ کا وصال اسی مرض میں ہوگا۔ کیونکہ آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ وراثت کا مال ہے۔

(۲)۔ یہ خبر دینا کہ آپ کے ہاں بچی پیدا ہوگی اور اس کو ظاہر کرنے میں راز یہ تھا کہ آپ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے دل کو خوش کرنا چاہتے تھے۔ کیونکہ آپ نے اس ہبہ کو ان سے واپس لے لیا تھا جن پر انہوں نے ابھی قبضہ نہیں کیا تھا۔ تو پھر آپ کو اس بات سے آگاہ کرنا بھی ضروری تھا کہ انہیں وراثت سے کتنا حصہ ملے گا۔ اس لئے آپ نے انہیں بتایا کہ یہ وراثت کا مال ہے جس میں ان کے ساتھ دو بھائی اور دو بہنیں شریک ہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ وہ عظیم شخصیت ہیں جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کو الہام ہوتا ہے۔ حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم سے پہلی قوموں میں بعض لوگ ایسے تھے جن پر الہام کیا جاتا ہے۔ اگر میری امت میں کوئی ہے تو وہ عمر ہے۔ (بخاری، مسلم)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت، تمام امتوں سے افضل ہے اور جب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ان امتوں میں صاحب الہام موجود ہیں۔ تو اس امت میں ان کا پایا جانا بہت ضروری ہے۔

علامہ تاج سبکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کو ایک لشکر کا سردار بنا کر بھیجا، اور انہیں بلاد فارس پر حملہ کرنے کیلئے بھیجا۔ باب نہاوند کا محاصرہ کرتے ہوئے ان کے لشکر پر سخت وقت آگیا۔ دشمن کی تعداد بڑھ گئی۔ اور قریب تھا کہ مسلمان شکست کھا جاتے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس وقت مدینہ طیبہ میں خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ آپ نے دوران خطبہ بلند آواز سے پکارا، یا ساریہ الجبل، من استرعی الذئب الغنم قد ظلم۔ (اے ساریہ! پہاڑ کو لازم پکڑو جو بکریوں کو بھیڑیوں سے چرواتا ہے تحقیق وہ ظلم کرتا ہے) اللہ تعالیٰ نے ساریہ اور اس کے لشکر کو نہاوند میں آپ کی آواز سنوا

Marfat.com

دی۔ پس وہ آواز سن کر پہاڑ کی طرف لپکے۔ اور کہنے لگے کہ یہ امیرالمومنین کی آواز ہے۔ اس طرح وہ خطرے سے نجات پاکر دشمن پر غلبہ پا گئے۔

علامہ سبکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مقصد اظہار کرامت نہ تھا بلکہ آپ کو کشف حاصل ہوا تھا اور آپ اپنی آنکھوں سے لشکر کا مشاہدہ فرما رہے تھے۔ گویا کہ آپ درحقیقت ان کے درمیان موجود تھے۔ آپ کی مکمل توجہ ان کی طرف مبذول تھی۔ اور جب مسلمانوں پر مشکل وقت آیا تو آپ نے ان کے امیر کو حکم فرمایا کہ پہاڑ کی طرف توجہ کرو۔

اس قصہ سے دو چیزیں ثابت ہوتی ہیں:

(۱)۔ سینکڑوں میل کی دوری سے مشاہدہ کرنا اور یہی صحیح کشف ہے۔ یہ آج سے چودہ سو سال قبل کا واقعہ ہے۔ جب ٹیلیویژن کا نام و نشان بھی نہ تھا۔

(۲)۔ اتنی دوری کے باوجود حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ تک آپ کی آواز کا پہنچنا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قبیلہ مذحج کے کچھ لوگوں سے ملاقات کی جن میں اشتر نخعی بھی تھا۔ آپ نے جب اسے غور سے دیکھا تو فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اسے ہلاک کرے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ ایک دن مسلمانوں کو مصیبت میں مبتلا کرے گا۔ تو وہی ہوا جو آپ نے ارشاد فرمایا تھا۔[۵]

ابن عساکر طارق بن شہاب سے روایت کرتے ہیں کہ جب کوئی آدمی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے بات کرتا۔ تو جب وہ آدمی دوران گفتگو جھوٹ بولتا تو آپ اسے روک دیتے۔ وہ پھر آپ سے محو کلام ہو جاتا اور دوران گفتگو جب جھوٹ بولتا تو آپ اسے روک دیتے۔ تو وہ عرض کرتا۔ میں نے جو آپ کے ساتھ گفتگو کی وہ حق ہے سوائے ان باتوں کے جن سے آپ نے روکا۔

حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے جب کوئی جھوٹ بولتا تو آپ فوراً پہچان لیتے۔

امام بیہقی نے "دلائل" میں ذکر کیا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو خبر

Marfat.com

السماء والارض۔[9]

"ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ آئے اور امام حسین رضی اللہ عنہ کی قبر کے مقام سے گزرے تو آپ نے ارشاد فرمایا۔ یہ ان کی سواریوں کے بیٹھنے کہ جگہ ہے۔ اور یہ ان کے خیموں کی جگہ ہے۔ اور یہ وہ جگہ ہے کہ جہاں ان کا خون بہایا جائے گا۔ اس میدان میں آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ نوجوان شہید کیے جائیں گے جن پر زمین و آسمان نوحہ کناں ہوں گے"۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اہل کوفہ سے ارشاد فرمایا۔ تمہارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت تشریف لائیں گے اور تم سے مدد طلب کریں گے۔ لیکن ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔ اہل کوفہ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے جو سلوک کیا۔ یہ اس کی طرف اشارہ تھا۔ اور اگر ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مکاشفات اور ان کی بصیرت کے واقعات کو یہاں درج کرنا چاہیں تو ہم اس کتاب کے موضوع سے بہت دور نکل جائیں۔

صوفیائے کرام اور کشف:

حضرت امام شفعی اور امام محمد بن حسن رحمہما اللہ تعالیٰ بیت اللہ شریف میں تشریف فرما تھے کہ ایک آدمی مسجد کے دروازے سے داخل ہوا۔ ان میں سے ایک نے فرمایا کہ میرا خیال ہے کہ وہ بڑھئی ہے۔ دوسرے نے فرمایا۔ نہیں بلکہ یہ لوہار ہے۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے اس آدمی سے پوچھا تو اس نے جواب دیا میں بڑھئی ہوں لیکن آج کل میں نے لوہار کا پیشہ اختیار کیا ہوا ہے۔[10]

حضرت ابو سعید خراز رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد حرام داخل ہوا تو میں نے ایک فقیر کو دیکھا جس پر دو چیتھڑے تھے۔ میں نے اپنے دل میں کہا۔ اس قسم کے فقیر لوگوں پر بوجھ ہوتے ہیں۔ اس نے مجھے ندا دی اور کہا:

واعلموا ان اللہ یعلم ما فی انفسکم ماحذروہ۔
(بقرہ:۲۳۵)

Marfat.com

"اور جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے سو اس سے ڈرتے رہو"

میں نے اپنے دل میں ہی توبہ کی تو اس نے مجھے ندا دی اور کہا:

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ۔ (شوریٰ:۲۵)

"اور وہی ہے جو توبہ قبول کرتا ہے اپنے بندوں کی"

پھر وہ شخص غائب ہو گیا۔ دوبارہ نظر نہ آیا۔

حضرت خیر النساج رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے گھر میں بیٹھا تھا کہ میرے دل میں خیال آیا کہ حضرت جنید رحمتہ اللہ علیہ دروازے پر کھڑے ہیں۔ لیکن میں نے اس خیال کو دل سے جھٹک دیا۔ پھر دوسری اور تیسری مرتبہ جب خیال آیا اور گھر سے نکلا. تو کیا دیکھتا ہوں کہ آپ دروازے میں کھڑے ہیں۔ اور فرما رہے ہیں۔ تم اس وقت کیوں نہیں نکلے جب تمھیں پہلی بار خیال آیا تھا۔[۱۱]

حضرت ابراہیم خواص رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں بغداد کی جامع مسجد میں فقراء کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ ایک نہایت ہی خوبصورت نوجوان داخل ہوا۔ میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ میرے خیال میں یہ لڑکا یہودی ہے۔ ان سب نے اس بات کو ناپسند کیا۔ پھر میں مسجد سے نکلا۔ اور وہ لڑکا بھی وہاں سے چلا گیا۔ تھوڑی دیر بعد وہی لڑکا واپس آیا اور ان سے کہنے لگا کہ اس بزرگ نے کیا کہا تھا؟ وہ شرمندگی کی وجہ سے اسے نہ بتا سکے۔ جب اس نے اصرار کیا تو انہوں نے بتایا کہ شیخ نے تمہارے بارے میں کہا تھا کہ تم یہودی ہو۔ شیخ خواص رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ لڑکا میرے پاس آیا اور میرے ہاتھوں کو چوما اور مسلمان ہو گیا۔ میں نے اس کی وجہ پوچھی تو اس نے کہا کہ ہماری کتابوں میں لکھا ہے کہ صدیق کی فراست کبھی غلط نہیں ہوتی۔ میں نے سوچا کہ میں مسلمانوں کا امتحان لیتا ہوں۔ اگر کوئی صدیق ہوا تو اسی گروہ میں ہو گا۔ کیونکہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کی تلاوت کرتے ہیں۔ میں جب بھیس بدل کر ان کے پاس آیا تو شیخ نے جب اپنی فراست سے مجھے پہچان لیا۔ تو میں نے جان لیا کہ وہ صدیق ہے۔ تو یہی نوجوان بعد میں بلند پایہ صوفی بن گیا۔[۱۲]

Marfat.com

یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے حدیث پاک میں اس کی خبر دی ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ان للہ عبادا یعرفون الناس بالتوسم۔ (بزار. طبرانی)

"اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو لوگوں کو اپنی فراست سے پہچان لیتے ہیں"

حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ جامع مسجد بغداد میں وعظ فرما رہے تھے کہ ایک نصرانی نوجوان بھیس بدل کر پوچھنے لگا۔ اس حدیث" اتقوا فراسہ المومن فانہ ینظر بنور اللہ "(ترمذی)۔ "مومن کی فراست سے بچو. کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے" کا کیا معنی ہے۔ آپ نے تھوڑی دیر کیلئے سر جھکایا پھر ارشاد فرمایا. اے نوجوان! مسلمان ہو جا. تمھارے مسلمان ہونے کا وقت آگیا ہے. پس وہ لڑکا مسلمان ہو گیا۔[۱۳]

یہ حدیث پاک اس کشف کی اصل ہے جو کثیر صوفیاء کرام کو حاصل ہوتا ہے۔ ان میں سے بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اپنے کشف کے ذریعے ان باتوں کو جان لیتے ہیں جو ان سے پوشیدہ ہوتی ہوں. گویا کہ وہ ان کے ساتھ حاضر تھے۔ اور یہ چیز اس شخص کیلئے فتنہ کا باعث ہوتی ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کے ساتھ متصف نہیں ہوتا۔

کیا کشف کے ذریعہ اصحاب قبور کی حالت کو بھی جانا جا سکتا ہے؟

علامہ عبدالرؤف مناوی حدیث" لولا ان تدافنوا لدعوت اللہ ان یسمعکم من عذاب القبر"

"اگر تم بات کو چھپا سکتے تو میں اللہ سے دعا کرتا کہ وہ تمہیں عذاب قبر سنا دے" کی شرح میں فرماتے ہیں کہ دوسری ہولناکیوں کے علاوہ صرف قبر کے عذاب ظاہر کرنے کا ارادہ فرمایا.. کیونکہ یہ پہلی منزل ہے۔ اور اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ کشف طاقت کے مطابق عطا کیا جاتا ہے۔ اگر کسی کو اس کی طاقت سے بڑھ کر کشف حاصل ہو جائے تو وہ ہلاک ہو جائے۔

Marfat.com

بعض صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ قبر کے حالات سے آگاہی کئی اشخاص کو ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ خطرناک چیز ہے۔ جس کو یہ کیفیت حاصل ہو جائے. وہ ایک دن میں کئی بار مرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتا ہے اور سوال کرتا ہے کہ یہ چیز اس سے محجوب کر دے۔ اور بندے کو یہ چیز اس وقت حاصل ہوتی ہے جب اس کی روحانیت اس کی جسمانیت پر غالب آجاتی ہے. حتیٰ کہ اس کی زندگی ملائکہ کی طرح ہو جاتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس حدیث میں جن لوگوں کو خطاب فرمایا ہے ان کی روحانیت. جسمانیت پر غالب تھی۔ اور آپ ﷺ ہر قوم کے ساتھ اس کے حال کے مطابق گفتگو فرماتے تھے۔[۱۴]

مشائخ کرام کی فراست اور لوگوں کے دلوں کے راز سے آگاہ ہونے کے واقعات شمار سے باہر ہیں. لیکن منکر کو صحابہ کرام. تابعین اور بعد میں آنے والے صوفیائے کرام سے منقول صحیح واقعات اور شواہد فائدہ نہیں دے سکتے۔ کیونکہ وہ صرف مادی زندگی پر ہی ایمان رکھتا ہے. اور مادہ کے علاوہ کسی چیز کی تصدیق نہیں کرتا۔

علامہ تاج الدین سبکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بندہ کا دل جب صاف ہو جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔ اور اس کی نظر جب کسی کدورت یا کسی صاف چیز پر پڑتی ہے تو اسے جان لیتا ہے پھر ان کے مقامات مختلف ہوتے ہیں۔ ان میں سے بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جو کدورت کو تو جان لیتے ہیں. لیکن اس کے اصل سبب کو نہیں جان سکتے۔ اور ان میں سے بعض کا مقام اس سے بلند ہوتا ہے وہ اصل سبب کو بھی جان لیتے ہیں. جس طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو یہ مقام حاصل تھا۔ کیونکہ آدمی نے جب عورت کے چہرے کی طرف دیکھا تو اس کی وجہ سے اس میں کدورت پیدا ہو گئی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کدورت کا بھی ادراک کر لیا اور اس کے اصل سبب کو بھی۔

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہر معصیت میں کدورت ہوتی ہے جو دل میں سیاہ نقطے کا سبب بنتی ہے اور پھر یہ نقطے رین کی صورت اختیار کر جاتے ہیں۔ جس طرح

Marfat.com

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

كَلَّا. بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوبِهِمْ. مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔ (مطففین:۱۴)

"نہیں نہیں۔ در حقیقت زنگ چڑھ گیا ہے ان کے دلوں پر ان کرتوتوں کے باعث جو وہ کیا کرتے تھے"

حتیٰ کہ دل میں رین مستحکم ہو جاتا ہے اور دل تاریک ہو جاتا ہے تو نور کے دروازے بند کر کے اس پر مہر لگا دی جاتی ہے۔ اور پھر توبہ کا کوئی راستہ باقی نہیں رہتا۔ جس طرح کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَطبع عَلٰى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ۔ (توبہ:۸۷)

"اور مہر لگا دی گئی ان کے دلوں پر تو وہ کچھ نہیں سمجھتے"

گناہ صغیرہ چھوٹی سی کدورت کا باعث بنتا ہے جو استغفار اور توبہ وغیرہ سے محو ہو سکتی ہے اور اس کا ادراک کوئی صاحب بصیرت ہی کر سکتا ہے. جس طرح کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے چھوٹی سی کدورت کا ادراک کر لیا۔ کیونکہ عورت کے چہرہ کی طرف دیکھنے کے متعلق ادراک کر لیا۔ اور اس کے اصل سبب کی طرف بھی رسائی حاصل کر لی۔ اور یہ ایک بلند مقام ہے۔ اس کے مقابلہ میں دوسرے مقامات بے وقعت ہو جاتے ہیں۔ جب ایک گناہ صغیرہ کے بعد دوسرا گناہ سرزد ہوتا ہے تو یہ کدورت بڑھ جاتی ہے۔ اور جب گناہوں کی کثرت ہو جائے اور اس کی وجہ سے دل تاریک ہو جائے تو ہر صاحب بصیرت اس کا مشاہدہ کر سکتا ہے جب کوئی کسی کو گناہوں میں ملوث دیکھتا ہے۔ اور اس کے تاریک دل کو اپنی فراست سے نہیں بھانپ سکتا۔ تو اسے جان لینا چاہیئے کہ اس کی ذات میں ہی کوئی نقص ہے۔ اگر وہ صاحب بصیرت ہوتا. تو اس تاریکی کا ادراک کر لیتا۔ کیونکہ انسان اپنی بصیرت کے مطابق ہی ادراک کر سکتا ہے۔

فراست وہ امر ہے جس کا واقع ہونا جائز ہے اور وہ عطا ہے جو وہ اپنے نیک بندوں کو عطا کرتا ہے۔ جو اپنے دین کو مضبوطی سے تھام لیتے ہیں۔ اور اپنے اعضاء و

Marfat.com

الہام

سید شریف جرجانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الالہام مایلقی فی الروع بطریق الفیض۔

"الہام وہ چیز ہے کہ جو بطور فیض دل میں القاء کی جاتی ہے"۔

بعض نے کہا ہے کہ الہام دل میں واقع ہونے والے علم کا نام ہے۔ اور یہ علم کسی آیت قرآنی سے استدلال اور کسی دلیل میں غور و فکر کے بغیر عمل کا تقاضا کرتا ہے۔

الہام کی دو قسمیں ہیں۔

(۱)۔ وہ الہام جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے۔

(۲)۔ وہ الہام جو فرشتوں کی طرف سے ہوتا ہے۔ اس سے امر، نہی اور ترغیب و ترہیب کا علم حاصل ہوتا ہے۔

(۱)۔ اللہ کی طرف سے الہام: پہلی قسم کا ذکر اللہ تعالیٰ نے مریم علیہا السلام کے قصہ میں فرمایا ہے کہ جب آپ نے موسم سرما میں کھجور کے درخت کے نیچے پناہ لی تو اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی واسطہ کے آپ کو الہام کیا۔ اور ارشاد فرمایا:

Marfat.com

وَهُزِّیْ اِلَیْکِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَیْکِ رُطَبًا جَنِیًّا. فَکُلِیْ وَاشْرَبِیْ وَقَرِّیْ عَیْنًا۔ (مریم:۲۵)

"اور ہلاؤ اپنی طرف کھجور کے تنے کو گرنے لگیں گی تم پر پکی ہوئی کھجوریں (میٹھے میٹھے خرمے) کھاؤ اور (ٹھنڈا پانی) پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو"

امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم سے یہ خطاب آپ کے دل میں القاء اور الہام سے کیا. جس طرح کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

وَاَوْحَیْنَا اِلٰی اُمِّ مُوْسٰی۔ یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے وقت فرعون کے سپاہیوں کے ڈر سے جب آپ کی والدہ انتہائی پریشان اور کرب کی حالت میں تھیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی واسطہ کے آپ کو الہام فرمایا اور ارشاد فرمایا:

وَاَوْحَیْنَا اِلٰی اُمِّ مُوْسٰی اَنْ اَرْضِعِیْهِ فَاِذَا خِفْتِ عَلَیْهِ فَاَلْقِیْهِ فِی الْیَمِّ وَلَا تَخَافِیْ وَلَا تَحْزَنِیْ. اِنَّا رَادُّوْهُ اِلَیْکِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ۔ (قصص:۷)

"اور ہم نے الہام کیا موسیٰ کی والدہ کی طرف کہ اسے (بے خطر) دودھ پلاتی رہ۔ پھر جب اس کے متعلق تمہیں اندیشہ لاحق ہو تو ڈال دینا اسے دریا میں اور نہ ہراساں ہونا اور نہ غمگین ہونا یقیناً ہم لوٹا دیں گے اسے تیری طرف اور ہم بنانے والے ہیں اسے رسولوں میں سے"۔

علامہ آلوسی اس آیت کریمہ کی تفسیر کے تحت فرماتے ہیں کہ جمہور مفسرین کے نزدیک یہاں وحی کرنے سے الہام مراد ہے۔

جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ پیغام سنا تو اپنے لخت جگر کو تلاطم خیز موجوں کے حوالے کر دیا۔ ظاہری طور پر ان تلاطم خیز موجوں میں بچے کی ہلاکت یقینی تھی لیکن آپ کی والدہ اپنے اس فعل پر مطمئن تھیں. کیونکہ جلوت و خلوت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ بلا واسطہ وحی و الہام ان کا معمول تھا۔ آپ ایک سچی مومنہ اور

Marfat.com

ولیہ تھیں. نبی نہیں تھیں۔ اس طرح حضرت مریم علیہا السلام کا تعلق بنی اسرائیل سے تھا۔ جب یہ حال ان امتوں کا ہے تو امت محمدیہ ﷺ کی کیا شان ہوگی۔ جس کی تمام امتوں پر افضلیت کی گواہی خود رب کریم نے دی ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ (آل عمران:۱۱۰)

"ہو تم بہترین امت جو ظاہر کی گئی ہے لوگوں کیلئے تم حکم دیتے ہو نیکی کا اور روکتے ہو برائی سے"

ملائکہ کی طرف سے الہام: فرشتہ انسان سے بلاواسطہ ہم کلام ہوتا ہے۔ جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ فرشتہ کے ذریعہ دل میں جو خیال ڈالا جاتا ہے وہ بھلائی اور خیر کا وعدہ اور حق کی تصدیق کا ذریعہ ہوتا ہے۔ پس جس کو یہ حاصل ہو. اسے یہ جان لینا چاہیئے کہ اللہ کی طرف سے ہے اسے اللہ کی حمد و ثنا کرنی چاہیئے۔ (ترمذی)

امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ آیت کریم: وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَاءِ الْعٰلَمِيْنَ۔ (آل عمران:۴۲)۔

"اور جب کہا فرشتوں نے. اے مریم! بے شک اللہ تعالیٰ نے چن لیا ہے اور خوب پاک کر دیا ہے تمہیں اور پسند کیا ہے تجھے سارے جہاں کی عورتوں سے" کی تفسیر کے تحت لکھتے ہیں کہ مریم علیہا السلام نبی نہیں تھیں۔ کیونکہ نبوت و رسالت مردوں کیلئے خاص ہے. جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى۔ (یوسف:۱۰۹)

"اور ہم نے (رسول بنا کر) نہیں بھیجے آپ سے پہلے مگر وہ مرد جن کی طرف ہم نے وحی بھیجی بستی والوں سے"۔

جب یہ ثابت ہو گیا کہ وہ نبی نہیں تھیں تو جبرائیل علیہ السلام کا آپ کی

Marfat.com

طرف ارسال آپ کی کرامت تھی۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ان سے بالمشافہ گفتگو کی اور یہ صرف ان کے ساتھ ہی خاص نہیں ہے۔ بلکہ ان کے علاوہ بھی بہت سے اللہ کے نیک بندے ہیں جن کے ساتھ ملائکہ ہم کلام ہوتے ہیں۔[۱۵]

رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک شخص کسی دوسرے گاؤں میں اپنے بھائی کی زیارت کیلئے گیا اللہ تعالیٰ نے راستے میں ایک فرشتہ کو مقرر کر دیا۔ جب وہ شخص اس کے پاس سے گزرنے لگا۔ تو اس نے کہا. کہاں کا ارادہ ہے؟ اس نے جواب دیا اس گاؤں میں اپنے بھائی کی زیارت کیلئے جارہا ہوں۔ فرشتہ نے کہا. کیا اس نے تم پر کوئی احسان کیا ہے جس کی وجہ سے تم جارہے ہو۔ جواب دیا نہیں۔ میں تو صرف اس سے اللہ کیلئے محبت کرتا ہوں۔ فرشتہ کہتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیغام دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت کرتا ہے. جس طرح کہ تو اللہ تعالیٰ کیلئے اس بھائی سے محبت کرتا ہے۔

علامہ ابن علان صدیقی اس حدیث پاک کی شرح میں فرماتے ہیں کہ حدیث کے ظاہری الفاظ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ فرشتہ نے اس کے ساتھ بالمشافہ گفتگو کی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُكُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَةِ۔ (فصلت:۳۱)

"بے شک وہ سعادت مند جنہوں نے کہا. ہمارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے پھر اس قول پر پختگی سے قائم رہے۔ اترتے ہیں ان پر فرشتے (اور انہیں کہتے ہیں) کہ نہ ڈرو اور نہ غم کرو۔ تمہیں بشارت ہو جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے دوست ہیں دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی"

علامہ آلوسی رحمتہ اللہ علیہ اس آیت کریمہ کی تفسیر فرماتے ہیں کہ فرشتے موت. قبر اور بعث کے وقت نازل ہوتے ہیں اور ان کی مدد کرتے ہیں جب انہیں کوئی دینی یا دنیاوی مشکل پیش آتی ہے۔ اس مدد کے ذریعے یہ ان کے حوصلہ کو بڑھاتے

Marfat.com

ہیں۔ بذریعہ الہام ان سے خوف اور حزن کو دور کرتے ہیں۔ اور یہی بات زیادہ اظہر ہے۔ کیونکہ آیت کریمہ میں نزول ملائکہ کا حکم مطلق اور عام ہے۔ اور ان تمام مقامات کے علاوہ دوسرے مقامات کو بھی شامل ہے۔ کثیر لوگوں کا خیال ہے کہ فرشتے اکثر اوقات نیک اور صالح لوگوں پر بھی نازل ہوتے ہیں. اور یہ ان سے فیوض و برکات حاصل کرتے ہیں۔ اور پھر اس آیت کریمہ "وَابْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (فصلت:۳۱)

"تمہیں بشارت ہو جنت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا" کی تفسیر تحت لکھتے ہیں کہ یہی وہ جنت ہے جس کا وعدہ تمہارے ساتھ دنیا میں رسل کرام علیہم السلام کی زبانوں کے ذریعے کیا گیا ہے۔ اور یہ بشارت ان تین مقامات میں سے ایک ہے۔ اور ارشاد باری تعالیٰ "نحن اولیائکم فی الحیوہ الدنیا" کی تفسیر کے تحت لکھتے ہیں یعنی ہم تمہارے امور میں تمہارے مددگار ہوں گے اور تمہیں حق بات کا الہام کریں گے اور اچھی چیز کی طرف تمہاری راہنمائی کریں گے۔ پھر فرماتے ہیں کہ ملائکہ ان مقامات کے علاوہ بھی بعض متقین کو بالمشافہ فرماتے ہیں: "نحن اولیائکم فی الحیوہ الدنیا"[۱۶] امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ ان آیات کی تفسیر کے تحت فرماتے ہیں کہ پھر اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کے بارے میں خبر دی ہے کہ وہ مومنین کو کہتے ہیں: "نحن اولیائکم فی الحیوہ الدنیا والاخرہ" اور ملائکہ کا مومنین کیلئے اولیاء ہونے کا معنی یہ ہے کہ ملائکہ کو انسانی ارواح میں الہام. یقینی مکاشفہ اور حقیقی مقامات کے ذریعے اثر کرنے کی قوت حاصل ہے۔ جس طرح کہ شیطان کو ان ارواح میں وساوس ڈالنے اور بری چیزوں کو آراستہ کرنے کی تاثیر حاصل ہے۔ المختصر ملائکہ کا پاکیزہ ارواح کا اولیاء ہونا کئی اعتبار سے ثابت ہے جن کو ارباب مکاشفہ و مشاہدہ بخوبی جانتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ یہ ولایت جس طرح دنیا میں حاصل ہے اسی طرح آخرت میں بھی باقی رہے گی۔ کیونکہ یہ تعلق عارضی نہیں جو جلدی زائل ہو جائے۔ بلکہ یہ تو موت کے بعد اور بھی قوی ہو جاتا ہے۔ کیونکہ نفس کا جوہر ملائکہ کی جنس میں سے ہے۔ اور یہ سورج کے مقابلے میں

Marfat.com

ایک شعلے اور سمندر کے مقابلے میں ایک قطرے کی مثل ہے۔ لیکن جسمانی علائق اس کے اور ملائکہ کے درمیان حائل ہو جاتے ہیں جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر شیاطین بنی آدم کے دل کے ارد گرد چکر نہ لگاتے ہوتے تو وہ ملکوت سماوات کا مشاہدہ کر رہے ہوتے۔ جب یہ جسمانی علائق اور بدنی تدبیرات زائل ہو جاتی ہیں تو اس وقت پردہ اٹھتا ہے اور اثر . موثر کے ساتھ . قطرہ . سمندر کے ساتھ اور شعلہ . سورج کے ساتھ متصل ہو جاتا ہے۔ اور یہی اللہ تعالیٰ کے اس قول سے مراد ہے۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ملائکہ کی تسبیح سنا کرتے تھے حتیٰ کہ آپ نے اپنے زخم کو داغ لیا تو یہ تسبیح منقطع ہو گئی پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ کیفیت لوٹا دی۔

ابن اثیر "اسد الغابہ" میں روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے زخم کو داغنے سے منع کیا ہے۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے زخم کو داغ لیا تو ہم نے فلاح اور نجاح نہیں پائی۔ ملائکہ آپ کی بیماری میں آپ کو سلام کرنے کیلئے حاضر ہوتے تھے۔ اور جب آپ نے اپنے زخم کو داغ لیا۔ تو وہ سلام بند ہو گیا . اور پھر بعد میں ان کی طرف لوٹا۔

الہام سے حاصل ہونے والے علم کو صوفیاء علم لدنی کہتے ہیں۔ اور یہ علم محض اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے بغیر کسی واسطہ کے حاصل ہوتا ہے۔ بعض بزرگ فرماتے ہیں کہ ہم نے فیض الٰہی اور الہام الٰہی کے ذریعہ علم حاصل کیا ہے۔ لفظی تعلیم اور قولی تدریس سے حاصل نہیں کیا۔

امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ سے الہام کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ غائبی چراغ کا نور ہے جو صاف پاکیزہ اور خالی دل کو حاصل ہوتا ہے۔ یہ تمام اقوال کشف کے امکان اور الہام کے صحیح ہونے پر دلالت کرتے ہیں لیکن اس کیلئے ضروری ہے کہ دل دنیاوی علائق اور اس کے غم و حزن . گناہوں کے زنگ اور اس کی ظلمات سے پاکیزہ اور صاف شفاف ہو۔ شیطان آلودہ دلوں پر تسلط قائم کرتا ہے . جس طرح مکھی گندے برتنوں پر بیٹھتی ہے۔ اور جب دل پر شیطان کا تسلط قائم ہو جاتا

Marfat.com

ہے تو وہ اس کو محبوب حقیقی کے مطالعہ سے دور کر دیتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا "اگر بنی آدم کے دلوں پر شیطان نہ ہو تو یہ آسمان کے ملکوت کا مشاہدہ کریں (مسند امام احمد)

ذکر الٰہی اور مراقبہ شیطانی وسوسے کو دور کرنے کا ذریعہ ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ "شیطان۔ ابن آدم پر اپنا منہ رکھے ہوئے ہے۔ پس اگر وہ ذکر الٰہی کرے تو پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ اور اگر ذکر کو بھول جائے تو وہ اس کے دل کو اپنے منہ میں لے لیتا ہے" (بیہقی۔ ابو یعلی)

کیونکہ دل جب وسوسہ اور ذکر الٰہی سے غفلت کا عادی ہو جاتا ہے تو یہ بیمار پڑ جاتا ہے مگر جب ذکر کا عادی ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے انوار و تجلیات کا مرکز و محور بن جائے تو یہ صحت مند ہو جاتا ہے۔ اور اس کا شمار زندوں میں ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا "اپنے رب کا ذکر کرنے اور نہ کرنے والے کی مثال زندہ اور مردہ کی سی ہے" (بخاری)

مومن جب ذکر الٰہی پر مواظبت اختیار کرتا ہے اور شریعت پر استقامت، تقویٰ کو اپنا شعار بنا کر اپنے رب کے ساتھ مانوس ہو جاتا ہے تو اس کو حقیقی زندگی حاصل ہو جاتی ہے۔

صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ دل کی دو قسمیں ہیں:

(۱)۔ وہ دل جو ابھی پیدا ہی نہیں ہوا۔ اور نہ ہی ابھی اس کی پیدائش کا وقت ہوا ہے۔ یہ وہ دل ہے جو ضلالت و گمراہی اور خواہشات نفسانیہ میں چھپا ہوا ہوتا ہے۔

(۲)۔ اور دوسرا دل وہ ہے جو پیدا ہو کر توحید کی فضا میں نکل آیا ہے اور آسمان معرفت میں محو پرواز ہے۔ اس نے نفس کی خواہشات اور تاریکیوں سے چھٹکارا حاصل کر لیا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی معیت ہی میں مطمئن ہے اور یقین کے انوار نے اسے منور کر کے صاف شفاف آئینہ بنا دیا ہے۔ اب نہ تو اس پر شیطان کا دخل ہے اور نہ ہی اس کا غلبہ۔ یہ کوئی بعید از قیاس چیز نہیں ہے۔ کیونکہ روحانی طاقت سے

Marfat.com

انسان علم غیب تک رسائی حاصل کرلیتا ہے اور اس کی برکت سے زندہ ہو جاتا ہے۔ حالانکہ پہلے مردہ تھا تاریک ہونے کے بعد روشن اور منور ہو جاتا ہے۔ شیطانی صفات کے بعد ملکوتی صفات سے متصف ہو جاتا ہے. جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَفَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَاهُ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ۔ (انعام:۱۲۲)

"کیا وہ جو پہلے مردہ تھا پھر زندہ کیا ہم نے اسے. اور بنا دیا اس کے لیے نور چلتا ہے جس کے اجالے میں لوگوں کے درمیان"

بلا شک وشبہ یہ روحانی اسرار و معارف محض کلام سے حاصل نہیں ہو سکتے۔ اور جس کی قسمت میں یہ اسرار و معارف نہ ہوں۔ اسے چاہیئے کہ ان اصحاب اسرار و معارف کی بات تسلیم کرلے جن کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائے ہیں۔ ان علوم کا سب سے ادنیٰ حصہ ان کو تسلیم کرنا ہے۔ اور منکر کی ادنیٰ ترین سزا یہ ہے کہ اس کو یہ چیزیں عطا نہیں کی جاتیں۔ کیونکہ یہ تو صدیقین اور مقربین کا حصہ ہے۔

Marfat.com

کرامات اولیاء

کرامات کا ثبوت اور ان کی حکمت:

کرامت اور استدراج میں فرق' اور کرامات کے متعلق صوفیاء کا نقطۂ نظر:

آج کل کرامات کے متعلق اکثر سوال کیا جاتا ہے کہ شریعت میں کرامات کی کیا حیثیت ہے؟ کیا قرآن و سنت میں اس کی کی دلیل بھی موجود ہے اور صوفیائے کرام کو کرامات عطا کرنے میں کون سی حکمت ہے؟ کیونکہ آج کل بے دینی اور مادیت کا دور دورہ ہے اور گمراہ کن پراپیگنڈے کی کثرت ہے۔ ان چیزوں نے ہمارے نوجوان طبقہ کو بڑا متاثر کیا ہے۔ اور کئی تعلیم یافتہ افراد کو گمراہ کیا ہے حتیٰ کہ بعض نے تو کرامات کا سرے سے ہی انکار کر دیا۔ اور بعض شکوک و شبہات اور تردد میں مبتلا ہیں۔ اور یہ سب اللہ تعالیٰ اور اس کی قدرت پر ضعف ایمان اور اس کے اولیاء کرام کی عدم تصدیق کا نتیجہ ہے۔ اس لئے اظہار حق اور شریعت الٰہی کی نصرت کیلئے اس موضوع پر تفصیلاً بحث کریں گے۔

(ا)۔ کرامات کا ثبوت:

Marfat.com

کرامات اولیاء کتاب و سنت . صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے آثار سے ثابت ہیں۔ اہل سنت والجماعت کے جمہور علماء نے ان کو تسلیم کیا ہے۔ خواہ ان کا تعلق فقہاء سے ہو یا محدثین سے۔ اصولیین سے ہو یا مشائخ سے۔ ان کی تصنیفات اس پر گواہ ہیں۔ اسی طرح مختلف اسلامی ادوار میں عینی مشاہدہ سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔ اور اسے تواتر معنوی کی حیثیت حاصل ہے' اگرچہ ان کی تفصیلات اخبار آحاد کے ضمن میں آتی ہیں۔ اور ان کا انکار صرف اہل بدعت نے ہی کیا ہے کہ جن کا ذات باری تعالیٰ . اس کی صفات اور افعال پر ایمان کمزور ہے۔

کتاب اللہ سے اس کی دلیل:

(۱)۔ اصحاب کہف کا ۳۰۹ سال تک غار میں حالت نیند میں آفات و مصائب سے محفوظ اور زندہ رہنا۔ اللہ تعالیٰ سورج کی گرمی سے ان کی حفاظت فرماتا تھا . جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ۔ (کہف:۱۷)

"اور تو دیکھے گا سورج کو جب وہ ابھرتا ہے تو ہٹ کر گزرتا ہے ان کے غار سے دائیں جانب اور جب وہ ڈوبتا ہے تو بائیں طرف کتراتا ہے"۔

پھر ارشاد فرمایا:

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَ ذَاتَ الشِّمَالِ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ۔ (کہف:۱۸)

"اور (اگر تو دیکھے تو) تو انہیں بیدار خیال کرے گا حالانکہ وہ سو رہے ہیں اور ہم ان کی کروٹ بدلتے رہتے ہیں کبھی دائیں جانب اور کبھی بائیں جانب اور ان کا کتا پھیلائے بیٹھا ہے اپنے دونوں بازو ان کی دہلیز پر"

اس کے بعد ارشاد فرمایا:

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا

Marfat.com

(کہف:۲۵)

"اور وہ ٹھہرے رہے اپنے غار میں تین سو سال اور زیادہ کیے انہوں نے (اس پر) نو سال"

(۲)۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے جب کھجور کے خشک تنے کو ہلایا تو سر سبز ہو گیا اس سے تازہ کھجوریں گریں. حالانکہ وہ کھجوروں کا موسم نہیں تھا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَهُزِّیْ اِلَیْکِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَیْکِ رُطَبًا جَنِیًّا۔ (مریم:۲۵)

"اور ہلاؤ اپنی طرف کھجور کے تنے کو. گرنے لگیں گی تم پر پکی ہوئی کھجوریں"

(۳)۔ حضرت زکریا علیہ السلام جب بھی مریم علیہا السلام کے پاس ان کمرے میں آتے تو ان کے پاس قسم قسم کے پھل پاتے۔ حالانکہ آپ کے علاوہ کوئی اور اس کمرے میں داخل نہیں ہوتا تھا۔ جب آپ نے مریم علیہا السلام سے پوچھا کہ یہ پھل کہاں سے آئے ہیں تو انہوں نے فرمایا کہ یہ اللہ کی طرف سے آئے ہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

کُلَّمَا دَخَلَ عَلَیْهَا زَکَرِیَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا. قَالَ یَا مَرْیَمُ. اَنّٰی لَکِ هٰذَا۔ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ۔ (آل عمران:۳۷)

"جب بھی جاتے مریم کے پاس زکریا علیہ السلام. اس کی عبادت گاہ میں تو موجود پاتے اس کے پاس کھانے کی چیزیں (ایک بار) بولے. یا مریم! کہاں سے تمہارے لئے آتا ہے یہ رزق؟ مریم بولی یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے"

(۴)۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر آصف بن برخیا کا قصہ بھی قرآن مجید میں موجود ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتَابِ اَنَا اٰتِیْکَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ

Marfat.com

یَرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ۔ (نمل:۴۰)

"عرض کی اس نے جس کے پاس کتاب کا علم تھا۔ میں لے آتا ہوں اسے آپ کے پاس. اس سے پہلے کہ تمہاری آنکھ جھپکے"

جمہور مفسرین کے نزدیک یہ آصف بن برخیا ہیں جو آنکھ جھپکنے سے پہلے تخت بلقیس کو ملک یمن سے فلسطین لے آئے۔

سنت سے اس کی دلیل:

(۱)۔ بخاری اور مسلم شریف میں جریج عابد کا قصہ موجود ہے جس کے ساتھ بچے نے پنگھوڑے میں گفتگو کی۔

(۲)۔ پنگھوڑے میں گفتگو کرنے والے بچے کا قصہ۔

(۳)۔ ان تین افراد کا قصہ جو بارش سے ڈر کر غار میں داخل ہو گئے تو غار کا منہ بند ہو گیا' اور پھر ان کی دعا سے غار کا منہ کشادہ ہو گیا۔

(۴)۔ اپنے مالک کے ساتھ گفتگو کرنے والی گائے کا قصہ۔

آثار صحابہ سے اس کی دلیل:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی بہت سی کرامات منقول ہیں۔

(۱)۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر کچھ مہمان آگئے۔ آپ نے انہیں کھانا پیش کیا۔ وہ جوں جوں کھانا کھاتے جاتے. کھانا بڑھتا جاتا. حتیٰ کہ وہ سیر ہو گئے۔ (بخاری)

(۲)۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر کھڑے ہو کر سینکڑوں میل دور لشکر کا مشاہدہ فرمایا. جیسا کہ یہ حدیث تفصیلاً گزر چکی ہے۔

(۳)۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے چہرہ دیکھ کر جان لیا کہ اس شخص نے راستہ میں کسی غیر محرم عورت پر نظر ڈالی۔ یہ واقعہ بھی تفصیلاً گزر چکا ہے۔

(۴)۔ حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت علی

Marfat.com

رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ طیبہ کے قبرستان میں داخل ہوئے۔ آپ نے فرمایا۔ "اے اہل قبور! السلام علیکم ورحمتہ اللہ۔ تم ہمیں اپنے بارے میں خبر دو گے یا ہم تمہیں خبر دیں۔ راوی فرماتے ہیں کہ ہم نے آواز سنی۔ وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ اے امیرالمومنین! آپ ہمیں خبر دیں کہ ہمارے بعد کیا ہوا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا. تمھاری ازواج نے نئی شادیاں کر لیں۔ تمھارے مال تقسیم ہو چکے۔ اور تمھاری اولاد یتیموں کے زمرہ میں شامل ہو گئی۔ وہ مکان جو تم نے بنائے تھے ان میں تمہارے دشمن مقیم ہیں۔ یہ تمھاری قبریں ہیں۔ اب تم ہمیں اپنے متعلق بتاؤ۔ ایک صاحب قبر نے جواب دیا۔ ہمارے کفن پھٹ چکے ہیں اور بال بکھر چکے ہیں اور جلد ٹکڑے ٹکڑے ہو چکی ہے۔ ہماری آنکھیں رخساروں پر بہہ گئی ہیں۔ ناک میں پیپ بھر گئی ہے۔ جو کچھ ہم نے آگے بھیجا تھا اس کو پالیا۔ اور جو کچھ پیچھے چھوڑ آئے اس میں نقصان اٹھایا۔ ہم قبروں میں بطور امانت پڑے ہوئے ہیں۔

(۵)۔ حضرت اسید بن حضیر اور عباد بن بشر رضی اللہ عنہما کسی حاجت کیلئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے۔ حتیٰ کہ رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ یہ رات بڑی طویل تھی۔ جب وہ باہر نکلے تو ان میں سے ایک کا عصا روشن ہو گیا۔ وہ اس روشنی میں چلتے رہے حتیٰ کہ ایک مقام پر ان کا راستہ جدا جدا ہو گیا۔ تو دوسرے کا عصا بھی روشن ہو گیا۔ اس طرح وہ دونوں اپنے عصا کی روشنی میں گھر پہنچ گئے۔ (بیہقی. ابو نعیم. بخاری)

(۶)۔ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کے قید ہونے کے طویل قصہ میں بنت حارث فرماتی ہیں کہ میں نے خبیب رضی اللہ عنہ سے اچھا قیدی نہیں دیکھا۔ میں نے اسے انگور کا خوشہ کھاتے ہوئے دیکھا. حالانکہ ان دنوں میں کسی قسم کا پھل نہ تھا. اور آپ بیڑیوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ رزق تھا۔

(۷)۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کوفہ کے کچھ لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ کی شکایت کی۔ آپ نے تفتیش کیلئے ایک آدمی بھیجا۔ وہ کوفہ کی مسجدوں میں چکر لگا کر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھتا،

Marfat.com

تو ہر کوئی آپ کی تعریف کرتا حتی کہ جب وہ اس سلسلہ میں ایک مسجد میں پہنچا تو ابو سعدہ نامی آدمی نے کہا کہ اگر تو سعد کے بارے میں ہم سے پوچھتا ہے تو میں تم کو بتاتا ہوں کہ حضرت سعد نہ تو مال غنیمت کو برابر تقسیم کرتے ہیں اور نہ جہاد کیلئے نکلتے ہیں اور نہ ہی فیصلہ کرنے میں عدل کرتے ہیں۔ جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو یہ بات معلوم ہوئی تو آپ نے فرمایا:

اللھم ان کان کاذبا فاطل عمرہ واطل فقرہ وعرضہ للفتن "اے اللہ! اگر یہ جھوٹا ہے تو اس کی عمر کو طویل کردے۔ اور اس کے فقر کو لمبا کردے۔ اور اس کو فتنوں سے دوچار کردے"۔

راوی کہتے ہیں کہ میں نے اس شخص کو دیکھا کہ وہ انتہائی بوڑھا ہو چکا تھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے اس کی پلکیں آنکھوں پر گر گئی تھیں۔ اور فقر میں مبتلا تھا۔ جب اس سے پوچھا جاتا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ تو وہ کہتا کہ میں انتہائی بوڑھا اور فتنہ میں مبتلا ہو چکا ہوں، مجھے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی بددعا لگی۔ (متفق علیہ)

(۸)۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علاء بن حضرمی کی تین خصوصیات دیکھی ہیں جن کی وجہ سے میں ان سے محبت کرتا رہوں گا۔

(i)۔ میں نے انہیں دیکھا کہ ایک غزوہ میں انہوں نے سمندر کو گھوڑے پر عبور کیا۔

(ii)۔ وہ مدینہ طیبہ سے بحرین کے سفر پر روانہ ہوئے۔ جب وہ دھناء کے مقام پر پہنچے تو ان کا پانی ختم ہو گیا۔ آپ نے بارگاہ الٰہی میں دامن طلب دراز کیا تو ریت کے نیچے سے پانی نکل آیا۔ ان سب نے پانی پیا اور کوچ کر گئے۔ ان میں ایک آدمی وہاں اپنا سامان بھول گیا۔ جب وہ واپس لینے کیلئے آیا تو وہاں پانی کا قطرہ بھی موجود نہ تھا۔

(iii)۔ میں ان کے ساتھ بحرین سے بصرہ کی طرف نکلا۔ راستہ میں ان وصال ہو گیا۔ وہاں پانی موجود نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے بادل کا ایک ٹکڑ بھیجا ہم نے بارش کے پانی سے آپ کو غسل دیا اور اپنی تلواروں سے قبر کھود کر انہیں

Marfat.com

حتیٰ کہ اس نے سورت مکمل کر دی۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ سورت عذاب کو روکتی ہے اور عذاب قبر سے نجات دلاتی ہے۔ (ترمذی)

(۱۳)۔ بیہقی نے حضرت قیس رحمتہ اللہ علیہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ حضرت ابو درداء اور سلمان فارسی رضی اللہ عنہما ایک پیالے میں کھانا کھا رہے تھے تو وہ پیالہ اور اس میں موجود کھانا اللہ کی تسبیح کرنے لگا۔

(۱۴)۔ محمد بن منکدر سے مروی ہے کہ خادم رسول ﷺ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سمندر میں سفر کر رہا تھا. کہ دوران سفر میری کشتی ٹوٹ گئی جس میں میں سوار تھا۔ میں ایک تختہ پر سوار ہو گیا۔ اس تختہ نے مجھے ایک ایسے جنگل میں اتارا جہاں شیر موجود تھا۔ وہ شیر مجھ پر حملہ کرنے کیلئے آگے بڑھا تو میں نے کہا. اے شیر! میں رسول اللہ ﷺ کا خادم ہوں تو اس نے اپنے سر کو جھکا دیا۔ اور میرے قریب آکر اپنے کندھے سے مجھے دھکیلنے گا حتیٰ کہ مجھے جنگل سے نکال کر ایک راستہ پر گامزن کر دیا۔ اور دھیمی آواز میں دھاڑنے لگا میں نے سمجھ لیا کہ وہ مجھے الوداع کہہ رہا ہے۔[۲۰]

رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی کثیر کرامتوں میں سے یہ چند کرامتیں ہیں جن کو بطور نمونہ ہم نے ذکر کیا ہے۔ پھر تابعین. تبع تابعین اور بعد کے ادوار میں اولیاء کرام کے ہاتھوں ان کرامات کا ظہور ہوتا رہا۔ جن کو شمار کرنا انتہائی مشکل ہے۔ علمائے کرام نے کرامات کے بارے میں بڑی بڑی کتب تالیف فرمائی ہیں۔ اور کثیر اکابرین ائمہ نے کرامات اولیاء کے اثبات میں کثیر تصنیفات کی ہیں۔ ان میں امام فخرالدین رازی. شیخ ابوبکر باقلانی. امام الحرمین ابوبکر بن فورک. حجۃ الاسلام امام غزالی. شیخ ناصرالدین سبکی. امام ابوبکر اشعری. شیخ ابوالقاسم قشری. امام نووی. حضرت عبداللہ یافعی اور علامہ یوسف نبہانی وغیرھم کے اسماء گرامی قابل ذکر ہیں۔ حتیٰ کہ اسے علم یقینی کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے جس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہوتی۔

بعض لوگ سوال کرتے ہیں کہ بعد میں آنیوالے اولیائے کرام کی نسبت صحابہ کرام کی کرامات کیوں کم تھیں؟ اس کا جواب علامہ تاج الدین سبکی فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

میرے نزدیک اس کا وہی جواب ہے جو امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ نے دیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں ."ان لوگوں کے ایمان قوی تھے۔ اس لئے انہیں اپنے ایمان کو قوی کرنے کیلئے کسی چیز کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن اس کے علاوہ دوسرے لوگوں کا ایمان کمزور اور ضعیف تھا۔ اس لئے کرامات کے اظہار کے ساتھ ان کے ایمان کو مضبوط اور قوی کرنے کی ضرورت تھی۔

کرامات اولیاء کے ظہور کی حکمت:

اولیاء کرام کو مختلف قسم کے خارق العادات امور عطا فرمانا حکمت الٰہی کا تقاضا ہے۔ اس طرح وہ ان کے ایمان و اخلاص کی وجہ سے ان کی عزت افزائی کرتا ہے۔ اور اللہ کے دین کی نصرت اور جہاد میں ان کی تائید کرتا ہے اور اپنی قدرت کاملہ کا اظہار کرتا ہے۔ اور لوگوں کیلئے واضح کر دیتا ہے کہ قوانین فطرت اور تمام نظام کائنات اسی کے دست قدرت میں ہے۔ اسباب بذات خود اثر نہیں کرتے بلکہ حقیقی مؤثر اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

یہاں معترض اعتراض کر سکتا ہے کہ دین کی نصرت اور تبلیغ خارق العادات امور سے نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کیلئے منطقی اور عقلی دلیل قائم کرنا ضروری ہے۔

جواب: ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ اسلامی احکام کی نشرو اشاعت کیلئے عقل سلیم اور صحیح منطق اور مضبوط دلیل کی تائید ضروری ہے۔ لیکن تعصب اور عناد کی وجہ سے بعض لوگ ان چیزوں کو تسلیم نہیں کرتے اور خارق العادات امور کا مطالبہ کرتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء کو کرامات سے نوازتا ہے. جس طرح وہ اپنے انبیاء کرام اور رسل کی تائید معجزے کے ساتھ کرتا ہے۔ معجزے کا مقصد انبیاء کرام کے صدق کا اظہار کرنا. دعوت و تبلیغ میں ان کی مدد کرنا. ناقص عقول اور مقفل قلوب کو جمود کی کیفیت سے نکال کر تعصب اور عناد سے آزاد کرنا ہے۔ تاکہ انہیں غور و فکر کے ساتھ ایمان راسخ اور یقین جازم حاصل ہو جائے۔اس سے کرامت اور معجزہ کے درمیان فرق بھی واضح ہو جاتا ہے کہ معجزہ صرف انبیاء کرام

Marfat.com

کے ساتھ خاص ہے اور کرامات اولیائے عظام کیساتھ۔ اگرچہ بعض حکمتوں اور مقاصد میں دونوں مشترک ہیں۔ پھر ولی کی ہر کرامت اس کے نبی کے معجزہ کے قائم مقام ہوتی ہے۔

کرامت اور استدراج کے درمیان فرق:

ضروری ہے کہ کرامت اور استدراج کے درمیان فرق واضح کیا جائے۔ کیونکہ ہمارا مشاہدہ ہے کہ بعض لوگ ظاہر طور پر اسلام کے دعویدار فاسقوں کے ہاتھوں خارق العادات امور کا ظہور ہوتا ہے حالانکہ وہ علی الاعلان معصیت کا ارتکاب اور دین سے انحراف کرتے ہیں۔ اس کے برعکس کرامت کا ظہور ایسے ولی کے ہاتھ پر ہوتا ہے جو صحیح العقیدہ' طاعت پر مواظبت' معاصی سے اجتناب اور لذات و سہوات میں مستغرق ہونے سے اعراض کرنے والا ہو۔ حقیقی ولی وہی ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اَلَا اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ - اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ - (یونس: ۶۲، ۶۳)

"سنو۔ بے شک اولیاء اللہ کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور (عمر بھر) پرہیزگاری کرتے رہے"۔

اور اس کے علاوہ فاسقوں اور زندیقوں کے ہاتھوں جو خارق العادات امور ظاہر ہوتے ہیں جیسے جسم میں تلوار کی ضرب لگانا. آگ اور شیشہ وغیرہ کھانا یہ استدراج کی قسم سے ہے۔

ولی. کرامت پر کبھی بھی اطمینان و سکون کا اظہار نہیں کرتا اور نہ ہی کسی غیر پر اسکی وجہ سے فخر کرتا ہے۔ علامہ فخرالدین رازی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ صاحب کرامت. کرامت سے مانوس نہیں ہوتا۔ بلکہ ظہور کرامت کے وقت اس کا خوف الٰہی شدید ہو جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے قہر و غضب سے زیادہ محتاط ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ ڈرتا ہے کہ کہیں یہ استدراج نہ ہو۔

Marfat.com

اور اس کے برعکس صاحب استدراج اس استدراج سے مانوس ہوتا ہے جو اس سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور گمان کرتا ہے کہ اسے یہ کرامت اس لئے ملی ہے کہ اس کا وہ مستحق تھا۔ اس وقت وہ دوسروں کو حقیر جانتا ہے اور تکبر کرتا ہے اور اس طرح وہ اللہ کے عقاب اور سزا سے بے خوف ہوتا ہے اور اپنی سوء عاقبت سے نہیں ڈرتا۔ صاحب کرامت پر ان علامات میں سے کسی ایک کا ظاہر ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ استدراج ہے نہ کہ کرامت۔ اسی لئے اکثر محققین فرماتے ہیں کہ بارگاہ الٰہی سے بعد اور دوری اکثر اوقات مقام کرامات میں ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ محققین صوفیاء کرام کرامات سے اسی طرح خائف رہتے ہیں جس طرح وہ مختلف قسم کی آزمائشوں سے۔ کرامت سے انسیت حاصل کرنا راہ سلوک میں رکاوٹ کا باعث ہے اور اس کی بہت سی وجوہات ہیں۔ پھر آپ نے ان گیارہ وجوہات کو ذکر کیا ہے ہم یہاں صرف ایک کا ذکر کرتے ہیں۔

امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "جو آدمی یہ سمجھتا ہے کہ وہ اپنے عمل کی وجہ سے کرامت کا مستحق ہو گیا تو اس کے دل میں اپنے اس عمل کی وجہ سے قدر و وقعت پیدا ہو جاتی ہے۔ تو ایسا آدمی جاہل ہوتا ہے۔ اگر وہ اللہ تعالیٰ کو پہچان لیتا تو وہ جان لیتا کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے سامنے مخلوق کی تمام عبادات حقیر ہیں۔ اور اس کی نعمتوں کے مقابلہ میں ان کا ہر شکر ناتمام ہے۔ اور اس کی عظمت و جلال کے مقابلہ میں ان کے تمام علوم و معرف حیرت اور جہالت کے سوا کچھ نہیں۔ میں نے کسی کتاب میں پڑھا ہے کہ شیخ ابو علی دقاق رحمتہ اللہ علیہ کی مجلس میں کسی قاری نے یہ آیت کریمہ پڑھی:

اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ۔

(فاطر:۱۰)

"اسی کی طرف چڑھتا ہے پاکیزہ کلام اور نیک عمل پاکیزہ کلام کو بلند کرتا ہے"

تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تیرے عمل کے بلند ہونے کی

Marfat.com

علامت یہ ہے کہ تیرے نزدیک عمل کی کوئی وقعت باقی نہ رہے' اگر تیری نظر میں تیرے عمل کی وقعت باقی ہے تو اس کو واپس دھکیل دیا جائے گا اور اگر یہ وقعت ختم ہو گئی تو اس کو بلند کر دیا جائے گا۔[۲۱]

اگر ہم کسی شخص کو دیکھیں کہ اس سے خارق عادت امور ظاہر ہوتے ہیں تو ہم اس کے ولی ہونے کا حکم نہیں لگا سکتے اور نہ ہی اس کے عمل کو کرامت شمار کر سکتے ہیں۔ جب تک کہ اس کے چال چلن اور احکام شریعت کی پابندی کو نہ دیکھ لیں۔

حضرت ابو یزید رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

لوان رجلا بسط مصلاه علی الماء وتربع فی الهواء فلا تغتروا به حتی تنظروا کیف تجدونه فی الامر والنهی۔

"اگر کوئی شخص پانی پر اپنا مصلیٰ بچھالے اور ہوا میں چوکڑی مار کر بیٹھ جائے تو اس سے دھوکہ نہ کھانا حتیٰ کہ تم دیکھ لو کہ اوامر و نواہی میں اسے کیسا پاتے ہو"۔[۲۲]

کرامات کے بارے میں صوفیاء کا موقف:

بعض تصوف کے مخالفین کا دعویٰ ہے کہ صوفیاء کا مقصد کرامات تک پہنچنا ہے۔ یہ لوگ حقیقت میں اپنے نفس میں پوشیدہ امراض اور مخفی علل کی ترجمانی کرتے ہیں۔ حالانکہ ہمارا مشاہدہ ہے کہ صوفیائے کرام تزکیۂ نفس اور اس کو ریاء اور نفاق جیسی صفات مذمومہ سے پاک کرنے اور صفات حمیدہ سے آراستہ کرنے کا اہتمام کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی یہ کوشش بھی ہوتی ہے کہ ان کے تمام اعمال اسباب غایات سے پاک ہوں۔ اور ان کا مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی ہوتی ہے۔ جس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ یہ لوگ ریاء کاری کے شبہ سے بچنے کیلئے کرامت کو چھپاتے ہیں۔

ابو عبداللہ قرشی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "جو شخص کرامات اور خارق العادات امور کے ظہور کو اس طرح ناپسند نہیں کرتا جس طرح مخلوق خدا معاصی کے ظہور کو ناپسند کرتی ہے وہ در حقیقت حجاب میں ہے۔ ان چیزوں کو چھپانا ہی

Marfat.com

شیخ ابو القاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ "اولیائے کرام کی سب سے بڑی کرامت . اطاعت خد اوندی کی دائمی توفیق حاصل ہونا اور معاصی و شرعی مخالفت سے محفوظ ہونا ہے"۔

حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمتہ اللہ علیہ کے پاس کرامات کا ذکر ہوا تو فرمایا۔ "ان کرامات کی کوئی حیثیت نہیں۔ یہ تو وقتی چیز ہے یہ وقت کے گزرنے کے ساتھ ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ بلکہ سب سے بڑی کرامت یہ ہے کہ تو اپنے اخلاق کے ساتھ کسی کے اخلاق مذمومہ کو اخلاق حسنہ میں تبدیل کر دے۔"[۲۴]

شیخ ابو الحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حقیقی کرامت . استقامت کا حصول اور اس میں کمال حاصل کرنا ہے . اور اس کی بنیاد دو چیزوں پر ہے' اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین کامل کا حصول . اور ظاہر و باطن میں رسول اللہ ﷺ کی اتباع۔ بندہ کیلئے ضروری ہے کہ ان دو چیزوں کے حصول کیلئے حریص رہے اور اپنی تمام ہمت و کوشش ان ہی کے حصول کیلئے صرف کرے۔ اس کے علاوہ رہا خارقِ عادت امر کا ظہور تو محققین کے نزدیک اس کرامت کی کوئی حیثیت نہیں کیونکہ یہ تو بعض اوقات اس سالک کو بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ جسے ابھی استقامت کاملہ حاصل نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ تو استدراج کے طور پر بعض لوگوں کو حاصل ہو جاتی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ جامع ترین صرف دو ہی کرامتیں ہیں۔(۱)۔ ایمان کے ساتھ یقین اور مشاہدہ کا حصول۔ (۲)۔ نبی کریم ﷺ کی اقتداء اور پیروی . اور جھوٹے دعووں اور دھوکہ دہی سے اجتناب۔

تو جسے یہ دو چیزیں حاصل ہو جائیں . اور پھر وہ غیر کی طرف مشتاق ہو تو وہ جھوٹا اور دھوکہ باز ہے۔ اور صحیح علم و عمل سے بہت بعید ہے۔ یہ اس شخص کی طرح ہے جسے بادشاہ کی رضا اور اس کی مجلس میں حضوری حاصل ہو اور وہ اس رضا کو چھوڑ کر جانوروں کی دیکھ بھال میں مصروف ہو جائے۔

شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کرامت کی دو قسمیں ہیں۔(۱)۔ حسی۔ (۲)۔ معنوی۔

عوام الناس صرف حسی کرامات کو ہی جانتے ہیں جیسے دل کی بات بوجھ لینا

Marfat.com

ماضی . حال اور مستقبل کے بارے میں غیب کی خبریں دینا۔ کائنات میں سے کسی چیز کو لینا . پانی پر چلنا . ہوا میں اڑنا . طی الارض . آنکھوں سے چھپ جانا اور فورا دعا کا قبول ہونا۔ عوام الناس اسی قسم کی کرامات کو ہی پہچانتے ہیں۔ مگر معنوی کرامات کو صرف اللہ کے خاص بندے ہی جانتے ہیں اور عوام الناس کی ان تک رسائی نہیں ہوتی۔ اور معنوی کرامات یہ ہیں کہ بندہ آداب شرع کا پابند ہو جائے۔ اسے مکارم اخلاق اپنانے اور برے اخلاق سے اجتناب کرنے کی توفیق حاصل ہو۔ تمام فرائض کو ان کے اوقات میں ادا کرنے کا خیال رکھے۔ نیکی کرنے میں جلدی کرے اس کے دل سے لوگوں کیلئے حسد و کینہ اور سوء ظن کو دور کرنا . دل کو تمام صفات مذمومہ سے پاک کر کے اس کو مراقبہ کے ساتھ آراستہ کرے . اپنے نفس اور تمام اشیاء کے متعلق حقوق الٰہی کا خیال رکھنا . اپنے دل میں انوار و تجلیات کی طرف متوجہ ہونا . اپنی ہر ہر سانس کا خیال رکھنا۔ جب سانس اس کے اندر داخل ہو . اس کو ادب سے وصول کرے۔ اور جب اسے باہر نکالے تو اس پر بارگاہ الٰہی میں حضوری کے آثار ہوں۔ یہ تمام ہمارے نزدیک اولیائے کرام کی وہ معنوی کرامات ہیں جن میں مکر اور استدراج داخل نہیں ہوتا۔

صوفیائے کرام کسی صالح ولی اللہ کے ہاتھ پر کرامت کے ظہور کو اس کی افضلیت کی دلیل نہیں سمجھتے۔ امام یافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یہ لازم نہیں کہ صاحب کرامت اولیائے کرام ان سے افضل ہوں جو صاحب کرامت نہیں ہوتے . بلکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بعض اولیائے کرام جن سے کرامات کا ظہور نہیں ہوتا . وہ صاحب کرامت سے افضل ہوتے ہیں۔ کیونکہ کرامت صاحبِ کرامت کے یقین کی تقویت کیلئے ہوتی ہے۔ اور یہ اس کے صدق اور اس کی فضلیت کی دلیل ہے نہ کہ اس کی افضلیت کی۔ کیونکہ افضلیت . قوت . یقین اور کمال معرفت سے حاصل ہوتی ہے۔[۲۵]

اسی طرح صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ کسی ولی اللہ کے ہاتھ پر کرامت کا عدم ظہور اس کے عدم ولایت کی دلیل نہیں ہے۔ امام قشیری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر دنیا میں کسی ولی کیلئے ظاہری کرامت نہ ہو تو یہ اس کے ولی ہونے میں قدح کا

Marfat.com

باعث نہیں ہے۔ شیخ الاسلام زکریا انصاری رحمتہ اللہ علیہ اس کی شرح میں فرماتے ہیں۔" بلکہ بعض اوقات یہ ولی صاحب کرامت سے افضل ہوتا ہے۔ کیونکہ افضلیت کا دارومدار یقین کامل پر ہے نہ کہ کرامات کے ظہور پر"۔

Marfat.com

حقیقت اور شریعت

Marfat.com

حقیقت اور شریعت

تمہید و تعریف:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ مشہور حدیث جبریل میں دین کو تین بنیادی ارکان میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ ارشاد فرمانا ہے کہ یہ جبریل تمہیں تمہارا دین سکھانے کیلئے آیا ہے۔[1]

(۱)۔ رکن اسلام:

یہ دین کا عملی پہلو ہے جس میں عبادات' معاملات اور دیگر دینی امور شامل ہیں جن کو بجالانے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔ اور اس کا تعلق جسم کے ظاہری اعضاء سے ہے۔ علماء کی اصطلاح میں اس کو شریعت کہتے ہیں۔ اس پہلو کی تحقیق و تشریح میں فقہائے کرام کو نمایاں مقام حاصل ہے۔

(۲)۔ رکن ایمان:

یہ دین کا وہ اعتقادی پہلو ہے جس کا تعلق دل سے ہوتا ہے جس میں اللہ

Marfat.com

تعالیٰ اور اس کے فرشتوں، کتابوں اور رسولوں، یوم آخرت اور قضاء و قدر پر ایمان لانا شامل ہے۔ اس پہلو کی تحقیق کا حق علم کلام کے ماہرین نے ادا کیا۔

(۳)۔ رکن احسان:

یہ دین کا خالص، روحانی اور قلبی پہلو ہے۔ یعنی تو اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرے گویا کہ اسے دیکھ رہا ہے۔ اگر تجھے یہ مقام حاصل نہیں تو تو اس کی عبادت اس طرح کر کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ اس پہلو میں وہ تمام عرفانی احوال و مقامات، وجدانی ذوق اور علوم لدنیہ شامل ہیں۔ جو مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق عبادت کرنے کے نتیجہ میں حاصل ہوتے ہیں۔ علماء کی اصطلاح میں اسے حقیقت کہتے ہیں۔ اور اس پہلو کی توضیح و تشریح کا سہرا صوفیائے کرام کے سر ہے۔

شریعت اور حقیقت کے باہمی تعلق کی وضاحت کیلئے ہم ایک مثال پیش کرتے ہیں۔ مثلاً اگر نماز کو اس کے ظاہری اعمال و حرکات اور فقہائے کرام کے بیان کردہ ارکان و شرائط کے مطابق ادا کیا جائے تو اسے شریعت کا نام دیا جا سکتا ہے۔ اور اگر نماز میں حضور قلب حاصل ہو جائے تو اسے حقیقت کہتے ہیں۔ اور یہی روحِ نماز ہے۔

اس سے نتیجہ نکلا کہ نماز کے ظاہری اعمال اس کے جسم کی مانند ہیں اور اس میں خشوع و خضوع اس کی روح ہے۔ بغیر روح کے جسم کا کوئی فائدہ نہیں۔ پس جس طرح روح اپنے قیام کیلئے ایک جسم کی محتاج ہے اسی طرح جسم کو ایک روح کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی معنی میں ارشاد الٰہی ہے:

اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ۔ (البقرہ:۱۱۰)

"اور صحیح ادا کرو نماز اور دیا کرو زکوٰۃ"

نماز قائم کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ اس کو جسم اور روح کے ساتھ ادا کیا جائے اس لئے اللہ تعالیٰ یہ نہیں فرماتا کہ نماز پڑھو۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شریعت اور حقیقت کے درمیان اسی طرح گہرا

Marfat.com

ربط ہے جس طرح جسم اور روح کے درمیان۔ کامل مومن وہی ہے جو شریعت اور حقیقت کا جامع ہو۔ اور صوفیائے کرام اسی چیز کی طرف لوگوں کی راہنمائی کرتے ہیں اور وہ رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابۂ کرام کے نقشِ قدم پر گامزن ہیں۔ ایمانِ کامل اور اس ارفع مقام کے حصول کیلئے راہِ طریقت کو اختیار کرنا ضروری ہے۔ یعنی کسی مرشدِ کامل کی صحبت میں رہ کر مجاہدۂ نفس کرنا اور اس کی ناقص صفات کو صفاتِ کاملہ کے ساتھ تبدیل کرتے ہوئے معرفتِ الٰہی کی منزل تک رسائی حاصل کرنا ہے۔ گویا کہ طریقت وہ پل ہے جو سالک کو شریعت سے حقیقت تک پہنچا دیتا ہے۔

سید جرجانی "تعریفات" میں فرماتے ہیں: طریقت سے مراد وہ مخصوص طرزِ عمل ہے جس کو سالکین معرفتِ الٰہی کی منازل طے کرنے اور اعلیٰ مقامات کے حصول کیلئے اختیار کرتے ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ شریعت اساس و بنیاد ہے اور طریقت اس تک پہنچنے کا وسیلہ ہے۔ اور حقیقت ان پر مرتب ہونے والا ثمرہ ہے۔ ان تینوں چیزوں کا آپس میں گہرا ربط ہے۔ جس نے شریعت کو مضبوطی سے تھام لیا وہ راہِ طریقت پر چلتا ہوا حقیقت تک پہنچ جائے گا۔ ان میں کوئی تعارض اور تناقض نہیں ہے۔ اسی لئے صوفیائے کرام فرماتے ہیں:

کل حقیقہ خالفت الشریعۃ فھی زندقہ۔

"ہر حقیقت جو شریعت کے مخالف ہو وہ زندیقی ہے"۔

یہ کیسے ممکن ہے کہ حقیقت، شریعت کے مخالف ہو کیونکہ شریعت پر عمل کے نتیجہ میں ہی تو سالک کو اس تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔

صوفیائے کرام کے امام احمد زورق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ فقہ کے بغیر تصوف کا کوئی تصور نہیں۔ کیونکہ فقہ ظاہری احکام کو جاننے کا ذریعہ ہے اور بعینہٖ فقہ تصوف کے بغیر نامکمل ہے۔ کیونکہ کوئی ظاہری عمل صدق نیت اور رضائے الٰہی کے بغیر مقبول نہیں۔ اور اسی طرح تصوف اور فقہ کی بنیاد ایمان پر ہے۔ کیونکہ بغیر ایمان کے نہ فقہ مقبول ہے اور نہ ہی تصوف۔

Marfat.com

اس سے معلوم ہوا کہ ان تینوں پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ یہ آپس میں لازم ملزوم ہیں جس طرح جسم اور روح آپس میں لازم ملزوم ہوتے ہیں کہ روح کا وجود جسم کے بغیر ممکن نہیں۔ اور اسی طرح جسم کی زندگی روح کے بغیر ممکن نہیں۔[۲]

امام مالک رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

مَنْ تَصَوَّفَ وَلَمْ يَتَفَقَّه فَقَدْ تَزَنْدَقَ۔ وَمَنْ تَفَقَّهَ وَلَمْ يَتَصَوَّف فَقَدْ تَفَسَّق وَمَنْ جَمَعَ بَيْنَهُمَا فَقَدْ تَحَقَّقَ۔

"جس نے تصوف کو اپنایا اور فقہ سے بے بہرہ رہا۔ وہ زندیق ہوا اور جس نے علم فقہ کو سیکھا اور تصوف پر عمل پیرا نہ ہوا۔ وہ فاسق ہوا۔ اور جس نے ان دونوں کو جمع کر لیا اس نے حقیقت کو پالیا"۔

پہلا شخص زندیق اس لئے ہوا کیونکہ اس نے حقیقت کو شریعت سے جدا تصور کیا۔ اس لئے وہ جبریہ کے عقائد کی طرف مائل ہو گیا اور کہنے لگا کہ انسان کو کسی بھی معاملہ میں کوئی اختیار حاصل نہیں۔ کسی شاعر نے اس کی حالت ان الفاظ میں بیان کی ہے:

القاه فی الیم مکتوفا وقال له　　ایاک ایاک ان تبتل بالماء

"اس کو باندھ کر سمندر میں پھینک دیا اور اسے کہا۔ بچنا۔ بچنا۔ کہیں تو پانی سے بھیگ نہ جائے"۔

اس طرح اس نے احکام شریعت پر عمل کرنا چھوڑ دیا اور اس نے شریعت کے اسرار و رموز کو جاننے کی کوشش نہ کی۔

اور دوسرا شخص اس لئے فاسق ہو گیا کیونکہ اس کے دل میں تقویٰ کا نور اور اخلاص داخل نہ ہوا۔ نہ ہی اس نے اپنے نفس کا محاسبہ کیا تاکہ اس کو معصیت سے روکتا۔ اور سنت کے دامن کو مضبوطی سے پکڑ لیتا۔

تیسرے شخص نے حقیقت تک رسائی اس لئے حاصل کی، کیونکہ اس نے دین کے تمام ارکان یعنی ایمان۔ اسلام اور احسان کو جمع کیا جس کا ذکر حدیثِ جبریلؑ میں

Marfat.com

آیا ہے۔

جس طرح علمائے ظاہر حدودِ شریعت کی حفاظت کرتے ہیں۔ اسی طرح صوفیائے کرام تصوف کے آداب اور اس کی روح کی حفاظت کرتے ہیں۔

جس طرح علمائے ظاہر کیلئے جائز ہے کہ وہ ادلّہ شرعیہ کے استنباط اور حدود و فروع کے تعین کیلئے اجتہاد کریں۔ اور ان چیزوں پر حلّت و حرمت کا حکم لگائیں جن کا ذکر قرآن و حدیث میں واضح طور پر نہیں بیان کیا گیا۔ بعینہٖ عارفین کیلئے بھی جائز ہے کہ وہ مریدین اور سالکین کی اصلاح و تربیت کیلئے آداب اور طریقے مستنبط کریں۔

سلف صالحین اور صوفیائے کرام نے حقیقی عبودیت اور صحیح اسلام تک رسائی حاصل کی۔ کیونکہ وہ شریعت' طریقت اور حقیقت پر بیک وقت عمل پیرا رہے۔ کیونکہ وہ خود ان سنہری اصولوں پر عمل پیرا تھے اس لئے انہوں نے دوسرے لوگوں کی بھی صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی کی۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ اگر حقیقت کو دین سے الگ کر دیا جائے تو اس کی جڑ خشک ہو جائے۔ اور ٹہنیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائیں. اور اس کا ثمرہ فاسد ہو جائے۔

مخالفین اور ان کے اعتراضات:

صوفیائے کرام پر اعتراضات کرنے والے اگر تو شریعت' طریقت اور حقیقت کی اس تقسیم کا انکار کرتے ہیں جس کو ہم نے بیان کیا ہے تو ان کا مقصد یہ ہے کہ روح اسلام کو اس کے جسم سے جدا کر دیں اور حدیثِ جبریلؑ میں بیان کردہ دین کے تین ارکان میں سے ایک بنیادی رکن کو ساقط کر دیں۔ ان کا یہ عمل علمائے اسلام اور کبار فقہاء کرام کے عمل کے مخالف بھی ہے۔

ابن عابدین اپنے مشہور حاشیہ ردالمختار میں فرماتے ہیں کہ طریقت سے مراد وہ مخصوص طرز عمل ہے جس کو سالکین معرفتِ الٰہی کی منازل طے کرنے اور اعلیٰ مقامات کے حصول کیلئے اختیار کرتے ہیں۔

Marfat.com

اس کے بعد وہ فرماتے ہیں کہ حقیقت . دل کے ساتھ ربوبیت کے مشاہدہ کا نام ہے۔ اور یہ وہ روحانی سِرّ ہے جس کی کوئی حد نہیں۔ حقیقت اور شریعت آپس میں لازم و ملزوم ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کیلئے راستہ کی دو جہتیں ہیں۔ (۱)۔ باطن اور (۲)۔ ظاہر۔ ظاہری راستہ کو شریعت اور طریقت کہتے ہیں اور باطنی کو حقیقت۔ شریعت اور طریقت کی اصل حقیقت ہے جس طرح مکھن کی اصل دودھ ہے۔ دودھ سے مکھن بلونے کے بغیر حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ اور ان تینوں کا مطلوب و مقصود یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرے جس طرح اس کے کرنے کا حق ہے۔[۳]

شیخ عبداللہ یافعی فرماتے ہیں کہ حقیقت اسرارِ ربانی کے مشاہدہ کا نام ہے۔ اور شریعت پر استقامت کا نام طریقت ہے۔ طریقت کو اختیار کرنے والا حقیقت تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ حقیقت . شریعت پر استقامت کی انتہاء ہے۔ اور کسی چیز کی انتہاء اس سے علیحدہ نہیں ہوتی۔ اس سے نتیجہ نکلا کہ حقیقت شریعت کے مخالف نہیں۔[۴]

صاحبِ کشف الظنون علمِ تصوف کے بارے میں فرماتے ہیں کہ علمِ تصوف . علمِ حقیقت کا ہی دوسرا نام ہے۔ اس کو علمِ طریقت بھی کہا جاتا ہے۔ اور اس سے مراد نفس کو برے اخلاق سے پاک کرنا اور دل کو گھٹیا اغراض سے صاف کرنا ہے، علمِ شریعت، علمِ حقیقت کے بغیر بیکار ہے۔ اور علمِ حقیقت، علمِ شریعت کے بغیر باطل۔

علمِ شریعت جس کا تعلق ظاہری اصلاح سے ہے یہ حج کی بنیادی ضروریات کے مترادف ہے اور علمِ طریقت جس کا تعلق اصلاحِ باطن سے ہے یہ حج کی منازل اور اس کے راستہ کے پیچ و خم کو جاننے کے قائم مقام ہے۔ جس طرح صرف بنیادی ضروریات اور راستہ کی منازل کو جان لینا ظاہری حج کیلئے کافی نہیں۔ جب تک کہ انسان بنیادی ضروریات کی تیاری کے بعد راستہ پر نہ چل نکلے۔

بعینہٖ صرف احکامِ شریعت اور آداب طریقت کو جان لینا حجِ معنوی کیلئے کافی نہیں جب تک آدمی ان پر عمل پیرا نہ ہو۔[۵]

اگر معترضین اس تقسیم کو تسلیم کرتے ہیں لیکن شریعت . طریقت اور حقیقت

Marfat.com

کے ناموں کا انکار کرتے ہیں تو ہم ان کا اس طرح جواب دیں گے کہ علمائے امت اور فقہائے کرام کا یہی عمل ہے جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ کہ یہ ایک اصطلاح ہے اور اس پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔

اگر وہ اس تقسیم اور نام کو تسلیم کرتے ہیں لیکن وہ صوفیائے کرام کے قلبی احوال ان کے وجدانی ذوق اور ان کے علوم لدنیہ کا انکار کرتے ہیں۔

تو ہم ان کا جواب یہ دیں گے کہ یہ وہ امور ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنے مخلص بندوں اور سچے محسین کو عطا فرما کر ان کی عزت افزائی فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت پر کوئی پابندی نہیں۔

یہ وہ علوم و معارف اور فیوض الٰہیہ جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا کیے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ علم کی دو قسمیں ہیں ایک وہ علم جو دل میں ہوتا ہے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ بھی آئے ہیں وہ علم جو دل میں ثابت ہوتا ہے اور یہی علم نافع ہے اور دوسرا علم وہ ہے جو زبان پر جاری رہتا ہے اور یہ علم مخلوق پر اللہ تعالیٰ کی حجت ہے۔[۹]

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی اسی مفہوم کی تائید کرتی ہے۔ ابو نعیم نے "حلیۃ الاولیاء" میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا' اے معاذ! تو نے کیسے صبح کی۔ انہوں نے عرض کی میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان لانے والا ہوں. آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہر قول کا کوئی مصداق' اور ہر چیز کی حقیقت ہوتی ہے۔ تمہارے اس قول کی کیا حقیقت ہے؟ انہوں نے عرض کی۔ اے اللہ کے نبی ﷺ! میں نے جب بھی صبح کی تو میں یہ گمان کرتا ہوں کہ شاید مجھ پر شام آئے یا نہ آئے اور جب شام کرتا ہوں تو صبح کرنے کا کوئی یقین نہیں ہوتا۔ اور جب بھی کوئی قدم اٹھاتا ہوں تو میں یہ خیال کرتا ہوں کہ میں دوسرا قدم نہیں اٹھا سکوں گا۔ گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہر امت گھٹنوں کے بل بیٹھی ہے ان کو ان کی کتاب کی طرف بلایا جا رہا ہے اور ان کے ساتھ ان کا نبی بھی موجود

Marfat.com

استدلال کر کے صوفیائے کرام پر اعتراض کرتے ہیں اور ان پر یہ جھوٹا الزام لگاتے ہیں کہ وہ شریعت کو چھوڑ کر حقیقت پر زیادہ توجہ دیتے ہیں اور اپنے کشف اور مفاہم پر اعتماد کرتے ہیں اگرچہ یہ ظاہر شریعت کے مخالف ہوں لیکن ان کا یہ اعتراض بالکل بے بنیاد اور باطل ہے حتیٰ کہ خود ابن تیمیہ کا کلام ان کے اس نظریہ کے بطلان پر شاہد ہے ۔ کیونکہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے صوفیائے کرام کے کتاب و سنت پر کار بند ہونے کے بارے میں گفتگو کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اپنے زمانہ کے تمام مشائخ سے زیادہ شریعت اور اس کے اوامر و نواہی پر کار بند تھے . اور شریعت کو ہمیشہ ذوق پر مقدم رکھتے تھے۔ اسی طرح آپ خواہشات اور ارادۂ نفس کو ترک کرنے کا حکم فرماتے تھے۔ کیونکہ ارادۂ نفس کی وجہ سے سالک خطا کا شکار ہو جاتا ہے۔ اس لئے آپ سالک کو حکم فرمایا کرتے تھے کہ اسے اپنے ذاتی ارادہ کی طرف متوجہ نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اس کا وہی ارادہ ہونا چاہیئے جو اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہو۔

آپ فرماتے ہیں کہ جمہور سلف صالحین جو کہ صاحب استقامت تھے۔ جیسے فضیل ابن عیاض' ابراہیم بن ادہم' ابو سلیمان درانی' معروف کرخی' سری سقطی' جنید بن محمد وغیرہ متقدمین میں اور متاخرین میں شیخ عبدالقادر جیلانی' شیخ احمد اور شیخ ابو بیان رحمہم اللہ علیہم وغیرہ بزرگ ہیں۔ جو سالک کو ایک لحہ کیلئے بھی شریعت کے اوامر و نواہی سے خارج ہونے کی اجازت نہیں دیتے۔ اگرچہ وہ ہوا میں اڑنے اور پانی پر چلنے کی طاقت رکھتا ہو۔ بلکہ اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ آخر دم تک اوامر الہیہ کو بجالائے اور نواہی سے اجتناب کرے اور یہی وہ صحیح راستہ ہے جس پر کتاب و سنت اور سلف صالحین کا اجماع دلالت کرتا ہے۔ اس قسم کی اکثر چیزیں ان کی گفتگو میں موجود ہیں۔[9]

اب ہم صوفیاء کرام کے اقوال و ارشادات ذکر کرتے ہیں جو ان کے کتاب و سنت پر سختی سے کار بند رہنے پر شاہد ہیں۔

شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

کل حقیقه لا تشهد لها الشریعه فهی زندقه۔ طر الی الحق

Marfat.com

عزوجل بجناحی الکتاب والسنہ۔ ادخل علیہ ویدک فی ید الرسول ﷺ۔

"ہر وہ حقیقت کہ شریعت جس کی موید نہ ہو وہ زندیقی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے کیلئے کتاب و سنت کے پروں کے ساتھ پرواز کر اور اس کی بارگاہ میں اس حال میں داخل ہو کہ تیرا ہاتھ رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس میں ہو۔"[10]

جعلی صوفیاء جو یہ گمان کرتے ہیں کہ بعض احوال میں سالک سے شرعی تکالیف ساقط ہو جاتی ہیں ان کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ فرضی عبادات کو چھوڑ دینا زندیقی ہے، ممنوعات کا ارتکاب کرنا معصیت ہے اور کسی حال میں بھی فرائض ساقط نہیں ہوتے۔"[11]

حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سات چیزوں پر ہماری بنیاد ہے۔(۱)۔ قرآن پاک پر عمل پیرا ہونا۔(۲)۔ رسول اللہ ﷺ کی پیروی کرنا۔ (۳)۔ اکل حلال۔(۴)۔ کسی کو تکلیف نہ دینا۔(۵)۔ گناہوں سے اجتناب کرنا۔(۶)توبہ۔(۷)۔ حقوق کی ادائیگی پر کاربند رہنا۔

شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے جب تیرا کشف کتاب وسنت کے مخالف ہو تو کتاب و سنت پر عمل کر. اور اپنے کشف کو چھوڑ دے۔ اور اپنے نفس کو یہ سمجھا کہ اللہ تعالیٰ کتاب و سنت میں میری عصمت کا ضامن ہے۔ کشف و الہام میں میرا ضامن نہیں۔"[12]

شیخ ابو سعید خراز رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہر وہ باطن کہ ظاہر جس کی مخالفت کرے وہ باطل ہے۔

شیخ ابوالحسین وراق فرماتے ہیں کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک توفیق الٰہی اور رسول اللہ ﷺ کی اتباع و پیروی کے ذریعہ ہی پہنچ سکتا ہے۔ اور جس نے آپ کی اتباع کے علاوہ کوئی اور طریقہ اختیار کیا وہ راہ راست سے بھٹک جاتا ہے۔ اگرچہ وہ گمان کرتا ہے کہ وہ ہدایت یافتہ ہے۔"[13]

شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صوفیاء کرام کے نزدیک

Marfat.com

قرآن و سنت کسوٹی ہے۔ اس لئے سالک کو چاہیئے کہ وہ اپنی ہر ہر حرکت کو اس شرعی میزان کے ذریعہ پرکھ لے۔

آپ مزید برآں فرماتے ہیں کہ صوفیائے کرام کے طریقہ کی بنیاد علم و عمل ہے اور اس کا تانا پیٹا شریعت ہے نہ کہ دونوں میں سے ایک۔[۲۴]

امام شعرانی فرماتے ہیں کہ جو صوفیائے کرام کے احوال کا بغور جائزہ لیتا ہے اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ ان لوگوں کے علوم و معارف شریعت سے خارج نہیں ہیں۔ اور شریعت سے خارج کیسے ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ شریعت ہی تو انہیں اللہ تک پہنچانے کا ذریعہ ہے۔

حضرت بایزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ سے صوفی کے بارے میں پوچھا گیا۔ تو آپ نے فرمایا: صوفی وہ ہے جو قرآن کریم کو اپنے دائیں ہاتھ میں اور سنت رسول اللہ ﷺ اپنے بائیں ہاتھ میں لیتا ہے۔ اپنی ایک آنکھ سے جنت کیطرف دیکھتا ہے اور دوسری سے جہنم کی طرف۔ دنیا کو اپنا تہبند بنالیتا ہے اور آخرت کو اپنی قمیض۔ اور ہر لحظہ اپنے مولیٰ کی بارگاہ میں عرض کرتا ہے۔ اے اللہ! میں حاضر ہوں۔ اے اللہ! میں حاضر ہوں۔

آپ مزید ارشاد فرماتے ہیں: بدن پر دس چیزیں فرض ہیں۔(۱)۔ فرائض کی ادائیگی۔(۲)۔ محارم سے اجتناب۔(۳)۔ بارگاہ الٰہی میں تواضع۔(۴)۔ اپنے بھائیوں کی اذیت رسانی سے اجتناب۔(۵)۔ نیک و بد کو نصیحت۔(۶)۔ تمام امور میں رضائے الٰہی کی طلب۔(۷)۔ مغفرت کو طلب کرنا۔(۸)۔ غصہ، تکبر، بدکاری، لڑائی جھگڑے کو ترک کرنا۔(۹)۔ ہر وقت موت کیلئے تیار رہنا۔

اس کے باوجود تصوف کے مخالفین جب بھی صوفیائے کرام کے اخلاق کے بارے میں کوئی بات سنتے ہیں تو فوراً کہہ دیتے ہیں کہ یہ صوفیاء کا کلام ہے نہ کہ شرعی۔ اس سے سننے والا یہ گمان کرتا ہے کہ تصوف، شریعت سے جدا کسی چیز کا نام ہے حالانکہ آپ جان چکے ہیں کہ تصوف، شریعت کا لب لباب ہے۔ اور جو شخص بھی صوفیائے کرام کی ان کتب کا مطالعہ کرتا ہے جو دشمن کی سیہ کاریوں سے محفوظ ہیں جیسے ابو نعیم

Marfat.com

کی کتاب حلیہ الاولیاء، رسالہ قشیریہ، قلا آبادی کی تعرف، طوسی کی اللمع، امام غزالی کی احیاء العلوم، شیخ سلمی کی طبقات الصوفیہ، شیخ حارث محاسبی کی الرعیہ بحقوق اللہ اور شیخ ابن عربی کی وصایا وغیرہ۔ تو اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ ان میں شریعت کے مخالف کوئی چیز نہیں ہے۔ کیونکہ وہ بڑی سختی سے اپنے نفوس کا محاسبہ کرتے ہیں اور ہمیشہ عزیمت پر عمل کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ ان لوگوں کے طریقہ کی بنیاد علم و عمل پر ہے۔ اس کا تانا اور پیٹا شریعت اور حقیقت ہے۔

کیا شریعت اور حقیقت جدا جدا ہیں:

بعض تصوف کے جھوٹے دعویدار اور اسلام سے انحراف کرنے والے کہتے ہیں کہ دین کا مقصد صرف حقیقت ہے۔ اس طرح انہوں نے احکام شریعت کو معطل کر دیا ہے۔ فرائض اور واجبات کر ترک کر کے شریعت کی مخالفت کو جائز قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ دل کی اصلاح ہی مقصدِ حقیقی ہے۔ وہ اپنے آپ کو اہلِ باطن کا نام دیتے ہیں۔ اور دوسرے لوگوں کو اہلِ ظاہر کہتے ہیں۔ یہ لوگ صراطِ مستقیم سے بھٹکے ہوئے اور زندیق ہیں۔ ان کے اقوال و اعمال مخلص صوفیائے کرام پر حجت نہیں ہو سکتے۔ صوفیائے کرام نے ان لوگوں کے خطرہ سے خبردار کیا ہے اور ان کے پاس بیٹھنے اور صحبت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اور ان کے احوال اور دین اسلام سے انحراف سے براٹت کا اظہار کیا ہے۔

حضرت ابو یزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ اپنے ایک مرید سے فرماتے ہیں کہ چلو اس شخص کو دیکھیں جس نے اپنے آپ کو ولایت میں مشہور کر رکھا ہے۔ اس شخص کے زہد و تقویٰ کا بڑا چرچا تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب ہم اس تک پہنچے وہ اپنے گھر سے نکلا تو قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے تھوک دیا۔ جب ابو یزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ نے اس کا یہ عمل دیکھا تو آپ واپس لوٹ آئے اور اسے سلام تک نہ کیا اور فرمایا کہ جو شخص رسول اللہ کے آداب میں سے ایک ادب کی حفاظت نہیں کر سکا۔ وہ اس کی حفاظت کیسے کر سکتا ہے جس کا وہ دعویٰ (ولایت) کرتا ہے۔[۱۵]

Marfat.com

آپ فرماتے ہیں کہ اگر تم کسی ایسے شخص کو دیکھو جو صاحبِ کرامت ہو حتیٰ کہ وہ ہوا میں بھی اڑتا ہو تو اس سے دھوکہ نہ کھاؤ۔ بلکہ دیکھو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی کی بجاآوری اللہ تعالیٰ کی حدود کی حفاظت اور احکامِ شریعت کی ادائیگی میں کیسا ہے؟

شیخ احمد زروق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ شخص جو رسول اللہ ﷺ کی ظاہری سنت پر عمل پیرا نہ ہو' اس کی اتباع صحیح نہیں ہے اگرچہ وہ اپنی ذات کے اعتبار سے صحیح ہو اور اس سے ہزاروں کرامات کا ظہور ہو۔[۱۶]

حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تین قسم کے لوگوں کی صحبت سے بچو۔ اپنے انجام سے غافل جابر و ظالم' خوشامد اور جاہل صوفی۔[۱۷]

سید احمد رفاعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس طرح نہ کہو کہ جسطرح بعض جاہل صوفی کہتے ہیں کہ ہم اہل باطن ہیں اور وہ اہل ظاہر ہیں۔ یہ دین مکمل اور جامع ہے اس کا باطن اس کے ظاہر کا لب لباب ہے اور اس کا ظاہر باطن کیلئے ظرف ہے۔ اگر ظاہر نہ ہوتا' تو باطن کا بھی وجود نہ ہوتا۔ جسطرح یہ ثابت شدہ حقیقت ہے کہ دل جسم کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا بلکہ اگر جسم نہ ہو تو دل فاسد ہو جائے۔ اور اسی طرح دل جسم کا نور ہے۔ اور یہ علم جس کو بعض علم باطن کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اس سے مراد اصلاح قلب ہے. اور اس کی بنیاد ارکان اسلام پر عمل کرنا اور دل کے ساتھ ان کی تصدیق کرنا ہے۔

اے مخاطب! جب تیرا دل حسن نیت سے متصف اور پاکیزہ ہو لیکن اس کے ساتھ ساتھ تو قتل' چوری' اور زنا کا ارتکاب کرے۔ سود کھائے اور شراب پیئے۔ جھوٹ بولے' تکبر کرے' سختی سے پیش آئے تو تیرے دل کی حسن نیت اور پاکیزگی کا کیا فائدہ ہے؟ جب تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے۔ تیرا دامن پاک رہے روزہ رکھے' صدقہ کرے اور تواضع و انکساری اختیار کرے اس کے باوجود تیرے دل میں نمود و نمائش اور فساد ہو تو تیرے عمل کا کیا فائدہ ہے؟[۱۸]

شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اس آدمی کا انکار کرتے ہیں جو یہ اعتقاد

Marfat.com

رکھتا ہے کہ کسی خاص حال میں سالک سے شرعی پابندیاں ساقط ہو جاتی ہیں جیسا کہ یہ پہلے گزر چکا ہے کہ آپ نے فرمایا: فرضی عبادات کو ترک کرنا زندیقی ہے اور ممنوعات کا ارتکاب کرنا معصیت ہے۔ فرض کسی حال میں بھی ساقط نہیں ہو سکتا۔

شیخ الطائفہ امام جنید رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارا یہ مذہب (تصوف) کتاب و سنت کے اصولوں کے ساتھ مقید ہے۔ آپ مزید فرماتے ہیں کہ مخلوق خدا کیلئے وصول الی اللہ کے تمام راستے بند ہیں مگر ایک راستہ کھلا ہے۔ اور وہ رسول اللہ ﷺ کی پیروی کا طریقہ ہے۔ جس نے آپ کی سنت کی پیروی کی اور آپ کے طریقہ پر کار بند رہا۔ اس کیلئے نیکی کے تمام راستے کھلے ہیں۔[۱۵]

آپ کے پاس ایک آدمی نے معرفت کا ذکر کیا اور کہنے لگا' اہل معرفت کبھی ایسے مقامات پر پہنچ جاتے ہیں جہاں وہ نیکی کے اعمال ترک کر دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ایک مقام پر بندے سے فرائض و واجبات ساقط ہو جاتے ہیں آپ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک ان کا یہ قول بڑا خطرناک ہے بلکہ جو شخص چوری اور زنا کرتا ہے اس کی حالت ان لوگوں سے اچھی ہے جو اس قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ عارفین اللہ تعالیٰ سے ان اعمال صالحہ کو حاصل کرتے ہیں اور انہی اعمال کے ذریعہ اس کی رضا حاصل کر لیتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر میں ہزار سال بھی زندہ رہوں تو نیک اعمال میں ذرا بھی کمی نہ کروں گا۔ آپ مزید فرماتے ہیں کہ علم تصوف قیل و قال کے ذریعہ حاصل نہیں کیا بلکہ بھوک' ترک دنیا اور خواہشات نفسانیہ کو ختم کر کے حاصل کیا۔[۱۶]

شیخ ابراہیم بن محمد نصر آبادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تصوف کی بنیاد درج ذیل امور پر استوار ہیں۔

کتاب و سنت کی پیروی۔ نفسانی خواہشات اور بدعات کو ترک کرنا۔ مشائخ کرام کی تعظیم۔ مخلوق خدا کی معذرت قبول کرنا۔ اپنے ساتھیوں کے ساتھ حسن سلوک اور ان کی خدمت کرنا۔ اخلاق جمیلہ کو اپنانا۔ ذکر و اذکار پر پابندی کرنا۔ اور رخصت اور تاویلات سے اجتناب کرنا۔

Marfat.com

آپ فرماتے ہیں کہ راہ طریقت میں وہی گمراہ ہوتا ہے کہ جس کی ابتداء صحیح نہ ہو۔ کیونکہ ابتداء کی خرابی انتہاء میں اثر کرتی ہے۔[۱۷]

فقہاء صوفیا شریعت اسلامیہ کے علمائے کرام یعنی فقہاء محدثین رسول اللہ ﷺ کے طریقہ پر گامزن تھے وہ شریعت، طریقت اور حقیقت کو جامع تھے۔ اپنی عملی عبادات کو اخلاص کے ساتھ ادا کرتے تھے وہ عبادت کی حلاوت اور اس کے اسرار سے واقف تھے۔ اسی طرح وہ اپنے نفوس کی تہذیب اور اپنے قلوب کی اصلاح کیلئے مجاہدے کیا کرتے تھے۔ تقوی اور معرفت الٰہی سے آراستہ ہونے کی وجہ سے انہوں نے یہ علمی مراتب حاصل کیے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی کتاب کا فہم اور شریعت میں تعمق عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے امت کو ان کے علوم سے نفع پہنچایا۔ حالانکہ انہیں گزرے ہوئے صدیاں بیت گئیں۔ گویا کہ وہ اپنے ان علمی آثار کی وجہ سے آج بھی زندہ ہیں۔

صاحب در مختار علامہ حصکفی حنفوی رحمتہ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں کہ ابو علی دقاق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے یہ طریقہ ابو القاسم نصر آبادی سے حاصل کیا۔ ابو القاسم فرماتے ہیں کہ میں نے اسے شبلی سے اخذ کیا اور انہوں نے سری سقطی سے اور سری سقطی نے معروف کرخی سے اور انہوں نے داؤد طائی سے اور داؤد طائی نے یہ علم اور طریقہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ سے حاصل کیا۔ اور ان میں سے ہر ایک نے امام صاحب کی تعریف و توصیف کی اور آپ کی فضیلت کا اعتراف کیا پھر صاحب در مختار اس پر تبصرہ فرماتے ہیں. اے میرے بھائی! تعجب ہے تم پر۔ یہ صوفیائے کرام کیا تمہارے لئے اسوۂ حسنہ نہیں ہیں؟ کیا انہوں نے امام صاحب کی فضیلت کا اقرار نہیں کیا ہے کیا اس میں وہ جھوٹے ہیں؟ نہیں. یہی تو طریقت کے ائمہ اور شریعت و حقیقت کے والی ہیں! ان کے بعد آنے والے ان کے تابع ہیں۔ اور ان بزرگوں کی مخالفت کرنے والا مردود اور بدعتی ہے۔[۱۸]

شاید آپ کیلئے یہ بات تعجب کا باعث ہو کہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ سے ان جیسے اکابر اولیائے صالحین نے طریقت کو اخذ کیا ہے۔ فقہائے کرام کو بھی اس

Marfat.com

امام اعظم کی پیروی کرنی چاہیئے اور ان کے طریقہ پر چل کر شریعت اور حقیقت کو جامع ہونا چاہیئے تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے علم کو نفع بخش بنائے جس طرح امام اعظم ابو حنیفہ کے علم کو نفع مند بنایا۔

ابن عابدین در مختار کے حاشیہ میں علامہ حصکفی کے مذکورہ قول پر تبصرہ فرماتے ہیں کہ امام اعظم اس میدان کے شہسوار ہیں۔ علم حقیقت کی بنیاد علم و عمل اور تصفیۂ نفس پر ہے اور اکثر سلف صالحین نے آپ کی ان صفات کو تسلیم کیا ہے۔ امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آپ کو علم و ورع زہد و تقویٰ میں وہ مقام حاصل تھا جس کو کوئی نہیں پاسکا آپ کو کوڑے مارے گئے تاکہ آپ قاضی کے عہدہ کو قبول کرلیں لیکن آپ نے قبول نہیں کیا۔

امام عبداللہ بن مبارک رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ سے زیادہ کوئی اس بات کا مستحق نہیں کہ اس کی پیروی کی جائے۔ کیونکہ آپ متقی پرہیزگار، فقیہ، عالم دین اور امام تھے۔ آپ نے علم کے اسرار و رموز سے اس طرح پردہ اٹھایا کہ کوئی دوسرا اس بلندی تک رسائی حاصل نہ کرسکا۔

سفیان ثوری رحمتہ اللہ علیہ سے کسی نے کہا کہ میں امام ابو حنیفہ کے پاس سے آیا ہوں تو انہوں نے فرمایا کہ تو ایسے شخص کے پاس سے آیا ہے جو کہ تمام اہل زمین سے زیادہ پرہیزگار ہے۔[19]

اس بحث سے معلوم ہوا کہ ائمہ مجتہدین اور علمائے عاملین ہی حقیقی صوفیاء ہیں۔ اگر کوئی معترض یہ کہے کہ اگر طریقہ تصوف امرِ مشروع ہوتا تو تو ائمہ مجتہدین بھی اس کے بارے میں کتابیں لکھتے۔ حالانکہ تصوف کے بارے میں ان ائمہ کرام نے کوئی کتاب نہیں لکھی۔ امام شعرانی اس کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ائمہ مجتہدین نے اس بارے میں کوئی کتاب اس لئے نہیں لکھی، کہ ان کے زمانہ میں قلبی امراض کم تھے اور اکثر لوگ ریاء اور نفاق سے محفوظ تھے، پھر اگر ہم یہ فرض کرلیں کہ اس زمانہ کے لوگ ان بیماریوں سے محفوظ رہتے۔ پھر بھی یہ لوگ انتہائی کم تعداد میں تھے۔ اور اس کے علاوہ اس دور میں ائمہ مجتہدین ان ادلۂ شرعیہ کو جمع کرنے میں

Marfat.com

مشغول تھے' جو مختلف علاقوں میں تابعین اور تبع تابعین کے ساتھ پھیلی ہوئی تھیں۔ کیونکہ یہ ادلّہ ہی تمام ادلّہ کی بنیاد تھیں۔ اور ان ادلّہ کے ذریعہ ہی تمام احکام شرعیہ کی معرفت ممکن تھی' اور یہ چیز ان امور میں مشغول ہونے سے زیادہ اہم تھی۔ جن کا تعلق دل کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور کوئی بھی عقلمند یہ نہیں کہہ سکتا کہ امام ابو حنیفہ یا امام مالک' یا امام شافعی یا امام احمد جیسے جلیل القدر ائمہ کرام اپنے نفس میں ریاء' خود پسندی' تکبر' حسد یا نفاق کو پاتے ہوں اور پھر اپنے نفس کا مجاہدہ نہ کرتے ہوں' اگر انہیں ان آفات و امراض سے سلامتی کا علم نہ ہوتا تو وہ ان کے علاج میں مشغول ہونے کو ہر علم پر مقدم کرتے۔[۳۰]

Marfat.com

علم

اسلام کو روز اول سے ہی سخت ترین دشمنوں اور مخالفوں کا سامنا ہے۔ یہ لوگ اسلامی علوم میں خرافات اور باطل نظریات داخل کر کے اور اس کے سنہری اصولوں کو مسخ کر کے اس کی بنیادوں کو اکھیڑنے کے خواہشمند ہیں۔ جیسا کہ ہم اس کے اثرات علم تفسیر، حدیث، تاریخ اور تصوف میں واضح طور پر مشاہدہ کرتے ہیں۔

(۱)۔ علمِ تفسیر:

تفسیر کی کتب میں بہت سی اسرائیلی روایات ملتی ہیں جو جھوٹے قصوں اور غیر اسلامی عقائد پر مشتمل ہیں۔ ان روایات کو کتب تفسیر میں ان یہودیوں نے داخل کیا ہے جو ظاہری طور پر مسلمان ہو گئے ہیں۔ لیکن ان کے ذہنوں میں یہ قصے، کہانیاں راسخ ہو چکی تھیں انہوں نے اپنے انبیاء کی تحریف شدہ کتابوں سے روایت کیا تھا۔ اور بعض مسلمانوں نے انہیں صحیح سمجھ کر قبول کر لیا۔

پھر مسلمان علماء نے توفیق الٰہی سے کتب تفاسیر کو ان اسرائیلی روایات سے پاک کیا اور مسلمانوں کو ان کے ضرر سے آگاہ کیا۔ خصوصاً وہ روایات جن کا تعلق عقیدہ سے تھا جیسا کہ بعض روایات میں آتا ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام بیمار ہو

Marfat.com

گئے حتیٰ کہ آپ کے جسم میں کیڑے پڑ گئے۔ بعض اسرائیلی روایات میں انبیاء علیہم السلام کی طرف گناہوں کو منسوب کیا گیا(معاذ اللہ)۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے کسی فوجی کی بیوی پر عاشق ہو گئے۔ اس کے خاوند کو جنگی محاذ پر بھیج دیا۔ وہ وہاں قتل ہو گیا تو آپ نے اس کی بیوی کے ساتھ نکاح کر لیا۔ اور اسی طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے بارے میں آتا ہے کہ انہوں نے عزیز مصر کی بیوی کے ساتھ معاذاللہ گناہ کا ارادہ کیا تھا۔ ان کے علاوہ بھی بہت سے ایسی حکایات ہیں جو انبیاء اور رسل کے مقام کے منافی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہر برائی سے محفوظ کر لیا تھا۔

ہر مسلمان کیلئے ضروری ہے کہ وہ ان اسرائیلی روایات کو پس پشت ڈال کر صحیح مشہور اسلامی ماٰخذ پر اعتماد کرے۔

(۲)۔ حدیث:

بعض خود غرض مخالفین نے اسلام کے سنہری اصولوں کو مسخ کرنے کا یہ طریقہ اپنایا کہ انہوں نے بعض بے بنیاد اور جھوٹی باتوں کو رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب کرکے ذخیرۂ احادیث میں شامل کر دیا تو اس سے ان کا مقصد اسلام کے بنیادی عقیدہ کو کھوکھلا کرنا اور اس میں ایسے تباہ کن افکار داخل کرنا تھا جن کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں تھا جیسے تجسیم. تشبیہ. جہت اور اس جیسے دوسرے غیر اسلامی عقائد۔

اسی طرح انہوں نے ترغیب و ترہیب میں بھی بہت سی احادیث وضع کیں۔ جب انہیں کہا جاتا کہ تم رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ کیوں باندھتے ہو۔ حالانکہ وہ خود ارشاد فرماتے ہیں:

من کذب علی متعمدا فلیتبوا مقعدہ من النار۔

"جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے"۔

تو وہ کہتے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کیلئے جھوٹ بولا ہے نہ کہ ان کے خلاف۔ بعض لوگ سلاطین اور حکام کا قرب حاصل کرنے کیلئے احادیث گھڑا کرتے تھے۔ تاکہ وہ

Marfat.com

دنیاوی اور مادی مقاصد حاصل کریں۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کی سنت کو زندہ رکھنے کیلئے ایسے مخلص اور غیور علماء پیدا کیے جنہوں نے احادیث طیبہ کے ذخیروں کی جانچ پڑتال کر کے صحیح ضعیف اور موضوع احادیث کو الگ الگ کر دیا۔ ان علماء میں حافظ ' زین عراقی' علامہ ابن حجر اور شیخ ذہبی قابل ذکر ہیں۔ بعض غیور علماء نے ایسی کتب تالیف فرمائیں جن میں انہوں نے صرف موضوع احادیث کو جمع کر دیا تاکہ لوگ اس فتنہ سے محفوظ رہ سکیں جیسے علامہ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ کی "اللالی المصنوعہ فی احادیث الموضوعہ" اور ملا علی قاری کی "المصنوع فی الحدیث الموضوع" وغیرہ۔

(۳)۔ تاریخ:

ان لوگوں کیلئے تاریخ ایک وسیع اور زرخیز میدان تھا۔ انہوں نے تاریخ اسلام میں ایسے گمراہ کن خیالی قصے داخل کر دیئے جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ اس طرح وہ مسلمان خلفاء اور سلاطین کی سیرت کو مسخ کرنا چاہتے تھے۔ جیسا کہ کتاب "الف لیلہ ولیلہ" میں بہت سے عجیب و غریب جھوٹے قصے ہارون الرشید کی طرف منسوب کیے گئے تھے۔

صلیبیوں، مستشرقین اور ان کے پروردہ گروہ نے تاریخ اسلام کے بارے میں جو بے بنیاد اور باطل پر پیگنڈہ کیا ہے وہ کسی پر مخفی نہیں۔ ان کا مقصد اسلام کی بنیاد کو کھوکھلا کرنا اور مشاہیر اسلام کی سیرتوں کو مشکوک بنانا تھا۔ لیکن ابن ہشام' ابن اثیر' ابن کثیر اور ذہبی جیسے مسلمان حق مورخین نے تاریخ اسلام کی تدوین و تہذیب کی۔ اور اس کو ان بے بنیاد چیزوں سے پاک کر کے صاف ستھرا کر کے پیش کیا۔ طالب حقیقت کو چاہیئے کہ وہ ان صحیح ماخذ کی طرف رجوع کرے۔ تاکہ اچھی اور بری چیز میں تمیز کر سکے۔

(۴)۔ تصوف:

Marfat.com

علم تصوف بھی دوسرے علوم دینیہ کی طرح مخالفین کی تحریف سے محفوظ نہ رہ سکا۔ ان میں سے بعض نے کتب صوفیاء میں منحرفانہ عقائد اور ایسی عبارات کا اضافہ کر دیا جن کا تصوف اور صوفیاء سے دور کا بھی تعلق واسطہ نہ تھا۔ جس طرح کہ تصوف کی بعض کتابوں میں یہ شعر منقول ہے:

وما الکلب والخنزیر الا الھنا　　وما الرب الا راھب فی کنسیہ

"کتا اور خنزیر ہمارا معبود ہے اور کنیسہ کا راہب ہمارا رب ہے"

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اَنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا۔

(کہف:۵)

"کتنی بڑی ہے وہ بات جو نکلتی ہے ان کے مونہوں سے وہ نہیں کہتے مگر (سراسر) جھوٹ"

ان میں سے بعض نے دین اسلام کو ایسے دوسرے امور سے فاسد کرنے کی کوشش کی ہے جن کا تعلق عقائد سے تھا۔ انہوں نے بعض صوفیاء کرام کی طرف ایسے اقوال منسوب کیے جو اہل سنت والجماعت کے عقیدہ کے خلاف تھے۔ جیسے حلول اور اتحاد کا قول۔ اور یہ قول کہ خالق عین مخلوق ہے اور کائنات عین خالق ہے۔

ان میں سے بعض نے صوفیائے کرام کی تاریخ کو مسخ کرنے کی کوشش کی تاکہ لوگوں کا اعتماد ان سے اٹھ جائے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے ان کی کتب میں ایسے خیالی قصے اور واقعات داخل کر دیئے جن میں یہ ظاہر کیا گیا کہ یہ لوگ منکرات اور کبائر کا ارتکاب کرتے ہیں جیسا کہ امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "طبقات کبریٰ" میں بعض ایسے واقعات ہیں جن سے وہ بری ہیں۔

ان میں مشنری مبلغین، مستشرقین اور استعمار کے پروردہ بھی شامل ہیں جو صوفیائے کرام کی کتب کا مطالعہ صرف اس لئے کرتے ہیں کہ ان کی کلام میں تحریف کر کے اپنی طرف سے جھوٹی باتیں ان کی طرف منسوب کر کے ان کے متعلق کتابیں لکھیں۔ اس سے محض ان کا مقصد اسلام کی بنیاد پر زبان طعن دراز کرنا، اور روح

Marfat.com

اسلام کو اس کے جسم سے جدا کرنا ہے۔ بہت سے لوگ اس لئے دھوکہ میں مبتلا ہو گئے کہ انہوں نے تصوف کو مستشرقین مثلاً نکلسن 'گولڈ زہیر یہودی' میسنن فرانسی وغیرہ کی کتابوں سے سمجھنا چاہا' اس طرح وہ ان کے جال میں پھنس گئے۔ اور ان کے مسموم افکار سے متاثر ہو کر صوفیائے کرام کی مخالفت کرنے لگے۔ غور طلب بات یہ ہے کہ ایک سچا مسلمان اپنے دھوکہ باز اور مکار دشمن کی بات پر کیسے اعتماد کر سکتا ہے۔

ان میں سے بعض ایسے سادہ لوح لوگ تھے جو مستشرقین اور ان سے متاثر لوگوں کی باتوں پر اعتماد کرنے لگے۔ اور ان تحریف شدہ اقوال کو صوفیائے کرام کے اقوال خیال کرنے لگے۔ حالانکہ یہ تمام اقوال صوفیائے کرام اور تصوف سے انتہائی بعید تھے۔

اگر کوئی معترض کہے کہ صوفیائے کرام کی طرف منسوب یہ تحریف شدہ اقوال در حقیقت انہیں کے اقوال ہیں اور اس کی دلیل یہ ہے کہ یہ ان کی مطبوع شدہ کتابوں میں موجود ہیں۔

ان کے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ ضروری نہیں کہ صوفیائے کرام کی کتب میں جو اقوال ہیں وہ حقیقۃً انہی کے ہیں۔ کیونکہ یہ کتب بھی مخالفین کی تحریف سے محفوظ نہیں ہیں۔ اس وقت ہمیں ایسے مخلص محققین کی ضرورت ہے جو اس عظیم اسلامی سرمایہ کو ان تحریفات سے پاک کر دیں۔

اگر صحیح طریقہ سے یہ ثابت بھی ہو جائے کہ بعض صوفیاء کا کلام شرعی حدود کے مخالف ہے تو ہم جواباً عرض کریں گے کہ کسی فرد واحد کی کلام پوری جماعت کیلئے حجت نہیں ہو سکتی۔ خصوصاً ایسی جماعت جس کا شعار مذہب اور قرآن و سنت کی پیروی کرنا ہے حتیٰ کہ مشائخ کرام فرماتے ہیں کہ صوفی کی سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ وہ حدود شرعی سے واقف ہو اور اس سے سرمو انحراف نہ کرے۔ جب کسی شخص میں یہ شرط اول نہ پائی جائے اور وہ اس کے باوجود صوفی ہونے کا دعوی کرے تو اس کی بات تسلیم نہیں کی جائے گی۔ کیونکہ وہ حقیقت سے بہت دور ہے۔

صوفیائے کرام پر کیے گئے ان باطل اعتراضات کا جواب دینے سے بہتر ہے

Marfat.com

کہ کوئی مثبت کام کیا جائے کیونکہ اس کام میں مشغول ہونا اپنا قیمتی وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ محققین علماء کرام ان اعتراضات کی حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں۔

اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم یہ ذہن نشین کرلیں کہ تصوف کتابوں کے مطالعہ سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ تصوف ایمان' اخلاق' ذوق شوق اور معرفت کا نام ہے۔ اور یہ صرف ان لوگوں کی صحبت سے حاصل ہو سکتا ہے جو رسول اللہ ﷺ کی سنت پر عمل پیرا ہوں۔ اور انہیں علم و عمل اور اخلاق و معارف رسول اللہ ﷺ سے وراثت میں ملے ہوں۔ یہ وہ علم ہے جو ایک سینہ سے دوسرے سینہ کی طرف اور ایک قلب سے دوسرے قلب کی طرف منتقل ہوتا ہے۔

بعض بدباطن لوگ صوفیائے کرام کی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہیں اور خصوصاً تحریف شدہ اقوال اور مخالفین کے داخل کیے ہوئے جھوٹے واقعات پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ اور پھر یہ خیال کرنے لگے ہیں کہ تصوف صرف اسی کا نام ہے۔ اس طرح وہ صوفیائے کرام کے خلاف محاذ قائم کر کے سخت پراپیگنڈہ کرتے ہیں۔ اگر وہ صوفیائے کرام کا حقیقی موقف جان لیتے کہ وہ کیسے شریعت کی پابندی کرتے ہیں اور قرآن مجید' اور سنت رسول اللہ ﷺ پر کس قدر سختی سے عمل پیرا رہتے ہیں۔ اور کس طرح معتبر اسلامی مذاہب اربعہ پر عمل پیرا ہیں اور کس طرح اہلسنّت والجماعت کے عقیدہ پر مضبوطی سے قائم ہیں تو یقیناً انہیں معلوم ہو جاتا کہ صوفیائے کرام کی طرف منسوب کردہ یہ تمام اعتراضات من گھڑت بے بنیاد اور انکے اپنے عمل کے منافی ہیں اور یہ مخالفین کی طرف سے داخل کیے گئے ہیں۔ یا کم از کم ان کی کوئی اچھی تاویل ہو سکتی ہے۔

ہم یہاں کچھ مثالیں بیان کرتے ہیں جن سے واضح ہو جاتا ہے کہ صوفیائے کرام اور علمائے کرام اور علمائے عظام کے مخالفین نے بہت سی ایسی چیزیں ان کی کتابوں میں داخل کر دی ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے۔ ابن فراء "طبقات" میں فرماتے ہیں کہ امام جعفر صادق اور امام احمد بن حنبل انتہائی

Marfat.com

نیک اور متقی ہیں جن کی شہرت کو بعض برے لوگوں نے شدید نقصان پہنچایا ہے۔ فقہ جعفریہ میں بہت سے جھوٹے اور من گھڑت اقوال امام جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہیں۔ حالانکہ وہ ان اقوال سے بری ہیں۔ اور اسی طرح امام احمد کی طرف عقائد کے بارے میں بعض ایسی آراء منسوب ہیں جو آپ نے ارشاد نہیں فرمائیں۔

امام ابن حجر ہیثمی سے سوال کیا گیا کہ کیا امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ کا عقیدہ آج کل کے حنبلیوں کی طرح تھا؟ آپ نے جواب دیا کہ امام اہلسنّت احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے' کا عقیدہ اہلسنّت و الجماعت کے عقیدہ کے موافق تھا۔ اور بعض جہلاء جو اپنے آپ کو حنبلی ظاہر کرتے ہیں اور امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ کی طرف یہ منسوب کرتے ہیں کہ آپ بھی جہت اور جسمیت کے قائل تھے تو یہ صریح جھوٹ اور بہتان ہے۔ اور وہ شخص ملعون ہے جو اس قسم کے عقیدہ کی نسبت آپ کی طرف منسوب کرتا ہے۔ حافظ امام ابو الفرج بن جوزی جو حنبلی مذہب کے ائمہ میں سے تھے انہوں نے واضح طور پر فرمایا ہے کہ امام صاحب کی طرف یہ چیزیں جو منسوب ہیں وہ محض جھوٹ' افتراء اور بہتان ہے۔ آپ کا اپنا کلام ان چیزوں کے باطل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔[۲۱]

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کتاب "نہج البلاغہ" بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے اور اس کا اکثر حصہ آپ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ امام ذہبی رحمتہ اللہ علیہ نے علی بن حسین' شریف مرتضیٰ کے بارے میں لکھا ہے کہ اس پر کتاب "نہج البلاغہ" وضع کرنے کا الزام ہے۔ جو شخص اس کتاب کو پڑھے اسے یقین ہو جاتا ہے کہ یہ حضرت امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف کذب و افتراء ہے۔ کیونکہ اس میں سیدنا ابو بکر اور سیدنا حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو سب و شتم اور آپ کی تنقیص شان کی گئی ہے۔ اور اس میں ایسا تناقض اور رکیک عبارات موجود ہیں کہ قریشی صحابہ اور بعد میں آنے والے متاخرین کے بارے میں تھوڑی سی بھی سمجھ رکھنے والا شخص یہ یقین کر لیتا ہے کہ اس کتاب کا اکثر حصہ باطل ہے۔[۲۲]

Marfat.com

امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "طبقات کبریٰ" میں مخالفین اور حاسدوں نے ایسی عبارات داخل کر دیں جو ظاہر شریعت کے خلاف تھیں۔ آپ اسکی وضاحت خود اپنی کتاب "لطائف المنن والاخلاق" میں کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے مجھے صبر عطا فرمایا جب حاسدوں اور دشمنوں نے میری کتب میں ایسے کلام کا اضافہ کر دیا جو ظاہر شریعت کے مخالف تھا اور وہ یہ کلام پیش کر کے میرے خلاف فتوی دینے لگے۔ اور اس سلسلہ میں انہوں نے سلطان وقت کو بھی خطوط ارسال کر دیئے۔ آپ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے میں اس آزمائش میں اس وقت مبتلا ہوا جب میں ۹۴۷ھ میں حج کیلئے مکہ مکرمہ گیا۔ تو وہاں بعض لوگوں نے ایک جھوٹا مسئلہ میری طرف منسوب کر دیا جو ائمہ اربعہ کے اجماع کے مخالف تھا۔ اور وہ یہ کہ میں نے بعض لوگوں کو نماز کو وقت سے مقدم کرنے کا فتوی دیا جب کہ بندہ کو کوئی ضروری کام ہو۔ انہوں نے اس بات کو دوران حج عام کر دیا اور بعض مخالفین نے خط کے ذریعہ اہل مصر کو بھی اس کی اطلاع دے دی۔ جب میں واپس مصر پہنچ آیا تو میں نے دیکھا کہ وہاں اس مسئلہ کی وجہ سے سخت اضطراب پیدا ہو گیا حتیٰ کہ یہ بات مشرقی مغربی صوبوں، صعید مصر اور رؤسائے سلطنت تک پہنچ چکی ہے جس کی وجہ سے میرے متعلقین کو بہت نقصان ہوا۔ میں نے دیکھا کہ اکثر لوگ مجھے بھی ترچھی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔ میں نے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے ان خطوط کے بارے میں بتایا جو مکہ سے آئے تھے۔ مجھے معلوم نہیں کہ کس نے میری غیبت کی اور میری عزت کو داغدار کرنے کی کوشش کی۔

پھر میں نے کتاب "البحر المورود فی المواثیق العھود" لکھی جس پر چاروں مذاہب کے چالیس علماء نے دستخط کیے لوگوں میں یہ کتاب انتہائی مقبول ہو گئی۔ انہوں نے اس کے چالیس نسخے تیار کیے۔ تو حاسدین غیظ و غضب سے بھڑک اٹھے۔ اور انہوں نے میرے ایک سادہ مرید سے اس کا نسخہ عاریۃً لیا اور اس میں باطل عقائد اور ایسے مسائل کا اضافہ کر دیا جو مسلمانوں کے اجماع کے مخالف تھے۔ اسی طرح انہوں نے جحا اور ابن راوندی کی حکایات اور لطائف شامل کر دیئے اور کتاب کے مختلف

Marfat.com

مقامات پر اس طرح ملا دیئے ایسا معلوم ہونے لگا گویا کہ وہ اصل کتاب ہے۔ اور پھر ان کتب کو بازار بھیج دیا جہاں طالبان علم کا مجمع رہتا ہے۔ انہوں نے ان کتابوں پر میرا نام دیکھا اور ان کو خرید لیا۔ بعض مخالفین اس کتاب کو جامعہ ازہر کے علماء کے پاس لے گئے۔ ان میں سے بعض علماء تو وہ تھے جنہوں نے اس کتاب پر دستخط کیے تھے۔ اور بعض دوسرے تھے جس کی وجہ سے ایک بہت بڑا فتنہ برپا ہو گیا اور لوگ تقریباً ایک سال تک مساجد بازاروں اور امراء کے گھروں میں میرے خلاف باتیں کرتے رہے حالانکہ مجھے اس کا علم نہ تھا۔ شیخ ناصرالدین لقانی، شیخ الاسلام حنبلی، شیخ شہاب الدین بن حلبی نے میرا دفاع کیا۔ حالانکہ اس کا مجھے علم نہیں تھا۔ جامعہ ازہر سے میرے ایک محب نے مجھے پیغام بھیجا اور تمام حالات سے مجھے آگاہ کیا۔ میں نے اپنا وہ نسخہ اس کی طرف بھیجا جس پر علماء کے دستخط تھے جب علماء نے اس کا مطالعہ کیا اور اس میں کوئی ایسی چیز نہ تھی جو حاسدین نے میری طرف منسوب کی جب انہیں حقیقت حال سے آگاہی ہوئی تو انہوں نے اس شخص کو سب و شتم کی جس نے اس آگ کو بھڑکایا تھا۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں بعض کم فہم اور عجلت پسند لوگوں کو جانتا ہوں جو ابھی بھی میرے متعلق برا نظریہ رکھتے ہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ انہوں نے میرے ان حاسدوں سے میرے متعلق باتیں سنیں۔ پھر ان حاسدین نے ان مسائل کو جو میری اس کتاب میں جمع کیے گئے تھے۔ اپنے پاس جمع کر لیا اور جب بھی وہ کسی کے بارے میں سنتے کہ وہ مجھے ناپسند کرتا تو اسے کہتے کہ ہمارے پاس اس کے متعلقہ کچھ مسائل ہیں۔ اگر تمہیں ضرورت ہے تو دکھا دیتے ہیں۔ اس طرح یہ مسائل ایک حاسد سے دوسرے حاسد تک منتقل ہوتے رہے۔ اور یہ لوگ میرے خلاف علماء سے فتوی لیتے اور مجھے اس کا علم تک نہ تھا۔ اور جب مجھے اس کا علم ہوا تو میں نے تمام علمائے ازہر کی طرف پیغام بھیج دیا کہ یہ تمام لوگ میرے متعلق آپ سے فتوی لیتے ہیں۔ اور یہ تمام مسائل میری طرف منسوب کرتے ہیں۔ یہ سب من گھڑت ہیں۔ اس طرح علماء نے اس کے متعلق فتوی دینے سے انکار کر دیا۔

عظیم مؤرخ عبدالحی بن عباد حنبلی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "شذرات

Marfat.com

کر دیں تو وہ ابھی قیامت قائم کر دے۔ آپ فرماتے ہیں کہ حجۃ الاسلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف ایسا قول منسوب کرنا صریح جھوٹ ہے۔ اور آپ اس قسم کے اقوال سے بری ہیں۔ کیونکہ اس قسم کے قول سے قیامت کے بارے میں وارد شدہ نصوص قطعیہ کا رد لازم آتا ہے۔ اور یہ شارع علیہ السلام کی تکذیب کا سبب بنتا ہے۔ اس لیے امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کی ایک کتاب میں ایسا قول موجود ہے تو کسی ملحد نے اس کا اضافہ کیا ہے۔ امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے خود ایک کتاب دیکھی ہے جو اہلسنّت والجماعت کے عقائد سے بھری ہوئی تھی یہ کسی ملحد کی تصنیف کردہ کتاب تھی۔ جسے اس نے امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف منسوب کر دیا۔ شیخ بدرالدین بن جماعہ جب اس کتاب پر مطلع ہوئے تو آپ نے اس کتاب پر لکھ دیا کہ جس نے اس کتاب کو حجۃ الاسلام کی طرف منسوب کیا وہ جھوٹا اور مفتری ہے۔[۲۸]

شیخ شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعض حاسدوں نے میری کتاب "بحرالموروود" میں کچھ باطل عقائد کا اضافہ کر دیا اور ان باطل عقائد کو مصر اور مکہ مکرمہ میں پھیلا دیا حالانکہ میں ان عقائد سے بری تھا۔ جس طرح کہ میں نے اس کتاب کے خطبہ میں اس چیز کا اظہار کیا ہے جب میں نے اس کو تبدیل کر دیا۔ اس کتاب پر علمائے کرام کے دستخط موجود تھے۔ اور یہ فتنہ اس وقت ٹھنڈا ہوا جب میں نے علمائے کرام کی طرف وہ نسخہ بھیجا جس پر وہ دستخط موجود تھے۔[۲۹]

امام شعرانی کے مخالفین نے آپ کی بعض معروف کتابوں میں باطل عقائد کا اضافہ کیا تھا۔ ان میں سب سے زیادہ مشہور "طبقات کبریٰ" ہے۔ اگر کوئی منصف مزاج شخص امام شعرانی کی اس کلام کے درمیان جس میں آپ نے صوفیائے کرام کے شریعت پر سختی سے کاربند ہونے کا ذکر کیا ہے اور طبقات کبریٰ کے درمیان موازنہ کرے تو ان دونوں کلاموں کے درمیان مخالفت اور تباین اس پر ظاہر ہو جائے۔ اور اسے معلوم ہو جائے کہ طبقات کبریٰ میں جو اس قسم کی کلام موجود ہے وہ سب جھوٹ ہے۔

اسی طرح مخالفین نے شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کی کتب میں بھی

Marfat.com

باطل عقائد کا اضافہ کیا ہے۔ شیخ شعرانی رحمتہ اللہ علیہ آپ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ آپ کتاب و سنت پر سختی سے کاربند تھے۔ آپ فرماتے ہیں جس کے ہاتھ سے ایک لمحہ کیلئے بھی میزان شریعت نکل گیا وہ ہلاک ہو گیا۔ امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قیامت تک آپ کے بارے میں لوگوں کا یہی عقیدہ ہے۔ آپ کی کلام میں سے لوگوں کو بعض چیزیں سمجھ نہیں آتیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کی پرواز انتہائی بلند تھی۔ اور اسی طرح اگر آپ کی کلام میں کوئی ایسی چیز ہے جو ظاہر شریعت کے خلاف ہے تو وہ مخالفین کی اضافہ شدہ ہے جس طرح کہ اس کی خبر مجھے ابو طاہر مغربی نزیل مکہ مکرمہ نے دی۔ واقعہ اس طرح ہے کہ میں ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "فتوحات مکیہ" کو مختصر کر رہا تھا تو دوران اختصار اس میں بعض ایسی چیزیں آجاتیں جو ظاہر شریعت کے مخالف ہوتیں میں ان کو خارج کر دیتا' پھر جب شیخ ابو طاہر مغربی میرے پاس تشریف لائے اور انہوں نے مجھے فتوحات مکیہ کا وہ نسخہ دکھایا جو انہوں نے قونیہ میں شیخ ابن عربی کے اپنے دست اقدس سے لکھے ہوئے نسخہ سے ملایا تھا تو اس میں وہ تمام چیزیں موجود نہیں تھیں۔ اس وقت مجھے یقین ہو گیا کہ چیزیں مخالفین اور حاسدین کی اضافہ شدہ ہیں جس طرح کہ مخالفین نے میری کتابوں میں بعض باطل عقائد کا اضافہ کر دیا تھا۔ اور اس کا مشاہدہ میں خود کر چکا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور انہیں معاف فرمائے۔[۳۰]

صاحب در مختار فرماتے ہیں جس نے شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "فصوص الحکم" کے بارے میں کہا کہ یہ مخالف شریعت ہے اور گمراہی کیلئے تصنیف کی گئی ہے۔ اور جس نے اس کا مطالعہ کیا وہ ملحد ہے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ اس کتاب میں بعض کلمات ظاہر شریعت کے مخالف ہیں۔ بعض لوگوں نے ان کی تاویل کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ کسی یہودی نے شیخ رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب میں ان کلمات کا اضافہ کر دیا ہے۔ ابن عابدین اس کے حاشیہ میں صاحب در مختار کے قول کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپ نے یہ بات اس لئے کہی کیونکہ آپ کے پاس ان کلمات کے زائد ہونے کا ثبوت تھا یا شیخ

Marfat.com

حضوری حاصل تھی۔ آپ کے متعلق کیسے تصور کیا جاسکتا ہے کہ آپ کوئی ایسی گفتگو فرمائیں جو شریعت کے اساسی عقائد کے مخالف ہو اور جس کی وجہ سے دین اسلام اور دوسرے تمام باطل ادیان کے درمیان برابری لازم آئے۔ اور اس سے یہ ظاہر ہو کہ اصحابِ جنت اور دوزخ برابر ہیں۔ شیخ رحمتہ اللہ علیہ کے متعلق ایسی بات وہی کر سکتا ہے جو عقل سے فارغ ہو۔ اے میرے بھائی! محتاط رہنا' کہیں تم بھی اس کی تصدیق نہ کر دینا جو باطل عقائد کو شیخ رحمتہ اللہ علیہ کی طرف منسوب کرتا ہے۔ اپنے سمع و بصر اور دل کی حفاظت کرو۔ میں نے تمہیں مخلصانہ نصیحت کر دی ہے .والسلام۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کے عقائد وسطیٰ میں آپ کا یہ ارشاد پڑھا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ اہلِ جنت اور اہلِ جہنم ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اپنے اپنے مقام میں رہیں گے اور ان میں سے کوئی بھی باہر نہ نکلے گا۔ پھر آپ اس کی وضاحت فرماتے ہیں کہ جہنم سے کفار و مشرکین اور منافقین کسی حالت میں بھی نہیں نکلیں گے لیکن گنہگار موحدین سزا پانے کے بعد جہنم سے نکل آئیں گے۔ جیسا کہ قرآن و سنت سے ثابت ہے۔[۳۱]

ہمارے اس قول کی تائید شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کے اپنے ارشاد سے ہوتی ہے۔ آپ نے فتوحات مکیہ کے باب نمبر ۳۷۱ میں فرمایا کہ جب جہنم کے دروازے بند کر دیئے جائیں گے تو اہلِ جہنم کے جسم ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے۔ جب نار جہنم بھڑکے گی تو اس کے اوپر والا حصہ نیچے ہو جائے گا۔ اسی طرح امام باجوری جوہرۃ توحید کی شرح میں فرماتے ہیں کہ بعض صوفیائے کرام کی طرف یہ جو قول منسوب ہے کہ اہلِ جہنم عذاب کے ساتھ عادی ہو جائیں گے۔ حتیٰ کہ اگر انہیں جنت میں داخل کر دیا جائے تو وہ تکلیف محسوس کریں گے۔ یہ سب جھوٹ اور افتراء ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمایا ہے:

فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا۔ (نبا:۳۰)

"پس (اے منکرو! اپنے کئے کا) مزا چکھو اب ہم نہیں زیادہ کریں گے تم پر مگر عذاب"۔

Marfat.com

ایک مسلمان سے اس باطل عقیدہ کی کیسے توقع کی جا سکتی ہے جو اہلسنّت و الجماعت کے عقیدہ کے مخالف ہو۔ شیخ محمد یوسف کافی صراحت فرماتے ہیں کہ اہلِ جنت ہمیشہ کیلئے جنت میں رہیں گے اور مختلف الانواع نعمتوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ اور اہلِ جہنم ہمیشہ جہنم میں رہیں گے اور ہمیشہ عذاب میں مبتلا ہوں گے۔ اور بعض نے کہا ہے کہ عذاب ان سے منقطع ہو جائے گا اور یہ لذت میں تبدیل ہو جائے گا حتیٰ کہ اگر ان کو جنت میں داخلے کی پیش کش کی گئی تو انکار کر دیں گے۔ کیونکہ وہ اس میں لذت محسوس کریں گے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس قسم کا عقیدہ رکھنے والا بلا شک وشبہ کافر ہے کیونکہ اس سے بہت سی آیات قرآنیہ کی تکذیب لازم آتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(۱) اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ کُفَّارٌ اُولٰئِکَ عَلَیْھِمْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلَائِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔ خَالِدِیْنَ فِیْھَا لَایُخَفَّفُ عَنْھُمُ الْعَذَابُ وَلَا ھُمْ یُنْظَرُوْنَ۔ (البقرہ:۱۶۱۔۱۶۲)

"بے شک جن لوگوں نے کفر اختیار کیا وہ مرے اس حال پر کہ وہ کافر تھے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر لعنت ہے اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی ہمیشہ رہیں گے اس میں. نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی"۔

(۲)۔ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِیْھِمْ نَارًا۔ کُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُھُمْ بَدَّلْنٰھُمْ جُلُوْدًا غَیْرَھَا لِیَذُوْقُوا الْعَذَابَ۔ (النساء:۵۶)

"بے شک جنہوں نے انکار کیا ہماری آیتوں کا ہم ڈال دیں گے انہیں آگ میں جب کبھی پک جائیں گی ان کی کھالیں تو بدل کر دیں گے ہم انہیں کھالیں دوسری تاکہ وہ مسلسل چکھتے رہیں عذاب کو"۔

ان کے علاوہ دیگر آیات بھی ان کے دائمی عذاب پر دلالت کرتی ہیں۔[۳۲]

یہ قول بھی آپ کی طرف منسوب کیا گیا ہے کہ آپ فرماتے ہیں۔ ولی اللہ

Marfat.com

سے بعض حالات میں تکالیف شرعیہ ساقط ہو جاتی ہیں۔

امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ اس کے جواب میں شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کا قول ذکر کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر کسی ولی کو کشف کے ذریعہ معلوم ہو جائے کہ یہ برائی اس کے مقدر میں لکھی گئی ہے تو اس کیلئے جائز نہیں ہے کہ اس برائی کا ارتکاب کرے۔ اسی طرح اگر کسی ولی کو کشف کے ذریعہ معلوم ہو جائے کہ رمضان شریف میں فلاں دن وہ بیمار ہو گا تو اس کیلئے اس دن روزہ چھوڑنا جائز نہیں ہے بلکہ اس پر واجب ہے کہ صبر کرے حتیٰ کہ جب وہ بیماری میں مبتلا ہو جائے تو پھر اس کیلئے روزہ توڑنا جائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بیماری اور دوسرے اعذار کی وجہ سے روزہ توڑنے کی اجازت دی ہے۔ آخر میں شیخ ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہی ہمارا اور محققین صوفیاء کا مذہب ہے۔[۳۳]

عارف باللہ شیخ ابراہیم دسوقی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف بعض حاسدین و مخالفین نے یہ قول منسوب کیا ہے کہ آپ نے فرمایا. اللہ تعالیٰ نے مجھے "انا اللہ" کہنے کی اجازت دی ہے اور فرمایا. اے ابراہیم! انا اللہ (میں اللہ ہوں) کہو اور کچھ پرواہ نہ کرو۔ آپ کی طرف اس منسوب قول میں اللہ تعالیٰ کی شان میں جو بے ادبی و گستاخی ہے اس کی تفصیل بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔[۳۴]

حضرت رابعہ بصریہ رحمتہ اللہ علیہا کے بارے میں بھی یہ قول مشہور ہے کہ آپ نے کعبہ شریف کے بارے میں فرمایا۔ "یہ وہ بت ہے جس کی زمین میں عبادت کی جاتی ہے"۔ آپ کی طرف اس قول کی نسبت کرنا محض کذب و افتراء ہے حتیٰ کہ ابن تیمیہ نے خود اس بات کی نفی کی ہے جب ان سے اس قول کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے جواب دیا کہ حضرت رابعہ کے بارے میں جو یہ مشہور ہے کہ انہوں نے بیت اللہ شریف کے بارے میں کہا کہ یہ زمین میں پوجا جانے والا بت ہے۔ یہ سب جھوٹ اور افتراء ہے۔ کیونکہ وہ تو انتہائی پرہیزگار مومنہ تھیں۔ اس قول کا قائل کافر ہے اسے توبہ کرائی جائے۔ اگر توبہ نہ کرے تو اسے قتل کر دیا جائے۔ کیونکہ مسلمان بیت اللہ شریف کی عبادت نہیں کرتے بلکہ وہ تو بیت اللہ شریف کے رب کی عبادت

Marfat.com

کرتے ہیں۔ اور اسی کے حکم سے اس کا طواف اور نماز میں اس کی طرف منہ کرتے ہیں۔[۳۵]

اگر ہم تاریخ اسلام اور تصوف کے متعلق چھان بین کریں تو اسلام دشمن عناصر کے اضافہ شدہ مختلف امور سے آگاہی ہو سکتی ہے۔ لیکن ہماری یہ کتاب اس قدر گنجائش کی متحمل نہیں۔

خصوصاً تصوف کے لٹریچر میں ان اسلام دشمن عناصر نے زیادہ دلچسپی لی۔ کیونکہ یہ لوگ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے کہ تصوف روحِ اسلام ہے اور صوفیائے کرام اسلام کی حقیقی قوت اور تبلیغِ اسلام کیلئے مینارۂ نور ہیں اس لئے وہ اس نور کو گل کرنا چاہتے تھے۔ اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ. وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ۔ (الصف:۸)

"یہ (نادان) چاہتے ہیں کہ بجھا دیں اللہ کے نور کو اپنی پھونکوں سے لیکن اللہ اپنے نور کو کمال تک پہنچا کر رہے گا۔ خواہ سخت ناپسند کریں کافر"

اسلامی لٹریچر میں اسلام دشمن عناصر کی ریشہ دوانیوں کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ اس دور میں کتابوں کی نشرو اشاعت کا کوئی منظم طریقہ نہیں تھا۔ اور نہ ہی حکومت کی طرف سے کڑی نگرانی ہوتی تھی جیسا کہ آج کا یہ قانون موجود ہے کہ جو شخص مؤلف کی اجازت کے بغیر کسی کتاب کو شائع کرے گا یا اس کتاب میں کوئی اضافہ کرے گا تو اس کے خلاف قانونی کاروائی ہو سکتی ہے۔ اس کے برخلاف اس دور میں ہاتھ کے ساتھ کتاب لکھنے کا رواج تھا۔ اس لئے بعض خود غرض اور کذاب کتابوں میں عبارات کا اپنی طرف سے اضافہ کر کے انہیں علماء اور صوفیاء کرام کی طرف منسوب کر دیتے۔

لیکن اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے امت محمدیہ میں ایسے نابغۂ روزگار علماء پیدا کیے جنہوں نے اسلامی کتب کو ان چیزوں سے پاک کیا اور حق و باطل کے درمیان تمیز کی۔

Marfat.com

مصنف رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس مختصر سی کتاب کے ذریعہ اس پاکیزہ عمل میں حصہ ڈالا ہے۔ تاکہ اسلامی تصوف کی وہ چمک دمک واپس لوٹ آئے اور لوگ اس مادہ پرستی اور الحاد کے دور میں تصوف کے روحانی فیض سے نفع حاصل کریں۔

Marfat.com

صوفیائے کرام کے ارشادات کی تاویل

صوفیائے کرام کی کتب میں بعض اقوال ظاہری شریعت کے مخالف ہیں ان کی دو صورتیں ہیں۔

(۱)۔ یا تو یہ اقوال اسلام دشمن عناصر اور حاسدوں کے اضافہ شدہ ہیں جیسا کہ پہلے ہم بیان کر چکے ہیں۔

(۲)۔ یہ اقوال قابلِ تاویل ہیں ان اقوال میں اشارہ' کنایہ اور مجاز کو استعمال کیا گیا ہے۔ اور یہ اسلوب کلامِ عرب میں کثیر استعمال ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ قرآنِ کریم میں کئی مقامات پر اسی اسلوب کو اختیار کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ۔ (البقرہ: ۹۳)

"اور سیراب ہو چکے تھے ان کے دل بچھڑے (کے عشق) سے"

اس آیت کریمہ میں "العجل" سے مراد بچھڑے کی محبت ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاسْئَلِ الْقَرْیَةَ۔ (یوسف: ۸۲)

"قریہ سے سوال کرو"۔

Marfat.com

یہاں اہلِ قریہ سے سوال کرنا مراد ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ۔ (الانعام:۱۲۲)

"کیا وہ جو پہلے مردہ تھا پھر زندہ کیا ہم نے اسے"۔

یعنی اس کا دل مردہ تھا پس اللہ تعالیٰ نے اسے زندہ کر دیا۔ اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ۔ (ابراہیم:۱)

"تاکہ آپ نکالیں لوگوں کو (ہر قسم کی) تاریکیوں سے نور (ہدایت و عرفان) کی طرف"۔

یہاں کفر کی تاریکیوں سے ایمان کی روشنی کی طرف نکالنا مراد ہے۔ اس طرح بعض قرآنی آیات میں بظاہر تعارض نظر آتا ہے لیکن گہری نظر و فکر اور تحقیق کے بعد ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ان آیات کی تاویل ہو سکتی ہے۔ اس لئے ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ قرآنی آیات میں باہمی تعارض ہے۔ مثلاً ایک مقام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ۔ (قصص:۵۶)

"بے شک آپ نہیں دے سکتے ہدایت جس کو آپ پسند کریں"۔

دوسرے مقام پر ارشاد ہے:

وَاِنَّكَ تَهْدِيْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔ (شوریٰ:۵۲)

"اور بلاشبہ آپ راہنمائی فرماتے ہیں صراط مستقیم کی طرف"۔

علم تفسیر سے ناواقف شخص کو یہ گمان ہو سکتا ہے کہ ان دو آیات کے درمیان تعارض ہے۔ کیونکہ پہلی آیتِ کریمہ رسول اللہ ﷺ سے ہدایت کی نفی کر رہی ہے اور دوسری آپ کیلئے ہدایت ثابت کر رہی ہے۔ اگر وہ اہلِ علم سے پوچھتا ہے تو وہ اسے بتاتے ہیں کہ پہلی آیت میں ہدایت سے مراد ہدایت پیدا کرنا ہے اور دوسری آیت میں صراط مستقیم کی طرف راہنمائی کرنا ہے۔ اس طرح اہلِ علم کے نزدیک ان دونوں آیات میں کوئی تعارض نہیں۔

Marfat.com

اسی طرح بعض احادیثِ طیبہ کو ان کے ظاہر پر محمول کرنا صحیح نہیں بلکہ ان میں تاویل کرنا ضروری ہے جس کی وجہ سے وہ حدیث دوسرے احکام شرعیہ کے موافق ہو جائے۔ اسی سلسلہ میں امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اہلِ حق کا اس بات پر اجماع ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کے متعلقہ احادیث میں تاویل کرنا واجب ہے جیسا کہ اس حدیث پاک میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

ینزل ربنا تبارک وتعالی کل لیلہ الی سماء الدنیا حتی یبقی ثلث اللیل الاخر' فیقول: من یدعونی فاستجیب لہ؟ من یسئلنی فاعطیہ؟ من یستغفرنی فاغفر لہ؟ (بخاری مسلم)

"ہمارا رب ہر رات آسمانِ دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے حتیٰ کہ جب رات کا تیسرا پہر باقی رہ جاتا ہے تو وہ فرماتا ہے کوئی ہے مجھ سے دعا کرنے والا کہ میں اس کی دعا کو قبول کروں۔ کوئی ہے مجھ سے مانگنے والا کہ میں اسے عطا کروں۔ کوئی ہے مجھ سے مغفرت مانگنے والا کہ میں اسے بخش دوں"۔

ایک جاہل نے تو جہالت کی انتہاء کردی۔ اس نے یہ حدیث منبر پر بیان کی اور پھر ایک سیڑھی نیچے اتر کر لوگوں سے کہنے لگا. تمہارا رب اس طرح اپنی کرسی سے آسمانِ دنیا کی طرف اترتا ہے جسطرح میں اس منبر کی سیڑھی سے اترا ہوں۔ اور یہ صریح جہالت ہے۔[۳۶]

اس طرح اس حدیث "اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ" کی علماء نے تاویل کی ہے۔ علامہ ابن حجر ہیثمی اس حدیث پاک کی تاویل میں ارشاد فرماتے ہیں کہ "صورتہ" میں "ہ" ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹانا بھی جائز ہے۔ جسطرح حدیث کا ظاہر سیاق دلالت کرتا ہے۔ اس وقت صورت سے مراد صفت ہو گا۔ اور حدیث کا معنی یہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنے اوصاف پر پیدا کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کردہ حدیث بھی اس کی مؤید ہے۔ آپ رسول اللہ ﷺ کے بارے میں ارشاد فرماتی ہیں:

Marfat.com

کان خلقه القران۔ (مسلم)

"آپ ﷺ کے اخلاق عالیہ سراپا قرآن ہیں"

اسی طرح حدیث پاک ہے: تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ۔

"اللہ تعالیٰ کے اوصاف کے ساتھ متصف ہو جاؤ"

شیخ کامل کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے اخلاق و اوصاف کو ہر قسم کے نقص سے پاک کرے تاکہ وہ اپنے پروردگار کی صفات سے متصف ہو سکے وگرنہ اللہ تعالیٰ کے اوصافِ قدیم اور بندہ کے حادث اوصاف میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس حدیث پاک میں حضرت آدم علیہ السلام کی انتہائی مدح و ستائش کی گئی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی صفات کے ساتھ متصف کر دیا۔ آپ فرماتے ہیں۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جب ضمیر کو اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹایا جائے تو علمائے خلف کے نزدیک اس کی تاویل واجب ہے سوائے ایک گمراہ کن فرقہ کے کہ وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور ذات باری تعالیٰ کی طرف جہت اور جسم کی نسبت کر کے خطا کے مرتکب ہوئے جو اکثر علماء کے نزدیک صریح کفر ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و احسان سے ہمیں ان فتنوں سے محفوظ رکھے۔[۳۷]

علامہ مناوی رحمتہ اللہ علیہ "جامع الصغیر" میں حدیث قدسی: ان اللہ یقول یوم القیامہ یا ابن آدم مرضت فلم تعدنی قال یا رب کیف اعودک وانت رب العلمین. قال: اما علمت ان عبدی فلانا مرض فلم تعدہ اما علمت انک لو عدتہ لوجدتنی عندہ۔

"اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا اے ابن آدم! میں بیمار ہوا تو تو نے میری عیادت نہیں کی۔ بندہ عرض کرے گا۔ اے میرے پروردگار! میں تیری عیادت کیسے کر سکتا ہوں۔ تو تو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا۔ کیا تجھے معلوم نہیں تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہے تو نے اس کی عیادت نہیں کی۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ اگر تو اس کی عیادت کرتا تو مجھے اس کے پاس پاتا" کی شرح میں فرماتے ہیں: کسی عارف باللہ سے پوچھا کہ حق تعالیٰ نے اس حدیث قدسی میں اپنے

Marfat.com

ذات کی طرف بھوک پیاس اور بیماری کی نسبت کی ہے۔ کیا ان الفاظ کو اپنے ظاہر پر رکھنا بہتر ہے یا ان کی تاویل کرنی چاہیئے جس طرح کہ اسی حدیث میں تاویل موجود ہے کہ بندہ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی کہ میں تیری عیادت کیسے کر سکتا ہوں حالانکہ تو رب العالمین ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ عوام کیلئے اس کی تاویل کرنا واجب ہے تاکہ وہ ذات باری تعالیٰ کے بارے میں کوئی غلط عقیدہ نہ رکھیں لیکن عارفین کیلئے ضروری ہے کہ وہ اس کے ظاہر پر ایمان لائے اور یہ عقیدہ رکھے کہ اس کی حقیقت اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف ان چیزوں کی نسبت کرنا محال ہے۔ حقیقت باری تعالیٰ تمام حقائق سے مختلف ہے وہ کسی صورت میں بھی اپنی مخلوق کے ساتھ مجتمع نہیں ہو سکتی' اور نہ ہے صفت تشبیہ اسے لاحق ہو سکتی ہے کیونکہ یہ صفت اسے ہی لاحق ہوتی ہے جو کسی حال میں اپنی مخلوق کے ساتھ مجتمع ہو سکتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ سلف صالحین نے اس کو اپنے ظاہر پر باقی رکھا تاکہ کمال ایمان کی صفت سے محروم نہ ہوں کیونکہ ان کو اس کے ظاہر پر ایمان لانے کا مکلف بنایا گیا ہے نہ کہ اس کی تاویل پر ایمان لانا۔ کیونکہ ممکن ہے کہ تاویل حق تعالیٰ کی مراد کے مخالف ہو۔ پس ادب اسی میں ہے کہ ہم ہر اس چیز کو اس کی طرف منسوب کریں جو اس نے اپنی ذات کی طرف منسوب کی ہے۔[۳۸]

جب رسول اللہ ﷺ جن کو اللہ تعالیٰ نے فصاحت و بلاغت اور جوامع الکلم عطا فرمائے تھے کی کلام میں بعض اوقات تاویل کی ضرورت پڑتی ہے تو آپ ﷺ کے امتیوں کی کلام میں تاویل کی ضرورت بدرجہ اولیٰ ہو گی۔ کیونکہ وہ فصاحت و بلاغت کے اس مقام پر فائز نہیں تھے جس مقام پر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی مکرم ﷺ کو سرفراز فرمایا تھا۔

دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ ہر علم و فن کی خاص اصطلاحات ہوتی ہیں جن کو اہلِ فن اور اہلِ علم ہی جان سکتے ہیں۔ طب کی اصطلاحات انجینئر نہیں سمجھ سکتا۔ اسی طرح انجینئرنگ کی اصطلاحات کو سمجھنا ڈاکٹر کے بس کی بات نہیں۔

جو شخص کسی علم کی کتب اس کی اصطلاحات اور رموز و اشارات جاننے کے

Marfat.com

بغیر پڑھتا ہے وہ اپنی جہالت کی وجہ سے اس علم کی ایسی تاویلات کرتا ہے جو اصل مقصود کے مخالف ہوتی ہیں۔ اس طرح وہ حیران و پریشان ہو کر گمراہی کا شکار ہو جاتا ہے۔

صوفیائے کرام کی بھی بعض اصطلاحات ہیں جن کے ذریعہ وہ اپنے اوپر وارد ہونے والے انوار و تجلیات کو بیان کرتے ہیں کیونکہ لغت ان چیزوں کو بیان کرنے سے قاصر ہوتی ہے جو شخص صوفیائے کرام کی کلام کو سمجھنا چاہتا ہے۔ اس کیلئے ضروری ہیکہ وہ ان کی صحبت اختیار کرے حتیٰ کہ وہ ان کے اشارات اور اصطلاحات کو سمجھ سکے۔ تاکہ ان کی عبارات اس کیلئے واضح ہو سکیں اور اسے معلوم ہو جائے کہ ان کی کلام کتاب و سنت کے مخالف نہیں ہے۔ اور نہ ہی وہ خود شریعت سے ذرہ بھر انحراف کرتے ہیں بلکہ وہی تو اس کی روح کو سمجھنے والے اور اس کی حقیقت سے آشنا اور اس کے ورثہ کے محافظ ہیں۔

کسی عارف نے کیا خوب فرمایا ہے:

نحن قوم یحرم النظر فی کتبنا علی من لم یکن من اھل طریقنا۔

"ہم وہ لوگ ہیں جن کی کتب میں نظر و فکر کرنا اس شخص کیلئے حرام ہے جو ہمارے طریقہ سے تعلق نہ رکھتا ہو"۔

کیونکہ ان علوم و معارف کی تدوین کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان کو اس شخص تک پہنچایا جائے جو اس کو سمجھنے کا اہل ہے۔ اور جو شخص اس کا اہل نہیں ہے۔ وہ اس کے اسرار و رموز تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔ اس لئے وہ اس کے مخالف ہو جاتا ہے کیونکہ انسان جس چیز سے جاہل ہو اس کا دشمن ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے سید علی بن وفا رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان علوم و معارف اور اسرار کی تدوین عوام الناس کیلئے نہیں ہوتی، بلکہ یہ خواص کیلئے ہیں۔ اگر کوئی غیر اہل اس کا مطالعہ کر رہا ہو تو اس کو منع کر دینا چاہیئے۔

مصنف رحمتہ اللہ علیہ اس اجمال کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

صوفیائے کرام اپنی کتب کے مطالعہ سے ان لوگوں کو روکتے ہیں جو ان کی کلام کو سمجھنے سے قاصر اور ان کی اصطلاحات سے ناواقف ہوتے ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ اس علم کو چھپانا چاہتے ہیں بلکہ وہ اس خوف سے لوگوں کو منع کرتے ہیں کہ کہیں وہ اسے غیر مقصود چیز نہ سمجھ لیں یا اس کی ایسی تاویل کریں جو حقیقت سے بہت دور ہو۔ اور اس طرح اپنی کم عقلی کی وجہ سے صوفیائے کرام پر اعتراض کرنے لگیں۔ مومن کیلئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں سے ایسی گفتگو کرے جو ان کے عقل و شعور کے مناسب ہو۔ اور ان کے علم و فہم اور استعداد کے معیار کے مطابق ہو۔ اسی سلسلہ میں امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے صحیح بخاری میں ایک باب قائم کیا ہے جس کا نام یہ رکھا ہے۔ "علم کو بعض لوگوں کے ساتھ مخصوص کرنا اور بعض کے ساتھ مخصوص نہ کرنا اس خوف سے کہ وہ اسے نہ سمجھ سکیں گے"۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

حدثوا الناس بما یعرفون اتحبون ان یکذب اللہ ورسولہ۔ (صحیح بخاری)

"لوگوں کے ساتھ ایسی گفتگو کرو جو وہ جانتے ہیں۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی جائے"۔

علامہ عینی اس حدیث کی شرح کے تحت فرماتے ہیں کہ بعض لوگوں کو یہ خصوصی علم اس لئے عطا نہیں کیا جاتا کیونکہ ان کی عقل و فہم اس کو سمجھنے سے قاصر ہوتی ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کے ساتھ ان کی عقلوں کے مطابق گفتگو کی جائے۔

آدم ابن انس رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب میں عبداللہ بن داؤد اور وہ حضرت معروف رحمتہ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ اس چیز کو چھوڑ دو جس کا لوگ انکار کرتے ہیں۔ یعنی وہ کلام جو ان کی سمجھ سے بالا تر ہو وہ ترک کر دو۔ اس میں یہ دلیل ہے کہ متشابہات کو عوام کے سامنے ذکر نہیں کرنا چاہیئے۔ اور اسی کی مثل ایک اور امام مسلم نے صحیح مسلم کے مقدمہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا

Marfat.com

ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر تم لوگوں سے ایسی گفتگو کرو گے جو ان کی عقل و فہم سے بالا تر ہو یہ بعض کیلئے باعث فتنہ ہو سکتی ہے۔ کیونکہ جب کوئی شخص ایسی کلام سنتا ہے جو سمجھ نہیں سکتا اور نہ ہی اس کے ممکن ہونے کا تصور کر سکتا ہے تو وہ اپنی جہالت کی وجہ سے اسے محال گمان کرنے لگتا ہے اور اس کی تصدیق نہیں کرتا۔ جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف کی جائے تو ان کی تکذیب لازم آتی ہے۔[۳۹]

شیخ احمد زروق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہر علم میں بعض چیزیں خاص ہوتی ہیں اور بعض عام۔ اسی طرح تصوف میں بھی عموم و خصوص کا لحاظ رکھا جاتا ہے اس لئے کہ معاملات کے متعلق احکام الٰہی کو عمومی طور پر ہر ایک کیلئے واضح کر دینا چاہیئے۔ اس کے علاوہ باقی امور کو مخاطب کی استعداد کے مطابق بیان کرنا چاہیئے۔ کیونکہ حدیث پاک ہے: "لوگوں کے ساتھ ایسی گفتگو کرو جو وہ سمجھتے ہیں۔ کیا تم پسند کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی تکذیب کی جائے"۔[۴۰]

حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ سے عرض کی گئی کہ آپ سے دو آدمی ایک ہی مسئلہ کے متعلق سوال کرتے ہیں لیکن آپ ہر ایک کو مختلف جواب دیتے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا۔ سوال کا جواب سائل کی استعداد کے مطابق دیا جاتا ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہمیں یہ حکم ہے کہ ہم لوگوں سے ان کی عقلوں کے مطابق گفتگو کریں۔[۴۱]

یہی وجہ ہے کہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ نے فتوحات مکیہ کے باب نمبر ۵۴ میں فرمایا ہے کہ صوفیائے کرام نے کچھ رموز اور اشارات وضع کیے ہیں جن سے وہ بخوبی آگاہ ہیں۔ اور ان کا مقصد اجنبی شخص کو اپنے درمیان داخل ہونے سے روکنا ہے تاکہ وہ ان احوال سے آگاہ نہ ہو جائے جن میں وہ مگن ہے۔ یہ ان کی شفقت اور مہربانی ہے کیونکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ نووارد کوئی ایسا لفظ سن لے جس کی حقیقت تک اس کی رسائی نہ ہو۔ وہ صوفیائے کرام پر اعتراض کرنے لگے۔ اس طرح اسے ان کے فیض سے محروم کر دیا جائے اور پھر اسی حالت میں وہ دنیا سے

Marfat.com

رخصت ہو جائے۔

اہل طریقت میں ایک انتہائی عجیب چیز پائی جاتی ہے اور ان کے علاوہ یہ چیز کسی اور گروہ میں نہیں پائی جاتی۔ اور وہ یہ کہ منطق. نحو. انجینئرنگ. حساب. علمِ کلام اور فلسفہ اور دوسرے علوم کی خاص اصطلاحیں ہوتی ہیں جن کو نووارد شخص صرف اسی وقت جان سکتا ہے جب ان علوم کے ماہرین ان اصطلاحات سے آگاہ کریں لیکن اہل طریقت کا انداز نرالا ہے کہ جب کوئی طالب صادق ان کے سلسلہ میں داخل ہوتا ہے تو اسے ان کے اشارات اور اصطلاحات کی خبر نہیں ہوتی۔ لیکن جونہی وہ ان کی صحبت میں بیٹھتا ہے اور ان اشارات اور رموز کو سنتا ہے جن کو وہ اپنی کلام میں استعمال کرتے ہیں وہ اس صحبت کی برکت سے ان تمام امور کو سمجھنے لگتا ہے۔ حتیٰ کہ ایسا لگتا ہے کہ یہ اصطلاحات اسی نے وضع کی ہیں۔ اس طرح وہ ان علوم و معارف کے حصول میں ان کے ساتھ شریک ہو جاتا ہے اور اسے یہ بات عجیب نہیں لگتی بلکہ اسے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ علم بالکل بدیہی ہے گویا کہ وہ پہلے ہی اسے جانتا تھا. اسے معلوم ہی نہیں کہ اسے یہ علم کیسے حاصل ہو گیا اور یہ طالبِ صادق کی شان ہے۔ لیکن اس کے مقابلہ میں جھوٹا دعویدار ان کی کلام کو نہیں سمجھ سکتا اور نہ ہی اسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کیا پڑھ رہا ہے۔ علمائے ظاہر ہمیشہ سے ہی اہل تصوف کی کلام کو سمجھنے سے گریز کرتے ہیں۔ عظیم محدث احمد بن سریج ایک دن حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ کی مجلس میں حاضر ہوئے۔ کسی نے ان سے پوچھا کیا آپ نے ان کی کلام کو سمجھا ہے تو انہوں نے جواب دیا۔ یہ تو مجھے معلوم نہیں کہ وہ کیا فرما رہے تھے۔ لیکن ان کی کلام دل میں اترتی جا رہی تھی۔ اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ باطنی طور پر باعمل اور مخلص ہیں اور ان کی کلام لغو اور بے اثر نہیں۔

پھر دوسری بات یہ ہے کہ یہ لوگ اشارات کے ساتھ اسی وقت گفتگو کرتے ہیں کہ جب ان میں کوئی نووارد داخل ہو یا ان اشارات کو اپنی تالیفات میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کے بعد آپ فرماتے ہیں کہ یہ بات مخفی نہیں ہے۔ کہ مخالفین کے انکار کی اصل وجہ حسد ہے۔ اگر یہ لوگ حسد کو ترک کر دیتے اور اہل اللہ کا طریقہ

Marfat.com

اپناتے تو صوفیائے کرام پر اعتراض نہ کرتے بلکہ ان کے علوم سے مستفید ہوتے لیکن خدا کو یہی منظور تھا۔ ولاحول ولا قوہ الا باللہ العلی العظیم۔[۳۲]

صاحب درمختار سے جب شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "فصوص الحکم" کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اس کے مطالعہ میں احتیاط ضروری ہے۔ علامہ ابن عابدین اس قول کے تحت لکھتے ہیں کہ احتیاط اس لئے ضروری ہے کیونکہ اگر تو یہ ثابت ہو جائے کہ اس میں بعض کلمات مخالفین کے اضافہ شدہ ہیں تو یہ بات ظاہر ہے ورنہ اس کلام کو سمجھنا ہر آدمی کے بس کی بات نہیں۔ اس لئے خدشہ ہے کہ وہ شیخ پر اعتراض نہ کرنے لگے یا اصل مفہوم کے برخلاف سمجھ لے۔ امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے اس سلسلہ میں ایک رسالہ تالیف فرمایا ہے جس کا نام "تنبیہ الغبی بتبرئہ ابن عربی" ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں لوگ دو گروہوں میں منقسم ہیں۔ ایک گروہ حق پر ہے جو ان کی ولایت کا اعتراف کرتا ہے جب کہ دوسرا اس کے برخلاف ہے۔ پھر آپ فرماتے ہیں کہ میرا اس بارے میں قول فیصل یہ ہے کہ آپ کی ولایت کا اعتقاد رکھا جائے۔ اور یہ اعتقاد رکھا جائے کہ آپ کی کتب کا مطالعہ عوام الناس کیلئے حرام ہے اور آپ سے یہ منقول بھی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہم لوگوں کی کتابوں میں نظرو فکر حرام ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ صوفیائے کرام اپنی کلام میں بعض اصطلاحات اور اشارات استعمال کرتے ہیں۔ اور ان سے وہ معنی مراد نہیں لیتے جو فقہاء کے درمیان معروف ہوتا ہے بلکہ اس سے وہ معنی مراد لیتے ہیں جو صوفیائے کرام کے نزدیک متعارف ہوتا ہے۔ جو شخص ان کے کلمات کو عام معنی پر محمول کرتا ہے وہ ان پر کفر کا فتوی لگا لیتا ہے۔ امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ نے بھی اس بات کی صراحت فرمائی ہے کہ صوفیائے کرام کے یہ کلمات قرآن و سنت میں استعمال ہونے والے متشابہات کی مثل ہیں یعنی قرآن و سنت میں ذات باری تعالیٰ کیلئے چہرہ، ہاتھ اور آنکھ وغیرہ کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جن کی تاویل کرنا واجب ہے۔ اسی طرح صوفیائے کرام کے ان کلمات کی تاویل کرنا بھی واجب ہے۔ پھر علامہ ابن

Marfat.com

عابدین فرماتے ہیں. جب اصل کتاب شیخ ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ سے ثابت ہے تو اس کتاب کا ہر کلمہ ان کی طرف منسوب ہو گا مگر یہ احتمال باقی ہے کہ کسی ملحد اور بے دین مخالف نے اپنی طرف سے کچھ کلمات کا اضافہ کر دیا ہو۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ آپ نے ان کلمات سے عام معنی مراد لیا ہو لیکن اس تک رسائی ممکن نہیں۔ کیونکہ ان کا تعلق امور قلبیہ سے ہے جن پر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوسرا مطلع نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اس چیز کا دعوی کرنا کفر کے مترادف ہے۔ کسی عالم نے کسی صوفی سے سوال کیا. کیا بات ہے کہ تم اپنی کلام میں ایسے الفاظ استعمال کرتے ہو جن کا ظاہری مفہوم صحیح نہیں ہوتا۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہم غیرت کی وجہ سے یہ کلمات استعمال کرتے ہیں تاکہ کوئی شخص اس میں داخل نہ ہو جائے۔[۴۳]

علامہ ابن حجر ہیثمی رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ شیخ ابن عربی اور ابن فارض رحمتہ اللہ علیہ کی کتب کے مطالعہ کا کیا حکم ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ان کتب کا مطالعہ صرف جائز ہی نہیں بلکہ مستحب ہے کیونکہ ان میں بہت سے ایسے فوائد ہیں جو دیگر کتب سے نہیں ملتے۔ ان میں ایسے عجیب و غریب اسرار بیان کیے گئے ہیں جن کا فیض مسلسل جاری و ساری رہتا ہے۔ اور بہت سے دقیق مسائل کی شرح ان کتابوں میں ملتی ہے۔ ان میں کثیر ایسے اسرار و رموز ہیں جن کو عارفین ہی سمجھ سکتے ہیں۔ اور ان کی حقیقت تک رسائی وہ علمائے ربانیین ہی کر سکتے ہیں جو احکام شریعت پر کامل دسترس رکھتے ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ ان کے مؤلفین کی فضیلت کے معترف ہیں۔ اس کے بعد آپ فرماتے ہیں کہ بعض جہلاء نے ان کتب کا مطالعہ کیا اور ان کے مطالعہ میں مستغرق ہو گئے. حالانکہ اس میں انتہائی دقیقی معانی اور رموز اشارات بیان کیے گئے تھے۔ جن کو سمجھنے سے وہ قاصر ہو گئے۔ چونکہ ان امور کو سمجھنے کیلئے علوم ظاہرہ میں دسترس کے ساتھ ساتھ اخلاق عالیہ کے ساتھ متصف ہونا بھی ضروری ہے۔ اس لیئے یہ کلام ان کے عقل و فہم سے بالا تر تھی۔ اس لئے ان کے قدم جادہ حق سے ڈگمگا گئے۔ اور انہوں نے اصل معنی و مقصود کی بجائے غلط معنی سمجھ لیا۔ اور اسی کو انہوں نے صحیح گمان کر لیا۔ اور قیامت کے دن خسارہ کے مستحق ہو گئے۔ کیونکہ وہ

Marfat.com

عقیدہ اہل حق سے منحرف ہو گئے۔ اور اپنی کم عقلی کی وجہ سے حلول و اتحاد کے غلط عقیدہ میں مبتلا ہو گئے حتیٰ کہ میں نے بعض مفاسد قبیحہ اور کفرات صریحہ ان لوگوں سے سنے ہیں جنہوں نے ان کتب کا مطالعہ تو کیا لیکن ان کے اسلوب و طریقہ سے ناواقف تھے۔ یہی وجہ تھی کہ بعض علمائے کرام نے ان کتابوں پر اعتراض کیا ہے لیکن ہماری نظر میں وہ معذور ہیں کیونکہ ان کا مقصد ان جہلاء کو ان کتب سے دور رکھنا تھا۔ جو ان کیلئے زہر قاتل تھیں نہ کہ ان کے مؤلفین کی ذات و احوال پر اعتراض کرنا۔[۴۴]

علامہ شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: المختصر یہ کہ علم کلام اور عارفین کی کتب کا مطالعہ صرف علمائے ربانیین اور ان لوگوں کیلئے جائز ہے جو راہ سلوک پر گامزن ہیں۔ ان کے علاوہ کسی کیلئے ان کتب کا مطالعہ جائز نہیں ہے. کیونکہ خدشہ ہے کہ وہ کہیں ایسے شبہ میں گرفتار نہ ہو جائیں جس سے چھٹکارا حاصل کرنا ان کیلئے مشکل ہو جائے۔ لیکن نفس انسانی ہمیشہ لغو اور ایسی فضول باتوں میں مشغول رہتا ہے جو اس کیلئے فائدہ مند نہیں ہوتیں۔[۴۵]

شیخ عبدالکریم جبلی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب انسان کامل میں فرماتے ہیں کہ میں اس کتاب کا مطالعہ کرنے والے سے التماس کرتا ہوں کہ اگر اس میں کتاب و سنت کے خلاف کوئی چیز نظر آئے تو اسے جان لینا چاہیئے کہ یہ اس کے مفہوم کے اعتبار سے ہے نہ کہ اس اعتبار سے کہ وہ میری مراد ہے جس کے لئے میں نے یہ کتاب تصنیف کی ہے اسے چاہیئے کہ وہ اس پر عمل کرنے سے رک جائے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسے اس کی معرفت عطا فرمائے اور کتاب و سنت سے اس کی کوئی دلیل مل جائے۔ کیونکہ میں نے جو کچھ بھی اس کتاب میں ذکر کیا ہے کتاب و سنت اس کی مؤید ہے۔ پھر آپ فرماتے ہیں کہ ہر وہ علم جس کی تائید کتاب و سنت سے نہ ہو وہ سراسر ضلالت و گمراہی ہے لیکن عام قاری اپنے گمان کے مطابق کسی چیز کے خلاف کتاب و سنت ہونے کا فیصلہ نہیں کر سکتا۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ وہ در حقیقت کتاب و سنت کے مخالف نہ ہو لیکن وہ اپنی کم علمی کی وجہ سے اس حقیقت تک نہ پہنچ سکا ہو۔ اس لئے اسے تسلیم کر لینا ہی بہتر ہے۔[۴۶]

Marfat.com

علمائے کرام اور صوفیائے کرام کے ان اقوال و فرمودات سے درج ذیل امور ثابت ہوتے ہیں۔

(۱)۔ جو شخص راہ طریقت پر گامزن نہیں ہے اس کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ اہل طریقت کی کتب کا مطالعہ کرے۔ کیونکہ خدشہ ہے کہ وہ اس حقیقت تک نہ پہنچ سکے جس کا ارادہ ان کتب کے مؤلفین نے کیا ہے۔ کیونکہ یہ شخص اہل طریقت کی اصطلاحات اور اشارات سمجھنے سے قاصر ہے۔ لیکن اجمالی طور پر صوفیائے کرام کی کتب تین حصوں میں منقسم ہیں۔

(i)۔ یہ کتب عبادات کو ان کے ظاہری اور باطنی آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے احسن طریقہ سے ادا کرنے کے متعلق بحث کرتی ہیں۔

(ii)۔ یہ کتب مجاہدۂ نفس، تزکیۂ دل اور اس کے احوال یعنی ناقص صفات، شک، وسوسہ، ریا، حسد، شہرت اور حب مرتبہ سے دل کو صاف کرنے اور اس کو صفات کاملہ، توبہ، رضا، توکل، تسلیم و رضا، محبت، اخلاص، صدق اور خشوع وغیرہ سے آراستہ کرنے کے متعلق بحث کرتی ہیں۔

یہ دونوں اقسام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کی "احیاء العلوم" اور شیخ ابو طالب مکی رحمتہ اللہ علیہ کی "قوت القلوب" اور اس قسم کی دیگر کتب میں مذکور ہیں اور ان علوم کو علوم معاملات کہتے ہیں۔

(iii)۔ یہ کتب معارف ربانیہ، علوم لدنیہ اور ذوق و وجدان اور حقائق کشفیہ کے متعلق بحث کرتی ہیں۔ شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ کی اکثر کتب اسی قسم سے تعلق رکھتی ہیں جیساکہ فتوحات مکیہ اور فصوص الحکم ہیں۔ اس طرح شیخ عبدالکریم جیلی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "انسان کامل" بھی اسی میں شامل ہے۔ اور اس قسم کی کتابوں کے مطالعہ سے ان لوگوں کو منع کیا گیا ہے جو اہل طریقت میں سے نہیں ہیں۔ اور ان علوم کو علوم مکاشفہ کہتے ہیں۔

(۲)۔ مصنف رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تصوف، مطالعہ کتب اور اس کی اصطلاحات جاننے سے حاصل نہیں ہوتا، بلکہ اس کیلئے کسی شیخ کامل کی صحبت ضروری

Marfat.com

ہے۔ شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے مرشد علی خواص رحمتہ اللہ علیہ سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ یہ گمان نہ کرنا کہ تم صوفیاء کرام کی کتب کے مطالعہ اور ان کی اصطلاحات جان لینے سے صوفی بن جاؤ گے' بلکہ صوفی بننے کیلئے ان کے اخلاق عالیہ سے متصف ہونا ضروری ہے۔ اور اسی طرح کتاب و سنت کے جن اخلاق و آداب سے آراستہ ہوئے ان کو جاننا بھی ضروری ہے۔"

(۳)۔ صوفیائے کرام نے ان رموز و اشارات کو اس لئے وضع کیا تاکہ اس علم کو وہی حاصل کر سکے جو راہ سلوک کو اپنانا چاہتا ہے جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ تصوف' مطالعہ کتب سے حاصل نہیں ہوتا' بلکہ اس کیلئے اہل ذوق کی صحبت ضروری ہے۔

(۴)۔ وہ عبارات جن میں عقائد حقہ کے برخلاف باطل عقائد کا ذکر ہے وہ یقیناً مخالفین کی اضافہ شدہ ہیں۔ کیونکہ آپ پہلے پڑھ چکے ہیں کہ صوفیائے کرام کتاب و سنت پر سختی سے کاربند ہوتے ہیں۔

(۵)۔ وہ عبارات جو ان سے بالیقین ثابت ہیں اور ان کی تاویل ممکن ہے اور ان کو صحیح عقیدہ اہلسنّت پر محمول کرنا ممکن ہے تو اس کی تاویل کرنا واجب ہے' کیونکہ یہی ان کا عقیدہ ہے جس کی تصریح انہوں نے اپنی کتاب کے مقدمات میں کی ہے۔ اس سلسلہ میں آپ رسالہ قشیریہ' فتوحات مکیہ' التعرف اور احیاء العلوم وغیرہ کے مقدمات کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

(۶)۔ اس کے علاوہ ان کی طرف منسوب شدہ وہ عبارات جنکی تاویل ممکن نہیں ہے اگر تو یہ ثابت ہو جائے کہ یہ واقعی ان کی عبارات ہیں۔ ان عبارات کا انہیں ذمہ دار ٹھہرا دیا جائے گا۔ لیکن ہم انہیں تسلیم نہیں کریں گے بلکہ ایسا عقیدہ رکھنے والے کی تکفیر کریں گے' لیکن کسی معین شخص کو کافر نہیں کہیں گے کیونکہ ہمیں معلوم نہیں کہ اس کا خاتمہ کیسے ہو گا؟ ہم صرف عقیدہ اہلسنّت کے ذمہ دار ہیں اس کے علاوہ کسی دوسرے شخص کے عقیدہ کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

اب ہم آپ کے سامنے کچھ ایسی عبارات پیش کرتے ہیں جن پر بعض جہلاء

Marfat.com

نے اعتراض کیا ہے اور اس کی وجہ سے صوفیائے کرام کے شریعت سے خارج ہونے کا الزام لگایا ہے۔ لیکن جب آپ کو ان عبارات کے صحیح مفہوم سے آگاہی ہو جائے گی تو آپ پر یہ بات واضح ہو جائے گی کہ معترضین کے اعتراضات یا تو جہالت کی بنا پر ہیں یا حسد کی وجہ سے۔

(۱)۔ امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعض صوفیاء سے یہ قول نقل کیا گیا ہے:

دخلنا حضرہ اللہ' وخرجنا عن حضرہ اللہ۔

"ہم بارگاہ الٰہی میں داخل ہوئے اور اس کی بارگاہ سے نکلے"

یہاں "حضرہ" (بارگاہ) سے مراد کوئی معین جگہ نہیں ہے۔ کیونکہ ذات باری تعالیٰ زماں و مکاں کی حدود سے بالاتر ہے' بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب تک کسی عارف کو مشاہدہ حق حاصل رہتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہے اور جب وہ مشاہدہ حق سے محجوب ہو جائے تو کہتے ہیں کہ وہ بارگاہ الٰہی سے خارج ہو گیا۔

(۲)۔ شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن اپنے بعض دوستوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا تو میں نے یہ شعر پڑھا:

Marfat.com

یا من یرانی ولا اراہ　　کم ذا اراہ ولا یرانی

"اے وہ ذات جو مجھے دیکھتی ہے اور میں اسے نہیں دیکھ سکتا۔ اور کئی دفعہ میں اسے دیکھتا ہوں اور وہ مجھے نہیں دیکھتا"۔

میرے ایک دوست نے یہ سن کر کہا: یہ تم کیا کہہ رہے ہو کہ وہ تمہیں نہیں دیکھتا حالانکہ تم جانتے ہو کہ وہ تمہیں ہر حال میں دیکھ رہا ہوتا ہے۔

میں نے اس کے جواب میں فی البدیہ شعر پڑھا۔[۸]

یا من یرانی مذنبا　　ولا اراہ اخذا

کم ذا اراہ منعما　　ولا یرانی لائذا

(۱) "اے وہ ذات جو مجھے گناہ کرتے ہوئے دیکھتی ہے اور میں اسے گرفت کرتے ہوئے نہیں دیکھتا"۔

(۲) "میں اسے انعام و اکرام کرتے ہوئے دیکھتا ہوں اور وہ مجھے پناہ طلب کرتے ہوئے نہیں دیکھتی"۔

(۳)--- امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف یہ قول منسوب ہے کہ آپ نے فرمایا:

"لیس فی الامکان ابدًا مما کان"۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ تخلیق کیا ہے اس سے عمدہ ممکن نہیں۔ شاید آپ کی مراد یہ ہے کہ یہ تمام ممکنات جن کو اللہ تعالیٰ نے کسی بھی صورت میں پیدا کیا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے علم قدیم میں موجود تھیں اور اس کا علم قدیم زیادتی اور اضافے کو قبول نہیں کرتا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اعطی کل شی خلقہ ثم ھدی۔ (طہ:۵۰)

"جس نے عطا کی ہر چیز کو (موزوں) صورت پھر (مقصد تخلیق کی طرف) ہر چیز کی راہنمائی کی"

Marfat.com

شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ نے بھی اس قول کی تاویل میں یہی مفہوم بیان کیا ہے آپ فرماتے ہیں کہ حجتہ الاسلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کی کلام انتہائی محققانہ ہے۔ کیونکہ مراتب صرف دو ہی ہیں ایک قدم' دوسرا حدوث۔ حق سبحانہ و تعالیٰ قدم کے مرتبہ پر فائز ہے اور اس کے علاوہ باقی تمام حدوث کے مرتبہ پر۔ اگر اللہ تعالیٰ اتنی مخلوق پیدا کر دیتا جو عقلاً حد و حساب سے ماوراء ہوتی تو تب بھی یہ مخلوق مرتبۂ حدوث سے مرتبۂ قدم تک ترقی نہ کر سکتی۔

(۴)--- ابو یزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف یہ قول منسوب ہے کہ آپ نے فرمایا:

خضنا بحرا وقفت الانبیاء بساحلہ۔

"ہم اس بحر میں غوطہ زن ہوئے کہ انبیاء علیہم السلام جس کے ساحل پر کھڑے ہیں"۔

شیخ ابو المواہب شاذلی رحمتہ اللہ علیہ اس قول کی تاویل میں فرماتے ہیں: عارفین اولاً بحر توحید میں دلیل کے ساتھ غوطہ زن ہوتے ہیں اور اس کے بعد مرتبہ شہود پر فائز ہوتے ہیں اور انبیاء علیہم السلام پہلے ہلہ میں ہی مرتبہ شہود کے ساحل پر پہنچ جاتے ہیں۔ پھر ایسے ایسے مقامات کو طے کرتے ہیں جن کو احاطۂ تحریر میں لانا ممکن نہیں ہے۔ گویا کہ عارفین کی جس مقام پر انتہا ہوتی ہے وہاں انبیاء علیہم السلام کی ابتداء ہوتی ہے۔

(۵)--- شیخ ابو الحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا:

یصل الولی الی رتبہ یزول عنہ فیہا کلفہ التکلیف

"آپ فرماتے ہیں کہ ولی دوران سلوک اس مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے کہ اس سے عبادات کی مشقت زائل ہو جاتی ہے"۔

ابو المواہب شاذلی رحمتہ اللہ علیہ اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ ولی

Marfat.com

ابتدائے سلوک میں مشقت اور تھکاوٹ محسوس کرتا ہے لیکن جب وہ معرفت کے انتہائی مقام پر پہنچ جاتا ہے تو وہ عبادت میں راحت و سکون محسوس کرتا ہے جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ارحنا بھا یا بلال۔

"اے بلال! ہمیں نماز سے راحت پہنچاؤ"۔

اور یہی سالک کا مطلوب و مقصود ہوتا ہے۔

(٦)--- صوفیائے کرام اکثر اوقات مدد کا کلمہ بھی استعمال کرتے ہیں وہ کہتے ہیں۔ "المدد یا رسول اللہ ﷺ. المدد یا شیخ کامل" اس کلمہ کی بھی صحیح شرعی تاویل ممکن ہے۔

معترضین کہتے ہیں کہ اس کلمہ کا استعمال جائز نہیں ہے۔ کیونکہ اس میں غیراللہ سے سوال اور مدد طلب کرنا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے سوال کرنا اور مدد طلب کرنا جائز نہیں۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اذا سالت فاسئل اللہ. واذا استعنت فاستعن باللہ۔

"جب تو سوال کرے تو اللہ تعالیٰ سے سوال کر. اور جب تو مدد طلب کرے تو اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کر"۔

اس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب مقدس میں بیان کیا ہے کہ اسی کی ذات امداد کا مصدر و منبع ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

کلا نمد ھولاء وھولاء من عطاء ربک۔

"ہم ہر ایک کی امداد کرتے ہیں ان کی بھی (جو طالب دنیا ہیں) اور ان کی بھی (جو طالب آخرت ہیں) آپ کے رب کی بخششوں سے"۔

یہ معترضین تو انتہائی جاہل ہیں جن کو یہ معلوم نہیں کہ صوفیائے کرام ہی خالص موحد ہیں۔ وہ اپنے مرید کا ہاتھ پکڑ کر اسے ایمان و یقین کی حلاوت سے آشنا کرتے ہیں اور ان کو شرک اور اس کی جملہ آلائشوں سے دور کر دیتے ہیں۔

المدد کے کلمہ کی وضاحت سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیئے کہ مومن

Marfat.com

کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے تمام احوال میں دو چیزوں پر نظر رکھے۔

(i)۔ اس کی نظر اللہ تعالیٰ کی توحید پر ہو کہ وہی مسب الاسباب اور اس کائنات میں کسی چیز کی تخلیق اور اس کی امداد کرنے میں فاعل حقیقی ہے۔ بندہ کیلئے جائز نہیں کہ وہ اس کی مخلوق میں سے کسی کو اس کا شریک ٹھہرائے۔ خواہ اس کا مقام و مرتبہ کتنا ہی بلند ہو۔ نبی ہو یا ولی۔

(ii)۔ اس کی نظر ان اسباب پر بھی ہونی چاہیئے جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے ہر شے کیلئے سبب بنا دیا ہے۔

مومن مختلف اسباب کو بروئے کار لاتا ہے لیکن ان پر کلی طور پر اعتماد نہیں کرتا اور نہ ہی مستقل طور پر ان کی تاثیر کا عقیدہ رکھتا ہے۔ کیونکہ بندہ اگر یہ عقیدہ رکھے کہ یہ اسباب بذات خود موثر ہیں تو اس کیلئے عقیدہ شرک کے مترادف ہے کیونکہ اس نے ایک الٰہ کو چھوڑ کر کئی کو اپنا معبود بنا لیا ہے۔ اور اگر مومن صرف مسبب پر نظر رکھے اور اسباب سے قطع نظر کر لے۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی اس سنت کی مخالفت ہے جس نے ہر چیز کیلئے سبب مقرر کیا ہے۔ مومن کا کمال اسی میں ہے کہ وہ بیک وقت ان دونوں چیزوں پر نظر رکھے۔ یعنی مسبب سے بھی غافل نہ ہو اور نہ ہی سبب سے بے نیاز۔ اس مفہوم کو بیان کرنے کیلئے ہم چند مثالیں بیان کرتے ہیں۔

اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی ہر بشر کا خالق ہے لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کا ایک ظاہری سبب بنا دیا ہے اور وہ زوجین کا باہمی ملاپ اور پھر رحم مادر میں جنین کی افزائش' پھر ایک خاص مدت کے بعد اس کی پیدائش ہوتی ہے۔

زندگی کی طرح موت بھی اس کے قبضہ قدرت میں ہے۔ لیکن اس نے موت کیلئے بھی ایک ظاہری سبب بنا دیا ہے اور وہ ملک الموت ہے' جب ہم مسبب کی طرف دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں:

اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ ۔ (الزمر: ۴۲)

"اللہ تعالیٰ قبض کرتا ہے جانوں کو"۔

Marfat.com

اور اگر ہم کہیں کہ ملک الموت نے فلاں کی روح قبض کی ہے تو ہم نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنایا. بلکہ ہم نے سبب کو مد نظر رکھا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے خود ارشاد فرمایا ہے:

قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ۔ (السجدہ:۱۱)

"فرمائیے جان قبض کرے گا تمہاری موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کر دیا گیا ہے"۔

اسی طرح حقیقی رازق تو اللہ تعالیٰ کی ذات ہے لیکن اس نے حصول رزق کے بہت سے اسباب پیدا کر دیئے ہیں جیسے تجارت. زراعت. صنعت کاری وغیرہ۔ اگر ہم مسبب حقیقی کو مد نظر رکھیں تو ہمیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے مفہوم کی سمجھ آتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ۔ (الذاریات:۵۸)

"بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی (سب کو) روزی دینے والا اور زور والا ہے"

اگر ہم اسباب کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ کہیں کہ فلاں آدمی اپنا کمایا ہوا رزق کھاتا ہے تو اس کی وجہ سے ہم مشرک نہیں بن جائیں گے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

ما اکل احد طعاما قط خیرا من ان یاکل من عمل یدہ۔

"کسی نے اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر کھانا نہیں کھایا"۔ (بخاری)

رسول اللہ ﷺ نے مسبب اور سبب کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا:

وانما انا قاسم واللہ یعطی۔ (بخاری)

"میں تو صرف تقسیم کرنے والا ہوں. عطا کرنے والا اللہ ہے"۔

اسی طرح منعم حقیقی تو اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور اسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کیلئے ارشاد فرمایا:

وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ۔ (النحل:۵۳)

"وہ اور تمہارے پاس جتنی نعمتیں ہیں وہ تو اللہ کی دی ہوئی ہیں"

Marfat.com

اور مسبب اور سبب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

وَاِذْ تَقُولُ لِلَّذِیْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ۔

(احزاب:۳۸)

"اور یاد کیجئے جب آپ نے فرمایا اس شخص کو جس پر اللہ نے بھی احسان فرمایا اور آپ نے بھی احسان فرمایا"۔

معاذ اللہ۔ اس کا یہ مفہوم نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطا میں شریک ہیں۔ بلکہ آپ ﷺ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ پر انعام کے سبب ہیں۔ کیونکہ وہ آپ کے دست اقدس پر ہی ایمان لائے۔ آپ کی وجہ سے انہیں آزادی کی دولت نصیب ہوئی۔

بعینہٖ کسی دوسرے سے مدد طلب کرنے کا معاملہ ہے۔ جب ہم مسبب حقیقی کی طرف دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں:

اذا استعنت فاستعن باللہ۔

"جب کبھی تو مدد طلب کرے تو اللہ تعالیٰ سے ہی مدد طلب کر"

اور جب ہم سبب کی طرف دیکھیں تو کہتے ہیں:

تعاونوا علی البر واتقوی۔ (المائدہ:۲)

"اور ایک دوسرے کی مدد کرو نیکی اور تقوی کے کاموں میں"۔

اسی ضمن میں حدیث نبوی ﷺ ہے:

واللہ فی عون العبد ما کان العبد فی عون اخیہ۔

"اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کی مدد کرتا رہتا ہے جب تک وہ اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے"۔

جب کوئی مومن اپنے بھائی کو کہے کہ یہ سامان اٹھانے میں میری مدد کرنا تو وہ اپنے اس قول کی وجہ سے مشرک نہیں بن جائے گا۔ اور نہ ہی اس کا شمار غیر اللہ سے مدد طلب کرنے والوں میں ہو گا۔ کیونکہ مومن کی دونوں آنکھیں روشن ہوتی ہیں۔ اس لیے اس کی نگاہ مسبب پر بھی ہوتی ہے اور سبب پر بھی۔ اور جو اس پر شرک کی

Marfat.com

ہوتا ہے۔ کیونکہ شیخ مرید کی ہدایت کا سبب ہے تو اگر مرید اپنے شیخ سے مدد طلب کرتا ہے تو اس کی وجہ سے وہ مشرک نہیں ہو جائے گا۔ کیونکہ وہ یہاں سبب کو ملحوظ خاطر رکھتا ہے اور اس کا یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ حقیقی طور پر ہدایت دینے والا اور امداد کرنے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ شیخ تو صرف ایک سبب ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کی راہنمائی کیلئے مقرر کر دیا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ وہ بحر ذخار ہیں جس سے یہ اولیائے کرام فیض حاصل کرتے ہیں۔

جب ہم نے شیخ اور مرید کے درمیان روحانی تعلق کو تسلیم کر لیا تو اس تعلق پر مرتب ہونے والی مدد کو بھی تسلیم کرنا پڑے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے دینی و دنیاوی امور میں بعض کو بعض کیلئے سبب بنا دیا ہے۔

ایک سلیم الفطرت شخص کیلئے اتنی مثالیں کافی ہیں۔ اور جب بھی صوفیائے کرام کی کلام میں کوئی ایسی چیز دیکھے گا جو ظاہراً شرع کے خلاف ہو وہ ان کے ساتھ حسن ظن رکھتے ہوئے اس میں تاویل کرے گا۔ کیونکہ اب اس پر بخوبی واضح ہو چکا ہے کہ تاویل اللہ تعالیٰ' اس کے رسول ﷺ کی کلام' فقہاء و محدثین اور اصولیین کی کلام میں جائز ہے۔ اسی وجہ سے امام نووی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا. کہ ہر صاحب عقل و شعور کیلئے کسی بھی ولی کے متعلق سوء ظن رکھنا حرام ہے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ جب تک ان کے مرتبہ تک نہیں پہنچتا' ان کے اقوال و افعال میں تاویل کرے۔ اور اس تاویل سے وہی شخص پس و پیش کرتا ہے جو توفیق الٰہی سے محروم ہو۔

Marfat.com

وحدۃ الوجود، حلول اور اتحاد

بعض مخالفین جہالت کی بنا پر صوفیاء کرام پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ وہ حلول اور اتحاد کا عقیدہ رکھتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ شجر و حجر، بحر و بر، انسان و حیوان حتیٰ کہ کائنات کے تمام اجزاء میں حلول کر گیا ہے۔ یا اس کا مفہوم یہ ہے کہ مخلوق عین خالق ہے یعنی اس کائنات میں موجود ہر چیز بعینہٖ ذات باری تعالیٰ ہے۔

بلا شک و شبہ یہ عقیدہ صریح کفر اور امت کے عقائد کے مخالف ہے۔ صوفیائے کرام جو کہ اسلام، ایمان اور احسان کو جامع ہوتے ہیں، ان کے متعلق تو یہ تصور بھی نہیں کیا جاسکتا کہ وہ اس درجہ گمراہی اور کفر میں مبتلا ہوں۔ ایک منصف مزاج مومن کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ بغیر کسی تحقیق کے ان پر کفر کی تہمت لگا دے، بلکہ اسے چاہیئے کہ وہ ان کی امہات الکتب (فتوحات مکیہ، احیاء العلوم، رسالہ قشیریہ وغیرہ) میں ذکر کردہ ان کے عقائد کا مطالعہ کرے۔

شاید کہ مخالف یہ کہے کہ تمہارے اس قول کی وجہ سے صوفیائے کرام حلول و اتحاد کے عقیدہ سے بری نہیں ہو سکتے، بلکہ یہ تو حقیقت سے فرار اختیار کرنا ہے یا حقائق سے چشم پوشی کرتے ہوئے صوفیائے کرام کے ساتھ والہانہ عقیدت کی بنا پر ان

Marfat.com

کا دفاع کرنا ہے۔ کیونکہ ان کو اس تہمت سے بری الذمہ قرار دینے کیلئے دلیل پیش کرنا ضروری ہے۔

مصنف رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اب ہم صوفیائے کرام کے اپنے اقوال پیش کرتے ہیں جو ان کو اس تہمت سے بری الذمہ قرار دینے کیلئے کافی ہیں۔ بلکہ وہ تو خود لوگوں کو اس باطل عقیدہ سے بچنے کی تلقین کرتے ہیں. اور اس سے یہ بھی واضح ہو جائے گا کہ ان کی طرف منسوب اقوال یا تو حاسدین و مخالفین کے اضافہ شدہ ہیں یا اہلسنّت والجماعت کے عقیدہ کے مطابق ان کی تاویل ممکن ہے۔

امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں. "کہ جب بتوں کے پجاریوں کی اتنی جرأت نہیں کہ وہ اپنے معبودانِ باطلہ کو عین ذات باری تعالیٰ قرار دیں. بلکہ انہوں نے تو کہا:

مانعبدھم الالیقربونا الی اللہ زلفی۔ (زمر:۳)

"ہم نہیں عبادت کرتے ان کی مگر محض اس لیے کہ یہ ہمیں اللہ تعالیٰ کا مقرب بنادیں"

تو صوفیائے کرام کے بارے میں کیسے گمان کیا جا سکتا ہے کہ وہ اتحاد و حلول کا عقیدہ رکھتے ہوں. بلکہ یہ تو ان کے حق میں محال ہے۔ کیونکہ ہر ولی کو یہ یقین حاصل ہوتا ہے کہ حقیقت باری تعالیٰ باقی تمام حقائق کے برعکس اور مخلوق کی تمام معلومات سے خارج ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو محیط ہے

حلول و اتحاد اجناس میں ممکن ہے۔ اور ذات باری تعالیٰ جنس سے پاک ہے اور پھر قدیم. حادث میں اور خالق. مخلوق میں کیسے حلول کر سکتا ہے۔ اور اگر اس سے مراد عرض کا جوہر میں حلول کرنا ہو تو اللہ تعالیٰ کی ذات عرض سے پاک ہے اور اگر جوہر کا جوہر میں حلول کرنا مراد ہو تب بھی ذات باری تعالیٰ کو جوہر نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ مخلوقات کا ایک دوسرے میں حلول و اتحاد محال ہے۔ کیونکہ دو شخصوں کا ایک بن جانا ممکن نہیں۔ چونکہ ان دونوں کی ذات میں تباین موجود ہے۔ جب مخلوقات کا یہ حال ہے تو خالق اور مخلوق. صانع اور صنعت. واجب الوجود اور حادث الوجود میں تباین

Marfat.com

ھی انتہائی ضروری ہے۔

علمائے کرام اور محقق صوفیائے کرام ہمیشہ سے ہی حلول و اتحاد کے عقیدہ کے بطلان کی صراحت کرتے رہے ہیں اور اس کے فاسد اور گمراہ کن ہونے پر تنبیہہ کرتے رہے ہیں۔ شیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں ."ذات باری تعالیٰ اس چیز سے ارفع و اعلیٰ ہے کہ حوادث اس میں حلول کریں یا وہ حوادث میں حلول کرے۔ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں کہ اس بات پر اجماع ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور اس کی ذات اس سے بالا تر ہے کہ اس میں کوئی شے حلول کرے یا وہ کسی شے میں حلول کرے۔ یا وہ کسی چیز کے ساتھ متحد ہو جائے"۔

آپ باب الاسرار میں فرماتے ہیں ."عارف کیلئے 'انا اللہ' (میں اللہ ہوں) کہنا جائز نہیں۔ خواہ وہ قرب کے انتہائی اعلیٰ مقام پر فائز ہو . بلکہ عارف باللہ سے تو ایسے قول کا صدور ممکن ہی نہیں ہے۔ کیونکہ وہ کہتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا حقیر سا بندہ ہوں"۔

آپ فتوحات مکیہ کے باب نمبر۱۶۹ میں فرماتے ہیں کہ قدیم (ذات باری تعالیٰ) کبھی حوادث یعنی مخلوقات کا محل نہیں ہو سکتا۔ اور نہ ہی وہ مخلوقات میں حلول کرتا ہے۔

آپ باب الاسرار میں فرماتے ہیں کہ جس نے حلول کا عقیدہ رکھا وہ مریض ہے اور وہ لاعلاج مرض میں مبتلا ہے۔ اتحاد کا عقیدہ رکھنے والے ملحد ہیں اور حلول کا عقیدہ رکھنے والے جاہل ہیں۔

فتوحات مکیہ کے باب نمبر۵۵۷ میں اس موضوع پر طویل گفتگو کے بعد فرماتے ہیں کہ کائنات بعینہ ذات باری تعالیٰ نہیں ہے اور نہ ہی حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس میں حلول کیا ہے۔ کیونکہ اگر بات ایسی ہوتی تو ذات باری تعالیٰ کو نہ ہم قدیم کہہ سکتے ہیں اور نہ بدیہہ۔ اور باب نمبر۳۱۴ میں فرماتے ہیں کہ اگر انسان کا انسانیت سے اور فرشتے کا ملکیت سے ترقی کرنا اور اپنے خالق کے ساتھ اتحاد صحیح ہوتا تو تمام حقائق تبدیل ہو جاتے۔ اور معبود . معبود نہ رہتا . خالق . مخلوق بن جاتا اور مخلوق . خالق بن

Marfat.com

جاتی۔ اور کوئی بھی کسی علم پر اعتماد نہ کرتا۔ اس لیے حقائق کا تبدیل ہو جانا ممکن نہیں ہے۔

اس طرح آپ کے اشعار بھی حلول و اتحاد کی نفی کرتے ہیں:

(i)۔ان لوگوں کی بات چھوڑ دو جن کے عالم نے کہا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ متحد ہو گیا۔

(ii)۔ اتحاد محال ہے اس کا عقیدہ وہی رکھتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ذات سے بے خبر۔

(iii)۔ اور اس کی حقیقت و شریعت سے جاہل ہے۔ اے مخاطب! تو اپنے معبود کی عبادت کر اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا۔

آپ فتوحات مکیہ کے باب نمبر۲۹۲ میں فرماتے ہیں کہ حلول و اتحاد کی نفی کی سب سے بڑی عقلی دلیل یہ ہے کہ چاند پر سورج کا عکس پڑتا ہے۔ اس وجہ سے وہ روشن ہو جاتا ہے۔ چاند بذات خود اس میں منتقل نہیں ہوتا. بلکہ چاند تو اس کی روشنی کا محل ہے۔ اسی طرح بندہ میں ذات باری تعالیٰ حلول نہیں کرتا. بلکہ وہ اس کے انوار و تجلیات کا مظہر ہے۔

صاحب کتاب نہج الارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے شیخ کمال الدین مراغی نے بتایا ہے. آپ فرماتے ہیں کہ میں ایک دفعہ شیخ ابو العباس مرسی رحمتہ اللہ علیہ جو کہ شیخ ابو الحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ کے خلیفہ ہیں. کی خدمت میں حاضر ہوا اور حلول و اتحاد کے قائلین کے بارے میں بات کی تو آپ نے ان کی شدید مخالفت کی اور فرمایا. کیا مخلوق بعینہ خالق ہو سکتی ہے۔

اس کے علاوہ اگر صوفیائے کرام کی کتب میں بعض ایسے اشارات ملتے ہیں جو ظاہراً حلول و اتحاد پر دلالت کرتے ہیں یہ یا تو مخالفین کے اضافہ شدہ ہیں. اس کی دلیل یہ ہے کہ ہم پہلے وضاحت کر چکے ہیں کہ وہ اس عقیدہ باطلہ سے برأت کا اظہار کرتے ہیں یا ان اشارات سے ان کا مقصد حلول و اتحاد نہیں تھا۔ مگر بعض خود غرض مخالفین نے ان کی متشابہ کلام کو اس غلط مفہوم پر محمول کیا ہے۔

Marfat.com

مصنف رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علمائے محققین کو ہی صوفیائے کرام کے کلام تک رسائی حاصل ہے اور ان کے نزدیک یہ کلام عقیدۂ اہلسنّت و الجماعت کے مطابق ہے۔ کیونکہ وہ صوفیائے کرام کے کامل ایمان اور تقویٰ کی کیفیت سے آگاہ تھے. اس لیے اگر انہیں ظاہر طور پر کوئی چیز مخالف شرع نظر آئے تو اس کی تاویل کرتے ہیں۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "الحاوی للفتاوی" میں فرماتے ہیں. "بعض محقق صوفیائے کرام کی کتب میں لفظ اتحاد آیا ہے لیکن یہ حقیقت توحید کی طرف اشارہ ہے۔ کیونکہ جب توحید میں مبالغہ مقصود ہو تو وہ لفظ اتحاد بولتے ہیں۔ توحید. واحد اور احد کی معرفت کا نام ہے۔ بعض جاہل اس حقیقت تک رسائی نہ کر سکے اور اس کا غلط مفہوم سمجھ کر تباہ و برباد ہو گئے۔ پھر فرماتے ہیں کہ عقیدہ اتحاد باطل اور محال. شرعاً اور عقلاً مردود. انبیاء علیہم السلام. مشائخ کرام اور علمائے عظام کے اجماع سے مردود ہے۔ محقق صوفیاء کا یہ مذہب نہیں. بلکہ بعض لوگوں نے اپنی جہالت کی وجہ سے اس کا قول کیا ہے۔ اس طرح وہ نصرانیوں کے مشابہ ہو گئے ہیں جنہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا کہ ان کا ناسوت. لاہوت کے ساتھ متحد ہو گیا ہے۔ ان کے علاوہ اکثر مشائخ کو اللہ تعالیٰ نے اس عقیدہ باطلہ سے محفوظ رکھا ہے۔ اگر ان کی کلام میں لفظ اتحاد واقع ہوا ہے تو اس سے مراد اپنی ذات کو مٹا کر اثبات توحید ہوتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ کبھی کبھی لفظ اتحاد فنائے مخالفات اور بقائے موافقات. دنیاوی خواہشات کے فنا ہونے اور اخروی خواہشات کے باقی ہونے. اوصاف مذمومہ کے فنا ہونے اور اوصاف حمیدہ کے باقی رہنے. شک و شبہات کے فنا ہونے اور ایمان و یقین کے باقی رہنے غفلت و سستی کے فنا ہونے اور ذکر و فکر کے باقی رہنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ ابویزید بسطامی کے قول "سبحانی ما اعظم شانی" (میں ہر عیب سے پاک ہوں اور میری شان بہت بلند ہے) کی تاویل یہ ہے

Marfat.com

کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کو اپنی زبان سے بیان کیا ہے نہ کہ ان کا اپنا قول ہے۔ اسی طرح جس نے "انا الحق" کہا اس کا قول بھی اسی پر محمول کیا جائے گا۔ کیونکہ ان عارفین کے متعلق یہ گمان بھی نہیں کیا جا سکتا کہ وہ حلول و اتحاد کے قائل تھے۔ کیونکہ ایک عام عقلمند آدمی کے بارے میں بھی یہ گمان نہیں کیا جا سکتا. وہ تو مکاشفہ. مشاہدہ کی منازل پر متمکن تھے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ صاحب علم و عمل. مجاہدہ اور حدود شریعت پر سختی سے کاربند تھے۔ ایسے لوگوں کی طرف حلول و اتحاد کے عقیدہ کی نسبت کرنا خطا ہے جس طرح نصرانیوں نے اپنے غلط گمان کی وجہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اس کی نسبت کر دی تھی۔ دین اسلام میں بعض جاہل صوفیاء کی وجہ سے یہ عقیدہ پیدا ہوا ہے۔ محقق صوفیاء و عارفین اس سے بری الذمہ ہیں۔

آپ فرماتے ہیں کہ حاصل کلام یہ ہے کہ لفظ اتحاد دو معنوں کے درمیان مشترک ہے۔ ایک وہ مذموم معنی جو لفظ حلول کے ساتھ استعمال ہوتا ہے اور یہ صریح کفر ہے۔ اور دوسرا مقام فنا پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ یہ صوفیائے کرام کی خاص اصطلاح ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا. کیونکہ کسی لفظ کو صحیح معنی میں استعمال کرنے سے کسی شخص کو روکا نہیں جا سکتا۔ اور نہ ہی یہ شرعاً ممنوع ہے. کیونکہ اگر یہ شرعاً ممنوع ہوتا تو کوئی بھی اس کو استعمال نہ کرتا. حالانکہ آپ کہتے ہیں کہ میرے اور میرے ساتھی کے درمیان اتحاد ہے۔ اسی طرح محدثین کا قول یہ ہے: "مخرج حدیث میں اتحاد ہے"۔ فقہاء کہتے ہیں: "مویشیوں کی نوع میں اتحاد ہے"۔ اور نحوی کہتے ہیں: "عامل لفظاً یا معنی متحد ہے"۔

اس بحث سے معلوم ہوا کہ محقق صوفیاء کی کلام میں اگر لفظ اتحاد استعمال ہوا ہے تو اس سے ان کی مراد فنا ہوتی ہے یعنی اپنے نفس کو مٹا کر تمام امور کو اللہ تعالیٰ کیلئے ثابت کرنا۔ اس سے وہ مذموم معنی مراد نہیں ہوتا جس کو سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ حضرت علی بن وفا رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے ایک قصیدہ میں اسی بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

یظنوا بی حلولا واتحادا　　وقلبی من سوی التوحید خالی

Marfat.com

امیدیں وابستہ کرتا ہے اور صرف اسی سے مدد طلب کرتا ہے۔ اس کا کامل دین ظاہری و باطنی طور پر اللہ تعالیٰ کیلئے ہوتا ہے اور اس کے رسول ﷺ اس کے نزدیک ہر چیز سے زیادہ محبوب ہوتے ہیں اور وہ اللہ و رسول ﷺ سے مخالفت کرنے والوں سے دوستی نہیں رکھتا۔ اگرچہ وہ اس کا قریب ترین ہو۔ اور حقیقت میں یہ مقام اسی وقت حاصل ہوتا ہے جب انسان اپنی خواہشات نفس کو اپنے رب کی رضا میں فنا کردے اور اس کی بنیاد اس بات کی شہادت پر ہے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اور یہ شہادت. علم و معرفت. عمل. حال اور قصد کے اعتبار سے ہونی چاہیئے۔ اور اس شہادت میں جو نفی و اثبات پایا جاتا ہے اس کی حقیقت فنا اور بقا ہے یعنی غیر اللہ کو معبود بنانے کی نفی کرے اور اس وحدہ لا شریک کی معبودیت پر باقی رہے یہی فنا و بقا اس توحید کی حقیقت ہے۔ جس پر تمام انبیاء و مرسلین علیہم السلام متفق ہیں۔ اسی کیلئے آسمانی کتابیں نازل ہوئیں اور اسی کیلئے مخلوق کی تخلیق ہوئی۔ تمام شریعتیں بھی اسی پر قائم ہوئیں۔ بازار جنت بھی اسی پر قائم ہے۔ اور اسی پر خلق اور امر کی بنیاد ہے آخر میں فرماتے ہیں کہ اس مقام پر بہت سے لوگوں کے قدم ڈگمگا گئے لیکن معصوم وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ گناہوں سے محفوظ رکھ لے۔ استعانت. توفیق اور عصمت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں۔ "اگر تو سالک فنا کے بلند مقام کیلئے کوشاں ہے تو اس کے دل میں کوئی ایسی مراد باقی نہیں رہے گی جو دینی. شرعی. نبوی اور قرآنی مراد کے مخالف ہو بلکہ یہ دونوں مرادیں متحد ہو جائیں گی اور وہ عین مراد الٰہی بن جائے گا۔ اور رب تعالیٰ بندے کی مراد بن جائے گا۔ اور یہی خالص محبت کی حقیقت ہے اور اسی میں اتحاد صحیح ہو سکتا ہے یعنی مراد میں متحد ہو جانا نہ کہ مرید اور ارادہ میں"۔

اس کے باوجود کہ ابن تیمیہ صوفیائے کرام کا مخالف اور ان کے ساتھ سخت عداوت رکھتا ہے۔ وہ بھی ان کو اتحاد کی تہمت سے بری قرار دیتا ہے۔ اور ان کے کلام کی تاویل کرتا ہے. اور اپنے فتاوی میں بیان کیا ہے کہ اہل معرفت میں سے کوئی

Marfat.com

بھی یہ عقیدہ نہیں رکھتا کہ اللہ تعالیٰ اس میں یا اس کے علاوہ کسی مخلوق میں حلول کر گیا ہے یا اس کے ساتھ متحد ہو گیا ہے۔ اگر بعض اکابر صوفیائے کرام سے اس قسم کے قول منقول ہیں تو یہ سب جھوٹ ہیں جو اتحاد کے قائل بعض انتہاء پسندوں نے ان کی طرف منسوب کیے ہیں۔ شیطان نے انہیں گمراہ کر کے ان کو نصرانیوں کے ساتھ ملا دیا ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ تمام مشائخ کرام. سلف صالحین اور ائمہ کرام اس بات پر متفق ہیں کہ خالق اور مخلوق جدا جدا ہیں نہ تو مخلوق میں اس کی ذات شامل ہے اور نہ ہی اس کی ذات میں مخلوق کا حصہ شامل ہے۔ قدیم اور حادث اور خالق و مخلوق میں فرق کرنا ضروری ہے۔ اور یہ عقیدہ ان کی کتب میں کثیر مقامات پر موجود ہے جس کو یہاں ذکر کرنا ممکن نہیں۔

وہ صوفیائے کرام کی کلام کی تاویل کرتے ہوئے اپنے مجموعہ رسائل میں فرماتے ہیں کہ کسی شاعر کے قول "میں اور میرا محبوب دونوں ایک ذات ہو گئے" کی تاویل یہ ہے کہ شاعر نے یہاں معنوی اتحاد مراد لیا ہے۔ جس طرح کہ دو محبت کرنے والے ایک جان ہو جاتے ہیں ان میں سے ایک جس چیز سے محبت کرتا ہے دوسرا بھی اسی سے محبت کرتا ہے۔ جب ایک کسی سے بغض رکھتا ہے تو دوسرا بھی اس سے بغض رکھتا ہے۔ ان کا قول و فعل ایک ہو جاتا ہے۔ یہاں ایک ذات کا دوسری ذات سے متحد ہونا مراد نہیں بلکہ ان کے افعال و اقوال کا مشابہ ہونا مراد ہے. کیونکہ جب محب محبوب کی محبت میں مستغرق ہو جاتا ہے تو وہ اپنی ذات سے بے خبر ہو جاتا ہے۔ جس طرح کہ کسی شاعر کا قول ہے:

غبت بک عنی فظننت انک انی

"میں تیری وجہ سے اپنی ذات سے بے خبر ہو گیا. حتیٰ کہ میں یہ خیال کرنے لگا کہ تو میں ہوں"۔

ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ اس اتحاد کو موافقت کا نام دیا جاتا ہے اور یہ اتحاد جائز ہے۔

Marfat.com

اس تمام بحث سے روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتا ہے کہ صوفیائے کرام کی کلام میں لفظ اتحاد کا یہی صحیح معنی مراد ہوتا ہے جو عقیدہ اہلسنّت و الجماعت کے موافق ہے۔ اور اس کو کسی دوسرے معنی پر محمول کرنا صحیح نہیں۔ انصاف پسند مسلمان کیلئے ضروری ہے کہ وہ ان کے بارے میں حسن ظن رکھے اور ان کی کلام کی ایسی تاویل کرے جو شرعی قواعد کے موافق ہو۔

مسئلہ وحدۃ الوجود:

مسئلہ وحدہ الوجود کے بارے میں علمائے کرام کی مختلف آراء ہیں ان میں سے بعض نے جلد بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وحدہ الوجود کے قائلین پر کفرو گمراہی کا فتوی لگادیا ہے اور ان کی کلام کے صحیح مفہوم کو نہ سمجھ سکے۔ اور ان میں سے بعض نے احتیاط سے کام لیتے ہوئے ان پر کفرو گمراہی کا فتوی نہیں لگایا. بلکہ اس مسئلہ کی حقیقت تک رسائی حاصل کرنے کیلئے صوفیاء و مشائخ کی بارگاہ میں رجوع کیا ہے۔ کیونکہ ان عارفین نے اگرچہ اس مسئلہ پر طویل بحث فرمائی ہے۔ لیکن اس سے علمائے کرام کا اشکال زائل نہیں ہوتا۔ کیونکہ مشائخ کرام نے یہ گفتگو اپنے مریدین کیلئے فرمائی ہے نہ کہ ان لوگوں کیلئے جو اس کو تسلیم نہیں کرتے۔ اس لیے یہ مسئلہ وضاحت طلب ہے تاکہ اہل نظر کے دل مطمئن ہو جائیں۔

سید مصطفیٰ شریف. ان علماء میں سے ہیں جنہوں نے اس مسئلہ کی تحقیق کی ہے اور اس کے صحیح مفہوم کو سمجھا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ وجود ایک ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی ذاتی صفت ہے ذات باری تعالیٰ واجب الوجود ہے اس میں تعدد صحیح نہیں. اس کے برعکس موجود ہر ممکن چیز کو کہتے ہیں۔ اور اس میں حقائق کے اعتبار سے تعدد صحیح ہے۔ لیکن ہر موجود کا قیام ذات واجب الوجود کے ساتھ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ موجود اور وجود دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ اس لیے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وجود کی دو قسمیں ہیں۔(۱)۔ وجود قدیم۔ (۲)۔ وجود حادث۔ مگر جب وجود ثانی سے موجود مراد لیا جائے یعنی مصدر بول کر مفعول کا معنی مراد ہو۔ اس وقت ہم اس کو دو

Marfat.com

قسموں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ اگر وجود ثانی سے یہ معنی مراد لیا جائے تو وہ تمام اعتراضات ختم ہو جاتے ہیں جو اہل نظر وحدۃ الوجود کے قائلین پر کرتے ہیں۔

آپ فرماتے ہیں کہ ظاہری حس صرف موجود کا مشاہدہ کرتی ہے اور روح' وجود کا۔ اور جب روح موجود کا مشاہدہ کرتی ہے تو یہ مشاہدہ ثانوی ہوتا ہے۔ جیسا کہ کسی کا قول ہے: "میں کوئی چیز نہیں دیکھی مگر اس سے پہلے اللہ کو دیکھا" یہاں روئیت سے مراد مشاہدہ ہے' آنکھ سے دیکھنا نہیں کیونکہ روئیت بصر کے خصائص میں سے ہے اور مشاہدہ بصیرت کے خصائص سے۔ اسی وجہ سے کلمۂ شہادت میں "اشھد" کے لفظ ہیں نہ کہ "اری" (میں دیکھتا ہوں)۔ بلکہ یہ لفظ استعمال کرنا جائز نہیں۔

مصنف رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انصاف پسند اور غیور علماء کی یہی شان ہے کہ وہ ہر معاملہ میں احتیاط برتتے ہیں اور کسی مومن کی تکفیر میں جلدی نہیں کرتے۔ بلکہ حقیقت تک رسائی حاصل کرنے کیلئے وہ ان لوگوں کی طرف رجوع کرتے ہیں جو اس فن میں مہارت تامہ رکھتے ہیں کیونکہ مسئلہ وحدۃ الوجود بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس لیے ہم چاہتے ہیں کہ ہم اس کی مزید وضاحت کر دیں تاکہ اس طرح دین کی خدمت بھی ہو جائے اور متلاشیان حق کی راہنمائی بھی ہو سکے۔

مصنف رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وجود کی دو قسمیں ہیں

(۱)۔ **قدیم اور ازلی وجود** اور یہ واجب اور ضروری ہے۔ اس سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ۔ (الحج:٦)

"یہ (رنگا رنگیاں اس کی دلیل ہیں) کہ اللہ تعالیٰ ہی برحق ہے"

اس آیت کریمہ میں حق سے مراد "ثابت الوجود" ہے۔

(۲)۔ **ممکن عرضی اور جائز وجود** اور اس سے مراد اللہ تعالیٰ کے سوا ہر موجود چیز ہے۔ وحدۃ الوجود یعنی ایک ہی ہے اور وہ حق سبحانہ وتعالیٰ ہے۔ دو معنوں کا احتمال رکھتا ہے ان میں سے ایک حق ہے اور دوسرا کفر۔ اس لیے وحدۃ الوجود کے قائلین کے دو گروہ ہیں۔

Marfat.com

(۱)۔ پہلا گروہ:

یہ وحدۃ الوجود سے یہ مراد لیتے ہیں کہ حق سبحانہ وتعالیٰ اور مخلوق متحد ہیں۔ ذات باری تعالیٰ کے علاوہ کوئی وجود نہیں۔ ہر چیز وہی ہے اور وہی تمام اشیاء کا عین ہیں اور ہر چیز میں کوئی نہ کوئی نشانی ہے جو دلالت کرتی ہے کہ وہی اس کا عین ہے یہ قول صریح کفر اور زندیقی ہے اور یہود و نصاریٰ اور بتوں کے پجاریوں کے باطل عقائد سے بھی زیادہ گمراہ کن عقیدہ ہے۔

صوفیائے کرام نے اس باطل عقیدہ کے قائلین کی سخت مذمت کی ہے اور ان کی تکفیر کی ہے۔ اور لوگوں کو ان کی مجلس میں بیٹھنے سے منع کیا ہے۔ عارف باللہ ابو بکر محمد بنانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اے سالک! اس شخص کی ہمنشینی سے محتاط رہ جو کہتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی چیز موجود نہیں۔ کیونکہ یہ صراحۃً زندیقیت ہے کیونکہ عارف جو شریعت کا پابند اور حقیقت میں راسخ قدم ہو اس قسم کے عارف باللہ کے بارے میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ اس سے اس قسم کی گفتگو صادر ہو۔

(۲)۔ دوسرا گروہ:

انہوں نے پہلے گروہ کے عقیدہ کو باطل قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ عقیدہ "خالق عین مخلوق ہے" رکھنا صریح کفر ہے۔ اور انہوں نے وحدۃ الوجود سے یہ مراد لیا ہے کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی ذات جو کہ قدیم اور ازلی ہے۔ اس کا وجود ایک ہے۔ بلاشک و شبہ وہ تعدد سے پاک ہے۔ انہوں نے وجود سے وجود عرضی اور حادث وجود مراد نہیں لیا۔ کیونکہ اس کا وجود مجازی ہے۔ اور اپنی اصل کے اعتبار سے عدمی ہے۔ کسی کو نفع و نقصان دینے کی قوت نہیں رکھتا۔ کائنات فی نفسہٖ فانی اور ہلاک ہونے والی ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ۔ (القصص:۸۸)

"ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس ذات کے"

اس کی ایجادات اس کا مظہر ہیں۔ کائنات اسی کے حکم سے قائم اور ثابت

Marfat.com

ہے اور اسی کے اشارہ سے فنا ہو سکتی ہے۔ اس کی صفتِ قیومیت سے ہی نظام کائنات چل رہا ہے۔ پھر ان لوگوں کی بھی دو قسمیں ہیں۔

(i)۔ وہ لوگ جنہوں نے یہ مفہوم پہلے اعتقاد اور دلیل اور پھر ذوق و شہود سے اخذ کیا۔ پھر شہود ان پر غالب آگیا تو بحرِ توحید میں گم ہو کر اپنی ذات سے بے خبر ہو گئے. لیکن اس کے ساتھ ساتھ شریعت پر ثابت قدم رہے اور یہی قول حق ہے۔

(ii)۔ وہ لوگ جنہوں نے لفظی علم گمان کیا اور اس کی عبارات میں مستغرق ہو کر اس کے ظاہری اشارات کو مضبوطی سے تھام لیا اور شہودِ حق سے غافل ہو گئے۔ بعض اوقات ان الفاظ کی حلاوت میں ایسے کھو گئے کہ اس کے مقابلہ میں شرعی احکام کو حقیر سمجھنے لگے اور ایسی گفتگو کرنے لگے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شریعت پر عمل پیرا لوگ اہلِ غفلت ہیں اور حقیقت پر عمل پیرا اہلِ عرفان۔ لیکن ان کی یہ کلام صریح جھوٹ اور بہتان پر مبنی ہے. کیونکہ شریعت اور مقام احسان ایک ہی چیز ہے. بہرحال اس دور میں صوفیائے کرام کیلئے بہتر یہی ہے کہ وہ اس قسم کے الفاظ اور تعبیرات سے اجتناب کریں جن میں محض الہام. غیوض اور اشتباہ کا خدشہ ہو تاکہ لوگ ان سے بد ظن نہ ہوں یا ایسا نہ ہو کہ ان کے کلام کی ایسی تعبیر کریں جو غیر مقصود ہو کیونکہ بہت سے بے دین اور جعلی پیر اس قسم کے الفاظ و عبارات استعمال کرتے ہیں تاکہ اپنے دل میں چھپے ہوئے باطل عقائد کو ظاہر کر سکیں اور اس طرح محرمات کو حلال کر کے ان منکرات اور فواحش کو جائز قرار دے سکیں جن کا وہ ارتکاب کرتے ہیں۔ اس دور میں حق و باطل کے درمیان تمیز ختم ہو چکی ہے۔ جرم کا ارتکاب کوئی کرتا ہے اور اس کی سزا کسی کو ملتی ہے۔

اسی لیے صوفیائے کرام نے اپنے ظاہر و باطن پر احکامِ شریعت کو لازم کیا ہوا تھا۔ اور وہ اپنے مریدین کو بھی شریعت پر مضبوطی سے قائم رہنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان کے نزدیک شریعت. طریقت میں داخل ہونے کا دروازہ اور معرفت الٰہی تک پہنچنے کی سیڑھی ہے۔ اور جس سالک نے شریعت سے ذرا بھی انحراف کیا وہ ہلاک ہو جائے گا۔ اور صوفیائے کرام کے شریعت پر سختی سے کاربند ہونے کے بارے

Marfat.com

حقیقی صوفیاء کرام اور جعلی پیر

کچھ خود غرض لوگوں نے تصوف کا لبادہ اوڑھ کر صوفیائے کرام کو بدنام کر دیا ہے۔ یہ لوگ اپنے آپ کو ان میں شمار تو کرتے ہیں لیکن ان کے اقوال. افعال اور سیرت کے لحاظ سے ان کا صوفیاء عظام سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔

ہمارے لیے ضروری ہے کہ اظہار حق کیلئے ہم حقیقی اور جعلی صوفیاء کے درمیان فرق کریں خصوصاً وہ مشائخ عظام جو ایمان. تقویٰ اور ورع کی اعلیٰ منازل پر فائز تھے اور اسلام کی نشر و اشاعت میں اہم کردار رہے۔ اس لیے ہمیں یہ بات بخوبی سمجھ لینی چاہیئے کہ تصوف اور صوفیاء کے درمیان واضح فرق ہیں۔ جس طرح ایک مسلمان اپنے افعال قبیحہ کی وجہ سے دین اسلام کی نمائندگی نہیں کر سکتا۔ اسی طرح ایک جعلی پیر اپنی بدکرداری کی وجہ سے تصوف کا نمائندہ نہیں بن سکتا۔

شریعت میں یہ جائز نہیں کہ ایک پڑوسی کے ظلم کی وجہ سے دوسرے پڑوسی سے مواخذہ کیا جائے۔ اسی طرح یہ بھی جائز نہیں کہ مسلمانوں کی بدکرداریوں کا الزام پاکیزہ دین اسلام پر لگا دیا جائے۔ اور اسی طرح یہ بھی مناسب نہیں کہ بعض جعلی پیروں کی حرکات کو نیک طینت اور پاکیزہ سیرت صوفیاء کرام کی طرف منسوب کر دیا

Marfat.com

جائے۔ اگر بعض علمائے کرام نے صوفیاء کرام کی طرف منسوب بعض افعال قبیحہ پر اعتراض کیا ہے تو اس سے ان کا مقصود تصوف کو بدنام کرنے والے جعلی پیر ہیں۔

مشائخ کرام نے بھی ان لوگوں سے اجتناب کرنے کی نصیحت فرمائی ہے۔ شیخ احمد زروق رحمتہ اللہ علیہ "قواعد تصوف" میں فرماتے ہیں کہ جعلی پیر' اہل ھویٰ اصولیین کی طرح ہیں۔ ان کے اقوال کو رد کیا جائے اور ان کے افعال سے اجتناب۔ لیکن اہل تصوف میں ان کے داخل ہونے کی وجہ سے اہلِ حق کو ترک نہیں کیا جا سکتا۔ اچھے برے لوگ ہر شعبہ میں موجود ہوتے ہیں اور یہ سلسلہ اسی طرح قیامت تک جاری رہے گا جسطرح تمام علماء. فقہاء. مدرسین. قاضی. تاجر اور امراء برابر نہیں ہیں اسی طرح تمام صوفیاء بھی برابر نہیں ہیں ان میں بعض لوگ نیک اور پرہیزگار اور بعض اس سے بھی اعلیٰ درجات پر فائز ہیں اور اسی طرح ان میں بعض جعلی پیر بھی ہیں۔ یہ بات اتنی واضح ہے کہ اسے ہر عام و خاص جانتا ہے۔ اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ انسان کو چاہیئے کہ وہ پہلے حق کو پہچانے تاکہ اہلِ حق کو پہچان سکے۔ اور یہ مشہور کلیہ ہے کہ آدمی حق سے پہچانا جاتا ہے نہ کہ حق آدمی کی وجہ سے پہچانا جاتا ہے۔

علمائے کرام جن جعلی پیروں پر اعتراض کرتے ہیں' ہم بھی ان کے خلاف ہیں مگر وہ صوفیاء کرام جو کتاب و سنت پر عمل پیرا ہو کر شرعی احکام پر سختی سے کاربند رہتے ہیں۔ ہم ان کی بات کرتے ہیں اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہیں آئندہ فصل میں علمائے سلف و خلف کی صوفیائے کرام کے بارے میں آراء ذکر کریں گے۔

Marfat.com

تصوف کے مخالفین

وہ لوگ جو اسلامی تصوف پر تنقید کرتے ہیں اور اس پر طعن و تشنیع کے تیر برسا کر مختلف قسم کے الزامات لگاتے ہیں۔ ان کی دو قسمیں ہیں۔

(۱)۔ وہ لوگ جو اپنی اسلام دشمنی اور اسلام کے خلاف بغض وعناد کی وجہ سے ایسا کرنے پر مجبور ہیں۔

(۲)۔ وہ لوگ جو تصوف کی حقیقت سے نا آشنا ہونے کی وجہ سے اس گناہ میں گرفتار ہیں۔

(۱)۔ پہلی قسم میں اسلام دشمن مستشرقین اور ان کے وہ ایجنٹ شامل ہیں جن کو انہوں نے اسلام پر تنقید کرنے ۔ اس کی جڑیں کھوکھلی کرنے اور حقائق اسلام مسخ کرنے اور مسلمانوں کے درمیان فرقہ بندی کا زہر پھیلانے کیلئے تیار کیا ہے۔

شیخ محمد اسد نے اپنی کتاب "الاسلام علی مفترق الطرق" میں ان کے حقیقی چہرے سے نقاب اٹھایا ہے۔

یہ لوگ دقت نظر سے اسلامی علوم کا مطالعہ کرتے ہیں تاکہ وہ اسلام کی قوت کے راز تک رسائی حاصل کر سکیں اور یہ معلوم کر سکیں کہ کس دروازے کے ذریعہ

Marfat.com

اس میں داخل ہو سکتے ہیں اور کس راستہ پر چل کر اپنے خبیث مقاصد تک پہنچ سکتے ہیں۔ ان مستشرقین میں سے سب سے زیادہ مشہور نکلسن. گولڈ زہیر اور مینسن وغیرہ ہیں۔

بعض اوقات یہ لوگ زہر کو شہد میں ملا کر دیتے ہیں یعنی پہلے اپنی بعض کتب میں اسلام کی تعریف و توصیف کرتے ہیں جب قاری ان پر اعتماد کرنے لگتا ہے اور ان پر مطمئن ہو جاتا ہے تو وہ اس کے عقائد میں تشکیک پیدا کر دیتے ہیں اور اس کے دل کو بے بنیاد اعتراضات سے بھر دیتے ہیں جو انہوں نے اپنے پاس سے ہی گھڑے ہوتے ہیں۔

کبھی یہ لوگ علمی مفکرین اور محققین کا لبادہ اوڑھ لیتے ہیں اور بعض اوقات دین پر غیر تمندی کا اظہار کر کے اس کے قیمتی اثاثہ پر رونے کا ڈھونگ رچاتے ہیں اور اس طرح تصوف پر طعن و شنیع کرتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ تصوف اسلام کی روح اور اس کا دھڑکتا ہوا دل ہے۔ مسلمانوں کو اس سے بد ظن کرنے کیلئے کبھی تو یہ دعوٰی کرتے ہیں کہ تصوف یہودیت سے ماخوذ ہے اور کبھی کہتے ہیں کہ یہ نصرانیت اور بدھ مت کی ایک شکل ہے۔ اور صوفیائے کرام کی طرف باطل عقائد اور گمراہ کن افکار کی نسبت کرتے ہیں۔ یعنی حلول و اتحاد' وحدۃ الوجود اور وحدۃ الادیان وغیرہ۔

ہمیں ان سے کوئی گلہ نہیں کیونکہ وہ ہمارے دشمن ہیں اور یہ مکار دشمن کی چالیں ہیں۔ کیونکہ ہم ان کے خبیث مقاصد سے بخوبی آگاہ ہیں اس لیے ہمیں ان کے اقوال کی تردید کیلئے تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں۔ مگر ہمیں ان لوگوں پر افسوس ہے کہ اسلام کے مدعی ہیں. لیکن اس کے باوجود وہ اسلام کے شدید دشمنوں کی آراء کو اپنا کر اسلام کی روح اور جوہر یعنی تصوف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔ کیا ایک عقلمند مسلمان کیلئے یہ جائز ہے کہ وہ ایک مشرک کافر اور دشمن اسلام کے اقوال کو اپنے مسلمان بھائیوں پر طعن کرنے کیلئے حجت سمجھے۔

اگر یہ مستشرقین دین اسلام کے متعلق اپنے دفاع میں سچے اور اس سے

Marfat.com

محبت اور اس پر غیرت کا مظاہرہ کرنے میں مخلص ہیں تو پھر کیوں نہیں دائرہ اسلام میں داخل ہو جاتے؟ اور دین اسلام کو کیوں اپنی زندگی کا نصب العین نہیں بنا لیتے؟

(۲)۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اسلامی تصوف کی حقیقت سے ناآشنا ہیں۔ انہوں نے اس علم کو مخلص علمائے کرام اور کامل صوفیاء سے حاصل نہیں کیا. بلکہ ان کا علم تصوف کے بارے میں سطحی مطالعہ ہوتا ہے۔ ان لوگوں کی بھی مختلف قسمیں ہیں:

(ا)۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے تصوف بعض جعلی پیروں اور مدعیان تصوف سے حاصل کیا ہوتا ہے۔ یہ لوگ حقیقی تصوف اور ان مسخ شدہ حقائق کے درمیان فرق نہیں کرتے جو ان جعلی پیروں سے صادر ہوتے ہیں جن کا اس کام سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔

(ب)۔ یہ وہ لوگ ہیں جو صوفیائے کرام کی کتب میں موجود امور سے دھوکہ کھا گئے جو کہ مخالفین کی اضافہ شدہ تھیں انہوں نے تحقیق اور گہری نظر و فکر کے بغیر ہی ان کو تصوف کے حقیقی اصول تسلیم کر لیا۔ یا انہوں نے بذات خود کتب صوفیاء کا مطالعہ کیا اور اپنے محدود سطحی علم اور خاص قلبی رجحان کی وجہ سے ان کے حقیقی مفہوم کو نہ سمجھ سکے۔ اور انہوں نے یہ تکلیف گوارا نہ کی کہ وہ صوفیائے کرام کی متشابہ کلام کی تاویل کیلئے اس واضح کلام کی طرف رجوع کرتے جو شریعت کے ذرا بھر بھی مخالف نہیں. بلکہ یہ کلام اس شفاف نور کی طرح ہے جو ظلمتوں اور تاریکیوں کو ختم کر دیتا ہے۔ ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس کے دل میں کجی اور مرض ہوتا ہے وہ قرآن کریم کے متشابہ کلام کو لے کر اپنی خواہشات نفس کے مطابق اس کی تاویل کرتا ہے اور اس کے علاوہ دیگر محکم آیات کی طرف نہیں دیکھتا جو ان متشابہ آیات کی وضاحت کرتی ہیں۔ انہیں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

هوالذی انزل علیک الکتاب منه آیات محکمات هن ام الکتاب واخر متشابهات. فاما الذین فی قلوبهم زیغ فیتبعون ما تشابه منه ابتغاء الفتنه و ابتغاء تاویله۔ (آل عمران:۷)

Marfat.com

تصوف کے بارے میں علمائے کرام کی آراء

اس کتاب کے آخر میں تصوف کے بارے میں بعض اکابرِ امت اور مفکرین کی آراء ذکر کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ جان لینے کے بعد کہ تصوف روح اسلام اور اس کے تین بنیادی ارکان یعنی اسلام' ایمان اور احسان میں سے ایک رکن ہے۔ ان آراء کی چنداں ضرورت نہیں تھی. لیکن بعض لوگ جو نورِ بصیرت سے محروم اور حقائقِ اسلام سے ناآشنا ہیں اور جعلی پیروں کی حرکات کی وجہ سے تصوف پر تنقید کرتے ہیں۔ ان کیلئے اور ہر اس شخص کیلئے جو حقیقت تصوف سے ناآشنا ہے۔ ہم ان آراء کو ذکر کر رہے ہیں تاکہ تہذیبِ نفوس اور قلوب کو حقیقی زندگی عطا کرنے کے سلسلہ میں تصوف کی اہمیت سے آگاہ ہو جائیں۔ اور انہیں یہ معلوم ہو جائے کہ پوری دنیا میں اسلام کی نشرواشاعت میں تصوف نے کیا کردار ادا کیا ہے۔

(۱)۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ:

شریعت اور حقیقت کی بحث میں امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کے متعلق تفصیلی کلام گزر چکی ہے. آپ شریعت و طریقت ہر دونوں کو اہمیت دیتے تھے۔ اور آپ میدان طریقت کے شہسوار تھے جیسا کہ علامہ ابن عابدین نے اپنے مشہور حاشیہ

Marfat.com

(۴)۔ امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ:

آپ صوفیائے کرام کی صحبت سے پہلے اپنے بیٹے کو فرمایا کرتے تھے۔ اے بیٹے! علم حدیث کو مضبوطی سے تھام لو اور ان لوگوں کی صحبت سے بچو جو اپنے آپ کو صوفیاء کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ اکثر دینی احکام سے ناواقف ہوتے ہیں۔ لیکن جب آپ نے ابو حمزہ صوفی بغدادی کی صحبت اختیار کی اور صوفیائے کرام کے احوال سے آگاہ ہوئے تو فرمانے لگے۔ اے بیٹے! ان لوگوں کی ہم نشینی کو لازم پکڑو کیونکہ یہ لوگ کثرتِ علم. مراقبہ. خشیتِ الٰہی. زہد اور بلند ہمتی کی وجہ سے ہم پر فوقیت لے گئے۔

علامہ محمد سفارینی حنبلی رحمتہ اللہ علیہ. شیخ ابراہیم بن عبداللہ قلانسی سے روایت کرتے ہیں کہ امام احمد رحمتہ اللہ علیہ نے صوفیاء کرام کے متعلق فرمایا: "میرے علم میں ان سے افضل کوئی قوم نہیں"۔ آپ سے عرض کی گئی کہ یہ لوگ جب محفلِ سماع میں حاضر ہوتے ہیں تو ان پر وجد کی کیفیت آجاتی ہے آپ نے فرمایا کہ انہیں اپنے حال پر چھوڑ دو. تاکہ اللہ تعالیٰ کی معیت میں خوشی کا اظہار کریں۔

(۵)۔ امام حارث محاسبی رحمتہ اللہ علیہ:

امام حارث محاسبی رحمتہ اللہ علیہ راہِ حق تک رسائی حاصل کرنے کیلئے اپنی سخت جدوجہد کے متعلق گفتگو فرماتے ہیں: "حدیث میں وارد ہوا ہے کہ یہ امت تہتر(73) فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی جن میں سے ایک فرقہ ناجی ہے۔ اور باقی کے متعلق اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ میں نے زندگی کا ایک حصہ اختلافِ امت میں غور و فکر کرنے میں صرف کر دیا۔ اس سلسلہ میں. میں واضح راستہ اور صراط مستقیم کا متلاشی رہا۔ طلبِ علم اور اس پر عمل میں مصروف رہنے کے ساتھ ساتھ علمائے کرام کے ارشادات کے مطابق آخرت کی طرف لے جانے والے راستہ کو تلاش کرتا رہا۔ اس دوران میں نے قرآن کریم کے اکثر حصہ کو تاویلاتِ فقہاء کے ساتھ سمجھ لیا۔ اور اس کے بعد احوالِ امت میں غور و فکر کیا۔ اس کے مختلف مذاہب اور ان کے دلائل کو پرکھا اور اپنی عقل کے مطابق اس کو سمجھنے کی کوشش کی میں نے جان لیا کہ ان کا یہ اختلاف

Marfat.com

بحر عمیق ہے اس میں کثیر لوگ غرق ہو گئے۔ بہت کم لوگ محفوظ رہ سکے۔ میں نے یہ بھی دیکھا کہ ان میں سے ہر ایک گروہ یہ خیال کرتا ہے کہ نجات انہیں کیلئے ہے اور ان کے مخالفین کیلئے ہلاکت ہے۔ پھر میں نے دیکھا کہ لوگوں کی مختلف قسمیں ہیں۔

(۱)۔ وہ لوگ جو احوالِ آخرت سے آگاہ ہیں ان کی تعداد انتہائی قلیل ہے ان کے ساتھ ملاقات انتہائی مشکل ہے۔

(۲)۔ وہ لوگ جو جاہل ہیں اور ان سے دوری ہی بہتر ہے۔

(۳)۔ وہ لوگ جو علماء کا لبادہ اوڑھے ہیں۔ امور دنیا میں مشغول ہو کر اسی پر قناعت کر بیٹھے ہیں۔

(۴)۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو عالم کہتے ہیں اور اپنے علم کی وجہ سے تعظیم و تکریم کے متلاشی ہیں اور دین کے بدلے دنیا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

(۵)۔ وہ لوگ عالم ہونے کا دعوی کرتے ہیں لیکن علم کی حقیقت سے ناآشنا ہیں۔

(۶)۔ وہ جو عبادت گزاروں کے مشابہ اور اعمالِ خیر میں پیش پیش ہیں لیکن نہ تو ان کے پاس غنا ہے اور نہ ہی ان کا علم سامعین کے دلوں میں اثر کرتا ہے اور نہ ہی ان کی رائے پر کوئی اعتماد کرتا ہے۔

(۷)۔ وہ لوگ جو انتہائی زیرک اور ہوشیار ہیں لیکن تقویٰ و پرہیزگاری سے کوسوں دور ہیں۔

(۸)۔ وہ لوگ جو اپنی خواہشات کے تابع ہیں۔ دنیا کیلئے ذلیل ہوتے ہیں اور اس میں ریاست و سرداری کو طلب کرتے ہیں۔

(۹)۔ شیطان نما انسان جو آخرت کو بھول کر دنیا پر حریص ہیں اور اس کو جمع کرنے میں مصروف ہیں اور "هَلْ مِنْ مَّزِيْد" کے خواہشمند ہیں۔ وہ دنیا میں ظاہری طور پر زندہ ہیں لیکن حقیقت میں مردہ ہیں۔

Marfat.com

میں نے اپنی ذات کو ان لوگوں میں تلاش کیا تو مجھے بڑی پریشانی لاحق ہوئی تو میں نے صراط مستقیم کی تلاش میں ہدایت یافتہ لوگوں کی راہنمائی کے حصول کا قصد کیا۔ علم کو پیش نظر رکھ کر گہری نظر و فکر کی تو مجھے کتاب و سنت اور اجماعِ امت سے معلوم ہوا کہ خواہشات نفس کی پیروی ہدایت سے بے بہرہ اور حق سے دور کر دیتی ہے اور انسان ہمیشہ تاریکی میں بھٹکتا رہتا ہے۔ اس لیے میں نے سب سے پہلے اپنے دل سے خواہشات کو ختم کرنے سے ابتداء کی۔ اور تباہ کن خواہشات. ہلاکت خیز فرقوں سے بچتے ہوئے میں نے کسی فرقہ پر ناجی ہونے کا حکم نہ لگایا اور ناجی امت کا حکم لگانے میں کافی دیر متردد رہا۔ اور پھر راہ نجات کی تلاش میں کوشاں رہا۔

پھر میں نے پایا کہ قرآن کریم کے حکم کے مطابق امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ تقویٰ و پرہیزگاری کو اپنانے. ادائیگیٔ فرائض. حلال و حرام اور اللہ تعالیٰ کی قائم کردہ حدود میں انتہائی احتیاط. اطاعتِ الٰہی اور اتباعِ رسول کریم ﷺ میں اخلاص پر راہِ نجات کی بنیاد ہے۔ اس لیے محدثین سے فرائض و سنن کا علم حاصل کیا ۔ میں نے ان کا بعض مسائل میں اتفاق اور بعض میں اختلاف دیکھا لیکن وہ تمام اس بات پر متفق تھے کہ فرائض و سنن کا حقیقی علم ان علماء کے پاس ہے جن کو ذاتِ باری تعالیٰ اور اس کے احکام کی معرفت حاصل ہے۔ اور ان فقہاء کے پاس بھی یہ علم موجود ہے جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں۔ رضائے الٰہی کا حصول ان کا مطلوب و مقصود ہوتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء سے بچتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کی پیروی کرتے ہیں اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دیتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو احکام الٰہیہ اور انبیاء و مرسلین کی سنتوں کے امین ہیں۔

میں نے امت کے مختلف گروہوں میں ان صفات سے متصف گروہ کو تلاش کیا اور ان کے علم سے فیض یاب ہوا۔ میں نے دیکھا کہ یہ لوگ قلیل تعداد میں ہیں اور ان کا یہ علم کم ہوتا جا رہا ہے جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اسلام کا آغاز پردیس میں ہوا اور عنقریب پردیسی ہو جائے گا جس طرح اس کی ابتدا ہوئی۔ خوشخبری ہے پردیسیوں کیلئے"۔ (مسلم)

Marfat.com

مجھے یقین ہو گیا کہ یہی لوگ اسلام میں منفرد حیثیت رکھتے ہیں لیکن ان کی قلت تعداد کی وجہ سے مجھے افسوس ہوا۔ مجھے خدشہ لاحق ہوا کہ اختلاف امت کی وجہ سے مجھ پر جو شدید اضطرابی کیفیت طاری ہوئی اسی حالت میں پیغام اجل نہ آجائے۔ اس لیے میں نے ان علوم کی تحصیل میں جلدی کی جو ایک مسلمان کیلئے ضروری ہوتے ہیں۔ اور حصول علم میں انتہائی احتیاط سے کام لیا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ان لوگوں کی صحبت حاصل ہو گئی جن میں تقوی و پرہیزگاری اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دینے کے آثار نمایاں تھے۔ میں نے ان کے ارشادات اور نصائح کو سلف صالحین کے عمل کے مطابق پایا۔ میں نے انہیں دیکھا کہ وہ امت کو ارشاد و راہنمائی کرنے میں متفق ہیں۔ نہ تو وہ لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس کرتے ہیں اور نہ ہی رجاء کی اتنی تلقین کرتے ہیں کہ لوگ معصیت میں مبتلا ہو جائیں اور مصائب و مشکلات میں صبر کرنے اور اس کی قضا پر راضی رہنے اور اس کی نعمتوں پر شکر کرنے کی تلقین کرتے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے انعامات و احسانات ذکر کر کے اس کو بندوں کے نزدیک محبوب بناتے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رجوع کرنے پر ابھارتے۔ یہی وہ لوگ تھے جو اللہ تعالیٰ کی عظمت و قدرت کے معترف اور اس کی کتاب اور سنت رسول اللہ ﷺ کو جاننے والے اور دینی احکام کو سمجھنے والے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کن چیزوں کو پسند کرتا ہے اور کن کو ناپسند۔ یہ لوگ بدعات اور خواہشات نفس سے بچتے اور دین کے معاملہ میں غلو سے اجتناب کرتے۔ لڑائی جھگڑے کو ناپسند کرتے۔ غیبت اور ظلم کے قریب تک نہ جاتے اپنے خواہشات کی مخالفت اور اپنے نفوس کا محاسبہ کرتے۔ انہیں اپنے اعضاء پر پورا کنٹرول تھا۔ اپنے کھانے پینے 'لباس اور تمام احوال میں انتہائی تقوی و پرہیزگاری سے کام لیتے۔ شبہات سے پہلو تہی کرتے اور خواہشات نفس کو ترک کر کے قوت لایموت پر گزارہ کرتے۔ مباح اور حلال چیزوں میں بھی بہت کم رغبت رکھتے۔ قیامت کے دن ہونے والے حساب و کتاب سے خوفزدہ رہتے. اپنے حال میں ہی مگن رہتے۔ اپنے آپ کو انتہائی حقیر سمجھتے۔ ان میں سے ہر ایک اپنی فکر میں مبتلا رہتا۔ یہ لوگ احوال آخرت اور روز جزا . اللہ تعالیٰ کے عظیم ثواب اور

Marfat.com

دردناک عذاب سے باخبر تھے۔ اور یہ چیز ان کے دائمی غمگین رہنے کا سبب تھی۔ اس لیے انہوں نے دنیا کے سرور اور نعمتوں سے اعراض کیا۔ انہوں نے دین کے ایسے اوصاف اور تقوی و پرہیزگاری کی ایسی حدود بیان کیں جس کی وجہ سے میرا دل خوفزدہ ہو گیا۔ میں نے یہ جان لیا کہ دین کے آداب اور ورع و پرہیزگاری ایسا سمندر ہے جس سے نجات میرے بس کی بات نہیں۔ اور مجھ جیسا شخص ان حدود پر قائم نہیں رہ سکتا۔ جب میں نے یہ تمام اوصاف ان لوگوں میں دیکھے تو مجھ پر ان کی فضیلت ظاہر ہوئی اور ان کا خلوص دکھائی دیا تو میں نے یقین کر لیا کہ یہی لوگ راہ آخرت کے مسافر اور انبیاء و مرسلین کی سنت کے تابع ہیں۔ یہی وہ چراغ ہیں جن سے روشنی حاصل کی جا سکتی ہے۔ یہی وہ مینارہ نور ہیں جن سے راہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس لیے میں ان کے مذہب میں رغبت کرنے لگا۔ اور ان کے آداب کو تسلیم کر کے ان سے اکتساب فیض کرنے لگا۔ میں ان کی خدمت میں مشغول ہو گیا۔ میرے نزدیک دنیا کی کوئی چیز بھی ان سے عزیز نہ تھی اور نہ ہی کسی کو ان پر ترجیح دیتا تھا۔ اس کی برکت کی وجہ سے مجھے اللہ تعالیٰ نے وہ علم عطا فرمایا جس کے دلائل قوی اور دیگر علوم پر اس کی فضیلت عیاں تھی۔ مجھے یقین ہو گیا کہ جو اس کو اختیار کر کے اس پر عمل پیرا ہو گا وہ نجات پا جائے گا۔ اور جو اس کی مخالفت کرے گا وہ کجرو ہو گا۔ اور جو اس کا انکار کرے گا اس کے دل پر سیاہی جم جائے گی۔ اور اس کو سمجھنے والا کامیاب ہو جائے گا۔ ان سب چیزوں کو جان لینے کے بعد میں نے یقین کر لیا کہ اس علم کو اپنانا اور اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا واجب ہے۔ اس لیے میں نے صدق دل سے اس کو قبول کر لیا اور اس کو اپنے دین کی اساس قرار دیا اور اسی پر اپنے اعمال کی بنیاد رکھی۔ اس کی برکت سے میرے احوال میں تبدیلی آگئی اور میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی کہ وہ مجھے اس نعمت کا شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور جو علم مجھے عطا فرمایا ہے اس پر عمل کرنے کی قوت عطا فرمائے۔ حقیقۃً میں اس کا شکریہ ادا نہیں کر سکتا۔

(٦)۔ شیخ عبد القاہر بغدادی رحمتہ اللہ علیہ:

Marfat.com

عظیم امام حجتہ المتکلمین شیخ عبدالقاہر بغدادی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "الفرق بین الفرق" میں فرماتے ہیں: "اس باب کی فصل اول اہلسنّت و الجماعت کی اقسام کے بیان میں ہے۔ یہ جاننا ضروری ہے کہ اہلسنّت و الجماعت میں آٹھ قسم کے لوگ شامل ہیں۔

(۱)--- وہ لوگ جو توحید و نبوت. احکام وعد و وعید. ثواب و عقاب. شرائط اجتہاد. امامت و قیامت وغیرہ علوم کے ماہر ہیں۔

(۲)--- ان میں وہ ائمہ و فقہاء شامل ہیں جن کا تعلق اہل رائے اور حدیث سے ہے۔ یہ لوگ اصولِ دین میں اللہ تعالیٰ اور اس کی ازلی صفات کے بارے میں صفاتیہ مذہب والوں کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ قدریہ اور معتزلہ کے مخالف ہیں۔ جنت کی نعمتوں اور عذاب جہنم کے دائمی ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ خلفائے راشدین کی خلافت کو تسلیم کرتے ہیں۔ سلف صالحین کے ساتھ دلی لگاؤ رکھتے ہیں۔ ان کے نزدیک جمعہ ہر اس امیر کے پیچھے واجب ہے جو صحیح العقیدہ ہو۔ قرآن و سنت اور اجماعِ صحابہ سے احکامِ شریعت کا استنباط بھی ان کے نزدیک واجب ہے۔ یہ جماعت امام مالک. امام شافعی. ابو حنیفہ اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کے اصحاب پر مشتمل ہے۔

(۳)--- یہ محدثین کا گروہ ہے جنہیں نبی کریم ﷺ سے مروی احادیث پر گہری درک ہے۔ یہ لوگ صحیح اور ضعیف حدیث کے درمیان امتیاز کرنے کے ماہر ہیں۔ اسی طرح جرح و تعدیل کے اسباب سے واقف ہوتے ہیں۔ ان کا یہ علم باطل فرقوں کے عقائد سے پاک ہوتا ہے۔

(۴)--- یہ وہ لوگ ہیں جو ادب اور صرف و نحو کے ماہر شمار ہوئے ہیں۔ یہ خلیل بن احمد. ابی عمرو بن علا اور سیبویہ جیسے مایہ ناز ائمہ کے طریقہ پر چلتے ہیں۔

(۵)--- یہ لوگ قرآن کریم کی مختلف قرأتوں میں مہارت تامہ رکھتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مذہب اہلسنّت کے مطابق قرآنی آیات کی تفسیر و تاویل بھی جانتے ہیں۔ اور اہل ھوٰی کی تاویلات سے گریز کرتے ہیں۔

(۶)--- یہ صوفیائے کرام کا وہ گروہ ہے جو دنیا کی بے ثباتی پر یقین رکھتا ہے۔

Marfat.com

اور اس سے اپنا ہاتھ کھینچ لیتے ہیں۔ اور جب انہیں آزمائش میں مبتلا کیا جائے تو اس سے نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ راضی برضا رہ کر جو کچھ میسر ہو اسی پر قناعت کرتے ہیں انہیں بخوبی علم ہے کہ کان . آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک سے اچھائی اور برائی کے متعلق سوال ہو گا۔ ذرے ذرے کا حساب دینا پڑے گا۔ اس لیے وہ یوم آخرت کیلئے تیاری کرتے ہیں۔ محدثین کے کلام کی طرح ان کا کلام عبارت و اشارہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ ریاء کیلئے نیکی نہیں کرتے اور نہ ہی حیاء کی وجہ سے اس کے تارک ہوتے ہیں۔ ان کے عقیدہ کی بنیاد توحید پر اور تشبیہ کی نفی پر ہے۔ اپنے معاملے کو اللہ کے سپرد کرنا . اسی پر توکل کرنا اور اس کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنا' جو میسر ہو اسی پر قناعت کر لینا . اور اس پر اعتراض نہ کرنا ان کا مذہب ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ (الجمعہ:۴)

"یہ اللہ کا فضل ہے عطا فرماتا ہے جسے چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ صاحب فضل عظیم ہے"

(۷)--- یہ وہ لوگ ہیں جو مسلمانوں کی حفاظت کیلئے اسلامی سرحدوں پر ڈیرہ ڈالے ہوئے دشمنان اسلام سے بر سرپیکار رہتے ہیں۔

(۸)--- ان سے مراد وہ لوگ ہیں جو ان علاقوں میں آباد ہیں جن میں اہلسنت والجماعت کے طور طریقے غالب ہیں۔ نہ کہ ان علاقوں میں آباد لوگ جن میں باطل فرقوں کے عقائد غالب ہیں۔

(۷)۔ امام قشیری رحمتہ اللہ علیہ:

امام ابو قاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ اپنے مشہور رسالہ کے مقدمہ میں صوفیاء کرام کے متعلق فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس گروہ کو اپنا مقرب بنایا ہے۔ انبیاء و رسل علیہم السلام کے بعد ان کو اپنے تمام بندوں پر فضیلت عطا فرمائی ہے اور ان کے دلوں کو اپنے اسرار کا خزینہ بنا دیا ہے اور تمام امت میں سے اپنے انوار و تجلیات کیلئے

Marfat.com

ان کو خاص کرلیا ہے۔ یہ مخلوق خدا کے فریاد رس بھی ہیں۔ عمومی احوال میں انہیں اللہ تعالیٰ کی معیت حاصل ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی بشری کدورتوں کو پاک کر کے انہیں مقام مشاہدہ پر فائز کر دیتا ہے۔ اور انہیں آداب عبودیت کے بجالانے کی توفیق عطا کرتا ہے اور احکام ربوبیت کے مصدر و منبع سے انہیں روشناس کرا دیتا ہے۔ وہ فرائض و واجبات کو احسن طریقے سے ادا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و احسان سے کائنات میں جو تصرف کا اذن ملتا ہے لیکن وہ اس کے باوجود انتہائی عاجزی و انکساری سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رجوع کرتے ہیں اور اپنے احوال و مقامات کی طرف توجہ نہیں کرتے کیونکہ انہیں یقین ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے نواز دیتا ہے۔ مخلوق کا اس پر کوئی حکم نہیں اور نہ ہی اس پر کسی کا کوئی حق واجب ہے۔ مخلوق کو ثواب عطا کرنا اس کا محض فضل و احسان ہے اور اس کو عذاب دینا عدل ہے اور اس کا ہر فیصلہ اٹل ہے۔

(۸)۔ امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ:

حجتہ الاسلام امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ صوفیائے کرام بارگاہ الٰہی تک پہنچانے والے ان کے سلوک اور طریقے کے متعلق فرماتے ہیں کہ مجھے یقین ہو گیا کہ صوفیائے کرام ہی اللہ تعالیٰ کے خاص راستہ پر چلنے والے ہیں۔ ان کی سیرت اچھی. ان کا طریقہ تمام طرق سے صحیح اور ان کے اخلاق تمام سے عمدہ ہوتے ہیں۔ پھر صوفیائے کرام کے مخالفین کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ معترضین اس طریقہ کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں جس کی پہلی شرط ماسوٰی اللہ سے دل کو پاک کرنا ہے اور پھر کلیۃً ذکر الٰہی میں دل کو مستغرق کرنا. نماز کی تکبیر تحریمہ کے قائم مقام ہے اور جس کی انتہا فنافی اللہ ہے۔

(۹)۔ امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ:

عظیم مفسر امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "اعتقادات

Marfat.com

فرق المسلمین والمشرکین" میں فرمایا کہ امت اسلامیہ کے فرقوں کے متعلق لکھنے والے اکثر لوگوں نے گروہ صوفیاء کا ذکر نہیں کیا اور یہ خطا ہے کیونکہ صوفیائے کرام کی تعلیمات کا لب لباب یہ ہے کہ معرفت الٰہی کے حصول کا طریقہ اپنے آپ کو علائق بدنیہ سے پاک کرنا ہے اور یہ بہترین طریقہ ہے۔ اور دوسرے مقام پر آپ فرماتے ہیں "صوفیائے کرام وہ لوگ ہیں جو غور و فکر اور نفس کو علائق بدنیہ سے پاک کرنے میں مصروف رہتے ہیں اور اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ تمام تصرفات اور اعمال میں ان کا دل ذکر الٰہی سے خالی نہ ہو۔ اور وہ بارگاہ الٰہی میں انتہائی باادب رہتے ہیں اور یہ لوگ تمام انسانی فرقوں میں افضل ترین ہیں۔

(۱۰)۔ العزبن عبدالسلام رحمتہ اللہ علیہ:

سلطان العلماء عزبن عبدالسلام رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صوفیائے کرام نے اپنے اصولوں کی بنیاد شریعت کے ان قواعد پر استوار کی ہے جنہیں دنیا و آخرت میں زوال نہیں۔ اور دوسرے لوگوں نے اپنے اصولوں کی بنیاد محض رسوم پر رکھی ہے۔ صوفیائے کرام کے ہاتھوں واقع ہونے والی کرامات اس کی دلیل ہیں کیونکہ یہ چیزیں قربت اور رضا پر دلالت کرتی ہیں۔ کیونکہ عمل کے بغیر علم اگر بارگاہ الٰہی میں پسندیدہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ اہل علم کے ہاتھ پر کرامات کا ظہور فرمادیتا اگرچہ وہ اپنے علم پر عمل پیرا نہ بھی ہوتے لیکن یہ بعید از قیاس ہے۔

(۱۱)۔ امام نووی رحمتہ اللہ علیہ:

امام نووی اپنے رسالہ "المقاصد" میں فرماتے ہیں. تصوف کے پانچ اصول ہیں۔

(i)۔ ظاہراً و سراً اللہ تعالیٰ سے تقویٰ اختیار کرنا۔

(ii)۔ اقوال و افعالِ سنت کی اتباع کرنا۔

(iii)۔ ہر حال میں مخلوق خدا سے لاتعلق رہنا۔

Marfat.com

(iv)۔ قلیل و کثیر میں اللہ تعالیٰ پر راضی رہنا۔
(v)۔ تنگی و خوشحالی میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رجوع کرنا۔

(۱۲)۔ شیخ ابن تیمیہ:

شیخ احمد بن تیمیہ نے اپنے فتاویٰ میں صوفیائے کرام کے کتاب و سنت پر عمل پیرا ہونے کے بارے میں فرمایا ہے کہ سالکین میں سے صاحب استقامت جس طرح جمہور مشائخ سلف جن میں فضیل بن عیاض. ابراہیم بن ادھم. ابو سلیمان دارانی. معروف کرخی. سری سقطی اور جنید بن محمد رحمہم اللہ وغیرہ متقدمین سے اور متاخرین میں سے شیخ عبدالقادر جیلانی. شیخ حماد. شیخ ابوالبیان رحمہم اللہ وغیرہ شامل ہیں۔

یہ تمام مشائخ سالک کیلئے شرعی امر اور نہی سے آزاد ہونے کو جائز قرار نہیں دیتے۔ اگرچہ وہ ہوا میں اڑتا ہو یا پانی پر چلتا ہو. بلکہ اس پر لازم ہے کہ وہ تادم واپسی امر کو بجالائے اور نہی سے اجتناب کرے۔ اور یہی بات حق ہے جس پر کتاب و سنت اور سلف صالحین کا اجماع دال ہے۔

(۱۳)۔ امام شاطبی رحمتہ اللہ علیہ:

عشیرہ محمدیہ کے مجلہ مسلم میں سید ابو تقی احمد خلیل کا مضمون "امام شاطبی صوفی سلفی" کے عنوان سے چھپا ہے. آپ فرماتے ہیں. امام شاطبی کی کتاب "الاعتصام" کو وہابی اپنی بعض آراء کیلئے بنیادی ماخذ شمار کرتے ہیں۔ صاحب کتاب کو اپنا امام مانتے ہیں۔ لیکن اس کے برعکس امام شاطبی نے اپنی کتاب میں اسلامی تصوف کے متعلق چند اہم فصلیں ذکر کی ہیں۔ اور یہ ثابت کیا ہے کہ تصوف دین کا اہم رکن ہے۔ یہ نئی چیز نہیں ہے کہ اسے دین میں داخل کیا گیا ہو۔ آپ نے یہاں تحقیق کا حق ادا کر کے مخالفین کی زبانوں کو بند کر دیا ہے۔ قلوب و اذہان میں ان کی تحقیق نے گہرے نقوش چھوڑے۔

آپ فرماتے ہیں 'اکثر جہلاء کا صوفیاء کے بارے میں یہ اعتقاد ہے کہ وہ

Marfat.com

کتاب و سنت کی اتباع میں تساہل پسندی سے کام لیتے ہیں۔ اور غیر شرعی امور کو اپنے اوپر لازم قرار دیتے ہیں. لیکن یہ الزام خلاف واقع ہے اور اس قسم کے اعتقاد کی ان سے توقع نہیں کی جا سکتی۔ کیونکہ سب سے پہلے جس چیز پر ان کے طریقہ کی بنیاد ہے وہ اتباع سنت اور ان چیزوں سے اجتناب کرنا ہے جو خلاف سنت ہوں. حتیٰ کہ امام الصوفیاء ابوالقاسم قشیری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صوفیائے کرام نے اپنے لیے تصوف کا نام اسی وجہ سے خاص کیا تھا۔ تاکہ وہ اہل بدعت سے ممتاز ہو جائیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد مسلمان صحابی کے لقب سے موسوم تھے کیونکہ صحبت رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر کوئی فضیلت نہ تھی۔ پھر ان کے بعد آنے والے لوگوں کو تابعی کا لقب دیا گیا۔ ان کے بعد لوگوں کے مراتب مختلف ہو گئے۔ اور وہ خواص جو دین پر سختی سے کاربند تھے انہیں زاہد و عابد کہا جانے لگا پھر جب بدعتوں کا ظہور ہوا تو ہر فریق دعویٰ کرنے لگا کہ ان میں زاہد و عابد ہیں۔ اس صورت حال میں اہلسنّت کے وہ خواص جو اپنے نفوس پر خصوصی توجہ رکھتے تھے اور اپنے دلوں کو غفلت سے محفوظ رکھتے تھے وہ تصوف کے اس نام کے ساتھ مشہور ہو گئے۔

(۱۴)۔ ابن خلدون رحمتہ اللہ علیہ:

ابن خلدون رحمتہ اللہ علیہ تصوف کے بارے میں فرماتے ہیں، علم تصوف ان علومِ شرعیہ میں سے ہے جو ملتِ اسلامیہ میں معرض وجود میں آئے۔ صوفیائے کرام کا طریقہ صحابہ کرام. تابعین اور بعد میں آنے والے سلف صالحین کے نزدیک حق و ہدایت کا طریقہ سمجھا جاتا تھا۔ اس کی بنیاد عبادت کی طرف بھرپور توجہ اور ذات باری تعالیٰ سے خاص تعلق. دنیا کی زیب و زینت سے اعراض اور لذتِ. مال و جاہ و حشمت جس کی طرف عوام الناس متوجہ ہوتے ہیں. ان سے زہد اختیار کرنے اور عبادت کیلئے خلوت نشینی اختیار کرنے پر ہے۔ یہ تمام چیزیں صحابہ کرام اور سلف صالحین میں عام تھیں لیکن دوسری صدی اور اس کے بعد والے دور میں لوگ دنیا کی طرف متوجہ ہو گئے تو عبادت گزار لوگوں کے ساتھ صوفیاء کا لقب خاص ہو گیا۔

Marfat.com

(۱۵)۔ شیخ تاج الدین سبکی رحمتہ اللہ علیہ:

شیخ تاج الدین سبکی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "معید النعم و مبید النقم" میں صوفیاء کے عنوان کے تحت رقمطراز ہیں "اللہ تعالیٰ انہیں طویل زندگی عطا فرمائے۔ انہیں اور ہمیں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ صوفیائے کرام کی حقیقت سے لا علمی اور جعلی پیروں کی کثرت سے ان کے بارے میں مختلف اقوال مشہور ہیں۔ حتیٰ کہ امام جوینی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ان کی حقیقت سے آگاہی ممکن نہیں۔ کیونکہ ان کو کسی ایک تعریف کے ساتھ مقید نہیں کیا جا سکتا۔ امام سبکی فرماتے ہیں کہ علم تصوف کی تعریف کرنا ممکن ہے۔ صوفیاء کرام وہ لوگ ہیں جو دنیا سے اعراض کرتے ہیں اور اکثر اوقات عبادت میں مصروف رہتے ہیں پھر آپ نے تصوف کی مختلف تعریفات ذکر کی ہیں اور آخر میں فرمایا" حاصل کلام یہ ہے کہ صوفیائے کرام اللہ تعالیٰ کے وہ خاص بندے ہیں جن کے ذکر سے رحمت سایہ فگن ہوتی ہے اور جن کی دعا سے بارش نازل ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سے اور ان کے طفیل ہم سے بھی راضی ہو"۔

(۱۶)۔ امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ:

امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "تائید الحقیقہ" میں فرماتے ہیں: "علم تصوف فی نفسہ ایک عظیم علم ہے۔ اس کا دارومدار اتباع سنت۔ ترک بدعت۔ نفس اور اسکی خواہشات سے کنارہ کشی۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے سر تسلیم خم کرنے اور اس کی قضا پر راضی رہنے۔ اس کی محبت کی خواہش اور ماسویٰ اللہ سے ناپسندیدگی پر ہے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ اس میں بہت سے ایسے لوگ داخل ہو گئے ہیں جن کا تصوف سے دور کا بھی واسطہ نہیں اور انہوں نے تصوف میں غیر شرعی امور کو داخل کر دیا ہے۔ اور یہ بات تمام صوفیائے کرام کے بارے میں بدگمانی کا سبب بنے ہیں اسی لیے اہل علم نے حقیقی صوفیائے کرام اور جعلی صوفیاء کے درمیان تمیز کرنے کی کچھ علامات ذکر کی ہیں تاکہ حق و باطل کے درمیان فرق ہو سکے میں نے ان امور میں غور و فکر کیا ہے جن کی وجہ سے اہل علم صوفیاء پر اعتراض کرتے ہیں۔ لیکن میں

Marfat.com

نے کوئی ایسا حقیقی صوفی نہیں دیکھا جو ان عقائد کا حامل ہو۔ بلکہ ان امور کا ارتکاب وہ اہل بدعت اور غالی لوگ کرتے ہیں جو دعویٰ تو صوفیاء ہونے کا کرتے ہیں لیکن حقیقت میں صوفیاء نہیں ہوتے۔

(۱۷)۔ علامہ ابن عابدین رحمتہ اللہ علیہ:

خاتمۃ المحققین۔ عظیم فقیہ ابن عابدین رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب "مجموعہ رسائل" میں دین میں اضافہ شدہ بدعات کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں جن کا ارتکاب وفات اور ختم وغیرہ کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ ان امور کا ارتکاب وہ لوگ کرتے ہیں جو اہل علم کا لبادہ اوڑھے ہوئے ہوتے ہیں اور اپنے آپ کو صوفیاء کی طرف نسبت کرتے ہیں اس کے بعد آپ اس غلط فہمی کو دور کرنے کیلئے کہ یہاں صوفیاء سے مراد حقیقی صوفیاء نہیں۔ مزید فرماتے ہیں کہ ہماری گفتگو ان مشائخ عظام اور صوفیاء کرام کے بارے میں نہیں ہے جو ہر قسم کی گھٹیا خصلت سے مبرا ہیں۔ امام الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ بعض لوگوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اور دائیں بائیں جھکنے لگتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی معیت میں خوش ہونے دو۔ معرفت الٰہی کے سفر نے ان لوگوں کے جگروں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔ تھکاوٹ نے ان کے دلوں کو پاش پاش کر دیا ہے۔ ان پر اضطراب کی کیفیت طاری ہے۔ اگر وہ اپنے حال کے مداوا کی خاطر کچھ آرام کر لیں تو کوئی حرج نہیں۔ اگر تو بھی یہ لذت چکھ لیتا تو آہ و بکا میں ان کو معذور سمجھتا۔ علامہ کمال پاشا سے جب اس کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے حضرت جنید رحمتہ اللہ علیہ کی طرح جواب دیا۔ آپ نے فرمایا:

(i)۔ اگر تیری حقیقت تک رسائی ہے تو وجد میں کوئی حرج نہیں۔ اور اگر تو مخلص ہے تو رقص میں کوئی مضائقہ نہیں۔

(ii)۔ تو تو ایک ٹانگ پر چل رہا ہے اور جس کو اس کا مولا پکارے اس پر لازم ہے کہ وہ سر کے بل چلے۔

Marfat.com

آپ فرماتے ہیں کہ ذکر اور سماع کے وقت جو مختلف کیفیات ہم نے ذکر کی ہیں ان میں رخصت ان عارفین کیلئے ہے جو اپنے اوقات کو اچھے اعمال میں صرف کرتے ہیں۔ افعال قبیحہ سے اپنے آپ کو محفوظ رکھتے ہیں۔ اگر وہ کچھ سنتے ہیں تو اسی ذات سے۔ اور اگر وہ کسی کے مشتاق ہوتے ہیں تب بھی اسی کیلئے۔ جب وہ اس کا شکر کرتے ہیں تو اس کی نعمتوں کا اظہار کرتے ہیں۔ جب وہ اس کو پالیتے ہیں تو نعرۂ مستانہ بلند کرتے ہیں۔ جب اس کا مشاہدہ کرتے ہیں تو پر سکون ہو جاتے ہیں۔ جب اس کے قرب سے سرفراز ہوتے ہیں تو بارگاہ قدس میں خوب سیر کرتے ہیں۔ جب ان پر وجد غالب آجاتا ہے اور اس کی ارادت کا جام طہور نوش کر لیتے ہیں تو بعض سالکین پر ہیبت طاری ہو جاتی ہے تو وہیں سجدے میں گر کر اپنی جان جاں آفریں کے سپرد کر دیتے ہیں اور بعض پر لطف و کرم کے بادل برستے ہیں تو وہ جھومنے لگتے ہیں اور خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اور بعض وہ خوش نصیب ہوتے ہیں کہ مطلع قرب سے محبوب ان کیلئے جلوہ افروز ہوتا ہے تو وہ جلوۂ محبوب میں مست ہو کر بیخود ہو جاتے ہیں۔

آپ مزید فرماتے ہیں کہ عارفین کا سماع حقائق ربانیہ کے حصول کا سبب ہے اور یہ سماع ذات باری تعالیٰ کی حمد و ثنا. نعت رسول مقبول ﷺ اور حکیمانہ مواعظ پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہمارا اعتراض ان لوگوں پر نہیں ہے جو ان عارفین کی اقتدا کرتے ہیں اور ان کی بارگاہ سے کچھ فیض حاصل کر لیتے ہیں اور ذات باری تعالیٰ کی محبت اور شوق میں مگن رہتے ہیں بلکہ ہمارا اعتراض تو ان فاسق و فاجر عام لوگوں پر ہے جو صوفیائے کرام کو بدنام کرتے ہیں۔

(۱۸)۔ شیخ محمد عبدہ:

مجلہ مسلم نے شیخ محمد عبدہ کی تصوف کے متعلق رائے ذکر کی ہے اور شیخ علی محفوظ نے اپنی کتاب "ابداع" میں اس کو نقل کیا ہے کہ شیخ محمد عبدہ فرماتے ہیں۔ "تاریخ اسلام اور اسلام میں ظاہر ہونے والی وہ رسوم و بدعات جنہوں نے اسلام کے حقیقی حسن کو مسخ کر دیا ہے اور مسلمانوں کے جہالت میں گرفتار ہونے کے اسباب کے

Marfat.com

متعلق تحقیق کرنے والے بعض محققین غلط فہمی کا شکار ہیں۔ ان کے خیال کے مطابق تصوف بھی ان اسباب میں شامل ہے جنہوں نے مسلمانوں کو اپنے دین سے بے بہرہ اور اس توحید خالص سے دور کر دیا ہے جو اخروی عذاب سے نجات کی بنیاد ہے اور اسی پر اعمال کے صحیح ہونے کا دارومدار ہے۔ لیکن ان کا یہ خیال صحیح نہیں ہے۔ ہم اجمالی طور پر تصوف کی حقیقت کو بیان کرتے ہیں۔

تصوف کا ظہور اسلام کے ابتدائی دور میں ہوا اس وقت اس کو ایک امتیازی حیثیت حاصل تھی اور اس کا بنیادی مقصد تعمیر اخلاق اور نفوس کو تہذیب و شائستگی سے آراستہ کر کے احکام دین پر عمل پیرا ہونے کیلئے نفوس کی تربیت اور ان کو دین کی طرف مائل کرنا. اور تدریجاً دین کے اسرار و رموز سے اس کو آگاہ کرنا تھا۔ فقہاء اور علمائے ظاہر صوفیاء پر اعتراض کرتے تھے۔ ان پر بے دینی کی تہمت لگاتے تھے۔ اس وقت فقہاء کو بڑی اہمیت حاصل تھی کیونکہ امراء اور سلاطین اسلامی احکام نافذ کرنے میں ان کے دست نگر تھے۔ اس صورت حال میں صوفیاء اپنے طرز عمل کو مخفی رکھنے پر مجبور ہو گئے اور انہوں نے اپنا مقصد سمجھانے کیلئے بعض اشارات. رموز اور اصطلاحات وضع کر لیے اور صرف اسی کو اپنے ساتھ ملاتے جو ان کی کڑی شرائط اور آزمائش پر پورا اترتا ہو۔ اور یہ کہا کرتے کہ جو ہمارے ساتھ چلنے کا خواہشمند ہے پہلے طالب پھر مرید اور پھر سالک ہے۔ اور سلوک کے بعد یا تو وہ منزل مقصود تک پہنچ جائے گا یا راستہ سے بھٹک جائے گا وہ طویل عرصہ تک طالب کے اخلاق و اطوار کا امتحان لیتے تاکہ وہ جان لیں کہ طالب صحیح الارادہ اور پختہ عزم ہے۔ صرف ان کے اسرار پر آگاہی حاصل کرنے کیلئے نہیں آیا۔ اس چیز کا یقین ہونے کے بعد تدریجاً اس کی تربیت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

(۱۹)۔ الامیر شکیب ارسلان رحمتہ اللہ علیہ:

امیر شکیب ارسلان اپنی کتاب "حاضر العالم الاسلامی" میں "افریقہ میں اسلام کی ترقی اور اس کے اسباب" کے تحت لکھتے ہیں کہ اٹھارویں انیسویں صدی میں

Marfat.com

سلسلہ قادریہ اور شاذلیہ کے پیروکاروں میں ترقی کی نئی تحریک پیدا ہوئی۔ اور سلسلہ تیجانیہ اور سنوسیہ کا آغاز ہوا۔

سلسلہ قادریہ کے پیروکار مغربی افریقہ میں دین اسلام کے انتہائی پرجوش مبلغ تھے۔ انہوں نے سینیگال سے بنین تک اسلام کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے ان علاقوں میں تعلیم و تجارت کے ذریعہ دین کی نشرواشاعت کی۔ مغربی افریقہ کے اکثر تاجر سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں سے بعض مریدین جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے وہ چھوٹے چھوٹے مدارس کھول لیتے اور یہ مدارس صرف سلسلہ قادریہ کی خانقاہوں میں ہی نہ قائم کرتے بلکہ قریہ قریہ میں مدارس قائم کرتے۔ اور دوران تعلیم افریقی بچوں کو دین کی تبلیغ کرتے اور پھر محنتی اور ذہین طلبہ کو خانقاہ کے خرچ پر طرابلس، قیروان کے مدارس فاس کی جامع القرویین اور مصر کی جامع الازہر میں اعلیٰ تعلیم کیلئے بھیجتے۔ یہ طلبہ وہاں اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے سوڈان میں عیسائیوں کے مشنری مبلغین سے مقابلہ کرتے۔

آپ سلسلہ قادریہ کے شیخ طریقت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ ایران کے شہر جیلان میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک عظیم صوفی تھے۔ آپ کے مریدین کی تعداد شمار سے باہر ہے حتیٰ کہ آپ سے سلسلہ سے تعلق رکھنے والے اسپین تک پہنچ گئے۔ جب غرناطہ میں عربوں کی سلطنت کا زوال آیا پھر سلسلہ قادریہ کا مرکز وہاں سے فاس منتقل ہو گیا۔ اس سلسلہ کی برکت کی وجہ سے اہل بربر کی کثیر بدعات کا خاتمہ ہو گیا۔ اور وہ اہلسنّت والجماعت سے وابستہ ہو گئے۔ اسی طرح پندرہویں صدی عیسوی میں مغربی افریقہ کے بہت سے حبشی اس سلسلہ کی برکت سے دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔

سلسلہ سنوسیہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ سلسلہ سنوسیہ کے متعلقین افریقہ کے مختلف علاقوں میں اسلام کی شمع کو روشن کرتے ہوتے نائیجر تک پہنچ گئے اور وہاں کے قبائل کو اسلام کی دعوت دی اور اسی سلسلہ کی برکت سے بحیرہ چاڈ کے اردگرد کے علاقے وسط افریقہ میں عالم اسلام کا مرکز بن گئے۔ ان علاقوں میں سلسلہ سنوسیہ کے

Marfat.com

مریدین کی تعداد چار ملین کے لگ بھگ ہے۔ ان کا طریقہ تبلیغ یہ ہے کہ یہ سوڈان سے چھوٹی عمر کے غلاموں کو خریدتے ہیں پھر جغبوب اور غزامس وغیرہ کے علاقہ جات میں تربیت کرتے ہیں۔ جب یہ بلوغ کی حد تک پہنچ کر اپنی تعلیم کو مکمل کرتے ہیں تو انہیں آزاد کر کے سوڈان کے قرب و جوار میں چھوڑ دیتے ہیں تاکہ وہ اپنی قوم کے باقی لوگوں کی دین اسلام کی طرف راہنمائی کریں۔ اس طرح سلسلہ سنوسیہ کے سینکڑوں مبلغین براعظم افریقہ کے مختلف ممالک میں اسلام کی نشرواشاعت کیلئے کوچ کرتے ہیں۔ شیخ محمد مہدی اور ان کے بھائی شیخ شریف اپنے والد محترم کے نقش قدم پر چل کر اسی مقصد کیلئے کوشاں ہیں یعنی براعظم افریقہ میں اسلام کو بیرونی اثرات سے آزاد کر کے خلافت راشدہ کے نظام کو قائم کرنا۔ المختصر یہ کہ ان سلاسل کے مریدین نے براعظم افریقہ میں اسلام کی نشرواشاعت میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

آپ سلسلہ سنوسیہ کے متعلق مزید فرماتے ہیں "سلسلہ سنوسیہ کے مبلغین انتہائی جوشیلے اور غیور ہیں۔ یہ صحرائی خانقاہوں کے تربیت یافتہ ہیں۔ یہ ہزاروں کی تعداد میں دین اسلام کی نشرواشاعت کیلئے ان تمام علاقوں میں نکلتے ہیں جن کے باشندے بت پرست ہیں۔ انیسویں صدی سے لے کر آج تک ان مسلمان مبلغین نے مغربی افریقہ اور وسطی افریقہ میں اسلام کی نشرواشاعت کیلئے حیران کن کامیابیاں حاصل کی ہیں حتیٰ کہ بہت سے یورپی مفکرین نے بھی اس بات کو تسلیم کیا ہے۔ بیس سال پہلے اسی سلسلہ میں ایک انگریز نے کہا تھا کہ وسط افریقہ میں اسلام کو بہت کامیابی ہو رہی ہے اور بت پرستی کا نام و نشان اس طرح مٹتا جا رہا ہے جس طرح سورج کی کرنوں کے سامنے رات کی تاریکی چھپ جاتی ہے اور اس کے مقابلہ میں عیسائی مشنری ناکام ہو گئی ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ سلسلہ شاذلیہ شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے۔ ان کی بیعت عبداللہ بن سلام بن مشیش سے تھی اور ان کے مرشد و مربی ابومدین رحمتہ اللہ علیہ تھے جو 1127ء کو شیلیہ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم فاس میں حاصل کی اور پھر حج کا ارادہ کر کے نکلے اور حج بیت اللہ کے بعد جابیہ کے مقام

Marfat.com

پر اقامت پذیر ہو گئے اور درس تصوف دیتے رہے۔ بہت سی مخلوق خدا آپ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئی اور یہ سلسلہ ان سلاسل میں سے تھا جو پہلے پہل سرزمین مغرب میں داخل ہوئے اور اس کا مرکز مراکش میں تھا اور اسی سلسلہ کے مشائخ میں سے شیخ عربی درقاوی رحمتہ اللہ علیہ المتوفی 1823ء تھے۔ جنہوں نے اپنے مریدوں میں نئے سرے سے دینی حمیت کی روح پھونک دی۔ فرانسیسی فوج کو روکنے میں ان لوگوں نے اہم کردار ادا کیا۔

امیر شکیب ارسلان اپنے اس موضوع کو سمیٹتے ہوئے فرماتے ہیں کہ براعظم افریقہ میں اسلام کی اس ترقی کا سہرا تصوف اور اولیائے کرام سے اعتقاد پر ہے۔

(۲۰)۔ شیخ رشید رضا رحمتہ اللہ علیہ:

شیخ رشید رضا فرماتے ہیں کہ صوفیاء کرام کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ بلا شرکت غیر ارکان دین میں سے ایک اہم رکن کی تعلیم و تربیت ان کے ذمہ ہے اور وہ علم و اخلاق حسنہ اپنانے کے ذریعہ نفس کو مہذب بناتا ہے۔ پھر جب ملت اسلامیہ میں علوم کی تدوین ہوئی تو مشائخ کرام نے بھی تہذیب اخلاق اور محاسبہ نفس کے بارے میں کتب تالیف فرمائیں۔

(۲۱)۔ شیخ راغب الطباخ رحمتہ اللہ علیہ:

عظیم مورخ شیخ محمد راغب اپنی کتاب "ثقافت اسلامیہ" میں فرماتے ہیں کہ جب تصوف تزکیہ نفوس اور تصفیہ اخلاق سے عبارت ہے تو یہ بہترین طریقہ اور اعلیٰ ترین مقصد ہے بلکہ انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا بھی مقصد تھا۔ رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے:

انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق۔ (مسند امام احمد)

"میں مکارم اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا گیا ہوں"

آپ فرماتے ہیں۔ "جب ہم پہلے دور کے صوفیاء کرام کی سیرتوں میں غور و

Marfat.com

فکر کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ان کی سیرت مکارم اخلاق . زہد . ورع و عبادت پر مشتمل اور قرآن و سنت کی عملی تصویر ہے۔ حتیٰ کہ شیخ الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ نے اسی بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

مذھبنا ھذا مقید باصول الکتاب والسنہ۔

"ہمارا یہ مذہب کتاب و سنت کے اصولوں کے ساتھ مقید ہے"۔

علامہ زبیری شرح احیاء العلوم کی جلد1 . صفحہ نمبر174 میں حضرت جنید بغدادی کا قول نقل کرتے ہیں:

الطرق کلھا مسدود علی الخلق الا علی من اقتدی اثر الرسول ﷺ

"مخلوق خدا پر تمام راستے بند ہیں سوائے اس شخص کیلئے جس نے رسول کریم ﷺ کے نقش قدم کی پیروی کی"۔

رسالہ قشیریہ میں آپ فرماتے ہیں کہ جس نے قرآن پاک حفظ نہ کیا اور حدیث پاک نہ روایت کی . وہ علم تصوف میں اقتدا کے قابل نہیں۔ کیونکہ ہمارا یہ علم کتاب و سنت کے ساتھ مقید ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ہمارا یہ علم حدیث رسول ﷺ سے موید ہے۔

حضرت سری سقطی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں "علم تصوف تین چیزوں کا نام ہے۔

(۱)۔ صاحب تصوف وہ ہے جس کی معرفت کا نور اس کے تقویٰ و پرہیزگاری کے نور کو نہ بجھائے۔

(۲)۔ ایسے باطنی علم کے متعلق گفتگو نہ کرے جو ظاہر کتاب اللہ کے منافی ہو۔

(۳)۔ کرامات اس کیلئے اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں کی بے ادبی کا سبب ہو۔

صاحب شذرات الذھب نے جلد5 . صفحہ279 میں شیخ ابوالحسن شاذ

Marfat.com

رحمتہ اللہ علیہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ہر وہ علم جس میں خواطر قلب تیری طرف سبقت لے جائے نفس اس کی طرف مائل اور اس سے لذت محسوس کرے۔ اسے ترک کردو۔ اور کتاب و سنت پر عمل پیرا ہو جاؤ۔

کتاب التعرف اور رسالہ قشیریہ میں ان کے علاوہ بھی دیگر مشائخ کرام کے اقوال موجود ہیں۔

یہ مشائخ عظام خود بھی تہذیب نفس۔ ورع و زہد اور عبادت کے ساتھ متصف تھے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے دور میں مختلف اہم دینی فرائض بھی سر انجام دیتے رہے۔ انہوں نے مخلوق خدا کی راہ خدا کی طرف راہنمائی کی اور دعوت دی۔ اور لوگوں کو دنیا پر مرمٹنے اور جہنم کا ایندھن اکٹھا کرنے سے منع کیا اور ان کو ان شہوات ولذات سے روکا جو ارتکاب محرمات میں منہمک رہنے اور ان واجبات کی ادائیگی سے جو غفلت کا سبب بنتی ہیں جس کیلئے انسان کی تخلیق ہوئی۔ اگر انسان ان شہوات پر کنٹرول نہ کرے تو اس کا نتیجہ لا قانونیت۔ فساد۔ کثرت زنا اور قتل و غارت کی صورت میں نکلتا ہے۔

یہ مشائخ عظام اپنے وعظ و ارشاد اور نورانی قلوب سے پھوٹنے والی حکمتوں اور حقائق کی وجہ سے مخلوق خدا کے اخلاق کے محافظ تھے۔ انہوں نے امت کو صراط مستقیم کی راہ دکھائی اور انہیں حقیقی سعادت کی طرف دعوت دی۔ یعنی انسان کو چاہیے کہ وہ ان تمام امور کو بجالائے جن کا اسے حکم ہوا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ دنیا کو نظرانداز نہ کرے۔ اس طرح یہ مشائخ کرام اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد:

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ (آل عمران: ۱۰۴)

"ضرور ہونی چاہیے تم میں ایک جماعت جو بلایا کرے نیکی کی طرف اور حکم دیا کرے بھلائی کا اور روکا کرے بدی سے اور یہی لوگ کامیاب و کامران ہیں"

پر ہمیشہ سے عمل پیرا رہے۔

Marfat.com

کتاب و سنت کے مطابق فیصلہ صادر فرماتا ہے تو اس طرح وہ راضی خوشی اپنے گھروں کی طرف لوٹ جاتے ہیں اور انہیں عدالتوں میں مقدمہ پیش کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ شیخ راغب طباخ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان تمام امور کا ہم نے اپنی آنکھوں سے مشاہدہ اور اپنے کانوں سے سنا ہے۔ بلکہ بعض اوقات تو ایسا ہوتا ہے کہ ایک مرید دوسرے کو کہتا ہے کہ اگر تم نے میرے ساتھ انصاف نہ کیا تو میں شیخ کے پاس تمہاری شکایت کر دوں گا۔ تو وہ اس خوف کی وجہ سے اپنی مذموم حرکت سے باز آجاتا ہے کیونکہ اسے یہ خواہش ہوتی کہ شیخ کے پاس اس کی شہرت خراب نہ ہو۔

(۲۲)۔ علامہ احمد شرباصی:

شیخ احمد شرباصی جو معروف اسلامی رائٹر اور جامعہ ازہر کے استاد ہیں۔ وہ مجلہ اصلاح اجتماعی میں "الاخلاق عند الصوفیہ" کے عنوان کے تحت رقمطراز ہیں "میرا یہ عقیدہ ہے کہ تصوف کی مکمل حقیقت اور بنیاد اس مرتبہ احسان پر ہے جس کو رسول اللہ ﷺ نے حدیث جبریل میں ارشاد فرمایا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ احسان یہ ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرے گویا کہ اسے دیکھ رہا ہے۔ اور اگر تو اسے نہیں دیکھ رہا تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تصوف کے کثیر مدعیان اس تعریف پر پورے نہیں اترتے۔ اس لیے وہ حقیقت سے بہت دور ہیں۔

حقیقت میں تصوف کی بنیاد ذوق پر ہے۔ کریمانہ اخلاق ذوق سلیم کا ہی دوسرا نام ہیں۔ اسی کی وجہ سے انسان حیوان سے ممتاز ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوفیائے کرام اخلاق کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ بلکہ انہوں نے اخلاق کو تصوف کی اساس و بنیاد قرار دیا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اگر تصوف کی جگہ لفظ اخلاق کو استعمال کیا جائے تب بھی مقصود میں فرق نہیں آئے گا۔ کیونکہ تصوف کا دارومدار مجاہدہ نفس، تطہیر نفس اور اس کو ہر جمال و کمال سے آراستہ کرنے پر ہے۔ اور یہی مکارم اخلاق کی اصل ہے۔

صوفیائے کرام کے نزدیک اخلاق کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا

Marfat.com

ہے کہ انہوں نے فتوت اور شجاعت کو تصوف کی اصل قرار دیا ہے حتیٰ کہ تاریخ فتوت میں فتوت صوفیہ کے نام سے مستقل عنوان ملتا ہے۔ ایثار اور دوسروں کو اپنی ذات پر مقدم کرنے کا اصول اسی سے لیا گیا ہے امام قشیری نے فرمایا کہ فتوت کی اصل یہ ہے کہ بندہ ہمیشہ غیر کی خدمت کو ترجیح دے اور حضرت ابن ابی بکر اہوازی نے فرمایا کہ فتوت کی اصل یہ ہے کہ تو اپنی ذات کو بہتر خیال نہ کرے۔

اسی وجہ سے صوفیاء کرام ان سنہری اصولوں پر گامزن ہیں کہ نہ ہی وہ کسی کو تکلیف پہنچاتے ہیں اور نہ شکوہ کرتے ہیں۔ جود و سخا ان کا شیوہ ہے۔ مصائب و تکالیف کو دوسروں سے چھپاتے ہیں۔ دشمنوں کو معاف کرتے ہیں اور ہمیشہ بلندی کے طالب ہوتے ہیں۔

وہ اس حدیث طوبی لمن شغلہ عیبہ عن عیوب الناس (خوشخبری ہے اس شخص کے لئے جس کے عیب نے اس کو لوگوں کے عیوب سے غافل کر دیا)۔ کو اصل بنا کر اخلاق محمدی ﷺ کو اپناتے ہیں۔ اسی وجہ سے ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں "تیرا اپنے باطنی عیوب کی طرف متوجہ ہونا ان عیوب کی طرف متوجہ ہونے سے بہتر ہے جو تجھ سے چھپا دیئے گئے ہیں"۔

صوفیائے کرام حرص و طمع ختم کرنے کیلئے مختلف اسباب و وسائل کو بروئے کار لاتے ہیں تاکہ انسانی شخصیت میں روحانی منازل طے کرنے کی قوت پیدا ہو جائے۔ اسی وجہ سے حضرت ابوبکر وراق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر طمع سے کہا جائے کہ تیرا باپ کون ہے تو وہ جواب دے گا کہ قضا و قدر میں شک۔ اگر اس سے پوچھا جائے کہ تیرا پیشہ کیا ہے؟ وہ جواب دے گا۔ حصول ذلت۔ اگر اس سے پوچھا جائے کہ تیرا مقصد کیا ہے؟ وہ جواب دے گا۔ محرومی۔ اسی سلسلہ میں ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ذلت کا درخت طمع کے بیج سے پروان چڑھتا ہے۔

جب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بصرہ تشریف لائے اور جامع مسجد تشریف لے گئے تو آپ نے دیکھا کہ وہاں کچھ قصہ گو لوگوں کو قصے سنا رہے ہیں۔ آپ نے انہیں منع کر دیا حتیٰ کہ آپ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ کے پاس پہنچے جو

Marfat.com

صوفیائے کرام کے پیش رو ہیں۔ آپ نے فرمایا. اے نوجوان! میں تجھ سے ایک سوال کرنا چاہتا ہوں۔ اگر تم نے صحیح جواب دے دیا تو تمہیں یہاں وعظ کی اجازت مل جائے گی۔ وگرنہ دوسرے ساتھیوں کیطرح تمہیں بھی کنارہ کش ہونا پڑے گا۔ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ نے عرض کی. آپ جو پوچھنا چاہتے ہیں پوچھیں۔ آپ نے فرمایا کہ دین کا دارومدار کس چیز پر ہے؟ جواب دیا. ورع و پرہیزگاری پر۔ آپ نے فرمایا کہ یہ بتاؤ کہ دین کا فساد کس چیز پر ہے؟ جواب دیا کہ طمع پر۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا. بیٹھو۔ تم جیسے لوگوں کو چاہیے کہ وہ لوگوں کو وعظ و نصیحت کریں۔

ابن عطاء اللہ سکندری رحمتہ اللہ علیہ کے دل میں کسی چیز کا طمع و حرص پیدا ہوا تو ہاتف غیبی نے ندا دی کہ تیرا دین تب محفوظ و سلامت رہے گا کہ جب تو دنیاوی چیزوں کی لالچ کو چھوڑ دے گا۔

صاحب طمع کبھی بھی سیر نہیں ہوتا۔ اگر آپ لفظ طمع کے حروف میں غور کریں گے تو آپ کو معلوم ہو گا کہ اس کے تمام حروف مجوف یعنی نکتوں سے خالی ہیں۔ صوفیائے کرام نے اپنے متبعین کو قناعت اور استغفار کا درس دیا اور ان کیلئے خودی اور عزت نفس کا دروازہ کھولا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بدکاری اور بدکاروں کے خلاف جہاد کرتے ہیں۔ اور ظلم و سرکشی کی پرواہ نہیں کرتے اور نہ ہی جاہ و مرتبہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ دین کی خاطر قربانی اور دعوت جہاد دینا صوفیاء کی اقدار میں سے ہے۔ اسی طرح صبر کا درس اور اس میں مبالغہ انہی اخلاقیات کا حصہ ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمتہ اللہ علیہ اپنے ایک صوفی دوست کی عیادت کیلئے گئے۔ مرض کی شدت سے ان کے منہ سے آہ نکل گئی۔ تو آپ نے اسے فرمایا کہ جو محبوب کی ضرب پر صبر نہ کرے وہ سچا عاشق نہیں ہے۔ اس مریض نے جواب دیا بلکہ جو محبوب کی چوٹ پر لذت محسوس نہ کرے وہ سچا عاشق نہیں۔

مراقبہ کی حالت میں زندگی گزارنا بھی صوفیاء کرام کے اخلاق کا حصہ ہے۔ اس مراقبہ کی وجہ سے بندے کا اپنے رب سے تعلق مضبوط ہوتا ہے۔ اور اس کا قرب و جوار حاصل ہوتا ہے۔ ان کی اخلاقی تربیت کی ایک خوبی یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے

Marfat.com

متعلقین کو نرم مزاج اور باہمی تعاون کا درس دیتے ہیں تاکہ ان کے درمیان تکلف ختم ہو جائے۔ کیونکہ جب ایک سالک کا دوسرے کے ساتھ دین . اخلاق اور تصوف کے اعتبار سے مضبوط تعلق استوار ہو جاتا ہے پھر وہاں کسی اعتراض کی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنے مریدین کی توجہ اس طرف بھی مبذول کرتے ہیں کہ کہیں وہ اپنی عبادت سے دھوکہ نہ کھا جائیں نہ ہی اللہ تعالیٰ کی مغفرت سے مایوس ہو جائیں۔

ثابت قدمی وقار و سنجیدگی اور اسباب ذلت سے بچنے کا درس دینا بھی صوفیاء کرام کے اخلاقی نظام کا حصہ ہے۔

شیخ احمد شرباصی "نور الحقیق" کے مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ تصوف وہ عظیم دستور ہے جس کو دور حاضر کے اہل تصوف نے ضائع کر دیا۔ اس کے مخالفین اور دشمنوں نے اس پر ظلم کیا اور مدعیان تصوف نے اس کے جمال اور خوبصورتی کو ضائع کر دیا اور کچھ عرصہ سے بعض لوگوں کے نزدیک تصوف انتہائی مذموم اور ناپسندیدہ سمجھا جانے لگا ہے۔ حالانکہ اس کا جمال و خوبصورتی اور صوفیاء کرام کی عظمت کا انکار ممکن نہیں۔ دوسری طرف ان کے اقوال و اعمال کو بھی بڑی اہمیت حاصل ہوئی۔ گویا کہ تصوف کی حالت اس قیمتی موتی کی طرح ہے جس کو سیاہ چیتھڑوں میں لپیٹ دیا گیا ہو۔ جس کی وجہ سے کچھ جاہل اس موتی کو سیاہ گمان کرنے لگے ہیں۔ اگر انہیں اس کی حقیقت تک رسائی ہو جائے اور اس کے گرد لپیٹے ہوئے تمام پردوں کو اٹھا دیا جاتا تو اس کی چکا چوند روشنی سے ان کی آنکھیں چندھیا جاتیں۔ مجھے تصوف کے اس صاف شفاف چشمے پر افسوس ہے جس کو گردش دوراں نے گدلا کر دیا ہے۔ اس دور میں وہ علماء اور صوفیاء جو حیران و پریشان دنیا دار لوگوں کو تصوف کے اسرار و رموز سے آگاہ کریں اور ان راہ راست سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو بتائیں کہ تصوف اسلام کا ایک اہم جز اور رسول اللہ ﷺ کی بنیادی تعلیمات کا ایک اہم حصہ ہے۔ اور انہیں اس بات سے آگاہ کریں کہ تصوف پر انتہائی ظلم و ستم کیا گیا ہے۔ اس میں بہت سی ایسی چیزیں ملا دی گئی ہیں جن کا تصوف سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ مدعیان تصوف نے بعض اہم

Marfat.com

چیزوں کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ بعض لوگوں نے اس میں تحریف کر دی ہے۔ اور بعض جلد باز اس کا تمسخر اڑاتے ہیں جو نہ تو اس کی حقیقت سے آشنا ہیں اور نہ ہی اس کے مشرب سے بہرہ ور۔ مزید براں یہ کہ انہوں نے تصوف کی کسی کتاب کا مطالعہ تک نہیں کیا۔ ان تمام مذکورہ عوامل کی وجہ سے تصوف کی اہمیت و قدر کم ہو گئی۔ لیکن افسوس اس بات پر ہے کہ آج کے دور میں کوئی کامل شخصیت نظر نہیں آتی جو لوگوں کو حقیقت تصوف سے آگاہ کرے۔ تحقیق اور تجربہ سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ حق کو جب اس کے قبول کرنے والے نہ ملیں تو وہ مخفی و پوشیدہ ہو جاتا ہے۔ حتیٰ کہ کچھ عرصہ بعد اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو بھیجتا ہے جو اس کی اشاعت اور ترویج میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور لوگوں کو اس پر طوعاً و کرھاً برانگیختہ کرتے ہیں۔ تو پھر وہی حق اپنی پوری شان و شوکت سے آشکارا ہو جاتا ہے۔

تمہارا اس وسیع ترین اور عجیب خزانے کے بارے میں کیا خیال ہے جس میں بے حد و حساب مال و دولت اور جسمانی امراض کی منافی دواؤں کے ساتھ ساتھ نفسانی علاج کا روحانی طریقہ کار اور کبھی نہ ماند پڑنے والا دل کا نور ہو۔ اگر تمہیں کوئی شخص اس قسم کے خزانے کے بارے میں بتائے اور اس تک پہنچنے والے راستے تک مکمل معلومات بہم پہنچائے تو کیا تم اس خزانے تک پہنچنے کیلئے اپنی مکمل کوشش صرف نہیں کرو گے۔ جس میں تمہیں دنیا و آخرت کی ہر نعمت ملے گی۔ یہی حال تصوف کا ہے۔ کہ یہ مخفی دوا، پوشیدہ خزانہ اور سراسر علمی اسرار و رموز پر مبنی ہے۔ یہ وہ دوا ہے کہ جس کی تجھے، تیرے علم و فہم اور اخلاق کو ضرورت ہے۔ لیکن تو نہ تو اس تک پہنچ سکتا ہے اور نہ اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے جب تک تو اپنے مکمل ہوش و حواس کے ساتھ اپنی بصیرت اور بصارت کے ساتھ اس کی طرف متوجہ نہ ہو۔ اس کیلئے تجھے اپنا مال، جان اور وقت نکالنا پڑے گا۔ اور ان عوامل کی وجہ سے تو اس تک رسائی حاصل کر سکے گا۔ کیا تو نے ان میں سے کسی چیز پر عمل کیا ہے اور حقیقی نعمتوں تک پہنچنے کا راستہ دریافت کیا ہے۔

مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں کہ تیرا تعلق صوفیاء سے ہے یا نہیں۔ اور نہ

Marfat.com

ہی مجھے اس چیز کی پرواہ ہے کہ تو صوفیائے کرام کے مخالفین میں سے ہے یا ان کے دوستوں میں سے۔ میرے نزدیک سب سے اہم بات کہ تو حقیقت حال سے آگاہ ہو اور اس عظیم مقصد سے آشنا ہو کہ جس سے آگاہی حاصل کرنے کا مطالبہ دین بھی کرتا ہے اور عقل بھی۔ اس لیے تجھ پر لازم ہے کہ تو تصوف کا مطالعہ کرے تاکہ تو اس کی حقیقت سے آشنا ہو سکے۔ اس کے بعد تجھے حق حاصل ہے کہ تو تصوف کے حق میں فیصلہ دے یا اس کے خلاف۔ اور یہ بات قابل غور ہے کہ تاریخ تصوف اور صوفیاء کرام کے احوال میں بعض چیزیں مخالفین کی زیادہ کی ہوئی ہیں۔ اس چیز کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔ وگرنہ بعض اوقات حق باطل کے پس پردہ ہو جاتا ہے۔ اسی لیے یہ دینی فریضہ ہے کہ تو باطل کے ان حجابات کو تار تار کر دے تاکہ تو نور حق سے مستفید ہو سکے۔

اختتام میں میری خواہش ہے کہ ایک مضبوط علمی تحریک منظم کی جائے جو تصوف پر تحقیق کرے اور اس کی کتب کی اشاعت کا بندوبست کرے۔ بلکہ تصوف میں شامل ہونے والے ناپسندیدہ خرافات و اقوال اور بیہ کاریوں سے تصوف کو پاک کر دے۔ تاکہ ہم باطل کو پہچان کر اس کی جڑوں کو اکھاڑ پھینکیں تاکہ ایک دفعہ پھر حق چار دانگ عالم میں عام ہو جائے۔

اے نوجوانان اسلام! تصوف تمہاری تاریخ اور اخلاق کا ایک اہم حصہ ہے جس کو تم طویل عرصے سے ضائع کر رہے ہو۔ ماضی میں تصوف کے ساتھ جو بے اعتنائی برتی گئی ہے وہ کافی ہے لیکن اب سستی کو چھوڑ کر تصوف کو اپنا لو۔ کیونکہ یہ دواء بھی ہے اور غذا بھی۔ اللہ تعالیٰ ہی صراط مستقیم کی ہدایت دینے والا ہے۔

(۲۳)۔ شیخ ابوالحسن ندوی:

آپ اپنی "المسلمون فی الھند" میں فرماتے ہیں کہ صوفیائے کرام لوگوں سے توحید، اخلاص، اتباع سنت، گناہوں سے توبہ، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے حضور اطاعت پر بیعت لیا کرتے تھے۔ اور لوگوں کو برائی، بدکاری، برے اخلاق،

Marfat.com

ظلم اور قساوت قلبی سے بچنے کی تلقین کیا کرتے تھے۔ اخلاق حسنہ سے آراستہ ہونے کی رغبت دلاتے اور تکبر. حسد. بغض. ظلم حب جاہ جیسے برے اخلاق سے کنارہ کشی اختیار کرنے کی نصیحت فرماتے۔ تزکیہ نفس اور اس کی اصلاح کی ترغیب دلاتے۔ اور لوگوں کو ذکر الٰہی. اخلاص. قناعت اور ایثار کا درس دیتے۔ مزید براں یہ بیعت شیخ اور مریدین کے درمیان مضبوط اور گہرے تعلق کی علامت گردانی جاتی ہے۔ یہ مشائخ عظام ہمیشہ وعظ و نصیحت کیا کرتے اور یہ کوشش کرتے کہ ان میں حب الٰہی اور اس کی رضا کا شوق اور نفس کی اصلاح کا جذبہ بھڑک اٹھے۔ پھر شیخ معاشرے میں صوفیاء کرام کے اخلاق. اخلاص اور تعلیم و تربیت کی تاثیر کے بارے میں بیان فرماتے ہیں اور بعض مثالیں بیان کرتے ہیں۔ جو اس تاریخی حیثیت پر روشنی ڈالتی ہیں۔ سید احمد شہید کے بارے میں لکھتے ہیں کہ لوگوں کا ان کی طرف شدید رجحان تھا وہ جس شہر سے بھی گزرتے کثیر تعداد میں لوگ ان کے دست پر بیعت اور گناہوں سے توبہ کرتے آپ دو ماہ تک کلکتہ میں مقیم رہے۔ تقریباً ایک ہزار افراد روزانہ آپ کے ہاتھ پر بیعت کرتے۔ اور بیعت کا یہ سلسلہ آدھی رات تک جاری رہتا۔ لوگوں کی کثرت کی وجہ سے وہ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ بیعت نہیں کرتے تھے۔ بلکہ چھ سات عمامے باہم باندھ کر لوگوں میں پھیلا دیتے تھے تو لوگ ان عماموں کو پکڑ کر بیعت کرتے۔ اور اس طرح وہ دن میں سترہ یا اٹھارہ دفعہ بیعت کا اہتمام کرتے۔

آپ شیخ الاسلام حضرت علاؤ الدین رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ آپ کے عہد کے آخری سالوں کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ اس دور میں شراب. فسق و فجور. جوا. بدکاری اور عشق اور دیگر منکرات میں کمی واقع ہو گئی تھی۔ لوگ ان چیزوں کا نام لینا بھی گناہ سمجھتے تھے بلکہ گناہ کبیرہ کو لوگ کفر کی مثل سمجھتے اور علانیہ طور پر سودی کاروبار اور ذخیرہ اندوزی سے حیا کرتے۔ حتیٰ کہ بازاروں میں جھوٹ. ناپ تول میں کمی اور ملاوٹ کے واقعات نادر الوقوع ہو گئے۔

آپ فرماتے ہیں کہ ان صوفیاء و مشائخ عظام کی تربیت نے مریدین میں باہمی تعاون اور خدمت خلق کا جذبہ پیدا کر دیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ ان مشائخ کی وعظ

Marfat.com

و نصیحت اور تہذیب و تربیت کی وجہ سے لوگ شریعت پر سختی سے کاربند ہو گئے تھے۔ حتیٰ کہ کلکتہ (جو کہ ہندوستان کا بہت بڑا شہر اور انگریزوں کا مرکز تھا) میں شراب کی تجارت ختم ہو گئی۔ شراب خانے اجڑ گئے۔اور شراب بیچنے والوں نے حکومت کو ٹیکس دینے سے انکار کر دیا۔ حتیٰ کہ ان کا کاروبار ٹھپ ہو گیا۔ اور یہ ان مشائخ عظام اور صوفیائے کرام اور مصلحین کے اخلاق و عمل کا نتیجہ تھا۔ کہ ان کی کوششوں سے بہت سے لوگ راہ راست پر آگئے۔ انہوں نے گناہوں . برائیوں اور خواہشات نفسانی سے توبہ کرلی۔ اور یہ کسی حکومت یا قانون کے بس کی بات نہیں تھی کہ وہ اتنی کثیر تعداد میں موثر ہو اور انہیں راہ راست پر لا سکے۔

آپ اپنی کتاب "رجال الفکر والدعوہ فی الاسلام" میں مشہور صوفی بزرگ حضرت عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں لکھتے ہیں" آپ کی مجلس وعظ میں ستر ہزار آدمی ہوتے تھے۔ آپ کے دست اقدس پر پانچ ہزار سے زیادہ یہود و نصاری نے اسلام قبول کیااور ایک لاکھ سے زائد لوگوں نے آپ کے دست اقدس پر توبہ کی۔ آپ نے عوام الناس کیلئے بیعت اور توبہ کا دروازہ کھول دیا اور کثیر تعداد آپ کے فیض سے مستفید ہوئی۔ ان لوگوں کی زندگیاں تبدیل ہو گئیں اور سختی سے شریعت پر کاربند ہو گئے۔ آپ اپنے مریدین کی تربیت و نگرانی پر خصوصی توجہ فرماتے تھے۔ حتیٰ کہ یہ مریدین بیعت اور تجدید ایمان کے بعد احکام شریعت پر کاربند رہنے کی ذمہ داری محسوس کرتے تھے۔ پھر آپ جس مرید میں استقامت اور تربیت خلق کی اہلیت اور صلاحیت دیکھتے اسے بیعت کی اجازت دے دیتے۔ آپ کے خلفاء دین کی نشرواشاعت کیلئے مختلف علاقوں میں پھیل گئے جنہوں نے مخلوق خدا کی تربیت کی . شرک و بدعات . جاہلیت اور منافقت کے خلاف جہاد کیا اور اس طرح دین اسلام کا پیغام دور دور تک اور تمام عالم اسلام میں ان لوگوں نے مدارس خانقاہیں قائم کیں۔

آپ کے خلفاء و مریدین اور دیگر مشائخ و صوفیاء جنہوں نے آپ کا طریقہ تبلیغ اپنایا . روح اسلام . شعلہ ایمان اور جہاد . تبلیغ اسلام کا فریضہ سرانجام دینے میں اہم کردار ادا کیا اور طاغوتی طاقتوں کے سامنے سینہ سپر ہو گئے۔ اگر یہ روحانی شخصیات

Marfat.com

نہ ہوتیں تو وہ مادی قوتیں امت اسلامیہ کا کام تمام کر دیتیں جو مختلف حکومتوں کے بل بوتے پر کام کر رہی تھیں۔ ان مشائخ عظام کو ہی یہ اعزاز حاصل ہے کہ ان کی مساعی جمیلہ سے ان دور دراز علاقوں میں اسلام کی شمع روشن ہوئی جہاں اسلامی لشکر کو رسائی حاصل نہ ہو سکی۔ اور انہی کی برکت سے افریقہ . ملائشیا میں اسلام پھیل گیا۔

شیخ ابوالحسن ندوی اپنی کتاب "روائع اقبال" میں علامہ اقبال کے ساتھ اپنی ملاقات کا ذکر کرتے ہیں کہ علامہ اقبال نے تصوف' اہل تصوف اور ان کے ذریعہ سے ہندوستان میں دین اسلام کی تجدید کا ذکر کیا اور شیخ مجدد الف ثانی . شیخ احمد سرہندی شیخ ولی اللہ دہلوی اور سلطان محی الدین اورنگزیب رحمہم اللہ علیہ کی تعریف و توصیف فرمائی۔ آپ فرماتے ہیں کہ ہمیشہ میرا نظریہ یہی رہا ہے کہ اگر ان لوگوں کا وجود مسعود اور جہاد نہ ہوتا تو ہندوستان کی تہذیب و تمدن اور فلسفہ دین اسلام پر غالب آجاتا۔

Marfat.com

(۲۵)۔ صبری عابدین:

استاذ صبری عابدین مجلّہ لواء الاسلام میں فرماتے ہیں کہ میں نے بذات خود سوڈان اریٹریا حبشہ اور صومالیہ میں صوفیائے کرام کے احوال کا مطالعہ کیا ہے ان علاقوں میں اہلِ تصوف کی مکمل قیادت سید میر غنی کے ہاتھ میں تھی اور خصوصاً اریٹریا میں شرعی قاضی کی تقرری آپکے کنٹرول میں تھی۔ اس میں حکومت کا کوئی عمل دخل نہیں تھا۔ بلکہ آپ قاضی کے علاوہ خطیب اور مؤذن بھی خود ہی مقرر کرتے تھے شیخ طریقت ہونے کے سبب آپ کو یہ حق حاصل تھا۔

دراصل صوفیائے کرام پوری دنیا میں اسلام کی اشاعت کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں پچاس سال پہلے شیخ بکری رحمتہ اللہ علیہ نے ایک کتاب لکھی جس میں آپ نے عیسائی مبلغین کا قول نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ان مبلغین کا کہنا ہے کہ ہم ایشیا اور افریقہ کے جن دور دراز علاقوں میں گئے تو وہاں ہم نے پہلے سے ایک صوفی کو پایا جو ہم پر غالب آجاتا۔

کاش کہ آج کا مسلمان اہل تصوف کی روحانی اور مادی قوت کا ادراک کر لیتا انہی لوگوں کے لشکر دفاعِ اسلام کے لئے بر سرپیکار ہیں۔ میں نے خود حبشہ' سوڈان اور اریٹریا کی سڑکوں پر سویڈن کے عیسائی مبلغین کو دیکھا ہے جو عیسائیت کی اشاعت کے لئے وہاں بھیجے گئے تھے ان مبلغین کے قریب ہی میں نے کچھ خیمے دیکھے جن کو اہلِ تصوف نے نصب کیا تھا اور یہ لوگ چالیس سال تک ان عیسائی مبلغین کا مقابلہ کرتے رہے اس لئے میری یہ استدعا ہے کہ ہم ان تحریکوں کو ختم کرنے کے لئے باہم تعاون کریں جو ہمیں دینی اور سیاسی طور پر نقصان پہنچا رہی ہیں۔ صوفیائے کرام پر اعتراض کرنے والے اپنی جہالت کی بنا پر اعتراض کرتے ہیں۔

آپ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کی بے عملی ہی ان کے لئے سب سے بڑی مصیبت ہے صرف صوفیا کرام کا ہی ایسا گروہ ہے جو نہ صرف مکمل طور پر احکام پر عمل پیرا ہیں بلکہ اس سے بھی بڑھ کر عمل کی کوشش کرتے ہیں انہوں نے اپنے آپ پر

Marfat.com

ظاہری طور پر تصوف تین حقائق پر مشتمل ہے۔

(۱)۔ صوفیاء خواہشات نفسانیہ کی مخالفت اور تزکیہ نفس پر توجہ دیتے ہیں اس ضمن میں صوفیائے کرام امیرالمومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ کے اس ارشاد پر عمل پیرا ہیں۔ آپ نے فرمایا اے لوگو اپنی نفسانی خواہشات پر کنٹرول کرو کیونکہ یہ خواہشات ظاہری طور پر لطف ہیں لیکن ان کا انجام برا ہوتا ہے۔

(۲)۔ اہل تصوف کو روحانی تعلق اور وجدانی کیفیت حاصل ہوتی ہے تصوف کی تعلیمات میں غور و فکر کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ تابع اور متبوع پیر اور مرید کا متقاضی ہے۔ اور اس چیز کا بھی تقاضا کرتا ہے کہ وہاں کوئی توجہ دینے والی شخصیت اور وہ مرید باصفا جس پر توجہ دی جائے موجود ہو۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مرید کی طرف سے طالب صادق اور شیخ کی طرفسے روحانی راہنمائی کا متقاضی ہے۔

یہ تینوں ثابت شدہ حقائق قطع نظر اسکے کہ اسلام تائید کرتا ہے یا نہیں اس صورت حال میں کیا یہ ممکن ہے کہ تصوف کو تربیت واصلاح کا ذریعہ بنایا جائے یا اسے محض ضرر رساں سمجھ کر چھوڑ دیا جائے۔

تصوف کو محض ضرر رساں کہنا زیادتی ہوگی۔ کیونکہ یہ بھی دوسری اشیاء کی طرح ایک حقیقت ہے کہ یہ فائدہ مند بھی ہو سکتا ہے اور ضرر رساں بھی ممدوح بھی ہو سکتا ہے اور مذموم بھی ارکان اسلام میں سے نماز کو ہی لے لیجئے قرآن کریم میں اسکی مدح بھی بیان کی گئی ہے اور مذمت بھی۔ اللہ تعالی مومنین کی مدح و ستائش کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے۔

اَلَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ بِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ۔ (لقمان:۴)

"وہ جو صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور یہی لوگ ہیں جو آخرت پر پختہ یقین رکھتے ہیں"۔

اور نماز میں سستی کرنے والوں کو فرماتا ہے۔

فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ صَلٰوتِھِمْ سَاھُوْنَ۔

Marfat.com

(ماعون:۴)

"پس خرابی ہے ایسے نمازیوں کے لئے جو اپنی نماز کی ادائیگی سے غافل ہیں"۔

اور یہی کیفیت تصوف کی ہے استاد فودی فرماتے ہیں کہ ہمارے دور میں بھی تصوف کی خوبیاں اور آثار و برکات واضح ہیں۔ مغربی وسطی اور جنوبی افریقہ میں مسلمانوں کا وجود اہلِ تصوف کا مرہون منت ہے۔

شیخ سنوسی رحمتہ اللہ علیہ نے جب مسلمانوں کی اصلاح و تربیت کا ارادہ فرمایا تو آپ نے صوفیاء کرام کے طریقہ کو اختیار کیا۔ آپ کا طریقہ تربیت عجیب تھا آپ نے پہلے کچھ لوگوں کو مرید بنایا اور پھر آپ نے ان مریدوں کو مجاہدانہ زندگی گزارنے اور تربیت دینے کے لئے خانقاہیں تعمیر کیں۔ آپ نے سب سے پہلے خانقاہ مکہ شریف کے پہاڑ میں بنائی پھر آپ نے خانقاہوں کا سلسلہ صحرا کی طرف پھیر دیا مختلف مقامات پر خانقاہیں قائم کیں۔ آپ نے اپنے مجاہدین کی مدد سے پانی نکال کر ان صحراؤں کو گل و گلزار بنا دیا۔ وہاں آپ نے ان مجاہدین کو فنون حرب سکھائے جب سلطنت عثمانی لیبیا والوں کی مدد سے عاجز آگئے تو ان مجاہدین نے اٹلی کی فوجوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا انہی خانقاہوں کے مجاہدین بر سرپیکار رہے حتی کہ اللہ تعالی نے اٹلی فوجوں کو ذلیل و رسوا کر دیا۔ اسطرح سلسلہ سنوسیہ کو نئی زندگی حاصل ہوئی۔

میں اس گہرائی میں نہیں جانا چاہتا کہ تصوف کی ابتدا زمانہ اسلام سے پہلے ہوئی یا بعد میں لیکن میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ حضرت عمر بن خطاب صوفی نہیں تھے۔ آپ کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میری امت میں بعض لوگ محدث ہیں اور عمر بھی ان میں سے ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نزدیک حضرت عمر فاروق کو قرب الہی کا مقام حاصل تھا۔ حتی کہ جب حضرت عمر فاروق عمرہ کے لئے جانے لگے تو آپ نے ان سے فرمایا اے بھائی! ہمیں اپنی دعاؤں میں نہ بھولنا۔

میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ صوفی نہیں تھے وہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جو ہمیشہ سخت مجاہدانہ زندگی گزارتے تھے اور اپنے نفس

Marfat.com

کا خاص خیال رکھتے تھے۔ اور انہی سے یہ قول منقول ہے جسکو بعض لوگوں نے نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: رجعنا من الجهاد الاصغر الی الجهاد الاکبر۔ "ہم جہاد اصغر (جہاد) سے جہاد اکبر (نفس سے جہاد) کی طرف لوٹ رہے ہیں"۔

آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ تم دنیا کی عظمت و شان سے دور بھاگو تو وہ تمہارے پیچھے آئے گی۔

پہلے دور میں مشائخ عظام اور ان کے مریدین انتہائی مخلص ہوتے تھے بلکہ آجکل بھی بعض مخلص لوگ موجود ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ یہ مخلص لوگ تصوف کی تعلیم کو عام کریں جس طرح پہلے لوگوں نے اس سلسلہ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ آجکل کے دور میں اصلاح معاشرہ اور اسکی تربیت کے لئے اسکی اشد ضرورت ہے۔

شیخ ابو زہرہ فرماتے ہیں کہ پہلے دور میں تصوف کی اتنی ضرورت نہیں تھی لیکن اس دور میں اسکی اشد ضرورت ہے۔ ایک ایسا شیخِ کامل ہونا چاہئے جو نظام تصوف کو دوبارہ زندہ کرے۔ کیونکہ ہمارے نوجوانوں پر نفسانی خواہشات غالب ہیں حتی کہ ہر وقت ان کے دلوں پر یہ چیز چھائی رہتی ہے سینما' ریڈیو' ٹی وی اور گھٹیا قسم کے رسائل انکی گمراہی کا سبب ہیں۔ ہر نوجوان ان چیزوں کو پسند کرتا ہے۔ جب کسی قوم پر نفسانی خواہشات کا غلبہ ہو جائے پھر وہاں نہ تو علماء کے وعظ و ارشادات فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں اور نہ ہی مفکرین کی تحریریں۔ حتی کہ ارشاد و ہدایت کے تمام وسائل بے فائدہ ہو جاتے ہیں۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ ہم ان لوگوں کی اصلاح کے لئے کوئی دوسرا طریقہ اختیار کریں۔ یعنی ہم اپنے نوجوانوں پر غلبہ اور کنٹرول حاصل کریں اور یہ غلبہ شیخ طریقت اور مریدین کے ذریعے ہی ہو سکتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ قریہ قریہ اور بستی بستی ان لوگوں کی تربیت کے لئے ایک شیخ طریقت موجود ہو۔

بلکہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی حدیث ہے جسکو امام دیلمی نے حضرت جابر سے روایت کیا ہے۔ کہ شیخ اور مرید کے درمیان تعلق ہی ایسی چیز ہے

Marfat.com

تصوف کے بارے میں برصغیر کے چند مفکرین کی آراء

(اضافہ از ناشر)

1) اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

اعلیٰحضرت امام احمد رضا خان بریلوی" اپنے ایک فتویٰ میں ارشاد فرماتے ہیں:
شریعت منبع ہے اور طریقت اس میں سے نکلا ہوا ایک دریا' بلکہ شریعت اس مثال سے بھی متعالی ہے۔ منبع سے پانی نکل کر دریا بن کر جن زمینوں پر گزرے انہیں سیراب کرنے میں اسے منبع کی احتیاج نہیں نہ اس سے نفع لینے والوں کو اصل منبع کی اس وقت حاجت' مگر شریعت وہ منبع ہے کہ اس سے نکلے ہوئے دریا یعنی طریقت کو ہر آن اس کی احتیاج ہے منبع سے اس کا تعلق ٹوٹے تو یہی نہیں کہ صرف آئندہ کے لئے مدد موقوف ہو جائے فی الحال جتنا پانی آچکا ہے چند روز تک پینے نہانے کھیتیاں باغات سینچنے کا کام دے' نہیں نہیں منبع سے تعلق ٹوٹتے ہی یہ دریا فورا" فنا ہو جائے گا۔ بوند تو بوند نم کا نام نظر نہ آئے گا۔ نہیں نہیں میں نے غلطی کی کاش اتنا ہی ہوتا کہ دریا سوکھ گیا پانی معدوم ہوا باغ سوکھے کھیت مرجھائے آدمی پیاس سے تڑپ رہے ہیں ہرگز نہیں۔ بلکہ یہاں اس مبارک منبع سے تعلق چھوٹتے ہی یہ تمام دریا و البحر المسجودہ ہو کر شعلہ فشاں آگ ہو جاتا ہے جس کے شعلوں سے کہیں پناہ نہیں' پھر کاش وہ شعلے ظاہری آنکھوں سے سوجھتے تو جو تعلق توڑنے والے جلے خاک سیاہ ہوئے تھے اتنے ہی جل کر باقی بچ جاتے کہ ان کا یہ بدانجام دیکھ کر عبرت پاتے مگر نہیں وہ تو نَارُ اللّٰہِ مُوْقِدَۃُ تَطَّلِعُ

Marfat.com

عَلَى الْأَفْئِدَةِ ہے اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ کہ دلوں پر چڑھتی ہے۔ اندر سے دل جل گئے ایمان خاک سیاہ ہوئے اور ظاہر میں وہی پانی نظر آرہا ہے۔ دیکھنے میں دریا اور باطن میں آگ کا دھارا۔ آہ آہ آہ کہ اس پردے نے لاکھوں کو ہلاک کیا۔ پھر دریا و منبع کی مثال سے ایک اور فرق عظیم ہے جس کی طرف اشارہ گزرا کہ نفع لینے والوں کو اس وقت منبع کی حاجت نہیں مگر حاشا یہاں منبع سے تعلق نہ بھی توڑیئے کہ پانی باقی رہے اور آگ نہ ہو جائے جب بھی ہر آن سے اس کی جانچ پڑتال کی حاجت ہے۔ وہ یوں کہ یہ پاکیزہ شیریں دریا جو اس برکت والے منبع سے نکل کر اس دار الالتباس کی وادیوں میں لہریں لے رہا ہے یہاں اس کے ساتھ ایک ناپاک سخت کھاری دریا بھی بہتا ہے۔

هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ۔

ایک خوب میٹھا شیریں ہے اور سخت نمک کھاری۔ وہ دریائے شور کیا ہے۔ شیطان ملعون کے وسوسے دھوکے تو دریائے شیریں سے نفع لینے والوں کو ہر آن احتیاج ہے کہ ہر نئی لہر پر اس کی رنگت مزے بو کو اصل منبع کے لون طعم ریح سے ملاتے رہیں کہ یہ لہر اسی منبع سے آئی ہوئی ہے یا شیطانی پیشاب کی بدبو کھاری دھار دھوکا دے رہی ہے۔ سخت وقت یہ ہے کہ اس پاک مبارک منبع کی کمال لطافت سے اس کا مزہ جلد زبان سے اتر جاتا ہے۔ رنگت بو کچھ یاد نہیں رہتی اور ساتھ ہی ذائقہ شامہ باصرہ کا معنوی حس فاسد ہو جاتا ہے کہ آدمی منبع سے جدا ہو اور پھر اسے گلاب اور پیشاب میں تمیز نہیں رہتی۔ ابلیس کا کھاری بدبو بد رنگ موت غٹ غٹ چڑھاتا اور گمان کرتا ہے کہ دریائے طریقت کا شیریں خوشبو خوش رنگ پانی پی رہا ہوں لہٰذا شریعت منبع و دریا کی مثال سے بھی نہایت متعالی ہے۔ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى شریعت مطہرہ ایک ربانی نور کا فانوس ہے کہ دینی عالم میں اس کے سوا کوئی روشنی نہیں اس کی روشنی بڑھنے کی کوئی حد نہیں زیادت چاہنے افزائش پانے کے طریقے کا نام طریقت ہے۔ یہ روشنی بڑھ کر صبح اور پھر آفتاب اور پھر اس سے بھی غیر متناہی درجوں زیادہ تک ترقی کرتی ہے جس سے حقائق اشیاء کا انکشاف ہوتا اور نور حقیقی تجلی فرماتا ہے۔ یہ مرتبہ

Marfat.com

علم میں معرفت اور مرتبہ تحقیق میں حقیقت ہے تو حقیقت میں وہی ایک شریعت ہے کہ باختلاف مراتب اس کے مختلف نام رکھے جاتے ہیں۔ جب یہ نور بڑھ کر صبح روشن کے مثل ہوتا ہے ابلیس لعین خیر خواہ بن کر آتا اور اس سے کہتا ہے:۔

أُطْفِئِ الْمِصْبَاحَ فَقَدْ اَشْرَقَ الصَّبَاح

چراغ ٹھنڈا کر کہ اب تو صبح خوب روشن ہو گئی۔

اگر آدمی دھوکے میں نہ آیا اور نور فانوس بڑھ کر دن ہو گیا ابلیس کہتا ہے کہ کیا اب بھی چراغ نہ بجھائے گا آفتاب روشن ہے احمق اب مجھے چراغ کی کیا حاجت ہے۔

اے کو روز روشن شمع کافوری نہد

ہدایت الٰہی اگر دستگیر ہے تو بندہ لاحول پڑھتا اور اس ملعون کو دفع کرتا ہے کہ یہ جسے تو دن یا آفتاب کہہ رہا ہے آخر کیا ہے اسی فانوس کا تو نور ہے اسے بجھایا تو نور کہاں سے آئے گا۔ اس وقت وہ دغا باز خائب خاسر پھرتا ہے اور بندہ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَاءُ کی حمایت میں نور حقیقی تک پہنچتا ہے۔ اور اگر دم میں آگیا اور سمجھا کہ وہاں دن تو ہو گیا اب مجھے چراغ کی کیا حاجت رہی ادھر فانوس بجھایا اور معاً" اندھیرا گھپ کہ ہاتھ سے ہاتھ نہیں سوجھائی دیتا جیسا کہ قرآن عظیم نے فرمایا۔

ظلمت بعضها فوق بعض اذا اخرج يده لم يكد يراها ومن لم يجعل الله له نورا فماله من نور۔

ایک پر ایک اندھیریاں ہیں اپنا ہاتھ نکالے تو نہ سوجھے اور جسے خدا نور نہ دے اس کے لئے نور کہاں۔

یہ ہیں وہ کہ طریقت بلکہ حقیقت تک پہنچ کر اپنے آپ کو شریعت سے مستغنی سمجھے اور ابلیس کے فریب میں آکر اس الٰہی فانوس کو بجھا بیٹھے کاش یہی ہوتا کہ اس کے بجھنے سے جو عالمگیر اندھیرا ان کی آنکھوں میں چھایا جس نے دن دہاڑے چوپٹ کر دیا۔ ان کو اس کی خبر ہوتی کے شاید توبہ کرتے فانوس کا مالک ندامت والوں پر مہر رکھتا ہے پھر انہیں روشنی دیتا مگر ستم اندھیر تو یہ ہے کہ دشمن ملعون نے جہاں فانوس ختم کرائی

Marfat.com

اس کے ساتھ ہی معاً اپنی سازشی بتی جلا کر ان کے ہاتھ میں دے دی یہ اسے نور سمجھ رہے ہیں اور وہ حقیقتاً نار ہے یہ مگن ہیں کہ شریعت والوں کے پاس کیا ہے ایک چراغ ہے ہمارا نور آفتاب کو لجا رہا ہے وہ قطرہ اور یہ ایک دریا ہے اور خبر نہیں کہ وہ حقیقتہً نور ہے اور یہ دھوکے کی ٹٹی آنکھ بند ہوتے ہی حال کھل جائے گا ؎

کہ باکہ باختہ عشق در شب دیجور

بالجملہ شریعت کی حاجت ہر مسلمان کو ایک ایک سانس ایک ایک پل ایک ایک لمحہ پر مرتے دم تک ہے اور طریقت میں قدم رکھنے والوں کو اور زیادہ کہ راہ جس قدر باریک اسی قدر ہادی کی زیادہ حاجت و لہٰذا حدیث میں آیا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

اَلْمُتَعَبِّدُ بِغَیْرِ فِقْہٍ کَالْحِمَارِ فِی الطَّاحُوْنِ

بغیر فقہ کے عبادت میں پڑنے والا ایسا ہے جیسا چکی کھینچنے والا گدھا کہ مشقت جھیلے اور نفع کچھ نہیں

رَوَاہُ اَبُو نَعِیْم فِی الْحِلْیَۃِ مِنْ وَاثِلَۃِ بْنِ الْاَسْقَع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

تصم ظھری اثنان جاھل متنسک و عالم منھتک۔

دو شخصوں نے میری پیٹھ توڑ دی یعنی وہ بلائے بے درماں ہیں جاہل عابد اور عالم کہ علانیہ بے باکانہ گناہوں کا ارتکاب کرے۔

اے عزیز شریعت عمارت ہے۔ اس کا اعتقاد بنیاد اور عمل چنائی پھر اعمال ظاہر وہ دیوار ہیں کہ اس بنیاد پر ہوا میں چنے گئے اور جب تعمیر اوپر بڑھکر آسمان تک پہنچی وہ طریقت ہے۔ دیوار جتنی اونچی ہو گی نیو کی زیادہ محتاج ہو گی۔ اور نہ صرف نیو بلکہ اعلیٰ حصہ اسفل حصے کا بھی محتاج ہے۔ اگر دیوار نیچے سے خالی کر دی جائے اوپر سے بھی گر پڑے گی۔ احمق وہ جس پر شیطان نے نظر بندی کر کے اس کی چنائی آسمانوں تک دکھائی اور دل میں ڈالا کہ اب ہم تو زمین کے دائرے سے اونچے گزر گئے ہمیں اس

Marfat.com

سے تعلق کی کیا حاجت ہے۔ نیو سے دیوار جدا کرلی۔ اور نتیجہ وہ ہوا جو قرآن عظیم نے فرمایا کہ۔

فَانْهَارَ بِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّم

اس کی عمارت اسے لے کر جہنم میں ڈھے پڑی۔

وَالْعِیَاذُ بِاللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اسی طرح اولیاء کرام فرماتے ہیں جاھل صوفی شیطان کا مسخرہ ہے۔ اس لئے حدیث میں آیا حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا۔

فَقِیْهٌ وَاحِدٌ اَشَدُّ عَلَی الشَّیْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ۔

ایک فقیہہ شیطان پر ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے۔

رَوَاهُ التِّرْمِذِیْ وَابْنِ مَاجَة عَنِ ابْنِ عَبَّاس رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا بے علم مجاہدہ والوں کو شیطان انگلیوں پر نچاتا ہے۔ منہ میں لگام ناک میں نکیل ڈال کر جدھر چاہے کھینچے پھرتا ہے۔

وَهُمْ یَحْسِبُوْنَ اَنَّهُمْ یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ه

وہ اپنے جی میں سمجھتے ہیں کہ ہم اچھا کام کر رہے ہیں۔

(شریعت و طریقت)

سید جلال الدین قادری اپنی کتاب امام احمد رضا کا کا نظریہ تعلیم میں رقم طراز ہیں۔

کہ برصغیر میں اسلام صوفی علماء کی کوششوں سے پھیلا اور جب بھی اسلام پر ابتلا عام کا دور آیا انہی صوفیاء نے بڑھ کر اصلاح کا بیڑا اٹھایا۔ سلطان الہند خواجہ غریب نواز اجمیری، سلطان الاولیاء حضور داتا گنج بخش علی ہجویری، مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی، محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور دوسرے علماء نے تصوف کی شیریں مقالی سے اعلاء کلمتہ الحق، تجدید و احیائے دین اور اصلاحِ احوال کا فریضہ سر انجام دیا۔

امام احمد رضا قدس سرہ کے عہد میں دیگر فتنوں کے علاوہ تصوف سے برگشتہ

Marfat.com

کرنے کی مذموم سازش کی جارہی تھی۔ کچھ جاہل متصوف غیر شرعی حرکات کو تصوف کا نام دے رہے تھے' اکابر اسلاف کی اتباع میں آپ نے مسلمانوں کے روحانی امراض کے علاج کے لئے تصوف کا مجرب عمل دہرایا۔ خود جلیل القدر مشائخ عظام سے سلاسل طریقت کی اجازتیں حاصل کیں اور علماء و مشائخ اخلاف کو ان اجازات سے نوازا۔ اگرچہ مفتی کا کام صرف جسمانی احکام سے متعلق جواز و عدم جواز کا حکم جاری کرنا ہوتا ہے۔ مگر امام احمد رضا قدس سرہ نے افتاء کی ذمہ داریوں کے ساتھ تصوف کی تعلیم کو بھی رائج کیا۔

(الف) آپ نے علوم نافعہ کثیرہ کے فضائل بیان کرتے ہوئے تصوف کو بھی ان علوم نافعہ میں شمار فرمایا۔ فرماتے ہیں۔

"اور ان کا ضابطہ یہ ہے کہ وہ علوم جو آدمی کو اس کے دین میں نافع ہوں۔ خواہ اصالتہً فقہ و حدیث و تصوف بے تخلیط و تفسیر قرآن بے افراط و تفریط' خواہ وسائطہً مثلاً" نحو و صرف و معانی و بیان کہ فی حد ذاتہا امر دینی نہیں مگر فہم قرآن و حدیث کے لئے وسیلہ ہیں" (فتاویٰ رضویہ۔ جلد دہم۔ ص ۱۲)

(ب) تصوف کے بارے میں اکثر لوگ افراط و تفریط میں پڑ کر جادۂ حق سے ہٹ گئے اور کچھ انکار کر بیٹھے اور کچھ غلو و مبالغہ میں پڑ گئے۔ مگر امام احمد رضا قدس سرہ تصوف بے تخلیط کے مؤید و عامل ہیں۔ اس سلسلہ میں آپ کا ارشاد ملاحظہ ہو۔

"شریعت اصل ہے اور طریقت اس کی فرع' شریعت منبع ہے اور طریقت اس سے نکلا ہوا دریا۔ طریقت کی جدائی شریعت سے محال و دشوار ہے۔ شریعت پر ہی طریقت کا دارو مدار ہے۔ شریعت ہی اصل کار اور محک و معیار ہے۔ شریعت ہی وہ راہ ہے جس سے وصول الی اللہ ہے۔ اس کے سوا آدمی جو راہ چلے گا' اللہ تعالیٰ کی راہ سے دور جا پڑے گا۔ طریقت میں جو کچھ منکشف ہوتا ہے۔ شریعت مطہرہ ہی کے اتباع کا صدقہ ہے۔ جس حقیقت کو شریعت رد فرمائے وہ حقیقت نہیں بے دینی اور زندقہ ہے۔" (بیعت و خلافت)

عبدالعزیز عرفی "اپنے مقالہ" فاضل بریلوی کا مسلک (شریعت مطہرہ کا مظہر)

Marfat.com

میں لکھتے ہیں۔

باطن کی طہارت سے متعلق اسلام نے شریعت مطہرہ کے اندر رہتے ہوئے اپنے طور و طریق اور اصول و ضوابط مرتب کئے جو کہ عامتہ الناس میں تصوف کے نام سے معروف ہیں۔ اسی لئے اسلامی تصوف اس تصوف سے قطعی جدا ہے جو باطن کی صفائی کے نام پر دیگر مذاہب میں پایا جاتا ہے اسی لئے اس راہ پر گامزن ہونے کے لئے ایسے رہبر و رہنما اور پیر و مرشد کی ضرورت ہوتی ہے جو شریعت و طریقت کا علم بھی رکھتا ہو اور اس پر عمل پیرا بھی ہو۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں ایسے افراد بھی پیری مریدی کا ڈھونگ رچا لیتے ہیں جن کے پاس نہ علم ہوتا ہے اور نہ عمل۔ وہ ظاہری رنگ و روپ اختیار کر کے ضعیف الاعتقاد لوگوں کو فریب دیتے رہتے ہیں۔ اسی لاعلمی کی بناء پر بہت سی غیر اسلامی باتیں دیگر مذاہب کی اختیار کر لی جاتی ہیں۔ فاضل بریلوی نے ایسے نام نہاد پیروں اور غیر اسلامی باتوں کی سختی سے مخالفت کی ہے۔ ایک فتوے میں وہ پیر و مرشد میں چار ضروری شرائط کی نشاندہی کرتے ہیں۔ (فتاویٰ افریقہ ص ۱۴۶ تا ۱۴۷)

۱۔ شیخ کا سلسلہ باتصال صحیح حضور اقدس ﷺ تک پہنچا ہو۔ بیچ میں منقطع نہ ہو کہ منقطع کے ذریعہ سے اتصال ناممکن۔ بعض لوگ بلا بیعت محض بزعم وراثت اپنے باپ دادا کے سجادے پر بیٹھ جاتے ہیں یا بیعت تو کی تھی لیکن خلافت و اجازت نہ تھی بلا اذن مرید کرنا شروع کر دیا۔

۲۔ شیخ سنی صحیح العقیدہ ہو۔ مکاری کے لئے پیری مریدی کا جال نہ پھیلا رکھا ہو۔

۳۔ عالم ہو یعنی علم فقہ اپنی ضرورت کے قابل اور کافی جانتا ہو۔ اہلسنّت کے عقائد سے واقفیت رکھتا ہو۔ کفر و اسلام اور ضلالت و ہدایت کے فرق کا عارف ہو۔

۴۔ فاسق معلن نہ ہو۔

فاضل بریلوی اس فتوے میں بیعت کی اقسام بیان کرتے ہوئے مزید رقم طراز ہیں۔

Marfat.com

"بیعت کی بھی دو قسم ہیں۔ اول بیعت برکت کہ صرف تبرک کے لئے داخل سلسلہ ہو جانا۔ آجکل عام بیعتیں بھی ہیں وہ بھی نیک نیتوں کی۔ وربہ بہتوں کی بیعت دنیاوی اغراضِ فاسدہ کے لئے ہوتی ہے وہ خارج از بحث ہیں۔ اس بیعت کے لئے شیخ اتصال کہ شرائط اربع (مذکورہ بالا) کا جامع ہو بس ہے اقول بے کار یہ بھی نہیں مفید اور بہت مفید دنیا و آخرت میں بکار آمد ہے۔ محبوبان خدا کے غلاموں کے دفتر میں نام لکھ جانا' ان سے سلسلہ متصل ہو جانا فی نفسہ سعادت ہے۔

دوئم بیعتِ ارادت کہ اپنے ارادہ و اختیار سے یکسر باہر ہو کر اپنے آپ کو شیخ مرشد ہادیٔ برحق واصل بحق کے ہاتھ میں بالکل سپرد کر دے۔ اسے مطلقاً" اپنا حاکم و مالک و متصرف جانے۔ اس کے چلانے پر راہ سلوک چلے۔ کوئی قدم بے اس کی مرضی کے نہ رکھے اس کے لئے اس کے بعض احکام یا اپنی ذات میں خود اس کے کچھ کام اگر اس کے نزدیک صحیح نہ معلوم ہوں انہیں افعال خضر علیہ الصلوۃ والسلام کے مثل سمجھے' اپنی عقل کا قصور جانے' اس کی کسی بات پر دل میں بھی اعتراض نہ لائے۔ اپنی ہر مشکل اس پر پیش کرے۔ غرض اس کے ہاتھ میں مردہ بدست زندہ ہو کر رہے۔ یہ بیعت سالکین ہے اور یہی مقصود مشائخ مرشدین ہے۔ یہی عزوجل تک پہنچاتی ہے۔ یہی حضور اقدس ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم سے لی ہے" (فتاویٰ افریقہ)

فاضل بریلوی کی ان واشگاف تحریروں سے یہ حقیقت قطعی واضح ہے کہ وہ ان نام نہاد پیروں کو جو بلا بیعت محض بزعم وراثت اپنے باپ دادا کے سجادے پر بیٹھ جاتے ہیں یا خلافت و اجازت کے بغیر بلا اذن مرید کرنے لگتے ہیں" برحق تسلیم نہیں کرتے۔ وہ ان لوگوں کو بھی پسند نہیں کرتے جو "دنیاوی اغراض و مقاصد کے لئے" راہ بیعت اختیار کرتے ہیں۔ ان کی نظر میں ایسے پیر اور مرید دونوں غلط ہیں لہٰذا ایسے حضرات کو ان کے مسلک سے کیوں کر وابستہ کیا جا سکتا ہے۔

مزید قابل افسوس بات تو یہ ہے کہ لوگ لاعلمی اور بدگمانی کی بناء پر ان خود ساختہ پیروں کو بھی فاضل بریلوی کے مسلک سے منسوب کر دیتے ہیں جو نہ صرف شریعت و طریقت کے علوم و آداب سے ناواقف ہوتے ہیں بلکہ اپنی عیاری و مکاری

Marfat.com

سے سادہ لوح لوگوں کو فریب دیتے ہیں ایسے لوگ تو معاشرہ اسلامی میں گم کردہ راہ ہوتے ہیں ان کی اصلاح ہر ایک پر واجب ہے۔

فاضل بریلوی کا مسلک تو اس پیری و مریدی کا علم بردار ہے جو بندہ کے قلب کو حُبِّ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے معمور کرتا ہے اور اس کا تعلق الی اللہ قائم کر دیتا ہے۔ انہیں طریقہ قادریہ سے نسبت حاصل تھی اور اسی راہ سے انہوں نے سلوک کی منزلیں طے کی تھیں انہوں نے غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے دامن کو تھاما اور فلاح پائی۔ ایسے ہی مریدوں کی نشاندہی کرتے ہوئے حضرت قدس سرہ العزیز نے فرمایا تھا۔

"جب میں سچے مرید کا منہ دیکھتا ہوں جس نے میرے ہاتھوں پر فلاح حاصل کی تو سیر ہو جاتا ہوں صاحب لباس ہو جاتا ہوں" (الفتح الربانی)

2) ضیاء الامت حضرت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمتہ اللہ علیہ

گزشتہ زمانے میں اور آج بھی' اپنوں نے بھی اور بیگانوں نے بھی' بدنیتی سے یا غلط فہمی کے باعث بڑی بے رحمی سے طعن و تشنیع کے تیروں کا مینہ برسایا ہے۔ اور آج اس تحریک میں مزید شدت پیدا ہوتی جا رہی ہے۔ یہاں تک کہ عدل و تحقیق کا دامن بھی بسا اوقات ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے۔ اس حالیہ شدت کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مادی لذتوں کی طرف رجحان روز بروز بڑھتا جا رہا ہے اور یہ بھی ہو سکتی ہے کہ جو لوگ تصوف کے علمبردار بنے بیٹھے ہیں ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو باعثِ رسوائیِ اسلاف ہیں یا اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے آثار کو دیکھ کر ابلیسی قوتیں ہراساں ہیں اور وہ مسلمانوں کو اس چشمۂ حیات سے بدظن اور متنفر کرنے کا قبل از وقت پروگرام بنا رہی ہیں تاکہ مسلمان اس بیداری سے پوری طرح فائدہ اٹھانے کے قابل نہ رہیں۔ وجہ کچھ بھی ہو ہمیں حقیقت پسندی سے کام لیتے ہوئے ان اعتراضات

Marfat.com

کا جائزہ لینا چاہئے۔ انہوں نے اگر کسی واقعی خامی کی نشاندہی کی ہے تو اس کے ازالہ کی طرف متوجہ ہونا چاہئے اور اگر انہوں نے غلط اعتراضات کئے ہیں تو ان کا مسکت جواب دینا چاہئے۔

ایک بات میں ابتداء ہی میں صاف طور پر کہہ دینا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس سے انکار نہیں کہ صوفیاء کی صفوں میں ایسے لوگ بھی در آئے ہیں جو بظاہر عابد و زاہد نظر آتے ہیں لیکن دراصل اپنے زہد و عبادت کو حصول مال و جاہ کا ذریعہ بنائے ہوئے ہیں لیکن مجھے یہ تو بتایئے انسانی زندگی کا کون سا شعبہ ایسا ہے جہاں یہ کالی بھیڑیں موجود نہیں۔ علماء' اطباء' قضاۃ' تجار' صنعت کار' سب جگہوں پر ایسے لوگ موجود ہیں جو اپنے طبقہ کے لئے ننگ و عار کا باعث ہیں۔ لیکن اگر ان کے وجود سے صحیح اور راستباز لوگوں کی افادیت کم نہیں ہوئی تو جعلی صوفیوں کے ہتھکنڈوں سے بھی صوفیاء کرام کی عظمت پر حرف نہیں آسکتا' ہم جن صوفیاء کے بارے میں کلام کریں گے وہ' وہ لوگ ہیں جو صحیح معنی میں اس لقب کے اہل ہیں۔

پہلا اعتراض

تصوف پر سب سے بڑا اعتراض یہ کیا جاتا رہا ہے اور اب بھی کیا جا رہا ہے کہ اس کا ماخذ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ نہیں بلکہ یہ ایک اجنبی چیز ہے جسے اسلام میں زبردستی ٹھونس دیا گیا ہے لیکن جب ان معترضین سے اس اجنبی مصدر اور منبع کے بارے میں استفسار کیا جاتا ہے تو بھانت بھانت کی بولیاں سننے میں آتی ہیں اور انسان تصویر حیرت بن کر رہ جاتا ہے کہ تصوف کے کس معترض کی بات کو وقیع اور وزنی سمجھا جائے اور کسے لایعنی سمجھ کر نظر انداز کر دیا جائے۔ ان معترضین کا باہمی اختلاف اور کسی ایک منبع پر متحد نہ ہونا ہی ان کے اس قول کے بطلان کے لئے کافی ہے۔ لیکن پھر بھی ہم تمام اقوال کا ایک ایک کر کے ذکر کرتے ہیں' اور اس کا علمی تجزیہ قارئین کرام کی خدمت میں پیش کرتے ہیں' وہ خود ہی حق و باطل میں امتیاز کر لیں گے۔

معترضین کا ایک طبقہ جس میں مستشرقین کے جید علماء بھی شامل ہیں' یہ کہتا

Marfat.com

ہے کہ تصوف کا ماخذ ہندوؤں کے وید ہیں' وہ بڑے وثوق سے دعویٰ کرتے ہیں کہ تصوف میں چلہ کشی' ریاضت وغیرہ کے سارے طریقے ہندو جوگیوں اور سادھوؤں سے مستعار لئے گئے ہیں اس طبقہ کا سرخیل ہارٹن (Horton) بلوشیٹ (Blochet) اور میسگنن (Massignon) ہیں۔ یہ لوگ بڑی بڑی کتابوں کے مصنف ہیں اور بڑے محقق اور مدقق شمار ہوتے ہیں معلوم نہیں ان صاحبان کو اس بے مقصد تکلف کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی۔ کیا انہیں معلوم نہیں کہ مسلمان صوفیاء کے ہادی اور راہبر نبی کریم ﷺ نے غار حرا میں چلہ کشی کی تھی اور ذکر الٰہی پر مداومت کے متعدد احکام قرآن کریم اور احادیث نبوی میں بصراحت موجود ہیں اور یہ سب اس وقت ان کو میسر تھا جبکہ ہندوؤں کے تہذیب و تمدن کے بارے میں جزیرۂ عرب کے باشندوں کو سطحی قسم کی معلومات بھی میسر نہ تھیں اس لئے صوفیاء کرام کی ریاضتوں اور چلہ کشیوں کو ہندو جوگیوں کی طرف منسوب کرنا لغویت کی انتہا ہے۔ مزید برآں دونوں ریاضتوں کے مقاصد میں بُعد المشرقین ہے۔

دوسرا طبقہ ان معترضین کا ہے جو مسلمانوں کے زہد و تبتل کو بدھ مت سے ماخوذ سمجھتے تھے۔ گولڈ زیہر (Goldziher) اور اولیری (O, Leary) کے پایہ کے مستشرق بھی یہ کہتے ہوئے نہیں تھکتے کہ صوفیاء کا دنیا سے قطع تعلق در حقیقت گوتم بدھ کی تقلید ہے جس طرح اس نے تخت و تاج کو ترک کر کے فقر و فاقہ کی زندگی اختیار کر لی تھی اسی طرح مسلمان صوفیاء نے بھی اپنے گھروں کے راحت و آرام کو ترک کر کے جنگلوں اور پہاڑوں کے غاروں میں آکر بسیرا کیا۔ لیکن اتنا بڑا الزام لگانے سے پہلے ان حضرات نے یہ غور کرنے کی زحمت برداشت نہیں کی کہ گوتم بدھ خدا کے وجود کا منکر ہے۔ وہ نفس انسانی ہی کو سب کچھ خیال کرتا ہے۔ اس کے برعکس مسلمان اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی وحدانیت پر پختہ ایمان رکھتے ہیں اور یہ ریاضتیں مقصود بالذات نہیں' بلکہ بارگاہ الٰہی میں شرف باریابی حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہیں۔

بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اسلام کا تصوف دراصل ایرانی تصوف کا آئینہ دار ہے عرب ہر لحاظ سے ایران سے فروتر تھے۔ انہوں نے ان سے ہی سب کچھ لیا

Marfat.com

ہے' ایرانیوں کو دینے کے لئے ان کے پاس کوئی چیز نہ تھی۔ اگر یہ لوگ اسلام سے پہلے بات کہہ رہے ہیں تو ہم اسے تسلیم کر لیتے ہیں لیکن ہم اس زمانہ سے کوئی سروکار نہیں رکھتے' ہماری بحث اس تصوف سے ہے جو آفتاب اسلام کے طلوع ہونے کے بعد رونما ہوا۔ جب قرآن کریم کے فیضان سے عرب مسلمانوں کی جھولیاں علم و حکمت کے جواہرات سے بھر گئیں تو وہ اپنے گھروں سے نکل کر دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچے اور بڑی دریا دلی اور فیاضی سے انہوں نے ان جواہرات کو لٹایا۔ تاریخ کا ایک ادنیٰ طالبعلم یہ کہنے کی جسارت نہیں کر سکتا کہ اہل فارس نے عرب مسلمانوں کو دینی' تہذیبی اور علمی اعتبار سے متاثر کیا' بلکہ یہ وہ عرب تھے جنہوں نے اپنی ظاہری فتوحات کے جھنڈے گاڑنے کے بعد اہل ایران کے عقائد' نظریات و افکار اور تہذیب و تمدن کو یکسر بدل کر رکھ دیا۔ جب اسلام کی برکت سے اہل فارس آتش پرستی چھوڑ کر خداوند واحد و یکتا کے پرستار بن گئے۔ باقی اور کیا چیز تھی جس کے لئے مسلمان صوفی ان کے شکست خوردہ افکار سے دریوزہ گری کرتے۔ پروفیسر براؤن کا یہ کہنا سراسر خلاف حقیقت ہے کہ ایرانی افکار نے عربوں کو متاثر کیا اور اسی سے تصوف ماخوذ ہے' اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ بہرحال اگر کہیں کچھ مشابہت پائی بھی جاتی ہے تو اس سے ہرگز یہ لازم نہیں آتا کہ اسلامی تصوف اہل فارس کے نظریات سے ماخوذ و مستعار ہے اسلام کا تصوف صرف اسلام سے ماخوذ ہے اور وہ الگ اعتبار سے ایک الگ اور جداگانہ چیز ہے۔

معترضین کے گروہ کا یہ خیال ہے کہ اسلام کے تصوف پر نصرانی تصوف کا بہت بڑا اور گہرا اثر ہے۔ اس دعویٰ کی تائید کے لئے وہ یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ عربوں اور عیسائیوں میں عہد قدیم سے باہمی روابط تھے۔ عرب ایک غیر متمدن اور جاہل قوم تھے جب کہ عیسائی دنیا علم و حکمت کے نور سے جگمگا رہی تھی۔ اس لئے لازمی طور پر مسلمان صوفیوں نے عیسائی راہبوں سے تصوف سیکھا اور اس کو اپنایا۔ ہم عرض کرتے ہیں کہ اسلام کی آمد سے پہلے کے بارے میں آپ کا یہ نظریہ درست ہو سکتا ہے لیکن ہم اس زمانہ کی بات کر رہے ہیں کہ جب عرب کے ظلمت کدہ کو وحیِ الٰہی کے نور

Marfat.com

تاباں نے رشک صد طور بنا دیا تھا۔ اور ان ابجد ناشناسوں کو نہاں خانۂ تقدیر کے اسرار و رموز سے آشنا کر دیا تھا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے خود اپنے ماننے والوں کو دنیا کی لذتوں میں کھو جانے سے سختی کے ساتھ روکا تھا۔ قرآن کریم کی صدہا آیات ایسی ہیں جو مسلمانوں کو زہد تقویٰ کی تلقین کرتی ہیں اور دنیا کی بے ثباتی کا نقش لوح قلب پر ثبت کرتی ہیں۔ سورۃ الحدید کی ایک آیت ملاحظہ ہو:

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ۔ (آیت: ۲۰)

ترجمہ: تم خوب جان لو کہ دنیوی زندگی محض لہو و لعب، زینت اور ایک دوسرے پر اترانے اور مال و اولاد میں زیادتی پر فخر کرنے کا نام ہے۔ جیسے مینہ ہے اور اس کی پیداوار کاشت کاروں کو اچھی معلوم ہوتی ہے۔ پھر وہ خشک ہو جاتی ہے، سو تو اس کو زرد دیکھتا ہے پھر وہ چورا چور ہو جاتی ہے اور آخرت میں عذاب شدید ہے اور خدا کی طرف سے مغفرت اور رضامندی بہت بہتر چیز ہے اور نہیں ہے دنیا مگر دھوکے کا سامان۔"

اور حضور ﷺ کی ایک حدیث بھی سماعت فرمائیے۔

ان مما اخاف علیکم من بعدی ما یفتح علیکم من زہرۃ الدنیا وزینتھا۔ (بخاری، مسلم)

ترجمہ: "اپنے بعد میں تم سے جس چیز کے بارے میں ڈرتا ہوں وہ یہ ہے کہ دنیا کی زینت اور کامیابی کے دروازے تم پر کھول دیئے جائیں گے۔"

خود سوچئے کہ جس قوم کے پاس ان کی کتاب مقدس میں زہد و پرہیز گاری کے اتنے مؤثر مواعظ موجود ہوں انہیں ان پریشان حال راہبوں کی تقلید کی کیا ضرورت ہے، جو خود بے یقینی کی موجوں کے تھپیڑے کھا رہے ہیں۔ اسی طرح عبادت

Marfat.com

عیسائیت کا عطیہ کہتے رہے بعد میں "انسائیکلو پیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھک" میں تصوف کے موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے اعتراف کرتے ہیں کہ آج تک اسلامی تصوف کے آغاز و نشو و نما کے بارے میں غلط اندازے لگائے گئے ہیں یہ کہنا کہ تصوف اسلام میں باہر سے آیا قطعاً" قابل تسلیم نہیں بلکہ روز اول ہی سے مسلمانوں میں ایک ایسا گروہ تھا جو تلاوت قرآن اور مطالعہ حدیث میں مشغول رہتا تھا اور ان کے تمام افکار و نظریات کا منبع قرآن و سنت کے بغیر کچھ بھی نہیں تھا۔

اکابر صوفیاء نے اپنی مستند کتب میں اس بات کو واضح طور پر لکھ دیا ہے کہ صوفی کے لئے کتاب و سنت کے ارشادات پر عمل پیرا ہونا کامیابی کے لئے شرط اول ہے۔ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ کا یہ قول ہر قسم کے شک و شبہ کے بطلان کے لئے کافی ہے' فرماتے ہیں۔

"ایں راہ کس یابد کہ کتاب بردست راست گرفتہ باشد و سنت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم بردست چپ و در روشنائی ایں دو شمع میرود تانہ درمغاک شبہت افتد نہ در ظلمت بدعت۔ (تذکرہ الاولیاء' شیخ عطار ص ۸)

ترجمہ: یہ راہ تو وہی شخص پا سکتا ہے جس کے دائیں ہاتھ میں قرآن پاک ہو اور بائیں ہاتھ میں سنت مصطفیٰ ﷺ اور ان دونوں شمعوں کی روشنی میں وہ قدم بڑھاتا جائے تاکہ نہ شبہات کے گڑھوں میں گرے اور نہ بدعت کے اندھیروں میں پھنسے۔

شیخ ابو بکر طمستانی فرماتے ہیں:

الطریق واضح والکتاب والسنہ قائم بین اظہرنا۔

راستہ کھلا ہوا ہے اور کتاب و سنت ہمارے سامنے موجود ہے۔

حضرت شاہ کلیم اللہ دہلوی" ایک خط میں لکھتے ہیں:

اے برادر! درتفاوت مراتب فقرا اگر امروز خواہی کہ دریابی بجانب شریعت او نگاہ کن کہ شریعت معیار ست۔ عیار فقیر بر شریعت روشن میگردد۔

ترجمہ: اے بھائی اگر تم فقراء کے مراتب کا پتہ آج لگانا چاہو تو ان کے اتباع

Marfat.com

شریعت پر نظر کرو۔ شریعت معیار ہے' اس کسوٹی پر فقیر کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔

صوفیاء کرام نے خود بھی کتاب و سنت پر عمل کیا اور اپنے حلقۂ عقیدت میں داخل ہونے والوں کو کتاب و سنت کی پیروی کی تاکید فرمائی۔ مندرجہ بالا تصریحات کے علاوہ آپ قوت القلوب رسالہ قشیریہ 'کشف المحجوب' عوارف المعارف' فوائد الفواد وغیرہ کا مطالعہ کریں۔ آپ کو ان کے ہر ہر صفحہ پر کتاب و سنت پر عمل کرنے کی تلقین ملے گی۔ اس کے باجود اگر کوئی شخص تصوف کو شریعت کے خلاف کہتا ہے تو اس کی اپنی مرضی!

دوسرا اعتراض

معترضین یہ بھی کہتے ہیں کہ تصوف جاہلوں اور ناخواندہ لوگوں کا مسلک ہے۔ جو لوگ زیور علم سے آراستہ ہیں اور تحقیق و تدقیق کے میدان میں ید طولیٰ رکھتے ہیں' وہ تصوف کے قریب بھی نہیں پھٹکتے۔ یہ ایک ایسا الزام ہے' جو الزام لگانے والوں کی کم نظری اور لاعلمی پر دلالت کرتا ہے۔ اکابر صوفیاء اپنے اپنے زمانہ میں علم و فضل میں بھی اپنی نظیر نہیں رکھتے تھے وہ اپنے ہمعصر علماء و فضلاء پر ہر لحاظ سے فوقیت رکھتے تھے بلکہ تصوف کے میدان میں قدم رکھنے سے پہلے وہ علوم و فنون میں مہارت حاصل کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ حضرت غوث الاعظم' حضرت خواجہ معین الحق والدین اجمیری' حضرت شہاب الدین سہروردی' غوث العالمین شیخ الاسلام حضرت بہاء الحق والدین زکریا ملتانی' حضرت بہاؤ الدین نقشبندی' حضرت مجدد الف ثانی و امثالھم قدس اللہ اسرار ھم نہ صرف اقلیم فقرو درویشی کے شہنشاہ تھے بلکہ کشور علم و فضل کے بھی تاجدار تھے۔ کون ہے جو ان حضرات اور ان کے جلیل القدر خلفاء پر جہالت کی تہمت لگا سکے۔ ان کی تصانیف آج بھی اہلِ علم و تحقیق سے خراجِ تحسین وصول کر رہی ہیں۔ حضرت فرید الدین مسعود شکرؒ فرمایا کرتے تھے کہ جاہل کبھی مسخر شیطان ہو جاتا ہے اس کی نگاہ حقیقت اور سراب میں امتیاز کرنے سے قاصر رہتی ہے۔ وہ دل کی بیماریوں کی صحیح تشخیص اور مناسب علاج نہیں کر سکتا۔

حضرت محبوب الٰہی نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ کا ارشاد ہے:

Marfat.com

"پیر آن چناں باید کہ در احکام شریعت و طریقت و حقیقت عالم باشد و چوں ایں چنیں باشد او خود ہیچ نامشروع نفرمائید۔" فوائد الفواد)

ترجمہ: پیر ایسا ہونا چاہئے جو شریعت' طریقت اور حقیقت کے احکام کا علم رکھتا ہو' اگر ایسا ہو گا تو وہ کسی ناجائز بات کے لئے نہ کہے گا۔

حضرت محبوب الٰہی" کا یہ احوال بھی تھا کہ وہ کسی ایسے شخص کو خلافت عطا نہیں فرماتے تھے جو عالم نہ ہو۔ حضرت یحییٰ بن معاذ رازی کا قول ہے:

اجتنب صحبه ثلاثه اصناف من الناس العلماء الغافلين والفقراء المداهنين والمتصوفه الجاهلين۔ (كشف المحجوب)

ترجمہ: "تین قسم کے آدمیوں کی صحبت سے اجتناب کیا کرو۔ ایسے عالموں سے جو غافل ہوں' ایسے فقیروں سے جو دھوکے باز ہوں اور ایسے صوفیوں سے جو جاہل ہوں"

علامہ ابن جوزی جو صوفیاء پر تنقید کرنے میں مشہور عالم ہیں وہ بھی یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہیں کہ: وما كان المتقدمون فى التصوف الا رؤسًا فى القرآن والفقه والحديث والتفسير۔"

ترجمہ "یعنی صوفیاء متقدمین علوم قرآن' فقہ' حدیث اور تفسیر میں امام ہوا کرتے تھے۔"

تیسرا اعتراض

صوفیاء نے عیسائی راہبوں کی طرح دنیا سے قطع تعلق کر لیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی وہ نعمتیں جو اس نے اپنے بندوں کے لئے پیدا کی تھیں ان سے وہ لطف اندوز ہونے سے دست کش ہو گئے تھے۔ حالانکہ حدیث پاک میں موجود ہے کہ: لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ اسلام میں رہبانیت کے لئے کوئی گنجائش نہیں۔

بے شک صوفیاء کرام ابتدا میں ہر قسم کی علائق سے دست کش ہو کر خلوت گزیں ہو جاتے ہیں اور اچھے کھانے اچھے پہننے رات کو آرام کرنے وغیرہ راحتوں کو

Marfat.com

ترک کر دیتے ہیں' لیکن یہ ان کا مقصد حیات نہیں ہوتا۔ بلکہ وقتی طور پر وہ تزکیہ قلب اور تربیت نفس کے لئے ان مجاہدات کو اختیار کرتے ہیں اور جب وہ اس مقصد میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نور عشق سے ان کے سینے منور ہو جاتے ہیں۔ مذموم عادات سے ان کی طبیعت پوری طرح متنفر ہو جاتی ہے اور محاسن اخلاق ان کی فطرت ثانیہ بن جاتے ہیں' تو پھر ستیزہ گاہ حیات میں اسلام کا پرچم تھامے ہوئے وہ قدم رنجہ فرماتے ہیں۔ ان کے تربیت یافتہ نفوس کے راستہ میں آلام و مصائب کی کوئی چٹان حائل نہیں ہو سکتی۔ ابلیس کی کوئی فسوں کاری ان کو متاثر نہیں کر سکتی۔ بلکہ وہ عزم و ثبات کا پیکر بن کر تسلیم و رضا کے پرخار راستہ پر خراماں خراماں گزرتے چلے جاتے ہیں۔ اور وہ شخص جو اپنی زندگی اسلام کی سربلندی کے لئے وقف کرنا چاہتا ہو' اس کے لئے ناگزیر ہے کہ پہلے وہ تزکیہ قلب اور تربیت نفس کے کٹھن مرحلہ کو کامیابی سے طے کر لے۔ اگر اس میں ذرا بھی خامی باقی ہو گی تو اس کی ادنیٰ سی لغزش اسلام کے وقار کو سخت نقصان پہنچانے کا باعث بنے گی۔

آج جب کہ ہم تبلیغ اسلام کے لئے تحصیل علم کو ہی کافی سمجھتے ہیں اور ریاضت و مجاہدہ کو غیر ضروری بلکہ خلاف اسلام چیز قرار دیتے ہیں' تو ہماری تبلیغ کا رنگ ہی بدل گیا ہے۔ نہ کلام میں اثر ہے نہ وعظ و نصیحت کا کوئی نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ اور ہماری اخلاقی کمزوریاں قدم قدم پر عیاں ہوتی ہیں اور اسلام کی تضحیک کا باعث بنتی ہیں۔ آپ یوں سمجھئے کہ کفار کے ساتھ گھمسان کی لڑائی شروع ہے۔ آپ سپاہی بھرتی کرتے ہیں کیا آپ انہیں بھرتی کرنے کے بعد فوراً" میدان جنگ کی طرف روانہ کر دیں گے یا میدان جنگ سے بہت دور ایک چھاؤنی میں بھیجیں گے اور جب وہ تربیت کے اس مرحلہ کو مکمل کر لیں گے' تب وہ اس قابل ہوں گے کہ انہیں میدان جنگ میں کسی محاذ پر متعین کیا جائے۔ اگر آپ عجلت میں سپاہیوں کو فوراً" جنگ میں جھونک دیں گے تو وہ دشمن کے بجائے اپنے دوستوں کو نقصان پہنچائیں گے اور کوئی بعید نہیں کہ وہ خود ہی اپنی گولی کا نشانہ بن جائیں۔

عیسائیوں کے نزدیک رہبانیت مقصد حیات ہے۔ وہ ہمیشہ کے لئے دنیا سے

Marfat.com

الگ تھلگ زندگی بسر کرنے میں ہی سلامتی اور نجات سمجھتے ہیں۔ صوفیاء کرام کے ہاں اس قسم کا قطعاً" کوئی تصور نہیں۔ صوفیاء کرام کی سوانح حیات کا مطالعہ کیا جائے تو روز روشن کی طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انہوں نے دنیا کو ترک کرنے کی تلقین نہیں کی بلکہ دنیا کے بے اعتدالانہ استعمال اور اس کی محبت میں کھو جانے سے منع کیا ہے۔ انہوں نے شادیاں کیں' ان کے اہل و عیال تھے' ان کے ذاتی مکانات اور مزروعہ اراضی تھیں۔ ان حقائق کی موجودگی میں ان پر رہبانیت کا الزام کیوں کر درست ہو سکتا ہے۔ اور یہ قرآن حکیم کا حکم ہے اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کی ان الفاظ میں ثناگستری فرماتا ہے:

رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ یعنی یہ وہ مردان پاکباز ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے انہیں نہ تجارت غافل کر سکتی ہے اور نہ خرید و فروخت۔

حضرت محبوب الٰہیؒ کا ارشاد بھی سماعت فرمائیے۔

"ترک دنیا آں نیست کہ کسے خود را برہنہ کند مثلاً لنگوتہ بہ بندو بنشیند ترک دنیا آن ست کہ لباس بپوشد' طعام بخورد و آنچہ می رسد روا بدارد و بجمیع او میل نکند و خاطر را متعلق چیزے ندارد۔ (فوائد الفواد)

ترجمہ: ترک دنیا کا یہ معنی نہیں کہ کوئی آدمی اپنے آپ کو برہنہ کرے اور لنگوٹہ باندھ کر بیٹھ جائے' بلکہ ہمارے نزدیک ترک دنیا یہ ہے کہ لباس بھی پہنے' کھانا بھی کھائے اور حلال کی جو چیز دستیاب ہو اسے استعمال بھی کرے۔ لیکن دولت کو جمع کرنے کی طرف راغب نہ ہو اور دل میں اس کو جگہ نہ دے۔

چوتھا اعتراض

یہ اعتراض بڑے زور شور سے تصوف اور صوفیاء پر کیا جاتا ہے اور اس زمانہ میں تو اس اعتراض نے بڑی اہمیت اختیار کر لی ہے اور ہر شخص جو چند سطریں لکھنے کی صلاحیت حاصل کر لیتا ہے وہ اہل حق پر یہ اعتراض کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتا ہے۔ آیئے پہلے ان معترضین کی بات سنیں اور اس کے بعد حقیقت کی کسوٹی پر اسے پرکھیں۔

Marfat.com

معترضین حضرات کہتے ہیں کہ تصوف ایک افیون ہے اور صوفیاء نے ملت کے قوائے عمل کو مضمحل بلکہ مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ ان کو اس بات پر اصرار ہے کہ ملت کو چاہئے کہ تصوف کی بنائی ہوئی ان رو پہلی اور سنہری زنجیروں سے اپنے آپ کو رہا کرائیں اور تصوف کی پیدا کردہ خواب آلود فضا سے نکل کر حقائق کی تلخیوں سے دوچار ہونے کے لئے تیار ہو جائیں۔

بات یہی ہے لیکن معترضین نے اسے نئے نئے جاذب قلب و نظر اسالیب میں بیان کر کے بڑی رنگ آمیزیاں کی ہیں۔

ہم بڑی ذمہ داری اور وثوق کے ساتھ یہ کہتے ہیں کہ یہ الزام سراسر غلط اور بے بنیاد ہے۔ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ ان بزرگوں نے ملت کے عروق مردہ میں ہمیشہ نئی روح پھونکی ہے۔ ان کی فیض نگاہ سے حوصلوں میں بلندی' عزائم میں پختگی' ولولوں میں جولانی اور قوت عمل میں برق آسا سرعت اور چمک پیدا ہوتی ہے۔ آپ ذرا تعصب کی پٹی اتار دیجئے اور تبلیغ اسلام کی تحریک کے جوانمرد علمبرداروں کے نقوش پا کو دیکھتے ہوئے ان میدانوں تک پہنچنے کی کوشش کیجئے جہاں حق نے باطل پر ابدی فتح حاصل کی۔ برصغیر پاک و ہند پر ذرا سرسری نظر ڈالئے۔ سجستان کا ایک درویش تبلیغ اسلام کے جذبہ سے سرشار ہو کر اپنے وطن کو چھوڑتا ہے' اپنے اقارب و احباب کو الوداع کہتا ہے۔ اپنی منقولہ اور غیر منقولہ املاک سے دست کش ہوتا ہے اور تنہا بتکدہ ہند کا رخ کرتا ہے۔ یہاں بھی کئی ایسے گوشے تھے جہاں اسلام نے اپنے قدم جما لئے تھے۔ لیکن اس کے حوصلہ کی بلندی اور اس کے عزائم کی پختگی ارواس کے جوش کی جولانی اسے راجپوتانہ کے اس علاقہ میں لے جاتی ہے جہاں کفر کی کالی رات چھائی ہوئی ہے۔ ایک آمر مطلق راجہ وہاں کا حکمران ہے وہ ظالم راجہ کی اس ریاست کے کسی دور افتادہ گوشہ کو اپنا مسکن نہیں بناتا بلکہ اس کی راجدھانی میں جا کر اپنا مصلیٰ بچھا دیتا ہے۔ ساری آبادی بت پرست ہے اور اپنے ان مشرکانہ عقائد میں حد درجہ غلو رکھتی ہے۔ وہ اپنے ان معبودوں کے خلاف کوئی بات سننا گوارا تک نہیں کر سکتی۔ جگہ جگہ مندر موجود ہیں۔ بڑے بڑے برہمن ان لوگوں کے عقائد اور نظریات

Marfat.com

کی حفاظت کے لئے ہر قسم کے علوم و فنون سے مسلح ہیں۔ مسند حکومت پر پرتھوی راج جیسا جابر' ظالم اور متعصب ہندو راجہ براجمان ہے۔ اس ناسازگار ماحول میں جو شخص حق کی دعوت دیتا ہے اور ہر قسم کے خطرات کے سامنے سینہ سپر ہوتا ہے اور پھر اسلام کے پرچم کو یوں لہراتا ہے کہ اسے صدیوں کے انقلابات بھی سرنگوں نہیں کر سکتے۔ وہ شخص کون ہے؟ وہ ایک صوفی ہے تصوف کے رنگ میں اس کا ظاہر اور باطن اس کا ذہن' اس کا دل اس کی سوچ اور اس کا نطق سب رنگے ہوئے ہیں۔ کیا ایسے شخص کے بارے میں آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کی تعلیمات قوائے عمل کو مفلوج کر دینے والی ہیں۔ وہ رزمگاہ حیات سے فرار کا راستہ بتاتا ہے۔ اگر آپ میں یہ جرات ہے تو آپ کہئے اور کہتے رہئے۔ لیکن آپ کے غل مچانے سے حقیقت مسخ نہیں ہو سکتی۔ اس کی خانقاہ کے فیض یافتہ صوفی ہندوستان کے شرق و غرب میں پھیل جاتے ہیں اور کفر و شرک کا اندھیرا جو صدیوں سے یہاں خیمہ زن تھا اس کو اپنے نعرۂ قلندرانہ سے نیست و نابود کر کے رکھ دیتے ہیں۔ کاش اس قسم کے نفوس قدسیہ ملت کو ہمیشہ نصیب ہوتے!

شاید معترضین کے علم میں نہ ہو کہ چنگیزی طوفان نے دنیائے اسلام کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا تھا ہزاروں آباد شہر ویران کر دیئے گئے تھے۔ لاکھوں بے گناہوں کو تہ تیغ کر دیا گیا تھا۔ عروس البلاد بغداد کی اینٹ سے اینٹ بجا دی گئی تھی۔ عقل و دانش کے پرستار اسلام کے مستقبل سے مایوس ہو گئے تھے۔ معلوم ہے آپ کو کہ کس نے ان سرکش طوفانوں کا رخ موڑا تھا' کس نے اسلام کے دشمنوں کو اسلام کی شمع کا پروانہ بنا دیا تھا۔ وہ انہی صوفیاء کے گروہ کا فرد تھا جس کی ایک نظر نے ساری فضا کو بدل کر رکھ دیا تھا۔ ایک خراسانی بزرگ جو سلسلہ عالیہ قادریہ سے نسبت رکھتے تھے۔ اشارۂ غیبی کے تحت ہلاکو خان کے بیٹے تگودار خان کو دعوت اسلام دینے کے لئے تشریف لائے۔ وہ شکار سے واپس آ رہا تھا۔ اپنے محل کے دروازے پر ایک درویش کو دیکھ کر اس نے ازراہِ تمسخر پوچھا۔ "اے درویش! تمہاری داڑھی کے بال اچھے ہیں یا میرے کتے کی دم؟" اس بے ہودہ سوال پر آپ قطعاً برہم نہ ہوئے۔ بڑے تحمل سے فرمایا۔ اگر

Marfat.com

میں اپنی جاں نثاری اور وفاداری سے اپنے مالک کی خوشنودی حاصل کرلوں تو میری داڑھی کے بال اچھے ہیں ورنہ آپ کے کتے کی دم اچھی ہے جو آپ کی فرمانبرداری کرتا ہے اور آپ کے لئے شکار کی خدمت انجام دیتا ہے۔ تگودار خان' اس غیر متوقع جواب سے بہت متاثر ہوا اور آپ کو مہمان کی حیثیت سے اپنے پاس ٹھہرایا اور آپ کی تبلیغ سے اس نے درپردہ اسلام قبول کرلیا' لیکن اپنی قوم کی مخالفت کے خوف سے اس کا اظہار نہ کیا پھر انہیں یہ کہہ کر رخصت کیا کہ سردست آپ تشریف لے جائیں۔ میں اپنی قوم کو ذہنی طور پر اسلام قبول کرنے پر آمادہ کروں گا۔ چنانچہ آپ وطن واپس آ گئے کچھ عرصہ بعد آپ کا انتقال ہو گیا۔ وفات سے پہلے اپنے بیٹے کو وصیت کی کہ وہ تگودار خان کے پاس جائے اور اسے اپنا وعدہ یاد دلائے کچھ عرصہ بعد وہ تگودار خان کے پاس پہنچے اس سے اپنا تعارف کرایا اور اپنے آنے کی وجہ بتائی۔ اس نے کہا کہ دوسرے تمام سردار اسلام قبول کرنے پر آمادہ ہیں' لیکن فلاں سردار ابھی اسلام قبول کرنے کے لئے تیار نہیں۔ اگر وہ راہ راست پر آجائے تو یہ مشکل آسان ہو سکتی ہے۔ آپ نے اسے بلا بھیجا اور تبلیغ کی۔ اس نے کہا میری ساری عمر میدان جنگ میں گزری ہے۔ میں عملی دلائل کو نہیں سمجھ سکتا۔ میرا ایک ہی مطالبہ ہے کہ یہ درویش میرے پہلوان سے مقابلہ کرے۔ اگر اسے پچھاڑ دے تو میں مسلمان ہو جاؤں گا۔ تگودار خان نے آپ کا نحیف و لاغر جسم دیکھ اس مطالبہ کو مسترد کرنا چاہا۔ لیکن آپ نے اس کا چیلنج منظور کرلیا۔ مقابلہ کی تاریخ اور جگہ کا تعین ہو گیا۔ مقررہ دن بے شمار مخلوقات یہ عجیب و غریب دنگل دیکھنے کے لئے جمع ہو گئی ایک طرف نحیف و کمزور پیر فرتوت اور دوسری طرف ایک پیل تن گرانڈیل نوجوان۔ تگودار خان نے بڑی کوشش کی کہ یہ مقابلہ نہ ہو لیکن وہ درویش مقابلہ کے لئے مصر تھا۔ جب دونوں پہلوان اکھاڑے میں نکلے تو آپ نے اس زور سے اپنے حریف کو ایک طمانچہ مارا کہ اس کا سر پھٹ گیا۔ وہ غش کھا کر زمین پر آگرا۔ وہ سردار حسب وعدہ میدان میں نکل آیا۔ آپ کے ہاتھ کو بوسہ دیا ار اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا۔ تگودار خان نے بھی اپنے ایمان کا اظہار کر کے اپنا نام احمد رکھا۔

Marfat.com

ہلاکو خان کا ایک چچا زاد بھائی تھا جس کا نام برکہ تھا۔ اسے بھی حضرت شیخ شمس الدین باخوری نے مشرف باسلام کیا۔ اس طرح ان پاک نہاد صوفیاء کی جرأتِ ایمانی اور دلآویز اسلوبِ تبلیغ کے طفیل پاسبان مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے۔ فتح قسطنطنیہ' اسلامی فتوحات کی تاریخ کا ایک لافانی واقعہ ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ بائیس سالہ سلطان محمد کو کس نے اس کٹھن مہم کو سر کرنے کے لئے برانگیختہ کیا۔ وہ ایک صوفی تھے۔ (حضرت عاق شمس الدین) جو سلطان محمد کے مرشدِ طریقت تھے۔ انہی کی ترغیب اور بشارت سے سلطان نے یہ بے نظیر کارنامہ انجام دیا۔

جب صوفیا کی مساعی جمیلہ کے صدقے دنیا میں اسلام پھیلا' قلعے اور شہر فتح ہوئے قوموں اور ملکوں کے مقدر سنور گئے۔ ان کے بارے میں اسی ملت کے افراد اگر یہ کہیں کہ تصوف ایک افیون ہے' یہ غور و فکر کی قوتوں کو شل کر دیتا ہے' قوائے عمل کو اپاہج بنا دیتا ہے' تو اس زیادتی پر کس سے شکوہ کیا جائے؟

آیئے بیگانوں سے پوچھئے کہ وہ صوفیاء کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں۔ پروفیسر خلیق احمد نظامی کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو۔

"یورپ کے مستشرق جب اسلامی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو انہیں یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ مسلمانوں کا سیاسی زوال کبھی ان کے دینی نظام کو تباہ نہ کر سکا بلکہ بقول پروفیسر ہٹی (HITTI) اکثر ایسا ہوا کہ سیاسی اسلام کے تاریک ترین لمحات میں مذہب اسلام نے بعض نہایت شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ ہالینڈ کے ایک فاضل لوکے گادر نے دبے انداز میں اس بات پر استعجاب کا اظہار کیا ہے کہ گو اسلام کا سیاسی زوال تو بارہا ہوا لیکن روحانی اسلام میں ترقی کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہا۔ (تاریخ مشائخ چشت ص ۹)

پروفیسر موصوف نے ایک مشہور مستشرق ایچ اے آر گب (Gibb) کی تقریر کا حوالہ بھی دیا ہے جو انہوں نے آکسفورڈ یونیورسٹی کی مجلس کے سامنے کی تھی۔ گب نے کہا:

"تاریخ اسلام میں بارہا ایسے مواقع آئے ہیں کہ اسلام کے کلچر کا شدت سے

Marfat.com

مقابلہ کیا گیا' لیکن بایں ہمہ وہ مغلوب نہ ہو سکا۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ تصوف یا صوفیاء کا انداز فکر فوراً" اس کی مدد کو آجاتا تھا۔ اور اس کو اتنی قوت اور توانائی بخش دیتا تھا کہ کوئی طاقت اس کا مقابلہ نہ کر سکتی تھی۔"

اسلام کے مخالف اور بدخواہ تو اس طوفانی قوت کا اندازہ کر کے لرزہ براندام ہیں جو تصوف کے چشمۂ شیریں سے ملت کو حاصل ہوتی ہے۔ ادھر ہم ہیں کہ احساس کمتری میں مبتلا ہیں اور شکوک و شبہات کے خس و خاشاک سے اس چشمۂ صافی کو گدلا کرنے کے درپے ہیں۔

تحریک پاکستان میں صوفیاء کرام نے جو شاندار کردار انجام دیا ہے' یہ تو کل کی بات ہے اس کا کون انکار کر سکتا ہے۔

عصر حاضر مادیت گزیدہ ہے۔ ہر شخص مادی ثروت' مادی لذتوں' مسرتوں اور مادی جاہ و منصب کے حصول کے لئے دیوانہ وار مصروف عمل ہے اس دور میں اسے اس کی قطعاً" کوئی پروا نہیں کہ پاکیزہ اخلاقی قدریں کس طرح پامال ہو رہی ہیں۔ روحانیت کا رخ زیبا کیونکر مسخ ہو رہا ہے اور دل کی دنیا طمع و حرص اور حسد و بغض کی آلائشوں سے کس قدر متعفن ہو رہی ہے۔ اگر یہ دیوانگی ہمیں کسی اچھے انجام سے دو چار کر دیتی تو ہم قطعاً" اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند نہ کرتے' لیکن ہم کھلی آنکھوں دیکھ رہے ہیں کہ بڑی سرعت سے زوال و انحطاط کے گڑھے کے قریب ہوتے جا رہے ہیں۔ اور یہ ایسا گڑھا ہے جس میں جو قوم گری ہے پھر اسے ابھرنا نصیب نہیں ہوا۔ ملت کے بہی خواہوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنی جملہ علمی' روحانی' اور عملی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اپنی ملت کو اس گڑھے میں گرنے سے بچائیں۔ اس کا مؤثر ترین طریقہ یہ ہے کہ ان پاکیزہ فطرت ہستیوں کی زندگی کا مرقع زیبا پیش کریں۔ جہاں للہیت' خلوص' قناعت' استغناء' عالی حوصلگی' جرأت' سخاوت اور ہر انسان سے بے پناہ ہمدردی کے انوار قلب و نظر کو روشنی بخش رہے ہوں۔ اور یہ ساری خوبیاں اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ صوفیاء کرام کے سوانح حیات میں ہی دستیاب ہو سکتی ہیں۔ (مقالات)

Marfat.com

3) ڈاکٹر پیر محمد حسن مد ظلہ العالی

صوفی کا لفظ سنتے ہی اس لفظ کی ماہیت اور ان لوگوں کے اعتقادات اور اس مذہب کی بنیاد کے بارے میں ذہن میں سوالات اٹھنے لگ جاتے ہیں۔ ہر شخص اپنے خیال اور اپنے ذہن کی ساخت کے مطابق اس میں معانی گھسیڑنا چاہتا ہے حالانکہ درست بات لازمی طور پر وہی ہوتی ہے اور ہونی چاہئے جو ان کے اپنے لوگ کہیں۔ چنانچہ یہاں ہمیں ابوالقاسم عبدالکریم بن ھوازن قشیری م ۴۶۵ھ جیسی بزرگ ہستی مل جاتی ہے۔ قشیری صوفی، مفسر، محدث، فقیہ، ادیب اور شاعر سبھی کچھ تھے۔ انہوں نے اپنے رسالہ میں صوفی اور تصوف کے بارے میں الگ باب باندھا ہے، فرماتے ہیں:

لیس یشھد لھذا الاسم من حیث العربیہ قیاس ولا اشتقاق۔

(عربی زبان کے اعتبار سے اس نام کی شہادت نہ قیاس سے ملتی ہے نہ اشتقاق سے) اس کے بعد فرماتے ہیں: والاظھر فیہ انہ کاللقب (امر واضح یہی ہے کہ یہ لقب کی طرح ہے) پھر فرماتے ہیں:

اما قول من قال انہ من الصوف و تصوف اذا لبس الصوف کما یقال تقمص اذا لبس القمیص فذلک وجہ

(ابوالقاسم قشیری رسالہ قشیریہ ص ۱۲۸)

جو یہ کہے کہ یہ لفظ صوف سے لیا گیا ہے اور تصوف کے معنی ہیں اس نے صوف پہنا جس طرح تقمص کے معنی ہیں اس نے قمیص پہنی تو یہ ایک وجہ ہو سکتی ہے۔

اس کے علاوہ جو دیگر احتمالات پیش کئے جاتے ہیں وہ قشیری کے نزدیک درست نہیں، فرماتے ہیں جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ لفظ صفہ سے نکلا ہے اور صفہ سے مراد صفہ مسجد رسول اللہ ﷺ ہے تو یہ اس لئے درست نہیں کہ صفہ سے اسم نسبت صوفی نہیں آسکتا۔ یا جن لوگوں نے اسے صفا سے مشتق سمجھا ہے تو یہ بھی درست نہیں کیونکہ صوفی کو صفا سے مشتق سمجھنا عربی زبان کے تقاضوں سے مطابقت نہیں رکھتا نیز

Marfat.com

جن لوگوں نے اسے صف سے مشتق سمجھا ہے اور مراد یہ لی ہے کہ اپنے دلوں کے ساتھ بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوتے ہوئے یہ صف اول کے لوگ ہیں تو معنی کے اعتبار سے یہ درست ہے مگر عربی لغت کے قوانین کے مطابق صف سے اسم نسبت صوفی نہیں آسکتا۔

قشیری رحمتہ اللہ علیہ نے بڑی وضاحت سے اس لفظ کی توجیہ بیان کر دی ہے لہٰذا اس وضاحت کے ہوتے ہوئے ادھر ادھر ہاتھ پاؤں مارنا غلط اور نامناسب ہے۔

مگر ہمارے مہربان مستشرقین اپنی پخ لگائے بغیر نہیں رہتے اور جو زہران کے دماغوں میں اسلام اور مسائل اسلام کے خلاف بھری ہوئی ہے اس کا اظہار کرنے سے باز نہیں آتے۔ صرف ایک مثال پیش کرتا ہوں۔

وعندنا انها مشتقه من لفظة يونانية الا صل هى صوفيا و معناها الحكمه (جرجی زیدان' تاریخ ادب اللغتہ العربیتہ : ۲: ۳۳۲) (ہمارے نزدیک یہ لفظ یونانی الاصل لفظ سے مشتق ہے اور یہ لفظ صوفیا ہے) جس کے معنی حکمت کے ہیں۔

نولڈ کے (Noldeke) نے بھی تصوف پر ایک مقالہ لکھا ہے جس میں اسی قسم کے خیالات کا اظہار کیا گیا ہے۔ راقم کہتا ہے کہ جرجی زیدان کا یہ کہنا کہ یہ یونانی لفظ صوفیا سے لیا گیا ہے غلط ہے کیونکہ عربی زبان کے اصولوں کے مطابق اس لفظ سے اسم نسبت صوفیاوی ہونا چاہئے نہ کہ صوفی۔

اب رہا یہ سوال کہ ان صوفیاء کے کیا عقائد ہیں اور ان کے مذہب کی بنیاد کس چیز پر ہے تو یہاں بھی قشیری رحمتہ اللہ علیہ ہماری رہنمائی کرتے ہیں' فرماتے ہیں:

اعلموا رحمكم الله ان شيوخ هذه الطائفه بنوا قواعدامرهم على اصول صحيحة فى التوحيد صانوا بها عقائدهم من البدع ودانوا بما وجدوا عليه السلف واهل السنة من توحيد ليس فيه تمثيل ولا تعطيل وعرفوا ما هو

Marfat.com

حق القلم۔ (ابو القاسم قشیری، رسالہ قشریہ: ۳) تمہیں معلوم ہونا چاہئے خدا تم پر رحم کرے کہ اس جماعت کے شیوخ نے تصوف کے اصولوں کی بنیاد توحید کے صحیح اصولوں پر رکھی ہے اور انہوں نے اپنے عقائد کو بدعتوں سے محفوظ رکھا ہے اور ان قواعد کی پیروی کی ہے جن پر انہوں نے سلف صالحین اور اہل سنت کو پایا ہے۔ یعنی ایسی توحید جس میں نہ فرقہ ممثلہ کی تمثیل پائی جاتی ہے نہ فرقہ معطلہ کی تعطیل اور انہوں نے قدم یعنی خدائے قدیم کے حق کو پہچانا ہے۔

صوفیاء کے شیوخ کی لاتعداد ایسی عبارتیں پیش کی جاسکتی ہیں جن میں انہوں نے اپنے عقائد اور ان عقائد کی بنیاد کا ذکر کیا ہے یہاں چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

ربما وقع فی قلبی النکتة من نکت القوم اياما" فلا اقبل منه الا بشاهدين عدلين الكتاب والسنه۔ (ابو القاسم قشیری، رسالہ قشیریہ، طبع القاہرہ ۱۹۴۰ء، ص ۱۶)

(بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ صوفیاء کے نکات میں سے کوئی نکتہ کئی دن تک میرے دل پر وارد ہوتا رہا ہے مگر میں اسے دو عادل شاہدوں یعنی کتاب و سنت کی تائید کے بغیر قبول نہیں کرتا۔)

ابو عبداللہ الحارث بن اسد المحاسبی متوفی ۲۴۳ھ فرماتے ہیں:

من صحح باطنه بالمراقبة والاخلاص زين الله ظاهره بالمجاهدة واتباع السنه۔ (ابو القاسم قشیری، رسالہ قشیریہ، لواقع الانوار ۶۶)

سہل تستری رحمتہ اللہ م ۲۸۳ھ فرماتے ہیں:

اصولنا سبعة اشياء التمسك بكتاب والاقتداء بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم واكل الحلال وكف الاذى واجتناب المعاصى والتوبة واداء الحقوق۔ (لواقع الانوار ۶۶)

ہمارے سات اصول ہیں کتاب اللہ کو مضبوط پکڑنا، رسول اللہ ﷺ کی سنت

Marfat.com

کی پیروی کرنا' حلال کی روزی کھانا، کسی کو دکھ نہ دینا' گناہوں سے پرہیز کرنا' توبہ کرنا اور لوگوں کے حقوق ادا کرنا۔

۴۔ ابو القاسم جنید بن محمد متوفی ۲۹۷ھ فرماتے ہیں:

من لم یحفظ القران ولم یکتب الحدیث لا یقتدی به فی هذا الامر لان علمنا هذا مقید بالکتاب والسنه (ابو القاسم قشیری رساله قشیریه ۲۵) جس نے نہ قرآن حفظ کیا ہو نہ حدیث لکھی ہو' تصوف کے معاملہ میں اس کی پیروی نہیں کی جائے گی اس لئے کہ ہمارے علم میں کتاب و سنت کی قید پائی جاتی ہے۔

۵۔ ابو حمزہ محمد بن ابراہیم بغدادی متوفی ۲۸۹ھ فرماتے ہیں۔

من علم طریق الحق سهل علیه سلوکه ولا دلیل علی الطریق الی الله الا متابعة الرسول ﷺ فی احواله وافعاله و اقواله۔

جس شخص نے طریق حق کو معلوم کر لیا اس کے لئے اس راستہ پر چلنا آسان ہو جاتا ہے اور اللہ کی راہ کی طرف رسول اللہ کے اقوال اور افعال کی تابعداری کئے بغیر کوئی رہنمائی نہیں ہو سکتی۔

یہ ہیں وہ بلند اقوال اور پاکیزہ احوال جو ان لوگوں کے طرۂ امتیاز ہیں بایں ہمہ لوگ ان پر زبان طعن دراز کرنے میں کوشاں رہتے ہیں سب سے زیادہ ابن عربی متوفی ۶۳۸ھ پر طعن و تشنیع کی گئی ذرا ان کا بھی عقیدہ سن لیجئے۔

انہوں نے فتوحات مکیہ کے آخری باب ۵۶۰ میں دو سو کے قریب وصیتیں دی ہیں' ایک وصیت میں فرماتے ہیں۔

علیک بالا قتداء برسول الله ﷺ فی احواله و اقواله و افعاله الا ما نص علیه انه مختص به قیما لا یجوزلنا ان نفعله۔

رسول اللہ ﷺ کے احوال و اقوال و افعال کی تابعداری کرنا اپنے اوپر

Marfat.com

لازم سمجھو سوائے ان امور کے جن کے بارے میں آپ نے وضاحت سے فرمادیا ہے کہ وہ آپ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہے اور ہمارے لئے ان کا کرنا جائز نہیں۔

یہ ہے ان کا مذہب اور یہ ہیں ان کے بنیادی اصول۔ بھلا یہ لوگ ان بلند اصولوں کو چھوڑ کر کہیں اور جا سکتے ہیں یا اغیار کی طرف ان کی توجہ ہو سکتی ہے۔ پھر بھی نکلسن لکھتا ہے۔

(A Literary History of the Arabs:231)

Accordingly I do not think that we need look beyound islam for the origin of the sufi doctrine, although it would be a mistake not to recognise the partwhich christian inristian influencehavehadinshaping their early Developement.

یہاں نکلسن کہہ رہا ہے کہ تصوف کی تعلیمات میں عیسائیت کے اثر کو تسلیم نہ کرنا غلطی ہے۔ اس قول میں نکلسن اپنی اسلام دشمنی کے اظہار سے باز نہیں رہ سکا۔ یہی حال دیگر مستشرقین کا ہے کیونکہ استشراق کی بنیاد ہی پادریوں نے ڈالی تھی۔

سب سے پہلے شخص جنہیں صوفی لقب دیا گیا ابو ہاشم کوفی ہیں' انہوں نے ۱۶۰ھ کے قریب وفات پائی۔

ان کے بارے میں سفیان ثوری م ۱۲۱ھ جیسے عظیم المرتبہ محدث فرماتے ہیں۔ مازلت ارائی وانا لا اشعر حتی جالست ابا ھاشم فاخذت منہ ترک الریاء (صفوۃ الصفوۃ ۔ ۲:۳۷۱) ایک عرصہ تک میں ریاکاری کرتا رہا اور مجھے اس بات کا احساس ہی نہ ہوا (کہ ریاکاری کر رہا ہوں) تا آنکہ میں ابو ہاشم کی صحبت میں بیٹھنے لگا تو ان سے میں نے ریاکاری کو ترک کرنا سیکھا۔

ان کے زہد و تقویٰ کا یہ عالم تھا کہ جب انہوں نے شریک قاضی (م ۱۷۷ھ) کو یحییٰ بن خالد برمکی (م ۱۹۰ھ) کے گھر سے نکلتے ہوئے دیکھا رو پڑے اور فرمایا:

Marfat.com

اعوذ باللہ من علم لا ینفع

صوفیا نے وقت کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بہت جلد تصانیف کرنا شروع کر دیا تھا چنانچہ سب سے پہلے عبداللہ بن مبارک رحمتہ اللہ (م ۱۸۱ھ) نے کتاب الزھد لکھی۔ انہوں نے اس میں ان احادیث کا ذکر کیا ہے جن میں زھد کی ترغیب پائی جاتی ہے۔

اسی طرح ابو عبداللہ حارث بن اسد محاربی (م ۲۴۳ھ) نے کتاب الخلوۃ والتنقل فی العبادۃ التفکر والاعتبار اور الرعایۃ لحقوق اللہ لکھی۔

مگر یہ کتابیں خاص موضوعات پر لکھی گئی تھیں۔

پھر وقت کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے انہوں نے ایسی کتابیں تالیف کیں جو صوفیاء کے متعدد مسائل پر مشتمل ہوں۔ چنانچہ جس طرح عربی ادب میں چار کتابیں بنیادی تصور کی جاتی ہیں اسی طرح تصوف میں بھی چار کتابوں کو بنیادی حیثیت دی جاتی ہے۔

سب سے پہلے ہم کتاب التعرف کو لیتے ہیں۔

اس کے مصنف ابو بکر بن ابو اسحاق محمد بن ابراہیم بن یعقوب بخاری کلاباذی ہیں۔ کتاب کا نام التعرف لمذہب اہل تصوف ہے۔ کتاب کے نام ہی سے اس کے موضوع کا پتہ چل جاتا ہے۔ اسی کتاب پر کلاباذی کی تمام تر شہرت کا مدار ہے۔ کلاباذی نے اس کتاب میں صوفیاء کے عقائد' احوال اور بعض اصلاحات کی تشریح کی ہے۔

کلاباذی نے اس کتاب کے لکھنے کی ضرورت کیوں محسوس کی۔ آربری اس بارے میں خاموشی سے گزر گیا ہے۔ صوفیاء کے اخلاق اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ کسی کا نام لے کر اس کی برائی بیان کی جائے یہی وجہ ہے کہ کلاباذی نے کسی کا صراحتہ" ذکر نہیں کیا مگر کتاب کی بعض عبارتوں پر غور کرنے سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ کلاباذی اہل سنت کا عقیدہ پیش کر کے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ہمارا عقیدہ نہ تو معتزلہ کا عقیدہ ہے نہ کرامیہ کا۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

اجمعوا ان القران کلام اللہ علی الحقیقہ ولیس

Marfat.com

بمخلوق ولا محدث ولا حدث (ابوالقاسم قشیری رسالہ قشیریہ ص ۱۸)

(تمام صوفیاء کا اس پر اتفاق ہے کہ قرآن درحقیقت اللہ کا کلام ہے اور یہ کہ قرآن نہ مخلوق ہے نہ محدث نہ حدث۔)

کلا باذی نے یہاں قرآن کو مخلوق یا محدث کہنے والوں میں سے کسی کا نام نہیں لیا تعرف کے شارح المستملی البخاری اس قول کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں گفت المخلوق نیست و حدث نیست اما مخلوق و محدث معتزلہ گفتند و اما حدث و حادث کرامیان گفتند چنیں گفتند کہ ما قرآن را حادث گوئیم و محدث و مخلوق نہ گوئیم و قدیم و ازلی ھم نگوئیم (شرح التعرف ۱:۱۵۸)

یہاں کلا باذی نے اپنا عقیدہ بیان کرتے ہوئے وضاحت کردی ہے کہ صوفیاء کا عقیدہ نہ تو معتزلہ کا عقیدہ ہے نہ کرامیہ کا اور یہ وہ زمانہ تھا کہ کرامیتہ صوفیاء کے بھیس میں لوگوں کو گمراہ کر رہے تھے۔ مزید برآں کلا بازی ایمان کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں ایمان زبان سے اقرار کرنے اور دل سے تصدیق کرنے کا نام ہے اور فرائض پر عمل کرنا ایمان کی فرع ہے (التعرف ترجمہ ڈاکٹر پیر محمد حسن: ۱۹۹)

اس کے خلاف معتزلہ اور خوارج اعمال کو ایمان کا جزو قرار دیتے ہیں چنانچہ صوفیا کے نزدیک فاسق مومن ہے اور معتزلہ اور خوارج کے نزدیک فاسق مومن نہیں کیونکہ ان کے نزدیک اعمال ایمان کا جزو ہیں اور کرامیہ کے نزدیک ایمان صرف زبان سے اقرار کر لینے کا نام ہے خواہ دل سے اس کی تصدیق نہ بھی کی جائے لہٰذا ان کے نزدیک وہ شخص جو دل میں کچھ اور ہی عقیدہ رکھے مگر زبان سے اقرار کرے تو وہ شخص ان کے نزدیک مومن ہے۔

ان دو اندرونی شہادتوں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کلا باذی اپنی برأت بیان کرنے کے لئے یہ بتا رہے ہیں کہ ان کے عقائد معتزلہ یا کرامیہ یا خوارج کے سے عقائد نہیں اور یہی کتاب لکھنے کی غرض و غایت ہے۔

کلا باذی کی کتاب التعرف کو اس قدر مقبولیت حاصل ہوئی کہ شہاب الدین سہروردی مقتول ۵۸۷ھ کو یہ کہنا پڑا لولا التعرف لما عرف التصوف اس

Marfat.com

مقبولیت کی بناء پر اس کتاب کی شرحیں لکھی گئیں۔

حاجی خلیفہ نے اس کتاب کی چار شرحوں کی نشاندہی کی ہے۔

۱۔ خود کلا باذی نے اس کی شرح لکھی جس کا نام حسن التعرف رکھا۔ مگر آربری نے اسے غلط قرار دیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ نام تو قونوی کی شرح کا ہے۔

۲۔ عبداللہ بن محمد بن علی الانصاری الھروی المتوفی ۴۸۱ھ نے بھی اس کی شرح لکھی۔

۳۔ علاؤ الدین علی بن اسماعیل القونوی المتوفی ۷۲۹ھ نے بھی شرح لکھی۔

۴۔ اسماعیل بن محمد بن عبداللہ المستملی المتوفی ۴۳۴ھ نے بھی شرح لکھی۔

یہ شرح چھپ چکی ہے اور مستملی نے اس میں بہت مفید باتیں پیش کی ہیں۔

المستملی کلا باذی کے لئے شیخ کا لفظ استعمال کرتے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے کلاباذی سے استفادہ کیا ہے۔

مستملی پہلے اصل عبارت کا فارسی میں ترجمہ پیش کرتے ہیں پھر موقعہ اور محل کے مطابق اس کی شرح بھی کرتے ہیں مگر کئی ایک مقامات پر ترجمہ کی بجائے محض مفہوم دے دیا ہے۔ کلا باذی کی ایک اور تصنیف کا بھی پتا چلتا ہے جس کا نام بحرالفوائد فی معانی الاخبار ہے۔ اس میں کلا باذی نے ۲۲۲ احادیث کی شرح کی ہے۔

مستملی نے کلا باذی کی ایک اور کتاب کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں (شرح تعرف: ۲: ۱۶۶) باز شیخ رحمتہ اللہ در کتاب کہ آں را مثل الروح والجسد و القلب نام کردہ است۔

اسی زمانہ میں ابو نصر عبداللہ بن علی بن محمد بن یحیٰ سراج طوسی نے کتاب اللمع فی التصوف لکھی ابو نصر زاہدوں کی اولاد سے تھے فتوت اور صوفیاء کی ترجمانی کرنے میں یہ اپنے علاقے میں مرجع خلائق تھے۔ انہوں نے مسائل تصوف کی تائید میں شرعی دلائل و براہین پیش کئے ہیں۔ سراج صوفیاء کے فقیہہ مانے جاتے تھے۔ انہوں نے ۳۷۸ھ میں وفات پائی۔

ابو المحاسن ۵۷۴ھ نے نجوم میں لکھا ہے کہ سراج کی وفات نیشاپور میں نماز

Marfat.com

کے دوران ہوئی اور انہیں طوس میں دفن کیا گیا۔ (آربری مقدمہ تعرف)

ذہبی کے بیان کے مطابق ان کے والد کی وفات سجدے کی حالت میں ہوئی (آربری)

ابو نصر نے کتاب اللمع کو نہایت عمدہ طریقے سے مرتب کیا ہے اس میں انہوں نے نہ صرف صوفیاء کے اقوال پیش کئے ہیں بلکہ ان کے اشعار اور خطوط کے اقتباسات بھی درج کر دیئے ہیں۔

جن لوگوں سے انہوں نے اقوال نقل کئے ہیں ان میں بیشتر اولیائے کبار اور زھاد عظام ہوئے ہیں اور یہ ان کی خوش بختی اور عنداللہ عظیم المرتبت ہونے کا بیّن ثبوت ہے۔

ابو نصر سراج کے ایک معاصر ابو طالب محمد بن علی عطیہ مکی حارثی (متوفی ۳۸۶ھ) نے بھی تصوف پر کتاب لکھی جس کا نام قوت القلوب فی معاملۃ المحبوب و وصف طریق المرید الی مقام التوحید رکھا۔ کتاب کا نام سنتے ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ مصنف اس کتاب میں کس قسم کے مسائل اور مضامین پیش کرنا چاہتا ہے۔

حاجی خلیفہ کہتا ہے: دقائق طریقت کے بارے میں ایسی کتاب نہیں لکھی گئی اور اس کا مؤلف علوم صوفیاء کی ایسی باتیں پیش کرتا ہے کہ اس سے پہلے کسی نے پیش نہیں کیں۔ اس کتاب کی ۴۸ فصلیں ہیں مثلاً" کتاب الزکوۃ کتاب الصوم' کتاب الحج وغیرہ۔ رسالہ قشیریہ کے بعض ابواب اور اس کتاب کے بعض ابواب میں مطابقت پائی جاتی ہے۔

ابو طالب کو فقہ اور حدیث میں کامل عبور حاصل تھا۔ انہوں نے فقہی مسائل کو صوفیوں کے طرز میں پیش کیا ہے اور مسائل تصوف کی دلائل کے ساتھ توضیح کی ہے۔

ابو طالب نے اس کتاب میں روز مرہ کے اس قدر اوراد درج کر دیئے ہیں کہ راقم کے نزدیک اس زمانے میں ان پر عمل کرنا ناممکن ہے۔

اس کتاب کی اہمیت کے پیش نظر شیخ امام محمد بن خلف اموی اندلسی متوفی

Marfat.com

کے احوال و اقوال کا بھی ذکر کیا ہے اور چند اصطلاحات کی تشریح کی ہے۔ اولیاء اللہ کی کرامات کے لئے ایک الگ باب باندھا ہے اور آخر میں شیخ اور مرید کے آداب بیان کر دیئے ہیں۔

رسالہ کی قدر و قیمت کے پیش نظر شیخ الاسلام قاضی القضاۃ زکریا بن محمد بن احمد انصاری متوفی ۹۲۵ھ نے اس کی شرح لکھی اور اس شرح پر استاد سید مصطفیٰ عروسی نے حاشیہ لکھا جس کا نام نتائج الافکار القدسیۃ فی بیان معانی شرح الرسالۃ القشیرہ رکھا۔ سید مصطفیٰ عروسی نے یہ حاشیہ ۱۲۷۱ھ میں مکمل کیا۔

تصوف میں مذکورہ بالا جو کتب لکھی گئیں ان میں شرعی حدود کو مکمل طور پر پیش نظر رکھا گیا اس لئے کہ ان کے مذہب کی بنیاد ہی کتاب و سنت پر ہے۔ یہ تو وہ امور ہیں جن پر عمل کرنا ہر نیک آدمی نہیں ہر مومن پر فرض ہے۔ اہل اللہ اس سے آگے قدم رکھتے ہیں کیونکہ منتہی یہیں تک نہیں۔ ان کا مطمع نظر اور مقصد اعلیٰ قرب الٰہی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتے ہیں لہٰذا یہ ان تمام منازل کو جن کا ذکر کیا گیا ہے سے گزر کر روحانیت کے باب میں داخل ہو جاتے ہیں۔ یہ روحانیت ان کی خاص باطنی کیفیت ہوتی ہے جس کے لاتعداد مراحل و مدارج ہیں۔ اس مقام پر ہر صوفی کی کیفیت اپنے اپنے مرتبہ و مقام و حال کے مطابق ہوتی ہے۔ اس کیفیت کو الفاظ کا جامہ نہیں پہنایا جا سکتا اور نہ ہی اہل ظاہر میں اس کیفیت کو سمجھنے کی طاقت ہے۔

شیخ احمد سرہندی المعروف بہ مجدد الف ثانی متوفی ۱۰۳۴ھ نے اس کی صرف جھلک دکھائی جسے میں یہاں پیش کر رہا ہوں تاکہ آپ کو کچھ اندازہ ہو جائے کہ ان کے باطن کی کیا کیفیت ہوتی ہے۔ فرماتے ہیں۔

واعلم ان الروح لم فارق الجسد بالموت الذی ھو قبل الموت و جد العارف الواصل روحہ غیر داخل فی الجسد ولا خارج منہ و لا متصل معہ ولا منفصل منہ ووجد ان للروح تعلقا مع الجسد لصلاح الجسد بل لغرض یعود الی الروح

Marfat.com

کما له ایضا" و ذلک التعلق هو منشا" الصلاح و الخیر فی الجسد ولولا ذلک التعلق لصار الجسد بحذا فیره شرا" و نقصا (مبداء و معاد: ۲۲)

(آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ جب روح اس موت کی وجہ سے جسم سے جدا ہو جاتی ہے جو حقیقی موت سے پہلے ہوتی ہے تو عارف واصل یوں پاتا ہے کہ اس کی روح نہ جسم میں داخل ہے اور نہ جسم سے باہر نہ روح کا جسم سے اتصال ہے اور نہ اس سے جدا ہے اور یہ بھی محسوس کرتا ہے کہ جسم کی بہتری کے لئے روح کا جسم سے تعلق ہے بلکہ اس تعلق کی ایک غرض ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ اس روح کا کمال روح کی طرف عود کر آتا ہے یہی تعلق جسم کی صلاح و خیر کا سبب ہوتا ہے اگر یہ تعلق نہ ہو تو جسم ہمہ تن شر اور نقص بن جائے۔

(سہ ماہی فکر و نظر۔ اسلام آباد)

4) ڈاکٹر برہان احمد فاروقیؒ

مسلم ذہن کا انداز فکر یہ ہے کہ وہ حواس کو ذریعہ علم حقیقت سمجھتا ہے اور محسوسات کو حقیقت سمجھتا ہے لیکن حواس کے علاوہ دوسرے ذرائع علم کا اور ورائے محسوسات کے حقیقت ہونے کا انکار نہیں کرتا۔ اس طرز فکر کو علامہ اقبال "مسلم ذہن کی فکر مرکب کی عادت" سے تعبیر کرتے ہیں۔

جدید ذہن اور مسلم ذہن کی فکر مرکب کی عادت میں فرق یہ ہے کہ جہاں مسلم ذہن حواس کو ذریعہ علم اور محسوسات کو حقیقت سمجھتا ہے' وہاں وجدان اور عقل کے بھی ذریعہ علم ہونے کو تسلیم کرتا ہے' اسی لئے مسلمانوں میں محسوسات کو حقیقت سمجھنے کے باوجود تصوف کی نشو و نما ہوئی۔"

"مسلمانوں میں تصوف کی نشو و نما اس لئے ہو سکی کہ بخلاف جدید مغربی ذہن کے مسلمان نہ صرف حواس ہی کو ذریعہ علم اور صرف محسوسات ہی کو حقیقت سمجھتے تھے بلکہ حواس کے علاوہ عقل اور وجدان کے ذریعہ علم ہونے کو بھی تسلیم کرتے

Marfat.com

تھے۔ اس لئے وجدان کو ذریعہ علم حقیقت مان کر حقیقت کے نظریئے کی تشکیل کی جدو جہد کی۔"

مذہبی تصور کی نمائندگی دو طبقے کرتے تھے: صوفیاء اور علماء۔ ان دونوں میں فرق یہ تھا کہ صوفیاء کا مسلک ہی ایسا تھا کہ زندگی کے باہمی تضاد' نفرت اور دشمنی کی طوفان بدوش موجیں اس کی کشتی میں بیٹھنے والوں کو غرق نہ کر سکتی تھیں۔ علماء جن رسوم و اطوار کا ذوق رکھنے کی بنا پر گروہ بندی کے بھنور میں پھنستے چلے گئے تھے' صوفیاء ایک ہی جست میں اس سے باہر نکل گئے تھے۔ رسوم و اطوار کی پابندی صوفیا بھی کرتے تھے مگر انہیں زندگی کی بنیادی سچائیوں سے کبھی ٹکرانے کے قابل نہ ہونے دیا۔ مذہبی علوم ان میں سے بہت کم حضرات ہی کے حصے میں آ سکے تھے مگر پیغمبرانہ روح کی زد سے اس کی بنیادی تعلیم اور اس کے ہموار نظام زندگی کا کوئی گوشہ باہر نہ جا سکا۔ رند سبو بدوش ہو یا مذہبی رسوم کا پابند' مسلمان ہو یا کافر' غریب ہو یا امیر' سبھی کو انہوں نے اپنا بھائی سمجھا۔ سبھی کی معاشی الجھنوں میں سہارے دیئے اور سبھی کی کمزوریوں کو اپنی کمزوریوں کے برابر سمجھا۔ اپنی تخیلی طاقتوں کو انہوں نے کبھی ذریعہ معاش نہیں بنایا۔ بلکہ انہیں انفرادی زندگی کی گوناگوں مشکلات حل کر سکنے کے لئے مفید بنا لیا۔

خاص طور پر برعظیم پاک و ہند میں صوفیاء کا نیا نظام فکر نہ ہوتا تو معاشرتی تاریکیوں میں ٹھوکریں کھانے والا ہندوستان بہت بڑی سہولت سے محروم رہ جاتا۔ جس طرح مسلمان صوفیاء کے گرد جمع ہوتے' ان کے احکام کی تعمیل کرتے اور ان کی جاں نثاری پر فخر کرتے' ایسے لاکھوں ہندو بھی ان کے گرد پروانہ وار گردش کرتے نظر آتے۔ صوفیاء نے تضاد اور نفرت سے بھری ہوئی دنیا کو محبت اور خدمت کا پیغام دیا اور یہاں تک کامیاب ہوئے کہ معاشرتی زندگی میں کوئی سوسائٹی ان سے بازی نہ لے جا سکی۔ صوفیائے کرام اگرچہ بکھرے ہوئے موتیوں کی طرح ایک دوسرے سے بظاہر الگ ہی معلوم ہوتے تھے لیکن وہ اپنی تاریخ میں سب سے زیادہ منظم اور سب سے زیادہ بیدار طاقت بنے رہے۔ شاید اسی کا نتیجہ تھا کہ سیاسی تضاد کے باوجود متحدہ تمدن

Marfat.com

کی بنیاد پڑتی چلی گئی۔ آج ہر شخص متحدہ انسانیت کی ستائش میں ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی کوشش کر رہا ہے لیکن جن ناگوار حالات میں صوفیائے کرام یہ مشکل فرض انجام دیتے رہے' اس کا اندازہ کر سکنا بھی ہم لوگوں کے لئے آسان نہیں۔ سجادہ و دلق ہی کی بنیادوں پر امتیازی پوزیشن دے سکنے والی سوسائٹی میں "طریقت بجز خدمت خلق نیست بہ تسبیح و سجادہ و دلق" کا نعرہ لگانا کوئی بچوں کا کھیل نہیں' صوفیاء کی پاکیزہ دل اور پاکیزہ کردار سوسائٹی نے وہ سب کچھ کیا جس کی آئیڈیل سوسائٹی (مثالی معاشرہ) سے توقع کی جا سکتی تھی۔ (قرآن اور مسلمانوں کے زندہ مسائل)

5) حضرت شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری مدظلہ العالی

بندہ مومن کی زندگی میں جمود اور تعطل کا گزر نہیں ہوتا اس کا ہر لمحہ جہد مسلسل سے عبارت ہے' وہ ہر وقت کلمہ حق کی سربلندی اور باطل کی سرکوبی کے محاذ پر رہتا ہے اس کا نام جہاد ہے۔ جہاد دو قسم کا ہے

(۱) خارجی دشمنوں کے خلاف جہاد' آیہ کریمہ میں اسی کا ذکر ہے۔

یاایھا النبی جاھد الکفار والمنفقین واغلظ علیھم (القرآن' التوبہ ۹ آلایہ ۷۳)

اے غیب کی خبر والے! کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور ان پر سختی کرو۔

(۲) داخلی دشمن' نفس امارہ سے جہاد' حدیث شریف میں ہے۔

المجاھد من جاھد نفسہ فی طاعۃ اللہ

مجاہد وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں اپنے نفس سے جہاد کرے

خطیب بغدادی اپنی تاریخ میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ رسول اللہ

Marfat.com

ﷺ ایک غزوہ سے تشریف لائے تو صحابہ کرام کو فرمایا۔

قدمتم خیر مقدم و قد متم من الجهاد الاصغر الی الجهاد الاکبر (عبد الرحمٰن السیوطی' جلال الدین: (الدرر المنتثرہ "مطبوعہ مصطفیٰ البابی' مصر ص ۱۹۸)

ترجمہ "تمہارا آنا خیر و برکت والا ہے۔ اور تم جھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف آئے ہو۔"

صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! جہاد اکبر کیا ہے؟ فرمایا: انسان کا اپنی خواہش نفس سے جہاد۔

مجاہدہ نفس کو جہاد اکبر اس لئے فرمایا کہ خارجی دشمن کا مقابلہ نسبتاً" آسان ہوتا ہے لیکن اندر سے اٹھنے والی ناروا خواہشات کا گلا دبانا مشکل ہوتا ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی خصوصی تائید کی ضرورت ہوتی ہے' نفس کو اخلاق ذمیمہ اور اوصاف قبیحہ سے پاک کرکے مقام اخلاص و احسان تک پہنچانے کا نام ہی تصوف ہے۔

تکمیل انسانیت کے لئے عقائد اور اعمال کا صحیح نہج پر قائم ہونا ضروری ہے پھر اعمال دو قسم کے ہیں بعض کا تعلق ظاہری اعضاء سے ہے جیسے نماز اور روزہ وغیرہ بعض کا تعلق دل سے ہے جیسے شکر اور خضوع و خشوع وغیرہ' ظاہری و باطنی عمل اور عقیدے کی صحت کا نام ہی دین ہے۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر اسلام ایمان اور احسان کے بارے میں پوچھتے ہیں حضور سید عالم ﷺ نے ان سوالات کے جوابات ارشاد فرمائے اور ان کے جانے کے بعد فرمایا۔

هذا جبرئیل جاء یعلم الناس دینهم (محمد بن اسماعیل البخاری' الامام)

یہ جبرائیل امین تھے جو لوگوں کو دین سکھانے کے لئے آئے تھے۔ یعنی انہوں نے یہ سوالات اس لئے کئے تھے کہ سامعین کو معلوم ہو جائے کہ دین کسے کہتے ہیں' اس حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ ایمان نور اور عقیدہ کا نام ہے اور اسلام طاعت و

Marfat.com

عبادت ہے اور احسان' مقام مراقبہ و مشاہدہ ہے۔

ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک۔

اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح ادا کرنا کہ گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر یہ مقام حاصل نہ ہو تو یہ یقین رکھے کہ وہ تو مجھے دیکھ رہا ہے شیخ محقق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔

دین کی بنیاد تین چیزوں پر ہے فقہ' کلام اور تصوف' اس حدیث شریف میں ان تینوں مقامات کا بیان فرمایا گیا ہے اسلام کا اشارہ فقہ کی طرف ہے جو شرعی احکام و اعمال پر مشتمل ہے ایمان کا اشارہ ان عقائد کی طرف ہے جو علم کلام کے مسائل ہیں اور احسان کا اشارہ تصوف کی بنیاد کی طرف ہے اور وہ ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سچی توجہ کا ہونا۔ تصوف کے تمام وہ مطالب جو مشائخ طریقت نے بیان فرمائے ہیں وہ اسی معنی (احسان) کی طرف راجع ہیں۔

علم تصوف اور کلام آپس میں لازم و ملزوم ہیں ان میں سے کوئی بھی دوسرے کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتا' اسی طرح تصوف فقہ کے بغیر نامکمل ہے کیونکہ حکم الٰہی فقہ کے بغیر معلوم نہیں ہو سکتا' اور فقہ' تصوف کے بغیر ناقص ہے کیونکہ عمل اس وقت تک نامکمل رہے گا جب تک صدق توجہ حاصل نہیں ہو گا اور یہ دونوں ایمان کے بغیر صحیح نہیں ہو سکتے' ان کی مثال ایسے ہی ہے جیسے جسم اور روح کہ ان میں سے کوئی بھی دوسرے کے بغیر مرتبہ کمال کو نہیں پہنچ سکتا۔ اسی لئے امام مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔

من تصوف ولم یتفقہ فقد تزندق ومن تفقہ ولم یتصوف فقد تفسق ومن جمع بینہما فقد تحقق۔

وہ صوفی جو فقہ سے باخبر نہیں وہ زندیق ہے اور جو فقیہ تصوف سے آشنا نہیں وہ فاسق ہے جو دونوں کا جامع ہو وہ محقق ہے (عبدالحق محدث دہلوی' شیخ محقق)

اس تفصیل سے جہاں تصوف کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے وہاں یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ تصوف کی بنیاد وحی الٰہی ہے اور اس کا منبع کتاب و سنت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کا اعلان نبوت سے پہلے غار حراء میں کئی کئی دن مصروف عبادت رہنا اور اعلان نبوت کے بعد بے شمار مصروفیات کے باوجود ایک ایک لمحہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کی یاد میں صرف کرنا' راتوں کو اٹھ کر طویل قرأت کے ساتھ نوافل پڑھنا' حسن اخلاق کی ممکنہ حدود کی انتہا پر فائز ہونا ایسے معروف و مشہور امور ہیں جن کی تفصیل کتب سیرت و حدیث میں موجود ہے' نبی اکرم ﷺ کا یہ معمول رہا ہے کہ کیسا بھی موقع کیوں نہ آپ نے صحابہ کرام کی تربیت' اطاعت الٰہیہ کی تلقین اور آخرت کی یاد دلانے سے بے اعتنائی نہیں فرمائی۔

سرور دوعالم ﷺ کے فیض نظر کا یہ عالم تھا کہ صحابہ کا عبادت و ریاضت میں انہماک بہت بڑھ جاتا نبی اکرم ﷺ انہیں اس کثرت سے منع فرماتے اور توازن اختیار کرنے کی تلقین فرماتے۔ ایک دفعہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ مجھے بتایا گیا ہے کہ تم کہتے ہو کہ میں زندگی بھر دن کو روزہ رکھوں اور رات کو قیام کروں گا انہوں نے عرض کیا کہ ہاں میں نے یہی طے کیا ہے۔ فرمایا: تم اسے نبھا نہیں سکو گے اس لئے روزہ بھی رکھو اور افطار بھی کرو' رات کو قیام بھی کرو اور نیند بھی لو۔ (محمد بن اسمٰعیل البخاری' امام)

اس جگہ فطری طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو صوفی کا لقب کیوں نہیں دیا گیا؟ جب کہ وہ اخلاق حسنہ اور اوصاف فاضلہ کے اعلیٰ معیار کے حامل تھے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ صحابہ کرام آفتاب رسالت سے براہ راست اکتساب فیض کی بدولت عقائد صحیحہ' اعمال حسنہ اور احوال قلوب کے علی وجہ الکمال جامع تھے' وہ بیک وقت میدان جنگ اور مسجد و خانقاہ کے تقاضوں کو پورا کرتے تھے وہ ایمان و عمل کے اس مقام رفیع پر فائز تھے جو منشائے ایزدی کا مطلوب تھا' ان ہی کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اصالتہ" یہ فرمان صادر فرمایا۔

کنتم خیر امہ اخرجت للناس (القرآن' آل عمران ۳' آیہ ۱۱۰) تم بہترین امت ہو جسے اقوام عالم کے سامنے (بطور مثال) پیش کیا گیا ہے۔

البتہ جوں جوں آفتاب نبوت و رسالت سے زمانی بعد بڑھتا گیا افراد امت

Marfat.com

میں ضعف اور اضمحلال بڑھتا گیا اور ضرورت محسوس کی گئی کہ بعض حضرات خصوصی طور پر علم کلام و عقائد کی طرف متوجہ ہوں جنہیں متکلمین کہا گیا اور بعض فقہ اور تصوف کو اپنا موضوع بنائیں جنہیں فقہاء اور صوفیاء کہا گیا اس طرح امت مسلمہ کی دینی اور علمی ضرورتوں کو پورا کیا گیا اور ایسے رجال تیار ہوئے جو اپنے اپنے فن کے امام تسلیم کئے گئے جن کی تحقیقات اور تعلیمات رہتی دنیا تک مینارہ نور کا کام دیتی رہیں گی۔

ضرورت مرشد

آج کے پرفتن ماحول میں جب کہ ہر شخص لذت اور دولت کی تلاش میں سرگرداں ہے' اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب پاک ﷺ کے احکام و فرامین کا اول تو اکثریت کو علم ہی نہیں ہے اور جنہیں علم ہے وہ ان پر عمل پیرا نہیں' دل خوف خدا جل مجدہ اور خوف آخرت سے عاری ہیں اور کالازمی نتیجہ یہ ہے کہ بے چینی اور بے اطمینانی کی وباء ہر کس و ناکس کو اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہے اور عزت و کامرانی کا دور دور پتا نہیں ہے' جسے دیکھو مایوسی اور ناامیدی کی تصویر بنا ہوا پوچھ رہا ہے کہ ایسا کیوں ہے؟

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

ومن اعرض عن ذکری فان لہ معیشۃ ضنکا ونحشرہ یوم القیٰمۃ اعمی (القرآن طہ ۲۰' آیہ ۱۲۴)

جس نے میری یاد سے پہلو تہی کی اس کے لئے سامان زندگی کی تنگی ہے اور ہم اسے قیامت کے دن اندھا اٹھائیں گے۔

مادہ پرستی کے اس دور میں ہر شخص سکون قلب کا متلاشی ہے اور یہ طے شدہ حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کی اطاعت و عبادت کے بغیر سکون قلب میسر نہیں آسکتا' یہی وجہ ہے کہ آج کا انسان تلاش بسیار کے باوجود جب کہیں سے دولت سکون حاصل نہیں کرپاتا تو دین اور تصوف کی طرح رجوع کرتا ہے ارباب صفا اور اصحاب ارشاد کے آستانوں پر حاضری دیتا ہے۔

Marfat.com

مرشد کیسا ہونا چاہئے

مرشد کا کام ہدایت و راہنمائی ہے وہ آنے والوں کے عقائد' اعمال اور احوال قلب کی اصلاح کرتا ہے' طالبان ہدایت کو اللہ تعالیٰ کے رنگ میں رنگ دیتا ہے' اس لئے ضروری ہے کہ کسی کی طرف رجوع کرنے سے پہلے پوری طرح اطمینان کرلیا جائے کہ ہم صحیح شخصیت کے پاس جارہے ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ کوئی جعلی اور غلط رنگ چڑھادے اور بجائے فائدے کے نقصان ہی اٹھانا پڑے۔

دینی مدارس اور خانقاہوں میں تصوف کی ضرورت

ایک وقت تھا کہ خانقاہی نظام' اصلاح امت کا فریضہ بڑی عمدگی سے ادا کر رہا تھا' مشائخ کرام' قرآن و حدیث اور بزرگان دین کی تصانیف مبارکہ پڑھ کر حاضرین کو سناتے تھے یا ان کے مضامین زبانی بیان فرمایا کرتے تھے' نتیجہ یہ تھا کہ ہر آنے والا' اپنی ہمت اور استطاعت کے مطابق تقویٰ و طہارت اور دین اخلاق کا کچھ نہ کچھ حصہ حاصل کرلیتا تھا' دینی مدارس میں فارسی کا نصاب پڑھایا جاتا' تصوف کی کتابیں سبقاً" پڑھی جاتیں یا زیر مطالعہ رہتیں جس سے علماء کرام کے کردار میں استقامت اور راستی پیدا ہوتی' اخلاق دلکشی اور چاشنی کا مرقع ہوتے اور ان کے اقوال و افعال' خلوص اور للہیت کے آئینہ دار ہوتے' مگر آج ذرا توجہ سے دیکھئے تو عالم ہی بدلا ہوا نظر آئے گا۔

مانا کہ سائنس اور دیگر دنیاوی علوم و فنون کی ترقی کا رخ مستقبل کی طرف ہے مگر دینی اور روحانی ترقی کا راز ماضی کی جانب متوجہ ہونے میں ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ کے علم و عمل کے جس قدر قریب ہو گا اسی قدر ترقی کرے گا۔

موجودہ دور کی اہم ضرورت یہ ہے کہ دینی مدارس اور خانقاہوں میں زیادہ سے زیادہ قرآن و حدیث' فقہ اور کتب تصوف مثلاً" کشف المحجوب حضرت داتا گنج بخش سید علی ہجویری' احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت' امام غزالیؒ قوت القلوب' حضرت ابو طالب مکی' مثنوی مولانا جلال الدین رومی اور مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی ایسی

Marfat.com

کتابوں کے مطالعہ پر زور دیا جائے ان کے خصوصی لیکچروں کا اہتمام کیا جائے' ذکر و فکر کی محفلیں منعقد کی جائیں تاکہ امت مسلمہ تقویٰ و پرہیز گاری' خلوص اور للہیت' اتباع شریعت' حسن عقائد اور حسن اخلاق اور حسن معاملات سے آراستہ ہو کر فوز و فلاح کی راہ پر گامزن ہو جائے۔

(مقدمہ "مرشد و مرید کے آداب از معین نظامی) اردو ترجمہ = الامر الحکیم المربوط فی مایلزم اھل طریق اللہ من الشروط۔ للشیخ الاکبر' ابن عربیؒ

Marfat.com

ہمارے شیخ محمد الہاشمی

یہ میری خوش نصیبی ہے کہ اس بحث کے اختتام میں اپنے شیخ و مرشد عظیم مربی عارف باللہ حضرت سید محمد ہاشمی رحمتہ اللہ علیہ کے حالات ذکر کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اور اپنی کتاب کا اختتام آپ کے ذکر مبارک اور آپ کی حیاب طیبہ کے بعض واقعات سے کروں۔

ولادت باسعادت:

آپ کی ولادت باسعادت بروز ہفتہ ۲۲ شوال ۱۲۹۸ھ کو الجزائر کے مشہور شہر سبدہ میں ہوئی جو تلمسان کے قریب واقع ہے آپ کے والدین کریمین کا تعلق اہل بیت سے ہے اور انکا نسب حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے ملتا ہے آپ کے والد گرامی اپنے شہر کے بہت بڑے عالم اور قاضی تھے۔ طویل عرصہ تک شیخ مختلف علماء و مشائخ کی مجالس میں حصول علم کی خاطر حاضر ہوتے رہے پھر آپ فرانسیسی سامراج سے تنگ آکر اپنے شیخ محمد بن یلیس رحمتہ اللہ علیہ کی معیت میں شام کی طرف ہجرت فرما گئے۔ کیونکہ اس ظالم سامراج نے لوگوں کو علمی مجالس میں حاضر ہونے سے روک دیا تھا۔ آپ نے ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۲۹ھ میں طنجہ اور مرسیلیہ کے راستے

Marfat.com

شام کی طرف ہجرت کی اور کچھ دن دمشق ٹھہرے پھر جب ترکی حکومت نے الجزائر سے آنے والے مہاجرین کو مختلف علاقوں میں تقسیم کیا تو آپ کو دمشق چھوڑ کر ترکی جانا پڑا دو سال بعد آپ دمشق واپس لوٹ آئے اور اپنے شیخ کی صحبت سے مستفید ہوتے رہے۔ اس دوران آپ شام کے اکابر علماء سے حصول علم کی تگ و دو میں مصروف رہے آپ کے مشہور اساتذہ میں عظیم محدث بدرالدین حسنی شیخ امین سوید' شیخ محمود عطار' وغیرہ ہیں۔ ان سے فقہ مالکی کا علم حاصل کیا۔ آپ کے اساتذہ نے آپ کو علوم عقلیہ و نقلیہ کی اسناد عطا فرمائیں۔ جب آپ کے شیخ محمد بن یلس رحمتہ اللہ علیہ نے دیکھا کہ آپ ان کے تمام شاگردوں میں علم' معرفت' اخلاص اور خدمت کے لحاظ سے فوقیت رکھتے ہیں تو انہوں نے آپ کو اذن عطا فرمایا آپ کے شیخ کے وصال کے بعد مرشد کبیر حضرت احمد بن مصطفیٰ علوی رحمتہ اللہ علیہ الجزائر سے فریضۂ حج کی ادائیگی کے لئے تشریف لائے تو انہوں نے آپ کو خاص ورد (اسم اعظم) کی اجازت فرمائی۔ اسکے علاوہ آپ کو اجازت عام عطا فرمائی۔

اخلاق اور سیرت:

آپ نبی کریم ﷺ کے اخلاق سے متصف تھے اور اپنے تمام اقوال' احوال اخلاق اور افعال میں نبی کریم ﷺ کے متبع تھے۔ اس لئے آپ کو رسول اللہ ﷺ سے خصوصی فیض حاصل ہوا۔ آپ انتہائی متواضع اور منکسرالمزاج تھے حتی کہ آپ کی تواضع مشہور ہوگئی اور آپ کے معاصرین اس مقام کو حاصل نہ کر سکے۔

آپ لوگوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کرتے جس طرح چاہتے کہ لوگ ان کی ساتھ سلوک کریں۔

ایک دفعہ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے دست اقدس کا بوسہ لیا۔ جب آپ نے اس کے ہاتھ کا بوسہ لینا چاہا تو اس شخص نے آپ کو بوسہ نہ لینے دیا اور عرض کی کہ میں اس قابل نہیں ہوں۔ بلکہ میں تو آپ کے پاؤں کا بوسہ لینا چاہتا ہوں۔ تو شیخ علیہ الرحمتہ نے فرمایا اگر تم ہمارے پاؤں کا بوسہ لوگے تو ہم

Marfat.com

بھی تمہارے پاؤں کا بوسہ لیں گے۔

آپ کی یہ خواہش ہوتی تھی کہ آپ بذات خود مہمانوں کی خدمت کریں۔ جب بھی کوئی مہمان یا شاگرد آپ کے ہاں رات بسر کرتا تو آپ خود اسکو کھانا پیش کرتے اور جسمانی کمزوری کے باوجود بستر بھی پیش کرتے۔ ہمیں خود بھی کئی دفعہ اتفاق ہوا کہ اگر ہم نے آدھی رات کو بھی ان کا دروازہ کھٹکھٹایا تو آپ نے فوری دروازہ کھولا اور آپ عام لباس میں ہی ملبوس تھے۔ ہم نے آپ کو سلیپنگ سوٹ میں نہ دیکھا۔ گویا کہ آپ ایک مجاہد کی طرح ہر وقت خدمت کے لئے تیار رہتے۔

آپ انتہائی بردبار اور حلیم تھے۔ آپ اس وقت غصے کا اظہار فرماتے جب احکام الٰہیہ کی مخالفت کی جائے۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ اہل دمشق میں سے ایک شخص آپ کے گھر آیا اور آپ کی شان میں گستاخی کرنے لگا۔ اور آپ کی شان میں انتہائی گھٹیا الفاظ استعمال کئے لیکن شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے صرف یہی فرمایا کہ اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آپ نے ہمیں ہمارے عیوب سے آگاہ کیا ہے۔ انشاء اللہ ہم ان عیوب کو ترک کرکے اخلاق حسنہ اپنانے میں کوشش کریں گے۔ لیکن کچھ عرصہ بعد یہی شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کے ہاتھ پاؤں چومنے لگا اور آپ سے معذرت کرنے لگا۔

آپ انتہائی سخی اور کریم تھے۔ کسی شخص کو خالی ہاتھ نہ لوٹاتے۔ ہم نے خود دیکھا ہے کہ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے آپ انہیں عطا بھی فرماتے اور انکی تعظیم بھی کرتے خصوصاً خاص موقعوں پر دسترخوان بچھا دیئے جاتے لوگ گروہ در گروہ آتے اور کھانا تناول کرکے چلے جاتے۔ آپ کے چہرہ مبارک پر ہمیشہ مسکراہٹ رہتی آپ کے جود و سخا کی کوئی انتہاء نہ تھی جب آپ نے دمشق میں اپنا مقام بنایا تو اسکو دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک حصہ اپنے اہل و عیال کے لئے اور دوسرا اپنے مریدین اور شاگردوں کے لئے

آپ انتہائی وسیع الظرف اور صابر تھے۔ مصائب و مشکلات کے باوجود آپ کے چہرے پر مسکراہٹ رہتی۔ حتی کہ ایک دفعہ آپ کے صبر پر مجھے انتہائی تعجب ہوا تو

Marfat.com

آپ نے فرمایا ہمارا یہ مشرب جمالی ہے جلالی نہیں جب بھی کوئی گنہگار آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا تو آپ اس سے خندہ پیشانی سے پیش آتے۔ اسطرح بہت سے لوگ آپ کے دست اقدس پر تائب ہوئے اور آپکی صحبت کی برکت سے کامل مومن اور عارف بن گئے ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ آپ مدرسین کو درس دینے کے بعد واپس تشریف لا رہے تھے کہ راستے میں ایک شئی کو دیکھا آپ نے اس کے چہرے سے گرد و غبار صاف کیا اس کو نصیحت کی اور دعا فرمائی دوسرے دن وہی شخص سب سے پہلے درس میں پہنچ گیا اور آپ کے دست اقدس پر توبہ کی۔

آپ مسلمانوں کے احوال کی طرف خصوصی توجہ دیتے اور انکی مصائب و تکالیف دیکھ کر رنجیدہ ہو جاتے اور آپ علماء کی انجمن میں حاضر ہوتے جسکا اجلاس جامع اموی میں ہوتا وہاں مسلمانوں کے احوال کے متعلق غور و فکر کرتے فرقہ واریت کے نقصان سے انہیں آگاہ کرتے حتی کہ آپ نے فرقہ واریت کے اسباب نقصانات اور اتحاد و اجتماعیت کے فوائد پر ایک کتاب تالیف کی جسکا القول الفیصل القویم فی بیان المراد من وصیتہ الحکیم ہے۔

آپ غیر ملکی سامراج کے سخت مخالف تھے اور ان کے ظلم و ستم سے چھٹکارا حاصل کرنے کے بارے میں غور و فکر کرتے ہیں۔ جب حکومت نے آپ کو جنگی تربیت کی دعوت دی اور شہری دفاع کو منظم کیا تو شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے جنگی تربیت کیلئے اپنا نام درج کروا دیا اور اپنی جسمانی کمزوری اور بڑھاپے کے باوجود مختلف انواع کے ہتھیار چلانے کی تربیت حاصل کی۔ اس طرح آپ نے عوام الناس کے سامنے قوت ایمانی اور جہاد فی سبیل اللہ کی اعلی مثال قائم کی۔ اور ہمارے لیے ان مشائخ عظام کی یاد تازہ کر دی جنہوں نے غیر ملکی سامراج کے خلاف علم جہاد بلند کیا۔ ان مشائخ میں حضرت عمر مختار. شیخ سنوسی اور شیخ عبد القادر الجزائری پیش پیش تھے۔ یہی وہ صوفیائے کرام تھے جنہوں نے ان علاقوں سے غیر ملکی سامراج کا خاتمہ کیا۔

آپ بہترین سیرت کے مالک اور حسن معاملہ میں مشہور تھے۔ یہی وجہ تھی کہ لوگ جوق در جوق آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور آپ سے تصوف کی حقیقی

Marfat.com

تعلیمات حاصل کرتے۔ حتی کہ آپ کے بارے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ عالم ہونے کے باوجود اپنے علم کی وجہ سے مشہور نہیں ہوئے اور اس طرح کثیر کرامات کے باوجود آپ کو ان کرامات کی وجہ سے شہرت نہیں ملی۔ بلکہ آپ اپنے کریمانہ اخلاق. تواضع اور معرفت الٰہی کی وجہ سے مشہور ہوئے۔ آپ کی مجلس میں حاضر شخص ایسے محسوس کرتا جیسا کہ وہ جنت کے باغیچہ میں بیٹھا ہو۔ کیونکہ آپ کی مجلس میں خلاف شرع کسی کام کا ارتکاب ممکن نہیں تھا۔ آپ اس معاملہ میں انتہائی احتیاط کرتے کہ آپ کی موجودگی میں کسی مسلمان کی تنقیص کی جائے اور نہ ہی یہ پسند کرتے کہ آپ کی مجلس میں کسی فاسق و فاجر کا ذکر ہو۔ بلکہ آپ فرماتے۔ نیک لوگوں کے ذکر کے وقت رحمت الٰہی نازل ہوتی۔

آپ مسلمانوں کو صراط مستقیم کی طرف راہنمائی کرنے اور ان کو گمراہیوں سے نکالنے کے جہاد میں مسلسل مشغول رہے۔ آپ کی عملی مجالس صبح سے شام تک جاری رہتیں۔ آپ علم توحید یعنی علم الکلام پر خصوصی توجہ فرماتے۔ کیونکہ یہ علم حصول دین میں شامل ہے۔ آپ عقیدہ اہلسنّت بیان کرنے کے ساتھ ساتھ فاسد اور الحادی عقائد کا بھی رد کرتے۔ اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رجوع اور صرف اسی کے ساتھ تعلق جوڑنے کی تلقین فرماتے۔

آپ کی تبلیغی سرگرمیاں:

آپ کا آستانہ علماء. طلباء اور عام ملاقاتیوں کا مرجع و محور تھا۔ آپ کبھی اکتاہٹ کا اظہار نہ کرتے اور اپنی جسمانی کمزوری کے باوجود مساجد اور لوگوں کے گھروں میں علم و ذکر کی محافل کا انعقاد کرتے۔ اسی طرح آپ دمشق کی مساجد میں بھی علمی مجالس اور ذکر الٰہی اور درود پاک کی محافل کا اہتمام کرتے۔ آپ کی یہ تبلیغ و دعوت کی سرگرمیاں آخر دن تک جاری و ساری رہیں۔ کثیر طلباء و علماء نے آپ سے اکتساب فیض کیا۔ ان کے علاوہ امت مسلمہ کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگ آپ کے ارشادات اور علوم و معارف سے مستفید ہوئے۔ اور لوگ اپنے

Marfat.com

مختلف امور میں آپ کی طرف رجوع کرتے۔ آپ نے بہت سے خلفاء کو دعوت و ارشاد کی اجازت دی۔ اس وجہ سے آپ کا روحانی فیض دمشق. حلب اور شام کے مختلف علاقوں میں ہی نہیں پھیلا' بلکہ یہ سلسلہ دیگر مسلم ممالک تک بھی پہنچا۔

مؤلفات:

آپ کی تالیفات درج ذیل ہیں۔

(۱)۔ مفتاح الجنہ شرح عقیدہ اہلسنّت۔

(۲)۔ الرسالہ الموسومہ بعقیدہ اہلسنّت مع نظمہا۔

(۳)۔ البحث الجامع والبرق اللامع والغیث الھامع فیما یتعلق بالصنعہ والصانع۔

(۴)۔ سبیل السعادہ فی معنی کلمتی الشھادہ مع نظمہا۔

(۵)۔ الردہ البھیہ۔

(۶)۔ الحل السدید لما استشکلہ المرید من جواز العکس عن مرشدین۔

(۷)۔ القول الفصل القویم فی بیان المراد من وصیہ الحکیم۔

(۸)۔ شرح شطرنج العارفین الشیخ محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ۔

(۹)۔ الاجوبہ العشرہ۔

(۱۰)۔ شرح نظم عقیدہ اہلسنہ۔

اس کے علاوہ دیگر رسائل بھی آپ نے تالیف فرمائے۔ کثیر علماء نے آپ سے تصوف کی تعلیمات حاصل کیں۔ اس طرح شیخ ہاشمی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی زندگی جہاد اور تعلیم میں صرف کر دی آپ نے کثیر لوگوں کی تربیت فرمائی اور راہ راست سے بھٹکے ہوئے لوگوں کا تزکیۂ نفس کر کے ان کو معرفتِ الٰہی سے سرشار کر دیا۔ کاہلی و سستی آپ سے کوسوں دور تھی۔ آپ قول. عمل اور حال کے اعتبار سے رسول اللہ ﷺ کے اسوۂ حسنہ پر ثابت قدم رہے۔ اور آخری ایام میں اپنے مریدین کو وصیت فرمائی کہ کتاب و سنت کو مضبوطی سے تھامے رکھنا۔ اور آپ کی یہ وصیت اس بات کی غماز ہے کہ آپ کو وراثتِ محمدی میں کمال حاصل تھا۔

Marfat.com

بالآخر آپ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ اور آپ بروز منگل ۱۲ رجب المرجب ۱۳۸۱ھ بمطابق 19 دسمبر 1961ء میں اپنے خالق حقیقی کو جا ملے۔

نماز جنازہ جامعہ اموی میں پڑھی گئی اور پھر اہل دمشق دحدیٰ قبرستان میں دفن کیا گیا۔ آپ کا مزار مشہور و معروف اور مرجعِ خلائق ہے۔ اگرچہ آپ کا جسدِ خاکی تو اس قبر میں آرام فرما ہے لیکن آپ کا علم و فضل اور معارف و تعلیمات چار دانگ علم میں پھیل چکی ہیں۔ عاملین کیلئے شیخ رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی نمونہ ہے۔ انہیں بھی اسی طرح عمل کرنا چاہیے۔ یہ آپ کی سیرتِ طیبہ کے بحرِ ذخار سے چند قطرات ہیں ورنہ عارفین کی سیرت ان کے مریدین اور شاگردوں میں منعکس ہو جاتی ہے۔ اور ان اسرار و رموز کا احاطہ کرنا انسان کے بس کی بات نہیں۔ اسی قسم کی زندہ جاوید شخصیات کے بارے میں کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

فتشبهوا ان لم تكونوا مثلهم ان التشبه بالكرام فلاح

"اگر تم ان کی مثل نہیں ہو تو کم از کم ان کی مشابہت اختیار کرو۔ کیونکہ کریم لوگوں کے ساتھ مشابہت میں بھی فلاح ہے"۔

کسی شاعر کا قول ہے[۴۹]

موت التقي حيات لا انقطاع لها قد مات قوم وهم في الناس احياء

"متقی و پرہیزگار کی موت مسلسل زندگی ہے۔ بعض لوگ ظاہری طور پر مر جاتے ہیں لیکن لوگوں کے دلوں پر زندہ رہتے ہیں"۔

شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے اس فانی دنیا سے کوچ فرمانے سے پہلے ہمیں عام اور خاص اوراد اور تربیت و ارشاد کی اجازت فرمادی تھی۔

Marfat.com

اللہ علیہ نے بھی اطراف المختارہ میں ان کی تائید کی ہے۔ اس قول کے راجح ہونے کی درج ذیل وجوہات ہیں۔

1۔ علمائے اصول نے ترجیح کی وجوہات میں ایک وجہ یہ ذکر کی ہے کہ مثبت کو نافی پر مقدم کیا جائے گا. کیونکہ اس میں زیادتی علم ہے۔

2۔ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ کیولادت بالاتفاق اس وقت ہوئی جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخری دو سال باقی تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ حضرت خیرہ. ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خادمہ تھیں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا حصول برکت کیلئے اس بچے کو صحابہ کرام کی خدمت میں بھیجتیں۔ ایک دفعہ آپ نے اسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا تو آپ نے ان کیلئے دعا فرمائی۔ اللھم فقھہ فی الدین۔ وحببہ فی الناس۔ (اے اللہ! اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا فرما اور اسے لوگوں میں محبوب بنا دے)۔

حافظ جمال الدین المزی نے اس واقعہ کو تہذیب میں نقل کیا ہے۔

اسی طرح امام عسکری رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی کتاب المواعظ میں اس واقعہ کو اپنی سند کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ حافظ مزی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ کی عمر چودہ برس تھی۔ اور یہ بات واضح ہے کہ سات سال کی عمر میں بچے کو نماز کا حکم دیا جاتا ہے۔ آپ نماز کیلئے مسجد میں آتے تھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی ان دنوں مدینہ طیبہ میں ہی مقیم تھے۔ کیونکہ آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد کوفہ منتقل ہو گئے تھے۔ اس صورت حال میں جب کہ آپ سات سال تک دن میں پانچ مرتبہ مسجد میں تشریف لاتے تو ان کا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع کا انکار کیسے کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ حضرت علی رضی اللہ عنہ امہات المومنین کی زیارت کیلئے تشریف لے جاتے تھے اور حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر پرورش پائی۔ تو اس صورت حال میں بھی سماع ممکن ہے۔

3۔ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ سے بعض روایات مروی ہیں جو آپ

Marfat.com

کے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع پر دلالت کرتی ہیں۔ حافظ مزی نے اپنی کتاب التھذیب میں ذکر کیا ہے کہ حضرت یونس بن عبید رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں امام حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ سے سوال کیا .اے ابو سعید! آپ حدیث روایت کرتے وقت اکثر فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ حالانکہ آپ نے ان کا زمانہ نہیں پایا تو آپ نے جواب دیا۔ اے میرے بھتیجے! تو نے مجھ سے ایک ایسی بات پوچھی ہے جو آج تک کسی نے نہیں پوچھی۔ اگر میری نگاہ میں تمہارا کوئی مرتبہ نہ ہوتا تو میں تمہیں اس بات سے آگاہ نہ کرتا۔ تمہیں معلوم ہے کہ ہم ایک ایسے دور سے گزر رہے ہیں (یہ حجاج بن یوسف کا دور تھا) کہ مجھ سے سنی ہوئی ہر وہ حدیث جس میں .میں کہتا ہوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا .وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہوتی ہے۔ لیکن میں اس دور میں آپ کا نام ذکر نہیں کر سکتا۔ اس کے بعد امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ کی وہ چند احادیث ذکر کی ہیں جو امام حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہیں۔

امام احمد بن حنبل اپنی مسند میں روایت کرتے ہیں کہ ہمیں ہشیم نے حدیث بیان کی اور وہ فرماتے ہیں ہمیں یونس نے حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ سے روایت کردہ حدیث بیان کی اور انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ تین قسم کے افراد سے قلم اٹھالی گئی ہے۔ بچے سے بالغ ہونے تک .سونے والے سے اس کے بیدار ہونے تک اور مجنوں سے اس کے صحت مند ہونے تک۔

اس حدیث پاک کو امام ترمزی نے روایت کر کے اسے حسن قرار دیا ہے۔ اس کے علاوہ نسائی نے سنن میں اور ضیاء مقدسی نے المختارہ میں اور حاکم نے مستدرک میں روایت کر کے اس کی تصحیح کی ہے۔ حافظ زین الدین عراقی نے ترمزی کی شرح میں اس حدیث پر بحث کرتے ہوئے فرمایا کہ علی بن مدینی فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں دیکھا۔ اس وقت وہ چھوٹے تھے۔ ابو زرعہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت خلافت کے دن

Marfat.com

حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ کی عمر چودہ سال تھی۔ آپ نے مدینہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کوفہ اور بصرہ میں تشریف لے گئے۔ اور اس کے بعد آپ سے ملاقات نہ ہو سکی۔ حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بیعت کرتے دیکھا۔

مؤلف فرماتے ہیں کہ عقلمند کیلئے اس قدر بحث ہی کافی ہے جن لوگوں نے سماع کا انکار کیا ہے ان کے قول کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مدینہ طیبہ چھوڑنے کے بعد پر محمول کیا جائے گا۔

(2)۔ حافظ ابن حجر مکی رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا گیا' کیا حسن بصری رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کلام سنا ہے؟ حتی کہ صوفیائے کرام کے خرقہ پہننے کی سند اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضرت حسن بصری کا روایت کردہ ذکر کی تلقین ثابت ہو سکی۔

Marfat.com

حواشی باب الاول

۱۔ حاشیہ رسالہ قشیریہ (شیخ الاسلام زکریا انصاری) ص ۷
۲۔ قواعد تصوف (ابو العباس احمد زروق) ص ۶
۳۔ نور التحقیق (علامہ حامد صقر) ص ۹۳
۴۔ معراج التشوف الی حقائق التصوف (احمد بن عجیبہ حسنی) ص ۴
۵۔ کشف الظنون (حاجی خلیفہ) ج ۱، ص ۴۱۳۔ ۴۱۴
۶۔ ایقاظ الھمم (ابن عجیبہ) ص ۶
۷۔ المسلم مجلّہ عشیرہ محمدیہ (ڈاکٹر احمد علوش)
۸۔ الانتصار الطریق الصوفیاء، ص ۶ (محدث محمد صدیق الغماری)
۹۔ مقدمہ ابن خلدون، ص ۳۲۹
۱۰۔ الانتصار الطریق صوفیاء، ص ۱۷۔ ۱۸ (محدث غماری)
۱۱۔ کشف الظنون، ج ۱، ص ۴۱۴ (حاجی خلیفہ)
۱۲۔ الاشباہ و النظائر، ص ۵۰۴ (امام جلال الدین سیوطیؒ)
۱۳۔ شرح جوہرہ، ص ۱۲۰۔ ۱۲۲ (امام باجوری)
۱۴۔ حاشیہ ابن عابدین، ج ۱، ص ۳۱ (علامہ ابن عابدین)
۱۵۔ الھدیہ الجلائیہ (علاؤ الدین عابدین) ص ۳۱۵
۱۶۔ فتوحات الالھیہ، ج ۱، ص ۱۰۵
۱۷۔ النصرۃ النبویہ، ص ۲۶
۱۸۔ ایقاظ الھمم، ص ۷ (ابن عجیبہ)
۱۹۔ المنن الکبری، ج ۱، ص ۴ (امام شعرانی)

حواشی باب الثانی

۱۔ فتاوی حدیثیہ، ص ۵۵ (امام احمد بن حجر مکی)

Marfat.com

۲۔ مفاتیح الغیب، ج ۱، ص ۱۴۲ (امام فخرالدین رازی)

۳۔ شرح الجوہرہ، ص ۱۳۳ (امام باجوری)

۴۔ النور المبین علی المرشد المعین، ص ۱۷۸ (محمد ابن یوسف)

۵۔ تنویر القلوب، ص ۴۴۔۴۵ (شیخ امین کردی)

۶۔ شرح الحکم، ج ۱، ص ۷ (ابن عجیبہ)

۷۔ شخصیات صوفیہ، ص ۱۵۴ (طہ عبدالباقی)

۸۔ خلاصہ التصنیف، ص ۱۸ (حجتہ الاسلام امام غزالیؒ)

۹۔ احیاء العلوم، ج ۳، ص ۶۵

۱۰۔ احیاء العلوم، ج ۳، ص ۵۵

۱۱۔ المواقف، ج ۱، ص ۱۰۵ (امیر عبدالقادر الجزائری)

۱۲۔ لطائف المنن، ص ۱۶۷ (ابن عطاء اللہ سکندری)

۱۳۔ ایقاظ الھمم، ج ۱، ص ۷۴

۱۴۔ فتوح الغیب، ص ۲۰۱ (شاہ عبدالقادر جیلانیؒ)

۱۵۔ لواقع انوار القدسیہ، ج ۱، ص ۹۱ (شیخ عبدالوہاب شعرانی)

۱۶۔ لطائف المنن والاخلاق، ج ۱، ص ۴۸ (امام شعرانی)

۱۷۔ لطائف المنن والاخلاق، ج ۱، ص ۲۵ (امام شعرانی)

۱۸۔ لطائف المنن والاخلاق، ج ۱، ص ۵۰ (شیخ عبدالوہاب شعرانی)

۱۹۔ طبقات الصوفیہ، ص ۳۶۵ (عبدالرحمن مسلم)

۲۰۔ النصرۃ النبویہ، ص ۱۳

۲۱۔ قوائد تصوف، قاعدہ نمبر ۶۵ (شیخ احمد زروق)

۲۲۔ لطائف المنن، ج ۱، ص ۵۱

۲۳۔ فتوحات الہیہ، ج ۱، ص ۱۴۲

۳۴۔ شرح شطرنج العارفین، ص ۱۴ (شیخ محمد ہاشمی)

۲۵۔ مسند احمد، مجمع الزوائد، ج ۱، ص ۴۲

Marfat.com

۲۶۔ مسند احمد (نسائی)
۲۷۔ الاصابہ، ج ۳، ص ۴۵۸ (شیخ ابن حجر عسقلانی)
۲۸۔ حیاۃ الصحابہ، ج ۱، ص ۲۳۷
۲۹۔ رجال الفکر والدعوۃ فی الاسلام، ص ۲۴۸ (شیخ ابو الحسن ندوی)
۳۰۔ فتاوی حدیثیہ، ص ۵۵ (ابن حجر مکی)
۳۱۔ فتاوی حدیثیہ، ص ۵۵ (ابن حجر مکی)
۳۲۔ طبقات الصوفیہ، ص ۴۰۵
۳۳۔ طبقات الصوفیہ، ص ۲۸۳
۳۴۔ مدارج السلوک الی ملک الملوک، ص ۱۲
۳۵۔ مدارج السلوک الی ملک الملوک
۳۶۔ فتاوی حدیثیہ، ص ۵۵ (شیخ ابن حجر مکی)
۳۷۔ تفسیر روح البیان، ج ۲، ص ۱۴۹
۳۸۔ رسالہ قشیریہ، ص ۴۸۔۵۰
۳۹۔ الحدیقہ الندیہ شرح طریقہ محمدیہ، ج ۱، ص ۴۵۵
۴۰۔ ایقاظ الھمم شرح حکم، ج ۲، ص ۳۷۰
۴۱۔ کتاب الریاضہ وادب النفس، ص ۱۲۴ (حکیم ترمذی)
۴۲۔ ابن ماجہ، کتاب الادب (ابن حبان) مسند امام احمد
۴۳۔ مسلم کتاب الذکر۔ بخاری، کتاب التوحید، ترمذی، کتاب الدعوۃ
۴۴۔ مسند امام احمد، ابو یعلی، صحیح ابن حبان، سنن بیہقی
۴۵۔ مسند امام احمد بن حنبل، مجمع الزوائد، ج ۱۰، ص ۷۶
۴۶۔ نور التحقیق، ص ۱۴۷
۴۷۔ مفتاح الفلاح، ص ۴ (ابن عطاء اللہ سکندری)
۴۸۔ احیاء العلوم، ج ۲، ص ۱۵۲
۴۹۔ طبقات الصوفیہ، ص ۶۰ (عبد الرحمن سلمہ)

Marfat.com

۵۰۔ احیاء العلوم، ج ۲، ص ۲۵۰ (امام غزالی)
۵۱۔ احیاء العلوم، ج ۲، ص ۲۶۳
۵۲۔ غذاالالباب، ج ۱، ص ۱۳۷
۵۳۔ الوابل الصیب (ابن قیم جوزیہ)
۵۴۔ حلیہ الاولیاء، ج ۱، ص ۲۴۷
۵۵۔ شرح الحکم، ج ۱، ص ۱۶۰ (ابن عجیبہ)
۵۶۔ الفتوحات الربانیہ، ج ۱، ص ۲۱۳ (علامہ ابن علان صدیقی)
۵۷۔ ایقاظ الھمم، ج ۱، ص ۴۹ (ابن عجیبہ)
۵۸۔ ایقاظ الھمم، ج ۱، ص ۱۶۰
۵۹۔ الاذکار، ص ۱۳ (امام نووی)
۶۰۔ فیض القدیر، ج ۵، ص ۱۶ (امام مناوی)
۶۱۔ قواعد تصوف، ص ۳۹ (شیخ زروق)
۶۲۔ تفسیر ابو سعید بر حاشیہ تفسیر کبیر
۶۳۔ ارشاد الساری، ج ۱، ص ۶۲ (امام قسطلانی)
۶۴۔ ارشاد الساری، ج ۱، ص ۶۲
۶۵۔ فیض الباری، ج ۱، ص ۲۳
۶۶۔ حاشیہ طحطاوی، ص ۴۶۳
۶۷۔ فتح الباری، ج ۱، ص ۱۸ (امام قسطلانی)
۶۸۔ عمدۃ القاری، ج ۱، ص ۶۱ (علامہ عینی)
۶۹۔ شرح صحیح بخاری، ج ۱، ص ۳۲ (امام کرمانی)
۷۰۔ لوامع الکوکب الدری، ص ۴۸ (امام مناوی)
۷۱۔ فتوحات احمدیہ، ص ۲۱ (شیخ سلیمان الجمل)
۷۲۔ سفر السعادۃ، ص ۳۔۴ (فیروز آبادی)
۷۳۔ بستان العارفین، ص ۴۸ (امام نووی)

Marfat.com

۷۴۔ احیاء العلوم (امام غزالی) ج ۳، ص ۶۶

۷۵۔ المنقذ من الضلال ایضاً، ص ۱۳۱۔ ۱۳۲

۷۶۔ فتوحات مکیہ، ج ۱، ص ۳۱

۷۷۔ غذاء الالباب، شرح منظومہ الاداب (امام محمد سفارینی)، ج ۲، ص ۳۸۸

۷۸۔ مذکرات فی فقہ السیرۃ (ڈاکٹر مصطفیٰ البسامی) ص ۱۸

۷۹۔ غذاء الالباب (عماد الدین الواسطی) ج ۱، ص ۴۷

۸۰۔ ایقاظ الھمم فی شرح الحکم (احمد بن عجیبہ) ج ۱، ص ۳۰

۸۱۔ المسند امام احمد بن حنبل

۸۲۔ اخرجہ البخاری فی صحیحہ فی کتاب التوحید من ابی ھریرہ

حواشی باب الثالث

۱۔ ایقاظ الھمم، ج ۲، ص ۲۵۵

۲۔ روض الطالبین، ص ۱۵۰ (امام غزالی)

۳۔ طریق الھجرتین، ص ۲۲۵۔ ۲۳۳ (علامہ ابن قیم)

۴۔ حلیہ الاولیاء، ج ۱۰، ص ۹۔ ۲۴۸

۵۔ النصرۃ النبویہ، ص ۸۴ (شیخ مصطفیٰ مدنی)

۶۔ طریق الھجرتین، ص ۲۲۷۔ ۲۳۰ (ابن قیم)

۷۔ ایقاظ الھمم، ج ۱، ص ۵۱

۸۔ طریق الھجرتین، ص ۲۳۳ (ابن قیم)

۹۔ ریاض الصالحین، ص ۱۰ (امام نووی)

۱۰۔ رسالہ قشیریہ۔ باب التوبہ، ص ۴۷

۱۱۔ قواعد تصوف، ص ۷۴ (شیخ احمد زروق)

۱۲۔ البرھان المؤید، ص ۵۶ (سید احمد رفاعی)

۱۳۔ قواعد تصوف، ص ۷۵ (شیخ احمد زروق)

Marfat.com

۱۴۔ الاربعین فی اصول الدین ،ص ۱۹۶ (امام غزالی)
۱۵۔ قواعد تصوف ،ص ۷۴
۱۶۔ رسالہ قشیریہ ،ص ۶۰
۱۷۔ قواعد تصوف ،ص ۷۴
۱۸۔ معراج التصوف ،ص ۶
۱۹۔ احیاء العلوم الدین ،ج ۴ ،ص ۳۳۴
۲۰۔ رسالہ قشیریہ ،ص ۹۷
۲۱۔ شرح ریاض الصالحین ،ج ۱ ،ص ۲۸۲ (ابن علان صدیقی)
۲۲۔ طریق الھجرتین (ابن قیم)
۲۳۔ رسالہ قشیریہ ،ص ۹۷
۲۴۔ رسالہ قشیریہ ،ص ۹۷
۲۵۔ شرح ریاض الصالحین ،ج ۱ ،ص ۲۸۴ (ابن علان)
۲۶۔ امام مناوی ؒ فرماتے ہیں کہ نفاق کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ شرعی اس سے مراد کفر کو دل میں چھپا کر ایمان کا اظہار کرنا۔ ۲۔ عرفی۔ اس سے مراد یہ ہے کہ انسان کا باطن ظاہر کے خلاف ہو اور یہی یہاں مراد ہے۔
۲۷۔ رسالہ قشیریہ ،ص ۹۶
۲۸۔ رسالہ قشیریہ ،ص ۹۶
۲۹۔ رسالہ قشیریہ ،ص ۹۵
۳۰ ایضاً
۳۱۔ ایقاظ الھمم ،ج ۱ ،ص ۲۵
۳۲۔ ایقاظ الھمم ،ج ۱ ،ص ۳۶
۳۳۔ تائید الحقیقۃ العلیہ ،ص ۶۱ (امام جلال الدین سیوطی)
۳۴۔ قواعد تصوف ،ص ۷۶ (شیخ احمد زروق)
۳۵۔ خمرۃ الحان ورنۃ الالحان ،ص ۱۷۰

Marfat.com

۳۶۔ ایقاظ الھمم، ج ا، ص ۵۱

۳۷۔ مدارج السالکین، ج ۲، ص ۹۱

۳۸۔ شرح زرقانی، ج ا، ص ۳

۳۹۔ کتاب اللمع، ص ۷۷ (شیخ طوسی)

۴۰۔ معراج التشوف الی حقائق التصوف، ص ۶

۴۱۔ التعریفات، ص ۱۷۰ (سید جرجانی)

۴۲۔ رسالہ قشیریہ، ص ۵۴

۴۳۔ ایضاً"

۴۴۔ معراج التشوف، ص ۷

۴۵۔ رسالہ قشیریہ، ص ۵۵

۴۶۔ الریاض النضرۃ، ج ۲، ص ۴۷

۴۷۔ البدایہ والنہایہ، ج ۷، ص ۳۴ (ابن کثیر)

۴۸۔ سیرت عمر بن عبدالعزیز، ص ۳۷ (ابن عبدالحکم)

۴۹۔ فیض القدیر شرح جامع الصغیر، ج ۵، ص ۵۲

۵۰۔ اللمع، ص ۷۱ (شیخ طوسی)

۵۱۔ طبقات الصوفیہ، ص ۱۹۳

۵۲۔ رسالہ قشیریہ، ص ۵۶

۵۳۔ الفتوحات الوھیبہ (شیخ ابراھیم)

۵۴۔ تاریخ عمر بن الخطاب، ص ۱۰۴، (ابن جوزی)

۵۵۔ فتح الربانی (شیخ عبدالقادر جیلانی)

۵۶۔ معراج التشوف، ص ۷، (ابن عجیبہ)

۵۷۔ النہایہ فی قریب الحدیث (ابن اثیر)

۵۸۔ فیض القدیر، ج ۳، ص ۵۴۵

۵۹۔ فیض القدیر، ج ۳، ص ۷۳ (امام مناوی)

Marfat.com

۶۰۔ طبقات الصوفیہ ' ص ۱۵۸ ' (شیخ عبد الرحمان سلمی)

۶۱۔ معراج التشوف ' ص ۷۔۸ (ابن عجیبہ)

۶۲۔ تعریفات ' ص ۵۷ (سید شریف جرجانی)

۶۳۔ معراج التشوف

۶۴۔ السیرۃ النبویہ ' ص ۲۴۲ (سید احمد دحلان)

۶۵۔ رسالہ قشیریہ ' ص ۸۹

۶۶۔ احیاء علوم الدین ' ج ۴ ' ص ۳۳۶

۶۷۔ التعریفات ' ص ۴۸ (سید شریف جرجانی)

۶۸۔ معراج التشوف ' ص ۸ (ابن عجیبہ)

۶۹۔ الطریق الی اللہ ' ص ۵۶ (ابو سعید خراز)

۷۰۔ رسالہ قشیریہ ' ص ۷۶

۷۱۔ الاربعین فی اصول الدین ' ص ۲۴۶ (امام غزالیؒ)

۷۲۔ معراج التشوف ' ص ۸ ' (ابن عجیبہ)

۷۳۔ مدراج السالکین ' ج ۲ ' ص ۱۳۶ (ابن قیم)

۷۴۔ معراج التشوف ' ص ۷ ' (ابن عجیبہ)

۷۵۔ مدراج السالکین ' ج ۲ ' ص ۳۷ (ابن قیم)

۷۶۔ طبقات الصوفیہ ' ص ۴۹۸ ' (شیخ عبد الرحمان سلمی)

۷۷۔ شرح شطرنج العارفین ' ص ۱۲ ' (شیخ محمد ہاشمیؒ)

۷۸۔ احیاء العلوم ' ج ۴ ' ص ۲۹۴

حواشی الباب الرابع

۱۔ احیاء العلوم ' ج ۴ ' ص ۲۹۴

۲۔ فتوحات المکیہ (شیخ ابن عربیؒ)

۳۔ مشارق انوار القلوب ' ص ۲۱ (شیخ ابن دباغؒ

Marfat.com

۴۔ مدارج السالکین، ص ۱۸، (ابن قیم) ۵۔ نور التحقیق، ص ۸۴
۶۔ طبقات الصوفیہ، ص ۱۸، (شیخ عبدالرحمن سلمی)
۷۔ مشارق انوار القلوب، ص ۳۶ (ابن دباغ)
۸۔ فیض القدیر، ج ۱، ص ۱۴۳ (امام مناوی)
۹۔ تاریخ الخلفاء، ص ۱۲۸ (علامہ جلال الدین سیوطی)
۱۰۔ الریاض النضرہ، ج ۲، ص ۲۹۵
۱۱۔ تفسیر قرطبی، ج ۱۰، ص ۴۴
۱۲۔ رسالہ قشیریہ، ص ۱۱۰
۱۳۔ فتاوی حدیثیہ، ص ۲۲۹، (ابن حجر ہیثمی)
۱۴۔ فیض القدیر ج، ۵ ص ۳۴۲ (علامہ مناوی) ۱۵۔ تفسیر کبیر، ج ۲، ص ۶۶۹
۱۶۔ تفسیر کبیر، ج ۲، ص ۶۶۹
۱۷۔ روح المعانی، ج ۲۴، ص ۱۰۷
۱۸۔ طبقات کبری، ج ۴، ص ۳۶۳ (ابن سعد)
۱۹۔ تہذیب التہذیب، ج ۳، ص ۳۰
۲۰۔ الحلیہ، ج ۲، ص ۶۷ (اخراجہ ابو نعیم)
۲۱۔ المستدرک، ج ۳، ص ۶۰۶ (حاکم ابو عبداللہ)
۲۲۔ تفسیر رازی، ج ۵، ص ۶۹۲
۲۳۔ کتاب اللمع، ص ۴۰۰ (امام طوسی)
۲۴۔ یواقیت والجواہر ج ۲، ص ۱۱۷
۲۵۔ اللمع، ص ۰۰ ۰، ابو نصر طوسی)
۲۶۔ نشر المحاسن الغالیہ، ص ۱۱۹، (شیخ امام عبداللہ یافعی)

الباب الخامس

۱۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان۔ مسند امام احمد، ج ۱، ص ۶۴

Marfat.com

۲۔ قواعد تصوف (شیخ احمد زروق) ص ۳۳۔ حاشیہ ابن عابدین، ج ۳، ص ۳۰۳
۴۔ نشر المحاسن الغالیہ، ج ۱، ص ۱۵۴
۵۔ کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون، ج ۱، ص ۴۱۳ (حاجی خلیفہ)
۶۔ مجموع الفتاوی احمد بن تیمیہ، ج ۱۰، ص ۴۸۸
۷۔ مجموع فتاوی احمد بن تیمیہ، ج ۱۰، ص ۵۱۶۔ ۵۱۷
۸۔ الفتح الربانی (شیخ عبد القادر جیلانی) ص ۲۹
۹۔ طبقات الصوفیہ (سلمی) ص ۲۱۰
۱۰۔ طبقات الصوفیہ، ص ۲۱۰، (شیخ عبد الرحمان سلمی)
۱۱۔ ایقاظ الھمم، ج ۲، ص ۳۰۲ (ابن عجیبہ)
۱۲۔ طبقات الصوفیہ، ص ۳۰۰، (شیخ عبد الرحمان سلمی)
۱۳۔ لطائف المنن والاخلاق، ج ۱، ص ۲۵ (شیخ عبد الوہاب شعرانی)
۱۴۔ رسالہ قشیریہ، ص ۱۶
۱۵۔ قواعد التصوف، ج ۱، ص ۷۶ (ابن عجیبہؒ)
۱۶۔ شرح الحکم، ج ۱، ص ۷۶ (ابن عجیبہ)
۱۷۔ البرہان المؤید، ص ۶۸، (سید احمد رفاعی)
۱۸۔ طبقات الصوفیہ، ص ۱۵۹، (شیخ عبد الرحمان سلمی)
۱۹۔ رسالہ قشیریہ، ص ۲۲،
۲۰۔ طبقات الصوفیہ، ص ۴۸۸، (شیخ عبد الرحمان سلمی)
۲۱۔ درمختار، ج ۱، ص ۴۳
۲۲۔ حاشیہ ابن عابدین، ج ۱، ص ۴۳
۲۳۔ لطائف المنن والاخلاق، ج ۱، ص ۲۵۔ ۲۶
۲۴۔ صحیح بخاری و مسلم، ترمذی
۲۵۔ فتاوی حدیثیہ، ص ۱۴۸، (ابن حجر مکیؒ)

Marfat.com

۲۶۔ میزان الاعتدال ' ج ۳ ' ص ۱۲۴ (امام ذہبی)
۲۷۔ شذرات الذہب ' ج ۸ ' ص ۳۷۳
۲۸۔ یواقیت والجواہر ' ج ۱ ' ص ۸ (شیخ عبدالوہاب شعرانی)
۲۹۔ لطائف المنن والاخلاق ' ج ۱ ' ص ۱۲۷
۳۰۔ فتاوی حدیثیہ ' ص ۱۴۹ ' (ابن حجر مکی)
۳۱۔ الیواقیت والجواہر ' ج ۱ ' ص ۸ (امام شعرانی)
۳۲۔ لطائف المنن والاخلاق ' ج ۱ ' ص ۱۲۷
۳۳۔ الیواقیت والجواہر ' ج ۱ ' ص ۸
۳۴۔ الیواقیت والجواہر ' ج ۱ ' ص ۹
۳۵۔ حاشیہ ابن عابدین ' ج ۳ ' ص ۳۰۳
۳۶۔ الیواقیت والجواہر ' ج ۲ ' ص ۲۰۵ (امام شعرانی)
۳۷۔ المسائل الکافیہ ' ص ۱۹ ' (شیخ محمد بن یوسف کافی)
۳۸۔ مجلہ العشیرہ المحمدیہ ' ص ۲۱
۳۹۔ مجلہ العشیرہ المحمدیہ ' ص ۲۳ ' (ماہ محرم ' ۱۳۸۱)
۴۰۔ مجموعہ رسائل ' ج ۱ ' ص ۸۰ ' (ابن تیمیہ)
۴۱۔ فتاوی حدیثیہ ' ص ۲۱۴ ' (علامہ ابن حجر ہیثمیؒ)
۴۲۔ فیض القدیر شرح جامع صغیر ' ج ۲ ' ص ۳۱۳ (علامہ مناوی)
۴۳۔ الیواقیت والجواہر ' ج ۱ ' ص ۲۲ (امام شعرانی)
۴۴۔ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ' ج ۲ ' ص ۲۰۴۔۲۰۵ (امام عینی)
۴۵۔ صحیح بخاری
۴۶۔ قواعد التصوف ' ص ۷ (شیخ زروق) دیلمی
۴۷۔ الیواقیت والجواہر ' ص ۱۹ (امام شعرانی)
۴۸۔ حاشیہ ابن عابدین ' ج ۳ ' ص ۳۰۳
۴۹۔ فتاوی حدیثیہ ' ص ۲۱۶ (علامہ ابن حجر مکی)

Marfat.com

۵۰۔ التصوف الاسلامی والامام شعرانی، ص ۱۰۴ (طہ عبد الباقی)
۵۱۔ انسان کامل، ص ۵، (شیخ عبد الکریم جیلی)
۵۲۔ لطائف المنن والاخلاق، ج ۲، ص ۱۴۹
۵۳۔ کتاب النصرۃ النبویہ، ص ۸۲ (شیخ مصطفیٰ مدنی)
۵۴۔ قوانین حکم الاشراق الی کافتہ الصوفیہ فی فی جمیع الافاق، قانون الولایہ الخاتمہ، ص ۵۸،
۵۵۔ قوانین حکم الاشراق، ص ۵۹
۵۶۔ الیواقیت والجواہر، ج ۱، ص ۱۱،
۵۷۔ الیواقیت والجواہر، ج ۱، ص ۸۰۔۸۱
۵۸۔ الیواقیت واجواہر، ج ۱ ص ۸۰۔۸۱
۵۹۔ الیواقیت والجواہر، ج ۱، ص ۸۰۔۸۱
۶۰۔ الحاوی للفتاوی، ج ۲، ص ۱۳۴، (امام جلال الدین سیوطی)
۶۱۔ الحاوی، ج ۲، ص ۱۳۴، (امام جلال الدین سیوطی)
۶۲۔ مدارج السالکین، ج ۱، ص ۹۰ (علامہ ابن قیم)
۶۳۔ مجموعہ فتاوی ابن تیمیہ، ج ۱، ص ۸۴
۶۴۔ مجموعہ رسائل، ص ۵۲ (ابن تیمیہ)
۶۵۔ رسالہ وحدۃ الوجود، ص ۲۷۔۲۸ (علامہ مصطفیٰ کمال شریف)
۶۶۔ مدارج السلوک، (عارف کبیر محمد بنانی، المتوفی ۱۲۸۴ء)
۶۷۔ حاشیہ علامہ علی عدوی، ج ۲، ص ۱۹۵
۶۸۔ تنویر القلوب، ص ۴۰۵ (شیخ امین کردی)
۶۹۔ غذاء الالباب، ج ۱، ص ۱۲۰
۷۰۔ کتاب الوصایا، ص ۲۷۔۳۲، (امام حارث محاسبی)
۷۱۔ الفرق بین الفرق، ص ۱۸۹، (امام عبد القاہر بغدادی)
۷۲۔ رسالہ قشیریہ، ص ۲، (امام ابو قاسم قشیری)

Marfat.com

۷۳۔ المنقذ من الضلال، ص ۱۳۱، (امام غزالیؒ)
۷۴۔ اعتقادات المسلمین والمشرکین، ص ۷۲۔ ۷۳ (امام فخرالدین رازی)
۷۵۔ مجموعہ فتاوی، ج ۱۰، ص ۵۱۴ (امام تیمیہ)
۷۶۔ المسلم مجلۃ العشیرۃ المحمدیہ، ذی قعدہ ۱۳۷۳ھ
۷۷۔ مقدمہ ابن خلدون، ص ۳۲۸
۷۸۔ معید النعم و مبید النقم، ص ۱۱۹ (امام تاج الدین سبکی)
۷۹۔ تائید الحقیقۃ العلمیہ، ص ۵۷ (امام جلال الدین سیوطی)
۸۰۔ شفاء العلیل وبل الغلیل، ص ۱۷۲۔ ۱۷۳، (علامہ ابن عابدین)
۸۱۔ مجلۃ المسلم، ص ۲۴،
۸۲۔ حاضر العالم الاسلامی، ج ۲، ص ۳۹۶
۸۳۔ حاضر العالم الاسلامی، ج ۲، ص ۴۰۰،
۸۴۔ ایضاً، ج ۱، ص ۳۰۱،
۸۵۔ مجلۃ المنار، ص ۷۲۶،
۸۶۔ ثقافت اسلامیہ، ص ۳۰۲۔ ۳۰۴،
۸۷۔ مقدمہ نور التحقیق، ص ۱۔ ۳،
۸۸۔ المسلمون فی الھند۔ ص ۱۴۰۔ ۱۴۶، (شیخ ابوالحسن ندوی)
۸۹۔ روائح اقبال، ص ۷، (ابوالحسن ندوی)
۹۰۔ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب تہذیب التہذیب، ج ۲، ص ۲۶۴، میں بھی آپ کے سماع کو ثابت کیا ہے،
۹۱۔ الحاوی للفتاوی، ج ۲، ص ۱۰۲۔ ۱۰۳، (امام جلال الدین سیوطیؒ)

مدینۃ العلم جامعہ مجددیہ
نورآباد۔ فتح گڑھ۔ سیالکوٹ

Marfat.com

Marfat.com